رَأَيْتُنِي فِي الْحِجْرِ، وَقُرَيْشٌ تَسْأَلُنِي عَنْ مَسْرَايَ، فَسَأَلَتْنِي عَنْ أَشْيَاءَ مِنْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ لَمْ أُثْبِتْهَا، فَكَرِبْتُ كُرْبَةً مَا كَرِبْتُ مِثْلَهُ قَطُّ، قَالَ: فَرَفَعَهُ اللّٰهُ لِي أَنْظُرُ إِلَيْهِ. مَا يَسْأَلُونِي عَنْ شَيءٍ إِلَّا أَنْبَأْتُهُمْ بِهِ. وَقَدْ رَأَيْتُنِي فِي جَمَاعَةٍ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ، فَإِذَا مُوْسَى عليه السلام قَائِمٌ يُصَلِّي، فَإِذَا رَجُلٌ ضَرْبٌ جَعْدٌ كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَةَ. وَإِذَا عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ عليهما السلام قَائِمٌ يُصَلِّي، أَقْرَبُ النَّاسِ بِهِ شَبَهًا عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ الثَّقَفِيُّ. وَإِذَا إِبْرَاهِيْمُ عليه السلام قَائِمٌ يُصَلِّي، أَشْبَهُ النَّاسِ بِهِ صَاحِبُكُمْ (يَعْنِي نَفْسَهُ) فَحَانَتِ الصَّلَاةُ فَأَمَمْتُهُمْ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنَ الصَّلَاةِ، قَالَ قَائِلٌ: يَا مُحَمَّدُ، هَذَا مَالِكٌ صَاحِبُ النَّارِ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ. فَالْتَفَتُّ إِلَيْهِ فَبَدَأَنِي بِالسَّلَامِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے خود کو حطیم کعبہ میں پایا اور قریش مجھ سے سفرِ معراج کے بارے میں سوالات کر رہے تھے۔ انہوں نے مجھ سے بیت المقدس کی کچھ چیزیں پوچھیں جنہیں میں نے (یاد داشت میں) محفوظ نہیں رکھا تھا جس کی وجہ سے میں اتنا پریشان ہوا کہ اس سے پہلے اتنا کبھی پریشان نہیں ہوا تھا، تب اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو اٹھا کر میرے سامنے رکھ دیا۔ وہ مجھ سے بیت المقدس کے متعلق جو بھی چیز پوچھتے میں (دیکھ دیکھ کر) انہیں بتا دیتا اور میں نے خود کو گروہ انبیائے کرام علیہم السلام میں پایا۔ میں نے دیکھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کھڑے مصروفِ صلاۃ تھے، اور وہ قبیلہ شنوء ہ کے لوگوں کی طرح گھنگریالے بالوں والے تھے اور پھر حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کھڑے مصروفِ صلاۃ تھے اور عروہ بن مسعود ثقفی ان سے بہت مشابہ ہیں، اور پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام کھڑے مصروفِ صلاۃ تھے اور تمہارے آقا (یعنی خود حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ان کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہ ہیں پھر نماز کا وقت آیا، اور میں نے ان سب انبیائے کرام علیہم السلام کی امامت کرائی۔ جب میں نماز سے فارغ ہوا تو مجھے ایک کہنے والے نے کہا: یہ مالک ہیں جو جہنم کے داروغہ ہیں، انہیں سلام کیجئے۔ پس میں ان کی طرف متوجہ ہوا تو انہوں نے (مجھ سے) پہلے مجھے سلام کیا۔'' اسے امام مسلم اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

٢٩/٢٩۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ (وَفِي حَدِيْثِ عَبْدِ الْوَارِثِ: الرَّجُلُ) حَتّٰى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت انس ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کے گھر والوں، اس کے مال اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔'' اسے امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٣٠/٣٠۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ ﷺ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يُسَمِّي لَنَا نَفْسَهُ أَسْمَاءً. فَقَالَ: أَنَا مُحَمَّدٌ، وَأَحْمَدُ، وَالْمُقَفِّي وَالْحَاشِرُ وَنَبِيُّ التَّوْبَةِ وَنَبِيُّ الرَّحْمَةِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابو موسیٰ اشعری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ہمارے لئے اپنے کئی نام بیان کئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں محمد ہوں اور میں احمد ہوں اور مقفّی (بعد میں آنے والا) اور حاشر ہوں اور نبی التوبہ، نبی الرحمہ ہوں۔''

الحديث رقم ٢٩: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: وجوب محبة رسول الله ﷺ أكثر من الأهل والولد والوالد والناس أجمعين وإطلاق عدم الإيمان على من لم يحبه هذه المحبة، ١/٦٧، الرقم: ٤٤، وأحمد بن حنبل مثله فى المسند، ٥/١٦٢، الرقم: ٢١٤٨٠، وأبويعلى فى المسند، ٧/٦، الرقم: ٣٨٩٥، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٢/١٢٩، الرقم: ١٣٧٥، وابن حيان فى العظمة، ٥/١٧٨٣٠، الرقم: ٢٨٢٤، والديلمى فى مسند الفردوس، ٤/٥٣، الرقم: ٦١٦٩، وابن منصور فى كتاب السنن، ٢/٢٠٤، الرقم: ٢٤٤٣۔

الحديث رقم ٣٠: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: فى أسمائه ﷺ، ٤/١٨٢٨، الرقم: ٢٣٥٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٣٩٥، ٤٠٤، ٤٠٧، والحاكم فى المستدرك، ٢/٦٥٩، الرقم: ٤١٨٥.٤١٨٦، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣١١، الرقم: ٣١٦٩٢۔ ٣١٦٩٣، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٤/٣٢٧، الرقم: ٤٣٣٨، ٤٤١٧، وابن جعد فى المسند، ١/٤٧٩، الرقم: ٣٣٢٢۔

Marfat.com

اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٣١/٣١۔ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كُنْتُ إِمَامَ النَّبِيِّيْنَ، وَخَطِيْبَهُمْ، وَصَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ غَيْرَ فَخْرٍ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجه وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن میں انبیاء کرام علیہم السلام کا امام، خطیب اور شفیع ہوں گا اور اس پر (مجھے) فخر نہیں۔''

اسے امام ترمذی، ابن ماجہ اور حاکم نے روایت کیا ہے۔ نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور حاکم نے بھی فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

٣٢/٣٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: جَلَسَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَنْتَظِرُوْنَهُ قَالَ فَخَرَجَ، حَتَّى إِذَا دَنَا مِنْهُمْ سَمِعَهُمْ يَتَذَاكَرُوْنَ فَسَمِعَ حَدِيْثَهُمْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: عَجَبًا إِنَّ اللهَ عزوجل اتَّخَذَ مِنْ خَلْقِهِ خَلِيْلًا، إِتَّخَذَ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلًا، وَقَالَ آخَرُ: مَاذَا بِأَعْجَبَ مِنْ كَلَامِ مُوْسَى: كَلَّمَهُ تَكْلِيْمًا، وَقَالَ آخَرُ: فَعِيْسَى كَلِمَةُ اللهِ وَرُوْحُهُ،

الحديث رقم ٣١: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فى فضل النبي صلى الله عليه وآله وسلم، ٥/٥٨٦، الرقم: ٣٦١٣، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر الشفاعة، ٢/١٤٤٣، الرقم: ٤٣١٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/١٣٧، ١٣٨، الرقم: ٢١٢٨٣، ٢١٢٩، والحاكم فى المستدرك، ١/١٤٣، الرقم: ٢٤٠، ٦٩٦٩، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٩٠، الرقم: ١٧١، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٣/٣٨٥، الرقم: ١١٧٩، والمزي فى تهذيب الكمال، ٣/١١٨۔

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فى فضل النبي صلى الله عليه وآله وسلم، ٥/٥٨٧، الرقم: ٣٦١٦، والدارمى فى السنن، باب: (٨)، ما أُعطِيَ النَّبِيَ صلى الله عليه وآله وسلم مِن الفضلِ، ١/٣٩، ٤٢، الرقم: ٤٧، ٥٤۔

Marfat.com

وَقَالَ آخَرُ: آدَمُ اصْطَفَاهُ اللهُ، فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَسَلَّمَ وَقَالَ: قَدْ سَمِعْتُ كَلَامَكُمْ وَعَجَبَكُمْ أَنَّ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلُ اللهِ وَهُوَ كَذَلِكَ وَمُوْسَى نَجِيُّ اللهِ وَهُوَ كَذَلِكَ، وَعِيْسَى رُوْحُ اللهِ وَكَلِمَتُهُ وَهُوَ كَذَلِكَ، وَآدَمُ اصْطَفَاهُ اللهُ وَهُوَ كَذَلِكَ، أَلَا وَأَنَا حَبِيْبُ اللهِ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا حَامِلُ لِوَاءِ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَنَا أَوَّلُ شَافِعٍ وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ يُحَرِّكُ حِلَقَ الْجَنَّةِ فَيَفْتَحُ اللهُ لِي فَيُدْخِلُنِيْهَا وَمَعِيَ فُقَرَاءُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا أَكْرَمُ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ عَلَى اللهِ وَلَا فَخْرَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ چند صحابہ کرام ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ کے انتظار میں بیٹھے ہوئے تھے۔ اتنے میں حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے جب ان کے قریب پہنچے تو انہیں کچھ گفتگو کرتے ہوئے سنا۔ اُن میں سے بعض نے کہا: کیا خوب! اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل بنایا۔ دوسرے نے کہا: یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہونے سے زیادہ بڑی بات تو نہیں۔ ایک نے کہا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کلمۃ اللہ اور روح اللہ ہیں۔ کسی نے کہا: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو چن لیا۔ حضور نبی اکرم ﷺ اُن کے پاس تشریف لائے سلام کیا اور فرمایا: میں نے تمہاری گفتگو اور تمہارا اظہارِ تعجب سنا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ ہیں۔ بیشک وہ ایسے ہی ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نجی اللہ ہیں۔ بیشک وہ اسی طرح ہیں، حضرت عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں۔ واقعی وہ اسی طرح ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے چن لیا۔ وہ بھی یقیناً ایسے ہی (شرف والے) ہیں۔ سن لو! میں اللہ تعالیٰ کا حبیب ہوں اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔ میں قیامت کے دن حمد کا جھنڈا اٹھانے والا ہوں اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔ قیامت کے دن سب سے پہلا شفاعت کرنے والا بھی میں ہی ہوں اور سب سے پہلے میری ہی شفاعت قبول کی جائے گی اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔ سب سے پہلے جنت کا کنڈا کھٹکھٹانے والا بھی میں ہی ہوں۔ اللہ تعالیٰ میرے لئے اسے کھولے گا اور مجھے اس میں داخل فرمائے گا۔ میرے ساتھ

Marfat.com

فقیر وغریب مومن ہوں گے اور مجھے اس بات پر کوئی فخر نہیں۔ میں اولین و آخرین میں اللہ تعالیٰ کے حضور سب سے زیادہ عزت والا ہوں لیکن مجھے اس بات پر کوئی فخر نہیں۔''

اسے امام ترمذی اور دارمی نے روایت کیا ہے۔

٣٣/٣٣۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا أَوَّلُهُمْ خُرُوْجًا وَأَنَا قَائِدُهُمْ إِذَا وَفَدُوْا، وَأَنَا خَطِيْبُهُمْ إِذَا أَنْصَتُوْا، وَأَنَا مُشَفِّعُهُمْ إِذَا حُبِسُوْا، وَأَنَا مُبَشِّرُهُمْ إِذَا أَيِسُوْا. اَلْكَرَامَةُ، وَالْمَفَاتِيْحُ يَوْمَئِذٍ بِيَدِيَّ وَأَنَا أَكْرَمُ وَلَدِ آدَمَ عَلَى رَبِّي، يَطُوْفُ عَلَيَّ أَلْفُ خَادِمٍ كَأَنَّهُمْ بَيْضٌ مَكْنُوْنٌ، أَوْ لُؤْلُؤٌ مَنْثُوْرٌ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت انس ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سب سے پہلے میں (اپنی قبر انور) سے نکلوں گا اور جب لوگ وفد بن کر جائیں گے تو میں ہی ان کا قائد ہوں گا اور جب وہ خاموش ہوں گے تو میں ہی ان کا خطیب ہوں گا۔ میں ہی ان کی شفاعت کرنے والا ہوں جب وہ روک دیئے جائیں گے، اور میں ہی انہیں خوشخبری دینے والا ہوں جب وہ مایوس ہو جائیں گے۔ بزرگی اور جنت کی چابیاں اس روز میرے ہاتھ میں ہوں گی۔ میں اپنے رب کے ہاں اولادِ آدم میں سب سے زیادہ مکرّم ہوں میرے اردگرد اس روز ہزار خادم پھریں گے گویا کہ وہ پوشیدہ حسن ہیں یا بکھرے ہوئے موتی ہیں۔''

اسے امام ترمذی اور دارمی نے روایت کیا، الفاظ دارمی کے ہیں۔

٣٤/٣٤۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ ﷺ قَالَ: خَرَجَ أَبُوْ طَالِبٍ إِلَى

الحديث رقم ٣٣: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى فضل النبي ﷺ، ٥/٥٨٥، الرقم: ٣٦١٠، والدارمى فى السنن، (٨) باب: ما أعطى النبي ﷺ من الفضل، ١/٣٩، الرقم: ٤٨، والديلمى فى مسند الفردوس، ١/٤٧، الرقم: ١١٧، والخلال فى السنة، ١/٢٠٨، الرقم: ٢٣٥، والقزوينى فى التدوين فى أخبار قزوين، ١/٢٣٥۔

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى نبوة النبي ﷺ، ٥/٥٩٠، الرقم: ٣٦٢٠، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣١٧، الرقم: ٣١٧٣٣، ٣٦٥٤١، وابن حبان فى الثقات، ١/٤٢، والأصبهانى فى دلائل النبوة، ١/٤٥، الرقم: ١٩، والطبرى فى تاريخ الأمم والملوك، ١/٥١٩۔

Marfat.com

الشَّامِ، وَخَرَجَ مَعَهُ النَّبِيُّ ﷺ فِي أَشْيَاخٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَلَمَّا أَشْرَفُوْا عَلَى الرَّاهِبِ هَبَطُوْا، فَحَلُّوْا رِحَالَهُمْ، فَخَرَجَ إِلَيْهِمُ الرَّاهِبُ، وَكَانُوْا قَبْلَ ذَلِكَ يَمُرُّوْنَ بِهِ فَلَا يَخْرُجُ إِلَيْهِمْ وَلَا يَلْتَفِتُ، قَالَ: فَهُمْ يَحُلُّوْنَ رِحَالَهُمْ، فَجَعَلَ يَتَخَلَّلُهُمُ الرَّاهِبُ، حَتَّى جَاءَ فَأَخَذَ بِيَدِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ: هَذَا سَيِّدُ الْعَالَمِيْنَ، هَذَا رَسُوْلُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، يَبْعَثُهُ اللهُ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ، فَقَالَ لَهُ أَشْيَاخٌ مِنْ قُرَيْشٍ: مَا عِلْمُكَ؟ فَقَالَ: إِنَّكُمْ حِيْنَ أَشْرَفْتُمْ مِنَ الْعَقَبَةِ لَمْ يَبْقَ شَجَرٌ وَلَا حَجَرٌ إِلَّا خَرَّ سَاجِدًا، وَلَا يَسْجُدَانِ إِلَّا لِنَبِيٍّ، وَإِنِّي أَعْرِفُهُ بِخَاتَمِ النُّبُوَّةِ أَسْفَلَ مِنْ غُضْرُوْفِ كَتِفِهِ مِثْلَ التُّفَاحَةِ، ثُمَّ رَجَعَ فَصَنَعَ لَهُمْ طَعَامًا، فَلَمَّا أَتَاهُمْ بِهِ، وَكَانَ هُوَ فِي رِعْيَةِ الْإِبِلِ، قَالَ: أَرْسِلُوْا إِلَيْهِ، فَأَقْبَلَ وَعَلَيْهِ غَمَامَةٌ تُظِلُّهُ. فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْقَوْمِ وَجَدَهُمْ قَدْ سَبَقُوْهُ إِلَى فَيْءِ الشَّجَرَةِ، فَلَمَّا جَلَسَ مَالَ فَيْءُ الشَّجَرَةِ عَلَيْهِ، فَقَالَ: انْظُرُوْا إِلَى فَيْءِ الشَّجَرَةِ مَالَ عَلَيْهِ. ..... قَالَ: أَنْشُدُكُمْ بِاللهِ أَيُّكُمْ وَلِيُّهُ؟ قَالُوْا: أَبُوْطَالِبٍ. فَلَمْ يَزَلْ يُنَاشِدُهُ حَتَّى رَدَّهُ أَبُوْطَالِبٍ، وَبَعَثَ مَعَهُ أَبُوْبَكْرٍ بِلَالًا، وَزَوَّدَهُ الرَّاهِبُ مِنَ الْكَعْكِ وَالزَّيْتِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت ابوموسیٰ اشعری ﷺ سے مروی ہے کہ حضرت ابو طالب روسائے قریش کے ہمراہ شام کے سفر پر روانہ ہوئے تو حضور نبی اکرم ﷺ بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ جب راہب کے پاس پہنچے وہ سواریوں سے اترے اور انہوں نے اپنے کجاوے کھول دیئے۔ راہب ان کی طرف آ نکلا حالانکہ (روسائے قریش) اس سے قبل بھی اس کے پاس سے گزرا کرتے تھے لیکن وہ ان کے پاس نہیں آتا تھا اور نہ ہی ان کی طرف کوئی توجہ کرتا تھا۔ حضرت ابو موسیٰ ﷺ فرماتے ہیں کہ لوگ ابھی کجاوے کھول ہی رہے تھے کہ وہ راہب ان کے درمیان چلنے لگا یہاں تک کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے قریب پہنچا اور آپ ﷺ کا دستِ اقدس پکڑ کر کہا: یہ

Marfat.com

تمام جہانوں کے سردار اور رب العالمین کے رسول ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر مبعوث فرمائے گا۔ روسائے قریش نے اس سے پوچھا آپ کیسے جانتے ہیں؟ اس نے کہا: جب تم لوگ گھاٹی سے نمودار ہوئے تو کوئی پتھر اور درخت ایسا نہیں تھا جو سجدہ میں نہ گر پڑا ہو۔ اور وہ صرف نبی ہی کو سجدہ کرتے ہیں نیز میں انہیں مہر نبوت سے بھی پہچانتا ہوں جو ان کے کاندھے کی ہڈی کے نیچے سیب کی مثل ہے۔ پھر وہ واپس چلا گیا اور اس نے ان لوگوں کے لئے کھانا تیار کیا۔ جب وہ کھانا لے آیا تو آپ ﷺ اونٹوں کی چراگاہ میں تھے۔ راہب نے کہا انہیں بلا لو۔ آپ ﷺ تشریف لائے تو آپ کے سرِ انور پر بادل سایہ فگن تھا اور جب آپ لوگوں کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ تمام لوگ (پہلے سے ہی) درخت کے سایہ میں پہنچ چکے ہیں لیکن جیسے ہی آپ ﷺ تشریف فرما ہوئے تو سایہ آپ ﷺ کی طرف جھک گیا۔ راہب نے کہا: درخت کے سائے کو دیکھو وہ آپ ﷺ پر جھک گیا ہے۔ پھر راہب نے کہا: میں تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ ان کا سرپرست کون ہے؟ انہوں نے کہا ابوطالب! چنانچہ وہ حضرت ابوطالب کو مسلسل واسطہ دیتا رہا یہاں تک کہ حضرت ابوطالب نے آپ ﷺ کو واپس (مکہ مکرمہ) بھجوا دیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ کے ہمراہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور راہب نے آپ ﷺ کے ساتھ زادِ راہ کے طور پر کیک اور زیتون پیش کیا۔''

اسے امام ترمذی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٣٥/٣٥۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ بِمَكَّةَ، فَخَرَجْنَا فِي بَعْضِ نَوَاحِيهَا، فَمَا اسْتَقْبَلَهُ جَبَلٌ وَلَا شَجَرٌ إِلَّا وَهُوَ يَقُوْلُ: اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا رَسُوْلَ اللهِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

الحديث رقم ٣٥: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: (٦)، ٥/٥٩٣، الرقم: ٣٦٢٦، والدارمى فى السنن، (٤) باب: ما أكرم الله به نبيه من إيمان الشجر به والبهائم والجن، ١/٣١، الرقم:٢١، والحاكم فى المستدرك، ٢/٦٧٧، الرقم: ٤٢٣٨، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٢/١٣٤، الرقم: ٥٠٢، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٢/١٥٠، الرقم: ١٨٨٠، والمزي فى تهذيب الكمال، ١٤/١٧٥، الرقم: ٣١٠٣، والجرجانى فى تاريخ جرجان، ١/٣٢٩، الرقم: ٦٠٠.

Marfat.com

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں مکہ مکرمہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ تھا۔ ہم مکہ مکرمہ کی ایک طرف چلے تو جو پہاڑ اور درخت بھی آپ ﷺ کے سامنے آتا (وہ آپ ﷺ سے) عرض کرتا: ﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا رَسُوْلَ اللهِ﴾۔''

اسے امام ترمذی، دارمی اور حاکم نے روایت کیا ہے، نیز امام ترمذی اور حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن اور صحیح الاسناد ہے۔

٣٦/٣٦۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ أُتِيَ بِالْبُرَاقِ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ مُلْجَمًا مُسْرَجًا، فَاسْتَصْعَبَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ جِبْرِيْلُ: أَبِمُحَمَّدٍ تَفْعَلُ هَذَا؟ قَالَ: فَمَا رَكِبَکَ أَحَدٌ أَكْرَمُ عَلَى اللهِ مِنْهُ. قَالَ: فَارْفَضَّ عَرَقًا.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْيَعْلَى وَابْنُ حِبَّانَ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں شب معراج براق لایا گیا جس پر زین کسی ہوئی تھی اور لگام ڈالی ہوئی تھی۔ (حضور نبی اکرم ﷺ کی سواری بننے کی خوشی میں) اس براق کے رقص کی وجہ سے آپ ﷺ کا اس پر سوار ہونا مشکل ہو گیا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اسے کہا: کیا تو حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ اس طرح کر رہا ہے؟ حالانکہ آج تک تجھ پر کوئی ایسا شخص سوار نہیں ہوا جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آپ ﷺ جیسا معزز و محترم ہو۔ یہ سُن کر وہ براق شرم سے پسینہ پسینہ ہو گیا۔''

اسے امام ترمذی، ابو یعلی، ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا، نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

الحديث رقم ٣٦: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة بنى اسرائيل، ٥/٣٠١، الرقم: ٣١٣١، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١٦٤، الرقم: ١٢٦٩٤، وابن حبان فى الصحيح، ١/٢٣٤، وأبو يعلى فى المسند، ٥/٤٥٩، الرقم: ٣١٨٤، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٣٥٧، الرقم: ١١٨٥، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٧/٢٣، الرقم: ٢٤٠٤، والخطيب البغدادى فى تاريخ بغداد، ٣/٤٣٥، الرقم: ١٥٧٤، والعسقلانى فى فتح الباري، ٧/٢٠٦۔

Marfat.com

٣٧/٣٧۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَومَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، وَبِيَدِي لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ آدَمَ فَمَنْ سِوَاهُ إِلَّا تَحْتَ لِوَائِي، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ وَلَا فَخْرَ، قَالَ: فَيَفْزَعُ النَّاسُ ثَلَاثَ فَزَعَاتٍ فَيَأْتُوْنَ آدَمَ .....فذكر الحديث إلى أن قَالَ: فَيَأْتُونَنِي فَأَنْطَلِقُ مَعَهُمْ، قَالَ ابْنُ جُدْعَانَ: قَالَ أَنَسٌ ﷺ: فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: فَآخُذُ بِحَلْقَةِ بَابِ الْجَنَّةِ فَأُقَعْقِعُهَا فَيُقَالُ: مَنْ هَذَا؟ فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ فَيَفْتَحُوْنَ لِي وَيُرَحِّبُوْنَ بِي فَيَقُولُونَ: مَرْحَبًا فَأَخِرُّ سَاجِدًا فَيُلْهِمُنِيَ اللهُ مِنَ الثَّنَاءِ وَالْحَمْدِ فَيُقَالُ لِي: ارْفَعْ رَأْسَكَ وَسَلْ تُعْطَ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ وَقُلْ يُسْمَعْ لِقَولِكَ وَهُوَ الْمَقَامُ الْمَحْمُودُ الَّذِي قَالَ اللهُ: ﴿عَسَى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُوْدًا﴾ [الإسراء، ١٧: ٧٩]. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

وروى ابن ماجه عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ الْأَرْضُ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا أَوَّلُ شَافِعٍ، وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ وَلَا فَخْرَ، وَلِوَاءُ الْحَمْدِ بِيَدِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں

الحديث رقم ٣٧: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة بني إسرائيل، ٥/٣٠٨، الرقم: ٣١٤٨، وابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر الشفاعة، ٢/١٤٤٠، الرقم: ٤٣٠٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٢، الرقم: ١١٠٠٠، واللالكائي في اعتقاد أهل السنة، ٤/٧٨٨، الرقم: ١٤٥٥، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/٢٣٨، الرقم: ٥٥٠٩.

Marfat.com

روزِ قیامت (تمام) اولادِ آدم کا قائد ہوں گا اور مجھے (اس پر) فخر نہیں، حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہو گا اور کوئی فخر نہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام اور دیگر تمام انبیاء کرام اس دن میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔ اور میں پہلا شخص ہوں گا جس سے زمین شق ہو گی اور کوئی فخر نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگ تین بار خوفزدہ ہوں گے پھر وہ حضرت آدم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر شفاعت کی درخواست کریں گے۔ پھر مکمل حدیث بیان کی یہاں تک کہ فرمایا: پھر لوگ میرے پاس آئیں گے (اور) میں ان کے ساتھ (ان کی شفاعت کے لئے) چلوں گا۔ ابن جدعان (راوی) کہتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: گویا کہ میں اب بھی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں جنت کے دروازے کی زنجیر کھٹکھٹاؤں گا، پوچھا جائے گا: کون؟ جواب دیا جائے گا: حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ چنانچہ وہ میرے لیے دروازہ کھولیں گے اور مرحبا کہیں گے۔ میں (بارگاہِ الٰہی میں) سجدہ ریز ہو جاؤں گا تو اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنی حمد و ثناء کا کچھ حصہ الہام فرمائے گا۔ مجھے کہا جائے گا: سر اٹھایئے، مانگیں عطا کیا جائے گا۔ شفاعت کیجئے، قبول کی جائے گی، اور کہئے آپ کی بات سنی جائے گی۔ (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:) یہی وہ مقام محمود ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''یقیناً آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر فائز فرمائے گا۔''

اسے امام ترمذی نے روایت کیا نیز فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

اور امام ابن ماجہ نے بھی ان سے ہی روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اولادِ آدم کا سردار ہوں گا اور اس پر بھی فخر نہیں، قیامت کے روز سب سے پہلے میری زمین شق ہو گی اس پر بھی فخر نہیں، سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول ہو گی۔ اس پر بھی فخر نہیں اور حمدِ باری تعالیٰ کا جھنڈا قیامت کے دن میرے ہی ہاتھ میں ہو گا اور اس پر بھی فخر نہیں۔''

٣٨/٣٨۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: أَتَانِي رَبِّي فِي أَحْسَنِ صُورَةٍ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ. قَالَ:

الحديث رقم ٣٨: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ومن سورة صٓ، ٥/٣٦٦-٣٦٨، الرقم: ٣٢٣٣-٣٢٣٥، والدارمی فی السنن، كتاب الرؤيا، باب: في رؤية الرب تعالى فی النوم، ٢/١٧٠، الرقم: ٢١٤٩، ←

Marfat.com

فِيمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْأَعْلَى؟ قُلْتُ: رَبِّي لَا أَدْرِي، فَوَضَعَ يَدَهُ بَيْنَ كَتِفَيَّ، حَتَّى وَجَدْتُ بَرْدَهَا بَيْنَ ثَدْيَيَّ، فَعَلِمْتُ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْيَعْلَى.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

وفي رواية عنه: قَالَ: فَعَلِمْتُ مَا فِي السَّمَوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَتَلَا: ﴿وَكَذَلِكَ نُرِيْ إِبْرَاهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْقِنِيْنَ﴾ [الأنعام، ٦:٧٥]. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

وفي رواية: عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضي الله عنه قَالَ: فَتَجَلَّى لِي كُلُّ شَيْءٍ وَعَرَفْتُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

وفي رواية: عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضي الله عنه قَالَ: فَعَلِمْتُ فِي مَقَامِي ذَلِكَ مَا سَأَلَنِي عَنْهُ مِنْ أَمْرِ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالرُّوْيَانِيُّ.

..... وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/٣٦٨، الرقم: ٣٤٨٤، ٤/٦٦، ٥/٢٤٣، الرقم: ٢٢١٦٢، ٢٣٢٥٨، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٨/٢٩٠، الرقم: ٨١١٧، ٢٠/١٠٩، ١٤١، الرقم: ٢١٦، ٦٩٠، والرويانى فى المسند، ١/٤٢٩، الرقم: ٦٥٦، ٢/٢٩٩، الرقم: ١٢٤١، وأبويعلى فى المسند، ٤/٤٧٥، الرقم: ٢٦٠٨، و ابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/٣١٣، الرقم: ٣١٧٠٦، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ٥/٤٩، الرقم: ٢٥٨٥، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٢٢٨، الرقم: ٦٨٢، وابن أبى عاصم فى السنة ١/٢٠٣، الرقم: ٤٦٥، إِسْنَادُهُ حَسَنٌ، وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ. وعبد الله بن أحمد فى السنة، ٢/٤٨٩، الرقم: ١١٢١، والحكيم الترمذى فى نوادر الأصول، ٣/١٢٠، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ١/١٥٩، الرقم: ٥٩١، ٦٥٢، وابن عبد البر فى التمهيد، ٢٤/٣٢٣، و ابن النجاد في الرّد على من يقول القرآن مخلوق، ١/ ٥٨٥٦، الرقم: ٧٨.٧٦، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٧/١٧٦.١٧٨.

Marfat.com

وفي رواية: فَعَلِمْتُ مِنْ كُلِّ شَيءٍ وَبَصَرْتُهُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

وفي رواية: عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ ﷺ قَالَ: فَمَا سَأَلَنِي عَنْ شَيءٍ إِلَّا عَلِمْتُهُ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

إِسْنَادُهُ حَسَنٌ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (معراج کی رات) میرا رب میرے پاس (اپنی شان کے لائق) نہایت حسین صورت میں آیا اور فرمایا: یا محمد! میں نے عرض کیا: میرے پروردگار! میں حاضر ہوں بار بار حاضر ہوں۔ فرمایا: عالمِ بالا کے فرشتے کس بات میں جھگڑتے ہیں؟ میں نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! میں نہیں جانتا۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنا دستِ قدرت میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھا اور میں نے اپنے سینے میں اس کی ٹھنڈک محسوس کی۔ اور میں وہ سب کچھ جان گیا جو کچھ مشرق و مغرب کے درمیان ہے۔''

اسے امام ترمذی اور ابو یعلی نے روایت کیا ہے، نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہی مروی ایک اور روایت کے الفاظ کچھ یوں ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اور میں جان گیا جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اور اسی طرح ہم ابراہیم (علیہ السلام) کو آسمانوں اور زمین کی تمام بادشاہتیں (یعنی عجائباتِ خلق) دکھا رہے ہیں اور (یہ) اس لئے کہ وہ عین الیقین والوں میں سے ہو جائے۔'' [الانعام، ٦: ٧٥]۔

اسے امام ترمذی، احمد اور دارمی نے روایت کیا ہے، مذکورہ الفاظ دارمی کے ہیں۔

''اور حضرت معاذ بن جبل ﷺ سے مروی روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اور مجھ پر ہر شے کی حقیقت ظاہر کر دی گئی جس سے میں نے (سب کچھ) جان لیا۔''

اسے امام ترمذی، احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے، نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ

Marfat.com

حدیث حسن صحیح ہے۔

''حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پس مجھ سے دنیا و آخرت کے بارے میں کیئے جانے والے سوالات کے جوابات میں نے اسی مقام پر جان لئے۔'' اسے امام طبرانی اور رویانی نے روایت کیا ہے۔

''اور ایک روایت کے الفاظ ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اور میں نے دنیا و آخرت کی ہر ایک شے کی حقیقت جان بھی لی اور دیکھ بھی لی۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

''اور حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے مروی الفاظ ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پس مجھ سے جب بھی کسی چیز کے متعلق سوال کیا گیا تو میں نے اسے جان لیا۔ پس اس کے بعد کبھی ایسا نہیں ہوا کہ مجھ سے کسی شے کے متعلق سوال کیا گیا ہو اور میں اسے جانتا نہ ہوں۔''

اسے امام ابن ابی شیبہ اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے اور اس کی اسناد حسن ہیں اور رجال ثقات ہیں۔

٣٩/٣٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَتَى وَجَبَتْ لَکَ النُّبُوَّةُ قَالَ: وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.

الحديث رقم ٣٩: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: في فضل النبي صلى الله عليه وآله وسلم، ٥/٥٨٥، الرقم: ٣٦٠٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٦٦، ٥/٥٩،٣٧٩، الرقم: ٢٣٦٢٠، والحاكم في المستدرك، ٢/٦٦٥-٦٦٦، الرقم: ٤٢٠٩-٤٢١٠، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٧/٣٦٩، الرقم: ٣٦٥٥٣، والطبراني في المعجم الأوسط، ٤/٢٧٢، الرقم: ٤١٧٥، وفى المعجم الكبير، ١٢/٩٢،١١٩، الرقم: ١٢٥٧١، ١٢٦٤٦، ٢٠/٣٥٣، الرقم: ٨٣٣، وأبو نعيم فى حلية الأولياء، ٧/١٢٢، ٩/٥٣، وفي دلائل النبوة، ١/١٧، والبخاري في التاريخ الكبير، ٧/٣٧٤، الرقم: ١٦٠٦، والخلال في السنة، ١/١٨٨، الرقم: ٢٠٠، إسناده صحيح، وابن أبي عاصم في السنة، ١/١٧٩، الرقم: ٤١١، إسناده صحيح، والشيباني في الآحاد والمثاني، ٥/٣٤٧، الرقم: ٢٩١٨، وعبد الله بن أحمد في السنة، ٢/٣٩٨، الرقم: ٨٦٤، إسناده صحيح، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ١/١٤٨، ٧/٦٠، وابن حبان في الثقات، ١/٤٧، وابن قانع ←

Marfat.com

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

وفي رواية: عَنْ مَيْسَرَةَ الْفَجْرِ ﷺ قَالَ: قُلْتُ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ: مَتَى كُنْتَ نَبِيًّا؟ قَالَ: وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْكَبِيْرِ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

وفي رواية: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ : قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَتَى كُتِبْتَ نَبِيًّا؟ قَالَ: وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.

..... في معجم الصحابة، ٢/١٢٧، الرقم: ٥٩١، ٣/١٢٩، ١١٠٣، وابن خياط في الطبقات، ١/٥٩،١٢٥، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٩/١٤٢-١٤٣، الرقم: ١٢٣-١٢٤، وأبوالمحاسن في معتصر المختصر، ١/١٠، وفي الإكمال، ١/٤٢٨، الرقم: ٨٩٨، والديلمي في مسند الفردوس، ٣/٢٨٤، الرقم: ٤٨٤٥، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٢٦/٣٨٢، ٤٥/٤٨٨-٤٨٩، واللالكائي في اعتقاد أهل السنة، ٤/٧٥٣، الرقم: ١٤٠٣، والخطيب البغدادى في تاريخ بغداد، ٣/٧٠، الرقم: ١٠٣٢، ٥/٨٢، الرقم: ٢٤٧٢، ١٠/١٤٦، الرقم: ٥٢٩٢، والقزويني في التدوين في أخبار قزوين، ٢/٢٤٤، والعسقلانى في تهذيب التهذيب، ٥/١٤٧، الرقم: ٢٩٠، وفي الإصابة، ٦/٢٣٩، وفي تعجيل المنفعة، ١/٥٤٢، الرقم: ١٥١٨، وابن عبد البر في الاستيعاب، ٤/١٤٨٨، الرقم: ٢٥٨٢، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٧/٣٨٤، ١١/١١٠، وقال: هذا حديث صالح السند، والسيوطي في الخصائص الكبرى، ١/٧-٨،١٨، وفي الحاوي للفتاوى، ٢/١٠٠، وابن كثير في البداية والنهاية، ٢/٣٠٧، ٣٢٠-٣٢١، والجرجانى في تاريخ جرجان، ١/٣٩٢، الرقم: ٦٥٣، والقسطلاني في المواهب اللدنية، ١/٦٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٢٢٣، وقال: رواه الطبراني والبزار، وذكره الألباني في سلسلة الأحاديث الصحيحة، ٤/٤٧١، الرقم: ١٨٥٦.

Marfat.com

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.
إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ وَرِجَالُهُ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.
وَقَالَ الذَّهَبِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ صَالِحُ السَّنَدِ.

وفي رواية عنه: قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَتَى أُخِذَ مِيْثَاقُكَ؟ قَالَ: وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

وفي رواية: عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَقِيْقٍ عَنْ رَجُلٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَتَى جُعِلْتَ نَبِيًّا؟ قَالَ: وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.
رَوَاهُ أَحْمَدُ وَ رِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

وفي رواية: عَنْ عُمَرَ رضي الله عنه قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَتَى جُعِلْتَ نَبِيًّا؟ قَالَ: وَآدَمُ مُنْجَدِلٌ فِي الطِّيْنِ.
رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ كَمَا ذَكَرَ السُّيُوْطِيُّ وَابْنُ كَثِيْرٍ.

وفي رواية: عَنْ عَامِرٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم: مَتَى اسْتُنْبِئْتَ؟ فَقَالَ: وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ حِيْنَ أُخِذَ مِنِّي الْمِيْثَاقُ.
رَوَاهُ ابْنُ سَعْدٍ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کے لئے نبوت کب واجب ہوئی؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (میں اس وقت بھی نبی تھا) جبکہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق ابھی روح اور جسم کے درمیانی مرحلہ میں تھی (یعنی روح اور جسم کا باہمی تعلق بھی ابھی قائم نہ ہوا تھا)۔''

اسے امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔ نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے اور امام ہیثمی نے فرمایا کہ اسے امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح حدیث کے رجال ہیں۔

''حضرت میسرہ فجر رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

Marfat.com

پوچھا: (یا رسول اللہ!) آپ کب نبوت سے سرفراز کیے گئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (میں اس وقت بھی نبی تھا) جب حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق ابھی روح اور مٹی کے مرحلہ میں تھی۔''

اسے امام حاکم، طبرانی اور بخاری نے التاریخ الکبیر میں روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے پوچھا گیا: (یا رسول اللہ!) آپ کے لئے کب نبوت فرض کی گئی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (میں اس وقت بھی نبی تھا جبکہ) حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق ابھی روح اور مٹی کے مرحلہ میں تھی۔''

اسے امام احمد، طبرانی اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے الفاظ طبرانی کے ہیں نیز اس حدیث کی سند صحیح اور تمام کے تمام رجال ثقات اور صحیح حدیث کے رجال ہیں۔ امام ذھبی نے بھی فرمایا کہ یہ حدیث صالح السند ہے۔

''اور ایک روایت میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ سے میثاق (یعنی وعدۂ نبوت) کب لیا گیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (میں اس وقت بھی نبی تھا) جبکہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق ابھی روح اور جسم کے درمیانی مرحلہ میں تھی۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

''اور ایک روایت میں حضرت عبداللہ بن شقیق رضی اللہ عنہ نے ایک صحابی سے روایت کی کہ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کب نبی بنائے گئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (میں اس وقت بھی نبی تھا) جبکہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق ابھی روح اور جسم کے درمیانی مرحلہ میں تھی۔''

اسے امام احمد نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح حدیث کے رجال ہیں۔

''ایک اور روایت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کو کب نبی بنایا گیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (میں اس وقت بھی نبی تھا) جب حضرت آدم علیہ السلام (کا جسم ابھی) مٹی میں گندھا ہوا تھا۔''

امام سیوطی اور ابن کثیر نے فرمایا کہ اسے امام ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

''اور ایک روایت میں حضرت عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: (یا رسول اللہ!) آپ کب شرف نبوت سے سرفراز کیے

Marfat.com

گئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جب مجھ سے میثاقِ نبوت لیا گیا تھا اس وقت حضرت آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیانی مرحلہ میں تھے۔'' اسے امام ابن سعد نے روایت کیا ہے۔

٤٠ / ٤٠۔ عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَبِي وَدَاعَةَ رضي الله عنه قَالَ: جَاءَ الْعَبَّاسُ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَكَأَنَّهُ سَمِعَ شَيْئًا، فَقَامَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: مَنْ أَنَا؟ قَالُوْا: أَنْتَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَلَيْكَ السَّلَامُ قَالَ: أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ إِنَّ اللهَ خَلَقَ الْخَلْقَ فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهِمْ فِرْقَةً، ثُمَّ جَعَلَهُمْ فِرْقَتَيْنِ فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهِمْ فِرْقَةً، ثُمَّ جَعَلَهُمْ قَبَائِلَ فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهِمْ قَبِيْلَةً، ثُمَّ جَعَلَهُمْ بُيُوْتًا فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهِمْ بَيْتًا وَخَيْرِهِمْ نَسَبًا.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت مطلب بن ابی وداعہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ اس وقت (کافروں سے کچھ ناشائستہ کلمات) سنکر (غصہ کی حالت میں تھے، پس واقعہ پر مطلع ہو کر) حضور نبی اکرم ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور فرمایا: میں کون ہوں؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: آپ پر سلامتی ہو آپ رسولِ خدا ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب ہوں۔ خدا نے مخلوق کو پیدا کیا تو مجھے بہترین خلق (یعنی انسانوں) میں پیدا کیا، پھر مخلوق کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا (یعنی عرب و عجم)، تو مجھے بہترین طبقہ (یعنی عرب) میں داخل کیا۔ پھر ان کے مختلف قبائل بنائے تو مجھے بہترین قبیلہ (یعنی قریش) میں داخل فرمایا، پھر ان کے گھرانے بنائے تو مجھے

الحديث رقم ٤٠: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: (٩٩)، ٥/٥٤٣، الرقم:٣٥٣٢، وفي كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى فضل النبي ﷺ، ٥/٥٨٤، الرقم: ٣٦٠٧-٣٦٠٨، وأحمد بن حنبل فى المسند ١/٢١٠، الرقم: ١٧٨٨، والبيهقى في دلائل النبوة، ١/١٤٩، والديلمى فى مسند الفردوس، ١/٤١، الرقم: ٩٥، والحسينى في البيان والتعريف، ١/١٧٨، الرقم: ٤٦٦، والهندى فى كنز العمال، ١١/٤١٥، الرقم: ٣١٩٥٠.

Marfat.com

بہترین گھرانہ (یعنی بنو ہاشم) میں داخل کیا اور بہترین نسب والا بنایا، (اس لئے میں ذاتی شرف اور حسب ونسب کے لحاظ سے تمام مخلوق سے افضل ہوں)۔"

اسے امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے، نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٤١ / ٤١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ فَأُكْسَى حُلَّةً مِنْ حُلَلِ الْجَنَّةِ، ثُمَّ أَقُوْمُ عَنْ يَمِيْنِ الْعَرْشِ لَيْسَ أَحَدٌ مِنَ الْخَلَائِقِ يَقُوْمُ ذَلِکَ الْمَقَامَ غَيْرِي. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

"حضرت ابوہریرہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سب سے پہلا شخص میں ہوں جس کی زمین (یعنی قبر) شق ہوگی، پھر مجھے ہی جنت کے جوڑوں میں سے ایک جوڑا پہنایا جائے گا، پھر میں عرش کی دائیں جانب کھڑا ہوں گا، اس مقام پر مخلوقات میں سے میرے سوا کوئی نہیں کھڑا ہوگا۔"

اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٤٢ / ٤٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى رَسُوْلِ

الحديث رقم ٤١: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في فضل النبي ﷺ، ٥ / ٥٨٥، الرقم: ٣٦١١، والمباركفوري في تحفة الأحوذي، ٧ / ٩٢، والمناوي في فيض القدير، ٣ / ٤١۔

الحديث رقم ٤٢: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في آيات إثبات نبوة النبي ﷺ وما قد خصه الله ﷻ، ٥ / ٥٩٤، الرقم: ٣٦٢٨، والحاكم في المستدرك، ٢ / ٦٧٦، الرقم: ٤٢٣٧، والطبراني في المعجم الكبير، ١٢ / ١١٠، الرقم: ١٢٦٢٢، والبخاري في التاريخ الكبير، ٣ / ٣، الرقم: ٦، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٩ / ٥٣٨، ٥٣٩، الرقم: ٥٢٧، والبيهقي في الاعتقاد، ١ / ٤٨۔

Marfat.com

اللهِ ﷺ فَقَالَ: بِمَ أَعْرِفُ أَنَّکَ نَبِيٌّ؟ قَالَ: إِنْ دَعَوْتُ هَذَا الْعِذْقَ مِنْ هَذِهِ النَّخْلَةِ، أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُوْلُ اللهِ؟ فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَجَعَلَ يَنْزِلُ مِنَ النَّخْلَةِ حَتَّى سَقَطَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ ثُمَّ قَالَ: ارْجِعْ. فَعَادَ، فَأَسْلَمَ الْأَعْرَابِيُّ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاکِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک اعرابی حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: مجھے کیسے علم ہوگا کہ آپ اللہ تعالیٰ کے نبی ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر میں کھجور کے اس درخت پر لگے ہوئے اس کے گچھے کو بلاؤں تو کیا تو گواہی دے گا کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں؟ پھر آپ ﷺ نے اسے بلایا تو وہ درخت سے اترنے لگا یہاں تک کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے قدموں میں آ گرا۔ پھر آپ ﷺ نے اسے فرمایا: واپس چلے جاؤ۔ تو وہ واپس چلا گیا۔ اس اعرابی نے (نباتات کی محبت و اطاعتِ رسول کا یہ منظر) دیکھ کر اسلام قبول کر لیا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٤٣/٤٣۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ بِمَکَّةَ حَجَرًا کَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ لَيَالِيَ بُعِثْتُ إِنِّي لَأَعْرِفُهُ الْآنَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

الحديث رقم ٤٣: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في آيات إثبات نبوة النبي ﷺ وما قد خصه الله ﷻ، ٥/٥٩٢، الرقم: ٣٦٢٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/١٠٥، الرقم: ٢١٠٤٣، وأبو يعلى في المسند، ١٣/٤٥٩، الرقم: ٧٤٦٩، والطيالسي في المسند، ١/١٠٦، الرقم: ٧٨١، والطبراني في المعجم الكبير، ٢/٢٤٥، الرقم:٢٠٢٨، والبيهقي في دلائل النبوة، ٢/١٥٣، وابن حيان فى العظمة، ٥/١٧١٠.

Marfat.com

''حضرت جابر بن سمرہ ﷺ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مکّہ مکرمہ میں ایک پتھر ہے جو مجھے بعثت کی راتوں میں سلام کیا کرتا تھا۔ میں اسے اب بھی پہچانتا ہوں۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٤٤ / ٤٤۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً وَاحِدَةً، صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ، وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِيْئَاتٍ، وَرُفِعَتْ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے، اس کے دس گناہ معاف کیے جاتے ہیں اور اس کے لئے دس درجات بلند کیے جاتے ہیں۔''

اس حدیث کو امام نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے، اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٤٥ / ٤٥۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما أَنَّ يَهُودِيَّةً مِنْ أَهْلِ خَيْبَرَ

الحديث رقم ٤٤: أخرجه النسائي فى السنن، كتاب: السهو، باب: الفضل في الصلاة على النبي ﷺ، ٤/ ٥٠، الرقم: ١٢٩٧، وفى السنن الكبرى، ١/ ٣٨٥، الرقم: ١٢٢٠/ ١٠١٩٤، وفى عمل اليوم والليلة، ١/ ٢٩٦، الرقم: ٣٦٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/ ١٠٢، الرقم: ١٢٠١٧، والبخاري فى الأدب المفرد، ١/ ٢٢٤، الرقم: ٦٤٣، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٢/ ٢٥٣، والرقم: ٨٧٠٣، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٢/ ٢١٠، الرقم: ١٥٥٤، والحلكم فى المستدرك، ١/ ٧٣٥، الرقم: ٢٠١٨۔

الحديث رقم ٤٥: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: الديات، باب: فيمن سقى رجلاً سماً أو أطعمه فمات أيقاظ منه، ٤/ ١٧، الرقم: ٤٥١٠، والدارمى فى السنن، ١/ ٤٦، الرقم: ٦٨، والبيهقى فى السنن، الكبرى، ٨/ ٤٦۔

Marfat.com

سَمَّتْ شَاةً مَصْلِيَةً ثُمَّ أَهْدَتْهَا لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَأَخَذَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ الذِّرَاعَ فَأَكَلَ مِنْهَا وَأَكَلَ رَهْطٌ مِنْ أَصْحَابِهِ مَعَهُ، ثُمَّ قَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اِرْفَعُوْا أَيْدِيَكُمْ، وَأَرْسَلَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِلَى الْيَهُوْدِيَّةِ فَدَعَاهَا فَقَالَ لَهَا: أَسَمَمْتِ هَذِهِ الشَّاةَ؟ قَالَتِ الْيَهُوْدِيَّةُ: مَنْ أَخْبَرَكَ؟ قَالَ: أَخْبَرَتْنِي هَذِهِ فِي يَدِي لِلذِّرَاعِ. قَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ: فَمَا أَرَدْتِ إِلَى ذَلِكَ؟ قَالَتْ: إِنْ كَانَ نَبِيًّا فَلَنْ يَضُرَّهُ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ نَبِيًّا اسْتَرَحْنَا مِنْهُ، فَعَفَا عَنْهَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَلَمْ يُعَاقِبْهَا ..... الحديث.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اہلِ خیبر میں سے ایک یہودی عورت نے بکری کے بھنے ہوئے گوشت میں زہر ملایا پھر وہ (زہر آلود گوشت) حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کر دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس گوشت سے ران لی اور اس سے کھانے لگے اور بعض صحابہ کرام بھی ساتھ ہی کھانے لگے۔ اچانک حضور نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: اپنے ہاتھ روک لو اور آپ ﷺ نے اس عورت کی طرف ایک آدمی بھیج دیا جو اسے بلا کر لایا۔ آپ ﷺ نے اس سے پوچھا: کیا تم نے اس گوشت میں زہر ملایا ہے؟ یہودی عورت نے کہا: آپ کو کس نے بتایا ہے؟ فرمایا: مجھے اس دستی (بکری کی ران) نے بتایا ہے جو میرے ہاتھ میں ہے۔ عورت نے کہا: ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارا اس فعل سے کیا مقصد تھا؟ اس نے کہا: (میں نے سوچا) اگر آپ نبی ہیں تو زہر ہرگز آپ کو کوئی نقصان نہیں دے گا اور اگر نبی نہیں ہیں تو ہمیں آپ سے نجات مل جائے گی رسول اللہ ﷺ نے اسے معاف فرما دیا اور کوئی سزا نہیں دی۔'' اسے امام ابو داود اور دارمی نے روایت کیا ہے۔

٤٦ / ٤٦۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَكْثِرُوْا

الحديث رقم ٤٦: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الجنائز، باب: ذكر وفاته ودفنه ﷺ، ١/٥٢٤، الرقم: ١٦٣٧، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٢/٣٢٨، الرقم: ٢٥٨٢۔

Marfat.com

الصَّلاةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَإِنَّهُ مَشْهُوْدٌ تَشْهَدُهُ الْمَلَائِكَةُ وَإِنَّ أَحَدًا لَنْ يُصَلِّيَ عَلَيَّ إِلَّا عُرِضَتْ عَلَيَّ صَلَاتُهُ حَتَّى يَفْرُغَ مِنْهَا قَالَ: قُلْتُ: وَبَعْدَ الْمَوْتِ؟ قَالَ: وَبَعْدَ الْمَوْتِ إِنَّ اللهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَنْ تَأْكُلَ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ فَنَبِيُّ اللهِ حَيٌّ يُرْزَقُ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ.

''حضرت ابودرداء ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن مجھ پر زیادہ سے زیادہ درود بھیجا کرو، یہ یوم مشہود (یعنی میری بارگاہ میں فرشتوں کی خصوصی حاضری کا دن) ہے، اس دن فرشتے (خصوصی طور پر کثرت سے میری بارگاہ میں) حاضر ہوتے ہیں، کوئی شخص جب بھی مجھ پر درود بھیجتا ہے اس کے فارغ ہونے تک اس کا درود مجھے پیش کر دیا جاتا ہے۔ حضرت ابودرداء ﷺ کہتے ہیں میں نے عرض کیا: اور آپ کے وصال کے بعد (کیا ہوگا)؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں موت کے بعد بھی (یہی عمل جاری رہے گا) کیونکہ اللہ تعالیٰ نے زمین کے لیے انبیائے کرام علیہم السلام کے جسموں کا کھانا حرام کر دیا ہے۔ پس اللہ ﷻ کا نبی زندہ ہوتا ہے اور اسے رزق بھی دیا جاتا ہے۔''

اسے امام ابن ماجہ نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

٤٧ / ٤٧۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: خُيِّرْتُ بَيْنَ الشَّفَاعَةِ وَبَيْنَ أَنْ يُّدْخَلَ نِصْفُ أُمَّتِي الْجَنَّةَ. فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ لِأَنَّهَا أَعَمُّ وَأَكْفَى أَتَرَوْنَهَا لِلْمُتَّقِيْنَ؟ لَا. وَلَكِنَّهَا لِلْمُذْنِبِيْنَ، الْخَطَّائِيْنَ الْمُتَلَوِّثِيْنَ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوموسیٰ اشعری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے یہ اختیار دیا گیا کہ خواہ میں قیامت کے روز شفاعت کروں یا میری آدھی اُمت کو (بلاحساب و

الحديث رقم ٤٧: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر الشفاعة، ٢ / ١٤٤١، الرقم: ٤٣١١، وأحمد بن حنبل عن ابن عمر رضى الله عنهما فى المسند، ٢ / ٧٥، الرقم: ٥٤٥٢، والبيهقى فى الاعتقاد، ١ / ٢٠٢، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠ / ٣٧٨.

Marfat.com

کتاب) جنت میں داخل کر دیا جائے تو میں نے اس میں سے شفاعت کو اختیار کیا ہے کیونکہ وہ عام اور (پوری اُمت کے لئے) کافی ہوگی اور تم شائد یہ خیال کرو کہ وہ پرہیزگاروں کے لئے ہوگی؟ نہیں بلکہ وہ گناہگاروں، خطا کاروں اور برائیوں میں مبتلا ہونے والوں کے لئے ہوگی۔''

اسے امام ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٤٨/٤٨۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ لِآلِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَحْشٌ. فَإِذَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لَعِبَ وَاشْتَدَّ وَأَقْبَلَ وَأَدْبَرَ. فَإِذَا أَحَسَّ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَدْ دَخَلَ، رَبَضَ فَلَمْ يَتَرَمْرَمْ، مَا دَامَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فِي الْبَيْتِ، كَرَاهِيَةَ أَنْ يُؤْذِيَهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی الله عنها بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی آل (اہلِ بیت) کے لئے ایک بیل رکھا گیا۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ باہر تشریف لاتے تو وہ کھیلتا کودتا اور (خوشی سے) جوش میں آجاتا اور (حالتِ وجد میں) کبھی آگے بڑھتا اور کبھی پیچھے آتا۔ اور جب وہ یہ محسوس کرتا کہ حضور نبی اکرم ﷺ اندر تشریف لے گئے ہیں تو پھر ساکت کھڑا ہوجاتا اور کوئی حرکت نہ کرتا جب تک کہ آپ ﷺ گھر میں موجود رہتے اس ڈر سے کہ کہیں آپ ﷺ کو تکلیف نہ ہو۔'' اس حدیث کو امام احمد اور ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

٤٩/٤٩۔ عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ أَهْلُ بَيْتٍ مِنَ الْأَنْصَارِ لَهُمْ جَمَلٌ

الحديث رقم ٤٨: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٦/١١٢، ١٥٠، الرقم: ٢٤٨٦٢، ٢٥٢١٠، وأبويعلى في المسند، ٨/١٢١، الرقم: ٤٦٦٠، وابن راهويه في المسند، ٣/٦١٧، الرقم: ١١٩٢، والطحاوي في شرح معاني الآثار، ٤/١٩٥، والبيهقي في دلائل النبوة، ٦/٣١، وابن عبد البر في التمهيد، ٦/٣١٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٣.

الحديث رقم ٤٩: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١٥٨، الرقم: ١٢٦٣٥، والدارمى فى السنن، باب: (٤)، ما أكرم الله به نبيه من إيمان الشجر به والبهائم والجن، ١/٢٢، الرقم: ١٧، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٩/٨١، الرقم: ٩١٨٩، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٣٢٠، الرقم: ١٠٥٣، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٥/٢٦٥، الرقم: ١٨٩٥، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ←

Marfat.com

يَسْنُوْنَ عَلَيْهِ، وَإِنَّ الْجَمَلَ اسْتُصْعِبَ عَلَيْهِمْ فَمَنَعَهُمْ ظَهْرَهُ، وَإِنَّ الأَنْصَارَ جَاؤُوْا إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالُوْا: إِنَّهُ كَانَ لَنَا جَمَلٌ نُسْنِي عَلَيْهِ وَإِنَّهُ اسْتُصْعِبَ عَلَيْنَا وَمَنَعَنَا ظَهْرَهُ، وَقَدْ عَطَشَ الزَّرْعُ وَالنَّخْلُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِأَصْحَابِهِ: قُوْمُوْا فَقَامُوْا فَدَخَلَ الْحَائِطَ وَالْجَمَلُ فِي نَاحِيَةٍ، فَمَشَى النَّبِيُّ ﷺ نَحْوَهُ. فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: يَا نَبِيَّ اللهِ، إِنَّهُ قَدْ صَارَ مِثْلَ الْكَلْبِ، وَإِنَّا نَخَافُ عَلَيْکَ صَوْلَتَهُ، فَقَالَ: لَيْسَ عَلَيَّ مِنْهُ بَأْسٌ، فَلَمَّا نَظَرَ الْجَمَلُ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ أَقْبَلَ نَحْوَهُ حَتَّى خَرَّ سَاجِدًا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَأَخَذَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِنَاصِيَتِهِ أَذَلَّ مَا كَانَتْ قَطُّ حَتَّى أَدْخَلَهُ فِي الْعَمَلِ، فَقَالَ لَهُ أَصْحَابُهُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، هَذِهِ بَهِيْمَةٌ لَا تَعْقِلُ تَسْجُدُ لَکَ وَنَحْنُ نَعْقِلُ فَنَحْنُ أَحَقُّ أَنْ نَسْجُدَ لَکَ؟ وفي رواية: قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، نَحْنُ أَحَقُّ بِالسُّجُوْدِ لَکَ مِنَ الْبَهَائِمِ. فَقَالَ: لَا يَصْلُحُ لِبَشَرٍ أَنْ يَسْجُدَ لِبَشَرٍ وَلَوْ صَلَحَ لِبَشَرٍ أَنْ يَسْجُدَ لِبَشَرٍ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا مِنْ عِظَمِ حَقِّهِ عَلَيْهَا.....الحديث.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَنَحْوَهُ الدَّارِمِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ وَإِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک انصاری گھرانے میں ایک اونٹ تھا جس پر وہ پانی بھرا کرتے تھے، وہ ان کے قابو میں نہ رہا اور انہیں اپنی پشت پر پانی لادنے سے روک دیا۔ انصار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: ہمارا ایک اونٹ تھا ہم اس سے کھیتی باڑی کے لئے پانی لانے کا کام لیتے تھے اور وہ ہمارے قابو میں نہیں رہا اور اب وہ خود سے کوئی کام نہیں لینے دیتا، ہمارے کھیت کھلیان اور باغ پانی کی قلت سے سوکھ گئے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا: اٹھو پس وہ سارے

..... ٣/٣٥، الرقم: ٢٩٧٧، والحسيني في البيان والتعريف، ٢/١٧١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٤، ٩، والمناوي في فيض القدير، ٥/٣٢٩.

Marfat.com

اٹھ کھڑے ہوئے (اور اس انصاری کے گھر تشریف لے گئے)۔ آپ ﷺ احاطہ میں داخل ہوئے تو اونٹ ایک کونے میں تھا۔ حضور نبی اکرم ﷺ اونٹ کی طرف چل پڑے تو انصار کہنے لگے: یا رسول اللہ! یہ اونٹ کتے کی طرح باؤلا ہو چکا ہے اور ہمیں اس کی طرف سے آپ پر حملے کا خطرہ ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے اس سے کوئی نقصان نہیں ہو گا۔ اونٹ نے جیسے ہی حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھا تو آپ ﷺ کی طرف بڑھا یہاں تک (قریب آ کر) آپ ﷺ کے سامنے سجدے میں گر پڑا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے اسے پیشانی سے پکڑا اور حسب سابق دوبارہ کام پر لگا دیا۔ یہ دیکھ کر حضور نبی اکرم ﷺ سے صحابہ کرام نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ تو بے عقل جانور ہوتے ہوئے بھی آپ کو سجدہ کر رہا ہے اور ہم تو عقلمند ہیں اس سے زیادہ حقدار ہیں کہ آپ کو سجدہ کریں اور ایک روایت میں ہے کہ عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم جانوروں سے زیادہ آپ کو سجدہ کرنے کے حقدار ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کسی فردِ بشر کے لئے جائز نہیں کہ وہ کسی بشر کو سجدہ کرے اور اگر کسی بشر کا بشر کو سجدہ کرنا جائز ہوتا تو میں بیوی کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو اس کی قدر و منزلت کی وجہ سے سجدہ کرے۔''

اس حدیث کو امام احمد، اسی طرح دارمی اور طبرانی نے اِسنادِ حسن کے ساتھ روایت کیا ہے۔

٥٠/٥٠۔ عَنْ جَابِرٍ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: أَنَا قَائِدُ الْمُرْسَلِيْنَ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا أَوَّلُ شَافِعٍ وَمُشَفَّعٍ وَلَا فَخْرَ.

رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت جابر رضی الله عنه سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں رسولوں کا قائد ہوں اور یہ (مجھے اس پر) فخر نہیں اور میں خاتم النبیین ہوں اور (مجھے اس پر) کوئی فخر نہیں ہے۔ میں پہلا شفاعت کرنے والا ہوں اور میں ہی وہ پہلا (شخص) ہوں جس کی شفاعت قبول ہوگی ہے اور (مجھے اس پر) کوئی فخر نہیں ہے۔''

اسے امام دارمی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٠: أخرجه الدارمي فى السنن، باب: (٨) ما أعطي النبي ﷺ من الفضل، ١/٤٠، الرقم: ٤٩، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ١/٦١، الرقم: ١٧٠، والبيهقى فى كتاب الاعتقاد، ١/١٩٢، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٨/٢٥٤، والذهبى فى سير أعلام النبلاء، ١٠/٢٢٣، والمناوى فى فيض القدير، ٣/٤٣.

Marfat.com

۵۱/۵۱۔ عَنْ نَبِيْهِ بْنِ وَهَبٍ ﷺ أَنَّ كَعْبًا دَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ رضي الله عنها، فَذَكَرُوْا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ فَقَالَ كَعْبٌ: مَا مِنْ يَوْمٍ يَطْلُعُ إِلَّا نَزَلَ سَبْعُوْنَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ حَتَّى يَحُفُّوْا بِقَبْرِ النَّبِيِّ ﷺ يَضْرِبُوْنَ بِأَجْنِحَتِهِمْ، وَيُصَلُّوْنَ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، حَتَّى إِذَا أَمْسَوْا عَرَجُوْا وَهَبَطَ مِثْلُهُمْ فَصَنَعُوْا مِثْلَ ذٰلِكَ، حَتَّى إِذَا انْشَقَّتْ عَنْهُ الْأَرْضُ خَرَجَ فِي سَبْعِيْنَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ يَزِفُّوْنَهُ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت نبیہ بن وہب ﷺ سے مروی ہے کہ حضرت کعب احبار ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کا ذکر کیا۔ حضرت کعب ﷺ نے کہا: جب بھی دن نکلتا ہے ستر ہزار فرشتے اترتے ہیں اور وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبرِ اقدس کو گھیر لیتے ہیں اور قبر اقدس پر اپنے پَر مارتے ہیں (یعنی اپنے پروں سے جھاڑو دیتے ہیں۔) اور حضور نبی اکرم ﷺ پر درود (وسلام) بھیجتے ہیں اور شام ہوتے ہی آسمانوں پر چلے جاتے ہیں اور اتنے ہی مزید اُترتے ہیں اور وہ بھی دن والے فرشتوں کی طرح کا عمل دہراتے ہیں۔ حتی کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ کی قبرِ مبارک (روزِ قیامت) شق ہو گی تو آپ ﷺ ستر ہزار فرشتوں کے جھرمٹ میں (میدانِ حشر میں) تشریف لائیں گے۔''

اسے امام دارمی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

۵۲/۵۲۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: نَحْنُ الْآخِرُوْنَ، وَنَحْنُ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنِّي قَائِلٌ قَوْلًا غَيْرَ فَخْرٍ:

الحديث رقم ۵۱: أخرجه الدارمی فی السنن، (۵) باب: ما أكرم الله تعالى نبيه بعد موته، ۱/۵۷، الرقم: ۹۴، والبيهقی فی شعب الإيمان، ۳/۴۹۲، الرقم: ۴۱۷۰، وابن حيان فی العظمة، ۳/۱۰۱۸، الرقم: ۵۳۷، وأبو نعيم فی حلية الأولياء، ۵/۳۹۰، وابن كثير فی تفسير القرآن العظيم، فی قول الله تعالى: هو الذي يصلی عليكم وملائكته۔۔ الخ ۳/۵۱۸۔

الحديث رقم ۵۲: أخرجه الدارمی فی السنن باب: (۸) ما أعطِيَ النَّبِيُّ ﷺ من الفضل، ۱/۴۲، الرقم: ۵۴، والمباركفوری فی تحفة الأحوذی، ۶/۳۲۳۔

Marfat.com

إِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللهِ، وَمُوْسَى صَفِيُّ اللهِ، وَأَنَا حَبِيْبُ اللهِ، وَمَعِي لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنَّ اللهَ عَجَّلَ وَعَدَنِي فِي أُمَّتِي، وَأَجَارَهُمْ مِنْ ثَلَاثٍ: لَا يَعُمُّهُمْ بِسَنَةٍ، وَلَا يَسْتَأْصِلُهُمْ عَدُوٌّ، وَلَا يَجْمَعُهُمْ عَلَى ضَلَالَةٍ.

رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ.

''حضرت عمرو بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم آخر میں آنے والے اور قیامت کے دن سب سے سبقت لے جانے والے ہیں۔ میں بغیر کسی فخر کے یہ بات کہتا ہوں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ ہیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام صفی اللہ ہیں اور میں حبیب اللہ ہوں۔ قیامت کے دن حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے میری امت کے متعلق وعدہ کر رکھا ہے اور تین باتوں سے اسے (امت کو) بچایا ہے۔ ایسا قحط ان پر نہیں آئے گا جو پوری امت کا احاطہ کر لے اور کوئی دشمن اسے جڑ سے نہیں اکھاڑ سکے گا اور (اللہ تعالیٰ) انہیں گمراہی پر جمع نہیں فرمائے گا۔'' اسے امام دارمی نے روایت کیا ہے۔

٥٣/٥٣۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، أَخْبِرْنِي عَنْ أَوَّلِ شَيْءٍ خَلَقَهُ اللهُ تَعَالَى قَبْلَ الْأَشْيَاءِ؟ قَالَ: يَا جَابِرُ، إِنَّ اللهَ تَعَالَى قَدْ خَلَقَ قَبْلَ الْأَشْيَاءِ نُوْرَ نَبِيِّكَ مِنْ نُوْرِهِ، فَجَعَلَ ذَلِكَ النُّوْرَ يَدُوْرُ بِالْقُدْرَةِ حَيْثُ شَاءَ اللهُ تَعَالَى، وَلَمْ يَكُنْ فِي ذَلِكَ الْوَقْتِ لَوْحٌ وَلَا قَلَمٌ، وَلَا جَنَّةٌ وَلَا نَارٌ، وَلَا مَلَكٌ وَلَا سَمَاءٌ، وَلَا أَرْضٌ وَلَا شَمْسٌ وَلَا قَمَرٌ، وَلَا جِنِّيٌّ، وَلَا إِنْسِيٌّ، فَلَمَّا أَرَادَ اللهُ تَعَالَى أَنْ

الحديث رقم ٥٣: أخرجه عبد الرزاق في المصنف (الجزء المفقود من الجزء الأول من المصنف)، ١/٦٣، الرقم: ٦٣، والقسطلاني في المواهب اللدنية، ١/٧١، وقال: أخرجه عبد الرزاق بسنده، والزرقاني في شرح المواهب اللدنية، ١/٨٩-٩١، والعجلوني في كشف الخفاء، ١/٣١١، الرقم: ٨٢٧، وقال: رواه عبد الرزاق بسنده عن جابر بن عبد الله رضي الله عنهما، والعيدروسي في تاريخ النور السافر، ١/٨، وقال: رواه عبد الرزاق بسنده، والحلبي في السيرة، ١/٥٠، والتهانوي في نشر الطيب، ١/١٣.

Marfat.com

يَخْلُقَ الْخَلْقَ قَسَمَ ذَلِكَ النُّورَ أَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ: فَخَلَقَ مِنَ الْجُزْءِ الْأَوَّلِ الْقَلَمَ، وَمِنَ الثَّانِيِّ: اللَّوْحَ وَمِنَ الثَّالِثِ: الْعَرْشَ، ثُمَّ قَسَمَ الْجُزْءَ الرَّابِعَ أَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ فَخَلَقَ مِنَ الْأَوَّلِ: حَمَلَةَ الْعَرْشِ، وَمِنَ الثَّانِيِّ: الْكُرْسِيَّ وَمِنَ الثَّالِثِ: بَاقِيَ الْمَلَائِكَةِ، ثُمَّ قَسَمَ الْجُزْءَ الرَّابِعَ أَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ، فَخَلَقَ مِنَ الْأَوَّلِ: السَّمَوَاتِ، وَمِنَ الثَّانِيِّ: الْأَرْضِيْنَ وَمِنَ الثَّالِثِ: اَلْجَنَّةَ وَالنَّارَ ..... الحديث. رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ.

''حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرمایا کہ میں نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! مجھے بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کس چیز کو پیدا کیا؟ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جابر! بے شک اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق (کو پیدا کرنے) سے پہلے تیرے نبی کا نور اپنے نور (کے فیض) سے پیدا فرمایا، یہ نور اللہ تعالیٰ کی مشیت سے جہاں اس نے چاہا سیر کرتا رہا۔ اس وقت نہ لوح تھی نہ قلم، نہ جنت تھی نہ دوزخ، نہ (کوئی) فرشتہ تھا نہ آسمان تھا نہ زمین، نہ سورج تھا نہ چاند، نہ جن تھے اور نہ انسان، جب اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا کہ مخلوق کو پیدا کرے تو اس نے اس نور کو چار حصوں میں تقسیم کر دیا۔ پہلے حصہ سے قلم بنایا، دوسرے حصہ سے لوح اور تیسرے حصہ سے عرش بنایا۔ پھر چوتھے حصہ کو (مزید) چار حصوں میں تقسیم کیا تو پہلے حصہ سے عرش اٹھانے والے فرشتے بنائے اور دوسرے حصہ سے کرسی اور تیسرے حصہ سے باقی فرشتے پیدا کئے۔ پھر چوتھے حصہ کو مزید چار حصوں میں تقسیم کیا تو پہلے حصہ سے آسمان بنائے، دوسرے حصہ سے زمین اور تیسرے حصہ سے جنت اور دوزخ بنائی ..... یہ طویل حدیث ہے۔''

اسے امام عبدالرزاق نے روایت کیا ہے۔

٥٤ / ٥٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: سَيِّدُ الْأَنْبِيَاءِ خَمْسَةٌ، وَمُحَمَّدٌ ﷺ

الحديث رقم ٥٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢ / ٥٩٥، الرقم: ٤٠٠٧، والديلمي في مسند الفردوس، ٢ / ١٧٧، الرقم: ٢٨٨٤، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٦٢ / ٢٧٢.

Marfat.com

سَيِّدُ الْخَمْسَةِ: نُوْحٌ، وَإِبْرَاهِيْمُ، وَمُوْسَى، وَعِيْسَى صلوات الله وسلامه عليهم.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالدَّيْلَمِيُّ وَابْنُ عَسَاكِرَ نَحْوَهُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ وَإِنْ كَانَ مَوْقُوْفًا عَلَى أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انبیاء کرام کے سردار پانچ انبیاء کرام علیہم السلام ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان پانچوں کے بھی سردار ہیں (اور وہ سردار انبیاءِ کرام یہ ہیں:) حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور دیلمی نے روایت کیا اور ابن عساکر نے اسی سے ملتی جلتی حدیث روایت کی ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے اگرچہ یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر موقوف ہے۔

٥٥/٥٥۔ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم، أَنَّهُمْ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَخْبِرْنَا عَنْ نَفْسِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، أَنَا، دَعْوَةُ إِبْرَاهِيْمَ، وَبَشَّرَ بِي عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ، وَرَأَتْ أُمِّي حِيْنَ وَضَعَتْنِي خَرَجَ مِنْهَا نُوْرٌ أَضَاءَتْ لَهُ قُصُوْرُ الشَّامِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ سَعْدٍ وَالْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ، وَأَقَرَّهُ الذَّهَبِيُّ.

''حضرت خالد بن معدان حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں کہ صحابہ کرام نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمیں اپنی ذات کی (حقیقت) کے بارے میں

الحديث رقم ٥٥: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٥٦، الرقم: ٤١٧٤، وابن سعد في الطبقات، ١/١٥٠، والبيهقي في دلائل النبوة، ١/٨٣، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ١/١٧٠، ٣/٣٩٣، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ٢/١٣١، والطبري في جامع البيان، ١/٥٥٦، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٤/٣٦١، والسمرقندي في تفسيره، ٣/٤٢١، والطبري في تاريخ الأمم والملوك، ١/٤٥٨، وابن إسحاق في السيرة النبوية، ١/٢٨، وابن هشام في السيرة النبوية، ١/٣٠٢، والحلبي في السيرة الحلبية، ١/٧٧۔

Marfat.com

بتائیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہوں اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے میری ہی بشارت دی تھی اور میری ولادت کے وقت میری والدہ محترمہ نے اپنے بدن سے ایسا نور نکلتے ہوئے دیکھا جس سے ان پر شام کے محلات تک روشن ہو گئے تھے۔''

اس حدیث کو امام حاکم، ابن سعد، بیہقی اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے اور امام ذہبی نے ان کی تائید کی ہے۔

٥٦/٥٦۔ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنِّي عِنْدَ اللهِ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَخَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ، وَإِنَّ آدَمَ لَمُنْجَدِلٌ فِي طِيْنَتِهِ، وَسَأُحَدِّثُكُمْ تَأْوِيْلَ ذَلِکَ: دَعْوَةُ أَبِي إِبْرَاهِيْمَ، دَعَا: ﴿وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِنْهُمْ﴾ [البقرة، ٢: ١٢٩]، وَبِشَارَةُ عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ قَوْلُهُ: ﴿وَمُبَشِّرًا ۢ بِرَسُوْلٍ يَأْتِي مِنْ ۢ بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ﴾، [الصف، ٦١: ٦]. وَرُؤْيَا أُمِّي رَأَتْ فِي مَنَامِهَا أَنَّهَا وَضَعَتْ نُوْرًا أَضَاءَتْ مِنْهُ قُصُوْرُ الشَّامِ.

رَوَاهُ ابْنُ حِبَّان وَالطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ وَالْحَاكِمُ وَابْنُ سَعْدٍ.

''حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک میں اللہ تعالیٰ کے ہاں لوحِ محفوظ میں اس وقت بھی خاتم الانبیاء تھا جبکہ حضرت آدم علیہ السلام ابھی اپنی مٹی میں گندھے ہوئے تھے۔ میں تمہیں ان کی تاویل بتاتا ہوں کہ جب میرے جدِ امجد حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی: ''اے ہمارے رب! ان میں،

الحديث رقم ٥٦: أخرجه ابن حبان فى الصحيح، ١٤/٣١٢، الرقم: ٦٤٠٤، والطبراني في المعجم الكبير، ١٨/٢٥٣، الرقم: ٦٣١، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٦/٤٠، وفي دلائل النبوة، ١/١٧، والحكم في المستدرك، ٢/٦٥٦، الرقم: ٤١٧٤، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ١/١٤٩، والعسقلاني في فتح الباري، ٦/٥٨٣، والطبري في جامع البيان، ٦/٥٨٣، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ١/١٨٥، وفي البداية والنهاية، ٢/٣٢١، والهيثمي في موارد الظمآن، ١/٥١٢، الرقم: ٢٠٩٣، وفي مجمع الزوائد، ٨/٢٢٣، وقال: واحد أسانيد أحمد رجاله رجال الصحيح غير سعيد بن سويد وقد وثقه ابن حبان.

Marfat.com

انہی میں سے (وہ آخری اور برگزیدہ) رسول (ﷺ) مبعوث فرما۔'' اور حضرت عیسی بن مریم علیہ السلام کی بشارت کے بارے میں بھی جبکہ انہوں نے کہا: ''اور اُس رسول (معظم ﷺ) کی (آمد آمد کی) بشارت سنانے والا ہوں جو میرے بعد تشریف لا رہے ہیں جن کا نام (آسمانوں میں اس وقت) احمد (ﷺ) ہے۔'' اور میری والدہ محترمہ کے خواب کے بارے میں جبکہ انہوں نے میری ولادت کے وقت دیکھا کہ انہوں نے ایک ایسے نور کو جنم دیا جس سے شام کے محلات بھی روشن ہو گئے۔''

اس حدیث کو امام ابن حبان، طبرانی، ابونعیم، حاکم اور ابن سعد نے روایت کیا ہے۔

۵۷/۵۷۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ عَنْ جِبْرِيْلَ عليه السلام قَالَ: قَلَّبْتُ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا فَلَمْ أَجِدْ رَجُلًا أَفْضَلَ مِنْ مُحَمَّدٍ ﷺ، وَلَمْ أَرَ بَيْتًا أَفْضَلَ مِنْ بَيْتِ بَنِي هَاشِمٍ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَاللَّالَكَائِيُّ.

''ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا: میں نے تمام زمین کے اطراف و اکناف اور گوشہ گوشہ کو چھان مارا، مگر نہ تو میں نے محمد مصطفیٰ ﷺ سے بہتر کسی کو پایا اور نہ ہی میں نے بنو ہاشم کے گھر سے بڑھ کر بہتر کوئی گھر دیکھا۔'' اسے امام طبرانی اور لالکائی نے روایت کیا ہے۔

۵۸/۵۸۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ عَشْرًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ مِائَةً وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ مِائَةً كَتَبَ اللهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ بَرَاءَةً مِنَ النِّفَاقِ

الحديث رقم ۵۷: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ۶/۲۳۷، الرقم: ۶۲۸۵، واللالكائي في اعتقاد أهل السنة، ۴/۷۵۲، الرقم: ۱۴۰۲، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۸/۲۱۷۔

الحديث رقم ۵۸: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ۷/۱۸۸، الرقم: ۷۲۳۵، وفي المعجم الصغير، ۲/۱۲۶، الرقم: ۸۹۹، والمنذري في الترغيب والترهيب، ۲/۳۲۳، الرقم: ۲۵۶۰، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۱۰/۱۶۳۔

Marfat.com

وَبَرَاءَةً مِنَ النَّارِ وَأَسْكَنَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ الشُّهَدَاءِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: رِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتوں کا نزول فرماتا ہے اور جو شخص مجھ پر دس مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو شخص مجھ پر سو مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان (ماتھے پر) منافقت اور آگ (دونوں) سے ہمیشہ کے لئے آزادی لکھ دیتا ہے اور روزِ قیامت اس کا قیام شہداء کے ساتھ ہوگا۔''

اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور امام ہیثمی نے فرمایا کہ اس کے رجال ثقات ہیں۔

٥٩/٥٩۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ زَارَ قَبْرِي بَعْدَ مَوْتِي كَانَ كَمَنْ زَارَنِي فِي حَيَاتِي.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالدَّارُقُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے میری وفات کے بعد میری قبر کی زیارت کی گویا اس نے میری حیات میں میری زیارت کی۔'' اس حدیث کو امام طبرانی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

٦٠/٦٠۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: خَرَجْتُ مِنْ نِكَاحٍ وَلَمْ

الحديث رقم ٥٩: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ١٢/ ٤٠٦، الرقم: ١٣٤٩٦، والدارقطنی عن حاطب ﷺ فی السنن، ٢/ ٢٧٨، الرقم: ١٩٣، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٣/ ٤٨٩، الرقم: ٤١٥٤، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٤/ ٢۔

الحديث رقم ٦٠: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ٥/ ٨٠، الرقم: ٤٧٢٨، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/ ٣٠٣، الرقم: ٣١٦٤١، والبيهقی عن ابن عباس رضی الله عنهما فی السنن الكبرى، ٧/ ١٩٠، والديلمی فی مسند الفردوس، ٢/ ١٩٠، الرقم: ٢٩٤٩، والحسينی فی البيان والتعريف، ١/ ٢٩٤، الرقم: ٧٨٤، والهندی فی كنزالعمال، ١١/ ٤٠٢، الرقم: ٣١٨٧٠، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٨/ ٢١٤۔

عرفان السنة ﴿كتاب المناقب﴾ 08-a/70 (1)

Marfat.com

أَخْرُجُ مِنْ سِفَاحٍ، مِنْ لَدُنْ آدَمَ إِلَى أَنْ وَلَدَنِي أَبِي وَأُمِّي.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نکاح کے ساتھ متولد ہوا نہ کہ غیر شرعی طریقہ پر، اور میرا (یہ نسبتی تقدس) حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہو کر حضرت عبداللہ اور حضرت آمنہ رضی اللہ عنہما کے مجھے جننے تک برقرار رہا (اور زمانہ جاہلیت کی بدکرداریوں اور آوارگیوں کی ذرا بھر بھی ملاوٹ میری نسبت میں نہیں پائی گئی)۔''

اسے امام طبرانی، ابن ابی شیبہ اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

٦١ / ٦١۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: مَرَّ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلَى قَوْمٍ قَدْ صَادُوْا ظَبْيَةً فَشَدُّوْهَا إِلَى عَمُوْدِ الْفُسْطَاطِ. فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنِّي وَضَعْتُ وَلِي خَشْفَانِ. فَاسْتَأْذِنْ لِي أَنْ أُرْضِعَهُمَا ثُمَّ أَعُوْدُ إِلَيْهِمْ. فَقَالَ: أَيْنَ صَاحِبُ هَذِهِ؟ فَقَالَ الْقَوْمُ: نَحْنُ، يَا رَسُوْلَ اللهِ. فَقَالَ: رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: خُلُّوْا عَنْهَا حَتَّى تَأْتِيَ خَشْفَيْهَا تُرْضِعُهُمَا وَتَأْتِيَ إِلَيْكُمْ. قَالُوْا: وَمَنْ لَنَا بِذَلِكَ، يَارَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: أَنَا. فَأَطْلَقُوْهَا فَذَهَبَتْ فَأَرْضَعَتْ ثُمَّ رَجَعَتْ إِلَيْهِمْ فَأَوْثَقُوْهَا. فَمَرَّ بِهِمُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَقَالَ: أَيْنَ أَصْحَابُ هَذِهِ؟ قَالُوْا: هُوَ ذَا نَحْنُ، يَارَسُوْلَ اللهِ. قَالَ: تَبِيْعُوْنِهَا؟ قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ، هِيَ لَكَ. فَخَلُّوْا عَنْهَا فَأَطْلَقُوْهَا فَذَهَبَتْ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک گروہ کے پاس سے گزرے۔ انہوں نے ایک ہرنی کو شکار کر کے ایک بانس کے ساتھ باندھ

الحديث رقم ٦١: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٦/٣٥٨، الرقم: ٥٥٤٧، وأبو نعيم في دلائل النبوة، ٣٧٦، الرقم: ٢٧٤، و ابن كثير في شمائل الرسول، ٣٤٧.

Marfat.com

رکھا تھا۔ اس ہرنی نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے دو چھوٹے بچے ہیں جنہیں میں نے حال ہی میں جنا ہے۔ پس آپ ﷺ مجھے ان سے اجازت دلوا دیں کہ میں اپنے بچوں کو دودھ پلا کر واپس آ جاؤں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا مالک کہاں ہے؟ اس گروہ نے کہا: یارسول اللہ، ہم اس کے مالک ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو یہاں تک کہ یہ اپنے بچوں کو دودھ پلا کر تمہارے پاس واپس آ جائے۔ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کی واپسی کی ہمیں کون ضمانت دے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں۔ انہوں نے ہرنی کو چھوڑ دیا پس وہ گئی اور اپنے بچوں کو دودھ پلا کر واپس لوٹ آئی۔ انہوں نے اسے پھر باندھ دیا۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ دوبارہ ان لوگوں کے پاس سے گزرے اور ان سے پوچھا: اس کا مالک کہاں ہے؟ اس گروہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ ہم ہی ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس ہرنی کو مجھے فروخت کرو گے؟ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ آپ ہی کی ہے۔ پس انہوں نے اسے کھول کر آزاد کر دیا اور وہ چلی گئی۔‘‘

اس حدیث کو امام طبرانی اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

٦٢/٦٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: خِيَارُ وَلَدِ آدَمَ خَمْسَةٌ: نُوْحٌ وَإِبْرَاهِيْمُ وَعِيْسَى وَمُوْسَى وَمُحَمَّدٌ ﷺ، وَخَيْرُهُمْ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ.

رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ، كَمَا قَالَ الْهَيْثَمِيُّ وَالْخَلَالُ.

وَإِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: تمام اولادِ آدم میں سے بہتر (یہ) پانچ ہستیاں ہیں: حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام،

الحديث رقم ٦٢: أخرجه البزار في المسند (كشف الأستار)، ٨/٢٥٥، برقم: ٢٣٦٨، والخلال في السنة، ١/٢٦٤، الرقم: ٣٢٤، إسناده حسن، والمناوي في فيض القدير، ٣/٤٦٤، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٣/٤٧٠، والسيوطي في الدر المنثور، ٦/٥٧٠، والآلوسي في روح المعاني، ٢١/١٥٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٢٥٥.

Marfat.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان سب میں سے افضل حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔''

اس حدیث کو امام بزار نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح حدیث کے رجال ہیں جیسا کہ امام ہیثمی اور خلال نے فرمایا ہے اور اس کی اسناد حسن ہیں۔

٦٣ / ٦٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: نَزَلَ آدَمُ بِالْهِنْدِ وَاسْتَوْحَشَ فَنَزَلَ جِبْرِيْلُ فَنَادَى بِالْأَذَانِ: اللهُ أَكْبَرُ اللهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ مَرَّتَيْنِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللهِ مَرَّتَيْنِ، قَالَ آدَمُ: مَنْ مُحَمَّدٌ؟ قَالَ: آخِرُ وَلَدِكَ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ.

رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَابْنُ عَسَاكِرَ وَالدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام ہند میں نازل ہوئے اور (نازل ہونے کے بعد) آپ نے وحشت محسوس کی تو (ان کی وحشت دور کرنے کے لئے) جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور اذان دی: الله أكبر، الله أكبر، أشهد أن لا إله إلا الله دو مرتبہ کہا، أشهد أنّ محمدا رسول الله دو مرتبہ کہا تو حضرت آدم علیہ السلام نے دریافت کیا: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کون ہیں؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: آپ کی اولاد میں سے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔''

اس حدیث کو امام ابونعیم، ابن عساکر اور دیلمی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦٣: أخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء، ٥ / ١٠٧، والديلمي في مسند الفردوس، ٤ / ٢٧١، الرقم: ٦٧٩٨، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٧ / ٤٣٧.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أَبِي الْبَشَرِ آدَمَ عليه السلام

﴿ابو البشر حضرت آدم عليه السلام کے مناقب کا بیان﴾

٦٤/٦٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: خَيْرُ يَوْمٍ طَلَعَتْ فِيْهِ الشَّمْسُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيْهِ خُلِقَ آدَمُ، وَفِيْهِ أُهْبِطَ، وَفِيْهِ تِيْبَ عَلَيْهِ وَفِيْهِ قُبِضَ، وَفِيْهِ تَقُوْمُ السَّاعَةُ..... الحديث. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بہترین دن جس میں سورج طلوع ہوا جمعہ کا دن ہے۔ اسی دن حضرت آدم عليه السلام پیدا ہوئے اور اسی دن انہیں زمین پر اتارا گیا، اور اسی دن ان کی توبہ قبول ہوئی، اور اسی دن ان کی روح قبض کی گئی اور اسی دن قیامت بپا ہوگی.....۔''

اس حدیث کو امام نسائی اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٦٥/٦٥۔ عَنْ أَبِي لُبَابَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم:

الحديث رقم ٦٤: أخرجه النسائي في السنن، كتاب: الجمعة، باب: ذكر السّاعة التى يستجاب فيها الدعاء يوم الجمعة، ٣/١١٣-١١٤، الرقم: ١٤٣٠، والحاكم في المستدرك، ٢/٥٩٣، الرقم: ٣٩٩٩، والطبري في تاريخ الأمم والملوك، ١/٧٥۔

الحديث رقم ٦٥: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: في فضل الجمعة، ١/٣٤٤، الرقم: ١٠٨٤، والشافعي في المسند، ١/٧١، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٤٣٠، ٥/٢٨٤، الرقم: ٢٢٥١٠، وابن أبي شيبة في المصنف، ١/٤٧٧، الرقم: ٥٥١٦، والبزار عن سعد بن عبادة رضي الله عنه في المسند، ٩/١٩١، الرقم: ٣٧٣٨، وعبد بن حميد في المسند، ١/١٢٧، الرقم: ٣٠٩، والطبراني في المعجم الكبير، ٥/٣٣، الرقم: ٤٥١١، ٦/١٩، الرقم: ٥٣٧٦، والبخاري في التاريخ الكبير، ٤/٤٤، الرقم: ١٩١١، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ١/٣٦٦، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣/٩١، الرقم: ٢٩٧٣-٢٩٧٤۔

Marfat.com

إِنَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ سَيِّدُ الْأَيَّامِ، وَأَعْظَمُهَا عِنْدَ اللهِ وَهُوَ أَعْظَمُ عِنْدَ اللهِ مِنْ يَومِ الْأَضْحَى، وَيَومِ الْفِطْرِ، فِيْهِ خَمْسُ خِلَالٍ: خَلَقَ اللهُ فِيْهِ آدَمَ إِلَى الْأَرْضِ، وَفِيْهِ تَوَفَّى اللهُ آدَمَ، وَفِيْهِ سَاعَةٌ لَا يَسْأَلُ اللهَ فِيْهَا الْعَبْدُ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ مَا لَمْ يَسْأَلْ حَرَامًا، وَفِيْهِ تَقُومُ السَّاعَةُ مَا مِنْ مَلَكٍ مُقَرَّبٍ وَلَا سَمَاءٍ وَلَا أَرْضٍ وَلَا رِيَاحٍ وَلَا جِبَالٍ وَلَا بَحْرٍ إِلَّا وَهُنَّ يُشْفِقْنَ مِنْ يَومِ الْجُمُعَةِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجه وَالشَّافِعِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْكَبِيْرِ.

''حضرت ابولبابہ بن عبد المنذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے اور باقی دنوں سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کے ہاں عظمت والا ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کی عظمت عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر سے بھی بڑھ کر ہے (کیونکہ) اس دن میں پانچ خصلتیں پائی جاتی ہیں: اس دن اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور اسی دن انہیں وفات دی اور اس دن میں ایک ساعت ایسی ہوتی ہے جس میں بندہ اللہ تعالیٰ سے جو بھی سوال کرے وہ اسے عطا فرماتا ہے جب تک کہ وہ کسی حرام چیز کا سوال نہیں کرتا، اور اسی دن قیامت بپا ہوگی۔ کوئی مقرب فرشتہ، آسمان، زمین، ہوا، پہاڑ اور سمندر ایسا نہیں جو جمعہ کے دن سے نہ ڈرتا ہو (کیونکہ اس دن قیامت بپا ہوگی)۔''

اسے امام ابن ماجہ، شافعی، احمد اور بخاری نے ''التاریخ الکبیر'' میں بیان کیا ہے۔

٦٦/٦٦۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى رضی اللہ عنہ رَفَعَهُ قَالَ: إِنَّ اللهَ لَمَّا أَخْرَجَ آدَمَ مِنَ الْجَنَّةِ زَوَّدَهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ وَعَلَّمَهُ صَنْعَةَ كُلِّ شَيءٍ فَثِمَارُكُمْ هَذِهِ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ غَيْرَ أَنَّ هَذِهِ تَغَيَّرُ وَتِلْكَ لَا تَغَيَّرُ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرِيُّ وَالْبَزَّارُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ كَمَا قَالَ الْهَيْثَمِيُّ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

الحديث رقم ٦٦: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٥٩٢، الرقم: ٣٩٩٦، والطبري في جامع البيان، ١/١٧٥، وفي تاريخ الأمم والملوك، ١/٨٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/١٩٧، وقال: رواه البزار والطبراني، ورجاله ثقات، وفي كشف الأستار، الرقم: ٢٣٤٤.

Marfat.com

''حضرت ابوموسیٰ ﷺ سے مرفوعا روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے نکالا تو انہیں جنت کے پھل عطا فرمائے اور ہر چیز کی کاریگری سکھائی (اور فرمایا:) تمہارے یہ (دنیاوی) پھل جنت کے پھلوں میں سے ہیں سوائے یہ کہ یہ (دنیاوی) پھل (ذائقہ میں) بدلتے رہتے ہیں لیکن جنت کے پھل (ذائقہ میں) تبدیل نہیں ہوتے۔''

اس حدیث کو امام حاکم، طبری، بزار اور طبرانی نے روایت کیا ہے جیسا کہ امام ہیثمی نے فرمایا کہ اس حدیث کے رجال ثقہ ہیں اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

٦٧ / ٦٧۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ﷺ أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَنَبِيُّ كَانَ آدَمُ؟ قَالَ: نَعَمْ مُعَلَّمٌ مُكَلَّمٌ، قَالَ: كَمْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ نُوْحٍ؟ قَالَ: عَشْرُ قُرُوْنٍ. قَالَ: كَمْ بَيْنَ نُوْحٍ وَإِبْرَاهِيْمَ؟ قَالَ: عَشْرُ قُرُوْنٍ. قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، كَمْ كَانَتِ الرُّسُلُ؟ قَالَ: ثَلَاثُ مِائَةٍ وَخَمْسَ عَشْرَةَ جَمًّا غَفِيْرًا.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابو امامہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ، کیا حضرت آدم علیہ السلام نبی اللہ تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں اور انہیں (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) سکھایا گیا اور اللہ تعالیٰ نے ان سے کلام فرمایا۔ اس شخص نے عرض کیا: حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے درمیان کتنا عرصہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: دس صدیاں۔ اس شخص نے عرض کیا: حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے درمیان کتنا عرصہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: دس صدیاں۔ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کل کتنے رسلِ عظام تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تین سو پندرہ کا ایک جمِ غفیر تھا۔''

الحديث رقم ٦٧: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٢٨٨، الرقم: ٣٠٣٩، والطبراني في المعجم الأوسط، ١/١٢٨، الرقم: ٤٠٣، وفي المعجم الكبير، ٨/١١٨، الرقم: ٧٥٤٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١/١٩٦، ٨/٢١٠، وقال رواه الطبراني، ورجاله رجال الصحيح، غير أحمد بن خليد الحلبي وهو ثقة.

Marfat.com

اس حدیث کو امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا اور اس کے رجال صحیح حدیث کے راویوں میں سے ہیں، اور امام حاکم نے بھی فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٦٨/٦٨۔ عَنْ بُرَيْدَةَ رضي الله عنه يَرْفَعُهُ قَالَ: لَوْ كَانَ بُكَاءُ دَاوُدَ عليه السلام وَبُكَاءُ جَمِيْعِ أَهْلِ الْأَرْضِ جَمِيْعًا يُعْدَلُ بِبُكَاءِ آدَمَ عليه السلام مَا عَدَلَهُ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ مرفوعا روایت کرتے ہیں کہ اگر حضرت داؤد علیہ السلام اور تمام اہلِ زمین کی (خوفِ الٰہی سے) آہ و بکاہ کا موازنہ حضرت آدم علیہ السلام کی آہ و بکاہ کے ساتھ کیا جائے تو ان سب کی آہ و بکا حضرت آدم علیہ السلام کی آہ و بکا کے برابر نہیں ہوسکتی۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور ان کی سند کے رجال ثقہ ہیں اور اسے امام ابونعیم نے بھی روایت کیا ہے۔

٦٩/٦٩۔ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنَّ آدَمَ غَسَلَتْهُ الْمَلَائِكَةُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَكَفَّنُوْهُ وَأَلْحَدُوْا لَهُ وَدَفَنُوْهُ، وَقَالُوْا: هَذِهِ سُنَّتُكُمْ يَا بَنِي آدَمَ فِي مَوْتَاكُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِإِسْنَادَيْنِ.

وفي رواية عنه: قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ آدَمُ غَسَلَتْهُ الْمَلَائِكَةُ بِالْمَاءِ وِتْرًا وَلَحَّدَتْ لَهُ، وَقَالَتْ: هَذِهِ سُنَّةُ آدَمَ وَوَلَدِهِ.

''حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک حضرت آدم علیہ السلام کو (بعد از وصال) فرشتوں نے پانی اور بیری کے پتوں کے ساتھ غسل دیا اور انہیں کفن پہنایا اور ان کے لئے لحد تیار کی اور (پھر) انہیں دفن کر دیا اور فرشتوں نے یہ

الحديث رقم ٦٨: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ١/٥١، الرقم: ١٤٣، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٧/٢٥٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/١٩٨، وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات، والمناوي في فيض القدير، ٥/٣٠٨.

الحديث رقم ٦٩: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٩/١٠٥، الرقم: ٩٢٥٩، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/١٩٩.

Marfat.com

کہا: اے اولادِ آدم! یہ تمہارے مُردوں (کی تدفین) میں تمہاری سنت ہوگی۔"

اس حدیث کو امام طبرانی نے دو سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں آپ ہی سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "جب حضرت آدم علیہ السلام وصال فرما گئے تو فرشتوں نے انہیں طاق بار غسل دیا اور ان کے لئے لحد تیار کی اور کہا کہ یہ حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد کی سنت ہے۔"

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ إِدْرِيْسَ عليه السلام

﴿حضرت ادریس عليه السلام کے مناقب کا بیان﴾

٧٠/٧٠۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِنَّ إِدْرِيْسَ عليه السلام كَانَ صَدِيْقًا لِمَلَكِ الْمَوْتِ، فَسَأَلَهُ أَنْ يُّرِيَهُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ، فَصَعِدَ بِإِدْرِيْسَ، فَأَرَاهُ النَّارَ، فَفَزِعَ مِنْهَا وَكَادَ يُغْشَى عَلَيْهِ، فَالْتَفَّ عَلَيْهِ مَلَكُ الْمَوْتِ بِجَنَاحِهِ، فَقَالَ مَلَكُ الْمَوْتِ: أَلَيْسَ قَدْ رَأَيْتَهَا؟ قَالَ: بَلَى، وَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ قَطُّ، ثُمَّ انْطَلَقَ بِهِ حَتَّى أَرَاهُ الْجَنَّةَ فَدَخَلَهَا، فَقَالَ مَلَكُ الْمَوْتِ: انْطَلِقْ فَقَدْ رَأَيْتَهَا، قَالَ: إِلَى أَيْنَ؟ قَالَ مَلَكُ الْمَوْتِ: حَيْثُ كُنْتَ، قَالَ إِدْرِيْسُ: لَا، وَاللهِ لَا أَخْرُجُ مِنْهَا بَعْدَ أَنْ دَخَلْتُهَا، فَقِيْلَ لِمَلَكِ الْمَوْتِ: أَلَيْسَ أَنْتَ أَدْخَلْتَهُ إِيَّاهَا؟ وَإِنَّهُ لَيْسَ لِأَحَدٍ دَخَلَهَا أَنْ يَخْرُجَ مِنْهَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت اُمِ سلمہ رضی الله عنها سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: بے شک حضرت ادریس عليه السلام ملک الموت (حضرت عزرائیل عليه السلام) کے دوست تھے، پس انہوں نے عزرائیل عليه السلام سے کہا کہ وہ انہیں جنت اور دوزخ کی سیر کرائیں، سو ملک الموت حضرت ادریس عليه السلام کو لے کر (کائنات سماوی کی طرف) بلند ہوئے اور انہیں دوزخ دکھائی، وہ اس سے خوفزدہ ہو گئے اور قریب تھا کہ وہ بے ہوش ہو جاتے، کہ ملک الموت نے انہیں اپنے پروں کی لپیٹ میں لے لیا۔ ملک الموت نے کہا: کیا آپ نے اسے دیکھا نہیں ہے؟ انہوں نے فرمایا: کیوں نہیں، میں نے آج کے (خوفناک) دن جیسا دن کبھی نہیں دیکھا۔ پھر وہ انہیں لے

الحديث رقم ٧٠: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٧/٢٠١، الرقم: ٧٢٦٩، والديلمي في مسند الفردوس، ١/٢٢٤، الرقم: ٨٦٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٢٠٠۔

Marfat.com

کر چلا یہاں تک کہ اس نے حضرت ادریس علیہ السلام کو جنت دکھائی، وہ اس میں داخل ہو گئے، پھر ملک الموت نے کہا: اب چلیں؟ آپ نے اِسے دیکھ لیا ہے۔ انہوں نے فرمایا: کہاں جانا ہے؟ ملک الموت نے کہا: جہاں آپ (دنیا میں) تھے۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے کہا: نہیں، خدا کی قسم، میں اس میں داخل ہونے کے بعد اس سے کبھی نہیں نکلوں گا، تو ملک الموت سے (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) کہا گیا: کیا تو نے انہیں اس جنت میں داخل نہیں کیا؟ اور یہ ایسی چیز ہے کہ جو اس میں ایک بار داخل ہو جاتا ہے پھر وہ وہاں سے نہیں نکلتا۔"

اس حدیث کو امام طبرانی اور دیلمی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ نُوحٍ عليه السلام

﴿حضرت نوح عليه السلام کے مناقب کا بیان﴾

٧١/٧١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَأَنَسٍ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ (في حديث الشفاعة: قَالَ) فَيَأْتُوْنَ نُوْحًا فَيَقُولُوْنَ: يَا نُوْحُ، إِنَّکَ أَنْتَ أَوَّلُ الرُّسُلِ إِلَى أَهْلِ الْأَرْضِ. وَقَدْ سَمَّاکَ اللهُ عَبْدًا شَکُوْرًا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ اور حضرت انس رضی اللہ عنہما، حضور نبی اکرم ﷺ سے مروی (طویل حدیث شفاعت میں بیان کرتے ہیں فرمایا) کہ تمام لوگ (روزِ قیامت) حضرت نوح عليه السلام کے پاس آئیں گے اور عرض کریں گے: اے نوح! بیشک آپ اہلِ زمین کی طرف سب سے پہلے رسول ہیں اور تحقیق اللہ تعالیٰ نے آپ کو عبدًا شکورًا (شکرگزار بندے) کا لقب عطا کیا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٧٢/٧٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ

الحديث رقم ٧١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: تفسير القرآن، باب: ذرية من حملنا مع نوح إنه كان عبدا شكورا، ٤/١٧٤٥-١٧٤٦، الرقم: ٤٤٣٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: أدنى أهل الجنة منزلة فيها، ١/١٨٤-١٨٥، الرقم: ١٩٤، والترمذي في السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في الشفاعة، ٤/٦٢٢، الرقم: ٢٤٣٤، وقال: هذا حديث حسن صحيح، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٣٧٨، الرقم: ١١٢٨٦، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٠٨، الرقم: ٣١٦٧٥، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٣٨٠، الرقم: ٨١١، والهناد في الزهد، ١/١٤٠، الرقم: ١٨٣، وأبو عوانة في المسند، ١/١٤٧، الرقم: ٤٣٧، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/٢٣٩، الرقم: ٥٥١٠.

الحديث رقم ٧٢: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الصيام، باب: ماجاء في صيام نوح عليه السلام، ١/٥٤٧، الرقم: ١٧١٤، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣/٣٨٨، الرقم: ٣٨٤٦، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/٣٩٧، الرقم: ٣٧٦٠، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٧٥، الرقم: ١٥٥٤، وقال: رواه الطبراني في الكبير، وابن كثير في قصص الأنبياء، ١/٩٢، وقال: رواه الطبراني، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/١٩٥، وقال: رواه الطبراني في الكبير، والمزي في تهذيب الكمال، ٣٢/١٢١.

Marfat.com

اللهِ ﷺ يَقُولُ: صَامَ نُوْحٌ الدَّهْرَ إِلَّا يَوْمَ الْفِطْرِ وَيَوْمَ الْأَضْحَى.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

وفي رواية عنه يَقُوْلُ: صَامَ نُوْحٌ الدَّهْرَ إِلَّا يومَ الْفِطْرِ وَالْأَضْحَى، وَصَامَ دَاوُدُ نِصْفَ الدَّهْرِ وَصَامَ إِبْرَاهِيْمُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، صَامَ الدَّهْرَ وَأَفْطَرَ الدَّهْرَ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت نوح علیہ السلام نے عید الفطر اور عید قربان کے دنوں کے علاوہ باقی تمام عمر روزہ رکھا۔'' اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: حضرت نوح علیہ السلام نے تمام عمر روزہ رکھا سوائے عید الفطر اور عید قربان کے دن کے اور حضرت داود علیہ السلام نے آدھی عمر کا روزہ رکھا (یعنی ایک دن روزہ رکھا اور ایک دن افطار کیا) اور حضرت ابراہیم علیہ السلام ہر مہینہ میں تین دن روزہ رکھتے۔ ایک زمانہ آپ علیہ السلام نے روزہ رکھا اور ایک زمانہ افطار کیا۔''

اس حدیث کو امام بیہقی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٧٣ / ٧٣۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: جَمَعَ رَبُّنَا عزوجل لِنُوْحٍ عِلْمَ كُلِّهِمْ وَأَيَّدَهُ بِرُوْحٍ مِنْهُ فَدَعَا قَوْمَهُ سِرًّا وَعَلَانِيَّةً تِسْعَ مِائَةٍ وَخَمْسِيْنَ سَنَةً كُلَّمَا مَضَى قَرْنٌ أَتْبَعَهُ قَرْنٌ فَزَادَهُمْ كُفْرًا وَطُغْيَانًا. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہمارے رب عزوجل نے حضرت نوح علیہ السلام کے لئے سابقہ تمام لوگوں کا علم جمع فرما دیا اور انہیں اپنی مدد و نصرت سے نوازا، پس انہوں نے اپنی قوم کو مخفی اور اعلانیہ طور پر ساڑھے نو سو سال تک دعوتِ حق دی۔ پس ساڑھے نو سو سالوں میں

الحديث رقم ٧٣: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢ / ٥٩٧، الرقم: ٤٠١١، وابن حيان في العظمة، ٥ / ١٦٠٥.

Marfat.com

ایک کے بعد دوسری صدی گزرتی گئی لیکن ان کی قوم کے لوگ (بجائے دعوت حق کو قبول کرنے کے) کفر اور سرکشی میں بڑھتے گئے۔"

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ هُوْدٍ عليه السلام

﴿حضرت ھود عليه السلام کے مناقب کا بیان﴾

٧٤/٧٤۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ رضي الله عنه قَالَ: إِنَّهُ لَمْ تُهْلَكْ أُمَّةٌ إِلَّا لِحَقِّ نَبِيِّهَا بِمَكَّةَ فَيَعْبُدُ فِيْهَا حَتَّى يَمُوْتَ وَأَنَّ قَبْرَ هُوْدٍ عليه السلام بَيْنَ الْحَجَرِ وَزَمْزَمَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن سابط رضي الله عنه بیان کرتے ہیں کہ جو بھی قوم ہلاک کی جاتی ہے وہ مکہ میں اپنے نبی کے حق (میں کوتاہی) کی خاطر ہلاک کی جاتی ہے۔ پس وہ نبی اس (مکہ) میں عبادت کرتا ہے تا آنکہ اس کے وصال کی گھڑی آن پہنچے اور بے شک حضرت ہود عليه السلام کی قبرِ مبارک حجر اسود اور چشمہ زمزم کے درمیان ہے۔'' اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٧٥/٧٥۔ عَنْ كَعْبٍ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ نَبِيُّ اللهِ هُوْدٌ عليه السلام أَشْبَهَ النَّاسِ بِآدَمَ عليه السلام. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت کعب رضي الله عنه بیان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت ہود عليه السلام تمام لوگوں سے بڑھ کر حضرت آدم عليه السلام کے مشابہ تھے۔'' اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٧٦/٧٦۔ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه يَقُوْلُ لِرَجُلٍ مِنْ حَضْرَمَوْتَ: هَلْ رَأَيْتَ كَثِيْبًا أَحْمَرَ يُخَالِطُهُ مَدَرَةٌ حَمْرَاءُ وَسِدْرٌ كَثِيْرٌ بِنَاحِيَةِ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: وَاللهِ، يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، إِنَّكَ لَتَنْعَتُهُ نَعْتَ رَجُلٍ قَدْ رَآهُ. قَالَ: لَا، وَلَكِنْ حَدَّثْتُ عَنْهُ.

الحديث رقم ٧٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦١٥، الرقم: ٤٠٦١.

الحديث رقم ٧٥: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦١٦، الرقم: ٤٠٦٤.

الحديث رقم ٧٦: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦١٥، الرقم: ٤٠٦٢، والطبري في جامع البيان، ٨/٢١٧، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٢/٢٢٥.

Marfat.com

قَالَ الْحَضْرَمِيُّ: وَمَا شَأْنُهُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ؟ قَالَ: فِيْهِ قَبْرُ هُوْدٍ عليه السلام.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرِيُّ.

''حضرت ابوطفیل عامر بن واثلہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو حضرموت کے ایک آدمی سے کہتے ہوئے سنا کہ کیا تو نے وہاں سرخ رنگ کا ٹیلہ دیکھا ہے جس میں سرخ مٹی کے ڈھیلے اور بہت زیادہ بیری کے درخت ہوں اور یہ فلاں فلاں جگہ پر ہے؟ اس آدمی نے کہا: اللہ کی قسم، اے امیرالمومنین! بے شک آپ اس ٹیلے کی نشانیاں اس شخص کی طرح بیان کر رہے ہیں جس نے اسے دیکھا ہو۔ آپ نے فرمایا: نہیں (میں نے اسے نہیں دیکھا) بلکہ میں تو فقط اس کے بارے میں بات کر رہا ہوں۔ اس حضرمی شخص نے عرض کیا: اے امیرالمومنین! اس جگہ کا کیا معاملہ ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس میں حضرت ہود علیہ السلام کی قبر ہے۔'' اس حدیث کو امام حاکم اور طبری نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللهِ عليه السلام

﴿حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے مناقب کا بیان﴾

٧٧/٧٧۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: خَطَبَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَقَالَ: يَـأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ إِلَى اللهِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا ثُمَّ قَالَ: ﴿كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ﴾ [الأنبياء، ٢١:١٠٤]، ثُمَّ قَالَ: أَلاَ وَإِنَّ أَوَّلَ الْخَلاَئِقِ يُكْسَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِبْرَاهِيْمُ..... الحديث. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِلْبُخَارِيِّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک روز حضور نبی اکرم ﷺ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اے لوگو! تم روزِ حشر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یوں حاضر کیے جاؤ گے کہ برہنہ پا، ننگے جسم اور بغیر ختنہ کے ہو گے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''جس طرح ہم نے (کائنات کو) پہلی بار پیدا کیا تھا، ہم (اس کے ختم ہو جانے کے بعد) اسی عملِ تخلیق کو دہرائیں گے۔'' [الأنبياء، ٢١: ١٠٤] پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ساری مخلوق میں سب سے پہلے جنہیں لباس پہنایا جائے گا وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہوں گے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ بخاری کے ہیں۔

الحديث رقم ٧٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: تفسير القرآن، باب: وكنت عليهم شهيدا مادمت فيهم، ٤/١٦٩١، الرقم: ٤٣٤٩، ومسلم في الصحيح، كتاب: الجنة وصفة نعيمها وأهلها، ٤/٢١٩٤، الرقم: ٢٨٦٠، والترمذي في السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في شأن الحشر، ٤/٦١٥، الرقم: ٢٤٢٣، وقال: هذا حديث حسن صحيح، والنسائي في السنن، كتاب: الجنائز، باب: البعث، ٤/١١٤، الرقم: ٢٠٨١-٢٠٨٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٢٢٣، الرقم: ١٩٥٠، وابن حبان في الصحيح، ١٦/٣٢٣، الرقم: ٧٣٢٨، والدارمي في السنن، ٢/٤١٩، الرقم: ٢٨٠٠.

Marfat.com

٧٨/٧٨۔ عَنْ أُمِّ شَرِيْكٍ رضي الله عنها أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ أَمَرَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ وَقَالَ: وَكَانَ يَنْفُخُ عَلَى إِبْرَاهِيْمَ عليه السلام۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت اُمِ شریک رضی الله عنها بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے چھپکلی کو مارنے کا حکم دیا ہے اور آپ ﷺ نے فرمایا: یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خلاف (نمرود کی) جلائی گئی آگ میں (اسے مزید بھڑکانے کے لئے) پھونکیں مارتی تھی۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٧٩/٧٩۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ذَاكَ إِبْرَاهِيْمُ عليه السلام. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

وفي رواية لابن عساكر: أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ: يَا خَيْرَ النَّاسِ قَالَ: ذَاكَ إِبْرَاهِيْمُ عليه السلام قَالَ: يَا أَعْبَدَ النَّاسِ، قَالَ: ذَاكَ دَاوُدُ عليه السلام.

''حضرت انس بن مالک رضی الله عنه بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور نبی اکرم ﷺ کی

الحديث رقم ٧٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: قول الله تعالى: واتخذ الله إبراهيم خليلا، ٣/١٢٢٦، الرقم: ٣١٨٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٢٠٠، الرقم: ٢٥٦٨٤، وابن راهويه في المسند، ٢/٥٣٠، الرقم: ١١١٣، وعبد بن حميد في المسند، ١/٤٥٠، الرقم: ١٥٥٩، والبيهقي في السنن الكبرى، ٨/٣١٦، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٣/٣٨٠، الرقم: ٤٥١٦۔

الحديث رقم ٧٩: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: من فضائل إبراهيم الخليل عليه السلام، ٤/١٨٣٩، الرقم: ٢٣٦٩، وأبو داود في السنن، كتاب: السنة، باب: في التخيير بين الأنبياء عليهم السلام، ٤/٢١٨، الرقم: ٤٦٧٢، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٥٢٠، الرقم: ١١٦٩٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٧٨، ١٨٤، الرقم: ١٢٨٤٩، ١٢٩٣٠-١٢٩٣١، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٢٩، الرقم: ٣١٨١٦، وأبو يعلى في شعب الإيمان، ٢/١٨٣، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٦/٢٢٠، ٧/٨٦۔

Marfat.com

خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا خیر البریة! (اے مخلوق میں سب سے زیادہ بہتر) آپ ﷺ نے فرمایا: وہ (تو) حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں (یعنی یہ ان کا لقب بھی ہے)۔"

اس حدیث کو امام مسلم، ابو داود، نسائی، احمد اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

اور ابن عساکر کی روایت میں ہے: "ایک آدمی نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: یا خیر الناس! (اے لوگوں میں سب سے زیادہ بہتر)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں (یعنی یہ ان کا بھی لقب ہے)۔ پھر اس آدمی نے عرض کیا: یا أعبد الناس! (یعنی اے سب لوگوں سے بڑھ کر عبادت گزار)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ حضرت داود علیہ السلام ہیں (یعنی یہ ان کا بھی لقب ہے)۔"

٨٠ / ٨٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ وُلَاةً مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَإِنَّ وَلِيِّي أَبِي وَخَلِيْلُ رَبِّي (وفي رواية للحاكم: وَأَنَّ وَلِيِّي، وَخَلِيْلِي، أَبِي إِبْرَاهِيْمُ) ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهَذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا وَاللهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾، [آل عمران، ٣: ٦٨].

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَالْبَزَّارُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا أَصَحُّ، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

"حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک ہر نبی کے انبیاء کرام میں سے دوست ہوتے ہیں اور بے شک میرے دوست، میرے والد اور میرے رب کے دوست (یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام) ہیں (اور امام حاکم کی روایت میں ہے:) اور بے شک میرے دوست اور میرے خلیل میرے والد حضرت ابراہیم علیہ السلام

الحديث رقم ٨٠: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة آل عمران، ٥ / ٢٢٣، الرقم: ٢٩٩٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ١ / ٤٠٠، ٤٢٩، الرقم: ٣٨٠٠، ٤٠٨٨، والحكم في المستدرك، ٢ / ٣٢٠، ٦٠٣، الرقم: ٣١٥١، ٤٠٣٠-٤٠٣١، والبزار في المسند، ٥ / ٣٤٥، ٣٥١، الرقم: ١٩٧٣، ١٩٨١، وابن منصور في السنن، ٣ / ١٠٤٧، الرقم: ٥٠١، سنده صحيح۔

Marfat.com

ہیں) پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: ''بیشک سب لوگوں سے بڑھ کر ابراہیم (علیہ السلام) کے قریب (اور حقدار) تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے ان (کے دین) کی پیروی کی ہے اور (وہ) یہی نبی (ﷺ) اور (ان پر) ایمان لانے والے ہیں، اور اللہ ایمان والوں کا مددگار ہے۔'' [آل عمران، ۳: ٦٨].

اس حدیث کو امام ترمذی، حاکم اور بزار نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ترین ہے اور امام حاکم نے بھی فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٨١/٨١۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: لَمَّا بَنَى إِبْرَاهِيْمُ الْبَيْتَ أَوْصَى اللهُ إِلَيْهِ أَنْ أَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ قَالَ: فَقَالَ إِبْرَاهِيْمُ: أَلاَ إِنَّ رَبَّكُمْ قَدِ اتَّخَذَ بَيْتًا وَأَمَرَكُمْ أَنْ تَحُجُّوْهُ فَاسْتَجَابَ لَهُ مَا سَمِعَهُ مِنْ حَجَرٍ، أَوْ شَجَرٍ، أَوْ أَكَمَةٍ، أَوْ تُرَابٍ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ کی تعمیر مکمل کر لی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ لوگوں میں حج کی ندا دیں۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پکارا: جان لو! بے شک تمہارے رب نے ایک گھر بنایا ہے اور تمہیں یہ حکم دیا ہے کہ تم اس کی زیارت (حج) کرو۔ پس ان کی ندا پر پتھروں، درختوں، ٹیلوں اور مٹی میں سے جس جس نے اس ندا کو سنا اس نے جوابدیا: ﴿لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ﴾ اے اللہ ہم حاضر ہیں ہم حاضر ہیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور بیہقی نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

الحديث رقم ٨١: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٠١، الرقم: ٤٠٢٦، والبيهقي في السنن الكبرى، ٥/١٧٦، الرقم: ٩٦١٣، وفي شعب الإيمان، ٣/٤٣٩، الرقم: ٣٩٩٨، والطبري في جامع البيان، ١٧/١٤٤، وفي تاريخ الأمم والملوك، ١/١٥٦، والزيلعي في نصب الرأية، ٣/٢٢.

Marfat.com

٨٢/٨٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: اَلْإِسْلَامُ ثَلَاثُوْنَ سَهْمًا وَمَا ابْتُلِيَ بِهَذَا الدِّيْنِ أَحَدٌ فَأَقَامَهُ إِلَّا إِبْرَاهِيْمُ عليه السلام قَالَ اللهُ تَعَالَى: ﴿وَإِبْرَاهِيْمُ الَّذِي وَفّٰى﴾ [النجم، ٥٣:٣٧] فَكَتَبَ اللهُ لَهُ بَرَاءَةً مِنَ النَّارِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ مُخْتَصَرًا.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ اسلام کے تیس حصے ہیں اور کوئی شخص ایسا نہیں جسے اس دین کے ذریعے آزمایا گیا اور وہ اس آزمائش پر پورا اترا ہو سوائے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور حضرت ابراہیم علیہ السلام جنہوں نے (اللہ کے ہر امر کو) بتمام وکمال پورا کیا۔'' [النجم، ٥٣: ٣٧] پس (اسی وجہ سے) اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے آگ سے نجات مقدر کر دی۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا اور ابن ابی شیبہ نے بھی مختصرا روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٨٣/٨٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: فَيَقُوْلُوْنَ: يَا إِبْرَاهِيْمُ، أَنْتَ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ، قَدْ سَمِعَ بِخُلَّتِکَ أَهْلُ السَّمَاوَاتِ وَأَهْلُ الْأَرْضِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (روزِ حشر) لوگ کہیں گے: اے ابراہیم! آپ اللہ تعالیٰ کے دوست ہیں اور آپ کی دوستی کا آسمان والوں

الحديث رقم ٨٢: أخرجه الحكم في المستدرك، ٢/٦٠٢، الرقم: ٤٠٢٧، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٣١، الرقم: ٣١٨٢٩، والطبري في جامع البيان، ١/٥٢٤، وفي تاريخ الأمم والملوك، ١/١٦٨، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٦/١٩٤.

الحديث رقم ٨٣: أخرجه الحكم في المستدرك، ٢/٥٩٩، الرقم: ٤٠١٧، والعسقلاني في فتح الباري، ٦/٣٩٥، الرقم: ٣١٨١.

Marfat.com

اور زمین والوں نے بھی خوب چرچا سن رکھا ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔ اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٨٤/٨٤۔ عَنْ سَمُرَةَ ﷺ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ الْأَنْبِيَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كُلُّ اثْنَيْنِ مِنْهُمْ خَلِيْلَانِ دُوْنَ سَائِرِهِمْ قَالَ: فَخَلِيْلِي مِنْهُمْ يَومَئِذٍ خَلِيْلُ اللهِ إِبْرَاهِيْمُ عليه السلام. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت سمرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک انبیاءِ کرام علیہم السلام میں سے ہر دو نبی دوسرے تمام لوگوں کے علاوہ روزِ قیامت آپس میں دوست ہوں گے، آپ ﷺ نے فرمایا: پس اس دن ان میں سے میرا دوست وہی ہوگا جو اللہ تعالیٰ کا بھی دوست ہے یعنی حضرت ابراہیم عليه السلام۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٨٥/٨٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ قَصْرًا مِنْ دُرٍّ لَا صَدْعَ فِيْهِ وَلَا وَهْنٌ أَعَدَّهُ اللهُ لِخَلِيْلِهِ إِبْرَاهِيْمَ عليه السلام.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَزَّارُ بِنَحْوِهِ وَرِجَالُهُمَا رِجَالُ الصَّحِيْحِ كَمَا قَالَ الْهَيْثَمِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک جنت میں موتیوں سے بنا ہوا ایک محل ہے جس میں نہ تو کوئی شگاف ہے اور نہ ہی کسی قسم کی کوئی کمزوری، اس گھر کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خلیل حضرت ابراہیم عليه السلام کے لئے تیار کیا ہے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور امام بزار نے بھی اس سے ملتی جلتی روایت بیان کی ہے اور ان دونوں کے رجال رجالِ صحیح ہیں جیسا کہ امام ہیثمی نے بیان کیا ہے۔

الحديث رقم ٨٤: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٧/٢٥٨، الرقم: ٧٠٥٢، والذهبي في ميزان الاعتدال، ٦/٣٩٧، والعسقلاني في لسان الميزان، ٦/١٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٢٠١۔

الحديث رقم ٨٥: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٦/٣٢٩، الرقم: ٦٥٤٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٢٠١، وقال: ورواه البزار بنحوه، وابن كثير في قصص الأنبياء، ١/١٧٩۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ إِسْمَاعِيْلَ ذَبِيْحِ اللهِ عليه السلام

﴿حضرت اسماعیل ذبیح اللہ علیہ السلام کے مناقب کا بیان﴾

٨٦/٨٦۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ وَيَقُولُ: إِنَّ أَبَاكُمَا يُعَوِّذُ بِهَا إِسْمَاعِيْلَ وَإِسْحَاقَ: ﴿أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ وَلَامَّةٍ﴾. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ امام حسن اور امام حسین علیہما السلام کے لئے (خصوصی طور پر) کلمات تعوذ کے ساتھ دم کرتے اور فرماتے: تمہارے جد امجد (حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی) اپنے دونوں صاحبزادوں حضرت اسماعیل اور حضرت اسحاق علیہما السلام کو ان ہی کلماتِ تعوذ کے ساتھ دم کیا کرتے تھے: ﴿أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ وَلَامَّةٍ﴾ ''میں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے ذریعے ہر (وسوسہ اندازی کرنے والے) شیطان اور بلا سے اور ہر نظرِ بد سے پناہ مانگتا ہوں۔'' اس حدیث کو امام بخاری، ترمذی، ابوداود، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٨٧/٨٧۔ عَنْ كَعْبٍ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ نَبِيُّ اللهِ

الحديث رقم ٨٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: قول الله تعالى: واتخذ الله إبراهيم خليلا، ٣/١٢٣٣، الرقم: ٣١٩١، والترمذي في السنن، كتاب: الطب عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في الرقية من العين، ٤/٣٩٦، الرقم: ٢٠٦٠، وقال: هذا حديث حسن، وأبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في القرآن، ٤/٢٣٥، الرقم: ٤٧٣٧، وابن ماجه في السنن، كتاب: الطب، باب: ماعوّذ به النبيّ ﷺ وما عُوّذ به، ٢/١١٦٤، الرقم: ٣٥٢٥، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٢٥٠، الرقم: ١٠٨٤٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٢٧٠، الرقم: ٢٤٣٤، وابن أبي شيبة في المصنف، ٥/٤٧، الرقم: ٢٣٥٧٧.

الحديث رقم ٨٧: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٠٣، الرقم: ٤٠٣٣.

Marfat.com

الَّذِي سَمَّاهُ اللهُ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَجُلًا فِيهِ حِدَّةٌ. يُجَاهِدُ أَعْدَاءَ اللهِ وَيُعْطِيهِ اللهُ النَّصْرَ عَلَيْهِمْ وَالظَّفَرَ، وَكَانَ شَدِيْدَ الْحَرْبِ عَلَى الْكُفَّارِ لَا يَخَافُ فِي اللهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت کعب ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت اسماعیل بن ابراہیم علیہما السلام اللہ تعالیٰ کے وہ نبی تھے جنہیں اللہ تعالیٰ نے صادق الوعد (یعنی وعدے کے سچے) کا نام دیا اور وہ ایسے شخص تھے جن میں (حق کے معاملہ میں) سختی پائی جاتی تھی۔ وہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کے خلاف جہاد کرتے اور اللہ تعالیٰ انہیں ان پر فتح و نصرت عطا فرماتا اور وہ کفار کے خلاف بہت زیادہ جنگ کرنے والے تھے اور اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہیں کیا کرتے تھے۔'' اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا۔

٨٨ / ٨٨۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: اَلذَّبِيْحُ إِسْمَاعِيْلُ.

وفي رواية: عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما: ﴿وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ﴾ [الصافات، ٣٧: ١٠٧]، قَالَ: إِسْمَاعِيْلُ ثُمَّ ذَبَحَ إِبْرَاهِيْمُ الْكَبْشَ.

وفي رواية: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّهُ قَالَ: اَلْمَفْدِيُّ إِسْمَاعِيْلُ وَزَعَمَتِ الْيَهُوْدُ أَنَّهُ إِسْحَاقُ وَكَذَبَتِ الْيَهُوْدُ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ذبیح اللہ حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں۔

الحديث رقم ٨٨: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/ ٦٠٤-٦٠٥، الرقم: ٤٠٣٤-٤٠٣٥، ٤٠٣٧-٤٠٣٨، والطبري في جامع البيان، ٢٣/ ٨٣-٨٥، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ١٥/ ١٠١، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٤/ ١٩، والعسقلاني في فتح الباري، ١٢/ ٣٧٨-٣٧٩، والطبري في تاريخ الأمم والملوك، ١/ ١٦٠.

Marfat.com

اور ایک روایت میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما آیہ مبارکہ: ﴿وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ﴾ [الصافات، ۳۷: ۱۰۷] کی وضاحت میں فرماتے ہیں کہ ذبح عظیم سے مراد حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں، پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے (ان کی جگہ جنتی) مینڈھے کو ذبح کیا۔

اور ایک روایت میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جس کا فدیہ دیا گیا وہ حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں اور یہود کا یہ گمان ہے کہ وہ حضرت اسحاق علیہ السلام ہیں اور یہود جھوٹے ہیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور طبری نے روایت کیا ہے۔ اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

۸۹/۸۹۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: أَوَّلُ مَنْ نَطَقَ بِالْعَرَبِيَّةِ وَوَضَعَ الْكِتَابَ عَلَى لَفْظِهِ وَمَنْطِقِهِ ثُمَّ جَعَلَ كِتَاباً وَاحِدًا مِثْلُ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْمَوْصُوْلِ حَتَّى فَرَّقَ بَيْنَهُ وَلَدُهُ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ صلوات الله عليهما. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ سب سے پہلے جس شخص نے عربی زبان بولی اور اپنے الفاظ اور منطق (بول چال) پر کتاب کو وضع کیا پھر کتاب کو اس طرح ایک کیا کہ وہ آپس میں ملی ہوئی ہو جیسا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی کتابت، یہاں تک کہ اس کتابت کو جدا جدا کیا، (ان تمام امور کو سرانجام دینے والے) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لختِ جگر حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور بیہقی نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

الحديث رقم ۸۹: أخرجه الحاكم في المستدرك، ۲/۶۰۲، الرقم: ۴۰۲۹، والبيهقي في شعب الإيمان، ۲/۲۳۳، الرقم: ۱۶۱۷، والعسقلاني في فتح الباري، ۶/۴۰۳.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ إِسْحَاقَ عليه السلام

﴿حضرت اسحاق عليه السلام کے مناقب کا بیان﴾

٩٠/٩٠۔ عَنْ كَعْبِ الْأَحْبَارِ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الَّذِي جَعَلَهُ اللهُ نُورًا وَضِيَاءً وَقُرَّةَ عَيْنٍ لِوَالِدَيْهِ، فَكَانَ مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ وَجْهًا وَأَكْثَرُهُ جَمَالًا وَأَحْسَنُهُ مَنْطِقًا فَكَانَ أَبْيَضَ جَعْدَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ مُشْبَهًا بِإِبْرَاهِيمَ خَلَقًا وَخُلُقًا وَوُلِدَ لِإِسْحَاقَ يَعْقُوبُ وَعَيْصٌ فَكَانَ يَعْقُوبُ أَحْسَنُهُمَا وَأَنْطَقُهُمَا وَأَكْثَرُهُمَا جَمَالًا وَظَرْفًا ..... الحديث.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت کعب الأحبار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت اسحاق بن ابراہیم علیہما السلام کو اللہ تعالیٰ نے نور، روشنی اور اپنے والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنایا۔ پس آپ عليه السلام تمام لوگوں سے بڑھ کر خوبصورت چہرے والے تھے اور بہت زیادہ جمال والے اور خوبصورت گفتگو والے تھے۔ آپ عليه السلام سفید رنگت والے، سر اور داڑھی کے گھنگھریالے بالوں والے تھے۔ آپ ظاہری نقوش میں اور حسنِ خلق میں حضرت ابراہیم عليه السلام سے مشابہ تھے۔ حضرت اسحاق عليه السلام کے ہاں حضرت یعقوب عليه السلام اور حضرت عیص عليه السلام پیدا ہوئے پس ان دونوں میں سے حضرت یعقوب عليه السلام زیادہ حسین، زیادہ فصیح و بلیغ اور زیادہ حسن و جمال اور دانائی والے تھے۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٩١/٩١۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما: ﴿وَبَشَّرْنَاهُ بِإِسْحَاقَ﴾، [الصافات، ٣٧:١١٢]، قَالَ: بُشْرَى نُبُوَّةٍ بُشِّرَ بِهِ مَرَّتَيْنِ حِينَ وُلِدَ وَحِينَ

الحديث رقم ٩٠: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٠٧، الرقم: ٤٠٤٣.

الحديث رقم ٩١: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٠٧، الرقم: ٤٠٤٤، والطبري في جامع البيان، ٢٣/٨٩، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ١٥/١١٢، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٤/٢٠.

Marfat.com

نُبِّىءَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما آیت مبارکہ ﴿وَبَشَّرْنَاهُ بِإِسْحَاقَ﴾ [الصافات، ۳۷: ۱۱۲] کی تفسیر میں بیان کرتے ہیں کہ اس خوشخبری سے مراد نبوت کی خوشخبری ہے جو انہیں دو مرتبہ دی گئی۔ (پہلی) جب آپ کی ولادت ہوئی اور (دوسری) جب آپ کو منصبِ نبوت عطا ہوا۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور طبری نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ لُوطٍ عليه السلام

﴿حضرت لوط عليه السلام کے مناقب کا بیان﴾

٩٢/٩٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه فِي قَوْلِهِ عز وجل: ﴿أَوْ آوِي إِلَى رُكْنٍ شَدِيْدٍ﴾ [هود، ١١: ٨٠]، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: رَحِمَ اللهُ لُوْطًا كَانَ يَأْوِي إِلَى رُكْنٍ شَدِيْدٍ وَمَا بَعَثَ اللهُ بَعْدَهُ نَبِيًّا إِلَّا فِي ثَرْوَةٍ مِنْ قَوْمِهِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے اس فرمان عالیشان: ''یا میں (آج) کسی مضبوط قلعہ میں پناہ لے سکتا۔'' [ھود، ۱۱:۸۰] کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ حضرت لوط علیہ السلام پر رحم فرمائے آپ علیہ السلام مضبوط قلعہ میں پناہ لینے کی بات کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کے بعد کسی نبی کو نہیں بھیجا مگر اس کی قوم کی کثیر تعداد میں (یعنی با اثر قبیلہ میں)۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، احمد اور بخاری نے الادب المفرد میں اور ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے۔ الفاظ امام حاکم کے ہیں۔

٩٣/٩٣۔ عَنْ كَعْبِ الْأَحْبَارِ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ لُوْطٌ عليه السلام نَبِيَّ اللهِ وَكَانَ

١٢٩/١٢٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ لَقِيْتُ مُوْسَى قَالَ: فَنَعَتَهُ فَإِذَا رَجُلٌ حَسِبْتُهُ. قَالَ: مُضْطَرِبٌ رَجِلُ الرَّأْسِ كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَةَ قَالَ: وَلَقِيْتُ عِيْسَى فَنَعَتَهُ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ: رَبْعَةٌ أَحْمَرُ كَأَنَّمَا خَرَجَ مِنْ دِيْمَاسٍ يَعْنِي الْحَمَّامَ وَرَأَيْتُ إِبْرَاهِيْمَ وَأَنَا أَشْبَهُ وَلَدِهِ بِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: شبِ معراج

الحديث رقم ١٢٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: قول الله تعالى: واذكر في الكتاب مريم، ٣/١٢٦٩، الرقم: ٣٢٥٤، ومسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الإسراء برسول الله ﷺ إلى السماوات، ١/١٥٤، الرقم: ١٦٨، والترمذي في السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة بنى إسرائيل، ٥/٣٠٠، الرقم: ٣١٣٠، وقال: هذا حديث حسن صحيح، وابن حبان في الصحيح، ١/٢٤٧، الرقم: ٥١، وعبد الرزاق في المصنف، ٥/٣٢٩، وابن منده في الإيمان، ٢/٧٤٠، الرقم: ٧٢٨، وأبو عوانة في المسند، ١/١١٦، الرقم: ٣٤٧۔

Marfat.com

میری حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا وصف یوں بیان فرمایا: وہ دبلے پتلے، دراز قد، سیدھے بالوں والے ایسے آدمی ہیں جیسے قبیلہ شنوء ہ کے لوگ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بھی ملاقات ہوئی پھر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کا حلیہ بیان فرمایا کہ یہ درمیانہ قد، سرخ رنگ والے اور ایسے تروتازہ ہیں گویا ابھی حمام سے (نہا کر) نکلے ہیں اور میں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بھی ملا میں ان کی ساری اولاد میں ان سے زیادہ مشابہ ہوں۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

۱۳۰ / ۱۳۰۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيْكُمْ وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں کا اس وقت (خوشی سے) کیا حال ہو گا جب تم میں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام (آسمان سے) اُتریں گے اور تمہارا امام تم ہی میں سے ہو گا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

۱۳۱ / ۱۳۱۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: وَالَّذِي

الحديث رقم ۱۳۰: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الأنبيا، باب: نُزُول عيسى بن مريم عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، ۳/ ۱۲۷۲،الرقم:۳۲۶۵، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: نزول عيسى بن مريم حاكما بشريعة نبيّنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ۱/ ۱۳۶، الرقم: ۱۵۵، وابن حبان فى الصحيح، ۱۵/ ۲۱۳، الرقم: ۶۸۰۲، والعسقلانى فى فتح البارى، ۶/ ۴۹۳۔

الحديث رقم ۱۳۱: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: نزول عيسى ابن مريم، ۳/ ۱۲۷۲، الرقم: ۳۲۶۴، ومسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: نزول عيسى ابن مريم حاكما بشريعة نبينا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ۱/ ۱۳۶، الرقم: ۱۵۵، والترمذي في السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ماجاء في نزول عيسى بن مريم عليه السلام، ۴/ ۵۰۶، الرقم: ۲۲۳۳، وقال أبو عيسى: هذا حديث حسن صحيح، وابن ماجه في السنن، كتاب: الفتن، باب: فتنة الدجال وخروج عيسى بن مريم، ۲/ ۱۳۶۳، الرقم: ۴۰۷۸، وأحمد بن حنبل في المسند، ۲/ ۵۳۸، الرقم: ۱۰۹۵۷، وابن حبان في الصحيح، ۱۵/ ۲۳۰، الرقم: ۶۸۱۸۔

Marfat.com

نَفْسِي بِيَدِهِ لَيُوشِكَنَّ أَنْ يَنْزِلَ فِيْكُمُ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَدْلًا فَيَكْسِرَ الصَّلِيْبَ وَيَقْتُلَ الْخِنْزِيْرَ وَيَضَعَ الْجِزْيَةَ وَيَفِيْضَ الْمَالُ حَتّٰى لَا يَقْبَلَهُ أَحَدٌ حَتّٰى تَكُونَ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَيْرًا مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! عنقریب تم میں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نازل ہوں گے، وہ عدل کے ساتھ فیصلے فرمانے والے ہوں گے، صلیب کو توڑیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ موقوف کر دیں گے اور مال اتنا بڑھ جائے گا کہ کوئی لینے والا نہ رہے گا، یہاں تک کہ (بارگاہِ الٰہی میں) ایک سجدہ دنیا و مافیھا سے بہتر ہو گا۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ بخاری کے ہیں۔

١٣٢/١٣٢ـ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِابْنِ مَرْيَمَ وَالْأَنْبِيَاءُ أَوْلَادُ عَلَّاتٍ لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

وفي رواية عنه: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِعِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَالْأَنْبِيَاءُ إِخْوَةٌ لِعَلَّاتٍ أُمَّهَاتُهُمْ شَتّٰى وَدِيْنُهُمْ وَاحِدٌ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے

الحديث رقم ١٣٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: قول الله تعالى: واذكر في الكتاب مريم، ٣/١٢٧٠، الرقم: ٣٢٥٨-٣٢٥٩، ومسلم في الصحيح، كتاب:الفضائل، باب:فضائل عيسى عليه السلام، ٤/١٨٣٧، الرقم: ٢٣٦٥، وأبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في التخيير بين الأنبياء عليهم الصلاة والسلام، ٤/٢١٨، الرقم: ٤٦٧٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٤٦٣، الرقم: ٩٩٧٥-٩٩٧٦، وابن حبان في الصحيح، ١٤/٧٤، ٣١٦، الرقم: ٦١٩٤، ٦٤٠٦-

Marfat.com

ہوئے سنا: میں سب لوگوں سے زیادہ ابن مریم (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کے قریب ہوں اور سارے انبیاء علاّتی اولاد (جن کا باپ ایک ہو اور مائیں مختلف ہوں) کی طرح ہیں۔ میرے اور ان (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کے درمیان کوئی نبی نہیں ہے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے مروی روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں دنیا و آخرت میں تمام لوگوں سے بڑھ کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قریب ہوں اور تمام انبیاء علاّتی بھائی (ایک باپ کی اولاد) ہیں۔ ان کی مائیں مختلف لیکن سب کا دین ایک ہے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١٣٣ / ١٣٣۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيِّ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَيَنْزِلُ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ عليهما السلام فَيَقُوْلُ أَمِيْرُهُمْ: تَعَالَ صَلِّ لَنَا. فَيَقُوْلُ لَا، إِنَّ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ أُمَرَاءُ تَكْرِمَةَ اللهِ هَذِهِ الْأُمَّةَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا: میری امت میں سے ایک جماعت قیام حق کے لیے قیامت تک کامیاب جنگ کرتی رہے گی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پس جب حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام آسمان سے اتریں گے تو مسلمانوں کا امیر ان سے عرض کرے گا: تشریف لائیں ہمیں نماز پڑھائیں۔ تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: (اس وقت) میں امامت نہیں کراؤں گا۔ تم

الحديث رقم ١٣٣: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: نزول عيسى بن مريم حاكماً بشريعة نبينا محمد صلى الله عليه وآله وسلم، ١/١٣٧، الرقم: ١٥٦، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/٢٣١، الرقم:٦٨١٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٣٤٥، الرقم: ١٤٧٦٢۔ ١٥١٦٧، وابن الجارود فى المنتقى، ١/٢٥٧، الرقم: ١٠٣١، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٩/١٨٠، وأبو عوانة فى المسند، ١/٩٩، الرقم:٣١٧، وابن منده فى الإيمان، ١/٥١٧، الرقم:٥١٨، الرقم: ٤١٨، والعظيم آبادى فى عون المعبود، ١١/٣٠٩، والمناوي فى فيض القدير، ٦/٣٩٥۔

Marfat.com

ایک دوسرے پر امیر ہو (یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس وقت امامت سے انکار فرما دیں گے) اس فضیلت و بزرگی کی بناء پر جو اللہ تعالیٰ نے اس امت کو عطا کی ہے۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٣٤ / ١٣٤۔ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ رضي الله عنه قَالَ: لَمْ يَتَكَلَّمْ فِي الْمَهْدِ إِلَّا ثَلَاثَةٌ: عِيسَى عليه السلام وَصَاحِبُ يُوسُفَ وَصَاحِبُ جُرَيْجٍ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْحَاكِمُ وَاللَّفْظُ لَهُ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ.

''حضرت ہلال بن یساف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا: پنگھوڑے میں تین (بچوں) کے علاوہ کسی نے کلام نہیں کیا (اور وہ تین یہ ہیں:) حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت یوسف علیہ السلام کی گواہی دینے والا بچہ اور صاحب جریج۔''

اسے امام بخاری، مسلم، احمد، ابن حبان، ابن ابی شیبہ اور حاکم نے روایت کیا ہے، الفاظ حاکم کے ہیں نیز انہوں نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١٣٥ / ١٣٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم: أَنَّهُ قَالَ: إِنِّي لَأَرْجُو

الحديث رقم ١٣٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: قول الله تعالى: واذكر في الكتاب مريم، ٣/١٢٦٨، الرقم: ٣٢٥٣، ومسلم في الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب :تقديم بر الوالدين على التطوع بالصلاة وغيرها، ٤/١٩٧٦، الرقم: ٢٥٥٠، وأحمد بن حنبل في السند، ٢/٣٠٧-٣٠٨، الرقم: ٨٠٥٧، ٨٠٥٨، وابن حبان في الصحيح، ١٤/٤١١، الرقم: ٦٤٨٩، والحاكم في المستدرك، ٢/٦٥٠، الرقم: ٤١٦١، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٣٩، الرقم: ٣١٨٧٣، والطبراني في المعجم الكبير، ١٨/٢٢٤، الرقم: ٥٥٨، والبيهقي في شعب الإيمان، ٦/ ١٩٣-١٩٤، الرقم: ٧٨٧٩.

الحديث رقم ١٣٥: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٢/٢٩٨-٢٩٩، الرقم: ٧٩٥٧-٧٩٥٨، ٧٩٦٥، وابن الجعد في المسند، ١/١٧٥، الرقم: ١١٢٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٥، ٢٠٥، وقال: رواه أحمد بإسناد ورجالهما رجال الصحيح، والعظيم آبادي في عون المعبود، ١١/٣١٠.

Marfat.com

إِنْ طَالَ بِي عُمُرٌ أَنْ أَلْقَى عِيسَى بْنَ مَرْيَمَ عليه السلام فَإِنْ عَجِلَ بِي مَوْتٌ فَمَنْ لَقِيَهُ مِنْكُمْ فَلْيُقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ مَرْفُوْعًا، وَمَوْقُوْفًا، وَرِجَالُهُمَا رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں کہ اگر میری عمر طویل ہوئی تو میں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام سے ملاقات کروں گا۔ اور اگر میرا وصال جلد ہو گیا تو تم میں سے جو شخص انہیں ملے تو وہ انہیں میری طرف سے سلام کہے۔''

اس حدیث کو امام احمد نے مرفوعا اور موقوفاً روایت کیا ہے اور دونوں روایات کے رجال صحیح حدیث کے رجال ہیں۔

١٣٦/١٣٦۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: فَيَأْتُوْنَ عِيْسَى بِالشَّفَاعَةِ فَيَقُوْلُ: هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَحَدًا هُوَ كَلِمَةُ اللهِ وَرُوْحُهُ وَيُبْرِءُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَيُحْيِي الْمَوْتَى غَيْرِي؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لَا. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (روزِ قیامت) لوگ شفاعت کے لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے تو وہ کہیں گے: کیا تم میرے علاوہ کسی ایسے شخص کو جانتے ہو جو ''کلمۃ اللہ'' اور ''روح اللہ'' ہے اور جو مادرزاد کوڑھی اور برص کے مریضوں کو صحیح اور مردوں کو زندہ کر دیتا ہے؟ تو لوگ کہیں گے: نہیں۔'' اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

١٣٧/١٣٧۔ عَنْ عَطَاءٍ مَوْلَى أُمِّ حَبِيْبَةَ رضي الله عنها قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا

الحديث رقم ١٣٦: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٥٠، الرقم: ٤١٥٩.

الحديث رقم ١٣٧: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٥١، الرقم: ٤١٦٢، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٤٧/٤٩٣-٤٩٤، والعظيم آبادى في عون المعبود، ١١/٣١٠، والمناوي في فيض القدير، ٥/٣٩٩.

Marfat.com

هُرَيْرَةَ ﷺ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَيَهْبُطَنَّ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَدْلًا وَإِمَامًا مُقْسِطًا وَلَيَسْلُكَنَّ فَجًّا حَاجًّا أَوْ مُعْتَمِرًا أَوْ بِنِيَتَهُمَا وَلَيَأْتِيَنَّ قَبْرِي حَتَّى يُسَلِّمَ عَلَيَّ وَلَأَرُدَّنَّ عَلَيْهِ. يَقُوْلُ أَبُوْهُرَيْرَةَ ﷺ: أَي بَنِي أَخِي إِنْ رَأَيْتُمُوْهُ فَقُوْلُوْا: أَبُوهُرَيْرَةَ يُقْرِئُکَ السَّلَامَ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے غلام حضرت عطاء ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: یقیناً حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام عدل کے ساتھ فیصلے فرمانے والے اور منصف امام کی صورت میں نازل ہوں گے اور یقیناً وہ حج یا عمرہ کی غرض سے یا ان دونوں کی غرض سے مکہ کے طریق پر چلیں گے اور یقیناً وہ میری قبر پر آئیں گے تاکہ مجھے سلام عرض کرسکیں اور یقیناً میں ان کے سلام کا جواب دوں گا۔ حضرت ابوہریرہ ﷺ فرماتے ہیں: اے میرے بھتیجو! اگر تم انہیں (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو) دیکھو تو عرض کرنا: ابو ہریرہ آپ کی خدمت میں سلام عرض کرتا ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور ابن عساکر نے روایت کیا اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

١٣٨/١٣٨۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَلَا إِنَّ عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ وَلَا رَسُوْلٌ أَلَا أَنَّهُ خَلِيْفَتِي مِنْ بَعْدِي يَقْتُلُ الدَّجَّالَ، وَيَكْسِرُ الصَّلِيْبَ، وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ، وَتَضَعُ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا. أَلَا مَنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ السَّلَامَ.

الحديث رقم ١٣٨: أخرجه الطبراني في المعجم الصغير، ٢/٣٠، الرقم: ٧٢٥، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ١١/١٧٢، الرقم: ٥٨٧٢، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٤/٨٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٢٠٥.

Marfat.com

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْخَطِيْبُ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خبردار! بے شک میرے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان نہ کوئی نبی ہے اور نہ رسول۔ غور سے سنو! بے شک وہ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) میرے بعد میرے نائب ہوں گے جو دجال کو قتل کریں گے اور صلیب کو توڑیں گے اور جزیہ کو ختم کریں گے (یعنی لوگوں میں دین کی اتنی تبلیغ و اشاعت کریں گے کوئی بھی ذمی باقی نہیں رہے گا کہ جس پر جزیہ واجب ہو) اور جنگ ختم ہو جائے گی۔ سنو! تم میں سے جو بھی انہیں ملے تو انہیں سلام عرض کرے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی اور خطیب بغدادی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ الْأَنْبِيَاءِ عليهم السلام

﴿انبیاءِ کرام علیہم السلام کے جامع مناقب کا بیان﴾

١٣٩/١٣٩۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ ﷺ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَا تُخَيِّرُوْا بَيْنَ الْأَنْبِيَاءِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انبیاء کرام علیہم السلام کے درمیان (بعض کو بعض پر) فضیلت مت دو۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١٤٠/١٤٠۔ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ رُؤْيَا الْأَنْبِيَاءِ وَحْيٌ ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِنِّي أَرَى فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَذْبَحُكَ﴾ [الصافات، ٣٧: ١٠٢].

الحديث رقم ١٣٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الديات، باب: إذا لطم المسلم يهوديا عند الغضب، ٦/٢٥٣٤، الرقم: ٦٥١٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: من فضائل موسى عليه السلام، ٤/١٨٤٥، الرقم: ٢٣٧٤، وأبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في التخيير بين الأنبياء عليهم الصلاة والسلام، ٤/٢١٧، الرقم: ٤٦٦٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٣١، ٣٣، الرقم: ١١٢٨٣، ١١٣٠٤، وابن حبان في الصحيح، ١٤/١٣٠، الرقم: ٦٢٣٧، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٢٦، الرقم: ٣١٧٩٨، والطحاوي في شرح معاني الآثار، ٤/٣١٥، وأبو يعلى في المسند، ٢/٥١٧، الرقم: ١٣٦٨، والطبراني في المعجم الأوسط، ١/٨٨، الرقم: ٢٦٠.

الحديث رقم ١٤٠: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الوضوء، باب: التخفيف في الوضوء، ١/٦٤، الرقم: ١٣٨، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في مناقب عمر بن الخطاب ﷺ، ٥/٦٠٢، الرقم: ٣٦٨٩، والحاكم في المستدرك، ٢/٤٦٨، الرقم: ٣٦١٣، ٤/٤٣٨، الرقم: ٨١٩٧، وابن أبي عاصم في السنة، ١/٢٠٢، والبيهقي في السنن الكبرى، ١/١٢٢، الرقم: ٥٩٦، والطبراني في المعجم الكبير، ١٢/٦، الرقم: ١٢٣٠٢.

Marfat.com

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبید بن عمیر ﷺ بیان کرتے ہیں کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے خواب بھی وحی ہوتے ہیں پھر یہ آیت پڑھی: ''پس خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں۔'' [الصافات، ۳۷: ۱۰۲]۔

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا نیز امام ترمذی اور حاکم نے بھی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١٤١ / ١٤١۔ عَنْ سَعْدٍ ﷺ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلَاءً؟ قَالَ: الْأَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْأَمْثَلُ فَالْأَمْثَلُ فَيُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلَى حَسْبِ دِيْنِهِ فَإِنْ كَانَ دِيْنُهُ صُلْبًا اشْتَدَّ بَلَاؤُهُ. وَإِنْ كَانَ فِي دِيْنِهِ رِقَّةٌ ابْتُلِيَ عَلَى حَسْبِ دِيْنِهِ فَمَا يَبْرَحُ الْبَلَاءُ بِالْعَبْدِ حَتَّى يَتْرُكَهُ يَمْشِي عَلَى الْأَرْضِ مَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَالْبُخَارِيُّ فِي تَرْجَمَةِ الْبَابِ مُخْتَصَرًا.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

الحديث رقم ١٤١: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في الصبر على البلاء، ٤/ ٦٠١، الرقم: ٢٣٩٨، وفي الصحيح، كتاب: المرضى، باب: أشد الناس بلاء الأنبياء ثم الأمثل فالأمثل، ٥/ ٢١٣٩، والنسائي في السنن الكبرى، ٤/ ٣٥٥، ٣٧٩، الرقم: ٧٤٩٦، ٧٦١٣، وابن ماجه في السنن، كتاب: الفتن، باب: الصبر على البلاء، ٢/ ١٣٣٤، الرقم: ٤٠٢٣-٤٠٢٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/ ٣٦٩، الرقم: ٢٧١٢٤، وابن حبان في الصحيح، ٧/ ١٦٠، الرقم: ٢٩٠٠، ٢٩٢١، والدارمي في السنن، ٢/ ٤١٢، الرقم: ٢٧٨٣، والحاكم في المستدرك، ١/ ٩٩، الرقم: ١٢٠، ٣/ ٤٤٨، الرقم: ٥٤٦٣، ٤/ ٤٤٨، الرقم: ٨٢٣١، وأبو يعلى في المسند، ٢/ ٣١٢، الرقم: ١٠٤٥، والشاشي في المسند، ١/ ١٣٠، الرقم: ٦٧، والأزدي في مسند الربيع، ١/ ٣٧٧، الرقم: ٩٩٣، والبيهقي في السنن الكبرى، ٣/ ٣٧٢، الرقم: ٦٣٢٥، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٤/ ٢٤٥، الرقم: ٦٢٧، ٦٢٩۔

Marfat.com

وفي رواية أحمد: قَالَ: إِنَّ مِنْ أَشَدِّ النَّاسِ بَـلَاءً الْأَنْبِيَاءُ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ.

وفي رواية للحاكم: قَالَ: اَلْأَنْبِيَاءُ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: اَلْعُلَمَاءُ: قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ الصَّالِحُوْنَ.

''حضرت سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ، لوگوں میں سب سے زیادہ سخت آزمائش کس کی ہوتی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: انبیاء کرام علیہم السلام کی، پھر درجہ بدرجہ مقربین کی۔ آدمی کی آزمائش اس کے دین کے مطابق ہوتی ہے۔ اگر دین میں مضبوط ہو تو سخت آزمائش ہوتی ہے۔ اگر دین میں کمزور ہو تو حسبِ دین آزمائش کی جاتی ہے۔ بندے کے ساتھ یہ آزمائشیں ہمیشہ رہتی ہیں یہاں تک کہ وہ زمین پر اس طرح چلتا ہے کہ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اور امام بخاری نے ترجمۃ الباب میں مختصراً روایت کیا ہے۔ امام ابوعیسیٰ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے۔

اور امام احمد کی ایک روایت میں ہے کہ لوگوں میں سب سے زیادہ سخت آزمائے جانے والے انبیاء کرام علیہم السلام ہوتے ہیں پھر جو ان سے قریب ہوتے ہیں پھر جو ان سے قریب ہوتے ہیں پھر جو ان سے قریب ہوتے ہیں۔

اور امام حاکم کی ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ سخت آزمائے جانے والے انبیاء کرام علیہم السلام ہوتے ہیں پھر علماء اور پھر صالحین۔''

١٤٢/١٤٢۔ عَنْ كَعْبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: إِنَّ اللهَ قَسَّمَ رُؤْيَتَهُ وَكَـلَامَهُ بَيْنَ

الحديث رقم ١٤٢: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ومن سورة والنجم، ٥/٣٩٤، الرقم: ٣٢٧٨، والحاكم في المستدرك، ٢/٦٢٩، الرقم: ٤٠٩٩، وعبد الله بن أحمد في السنة، ١/٢٨٦، الرقم: ٥٤٨، ورجاله ثقات، وابن راهويه في المسند، ٣/٧٩٠، الرقم: ١٤٢١، وابن النجاد في الرد على من يقول القرآن مخلوق، ١/٣٧، الرقم: ١٧۔

Marfat.com

مُحَمَّدٍ وَمُوْسَى عليهما السلام. فَكَلَّمَ مُوْسَى عليه السلام مَرَّتَيْنِ وَرَآهُ مُحَمَّدٌ ﷺ مَرَّتَيْنِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنی رؤیت (دیدار) اور اپنے کلام کو حضور نبی اکرم ﷺ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان تقسیم فرمایا۔ پس اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ دو مرتبہ کلام فرمایا اور حضور نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو دو مرتبہ دیکھا۔'' اس حدیث کو امام ترمذی، حاکم اور طبری نے روایت کیا ہے۔

١٤٣/١٤٣۔ عَنْ أَوْسِ بْنِ أَوْسٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : إِنَّ مِنْ أَفْضَلِ أَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فِيْهِ خُلِقَ آدَمُ، وَفِيْهِ قُبِضَ وَفِيْهِ النَّفْخَةُ، وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ فَأَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلَاةِ فِيْهِ، فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ، قَالَ: قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، كَيْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ أَرِمْتَ؟ يَقُوْلُوْنَ: بَلِيْتَ قَالَ ﷺ: إِنَّ اللهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت اَوس بن اَوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک تمہارے دنوں میں سے جمعہ کا دن سب سے بہتر ہے اس دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسی دن انہوں نے وفات پائی اور اسی دن صور پھونکا جائے گا اور اسی دن سخت آواز ظاہر ہو گی۔ پس اس دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ تمہارا درود مجھے پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمارا درود آپ ﷺ کے وصال کے بعد آپ ﷺ کو کیسے پیش کیا جائے گا؟ جبکہ آپ ﷺ کا جسدِ مبارک خاک میں مل چکا ہو گا تو آپ ﷺ نے

الحديث رقم ١٤٣: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: الصلاة، باب: فضل يوم الجمعة وليلة الجمعة، ١/٢٧٥، الرقم: ١٠٤٧، وفى كتاب: الصلاة، باب: في الاستغفار، ٢/٨٨، الرقم: ١٥٣١، والنسائى فى السنن، كتاب: الجمعة، باب: بإكثار الصلاة على النبى ﷺ يوم الجمعة، ٣/٩١، الرقم: ١٣٧٤، وابن ماجه فى السنن، كتاب: إقامة الصلاة، باب: في فضل الجمعة، ١/٣٤٥، الرقم: ١٠٨٥.

Marfat.com

فرمایا: (نہیں، ایسا نہیں ہے) بیشک اللہ عزوجل نے زمین پر انبیائے کرام کے جسموں کا کھانا حرام کر دیا ہے۔'' اسے امام ابو داود، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

١٤٤ / ١٤٤۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضي الله عنه في رواية طويلة: قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، كَمِ الْأَنْبِيَاءُ؟ قَالَ: مِائَةَ أَلْفٍ وَعِشْرُوْنَ أَلْفًا قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، كَمِ الرُّسُلُ مِنْ ذَلِكَ؟ قَالَ: ثَلَاثُ مِائَةٍ وَثَلَاثَةَ عَشَرَ جَمًّا غَفِيْرًا. قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ، مَنْ كَانَ أَوَّلُهُمْ قَالَ: آدَمُ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَنَبِيٌّ مُرْسَلٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، خَلَقَهُ اللهُ بِيَدِهِ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُوْحِهِ وَكَلَّمَهُ قَبْلًا ثُمَّ قَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ، أَرْبَعَةٌ سَرْيَانِيُّوْنَ: آدَمُ، وَشِيْثٌ، وَأَخْنُوخُ. وَهُوَ إِدْرِيْسُ وَهُوَ أَوَّلُ مَنْ خَطَّ بِالْقَلَمِ. وَنُوْحٌ، وَأَرْبَعَةٌ مِنَ الْعَرَبِ: هُوْدٌ، وَشُعَيْبٌ، وَصَالِحٌ، وَنَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ (صلى الله عليه وآله وسلم)..... الحديث.

رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَأَبُوْنُعَيْمٍ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ ایک طویل روایت میں بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ، انبیاء کرام علیہم السلام کتنے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک لاکھ بیس ہزار۔ میں نے عرض کیا: ان میں سے رسول کتنے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین سو تیرہ (افراد) کا ایک جم غفیر ہے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ، ان میں سے سب سے پہلے نبی کون ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا وہ نبی مرسل ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں، اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے دستِ قدرت سے پیدا فرمایا اور ان میں اپنی روح پھونکی اور اس سے پہلے ان سے کلام فرمایا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اباذر، چار نبی سریانی تھے، آدم علیہ السلام، شیث علیہ السلام، اخنوح یعنی ادریس علیہ السلام اور یہ وہ پہلے نبی ہیں جنہوں نے قلم کے

الحديث رقم ١٤٤: أخرجه ابن حبان في الصحيح، ٢ / ٧٦-٧٧، الرقم: ٣٦١، وفي الثقات، ٢ / ١١٩، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ١ / ١٦٧، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٢٣ / ٢٧٥، ٢٧٧، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ١ / ٥٨٦-٥٨٧، والهيثمي في موارد الظمآن، ١ / ٥٣.

Marfat.com

ساتھ لکھا اور نوح علیہ السلام، اور چار نبی عربی ہیں: حضرت ھود علیہ السلام، حضرت شعیب علیہ السلام، حضرت صالح علیہ السلام اور تمہارے نبی محمد مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ..... الحدیث۔''

اس حدیث کو امام ابن حبان، ابونعیم اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

١٤٥/١٤٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما فِي قَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَبِيًّا﴾ [مريم، ١٩: ٤١]، قَالَ: كَانَ الْأَنْبِيَاءُ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ إِلَّا عَشَرَةٌ: نُوحٌ، وَصَالِحٌ، وَهُودٌ، وَلُوطٌ، وَشُعَيْبٌ، وَإِبْرَاهِيمُ، وَإِسْمَاعِيلُ، وَإِسْحَاقُ، وَيَعْقُوبُ وَمُحَمَّدٌ عليهم الصلاة والسلام، وَلَمْ يَكُنْ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ مَنْ لَهُ اسْمَانِ إِلَّا إِسْرَائِيلَ وَعِيسَى فَإِسْرَائِيلُ يَعْقُوبُ وَعِيسَى الْمَسِيحُ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے اس فرمان: ''اور اس کتاب میں ابراہیم کا ذکر کر بے شک وہ سچے اور نبی تھے۔'' [مریم، ١٩: ٤١] کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ سارے کے سارے انبیاء کرام علیہم السلام بنی اسرائیل میں سے تھے سوائے دس انبیاء کرام علیہم السلام کے اور وہ یہ ہیں: حضرت نوح، حضرت صالح، حضرت ہود، حضرت لوط، حضرت شعیب، حضرت ابراہیم، حضرت اسماعیل، حضرت اسحاق، حضرت یعقوب علیہم السلام اور سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ انبیاء کرام علیہم السلام میں سے سوائے حضرت اسرائیل اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام کے کسی کے دو نام نہیں تھے۔ پس اسرائیل علیہ السلام کا دوسرا نام یعقوب اور عیسیٰ علیہ السلام کا دوسرا نام مسیح تھا۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور طبرانی نے ثقات رجال کے ساتھ روایت کیا اور بیہقی نے

الحديث رقم ١٤٥: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٤٠٥، الرقم: ٣٤١٥، والطبراني في المعجم الكبير، ١١/٢٧٦، الرقم: ١١٧٢٣، والبيهقي في شعب الإيمان، ١/١٥٠، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ١/١٨٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٢١٠.

Marfat.com

بھی اسے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١٤٦ / ١٤٦۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ لَمَّا رَأَى الصُّوَرَ فِي الْبَيْتِ لَمْ يَدْخُلْ حَتَّى أَمَرَ بِهَا فَمُحِيَتْ، وَرَأَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ عليهما السلام بِأَيْدِيهِمَا الْأَزْلَامُ فَقَالَ: قَاتَلَهُمُ اللهُ وَاللهِ، إِنِ اسْتَقْسَمَا بِالْأَزْلَامِ قَطُّ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے جب خانہ کعبہ میں (دیواروں پر بنی) تصویریں دیکھیں تو اس میں داخل نہ ہوئے یہاں تک کہ ان تصویروں کو آپ ﷺ کے حکم سے وہاں سے ہٹا دیا گیا اور آپ ﷺ نے حضرت ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام کو (تصویر میں) دیکھا کہ آپ کے ہاتھوں میں جوئے کے تیر ہیں، تو آپ ﷺ نے فرمایا: ان (مشرکین) کو اللہ تعالیٰ ہلاک کرے۔ اللہ رب العزت کی قسم! ان دونوں (حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام) نے کبھی بھی جوئے کے تیروں کے ذریعے تقسیم نہیں چاہی۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١٤٧ / ١٤٧۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: جَاءَ إِبْرَاهِيمُ عليه السلام فَوَجَدَ إِسْمَاعِيلَ يُصْلِحُ لَهُ بَيْتًا مِنْ وَرَاءِ زَمْزَمَ فَقَالَ لَهُ إِبْرَاهِيمُ: يَا إِسْمَاعِيلُ،

الحديث رقم ١٤٦: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٥٩٩، الرقم: ٤٠١٩، والطبراني في المعجم الكبير، ١١/٣١٤، الرقم: ١١٨٤٥، وابن راشد في الجامع، ١٠/٣٩٨، والعظيم آبادي في عون المعبود، ١١/١٤١، والشوكاني في نيل الأوطار، ٢/٩٨.

الحديث رقم ١٤٧: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٠١، الرقم: ٤٠٢٥، والطبري في جامع البيان، ١/٥٥٠، ١٣/٢٣٢، وفي تاريخ الأمم والملوك، ١/١٥٦.

Marfat.com

إِنَّ رَبَّکَ قَدْ أَمَرَنِي بِبَنَاءِ الْبَيْتِ. فَقَالَ لَهُ إِسْمَاعِيْلُ: فَأَطِعْ رَبَّکَ فِيْمَا أَمَرَکَ. قَالَ فَأَعِنِّي عَلَيْهِ. قَالَ: فَقَامَ مَعَهُ فَجَعَلَ إِبْرَاهِيْمُ يَبْنِيْهِ وَإِسْمَاعِيْلُ يُنَاوِلُهُ الْحِجَارَةَ وَيَقُوْلَانِ: ﴿رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمِ﴾، [البقرة، ٢: ١٢٧]. رَوَاهُ الْحَاکِمُ وَالطَّبَرِيُّ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تشریف لائے تو حضرت اسماعیل علیہ السلام کو آبِ زمزم کے اس پار اپنے گھر کی مرمت کرتے ہوئے پایا۔ پس حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: اے اسماعیل! بے شک تمہارے رب نے مجھے بیت اللہ کی تعمیر کا حکم دیا ہے۔ یہ سن کر حضرت اسماعیل علیہ السلام نے عرض کیا: آپ اپنے رب کے حکم کی اطاعت کیجئے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: تم اس کام میں میری مدد کرو۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام آپ کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے سو حضرت ابراہیم علیہ السلام گھر بناتے جاتے اور حضرت اسماعیل علیہ السلام آپ کو پتھر پکڑاتے جاتے اور دونوں یہ کہتے جاتے: ''اے ہمارے ربّ ہم سے (ہمارا یہ عمل) قبول فرما، بے شک تو سننے والا اور جاننے والا ہے۔''[البقرہ،۲: ۱۲۷]۔

اس حدیث کو امام حاکم اور طبری نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١٤٨ / ١٤٨۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ اصْطَفَى مُوْسَى بِالْکَلَامِ وَإِبْرَاهِيْمَ بِالْخُلَّةِ. رَوَاهُ الْحَاکِمُ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنے ساتھ ہم کلام ہونے اور حضرت

الحديث رقم ١٤٨: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٢٩، الرقم: ٤٠٩٨، والسيوطي في الجلالين، ١/٣٧١.

Marfat.com

ابراہیم علیہ السلام کو اپنی دوستی کے لئے چنا۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١٤٩/١٤٩۔ عَنْ كَعْبٍ ﷺ قَالَ: كَانَ إِلْيَاسُ نَبِيُّ اللهِ صَاحِبَ جِبَالٍ بَرِيَّةٍ يَخْلُو فِيهَا يَعْبُدُ رَبَّهُ وَكَانَ ضَخْمَ الرَّأْسِ خَمِيصَ الْبَطْنِ دَقِيقَ السَّاقَيْنِ وَكَانَ فِي رَأْسِهِ شَامَّةٌ حَمْرَاءُ وَإِنَّمَا رَفَعَهُ اللهُ إِلَى أَرْضِ الشَّامِ وَلَمْ يَصْعَدْ بِهِ السَّمَاءَ فَأُوْرِثَ الْيَسْعُ مِنْ بَعْدِهِ النُّبُوَّةَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت کعب ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت الیاس علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے نبی اور بریہ پہاڑوں کے مالک تھے جن میں آپ اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے خلوت اختیار کیا کرتے تھے آپ بڑے سر مبارک والے، خالی پیٹ والے، پتلی پنڈلیوں والے تھے اور آپ کے سر میں سرخ رنگ کا ایک نشان تھا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ارض شام کی طرف اٹھا کر لے گیا اور آپ کو آسمان کی طرف نہیں اٹھایا اور آپ کے بعد حضرت یسع علیہ السلام کو نبوت عطا فرمائی۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

١٥٠/١٥٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ أَتَى عَلَى وَادِي الْأَزْرَقِ فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قَالُوْا: وَادِي الْأَزْرَقِ. فَقَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى مُوْسَى بْنِ عِمْرَانَ مَهْبَطًا لَهُ خَوَارٌ إِلَى اللهِ بِالتَّكْبِيْرِ. ثُمَّ أَتَى عَلَى ثَنِيَةَ فَقَالَ: مَا هَذِهِ الثَّنِيَةُ؟ قَالُوْا: ثَنِيَةُ كَذَا وَكَذَا. فَقَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى يُوْنُسَ بْنِ مَتَّى عَلَى نَاقَةٍ حَمْرَاءَ جَعْدَةٍ خِطَامُهَا لِيْفٌ وَهُوَ يُلَبِّي

الحديث رقم ١٤٩: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٣٧، الرقم: ٤١١٩.

الحديث رقم ١٥٠: أخرجه ابن حبان في الصحيح، ١٤/١٠٣، الرقم: ٦٢١٩، والحلكم في المستدرك، ٢/٣٧٣، ٦٣٨، الرقم: ٣٣١٣، ٤١٢٣، والطبراني في المعجم الكبير، ١٢/١٥٩، الرقم: ١٢٧٥٦، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٢/٢٢٣، ٣/٩٦، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣/٤٤٠، الرقم: ٤٠٠٤.

Marfat.com

وَعَلَيْهِ جُبَّةُ صُوْفٍ.

رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَأَبُوْنُعَيْمٍ وَالْحَاكِمُ وَاللَّفْظُ لَهُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ وادیٔ ازرق کی طرف تشریف لائے اور فرمایا: یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یہ وادیٔ ازرق ہے۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: گویا کہ میں موسیٰ بن عمران علیہ السلام کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ وہ اس وادی میں اتر رہے ہیں اللہ تعالیٰ کی کبریائی بیان کر رہے ہیں۔ پھر آپ ﷺ ایک پہاڑی راستے کی طرف تشریف لائے تو آپ ﷺ نے دریافت فرمایا: یہ کون سا پہاڑی راستہ ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یہ فلاں فلاں پہاڑی راستہ ہے۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: گویا میں حضرت یونس بن متی علیہ السلام کو سرخ گنگریالے بالوں والی اونٹنی پر بیٹھا ہوا دیکھ رہا ہوں۔ اس اونٹنی کی لگام کھجور کی چھال کی ہے اور آپ تلبیہ کہہ رہے ہیں اور آپ نے اون کا جبہ زیب تن کیا ہوا ہے۔''

اس حدیث کو امام ابن حبان، حاکم، طبرانی، ابونعیم اور بیہقی نے روایت کیا اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے اور مذکورہ الفاظ بھی حاکم کے ہیں۔

١٥١/١٥١۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما أَنَّهُ قَالَ: لَقَدْ سَلَكَ فَجَّ الرَّوْحَاءِ سَبْعُوْنَ نَبِيًّا حُجَّاجًا عَلَيْهِمْ ثِيَابُ الصُّوْفِ وَلَقَدْ صَلَّى فِي مَسْجِدِ الْخَيْفِ سَبْعُوْنَ نَبِيًّا. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وفي رواية: عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

الحديث رقم ١٥١: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٥٣، الرقم: ٤١٦٩، والبيهقي في السنن الكبرى، ٥/١٧٧، الرقم: ٩٦١٨، والطبراني في المعجم الكبير، ١٢/٤٧٤، الرقم: ١٣٥٢٥، والفاكهي في أخبار مكة، ٤/٢٦٦، الرقم: ٢٥٩٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/٢٩٧، وقال: رواه البزار ورجاله ثقات، والمناوي في فيض القدير، ٤/٤٥٩.

Marfat.com

فِي مَسْجِدِ الْخَيْفِ قَبْرُ سَبْعِيْنَ نَبِيًّا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْفَاكِهِيُّ وَالْبَزَّارُ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

وفي رواية عنه: قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: صَلَّى فِي الْمَسْجِدِ الْخَيْفِ سَبْعُوْنَ نَبِيًّا مِنْهُمْ مُوْسَى عليه السلام كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ وَعَلَيْهِ عِبَاءَتَانِ قِطْوَانِيَّتَانِ وَهُوَ مُحْرِمٌ عَلَى بَعِيْرٍ مِنْ إِبِلِ شَنُوَّةَ مَخْطُوْمٌ بِخُطَامِ لِيْفٍ لَهُ ضِفْرَانِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ وَالْفَاكِهِيُّ. (١)

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ روحاء کے راستے پر ستر انبیاء کرام علیہم السلام حج کی غرض سے گزرے ہیں جو اون کے کپڑے زیب تن کیے ہوئے تھے اور مسجد خیف میں ستر انبیاء علیہم السلام نے نماز ادا کی۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسجد خیف میں ستر انبیاء کرام علیہم السلام کے مزارات ہیں۔''

اسے امام طبرانی، فاکہی اور بزار نے روایت کیا نیز اس کے رجال ثقہ ہیں۔

''اور آپ ہی سے مروی ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مسجدِ خیف میں ستر انبیاء کرام علیہم السلام نے نماز ادا کی جن میں حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی شامل تھے، گویا میں ان کی طرف دیکھ رہا ہوں اور ان پر دو قطوانی چادریں تھیں اور وہ حالتِ احرام میں قبیلہ شنوہ کے اونٹوں میں سے ایک اونٹ پر سوار تھے جس کی نکیل کھجور کی چھال کی تھی جس کی

(١) أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١١/٤٥٢، الرقم: ١٢٢٨٣، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٢/١٠، وابن عدي في الكامل، ٦/٥٨، والفاكهي في أخبار مكة، ٤/٢٦٦، الرقم: ٢٥٩٣، والذهبي في ميزان الاعتدال، ٥/٤٩٤، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/٣٩٢، الرقم: ٣٧٤٠، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ١٠/٢٩٢، الرقم: ٣١٩، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/١١٧، الرقم: ١٧٣٦، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٦١/١٦٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/٢٢١، ٢٩٧، وقال: رواه البزار ورجاله ثقات.

Marfat.com

دو رسیاں تھیں۔'' اس حدیث کو امام طبرانی، ابونعیم اور فاکہی نے روایت کیا ہے۔

١٥٢/١٥٢۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: الْأَنْبِيَاءُ أَحْيَاءٌ فِي قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ.

رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ وَابْنُ عَدِيٍّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ ابْنُ عَدِيٍّ: وَأَرْجُوْ أَنَّهُ لَا بَأْسَ بِهِ.

والعسقلاني في الفتح وقال: قد جمع البيهقي كتابًا لطيفًا في حياة الأنبياء في قبورهم أورد فيه حديث أنس ﷺ: الأنبياء أحياء في قبورهم يصلّون. أخرجه من طريق يحيى بن أبي كثير وهو من رجال الصحيح عن المستلم بن سعيد وقد وثّقه أحمد وابن حبّان عن الحجاج الأسود وهو ابن أبي زياد البصري وقد وثّقه أحمد وابن معين عن ثابت عنه وأخرجه أيضاً أبو يعلى في مسنده من هذا الوجه وأخرجه البزار وصحّحه البيهقي.

''حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انبیاء

الحديث رقم ١٥٢: أخرجه أبو يعلى في المسند، ٦/١٤٧، الرقم: ٣٤٢٥، وابن عدي في الكامل، ٢/٣٢٧، الرقم: ٤٦٠، وقال: هذا أحاديث غرائب حسان وأرجو أنه لا بأس به، والديلمي في مسند الفردوس، ١/١١٩، الرقم: ٤٠٣، والعسقلاني في فتح الباري، ٦/٤٨٧، وفي لسان الميزان، ٢/١٧٥، ٢٤٦، الرقم: ٧٨٧، ١٠٣٣، وقال: رواه البيهقي، وقال: ابن عدي: أرجو أنه لا بأس به، والذهبي في ميزان الاعتدال، ٢/٢٠٠، ٢٧٠، وقال: رواه البيهقي، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٢١١، وقال: رواه أبو يعلى والبزار، ورجال أبي يعلى ثقات، والسيوطي في شرح على سنن النسائي، ٤/١١٠، والعظيم آبادي في عون المعبود، ٦/١٩، وقال: وألفت عن ذلك تأليفا سميته: انتباه الأذكياء بحياة الأنبياء، والمناوي في فيض القدير، ٣/١٨٤، والشوكاني في نيل الأوطار، ٥/١٧٨، وقال: فقد صححه البيهقي وألف في ذلك جزءا، والزرقاني في شرح على موطأ الإمام مالك، ٤/٣٥٧، وقال: وجمع البيهقي كتابا لطيفا في حياة الأنبياء وروى فيه بإسناد صحيح عن أنس ﷺ مرفوعا.

Marfat.com

کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔''

اس حدیث کو امام ابویعلی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں اور اس حدیث کو امام ابن عدی اور بیہقی نے بھی روایت کیا ہے اور امام ابن عدی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند میں کوئی نقص نہیں ہے۔

امام عسقلانی ''فتح الباری'' میں بیان کرتے ہیں کہ امام بیہقی نے انبیاء کرام علیہم السلام کے اپنی قبروں میں زندہ ہونے کے بارے میں ایک خوبصورت کتاب لکھی ہے جس میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث بھی وارد کی ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہوتے ہیں اور صلاۃ بھی ادا کرتے ہیں۔ یہ حدیث انہوں نے یحی بن ابی کثیر کے طریق سے روایت کی ہے اور وہ صحیح حدیث کے رواۃ میں سے ہیں انہوں نے مستلم بن سعید سے روایت کی اور امام احمد بن حنبل نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے اور ابن حبان نے یہ حدیث حجاج اسود سے روایت کی ہے اور وہ ابن ابی زیاد البصر ی ہیں اور انہیں بھی امام احمد نے ثقہ قرار دیا ہے۔ اور ابن معین نے حضرت ثابت سے یہ حدیث روایت کی ہے۔ اور امام ابو یعلی نے بھی اپنی مسند میں اسی طریق سے یہ حدیث روایت کی ہے اور امام بزار نے بھی اس کی تخریج کی ہے اور امام بیہقی نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔

Marfat.com

اَلْبَابُ الثَّانِي:

مَنَاقِبُ أَهْلِ الْبَيْتِ وَقَرَابَةِ الرَّسُوْلِ علیہم السلام

﴿حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہلِ بیت اور اہلِ قرابت کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي وَصِيَّةِ النَّبِيِّ ﷺ بِأَهْلِ بَيْتِهِ

﴿حضور ﷺ کی اپنے اہلِ بیت کے بارے میں وصیت کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي حَثِّ النَّبِيِّ ﷺ عَلَى حُبِّهِمْ

﴿حضور ﷺ کا لوگوں کو محبتِ اہلِ بیت کی ترغیب دینے کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي مَشْرُوْعِيَّةِ الصَّلَاةِ عَلَيْهِمْ تَبَعًا لِلنَّبِيِّ ﷺ

﴿حضور ﷺ کی اِتباع میں آپ ﷺ کے اہلِ بیت پر درود بھیجنے کا بیان﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي بِشَارَةِ النَّبِيِّ ﷺ لَهُمْ بِالْجَنَّةِ وَجَزَائِهِ ﷺ لِمَنْ أَحْسَنَ إِلَيْهِمْ

﴿حضور ﷺ کا اہلِ بیت کو جنت کی بشارت دینے اور ان سے حسنِ سلوک کرنے والوں کو خود جزاء دینے کا بیان﴾

٥۔ فَصْلٌ فِي أَنَّهُمْ أَمَانٌ وَنَجَاةٌ لِأُمَّتِهِ ﷺ

﴿حضور ﷺ کی امت کے لئے اہلِ بیتِ اَطہار کا باعثِ امان اور باعثِ نجات ہونے کا بیان﴾

٦۔ فَصْلٌ فِي تَحْذِيْرِ النَّبِيِّ ﷺ مِنْ بُغْضِهِمْ وَعَدَاوَتِهِمْ

﴿حضور ﷺ کا اہلِ بیت سے بغض و عداوت رکھنے سے ڈرانے کا بیان﴾

Marfat.com

۷۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ أَهْلِ الْبَيْتِ وَالْقَرَابَةِ علیہم السلام

﴿حضور ﷺ کے اہلِ بیت اور اہلِ قرابت کے جامع مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي وَصِيَّةِ النَّبِيِّ ﷺ بِأَهْلِ بَيْتِهِ

﴿حضور ﷺ کی اپنے اہلِ بیت کے بارے میں وصیت کا بیان﴾

١٥٣/١۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: أَلاَ إِنَّ عَيْبَتِيَ الَّتِي آوِي إِلَيْهَا أَهْلُ بَيْتِي، وَإِنَّ كَرَشِيَ الْأَنْصَارُ. فَاعْفُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ وَاقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آگاہ ہو جاؤ! میرا جامہ دان جس سے میں آرام پاتا ہوں میرے اہلِ بیت ہیں اور میری جماعت انصار ہیں۔ ان کے بُروں کو معاف کر دو اور ان کے نیکوکاروں کی (اچھائی کو) قبول کرو۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

١٥٤/٢۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنِّي تَارِكٌ فِيْكُمْ خَلِيْفَتَيْنِ: كِتَابَ اللهِ حَبْلٌ مَمْدُوْدٌ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ. أَوْ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ، وَعِتْرَتِي أَهْلَ بَيْتِي، وَإِنَّهُمَا لَنْ يَّتَفَرَّقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

الحديث رقم ١: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في فضل الأنصار وقريش، ٥/٧١٤، الرقم:٣٩٠٤، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٩٩، الرقم: ٣٢٣٥٧، والشيباني في الآحاد والمثاني، ٣/٣٣٢، الرقم: ١٧١٦، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٢/٢٥٢۔

الحديث رقم ٢: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥/١٨١، الرقم: ٢١٦١٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٦٢۔

Marfat.com

''حضرت زید بن ثابت ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میں تم میں دو نائب چھوڑ کر جا رہا ہوں۔ ایک اللہ تعالیٰ کی کتاب جو کہ آسمان و زمین کے درمیان پھیلی ہوئی رسی (کی طرح) ہے اور میری عترت یعنی میرے اہلِ بیت اور یہ کہ یہ دونوں اس وقت تک ہرگز جدا نہیں ہوں گے جب تک یہ میرے پاس حوض کوثر پر نہیں پہنچ جاتے۔''

اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

٣/١٥٥. عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ ﷺ قَالَ: افْتَتَحَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مَكَّةَ ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الطَّائِفِ فَحَاصَرَهُمْ ثَمَانِيَةً أَوْسَبْعَةً، ثُمَّ أَوْغَلَ غَدْوَةً أَوْ رَوْحَةً ثُمَّ نَزَلَ ثُمَّ هَجَرَ. ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي لَكُمْ فَرَطٌ وَإِنِّي أُوْصِيْكُمْ بِعِتْرَتِي خَيْرًا، وَإِنَّ مَوْعِدَكُمُ الْحَوْضُ ..... الحديث.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبد الرحمٰن بن عوف ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مکہ فتح کیا پھر طائف کا رخ کیا اور اس کا آٹھ یا سات دن محاصرہ کئے رکھا پھر صبح یا شام کے وقت اس میں داخل ہو گئے پھر پڑاؤ کیا پھر ہجرت فرمائی اور فرمایا: اے لوگو! بے شک میں تمہارے لئے تم سے پہلے حوض پر موجود ہوں گا اور بے شک میں تمہیں اپنی عترت کے ساتھ نیکی کی وصیت کرتا ہوں اور بے شک تمہارا ٹھکانہ حوض ہوگا ..... الحدیث۔''

اِس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٤/١٥٦. عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي تَارِكٌ فِيْكُمْ أَمْرَيْنِ لَنْ تَضِلُّوْا إِنِ اتَّبَعْتُمُوْهُمَا، وَهُمَا: كِتَابُ اللهِ، وَأَهْلُ بَيْتِي عِتْرَتِي. ثُمَّ قَالَ: أَ تَعْلَمُوْنَ أَنِّي أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالُوْا: نَعَمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ كُنْتُ

الحديث رقم ٣: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/١٣١، الرقم: ٢٥٥٩.

الحديث رقم ٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١١٨، الرقم: ٤٥٧٧.

Marfat.com

مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: صَحِيْحٌ.

''حضرت زید بن ارقم ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جانے والا ہوں اور اگر تم ان کی اتباع کرو گے تو کبھی گمراہ نہیں ہو گے اور وہ دو چیزیں کتاب اللہ اور میرے اہل بیت ہیں پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو میں مؤمنین کی جانوں سے بڑھ کر انہیں عزیز ہوں آپ ﷺ نے ایسا تین مرتبہ فرمایا۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: ہاں، یا رسول اللہ! تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس کا میں مولی ہوں علی بھی اس کا مولیٰ ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١٥٧ / ٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: ﴿قُلْ لَّا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى﴾ [الشوری، ٤٢: ٢٣]، قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ، مَنْ قَرَابَتُکَ هَؤُلَاءِ الَّذِيْنَ وَجَبَتْ عَلَيْنَا مَوَدَّتُهُمْ؟ قَالَ: عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ وَابْنَاهُمَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب یہ آیت: ''فرما دیجئے: میں اس تبلیغ رسالت پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا مگر (اپنی اور اللہ کی) قرابت و قربت سے محبت (چاہتا ہوں)۔'' [الشوری، ٤٢: ٢٣] نازل ہوئی تو صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کے قرابت دار کون ہیں جن کی محبت ہم پر واجب ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: علی، فاطمہ اور ان کے دو بیٹے (حسن و حسین)۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٥٨ / ٦۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ﷺ في رواية طويلة: قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: انْظُرُوْا كَيْفَ تَخْلُفُوْنِي فِي الثَّقَلَيْنِ. فَنَادَى مُنَادٍ: وَمَا الثَّقَلَانِ يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَالَ: كِتَابُ اللهِ طَرَفٌ بِيَدِ اللهِ وَطَرَفٌ بِأَيْدِيْكُمْ

الحديث رقم ٥: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٣/٤٧، الرقم: ٢٦٤١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٦٨.
الحديث رقم ٦: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٥/١٦٦، الرقم: ٤٩٧١.

Marfat.com

فَاسْتَمْسِكُوْا بِهِ لاَ تَضِلُّوْا، وَالآخَرُ عِتْرَتِي وَإِنَّ اللَّطِيْفَ الْخَبِيْرَ نَبَّأَنِي أَنَّهُمَا لَنْ يَّتَفَرَّقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ، سَأَلْتُ رَبِّي ذَلِکَ لَهُمَا، فَلاَ تَقَدَّمُوْهُمَا فَتَهْلِكُوْا، وَلاَ تَقْصُرُوْا عَنْهُمَا فَتَهْلِكُوْا، وَلاَ تُعَلِّمُوْهُمْ فَإِنَّهُمْ أَعْلَمُ مِنْكُمْ ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ فَقَالَ: مَنْ كُنْتُ أَوْلَى بِهِ مِنْ نَفْسِي فَعَلِيٌّ وَلِيُّهُ. اَللّٰهُمَّ، وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ

''حضرت زید بن ارقم ﷺ ایک طویل روایت میں بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پس یہ دیکھو کہ تم دو بھاری چیزوں میں مجھے کیسے باقی رکھتے ہو۔ پس ایک نداء دینے والے نے ندا دی کہ یا رسول اللہ! وہ دو بھاری چیزیں کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی کتاب جس کا ایک کنارا اللہ ﷻ کے ہاتھ میں اور دوسرا کنارا تمہارے ہاتھوں میں ہے پس اگر تم اسے مضبوطی سے تھامے رہو تو کبھی بھی گمراہ نہیں ہو گے اور دوسری چیز میری عترت ہے اور بے شک اس لطیف خبیر رب تعالیٰ نے مجھے خبر دی ہے کہ یہ دونوں چیزیں کبھی بھی جدا نہیں ہوں گی یہاں تک کہ یہ میرے پاس حوض پر حاضر ہوں گی اور ایسا ان کے لئے میں نے اپنے رب سے مانگا ہے۔ پس تم لوگ ان پر پیش قدمی نہ کرو کہ ہلاک ہو جاؤ اور نہ ہی ان سے پیچھے رہو کہ ہلاک ہو جاؤ اور نہ ان کو سکھاؤ کیونکہ یہ تم سے زیادہ جانتے ہیں پھر آپ ﷺ نے حضرت علی ﷺ کا ہاتھ پکڑ لیا اور فرمایا: پس میں جس کی جان سے بڑھ کر اسے عزیز ہوں تو یہ علی اس کا مولیٰ ہے اے اللہ! جو علی کو اپنا دوست رکھتا ہے تو اسے اپنا دوست رکھ اور جو علی سے عداوت رکھتا ہے تو اس سے عداوت رکھ۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۱۵۹/۷۔ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: لَمَّا فَتَحَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مَكَّةَ انْصَرَفَ إِلَى الطَّائِفِ فَحَاصَرَهَا سَبْعَ عَشَرَةَ، أَوْتِسْعَ عَشَرَةَ، ثُمَّ قَامَ خَطِيْبًا فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ. ثُمَّ

الحديث رقم ۷: أخرجه البزار في المسند، ۳/۲۵۸، ۲۵۹، الرقم: ۱۰۵۰، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۹/۱۶۳۔

Marfat.com

قَالَ:أُوْصِيكُمْ بِعِتْرَتِي خَيْرًا، وَأَنَّ مَوْعِدَكُمُ الْحَوْضُ. وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَتُقِيمُنَّ الصَّلَاةَ وَلَتُؤْتُنَّ الزَّكَاةَ، أَوْ لَأَبْعَثَنَّ إِلَيْكُمْ رَجُلاً مِنِّي. أَوْ كَنَفْسِي يَضْرِبُ أَعْنَاقَكُمْ.ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ رضي الله عنه فَقَالَ: بِهَذَا.

رَوَاهُ الْبَزَّارُ.

''حضرت مصعب بن عبدالرحمٰن بن عوف رضي الله عنه اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فتح مکہ کے بعد طائف کی طرف روانہ ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سترہ دن یا انیس دن طائف کا محاصرہ کئے رکھا پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطاب کے لئے کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی پھر فرمایا: میں اپنی عترت کے بارے میں تمہیں بھلائی کی وصیت کرتا ہوں اور بے شک تمہارا ٹھکانہ حوض کوثر ہو گا اور تم ضرور بالضرور نماز قائم کرو گے اور ضرور بالضرور زکاۃ ادا کرو گے یا میں تمہاری طرف ایک ایسے آدمی کو بھیجوں گا جو مجھ میں سے ہے یا میری طرح کا ہے اور جو تمہاری گردنیں مارے گا پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضي الله عنه کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: اُس آدمی سے میری مراد یہ (علی) ہے۔''

اس حدیث کو امام بزار نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي حَثِّ النَّبِيِّ ﷺ عَلَى حُبِّهِمْ

﴿حضور ﷺ کا لوگوں کو محبتِ اہلِ بیت کی ترغیب دینے کا بیان﴾

۱۶۰/۸۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَحِبُّوا اللهَ لِمَا يَغْذُوْكُمْ مِنْ نِعَمِهِ، وَأَحِبُّوْنِي بِحُبِّ اللهِ ﷻ. وَأَحِبُّوْا أَهْلَ بَيْتِي لِحُبِّي. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے محبت کرو ان نعمتوں کی وجہ سے جو اس نے تمہیں عطا فرمائیں اور مجھ سے اللہ تعالیٰ کی محبت کے سبب محبت کرو اور میرے اہلِ بیت سے میری محبت کی خاطر محبت کرو۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

۱۶۱/۹۔ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضي الله عنهما قَالَ: كُنَّا نَلْقَى النَّفَرَ مِنْ قُرَيْشٍ، وَهُمْ يَتَحَدَّثُوْنَ فَيَقْطَعُوْنَ حَدِيْثَهُمْ، فَذَكَرْنَا ذَلِكَ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَتَحَدَّثُوْنَ فَإِذَا رَأَوُا الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي قَطَعُوْا حَدِيْثَهُمْ وَاللهِ، لاَ يَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلٍ الإِيْمَانُ حَتَّى يُحِبَّهُمْ لِلهِ

الحديث رقم ۸: أخرجه الترمذی في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب أهل البيت النبي ﷺ، ۵/۶۶۴، الرقم:۳۷۸۹، والحاكم في المستدرك ، ۳/۱۶۲، الرقم: ۴۷۱۶، والبيهقي في شعب الإيمان، ۱/۳۶۶، الرقم: ۴۰۸۔

الحديث رقم ۹: أخرجه ابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فضل العباس بن عبد المطلب رضي الله عنهما، ۱/۵۰، الرقم: ۱۴۰، والحاكم فی المستدرك، ۴/۸۵، الرقم: ۶۹۶۰، والمقدسی فی الأحاديث المختارة، ۸/۳۸۲، الرقم: ۴۷۲، والديلمی فی مسند الفردوس، ۴/۱۱۳، الرقم: ۶۳۵۰، والسيوطی فی شرحه سنن ابن ماجه، ۱/۱۳، الرقم: ۱۴۰۔

Marfat.com

وَلِقَرَابَتِهِمْ مِنِّي. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ.

''حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ ہم جب قریش کی جماعت سے ملتے اور وہ باہم گفتگو کررہے ہوتے تو گفتگو روک دیتے ہم نے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں اس امر کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو کیا ہو گیا ہے جب میرے اہلِ بیت سے کسی کو دیکھتے ہیں تو گفتگو روک دیتے ہیں؟ اللہ رب العزت کی قسم! کسی شخص کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہیں ہوگا جب تک میرے اہلِ بیت سے اللہ تعالیٰ کے لیے اور میری قرابت داری کی وجہ سے محبت نہ کرے۔''

اسے امام ابن ماجہ اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

١٦٢/١٠۔ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضي الله عنهما قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ، إِنَّ قُرَيْشًا إِذَا لَقِيَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا لَقُوْهُمْ بِبَشْرٍ حَسَنٍ، وَإِذَا لَقُوْنَا لَقُوْنَا بِوُجُوْهٍ لاَ نَعْرِفُهَا. قَالَ: فَغَضِبَ النَّبِيُّ ﷺ غَضَبًا شَدِيْدًا، وَقَالَ: وَالَّذِی نَفْسِي بِيَدِهِ، لاَ يَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلٍ الإِيْمَانُ حَتَّى يُحِبَّكُمْ لِلهِ وَلِرَسُوْلِهِ وَلِقَرَابَتِي. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ وَالْبَزَّارُ.

وفي رواية: قَالَ: وَاللهِ، لَا يَدْخُلُ قَلْبَ امْرِیءٍ إِيْمَانٌ حَتَّى يُحِبَّكُمْ لِلّٰهِ وَلِقَرَابَتِي.

''حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں نے بارگاہِ رسالت ﷺ میں عرض کیا: یا رسول اللہ! قریش جب آپس میں ملتے ہیں تو حسین مسکراتے چہروں سے ملتے ہیں اور جب ہم سے ملتے ہیں تو ایسے چہروں سے ملتے ہیں جنہیں ہم نہیں جانتے (یعنی جذبات سے عاری چہروں کے ساتھ) حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور نبی

الحديث رقم ١٠: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ١/٢٠٧، الرقم: ١٧٧٢، ١٧٧٧، ١٧٦٥٦، ١٧٦٥٧، ١٧٦٥٨، والنسائی فی السنن الكبرى، ٥/٥١ الرقم: ٨١٧٦، والحاكم فی المستدرك، ٣/٣٧٦، الرقم: ٥٤٣٣، ٢٩٦٠، والبزار فی المسند، ٦/١٣١، الرقم: ٢١٧٥، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٢/١٨٨، الرقم: ١٥٠١، والديلمی فی مسند الفردوس، ٤/٣٦١، الرقم: ٧٠٣٧۔

Marfat.com

اکرم ﷺ یہ سن کر شدید جلال میں آ گئے اور فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! کسی بھی شخص کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہیں ہوسکتا جب تک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اور میری قرابت داری کی خاطر تم سے محبت نہ کرے۔''

اسے امام احمد، نسائی، حاکم اور بزار نے روایت کیا ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''خدا کی قسم! کسی شخص کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہ ہوگا جب تک کہ وہ اللہ تعالیٰ اور میری قرابت کی وجہ سے تم سے محبت نہ کرے۔''

١١/١٦٣۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ عَلَى هَذَا الْمِنْبَرِ: مَا بَالُ رِجَالٍ يَقُوْلُوْنَ: إِنَّ رَحِمَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ لَا تَنْفَعُ قَوْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، بَلَى وَاللهِ، إِنَّ رَحِمِي مَوْصُوْلَةٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. وَأَنِّي أَيُّهَا النَّاسُ، فَرَطٌ لَكُمْ عَلَى الْحَوْضِ فَإِذَا جِئْتُمْ قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَنَا فُلَانٌ بْنُ فُلَانٍ وَقَالَ: يَتَحَقَّقُ أَنَا فُلَانٌ بْنُ فُلَانٍ وَقَالَ لَهُمْ: أَمَّا النَّسَبُ فَقَدْ عَرَّفْتُهُ وَلَكِنَّكُمْ أَحْدَثْتُمْ بَعْدِي وَارْتَدَدْتُمُ الْقَهْقَرِيَّ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَأَبُو يَعْلَى.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا: ان لوگوں کا کیا ہوگا جو یہ کہتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے نسبی تعلق قیامت کے روز ان کی قوم کو کوئی فائدہ نہیں دے گا۔ کیوں نہیں! اللہ کی قسم بے شک میرا نسبی تعلق دنیا و آخرت میں باہم ملا ہوا ہے (یعنی نفع دینے والا ہے) اور اے لوگو! بے شک (قیامت کے روز) میں تم سے پہلے حوض پر موجود ہوں گا پس جب تم آؤ گے تو ایک آدمی کہے گا: یا رسول اللہ! میں فلاں بن فلاں ہوں پس حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس کا فلاں بن

الحديث رقم ١١: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٨، الرقم: ١١١٥٤، والحاكم في المستدرك، ٤/٨٤، الرقم: ٦٩٥٨، وأبو يعلى في المسند، ٢/٤٣٣، الرقم: ١٢٣٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٣٦٤.

Marfat.com

فلاں کہنا پایۂ ثبوت کو پہنچے گا اور رہا نسب تو تحقیق اس کی پہچان میں نے تمہیں کرا دی ہے لیکن میرے بعد تم احداث کرو گے اور اُلٹے پاؤں پھر جاؤ گے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور حاکم اور ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

١٢/١٦٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: خَيْرُكُمْ، خَيْرُكُمْ لِأَهْلِي مِنْ بَعْدِي. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَبُوْ يَعْلَى.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہترین وہ ہے جو میرے بعد میرے اہل بیت کے لئے بہترین ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور ابو یعلی نے بیان کیا ہے۔

١٣/١٦٥۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى رضي الله عنه عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ نَفْسِهِ وَأَهْلِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَعِتْرَتِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ عِتْرَتِهِ. وَذَاتِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ ذَاتِهِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کی جان سے بھی محبوب تر نہ ہو جاؤں اور میرے اہلِ بیت اسے اس کے اہلِ خانہ

الحديث رقم ١٢: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/٣٥٢، الرقم: ٥٣٥٩، وأبو يعلى في المسند، ١٠/٣٣٠، الرقم: ٥٩٢٤، وابن أبى عاصم في السنة، ٢/٦١٦، الرقم: ١٤١٤، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/١٧٠، الرقم: ٢٨٥١، والخطيب البغدادى في تاريخ بغداد، ٧/٢٧٦، الرقم: ٣٧٦٥، والمناوي في فيض القدير، ٣/٤٩٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٧٤۔

الحديث رقم ١٣: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ٧/٧٥، الرقم: ٦٤١٦، وفى المعجم الأوسط، ٦/٥٩، الرقم: ٥٧٩٠، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٢/١٨٩، الرقم: ١٥٠٥، والديلمى فى مسند الفردوس، ٥/١٥٤، الرقم: ٧٧٩٥، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/٨٨۔

Marfat.com

سے محبوب تر نہ ہو جائیں اور میری اولاد اسے اپنی اولاد سے بڑھ کر محبوب نہ ہو جائے اور میری ذات اسے اپنی ذات سے محبوب تر نہ ہو جائے۔''

اسے امام طبرانی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

١٦٦ / ١٤۔ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: اِلْزِمُوْا مَوَدَّتَنَا أَهْلَ الْبَيْتِ، فَإِنَّهُ مَنْ لَقِيَ اللهَ عَزَّوَجَلَّ وَهُوَ يَوَدُّنَا دَخَلَ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِنَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا يَنْفَعُ عَبْدًا عَمَلُهُ إِلَّا بِمَعْرِفَةِ حَقِّنَا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہم اہلِ بیت کی محبت کو لازم پکڑو پس بے شک وہ شخص جو اس حال میں اللہ تعالیٰ سے ملا کہ وہ ہمیں محبت کرتا تھا تو وہ ہماری شفاعت کے صدقے جنت میں داخل ہوگا اور اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! کسی شخص کو اس کا عمل فائدہ نہیں دے گا مگر ہمارے حق کی معرفت کے سبب کے ساتھ۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

١٦٧ / ١٥۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: كَانَ لِآلِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ خَادِمٌ تَخْدُمُهُمْ يُقَالُ لَهَا: بَرِيْرَةُ، فَلَقِيَهَا رَجُلٌ فَقَالَ: يَابَرِيْرَةُ، غَطِّي شُعَيْفَاتِكِ، فَإِنَّ مُحَمَّدًا لَنْ يُغْنِيَ عَنْكِ مِنَ اللهِ شَيْئًا قَالَ: فَأَخْبَرَتِ النَّبِيَّ ﷺ فَخَرَجَ يَجُرُّ رِدَاءَهُ مُحْمَرَّةً وَجْنَتَاهُ، وَكُنَّا، مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، نَعْرِفُ غَضَبَهُ بِجَرِّ رِدَائِهِ وَحُمْرَةِ وَجْنَتَيْهِ. فَأَخَذْنَا السِّلَاحَ، ثُمَّ أَتَيْنَاهُ فَقُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللهِ،مُرْنَا بِمَا شِئْتَ، فَوَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، لَوْ

الحديث رقم ١٤: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٢ / ٣٦٠، الرقم: ٢٢٣٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١٧٢.

الحديث رقم ١٥: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٥ / ٢٠٣، الرقم: ٥٠٨٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠ / ٣٧٦.

Marfat.com

أَمَرْتَنَا بِأُمَّهَاتِنَا وَآبَائِنَا وَأَوْلاَدِنَا، لَأَمْضَيْنَا قَوْلَکَ فِيْهِمْ، فَصَعِدَ ﷺ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللهَ ﷻ وَأَثْنَى عَلَيْهِ. وَقَالَ: مَنْ أَنَا؟، فَقُلْنَا: أَنْتَ رَسُوْلُ اللهِ. قَالَ: نَعَمْ، وَلَكِنْ مَنْ أَنَا؟ فَقُلْنَا: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ. قَالَ: أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ وَلاَ فَخْرَ، وَأَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ وَلاَ فَخْرَ، وَأَوَّلُ مَنْ يُنْفَضُ التُّرَابُ عَنْ رَأْسِهِ وَلاَ فَخْرَ، وَأَوَّلُ دَاخِلِ الْجَنَّةِ وَلاَ فَخْرَ، مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَزْعَمُوْنَ أَنَّ رَحِمِي لاَ تَنْفَعُ . لَيْسَ كَمَا زَعَمُوْا، إِنِّي لَأَشْفَعُ وَأُشَفَّعُ، حَتَّى أَنَّ مَنْ أَشْفَعُ لَهُ لَيَشْفَعُ فَيُشَفَّعُ، حَتَّى إِنَّ إِبْلِيْسَ لَيَتَطَاوَلُ طَمْعًا فِي الشَّفَاعَةِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ آلِ رسول اللہ ﷺ کی ایک خادمہ تھی جو ان کی خدمت بجا لاتی انہیں ''بریرہ'' کہا جاتا تھا پس انہیں ایک آدمی ملا اور کہا: اے بریرہ اپنی چوٹی کو ڈھانپ کر رکھا کرو بے شک محمد ﷺ تمہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتے۔ راوی بیان کرتے ہیں تو اس (خادمہ) نے حضور نبی اکرم ﷺ کو اس واقعہ کی خبر دی پس آپ ﷺ اپنی چادر مبارک گھسیٹتے ہوئے باہر تشریف لائے درآنحالیکہ آپ ﷺ کے دونوں رخسار مبارک سرخ تھے اور ہم (انصار کا گروہ) حضور نبی اکرم ﷺ کے غصہ کو آپ ﷺ کے چادر کے گھسیٹنے اور رخساروں کے سرخ ہونے سے پہچان لیتے تھے پس ہم نے اسلحہ اٹھایا اور حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ جو چاہتے ہیں ہمیں حکم دیں پس اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے! اگر آپ ہمیں ہماری ماؤں، باپوں اور اولاد کے بارے میں بھی کوئی حکم فرمائیں گے تو ہم ان میں بھی آپ ﷺ کے قول کو نافذ کر دیں گے پس آپ ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی اور فرمایا: میں کون ہوں؟ ہم نے عرض کیا: آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں لیکن میں کون ہوں؟ ہم نے عرض کیا: آپ محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف ہیں۔ آپ ﷺ

Marfat.com

نے فرمایا: میں تمام اولادِ آدم علیہ السلام کا سردار ہوں لیکن کوئی فخر نہیں، میں وہ پہلا شخص ہوں جس کی قبر شق ہوگی لیکن کوئی فخر نہیں اور میں وہ پہلا شخص ہوں جس کے سر سے مٹی جھاڑی جائے گی لیکن کوئی فخر نہیں اور میں سب سے پہلے جنت میں داخل ہونے والا ہوں لیکن کوئی فخر نہیں ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے جو یہ گمان کرتے ہیں کہ میرا رحم (نسب و تعلق) فائدہ نہیں دے گا ایسا نہیں ہے جیسا وہ گمان کرتے ہیں۔ بے شک میں شفاعت کروں گا اور میری شفاعت قبول بھی ہو گی یہاں تک کہ جس کی میں شفاعت کروں گا وہ بھی یقیناً دوسروں کی شفاعت کرے گا اور اس کی بھی شفاعت قبول ہو گی یہاں تک کہ ابلیس بھی اپنی گردن کو شفاعت میں طمع کی خاطر بلند کرے گا (کہ کسی طور اس کی شفاعت بھی کوئی کر دے)۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

١٦٨/١٦۔ عَنْ أَبِي رَافِعٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ لِعَلِيٍّ رضي الله عنه: أَنْتَ وَشِيْعَتُکَ تَرِدُوْنَ عَلَيَّ الْحَوْضَ رُوَاءَ مُرَوَّيِيْنَ، مُبَيَّضَةً وُجُوْهُکُمْ. وَإِنَّ عَدُوَّکَ يَرِدُوْنَ عَلَيَّ ظُمَاءً مُقَبَّحِيْنَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے علی! تم اور تمہارے چاہنے والے (قیامت کے روز) میرے پاس حوض کوثر پر چہرے کی شادابی کے ساتھ اور سیراب ہو کر آئیں گے اور ان کے چہرے (نور کی وجہ سے) سفید ہوں گے اور بے شک تمہارے دشمن (قیامت کے روز) حوض کوثر پر میرے پاس بدنما چہروں کے ساتھ اور سخت پیاس کی حالت میں آئیں گے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٦٩/١٧۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ

الحديث رقم ١٦: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١/٣١٩، الرقم: ٩٤٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٣١۔

الحديث رقم ١٧: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ١/٣٤٦، الرقم: ١٣٨٥، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ١٢/٣٣١، والمناوي في فيض القدير، ٣/٤٣٢۔

Marfat.com

اللهِ ﷺ: إِنَّمَا سَمَّيْتُ بِنْتِي فَاطِمَةَ أَنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ فَطَمَهَا وَفَطَمَ مُحِبِّيْهَا عَنِ النَّارِ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میں نے اپنی بیٹی کا نام فاطمہ رضی اللہ عنہا رکھا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسے اور اس کے چاہنے والے (غلاموں) کو آگ سے چھڑا (اور بچا) لیا ہے۔''

اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

١٧٠/١٨۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: حُبُّ آلِ مُحَمَّدٍ يَوْمًا، خَيْرٌ مِنْ عِبَادَةِ سَنَةٍ وَمَنْ مَاتَ عَلَيْهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ.

رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اہلِ بیتِ مصطفیٰ ﷺ کی ایک دن کی محبت پورے سال کی عبادت سے بہتر ہے اور جو اسی محبت پر فوت ہوا تو وہ جنت میں داخل ہو گیا۔''

اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

١٧١/١٩۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضی الله عنه مَرْفُوْعًا. خَمْسٌ مَنْ أُوْتِيَهُنَّ لَمْ يَقْدِرْ عَلَى تَرْكِ عَمَلِ الْآخِرَةِ زَوْجَةٌ صَالِحَةٌ وَبَنُوْنَ أَبْرَارٌ وَحَسَنُ مُخَالَطَةِ النَّاسِ وَمَعِيْشَةٌ فِي بَلَدِهِ وَحُبُّ آلِ مُحَمَّدٍ ﷺ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ پانچ چیزیں ایسی ہیں کہ اگر کسی کو نصیب ہو جائیں تو وہ آخرت کے عمل کا تارک نہیں ہو سکتا (اور وہ پانچ چیزیں یہ ہیں): نیک بیوی، نیک اولاد، لوگوں کے ساتھ حسنِ معاشرت، اپنے ملک میں روزگار اور آلِ محمد ﷺ کی محبت۔'' اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٨: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ٢/١٤٢، الرقم: ٢٧٢١.

الحديث رقم ١٩: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ٢/١٩٦، الرقم: ٢٩٧٤.

Marfat.com

١٧٢ / ٢٠۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما رَفَعَهُ: أَنَا شَجَرَةٌ، وَفَاطِمَةُ حَمْلُهَا، وَعَلِيٌّ لِقَاحُهَا وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ ثَمَرُهَا، وَالْمُحِبُّوْنَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَرَقُهَا، هُمْ فِي الْجَنَّةِ حَقًّا حَقًّا. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی الله عنهما مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں درخت ہوں اور فاطمہ اس کے پھل کی ابتدائی حالت ہے اور علی اس کے پھول کو منتقل کرنے والا ہے اور حسن اور حسین اس درخت کا پھل ہیں اور اہلِ بیت سے محبت کرنے والے اس درخت کے اوراق ہیں وہ یقیناً یقیناً جنت میں ہیں۔''

اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

١٧٣ / ٢١۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنهما رَفَعَهُ: أَرْبَعَةٌ أَنَا لَهُمْ شَفِيْعٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: اَلْمُكْرِمُ ذُرِّيَّتِي، وَالْقَاضِي لَهُمْ حَوَائِجَهُمْ، وَالسَّاعِي لَهُمْ فِي أُمُوْرِهِمْ عِنْدَ مَا اضْطَرُّوْا إِلَيْهِ، وَالْمُحِبُّ لَهُمْ بِقَلْبِهِ وَلِسَانِهِ. رَوَاهُ الْمُتَّقِيُّ الْهِنْدِيُّ.

''حضرت علی بن ابی طالب رضي الله عنهما مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: چار شخص ایسے ہیں کہ قیامت کے روز جن کے لئے میں شفاعت کرنے والا ہوں گا (اور وہ یہ ہیں:) میری اولاد کی عزت و تکریم کرنے والا، اور ان کی حاجات کو پورا کرنے والا، اور ان کے معاملات کے لئے تگ و دو کرنے والا جب وہ مجبور ہو کر اس کے پاس آئیں اور دل و جان سے ان سے محبت کرنے والا۔''

اس حدیث کو امام متقی ہندی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٠: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ١ / ٥٢، الرقم: ١٣٥.
الحديث رقم ٢١: أخرجه الهندى في كنز العمال، ١٢ / ١٠٠، الرقم: ٣٤١٨٠.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَشْرُوْعِيَّةِ الصَّلَاةِ عَلَيْهِمْ تَبْعًا لِلنَّبِيِّ ﷺ

﴿حضور ﷺ کی اِتباع میں آپ ﷺ کے اہلِ بیت پر درود بھیجنے کا بیان﴾

١٧٤/٢٢۔ عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ رضي الله عنه أَنَّهُمْ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، كَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْكَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: قُوْلُوْا: اَللّٰهُمَّ، صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيْمَ. وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم آپ پر درود کیسے بھیجیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: (یوں) کہو: اے اللہ تو درود بھیج۔ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات اور آپ ﷺ کی ذریتِ طاہرہ پر جیسا کہ تو نے درود بھیجا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر اور برکت عطا فرما محمد ﷺ کو اور آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات کو اور آپ ﷺ کی ذریتِ طاہرہ کو جیسا کہ تو نے برکت عطا کی حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بے شک تو تمام تعریفوں اور بزرگی کے لائق ہے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١٧٥/٢٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ

الحديث رقم ٢٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: يزفان النسلان في المشي، ٣/١٢٣٢، الرقم: ٣١٨٩، ومسلم في الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: الصلاة على النبي ﷺ بعد التشهد، ١/٣٠٦، الرقم:٤٠٧، ومالك في الموطأ، ١/١٦٥، الرقم: ٣٩٥، والنسائي في السنن الكبرى، ١/٣٨٤، الرقم: ١٢١٧، وأبو عوانة في المسند، ١/٥٤٦، الرقم: ٤٠٣٩، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/١٥٠، الرقم: ٢٦٨٥۔

الحديث رقم ٢٣: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: الصلاة على النبي بعد التشهد، ١/٢٥٨، الرقم: ٩٨٢، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/١٥١، الرقم: ٢٦٨٦، وفي شعب الإيمان، ٢/١٨٩، الرقم: ١٥٠٤، والمزي في تهذيب الكمال، ٥/٣٤٨۔

Marfat.com

يَكْتَالَ بِالْمِكْيَالِ الْأَوْفَى إِذَا صَلَّى عَلَيْنَا أَهْلَ الْبَيْتِ، فَلْيَقُلْ: اَللّٰهُمَّ، صَلِّ عَلَى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ ﷺ وَأَزْوَاجِهِ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهِ وَأَهْلِ بَيْتِهِ. كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّکَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جسے یہ خوشی حاصل کرنا ہو کہ اس کے نامۂ اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے تو جب وہ ہم اہلِ بیت پر درود بھیجے تو اسے چاہئے کہ یوں کہے: اے اللہ! تو درود بھیج حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات اُمّہات المومنین پر اور آپ ﷺ کی ذریّتِ طاہرہ اور اہلِ بیت پر جیسا کہ تو نے درود بھیجا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر بے شک تو بہت زیادہ تعریف کیا ہوا اور بزرگی والا رب ہے۔'' اس حدیث کو امام ابوداود اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

١٧٦ / ٢٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: إِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَأَحْسِنُوا الصَّلَاةَ عَلَيْهِ فَإِنَّكُمْ لَا تَدْرُوْنَ لَعَلَّ ذٰلِکَ يُعْرَضُ عَلَيْهِ قَالَ: فَقَالُوْا لَهُ: فَعَلِّمْنَا قَالَ: قُوْلُوْا: ﴿اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَاتِکَ وَرَحْمَتَکَ وَبَرَکَاتِکَ عَلَى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ إِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ، اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُوْدًا يَغْبِطُهُ بِهِ الْأَوَّلُوْنَ وَالْآخِرُوْنَ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّکَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ

الحديث رقم ٢٤: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: الصلاة على النبي ﷺ، ١/٢٩٣، الرقم:٩٠٦، وأبويعلى في المسند، ٩/١٧٥، الرقم: ٥٢٦٧، وعبد الرزاق في المصنف، ٢/٢١٤، الرقم:٣١١٢، والطبراني في المعجم الكبير، ٩/١١٥، الرقم: ٨٥٩٤، والبيهقي في شعب الإيمان، ٢/٢٠٨، الرقم: ١٥٥٠، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٣٢٩، الرقم: ٢٥٨٨، وقال المنذري: رواه ابن ماجه موقوفا بإسناد حسن.

Marfat.com

كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّکَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَبُوْيَعْلَى وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْمُنْذَرِيُّ: رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه مَوْقُوْفًا بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں درودِ پاک کا نذرانہ پیش کرو تو نہایت خوبصورت انداز سے پیش کیا کرو کیونکہ شاید تم نہیں جانتے کہ یہ (ہدیہ درود) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہے تو بیان کیا کہ لوگوں نے ان سے عرض کیا: تو آپ ہی ہمیں (کوئی خوبصورت طریقہ) سکھا دیں تو انہوں نے فرمایا: تم اس طرح کہو: اے اللہ! تو اپنے درود، رحمتیں اور (تمام) برکتیں تمام رسولوں کے سردار، تمام پرہیزگاروں کے امام اور انبیاء کے خاتم (یعنی سب سے آخری نبی) تیرے (خاص) بندے اور (سچے) رسول تمام خیر اور بھلائیوں کے امام و قائد (یعنی تمام بھلائیاں جن کے نقش پا سے جنم لیتی ہیں) اور رسول رحمت (وبرکت) کے لئے خاص فرما، اے اللہ! حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس مقام محمود پر فائز فرما (جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور) جس پر تمام اولین و آخرین (یعنی تخلیق کائنات سے روزِ قیامت تک) کے تمام لوگ رشک کریں گے، اے اللہ! تو درود بھیج حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر جیسا کہ تو نے درود بھیجا حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر، بے شک تو تعریف کیا ہوا اور بزرگی والا ہے، اے اللہ! تو برکت عطاء فرما حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل کو جیسا کہ تو نے برکت عطا فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل کو بے شک تو بہت زیادہ تعریف کیا ہوا اور بزرگی والا ہے۔''

اسے امام ابن ماجہ، ابو یعلی، عبد الرزاق، طبرانی اور بیہقی نے روایت کیا ہے اور امام منذری نے فرمایا کہ اسے امام ابن ماجہ نے اسنادِ حسن کے ساتھ موقوفا روایت کیا ہے۔

١٧٧/٢٥۔ عَنْ أَبِي مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَنْ صَلَّى صَلَاةً لَمْ يُصَلِّ فِيْهَا عَلَيَّ وَعَلَى أَهْلِ بَيْتِي، لَمْ تُقْبَلْ

الحديث رقم ٢٥: أخرجه الدارقطني في السنن، ١/٣٥٥، الرقم: ٦-٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/٥٣٠، الرقم: ٣٩٦٩، وابن الجوزي في التحقيق في أحاديث الخلاف، ١/٤٠٢، الرقم: ٥٤٤، والشوكاني في نيل الأوطار، ٢/٣٢٢.

Marfat.com

مِنْهُ. وَقَالَ أَبُوْمَسْعُوْدٍ رضي الله عنه: لَوْ صَلَّيْتُ صَلَاةً لَا أُصَلِّي فِيْهَا عَلَى مُحَمَّدٍ، مَا رَأَيْتُ أَنَّ صَلَاتِي تَتِمُّ. رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز پڑھی اور اس میں مجھ پر اور میرے اہلِ بیت پر درود نہ پڑھا اس کی نماز قبول نہ ہوگی۔ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر میں نماز پڑھوں اور اس میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک نہ پڑھوں تو میں نہیں سمجھتا کہ میری نماز کامل ہوگی۔''

اسے امام دارقطنی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

١٧٨ / ٢٦۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى رضي الله عنه قَالَ: لَقِيَنِي كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ رضي الله عنه فَقَالَ: أَلَا أُهْدِي لَكَ هَدِيَّةً سَمِعْتُهَا مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: فَأَهْدِهَا إِلَيَّ قَالَ: سَأَلْنَا رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، كَيْفَ الصَّلَاةُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ؟ قَالَ صلى الله عليه وآله وسلم: قُوْلُوْا: اَللّٰهُمَّ، صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ. وَاللّٰهُمَّ، بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ مجھے ملے اور فرمایا: کیا میں تمہیں وہ (حدیث) ہدیہ نہ کروں جو میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے؟ راوی بیان کرتے ہیں میں نے کہا کہ کیوں نہیں (ضرور) وہ مجھے ہدیہ کریں تو انہوں نے فرمایا: ہم نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا اور عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کے اہلِ بیت

الحديث رقم ٢٦: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/ ١٦٠، الرقم: ٤٧١٠، وأشارالحاكم إلى أن البخاری خرّجه بلفظه، ولكنْ علّةُ ذكرهِ كما ذكره هنا، لإفادة أن آل البيت والآل جميعاً هم۔ ولابن المفضل جزءٌ في طريق حديث ابن أبي ليلى عن كعب بن عجرة، والطبراني في المعجم الأوسط، ٣/ ٢٩، الرقم: ٢٣٦٨.

Marfat.com

پر درود کیسے بھیجا جائے؟ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (یوں) کہو: یا اللہ تو (بصورتِ رحمت) درود بھیج۔ محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر جیسا کہ تو نے درود بھیجا حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر بے شک تو تمام تعریفوں اور بزرگی کے لائق ہے۔ اور اے اللہ! تو برکت عطا کر محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی آل کو جیسا کہ تو نے برکت عطا کی ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل کو بے شک تو تمام تعریفوں اور بزرگی کے لائق ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٧٩ / ٢٧۔ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ رضي الله عنه قَالَ: خَرَجْتُ أَنَا أُرِيْدُ عَلِيًّا رضي الله عنه فَقِيْلَ لِي هُوَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَأَمَمْتُ إِلَيْهِمْ فَأَجِدَهُمْ فِي حَظِيْرَةٍ مِّنْ قَصَبٍ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَعَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ وَحَسَنٌ وَحُسَيْنٌ رضي الله عنهم قَدْ جَمَعَهُمْ تَحْتَ ثَوْبٍ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، إِنَّکَ جَعَلْتَ صَلَوَاتِکَ وَرِضْوَانَکَ عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تلاش میں باہر نکلا تو مجھے کسی نے کہا کہ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس ہیں پس میں نے (وہاں) ان (کے پاس جانے) کا ارادہ کیا (اور جب میں وہاں پہنچا) تو میں نے انہیں حضور نبی اکرم ﷺ کی چادر مبارک کے اندر پایا اور حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم ان سب کو حضور نبی اکرم ﷺ نے ایک کپڑے کے نیچے جمع کر رکھا تھا پس آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! بے شک تو نے اپنے درود اور اپنی رضا کو مجھ پر اور ان پر خاص کر دیا ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٧: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٢٢ / ٩٥، الرقم: ٢٣٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١٦٧۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي بِشَارَةِ النَّبِيِّ ﷺ لَهُمْ بِالْجَنَّةِ وَجَزَائِهِ ﷺ لِمَنْ أَحْسَنَ إِلَيْهِمْ

﴿حضور ﷺ کا اہلِ بیت کو جنت کی بشارت دینے اور ان سے حسنِ سلوک کرنے والوں کو خود جزاء دینے کا بیان﴾

۱۸۰/۲۸۔ عَنْ أَبِي رَافِعٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ لِعَلِيٍّ ﷺ: إِنَّ أَوَّلَ أَرْبَعةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ، أَنَا وَأَنْتَ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، وَذَرَارِيْنَا خَلْفَ ظَهُوْرِنَا، وَأَزْوَاجُنَا خَلْفَ ذَرَارِيْنَا، وَشِيْعَتُنَا عَنْ أَيْمَانِنَا وَعَنْ شَمَائِلِنَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابورافع ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی ﷺ سے فرمایا: بے شک پہلے چار اشخاص جو جنت میں داخل ہوں گے وہ میں، تم، حسن اور حسین ہوں گے اور ہماری اولاد ہمارے پیچھے ہوگی (یعنی ہمارے بعد وہ داخل ہو گی) اور ہماری بیویاں ہماری اولاد کے پیچھے ہوں گی (یعنی ان کے بعد جنت میں داخل ہوں گی) اور ہمارے چاہنے والے (ہمارے مددگار) ہماری دائیں جانب اور بائیں جانب ہوں گے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۱۸۱/۲۹۔ عَنْ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ ﷺ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ صَنَعَ إِلَى أَحَدٍ مِنْ وَلَدِ عَبْدِ

الحديث رقم ۲۸: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ۱/۳۱۹، الرقم: ۹۵۰، ۳/۴۱، الرقم: ۲۶۲۴، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۹/۱۳۱۔

الحديث رقم ۲۹: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ۲/۱۲۰، الرقم: ۱۴۴۶، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ۱/۴۳۹، الرقم: ۳۱۵، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۹/۱۷۳۔

Marfat.com

الْمُطَّلِبِ يَدًا فَلَمْ يُكَافِئْهُ بِهَا فِي الدُّنْيَا فَعَلَيَّ مُكَافَأَتُهُ غَدًا إِذَا لَقِيَنِي.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابان بن عثمان ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان بن عفان ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے اولادِ عبد المطلب میں سے کسی کے ساتھ کوئی بھلائی کی اور وہ اس کا بدلہ اس دنیا میں نہ چکا سکا تو اس کا بدلہ چکانا کل (قیامت کے روز) میرے ذمہ ہے جب وہ مجھ سے ملاقات کرے گا۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا۔

١٨٢ / ٣٠۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ رضي الله عنهما أَنَّهُ ﷺ قَالَ: يَا عَلِيُّ، إِنَّ اللهَ قَدْ غَفَرَ لَکَ وَلِذُرِّيَّتِکَ وَلِوَلَدِکَ وَلأَهْلِکَ، وَلِشِيْعَتِکَ وَلِمُحِبِّي شِيْعَتِکَ فَابْشِرْ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے علی! بے شک اللہ تعالیٰ نے تجھے اور تیری اولاد کو اور تیرے گھر والوں کو اور تیرے مددگاروں کو اور تیرے مددگاروں کے چاہنے والے کو بخش دیا ہے پس تجھے یہ خوشخبری مبارک ہو۔'' اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٠: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ٥ / ٣٢٩، الرقم: ٨٣٣٧۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّهُمْ أَمَانٌ وَنَجَاةٌ لِأُمَّتِهِ ﷺ

﴿حضور ﷺ کی اُمت کے لئے اہلِ بیتِ اَطہار کا باعثِ امان اور باعثِ نجات ہونے کا بیان﴾

۳۱/۱۸۳۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: يَا أَيُّهَاالنَّاسُ، إِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَا إِنْ أَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوْا: كِتَابَ اللهِ، وَعِتْرَتِي أَهْلَ بَيْتِي. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے سنا حضور نبی اکرم ﷺ فرمارہے تھے: اے لوگو! میں تمہارے درمیان ایسی چیزیں چھوڑ رہا ہوں کہ اگر تم انہیں پکڑے رکھو گے تو ہرگز گمراہ نہ ہوگے۔ (ان میں سے ایک) اللہ تعالیٰ کی کتاب اور (دوسری چیز) میرے گھر والے ہیں۔'' اسے امام ترمذی نے روایت کیا اور حسن قرار دیا ہے۔

۳۲/۱۸۴۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ فِي حَجَّتِهِ يَوْمَ عَرَفَةَ وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ الْقَصْوَاءِ يَخْطُبُ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَا إِنْ أَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوْا، كِتَابَ اللهِ وَعِتْرَتِي أَهْلَ بَيْتِي. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ

الحديث رقم ٣١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب أهل بيت النبى ﷺ، ٥/٦٦٢، الرقم: ٣٧٨٦، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٥/٨٩، الرقم: ٤٧٥٧، وفى المعجم الكبير، ٣/٦٦، الرقم: ٢٦٨٠، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٤/١١٤.

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب، باب: مناقب أهل بيت النبي ﷺ، ٥/٦٦٢، الرقم: ٣٧٨٦، والطبراني في المعجم الأوسط، ٥/٨٩، الرقم: ٤٧٥٧، وفي المعجم الكبير، ٣/٦٦، الرقم: ٢٦٨٠، والحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ١/٢٥٨، والقزويني في التدوين في أخبار قزوين، ٢/٢٦٦.

Marfat.com

کو دورانِ حج عرفہ کے دن دیکھا کہ آپ ﷺ اپنی اونٹنی قصواء پرسوار خطاب فرما رہے ہیں۔ پس میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! میں نے تم میں وہ چیز چھوڑی ہے کہ اگر تم اسے مضبوطی سے تھام لو تو کبھی گمراہ نہیں ہوگے اور وہ چیز کتاب اللہ اور میری عترت اہلِ بیت ہیں۔'' اس حدیث کو امام ترمذی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٨٥ / ٣٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلنُّجُوْمُ أَمَانٌ لِأَهْلِ الْأَرْضِ مِنَ الْغَرَقِ وَأَهْلُ بَيْتِي أَمَانٌ لِأُمَّتِي مِنَ الاخْتِلاَفِ، فَإِذَا خَالَفَتْهَا قَبِيْلَةٌ مِنَ الْعَرَبِ اخْتَلَفُوْا فَصَارُوْا حِزْبَ إِبْلِيْسَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ستارے اہلِ زمین کو غرق ہونے (یعنی گم ہونے اور بھٹکنے) سے بچانے والے ہیں اور میرے اہلِ بیت میری امت کو اختلاف سے بچانے والے ہیں اور جب کوئی قبیلہ ان کی مخالفت کرتا ہے تو اس میں اختلاف پڑ جاتا ہے یہاں تک کہ وہ شیطان کی جماعت میں سے ہو جاتا ہے۔'' اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

١٨٦ / ٣٤۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَثَلُ أَهْلِ بَيْتِي مَثَلُ سَفِيْنَةِ نُوْحٍ عليه السلام، مَنْ رَكِبَ فِيْهَا نَجَا، وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ. وفي رواية: عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ رضي الله عنهما قَالَ: مَنْ رَكِبَهَا سَلِمَ،

الحديث رقم ٣٣: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣ / ١٦٢، الرقم: ٤٧١٥۔

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٢ / ٣٤، الرقم: ٢٣٨٨، ٢٦٣٨، ٢٦٣٨، ٢٦٣٦، وفي المعجم الأوسط، ٤ / ١٠، الرقم: ٣٤٧٨، ٥ / ٣٥٥، الرقم: ٥٥٣٦، ٦ / ٨٥، الرقم: ٥٨٧٠، وفي المعجم الصغير، ١ / ٢٤٠، الرقم: ٣٩١، ٢ / ٨٤، الرقم: ٨٢٥، والحاكم في المستدرك، ٣ / ١٦٣، الرقم: ٤٧٢٠، والبزار في المسند، ٩ / ٣٤٣، الرقم: ٣٩٠٠، والديلمي في مسند الفردوس، ١ / ٢٣٨، الرقم: ٩١٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١٦٨۔

Marfat.com

وَمَنْ تَرَكَهَا غَرِقَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَزَّارُ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے اہلِ بیت کی مثال حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی سی ہے جو اس میں سوار ہوگیا وہ نجات پاگیا اور جو اس سے پیچھے رہ گیا وہ غرق ہوگیا۔

اور ایک روایت میں حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو اس میں سوار ہوا وہ سلامتی پاگیا اور جس نے اسے چھوڑ دیا وہ غرق ہوگیا۔''

اسے امام طبرانی، بزار اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

١٨٧/٣٥۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَثَلُ أَهْلِ بَيْتِي مَثَلُ سَفِيْنَةِ نُوْحٍ علیه السلام: مَنْ رَكِبَ فِيْهَا نَجَا، وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ، وَمَنْ قَاتَلَنَا فِي آخِرِ الزَّمَانِ فَكَأَنَّمَا قَاتَلَ مَعَ الدَّجَّالِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْقُضَاعِيُّ.

''حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے اہلِ بیت کی مثال حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی سی ہے جو اس میں سوار ہوگیا نجات پاگیا اور جو اس سے پیچھے رہ گیا وہ غرق ہوگیا اور آخری زمانہ میں جو ہمیں (اہلِ بیت کو) قتل کرے گا گویا وہ دجال کے ساتھ مل کر قتال کرنے والا ہے (یعنی وہ دجال کے ساتھیوں میں سے ہے)۔''

اس حدیث کو امام طبرانی اور قضاعی نے بیان کیا ہے۔

١٨٨/٣٦۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ

الحديث رقم ٣٥: أخرجه الطبرانی في المعجم الكبير، ٣/٤٥، الرقم: ٢٦٣٧، والقضاعی في مسند الشهاب، ٢/٢٧٣، الرقم: ١٣٤٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٦٨.

الحديث رقم ٣٦: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ١/٧٢، الرقم: ٢٠٣، وفي المعجم الكبير، ٣/١٢٦، الرقم: ٢٨٨١، ١/٨٨، والذهبي في ميزان الاعتدال، ٥/٢٩٤.

Marfat.com

لِلّٰهِ حُرُمَاتٍ ثَلَاثًا مَنْ حَفِظَهُنَّ حَفِظَ اللّٰهُ لَهُ أَمْرَ دِيْنِهِ وَدُنْيَاهُ، وَمَنْ ضَيَّعَهُنَّ لَمْ يَحْفَظِ اللّٰهُ لَهُ شَيْئًا فَقِيْلَ: وَمَا هُنَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: حُرْمَةُ الإِسْلَامِ، وَحُرْمَتِي، وَحُرْمَةُ رَحِمِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کی تین حرمات ہیں جو ان کی حفاظت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس کے دین و دنیا کے معاملات کی حفاظت فرماتا ہے اور جو ان تین کو ضائع کر دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی کسی چیز کی حفاظت نہیں فرماتا سو عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! وہ کون سی تین حرمات ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلام کی حرمت، میری حرمت اور میرے نسب کی حرمت۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٨٩ / ٣٧۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اَلنُّجُوْمُ أَمَانٌ لِأَهْلِ السَّمَاءِ. فَإِذَا ذَهَبَتِ النُّجُوْمُ ذَهَبَ أَهْلُ السَّمَاءِ. وَأَهْلُ بَيْتِي أَمَانٌ لِأَهْلِ الْأَرْضِ. فَإِذَا ذَهَبَ أَهْلُ بَيْتِي ذَهَبَ أَهْلُ الْأَرْضِ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ستارے اہلِ آسمان کے لئے امان ہیں پس جب ستارے ختم ہو جائیں گے تو اہلِ آسمان بھی ختم ہو جائیں گے اور میرے اہلِ بیت زمین والوں کے لئے امان ہیں پس جب میرے اہلِ بیت ختم ہو جائیں گے تو اہلِ زمین بھی ختم ہو جائیں گے۔'' اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٧: أخرجه الديامى في مسند الفردوس، ٤ / ٣١١، الرقم: ٦٩١٣.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي تَحْذِيرِ النَّبِيِّ ﷺ مِنْ بُغْضِهِمْ وَعَدَاوَتِهِمْ

﴿حضور ﷺ کا اہلِ بیت سے بغض و عداوت رکھنے سے ڈرانے کا بیان﴾

١٩٠/٣٨۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: سِتَّةٌ لَعَنْتُهُمْ، لَعَنَهُمُ اللهُ، وَكُلُّ نَبِيٍّ مُجَابٍ كَانَ: الزَّائِدُ فِي كِتَابِ اللهِ، وَالْمُكَذِّبُ بِقَدْرِ اللهِ وَالْمُسَلِّطُ بِالْجَبَرُوْتِ لِيُعِزَّ بِذَلِکَ مَنْ أَذَلَّ اللهُ، وَيُذِلُّ مَنْ أَعَزَّ اللهُ، وَالْمُسْتَحِلُّ لِحُرُمِ اللهِ، وَالْمُسْتَحِلُّ مِنْ عِتْرَتِي مَا حَرَّمَ اللهُ، وَالتَّارِکُ لِسُنَّتِي. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاکِمُ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: چھ بندوں پر میں لعنت کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ بھی ان پر لعنت کرتا ہے اور ہر نبی جو کہ مستجاب الدعوات ہوتا ہے وہ بھی ان پر لعنت کرتا ہے (وہ چھ بندے یہ ہیں): جو کتاب اللہ میں زیادتی کرنے والا ہو اور اللہ تعالیٰ کی قدر کو جھٹلانے والا ہو اور ظلم و جبر کے ساتھ تسلط حاصل کرنے والا ہو تاکہ اس کے ذریعے اسے عزت دے سکے جسے اللہ تعالیٰ نے ذلیل کیا ہے اور اسے ذلیل کر سکے جسے اللہ تعالیٰ نے عزت دی ہے اور اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیزوں کو حلال کرنے والا اور میری عترت یعنی اہلِ بیت کی حرمت کو حلال کرنے والا اور میری سنت کا تارک۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

١٩١/٣٩۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَالَّذِي

الحديث رقم ٣٨: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: القدر عن رسول الله ﷺ، باب: منه، (١٧)، ٤/٤٥٧، الرقم: ٢١٥٤، وابن حبان في الصحيح، ١٣/٦٠، الرقم: ٥٧٤٩، والحاكم في المستدرك، ٢/٥٧٢، الرقم: ٣٩٤١، والطبراني في المعجم الكبير، ١٧/٤٣، الرقم: ٨٩، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣/٤٤٣، الرقم: ٤٠١٠۔

الحديث رقم ٣٩: أخرجه ابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٣٥، الرقم: ٦٩٧٨، والحاكم في المستدرك، ٣/١٦٢، الرقم: ٤٧١٧، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢/١٢٣، والهيثمي في موارد الظمان، ١/٥٥٥، الرقم: ٢٢٤٦۔

Marfat.com

نَفْسِي بِيَدِهِ: لاَ يُبْغِضُنَا أَهْلَ الْبَيْتِ رَجُلٌ إِلاَّ أَدْخَلَهُ اللهُ النَّارَ.

رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! ہم اہلِ بیت سے کوئی آدمی نفرت نہیں کرتا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اسے دوزخ میں ڈال دیتا ہے۔''

اس حدیث کو امام ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

١٩٢ / ٤٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ إِنِّي سَأَلْتُ اللهَ لَكُمْ ثَلاثًا أَنْ يُثْبِتَ قَائِمَكُمْ وَأَنْ يَّهْدِيَ ضَالَّكُمْ، وَأَنْ يُّعَلِّمَ جَاهِلَكُمَ، وَسَأَلْتُ اللهَ أَنْ يَجْعَلَكُمْ جُوَدَاءَ نُجَدَاءَ رُحَمَاءَ، فَلَوْ أَنَّ رَجُلًا صَفَنَ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، فَصَلَّى وَصَامَ ثُمَّ لَقِيَ اللهَ وَهُوَ مُبْغِضٌ لِأَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دَخَلَ النَّارَ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے بنو عبدالمطلب! بے شک میں نے تمہارے لئے اللہ تعالیٰ سے تین چیزیں مانگی ہیں پہلی یہ کہ وہ تمہارے قیام کرنے والے کو ثابت قدم رکھے اور دوسری یہ کہ وہ تمہارے گمراہ کو ہدایت دے اور تیسری یہ کہ وہ تمہارے جاہل کو علم عطاء کرے اور میں نے تمہارے لیے اللہ تعالیٰ سے یہ بھی مانگا ہے کہ وہ تمہیں سخاوت کرنے والا اور دوسروں کی مدد کرنے والا اور دوسروں پر رحم کرنے والا بنائے پس اگر کوئی رکن اور مقام کے درمیان دونوں پاؤں قطار میں رکھ کر کھڑا ہوجائے اور نماز پڑھے اور روزہ رکھے اور پھر (مرنے کے بعد) اللہ تعالیٰ سے ملے

الحديث رقم ٤٠: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣ / ١٦١، الرقم: ٤٧١٢، والطبراني في المعجم الكبير، ١١ / ١٧٦، الرقم: ١١٤١٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١٧١۔

Marfat.com

درآنحالیکہ وہ اہلِ بیت سے بغض رکھنے والا ہے تو وہ دوزخ میں داخل ہوگا۔"

اس حدیث کو امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

١٩٣/٤١۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَسَمِعْتُهُ وَهُوَ يَقُوْلُ: أَيُّهَا النَّاسُ، مَنْ أَبْغَضَنَا أَهْلَ الْبَيْتِ حَشَرَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَهُوْدِيًّا فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَإِنْ صَامَ وَصَلَّى قَالَ: وَإِنْ صَامَ وَصَلَّى وَزَعَمَ أَنَّهُ مُسْلِمٌ. أَيُّهَا النَّاسُ، احْتَجَرَ بِذَلِکَ مِنْ سَفْکِ دَمِهِ وَأَنْ يُؤَدِّيَ الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُوْنَ. مُثِّلَ لِي أُمَّتِي فِي الْبَطْنِ فَمَرَّ بِي أَصْحَابُ الرَّايَاتِ فَاسْتَغْفَرْتُ لِعَلِيٍّ ﷺ وَشِيْعَتِهِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

"حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضور نبی اکرم ﷺ ہم سے مخاطب ہوئے پس میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! جو ہمارے اہلِ بیت سے بغض رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اسے روز قیامت یہودیوں کے ساتھ اٹھائے گا تو میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگرچہ وہ نماز، روزہ کا پابند ہی کیوں نہ ہو اور اپنے آپ کو مسلمان گمان ہی کیوں نہ کرتا ہو؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: (ہاں) اگرچہ وہ روزہ اور نماز کا پابند ہی کیوں نہ ہو اور خود کو مسلمان تصور کرتا ہو، اے لوگو! یہ لبادہ اوڑھ کر اس نے اپنے خون کو مباح ہونے سے بچایا اور یہ کہ وہ اپنے ہاتھ سے جزیہ دیں درآنحالیکہ وہ گھٹیا اور کمینے ہوں پس میری امت مجھے میری ماں کے پیٹ میں دکھائی گئی پس میرے پاس سے جھنڈوں والے گزرے تو میں نے علی اور اس کے مددگاروں کے لئے مغفرت طلب کی۔"

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٩٤/٤٢۔ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رضي الله عنهما أَنَّهُ قَالَ لِمُعَاوِيَةَ بْنِ

الحديث رقم ٤١: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٤/٢١٢، الرقم: ٤٠٠٢، والذهبي في ميزان الاعتدال، ٣/١٧١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٧٢۔

الحديث رقم ٤٢: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٣/٣٩، الرقم: ٢٤٠٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٧٢۔

Marfat.com

خُدَيْجٍ: يَا مُعَاوِيَةَ بْنَ خُدَيْجٍ، إِيَّاکَ وَبُغْضَنَا فَإِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: لاَ يُبْغِضُنَا أَحَدٌ، وَلاَ يَحْسُدُنَا أَحَدٌ إِلَّا ذِيْدَ عَنِ الْحَوْضِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِسِيَاطٍ مِّنْ نَارٍ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے معاویہ بن خدیج سے فرمایا: اے معاویہ بن خدیج! ہم (اہلِ بیت کے) بغض سے بچو کیونکہ بے شک حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کہ ہم (اہلِ بیت) سے کوئی بغض نہیں رکھتا اور کوئی حسد نہیں کرتا مگر یہ کہ قیامت کے دن اسے آگ کے چابکوں سے حوضِ کوثر سے دھتکار دیا جائے گا۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٩٥ / ٤٣۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ لَمْ يَعْرِفْ حَقَّ عِتْرَتِي وَالْأَنْصَارِ وَالْعَرَبِ فَهُوَ لِإِحْدَى ثَلَاثٍ: إِمَّا مُنَافِقٌ، وَإِمَّا لِزِنْيَةٍ، وَإِمَّا امْرَؤٌ حَمَلَتْ بِهِ أُمُّهُ لِغَيْرِ طُهْرٍ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَالدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت علی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص میرے اہلِ بیت اور انصار اور عرب کا حق نہیں پہچانتا تو اس میں تین چیزوں میں سے ایک پائی جاتی ہے: یا تو وہ منافق ہے یا وہ حرامی ہے یا وہ ایسا آدمی ہے جس کی ماں بغیر طہر کے اس سے حاملہ ہوئی ہو۔'' اس حدیث کو امام بیہقی اور دیلمی نے روایت کیا ہے۔

١٩٦ / ٤٤۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَللّٰهُمَّ ارْزُقْ مَنْ أَبْغَضَنِي وَأَبْغَضَ أَهْلَ بَيْتِي، كَثْرَةَ الْمَالِ وَالْعِيَالِ. كَفَاهُمْ بِذَلِکَ غَيًّا أَنْ يَكْثُرَ مَالُهُمْ فَيَطُوْلَ حِسَابُهُمْ، وَأَنْ يَكْثُرَ الْوِجْدَانِيَاتُ فَيَكْثُرَ شَيَاطِيْنُهُمْ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

الحديث رقم ٤٣: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ٢ / ٢٣٢، الرقم: ١٦١٤، والديلمي في مسند الفردوس، ٣ / ٦٢٦، الرقم: ٥٩٥٥، والذهبي في ميزان الاعتدال، ٣ / ١٤٨۔

الحديث رقم ٤٤: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ١ / ٤٩٢، الرقم: ٢٠٠٧۔

Marfat.com

''حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! جو مجھ سے اور میرے اہلِ بیت سے بغض رکھتا ہے اسے کثرتِ مال اور کثرتِ اولاد سے نواز یہ ان کی گمراہی کے لئے کافی ہے کہ ان کا مال کثیر ہو جائے پس (اس کثرتِ مال کی وجہ سے) ان کا حساب طویل ہو جائے اور یہ کہ ان کی وجدانیات (جذباتی چیزیں) کثیر ہو جائیں تاکہ ان کے شیاطین کثرت سے ہو جائیں۔'' اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

١٩٧/٤٥۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ثَلاَثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ فَلَيْسَ مِنِّي وَلَا أَنَا مِنْهُ: بُغْضُ عَلِيٍّ، وَنَصْبُ أَهْلِ بَيْتِي، وَمَنْ قَالَ: اَلإِيْمَانُ كَلَامٌ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں ایسی ہیں وہ جس میں پائی جائیں گی نہ وہ مجھ سے ہے اور نہ میں اس سے ہوں (اور وہ تین چیزیں یہ ہیں): علی سے بغض رکھنا، میرے اہلِ بیت سے دشمنی رکھنا اور یہ کہنا کہ ایمان (فقط) کلام کا نام ہے۔'' اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٥: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ٢/٨٥، الرقم: ٢٤٥٩.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ أَهْلِ الْبَيْتِ وَالْقَرَابَةِ عليهم السلام

﴿حضور ﷺ کے اہلِ بیت اور اہلِ قرابت کے جامع مناقب کا بیان﴾

١٩٨/٤٦۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ﷺ قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَوْمًا فِيْنَا خَطِيْبًا. بِمَاءٍ يُدْعَى خُمًّا. بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ. فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، وَوَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ: أَلا أَيُّهَاالنَّاسُ، فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ يُوْشِكُ أَنْ يَأْتِيَ رَسُوْلُ رَبِّي فَأُجِيْبُ، وَأَنَا تَارِكٌ فِيْكُمْ ثَقَلَيْنِ: أَوَّلُهُمَا: كِتَابُ اللهِ فِيْهِ الْهُدَى وَالنُّوْرُ فَخُذُوْا بِكِتَابِ اللهِ. وَاسْتَمْسِكُوْا بِهِ. فَحَثَّ عَلَى كِتَابِ اللهِ وَرَغَّبَ فِيْهِ، ثُمَّ قَالَ: وَأَهْلُ بَيْتِي. أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي، أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت زید بن ارقم ﷺ سے مروی ہے کہ ایک دن حضور نبی اکرم ﷺ ہمیں خطبہ دینے کے لئے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان اس تالاب پر کھڑے ہوئے جسے خُم کہا جاتا ہے۔ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء اور وعظ و نصیحت کے بعد فرمایا: اے لوگو! میں تو بس ایک انسان ہوں عنقریب میرے رب کا پیغام لانے والا فرشتہ (یعنی فرشتۂ اجل) میرے پاس آئے گا اور میں اسے لبیک کہوں گا۔ میں تم میں دو عظیم چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں، ان میں سے پہلی اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جس میں ہدایت اور نور ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب پر عمل کرو اور اسے مضبوطی سے تھام لو، پھر آپ نے کتاب اللہ تعالیٰ (کی تعلیمات پر عمل کرنے پر) ابھارا

الحديث رقم ٤٦: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل على بن أبي طالب ﷺ، ٣/١٨٧٣، الرقم: ٢٤٠٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٣٦٦، الرقم: ١٩٢٦٥، وابن حبان فى الصحيح، ١/١٤٥، الرقم: ١٢٣، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢/١٤٨، الرقم: ٢٦٧٩، واللالكائى فى اعتقاد أهل السنة، ١/٧٩، الرقم: ٨٨.

Marfat.com

اور اس کی ترغیب دی پھر فرمایا: اور (دوسرے) میرے اہلِ بیت ہیں میں تمہیں اپنے اہلِ بیت کے متعلق اللہ تعالیٰ کی یاد دلاتا ہوں، میں تمہیں اپنے اہلِ بیت کے متعلق اللہ تعالیٰ کی یاد دلاتا ہوں۔ میں تمہیں اپنے اہلِ بیت کے متعلق اللہ تعالیٰ کی یاد دلاتا ہوں (کہ کہیں تم بھول کر بھی ان کے ساتھ کوئی برا سلوک نہ کر بیٹھنا)۔'' اسے امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٩٩ / ٤٧۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: خَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ غَدَاةً وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ، مِنْ شَعْرٍ أَسْوَدَ. فَجَاءَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رضي الله عنهما فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ جَاءَ الْحُسَيْنُ رضي الله عنه فَدَخَلَ مَعَهُ، ثُمَّ جَاءَتْ فَاطِمَةُ رضي الله عنها فَأَدْخَلَهَا، ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ رضي الله عنه فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ قَالَ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ [الأحزاب، ٣٣:٣٣].

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ صبح کے وقت ایک اونی منقش چادر اوڑھے ہوئے باہر تشریف لائے تو آپ ﷺ کے پاس حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما آئے تو آپ ﷺ نے اُنہیں اُس چادر میں داخل کر لیا، پھر حضرت حسین رضی اللہ عنہ آئے اور وہ بھی ان کے ہمراہ اس چادر میں داخل ہو گئے، پھر سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا آئیں اور آپ ﷺ نے انھیں بھی اس چادر میں داخل کر لیا، پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ آئے تو آپ ﷺ نے اُنہیں بھی اس چادر میں لے لیا۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیتِ مبارکہ پڑھی: ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔'' [الأحزاب، ٣٣: ٣٣]۔'' اسے امام مسلم، حاکم اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٧: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أهل بيت النّبى ﷺ، ٤/١٨٨٣، ٢٤٢٤، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٥٩، الرقم: ٤٧٠٧-٤٧٠٩، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ،وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٧٠، الرقم: ٣٢١٠٢، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢/١٤٩، الرقم: ٢٦٨٠.

Marfat.com

٢٠٠/٤٨۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ ﷺ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: ﴿فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَآءَنَا وَأَبْنَآءَكُم﴾، [آل عمران، ٣:٦١]، دَعَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، هَؤُلَاءِ أَهْلِي.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص ﷺ بیان کرتے ہیں کہ جب آیتِ مباہلہ نازل ہوئی: ''آپ فرما دیں کہ آ جاؤ ہم (مل کر) اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو (ایک جگہ پر) بلا لیتے ہیں۔'' [آل عمران، ٣: ٦١] تو حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حسین علیہم السلام کو بلایا، پھر فرمایا: یا اللہ! یہ میرے اہلِ بیت ہیں۔''

اسے امام مسلم اور ترمذی نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٢٠١/٤٩۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: لِعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ﷺ: أَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ، وَسِلْمٌ لِمَنْ

الحديث رقم ٤٨: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل علي بن أبى طالب ﷺ، ٤/١٨٧١، الرقم: ٢٤٠٤، والترمذى فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة آل عمران، ٥/٢٢٥، الرقم: ٢٩٩٩، وفى كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: (٢١)، ٥/٦٣٨، الرقم: ٣٧٢٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/١٨٥، الرقم: ١٦٠٨، والنسائى في السنن الكبرى، ٥/١٠٧، الرقم: ٨٣٩٩، والحكم فى المستدرك، ٣/١٦٣، الرقم: ٤٧١٩، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٧/٦٣، الرقم: ١٣١٦٩۔١٣١٧٠۔

الحديث رقم ٤٩: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/٦٩٩، الرقم: ٣٨٧٠، وابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فضل الحسن والحسين ابنَي عَلِيّ بْنِ أبي طالِبٍ ﷺ، ١/٥٢، الرقم: ١٤٥، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٦١، الرقم: ٤٧١٤، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٥/١٨٢، الرقم: ٥٠١٥، وفى المعجم الكبير، ٣/٤٠، الرقم: ٢٦٢٠، والصيداوى فى معجم الشيوخ، ١/١٣٣، الرقم: ٨٥۔

Marfat.com

سَالَمْتُمْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت زید بن ارقم ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی، حضرتؓ فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین ﷺ سے فرمایا: تم جس سے لڑو گے میں بھی اُس کے ساتھ حالتِ جنگ میں ہوں اور جس سے تم صلح کرنے والے ہو میں بھی اُس سے صلح کرنے والا ہوں۔'' اسے امام ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٢٠٢/٥٠۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : إِنِّي تَارِكٌ فِيْكُم مَا إِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا بَعْدِي، أَحَدُهُمَا أَعْظَمُ مِنَ الْآخَرِ: كِتَابُ اللهِ حَبْلٌ مَمْدُوْدٌ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ وَعِتْرَتِي: أَهْلُ بَيْتِي وَلَنْ يَتَفَرَّقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ فَانْظُرُوْا كَيْفَ تَخْلُفُوْنِي فِيْهِمَا. رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت زید بن ارقم ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں تم میں ایسی دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں کہ اگر میرے بعد تم نے انہیں مضبوطی سے تھامے رکھا تو ہرگز گمراہ نہ ہوگے۔ ان میں سے ایک دوسری سے بڑی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی رسی (کی طرح) ہے اور میری عترت یعنی اہلِ بیت اور یہ دونوں ہرگز جدا نہ ہوں گے یہاں تک کہ دونوں میرے پاس حوض کوثر پر آئیں گے پس دیکھو کہ تم میرے بعد ان سے کیا سلوک کرتے ہو؟''

الحديث رقم ٥٠: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فی مناقب أهل بيت النبی ﷺ، ٥/٦٦٣، الرقم: ٣٧٨٨/٣٧٨٦، والنسائی فی السنن الكبرى، ٥/٤٥، الرقم: ٨١٤٨، ٨٤٦٤، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/١٤، ٢٦، ٥٩، الرقم: ١١١١٩، ١١٢٢٧، ١١٥٧٨، والحاكم فی المستدرك، ٣/١١٨، الرقم: ٤٥٧٦، والطبرانی عن أبي سعيد ﷺ فی المعجم الأوسط، ٣/٣٧٤، الرقم: ٣٤٣٩، وفی المعجم الصغير، ١/٢٢٦، الرقم: ٣٢٣، وفی المعجم الكبير، ٣/٦٥، الرقم: ٢٦٧٨، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/١٣٣، الرقم: ٣٠٠٨١، وأبويعلى فی المسند، ٢/٣٠٣، الرقم: ١٠٢٦٧، ١١٤٠، وابن أبی عاصم فی السنة، ٢/٦٤٤، الرقم: ١٥٥٣.

Marfat.com

اسے امام ترمذی، نسائی اور احمد نے روایت کیا اور امام ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے۔

٢٠٣ / ٥١۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ رضي الله عنهما رَبِيْبِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ [الأحزاب، ٣٣:٣٣]، فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها فَدَعَا فَاطِمَةَ، وَحَسَنًا، وَحُسَيْنًا فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ وَعَلِيٌّ خَلْفَ ظَهْرِهِ فَجَلَّلَهُ بِكِسَاءٍ. ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي، فَأَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا، قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: وَأَنَا مَعَهُمْ يَا نَبِيَّ اللهِ، قَالَ: أَنْتِ عَلَى مَكَانِكِ وَأَنْتِ عَلَى خَيْرٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضور نبی اکرم ﷺ کے پروردہ حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب اُم المؤمنین اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر حضور نبی اکرم ﷺ پر یہ آیت مبارکہ: ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے'' [الأحزاب، ٣٣:٣٣] نازل ہوئی تو آپ ﷺ نے سیدہ فاطمہ اور حسنین کریمین سلام اللہ علیہم کو بلایا اور انہیں اپنی کملی میں ڈھانپ لیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے پیچھے تھے، آپ ﷺ نے انہیں بھی اپنی کملی میں ڈھانپ لیا، پھر فرمایا: اے اللہ! یہ میرے اہلِ بیت ہیں، پس ان سے ہر قسم کی آلودگی دور فرما اور انہیں خوب پاک و صاف کر دے۔ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا نبی اللہ! میں (بھی) ان کے ساتھ ہوں، فرمایا: تم اپنے مقام پر رہو اور تم تو بہتر مقام پر فائز ہو۔'' اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

الحديث رقم ٥١: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة الأحزاب، ٥ / ٣٥١، الرقم: ٣٢٠٥، وفی كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥ / ٦٩٩، الرقم: ٣٨٧١، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٤ / ١٣٤، الرقم: ٣٧٩٩.

Marfat.com

٢٠٤/٥٢۔ عَنْ عَبْدِ السَّلامِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ أَبِي الصَّلْتِ الْهَرَوِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُوْسَى الرِّضَا، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: اَلإِيْمَانُ مَعْرِفَةٌ بِالْقَلْبِ وَقَوْلٌ بِاللِّسَانِ وَعَمَلٌ بِالْأَرْكَانِ. قَالَ أَبُو الصَّلْتِ: لَوْ قُرِئَ هَذَا الإِسْنَادُ عَلَى مَجْنُوْنٍ لَبَرَأَ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''امام عبدالسلام بن ابی صالح ابوصلت ہروی، امام علی بن موسیٰ رضا سے وہ اپنے والد (امام موسیٰ الرضا) سے وہ امام جعفر بن محمد سے وہ اپنے والد (امام محمد) سے وہ امام علی بن حسین سے وہ اپنے والد (امام حسین علیہ السلام) سے وہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے بیان کیا کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایمان دل سے پہچاننے، زبان سے اقرار کرنے اور ارکان (اسلام) پر عمل کرنے کا نام ہے۔ (امام ابن ماجہ کے شیخ) امام ابوصلت ہروی فرماتے ہیں: اگر اس حدیث مبارک کی یہ سند ﴿عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُوْسَى الرِّضَا، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه﴾ پڑھ کر کسی پاگل پر دم کی جائے تو وہ ضرور شفایاب ہو جائے گا۔''

اسے امام ابن ماجہ، طبرانی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

٢٠٥/٥٣۔ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ قَالَ: قَامَ كَعْبٌ رضي الله عنه فَأَخَذَ بِحُجْزَةِ الْعَبَّاسِ رضي الله عنه، وَقَالَ: أَدَّخِرُهَا عِنْدَكَ لِلشَّفَاعَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ الْعَبَّاسُ: وَلِي الشَّفَاعَةُ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ نَبِيٍّ يُسْلِمُ إِلَّا كَانَتْ

الحديث رقم ٥٢: أخرجه ابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فى الإيمان، ١/٢٥، الرقم: ٦٥، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٦/٢٢٦، الرقم: ٦٢٥٤، ٨/٢٦٢، الرقم: ٨٥٨٠، والبيهقى فى شعب الإيمان، ١/٤٧، الرقم: ١٦، والمروزى فى تعظيم قدر الصلاة، ٢/٧٤٢.

الحديث رقم ٥٣: أخرجه أحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ٢/٩٤٤، الرقم: ١٨٢٤، وأبونعيم فى حلية الأولياء، ٦/٤٢.

Marfat.com

لَهُ شَفَاعَةٌ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عطیہ عوفی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت کعب ﷺ کھڑے ہوئے اور انہوں نے حضرت عباس ﷺ کا دامن پکڑا اور عرض کرنے لگے: میں آپ کے اس دامن کو قیامت کے دن اپنے لئے ذریعۂ شفاعت بناتا ہوں۔ حضرت عباس ﷺ نے فرمایا: کیا میرے لئے شفاعت ہو گی؟ انہوں نے کہا: ہاں! حضور نبی اکرم ﷺ کے اہلِ بیت میں سے جس کسی نے بھی اسلام قبول کیا ہے اسے حقِ شفاعت حاصل ہو گا۔''

اسے امام احمد اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

اس حدیث کو امام حاکم، بزار اور ابونعیم نے روایت کیا اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٢٠٦ / ٥٤۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ فَاطِمَةَ أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا، فَحَرَّمَ اللهُ ذُرِّيَّتَهَا عَلَى النَّارِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبَزَّارُ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک فاطمہ سلام اللہ علیہا نے اپنی عصمت کی حفاظت کی تو اللہ تعالیٰ نے اس کی اولاد کو آگ پر حرام کر دیا۔''

اسے امام حاکم، بزار اور ابونعیم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

٢٠٧ / ٥٥۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَعَدَنِي رَبِّي فِي

الحديث رقم ٥٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١٦٥، الرقم: ٤٧٢٦، والبزار في المسند، ٥/٢٢٣، الرقم: ١٨٢٩، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٤/١٨٨، والمناوي في فيض القدير، ٢/٤٦٢.

الحديث رقم ٥٥: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١٦٣، الرقم: ٤٧١٨، والديلمي في مسند الفردوس، ٤/٣٨٢، الرقم: ٧١١٢.

Marfat.com

أَهْلِ بَيْتِي مَنْ أَقَرَّ مِنْهُمْ بِالتَّوْحِيْدِ وَلِّيَ بِالْبَلاَغِ، أَنْ لَا يُعَذِّبَهُمْ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے رب نے مجھ سے میرے اہلِ بیت کے بارے میں وعدہ کیا ہے کہ ان میں سے جو بھی میری توحید کا اقرار کرے گا اسے یہ بات پہنچا دی جائے کہ اللہ تعالیٰ اسے عذاب نہیں دے گا۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

٢٠٨/٥٦۔ عَنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَنْطَبٍ ﷺ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِالْجَحْفَةِ فَقَالَ: أَلَسْتُ أَوْلَى بِأَنْفُسِكُمْ؟ قَالُوْا: بَلَى يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَالَ: فَإِنِّي سَائِلُكُمْ عَنِ اثْنَيْنِ: عَنِ الْقُرْآنِ وَعَنْ عِتْرَتِي. أَلاَ وَلاَ تَقَدَّمُوْا قُرَيْشًا فَتَضِلُّوْا وَلاَ تَخْلُفُوْا عَنْهَا فَتَهْلِكُوْا وَلاَ تُعَلِّمُوْهَا فَهُمْ أَعْلَمُ مِنْكُمْ قُوَّةَ رَجُلَيْنِ مِنْ غَيْرِهِمْ. لَوْلاَ أَنْ تَبْطُرَ قُرَيْشٌ لَأَخْبَرْتُهَا بِمَا لَهَا عِنْدَ اللهِ خِيَارُ قُرَيْشٍ خِيَارُ النَّاسِ. رَوَاهُ أَبُوْ نُعَيْمٍ.

''حضرت عبد اللہ بن حنطب ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضور نبی اکرم ﷺ جحفہ کے مقام پر ہم سے مخاطب ہوئے اور فرمایا: کیا میں تمہاری جانوں سے بڑھ کر تمہیں عزیز نہیں ہوں؟ صحابہ کرام نے عرض کیا: کیوں نہیں، یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: پس میں تم سے دو چیزوں کے بارے میں سوال کرنے والا ہوں۔ قرآن اور اپنی عترت اہلِ بیت کے بارے میں آگاہ ہو جاؤ کہ قریش پر پیش قدمی نہ کرو کہ تم گمراہ ہو جاؤ اور نہ انہیں سکھاؤ کہ وہ تم سے زیادہ جاننے والے ہیں کہ ان میں سے ہر کوئی اپنے علاوہ دو بندوں کے برابر علم رکھتا ہے اور اگر قریش فخر نہ کرتے تو میں ضرور انہیں اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کے مقام و مرتبہ کے بارے میں بتاتا کہ قریش کے بہترین لوگ تمام لوگوں سے بہترین ہیں۔''

اسے امام ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٦: أخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء، ٩/٦٤، وابن الأثير في أسد الغابة، ٣/١٤٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٥/١٩٥.

Marfat.com

٢٠٩/٥٧۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ، وَقَدْ بَسَطَ شَمْلَةً، فَجَلَسَ عَلَيْهَا هُوَ وَفَاطِمَةُ وَعَلِيٌّ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، ثُمَّ أَخَذَ النَّبِيُّ ﷺ بِمَجَامِعِهِ فَعَقَدَ عَلَيْهِمْ ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، ارْضَ عَنْهُمْ كَمَا أَنَا عَنْهُمْ رَاضٍ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت علی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوئے۔ درآں حالیکہ آپ ﷺ نے چادر بچھائی ہوئی تھی۔ پس اس پر حضور نبی اکرم ﷺ (بنفسِ نفیس)، حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین علیہم السلام بیٹھ گئے پھر آپ ﷺ نے اس چادر کے کنارے پکڑے اور ان پر ڈال کر اس میں گرہ لگا دی۔ پھر فرمایا: اے اللہ! تو بھی ان سے راضی ہو جا، جس طرح میں ان سے راضی ہوں۔''

اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٢١٠/٥٨۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَوَّلُ مَنْ أَشْفَعُ لَهُ مِنْ أُمَّتِي أَهْلُ بَيْتِي ثُمَّ الْأَقْرَبُ مِنَ الْقُرَيْشِ، ثُمَّ الْأَنْصَارُ، ثُمَّ مَنْ آمَنَ بِي، وَاتَّبَعَنِي مِنَ الْيَمَنِ، ثُمَّ سَائِرُ الْعَرَبِ ثُمَّ الْأَعَاجِمُ وَأَوَّلُ مَنْ أَشْفَعُ لَهُ أُوْلُوا الْفَضْلِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اپنی امت میں سے سب سے پہلے جس کے لئے میں شفاعت کروں گا وہ میرے اہلِ بیت ہیں، پھر جو قریش میں سے میرے قریبی رشتہ دار ہیں، پھر انصار کی پھر ان کی جو یمن میں سے مجھ پر ایمان لائے اور میری اتباع کی، پھر تمام عرب کی، پھر عجم کی اور سب سے پہلے میں جن کی شفاعت کروں گا وہ اہلِ فضل ہوں گے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٧: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٥/٣٤٨، الرقم: ٥٥١٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٦٩۔

الحديث رقم ٥٨: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٢/٤٢١، والديلمي في مسند الفردوس، ١/٢٣، الرقم: ٢٩، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٣٨٠۔

Marfat.com

اَلْبَابُ الثَّالِثُ:

مَنَاقِبُ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ سلام اللہ علیہا

﴿سیدۂ کائنات فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي كَوْنِ آلِ فَاطِمَةَ سلام اللہ علیہا مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ وَأَهْلِ كِسَاءٍ

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھرانے کا اہلِ بیت اور اہلِ کساء ہونے کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي كَوْنِهَا سلام اللہ علیہا بَضْعَةً مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کا جانِ مصطفیٰ ﷺ ہونے کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي مَكَانَتِهَا سلام اللہ علیہا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ

﴿بارگاہِ مصطفیٰ ﷺ میں سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي كَوْنِهَا سلام اللہ علیہا سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کا سارے جہانوں کی عورتوں کی سردار ہونے کا بیان﴾

٥۔ فَصْلٌ فِيْمَا يَتَعَلَّقُ بِزَوَاجِهَا سلام اللہ علیہا

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی شادی سے متعلق مناقب کا بیان﴾

٦۔ فَصْلٌ فِي مَكَانَتِهَا سلام اللہ علیہا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

﴿روزِ قیامت سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٧۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ فَاطِمَةَ سلام اللہ علیہا

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے جامع مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي كَوْنِ آلِ فَاطِمَةَ سلام الله عليها مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ وَأَهْلِ كِسَاءٍ

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھرانے کا اہلِ بیت اور اہلِ کساء ہونے کا بیان﴾

٢١١/١۔ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، قَالَتْ: قَالَتْ عَائِشَةُ رضي الله عنها: خَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ غَدَاةً وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ، مِنْ شَعْرٍ أَسْوَدَ، فَجَاءَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رضي الله عنهما فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ جَاءَ الْحُسَيْنُ رضی اللہ عنہ فَدَخَلَ مَعَهُ، ثُمَّ جَاءَتْ فَاطِمَةُ رضي الله عنها فَأَدْخَلَهَا، ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ رضی اللہ عنہ فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ قَالَ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾. [الأحزاب، ٣٣: ٣٣]. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت صفیہ بنت شیبہ روایت کرتی ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ صبح کے وقت باہر تشریف لائے درآنحالیکہ آپ ﷺ نے ایک چادر مبارک اوڑھی ہوئی تھی جس پر سیاہ اُون سے کجاووں کے نقوش بنے ہوئے تھے۔ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما آئے تو آپ ﷺ نے اُنہیں اُس چادر میں داخل کر لیا، پھر حضرت حسین رضی اللہ عنہ آئے اور ان کے ہمراہ چادر میں داخل ہو گئے، پھر سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا آئیں اور آپ ﷺ نے انہیں بھی اس چادر میں داخل کر لیا، پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ آئے تو آپ ﷺ نے اُنہیں بھی چادر میں لے لیا۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت مبارکہ پڑھی: ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ

الحديث رقم ١: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أهل بيت النبي ﷺ، ٤/١٨٨٣، الرقم: ٢٤٢٤، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٧٠، الرقم: ٣٦١٠٢، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ٢/٦٧٢، الرقم: ١١٤٩، وابن راهويه فى المسند، ٣/٦٧٨، الرقم: ١٢٧١، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٦٩، الرقم: ٤٧٠٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢/١٤٩، والطبرى فى جامع البيان، ٢٢/٦، ٧.

Marfat.com

اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک ونقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔'' [الأحزاب، ۳۳: ۳۳]۔'' اس حدیث کو امام مسلم، ابن ابی شیبہ اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

۲/۲۱۲۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ رضي الله عنهما رَبِيْبِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ [الأحزاب، ۳۳: ۳۳] فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها، فَدَعَا فَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا رضي الله عنهم فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ، وَعَلِيٌّ رضي الله عنه خَلْفَ ظَهْرِهِ فَجَلَّلَهُ بِكِسَاءٍ، ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي، فَأَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''پروردۂ نبی حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ پر حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں یہ آیت مبارکہ: ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک ونقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔'' [الأحزاب، ۳۳: ۳۳] نازل ہوئی۔ تو آپ ﷺ نے حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم کو بلایا اور ایک کملی میں ڈھانپ لیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پیچھے تھے، آپ ﷺ نے اُنہیں بھی کملی میں ڈھانپ لیا، پھر فرمایا: اِلٰہی! یہ میرے اہلِ بیت ہیں، ان سے (ہر طرح کی) نجاست دور کر اور انہیں خوب پاک وصاف کر دے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ۲: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: تفسير القرآن، باب: ومن سورة الأحزاب، ۵/۳۵۱، ۶۶۳، الرقم:۳۲۰۵، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۶/۲۹۲، وفی فضائل الصحابة، ۲/۵۸۷، الرقم:۹۹۴، والحاكم فی المستدرك، ۲/۴۵۱، الرقم: ۳۵۵۸، ۳/۱۵۸، الرقم: ۴۷۰۵، والطبرانی فی المعجم الكبير، ۳/۵۲، الرقم: ۲۶۶۲۔

Marfat.com

٢١٣/٣۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ كَانَ يَمُرُّ بِبَابِ فَاطِمَةَ سِتَّةَ أَشْهُرٍ إِذَا خَرَجَ إِلَى صَلَاةِ الْفَجْرِ، يَقُوْلُ: اَلصَّلَاةَ، يَا أَهْلَ الْبَيْتِ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾. [الأحزاب، ٣٣:٣٣]. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ چھ ماہ تک حضور نبی اکرم ﷺ کا یہ معمول رہا کہ جب نمازِ فجر کے لئے نکلتے اور حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کے دروازہ کے پاس سے گزرتے تو فرماتے: اے اہل بیت! نماز قائم کرو (اور پھر یہ آیتِ مبارکہ پڑھتے:) ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک ونقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے''۔ [الأحزاب، ٣٣:٣٣]۔

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٢١٤/٤۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ﴾[الأحزاب، ٣٣:٣٣]، قَالَ: نَزَلَتْ فِي خَمْسَةٍ: فِي رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، وَعَلِيٍّ، وَفَاطِمَةَ، وَالْحَسَنِ، وَالْحُسَيْنِ ﷺ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ٣: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة الأحزاب، ٥/٣٥٢، الرقم: ٣٢٠٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٢٥٩، ٢٨٥، وفى فضائل الصحابة، ٢/٧٦١، الرقم: ١٣٤٠، ١٣٤١، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٨٨، الرقم: ٣٢٢٧٢، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ٥/٣٦٠، الرقم: ٢٩٥٣، وعبد بن حميد فى المسند: ٣٦٧، الرقم: ١٢٢٢٣، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٧٢، الرقم: ٤٧٤٨۔

الحديث رقم ٤: أخرجه الطبرانى فى المعجم الأوسط، ٣/٣٨٠، الرقم: ٣٤٥٦، وفى المعجم الصغير، ١/٢٣١، الرقم: ٣٧٥، وابن حيان فى طبقات المحدثين بأصبهان، ٣/٣٨٤، والخطيب البغدادى فى تاريخ بغداد، ١٠/٢٧٨، والطبرى فى جامع البيان، ٢٢/٦۔

Marfat.com

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے اس اِرشاد مبارکہ: ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک ونقص کی گرد تک) دُور کر دے .....'' [الأحزاب، ۳۳: ۳۳] کے بارے میں فرمایا کہ یہ آیت مبارکہ پانچ ہستیوں ..... حضور نبی اکرم ﷺ، حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین ﷺ کے بارے میں نازل ہوئی۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي كَوْنِهَا سلام الله عليها بَضْعَةً مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کا جانِ مصطفیٰ ﷺ ہونے کا بیان﴾

٢١٥/٥۔ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنِّي، فَمَنْ أَغْضَبَهَا أَغْضَبَنِي. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُ لِلْبُخَارِيِّ.

''حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: فاطمہ میرے جسم کا ٹکڑا ہے، پس جس نے اسے ناراض کیا اُس نے مجھے ناراض کیا۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ امام بخاری کے ہیں۔

٢١٦/٦۔ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: إِنَّ عَلِيًّا خَطَبَ بِنْتَ أَبِي جَهْلٍ ..... قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ فَاطِمَةَ بَضْعَةٌ مِّنِّي، وَإِنِّي أَكْرَهُ أَنْ يَسُوْءَهَا، وَاللهِ، لَا تَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَبِنْتُ عَدُوِّ اللهِ عِنْدَ رَجُلٍ وَاحِدٍ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

الحديث رقم ٥: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المناقب، باب: مناقب قرابة رسول الله ﷺ، ٣/١٣٦١، الرقم: ٣٥١٠، وفي كتاب: المناقب، باب: مناقب فاطمة، ٣/١٣٧٤، الرقم: ٣٥٥٦، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل فاطمة بنت النبي ﷺ، ٤/١٩٠٣، الرقم: ٢٤٤٩، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٨٨، الرقم: ٣٢٢٦٩، وأبو عوانة فى المسند، ٣/٧٠، الرقم: ٤٢٣٣، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ٥/٣٦١، الرقم: ٢٩٥٤، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٠٢/٤٠٤، الرقم: ١٠١٢۔

الحديث رقم ٦: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المناقب، باب: ذكر أصهار النبي ﷺ، ٣/١٣٦٤، الرقم: ٣٥٢٣، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل فاطمة بنت النبي ﷺ، ٤/١٩٠٣، الرقم: ٢٤٤٨، وابن ماجه فى السنن، كتاب: النكاح، باب: الغيرة، ١/٦٤٤، الرقم: ١٩٩٩، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ٢/٧٥٩، الرقم: ١٣٣٥، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/٤٠٧، ٤٠٨، ٥٣٥، الرقم: ٦٩٥٦، ٦٩٥٧، ٧٠٦٠، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٠/١٨، ١٩، الرقم: ١٨، ١٩، ٢٢/٤٠٥، الرقم: ١٠١٣۔

Marfat.com

''حضرت مسور بن مخرمہ ؓ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے شک فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے اور مجھے ہرگز یہ پسند نہیں کہ کوئی شخص اسے تکلیف پہنچائے اللہ رب العزت کی قسم! کسی شخص کے گھر میں رسول اللہ اور اللہ تعالیٰ کے دشمن کی بیٹیاں جمع نہیں ہو سکتیں۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٧/٢١٧. عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ ؓ أَنَّهُ سمع رَسُوْلَ اللهِ ﷺ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: إِنَّ بَنِي هِشَامِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ اسْتَأْذَنُوْنِي أَنْ يُنْكِحُوْا ابْنَتَهُمْ، عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ ؓ. فَلَا آذَنُ لَهُمْ. ثُمَّ لَا آذَنُ لَهُمْ. ثُمَّ لَا آذَنُ لَهُمْ. وَقَالَ ﷺ: فَإِنَّمَا ابْنَتِي بَضْعَةٌ مِنِّي. يَرِيْبُنِي مَا رَابَهَا وَيُؤْذِيْنِي مَا آذَاهَا. رواهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُد وَابْنُ ماجه.

''حضرت مسور بن مخرمہ ؓ نے روایت کیا کہ انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو منبر پر فرماتے سنا نبی ہشام بن مغیرہ نے اپنی بیٹی کا حضرت علی سے رشتہ کرنے کی مجھ سے اجازت مانگی ہے۔ میں انہیں اجازت نہیں دیتا دوبارہ میں انہیں اجازت نہیں دیتا، سہ بارہ میں انہیں اجازت نہیں دیتا اور حضور نبی اکرم ﷺ نے یہ بھی فرمایا: میری بیٹی میرے جسم کا حصہ ہے، اس کی پریشانی مجھے پریشان کرتی ہے اور اس کی تکلیف مجھے تکلیف دیتی ہے۔''

اس حدیث کو امام مسلم، ترمذی، ابوداود اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٨/٢١٨. عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ ؓ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

الحديث رقم ٧: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل فاطمة بنت النبي ﷺ، ٤/١٩٠٢، الرقم: ٢٤٤٩، والترمذى فى السنن، كتاب: المناقب، باب: ماجاء في فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/٦٩٨، الرقم: ٣٨٦٧، وأبو داود فى السنن، كتاب: النكاح، باب: ما يكره أن يجمع بينهن من النسله، ٢/٢٢٦، الرقم: ٢٠٧١، وابن ماجه فى السنن، كتاب: النكاح، باب: الغيرة، ١/٦٤٣، الرقم: ١٩٩٨، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/١٤٧، الرقم: ٨٥١٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٣٢٨، وفى فضائل الصحابة، ٢/٧٥٦، الرقم:١٣٢٨.

الحديث رقم ٨: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل فاطمة بنت النبي ﷺ، ٤/١٩٠٣، الرقم: ٢٤٤٩، والنسائى فى السنن الكبرى، —

Marfat.com

إِنَّمَا فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي، يُؤْذِيْنِي مَا آذَاهَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت مسور بن مخرمہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: فاطمہ تو بس میرے جسم کا ٹکڑا ہے، اسے تکلیف دینے والی چیز مجھے تکلیف دیتی ہے۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

٩/٢١٩۔ **عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ** رضي الله عنهما **قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ** ﷺ: **إِنَّمَا فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنِّي، يُؤْذِيْنِي مَا آذَاهَا، وَيُنْصِبُنِي مَا أَنْصَبَهَا.**

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عبداللہ بن زبیر رضی الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: فاطمہ میری جگر گوشہ ہے، اسے تکلیف دینے والی چیز مجھے تکلیف دیتی ہے اور اسے مشقت میں ڈالنے والا مجھے مشقت میں ڈالتا ہے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٠/٢٢٠۔ **عَنْ عَلِيٍّ** ﷺ **قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ** ﷺ **لِفَاطِمَةَ** سلام الله عليها: **إِنَّ اللهَ يَغْضِبُ لِغَضَبِكِ، وَيَرْضَى لِرِضَاكِ.**

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

..... ٥/٩٧، الرقم: ٨٣٧٠، والبيهقى فى السنن الكبرى، ١٠/٢٠١، والشيبانى فى الأحاد والمثانى، ٥/٣٦١، الرقم: ٢٩٥٥، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٢/٤٠٤، الرقم: ١٠١٠، وأبونعيم فى حلية الأولياء، ٢/٤٠، والأندلسى فى تحفة المحتاج، ٢/٥٨٥، الرقم: ١٧٩٥.

الحديث رقم ٩: أخرجه الترمذى فى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/٦٩٨، الرقم: ٣٨٦٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٥، وفى فضائل الصحابة، ٢/٧٥٦، الرقم: ١٣٢٧، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٧٣، الرقم: ٤٧٥١، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٩/٣١٤، ٣١٥، الرقم: ٢٧٤، والعسقلانى فى فتح البارى، ٩/٣٢٩، والشوكانى فى درالسحابة، ١٦/٢٧٤.

الحديث رقم ١٠: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/١٦٧، الرقم: ٤٧٣٠، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ٥/٣٦٣، الرقم: ٢٩٥٩، والطبرانى فى المعجم ←

Marfat.com

''حضرت علی ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ تمہاری ناراضگی پر ناراض ہوتا ہے اور تمہاری رضا پر راضی ہوتا ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٢٢١ / ١١۔ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّمَا فَاطِمَةُ شَجْنَةٌ مِنِّي يَبْسُطُنِي مَا يَبْسُطُهَا وَيَقْبِضُنِي مَا يَقْبِضُهَا. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت مسور بن مخرمہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک فاطمہ میری شاخ ہے (یعنی مجھ سے ہے)، جس چیز سے اسے خوشی ہوتی ہے اس چیز سے مجھے بھی خوشی ہوتی ہے اور جس چیز سے اُسے تکلیف پہنچتی ہے اس چیز سے مجھے بھی تکلیف پہنچتی ہے۔'' اس حدیث کو امام احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

..... الكبير، ٩/١٠٨، الرقم: ١٨٢، ٢٢/٤٠١، الرقم: ١٠٠١، والدولابي في الذرية الطاهرة،٢/١٢٠، الرقم: ٢٣٥، والقزويني في التدوين في أخبار قزوين، ٣/١١.

الحديث رقم ١١: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٤/٣٣٢، وفي فضائل الصحابة، ٢/٧٦٥، الرقم: ١٣٤٧، والحاكم في المستدرك، ٣/١٦٨، الرقم: ٤٧٣٤، والشيباني في الآحاد والمثاني، ٥/٣٦٢، الرقم: ٢٩٥٦، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٠/٢٥، الرقم: ٣٠، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٣/٢٠٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٢٠٣.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَكَانَتِهَا سلام الله عليها عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿بارگاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

۱۲/۲۲۲۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: دَعَا النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَاطِمَةَ ابْنَتَهُ فِي شَكْوَاهُ الَّذِي قُبِضَ فِيهَا، فَسَارَّهَا بِشَيءٍ فَبَكَتْ، ثُمَّ دَعَاهَا فَسَارَّهَا فَضَحِكَتْ، قَالَتْ: فَسَأَلْتُهَا عَنْ ذَلِکَ، فَقَالَتْ: سَارَّنِي النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَأَخْبَرَنِي: أَنَّهُ يُقْبَضُ فِي وَجَعِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ، فَبَكَيْتُ، ثُمَّ سَارَّنِي فَأَخْبَرَنِي: أَنِّي أَوَّلُ أَهْلِ بَيْتِهِ أَتْبَعُهُ، فَضَحِكْتُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے مرضِ وصال میں اپنی صاحبزادی سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کو بلایا پھر ان سے کچھ سرگوشی فرمائی تو وہ رونے لگیں۔ پھر انہیں قریب بلا کر سرگوشی کی تو وہ ہنس پڑیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے اس بارے میں سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے پوچھا تو اُنہوں نے بتایا: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے کان میں فرمایا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسی مرض میں وصال ہو جائے گا۔ پس میں رونے لگی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سرگوشی کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہلِ بیت میں سب سے پہلے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملوں گی اس پر میں ہنس پڑی۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

الحديث رقم ۱۲: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: المناقب، باب: مناقب قرابة رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ۳/۱۳۶۱، الرقم: ۳۵۱۱، وكتاب: المناقب، باب: علامات النبوة في الإسلام، ۳/۱۳۲۷، الرقم: ۳٤۲۷، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل فاطمة بنت النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ٤/۱۹۰٤، الرقم: ۲٤٥۰، والنسائى فى فضائل الصحابة : ۷۷، الرقم: ۲۹٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦/۷۷، وفى فضائل الصحابة، ۲/۷٥٤، الرقم: ۱۳۲۲۔

Marfat.com

٢٢٣/١٣۔ عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرِ التَّيْمِيِّ ﷺ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عَمَّتِي عَلَى عَائِشَةَ رضي الله عنها، فَسُئِلَتْ: أَيُّ النَّاسِ كَانَ أَحَبَّ إِلَي رَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ قَالَتْ: فَاطِمَةُ، فَقِيْلَ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَتْ: زَوْجُهَا، إِنْ كَانَ مَا عَلِمْتُ صَوَّامًا قَوَّامًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت جمیع بن عمیر تیمی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنی پھوپھی کے ہمراہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور سوال کیا: حضور نبی اکرم ﷺ کو کون زیادہ محبوب تھا؟ اُمُّ المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: فاطمہ سلام اللہ علیہا۔ عرض کیا گیا: مردوں میں سے (کون زیادہ محبوب تھا)؟ آپ نے فرمایا: اُن کے شوہر (حضرت علی ﷺ)، جہاں تک میں جانتی ہوں وہ بہت زیادہ روزے رکھنے والے اور راتوں کو عبادت کے لئے بہت قیام کرنے والے تھے۔'' اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٢٤/١٤۔ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ أَحَبَّ النِّسَاءِ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَاطِمَةُ سلام الله عليها وَمِنَ الرِّجَالِ عَلِيٌّ ﷺ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت ابن بریدہ ﷺ اپنے والد محترم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ

الحديث رقم ١٣: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول ﷺ، باب: ماجاء في فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/٧٠١، الرقم: ٣٨٧٤، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٧١، الرقم: ٤٧٤٤، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٢/٤٠٣، ٤٠٤، الرقم: ١٠٠٨، ١٠٠٩، وابن الأثير فى أسد الغابة، ٧/٢١٩، والذهبى فى سير أعلام النبلاء، ٢/١٢٥، والمزى فى تهذيب الكمال، ٤/٥١٢، والشوكانى فى درالسحابة، ١/٢٧٣.

الحديث رقم ١٤: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/٦٩٨، الرقم: ٣٨٦٨، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/١٤٠، الرقم: ٨٤٩٨، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٦٨، الرقم: ٤٧٣٥، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٧/١٩٩، الرقم: ٧٢٦٢، والذهبى فى سير أعلام النبلاء، ٢/١٣١، والشوكانى فى درالسحابة، ١٠/٢٧٤.

Marfat.com

کو عورتوں میں سب سے زیادہ محبت حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا سے تھی اور مردوں میں سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ محبوب تھے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، نسائی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٢٥/١٥۔ عَنْ ثَوْبَانَ رضي الله عنه مَوْلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا سَافَرَ كَانَ آخِرُ عَهْدِهِ بِإِنْسَانٍ مِنْ أَهْلِهِ فَاطِمَةَ، وَأَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ عَلَيْهَا إِذَا قَدِمَ فَاطِمَةَ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ.

''حضور نبی اکرم ﷺ کے غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب سفر کا اِرادہ فرماتے تو اپنے اہل وعیال میں سے سب سے آخر میں جس شخص سے گفتگو فرما کر سفر پر روانہ ہوتے وہ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا ہوتیں اور سفر سے واپسی پر سب سے پہلے جس ہستی کے پاس تشریف لاتے وہ بھی حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا ہوتیں۔''

اس حدیث کو امام ابوداود اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٢٢٦/١٦۔ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا رَآهَا قَدْ أَقْبَلَتْ رَحَّبَ بِهَا، ثُمَّ قَامَ إِلَيْهَا فَقَبَّلَهَا، ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِهَا فَجَاءَ بِهَا حَتَّى يُجْلِسَهَا فِي مَكَانِهِ. وَكَانَتْ إِذَا رَأَتِ النَّبِيَّ ﷺ رَحَّبَتْ بِهِ، ثُمَّ قَامَتْ إِلَيْهِ فَقَبَّلَتْهُ ﷺ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

الحديث رقم ١٥: أخرجه أبوداود فى السنن، ٤/٨٧، الرقم: ٤٢١٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٢٧٥، والبيهقى فى السنن الكبرى، ١/٢٦، وزيد البغدادي فى تركة النبى ﷺ: ٥٧.

الحديث رقم ١٦: أخرجه النسائى فى السنن الكبرى، ٥/٣٩١، ٣٩٢، الرقم: ٩٢٣٦، ٩٢٣٧، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/٤٠٣، الرقم: ٦٩٥٣، والحاكم فى المستدرك، ٤/٣٠٣، الرقم: ٧٧١٥، والبخارى فى الأدب المفرد، ١/٣٣٦، الرقم : ٩٤٧، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ٥/٣٦٧، الرقم: ٢٩٦٧، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٤/٢٤٢، الرقم: ٤٠٨٩، والدولابى فى الذرية الطاهرة، ١/١٠٠، الرقم: ١٨٤.

Marfat.com

''ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کو آتے ہوئے دیکھتے تو انہیں خوش آمدید کہتے، پھر ان کی خاطر کھڑے ہو جاتے، انہیں بوسہ دیتے، ان کا ہاتھ پکڑ کر لاتے اور انہیں اپنی نشست پر بٹھا لیتے اور جب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا حضور نبی اکرم ﷺ کو اپنی طرف تشریف لاتے ہوئے دیکھتیں تو خوش آمدید کہتیں پھر کھڑی ہو جاتیں اور آپ ﷺ کو بوسہ دیتیں۔''

اس حدیث کو امام نسائی اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

١٧/٢٢٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ ﷺ إِلَى عَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ سلام الله عليهم، فَقَالَ: أَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَكُمْ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین ﷺ کی طرف نظرِ التفات کی اور فرمایا: جو تم سے لڑے گا میں اس سے لڑوں گا، جو تم سے صلح کرے گا میں اُس سے صلح کروں گا (یعنی جو تمہارا دشمن ہے وہ میرا دشمن ہے اور جو تمہارا دوست ہے وہ میرا بھی دوست ہے)۔''

اس حدیث کو امام احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

١٨/٢٢٨۔ عَنْ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَتْ

الحديث رقم ١٧: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٤٤٢، وفى فضائل الصحابة، ٢/٧٦٧، الرقم: ١٣٥٠، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٦١، الرقم: ٤٧١٣، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٤٠، الرقم: ٢٦٢١، والخطيب البغدادى فى تاريخ بغداد، ٧/١٣٧، والذهبى فى سير أعلام النبلاء، ٢/١٢٢، ٣/٢٥٧، ٢٥٨۔

الحديث رقم ١٨: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/١٦٧، الرقم: ٤٧٣٢، والنسائى في فضائل الصحابة، ١/٧٨، الرقم: ٢٦٤، وابن راهويه فى المسند، ١/٨، الرقم: ٦، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٧/١٠١، وفى شعب الإيمان، ٦/٤٦٧، الرقم: ٨٩٢٧، والمقرى فى تقبيل اليد، ١/٩١، والعسقلانى فى فتح البارى، ١١/٥٠۔

Marfat.com

فَاطِمَةُ إِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ ﷺ رَحَّبَ بِهَا وَقَامَ إِلَيْهَا فَأَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَأَجْلَسَهَا فِي مَجْلَسِهِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتیں تو حضور نبی اکرم ﷺ سیدہ سلام اللہ علیہا کو خوش آمدید کہتے، کھڑے ہو کر ان کا استقبال کرتے، ان کا ہاتھ پکڑ کر بوسہ دیتے اور انہیں اپنی نشست پر بٹھا لیتے۔'' اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٢٩/١٩۔ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَتْ فَاطِمَةُ سلام الله عليها إِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ ﷺ قَامَ إِلَيْهَا فَقَبَّلَهَا وَرَحَّبَ بِهَا وَأَخَذَ بِيَدِهَا، فَأَجْلَسَهَا فِي مَجْلَسِهِ، وَكَانَتْ هِيَ إِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ قَامَتْ إِلَيْهِ مُسْتَقْبِلَةً وَقَبَّلَتْ يَدَهُ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا جب حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتیں تو حضور نبی اکرم ﷺ کھڑے ہو کر ان کا استقبال فرماتے، انہیں بوسہ دیتے، خوش آمدید کہتے اور ان کا ہاتھ پکڑ کر اپنی نشست پر بٹھا لیتے، اور جب آپ ﷺ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے ہاں رونق افروز ہوتے تو سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا بھی آپ ﷺ کے استقبال کے لئے کھڑی ہو جاتیں اور آپ ﷺ کے دستِ اقدس کو بوسہ دیتیں۔'' اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٣٠/٢٠۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ إِذَا سَافَرَ

الحديث رقم ١٩: أخرجه الحاكم فی المستدرك، ٣/١٧٤، الرقم: ٤٧٥٣، ومحب الدين الطبری فی ذخائر العقبی، ١/ ٨٥، والهيثمی فی موارد الظمآن، ١/ ٥٤٩، الرقم: ٢٢٢٣، والعسقلانی فی فتح الباری، ١١/ ٥٠، والشوكانی فی درالسحابة، ١/ ٢٧٩۔

الحديث رقم ٢٠: أخرجه الحاكم فی المستدرك، ٣/١٦٩، ١٧٠، الرقم: ٤٧٣٩، ٤٧٤٠، وابن حبان فی الصحيح، ٢/ ٤٧٠، ٤٧١، الرقم: ٦٩٦، والهيثمی فی موارد الظمآن: ٦٣١، الرقم: ٢٥٤٠، وابن عساكر فی تاريخ دمشق الكبير، ٤٣/ ١٤١۔

Marfat.com

كَانَ آخِرُ النَّاسِ عَهْدًا بِهِ فَاطِمَةَ، وَإِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ كَانَ أَوَّلُ النَّاسِ بِهِ عَهْدًا فَاطِمَةَ سلام الله عليها فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: فِدَاكِ أَبِي وَأُمِّي.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنے اہل وعیال میں سے سب سے آخر میں جس شخص سے گفتگو کر کے سفر پر روانہ ہوتے وہ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا ہوتیں، اور سفر سے واپسی پر سب سے پہلے جس شخصیت کے پاس تشریف لاتے وہ بھی سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا ہی ہوتیں، اور یہ کہ حضور نبی اکرم ﷺ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرماتے: (فاطمہ!) میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

٢١/٢٣١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ﷺ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَيُّمَا أَحَبُّ إِلَيْکَ أَنَا أَمْ فَاطِمَةُ؟ قَالَ: فَاطِمَةُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْکَ، وَأَنْتَ أَعَزُّ عَلَيَّ مِنْهَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی ﷺ نے (بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں) عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کو میرے اور سیدہ فاطمہ میں سے کون زیادہ محبوب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: فاطمہ مجھے تم سے زیادہ پیاری ہے، اور تم میرے نزدیک اس سے زیادہ عزیز ہو۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢١: أخرجه الطبراني فى المعجم الأوسط، ٧/٣٤٣، الرقم: ٧٦٧٥، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/١٧٣، والمناوى فى فيض القدير، ٤/٤٢٢.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي كَوْنِهَا سلام الله عليها سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کا سارے جہانوں کی عورتوں کی سردار ہونے کا بیان﴾

٢٢/٢٣٢۔ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَا فَاطِمَةُ، أَلاَ تَرْضَيْنَ أَنْ تَكُوْنِي سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ، أَوْ سَيِّدَةَ نِسَاءِ هَذِهِ الْأُمَّةِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''اُمُّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا: اے فاطمہ! کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تم مسلمان عورتوں کی سردار ہو یا میری اِس اُمت کی سب عورتوں کی سردار ہو!۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٢٣/٢٣٣۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: أَقْبَلَتْ فَاطِمَةُ تَمْشِي كَأَنَّ مِشْيَتَهَا مَشْيُ النَّبِيِّ ﷺ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَرْحَبًا بِابْنَتِي ثُمَّ أَجْلَسَهَا عَنْ يَمِيْنِهِ أَوْ عَنْ شِمَالِهِ، ثُمَّ أَسَرَّ إِلَيْهَا حَدِيْثًا فَبَكَتْ، فَقُلْتُ لَهَا: لِمَ تَبْكِيْنَ؟ ثُمَّ أَسَرَّ إِلَيْهَا حَدِيْثًا فَضَحِكَتْ، فَقُلْتُ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ فَرَحًا أَقْرَبَ مِنْ حُزْنٍ، فَسَأَلْتُهَا عَمَّا قَالَ، فَقَالَتْ: مَا كُنْتُ لِأُفْشِيَ سِرَّ رَسُوْلِ

الحديث رقم ٢٢: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الاستئذان، باب: من ناجى بين يدي الناس ولم يخبر بسر صاحبه، ٥/٢٣١٧، الرقم: ٥٩٢٨، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل فاطمة بنت النبي ﷺ، ٤/١٩٠٥، الرقم: ٢٤٥٠، والنسائى فى فضائل الصحابة، ١/٧٧، الرقم: ٢٦٣، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ٢/٧٦٢، الرقم: ١٣٤٢، والطيالسى فى المسند، ١/١٩٦، الرقم: ١٣٧٣، وابن سعد فى الطبقات الكبرى، ٢/٢٤٧۔

الحديث رقم ٢٣: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المناقب، باب: علامات النبوة في الإسلام، ٣/١٣٢٦، ١٣٢٧، الرقم: ٣٤٢٦، ٣٤٢٧، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل فاطمة بنت النبي ﷺ، ٤/١٩٠٤، الرقم: ٢٤٥٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٢٨٢۔

Marfat.com

اللهِ ﷺ، حَتَّى قُبِضَ النَّبِيُّ ﷺ فَسَأَلْتُهَا، فَقَالَتْ: أَسَرَّ إِلَيَّ: إِنَّ جِبْرِيْلَ كَانَ يُعَارِضُنِي الْقُرْآنَ كُلَّ سَنَةٍ مَرَّةً، وَإِنَّهُ عَارَضَنِي الْعَامَ مَرَّتَيْنِ، وَلَا أُرَاهُ إِلَّا حَضَرَ أَجَلِي، وَإِنَّكِ أَوَّلُ أَهْلِ بَيْتِي لَحَاقًا بِي. فَبَكَيْتُ، فَقَالَ: أَمَا تَرْضَيْنَ، أَنْ تَكُوْنِي سَيِّدَةَ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، أَوْ نِسَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَضَحِكْتُ لِذَلِكَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا تشریف لائیں اور ان کا چلنا ہو بہو حضور نبی اکرم ﷺ کے چلنے جیسا تھا۔ پس آپ ﷺ نے اپنی لختِ جگر کو خوش آمدید کہا اور اپنے دائیں یا بائیں جانب بٹھا لیا، پھر چپکے سے ان سے کوئی بات کہی تو وہ رونے لگیں۔ تو میں نے ان سے پوچھا آپ کیوں رو رہی ہیں؟ پھر آپ ﷺ نے اُن سے کوئی بات چپکے سے کہی تو وہ ہنس پڑیں۔ پس میں نے کہا کہ آج کی طرح میں نے خوشی کو غم کے اتنے نزدیک کبھی نہیں دیکھا۔ میں نے (حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا سے) پوچھا: آپ سے حضور نبی اکرم ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟ انہوں نے جواب دیا: میں رسول اللہ ﷺ کے راز کو ظاہر نہیں کر سکتی۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ کا وِصال ہو گیا تو میں نے ان سے (اُس بارے میں) پھر پوچھا تو اُنہوں نے جواب دیا: آپ ﷺ نے مجھ سے یہ سرگوشی کی تھی کہ جبرائیل علیہ السلام ہر سال میرے ساتھ قرآن مجید کا ایک بار دَور کیا کرتے تھے لیکن اس سال دو مرتبہ دَور کیا ہے، میرا خیال یہی ہے کہ میرا آخری وقت آ پہنچا ہے اور بے شک میرے گھر والوں میں سے تم ہو جو سب سے پہلے مجھ سے آ ملو گی۔ اس بات نے مجھے رلا دیا، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ تم تمام جنتی عورتوں کی سردار ہو یا تمام مسلمان عورتوں کی سردار ہو! تو اس بات پر میں ہنس پڑی۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٢٣٤/٢٤۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ هَذَا

الحديث رقم ٢٤: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب الحسن والحسين، ٥/٦٦٠، الرقم: ٣٨٨١، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/٨٠،٩٥، الرقم: ٨٢٩٨، ٨٣٦٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣٩١، وفى فضائل الصحابة، ٢/٧٨٨، الرقم: ١٤٠٦، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٨٨، الرقم: ٣٢٢٧١، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٦٤، الرقم: ٤٧٢١، ٤٧٢٢۔

Marfat.com

مَلَكٌ لَمْ يَنْزِلِ الْأَرْضَ قَطُّ قَبْلَ هَذِهِ اللَّيْلَةِ اسْتَأْذَنَ رَبَّهُ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَيَّ وَيُبَشِّرَنِي بِأَنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَأَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک فرشتہ جو اِس رات سے پہلے کبھی زمین پر نہ اُترا تھا، اُس نے اپنے پروردگار سے اِجازت مانگی کہ مجھے سلام کرنے حاضر ہو اور مجھے یہ خوشخبری دے کہ (میری لختِ جگر) فاطمہ اہلِ جنت کی تمام عورتوں کی سردار ہے اور (میرے بیٹے) حسن و حسین جنت کے جوانوں کے سردار ہیں۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٢٣٥ / ٢٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: خَطَّ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ خُطُوْطٍ. قَالَ: تَدْرُوْنَ مَا هَذَا؟ فَقَالُوْا: اللهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: أَفْضَلُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ: خَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَفَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ، وَآسِيَةُ بِنْتُ مُزَاحِمٍ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ، وَمَرْيَمُ ابْنَةُ عِمْرَانَ رضي الله عنهن اجمعين. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زمین پر چار لکیریں کھینچیں اور فرمایا: تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ اور اُس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہتر جانتے ہیں پھر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اہلِ جنت کی عورتوں میں سے افضل ترین (چار) ہیں: خدیجہ بنت خویلد، فاطمہ بنت محمد، فرعون کی بیوی آسیہ بنت مزاحم اور مریم بنت عمران رضی اللہ عنہن اجمعین۔'' اسے امام احمد اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٥: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١ / ٢٩٣، ٣١٦، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥ / ٩٣، ٩٤، الرقم: ٨٣٥٥، ٨٣٦٤، وفى فضائل الصحابة: ٧٤، ٧٦، الرقم: ٢٥٠، ٢٥٩، وابن حبان فى الصحيح، ١٥ / ٤٧٠، الرقم: ٧٠١٠، والحاكم فى المستدرك، ٢ / ٥٣٩، الرقم: ٣٨٣٦، ٣ / ١٧٤، الرقم: ٤٧٥٢، ٤٧٥٤، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ٢ / ٧٦٠، ٧٦١، الرقم: ١٣٣٩.

Marfat.com

٢٣٦ / ٢٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ وَهُوَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيْهِ: يَا فَاطِمَةُ، أَلَا تَرْضَيْنَ أَنْ تَكُوْنِي سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ وَسَيِّدَةَ نِسَاءِ هَذِهِ الْأُمَّةِ وَسَيِّدَةَ نِسَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے فاطمہ! کیا تم نہیں چاہتی کہ تم تمام جہانوں کی عورتوں، میری اس اُمت کی تمام عورتوں کی اور مؤمنین کی تمام عورتوں کی سردار ہو!۔'' اسے امام نسائی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٣٧ / ٢٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ مَلَكًا مِنَ السَّمَاءِ لَمْ يَكُنْ زَارَنِي، فَاسْتَأْذَنَ اللهَ فِي زِيَارَتِي، فَبَشَّرَنِي أَوْ أَخْبَرَنِي: أَنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ أُمَّتِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْكَبِيْرِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آسمان کے ایک فرشتے نے میری زیارت نہیں کی تھی، پس اُس نے اللہ تعالیٰ سے میری زیارت کی اجازت لی اور اُس نے مجھے خوشخبری سنائی (یا) مجھے خبر دی کہ (میری لختِ جگر) فاطمہ میری اُمت کی تمام عورتوں کی سردار ہے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے اور امام بخاری نے 'التاریخ الکبیر' میں روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٦: أخرجه النسائی فی السنن الكبرى، ٤ / ٢٥١، الرقم: ٧٠٧٨، ٥ / ١٤٦، الرقم: ٨٥١٧، والحاكم فی المستدرك، ٣ / ١٧٠، الرقم: ٤٧٤٠، وابن سعد فی الطبقات الكبرى، ٢ / ٢٤٧، ٢٤٨، ٨ / ٢٦، ٢٧، وابن الأثير فی أسد الغابة، ٧ / ٢١٨۔

الحديث رقم ٢٧: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٢٢ / ٤٠٣، الرقم: ١٠٠٦، والبخاری فی التاريخ الكبير، ١ / ٢٣٢، الرقم: ٧٢٨، والذهبی فی سير أعلام النبلاء، ٢ / ١٢٧، والمزی فی تهذيب الكمال، ٢٦ / ٣٩١۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِيْمَا يَتَعَلَّقُ بِزَوَاجِهَا سلام الله عليها

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی شادی سے متعلقہ مناقب کا بیان﴾

٢٣٨/٢٨۔ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: إِنَّ فَاطِمَةَ بَضْعَةٌ مِّنِّي، وَإِنِّي أَكْرَهُ أَنْ يَسُوْءَهَا، وَاللهِ لَا تَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم وَبِنْتُ عَدُوِّ اللهِ عِنْدَ رَجُلٍ وَاحِدٍ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے اور اُس کی ناراضگی مجھے پسند نہیں۔ خدا کی قسم! کسی شخص کے پاس رسول اللہ اور اللہ تعالیٰ کے دشمن کی بیٹیاں جمع نہیں ہوسکتیں۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٢٣٩/٢٩۔ عَنْ بُرَيْدَةَ رضی الله عنه قَالَ: فَلَمَّا كَانَ لَيْلَةَ الْبَنَاءِ، قَالَ: يَا عَلِيُّ، لَا تُحْدِثْ شَيْئًا حَتَّى تَلْقَانِي، فَدَعَا النَّبِيُّ صلی الله عليه وآله وسلم بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ مِنْهُ ثُمَّ أَفْرَغَهُ عَلَى عَلِيٍّ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، بَارِكْ فِيْهِمَا وَبَارِكْ عَلَيْهِمَا وَبَارِكْ لَهُمَا

الحديث رقم ٢٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المناقب، باب: ذكر أصهار النبي صلی الله عليه وآله وسلم، ٣/١٣٦٤، الرقم: ٣٥٢٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل فاطمة بنت النبي صلی الله عليه وآله وسلم، ٤/١٩٠٣، الرقم: ٢٤٤٨، وابن ماجه فی السنن، كتاب: النكاح، باب: الغيرة، ١/٦٤٤، الرقم: ١٩٩٩، وأحمد بن حنبل فی فضائل الصحابة، ٢/٧٥٩، الرقم: ١٣٣٥، وابن حبان فی الصحيح، ١٥/٤٠٧،٤٠٨،٥٣٥، الرقم: ٦٩٥٦،٦٩٥٧،٧٠٦٠، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٢٠/١٨،١٩، الرقم: ١٨،١٩، ٢٢/٤٠٥، الرقم: ١٠١٣۔

الحديث رقم ٢٩: أخرجه النسائی فی السنن الكبرى، ٦/٧٦، الرقم: ١٠٠٨٨، وفی عمل اليوم والليلة : ٢٥٣، الرقم: ٢٥٨، والرويانی فی المسند، ١/٧٧، الرقم: ٣٥، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٢/٢٠، الرقم: ١١٥٣، وابن الأثير فی أسد الغابة، ٧/٢١٧، وابن سعد فی الطبقات الكبرى، ٨/٢١، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٩/٢٠٩۔

Marfat.com

فِي شِبْلِهِمَا. وفي رواية عنه: وَبَارِكْ لَهُمَا فِي نَسْلِهِمَا.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت بریدہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی علیہ السلام اور سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی شادی کی رات حضرت علی ﷺ سے فرمایا: مجھے ملے بغیر کوئی عمل نہ کرنا پھر آپ ﷺ نے پانی منگوایا، اس سے وضو کیا پھر حضرت علی ﷺ پر پانی ڈال کر فرمایا: اے اللہ! ان دونوں کے حق میں اور ان دونوں پر برکت نازل فرما، اور ان دونوں کے لئے ان کی اولاد میں برکت عطا فرما۔''

اس حدیث کو امام نسائی اور امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا: ''ان دونوں کے لیے ان کی آل میں برکت عطا فرما۔''

٢٤٠ / ٣٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ، عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، قَالَ: إِنَّ اللهَ أَمَرَنِي أَنْ أُزَوِّجَ فَاطِمَةَ مِنْ عَلِيٍّ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں فاطمہ کا نکاح علی سے کر دوں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٠: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ١٠/١٥٦، الرقم: ١٠٣٠٥، والحسينی فی البيان والتعريف، ١/١٧٤، الرقم: ٤٥٥، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٩/٢٠٤، والحلبی فی الكشف الحثيث، ١/١٧٤، والمناوی فی فيض القدير، ٢/٢١٥.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَكَانِتِهَا سلام الله عليها يَوْمَ الْقِيَامَةِ

﴿روزِ قیامت سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٢٤١ / ٣١۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم لِفَاطِمَةَ: إِنِّي وَإِيَّاكِ وَهَذَيْنِ وَهَذَا الرَّاقِدَ فِي مَكَانٍ وَاحِدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَزَّارُ.

''حضرت علی رضی الله عنه روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا: (اے فاطمہ!) میں، تم اور یہ دونوں (حسن و حسین) اور یہ سونے والا (حضرت علی رضی الله عنه کیونکہ اس وقت آپ سوکر اٹھے تھے) روزِ قیامت ایک ہی جگہ ہوں گے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور بزار نے روایت کیا ہے۔

٢٤٢ / ٣٢۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: إِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ نَادَى مُنَادٍ مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ: يَا أَهْلَ الْجَمْعِ، غُضُّوْا أَبْصَارَكُمْ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ صلی الله عليه وآله وسلم حَتَّى تَمُرَّ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت علی رضی الله عنه بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے دن ایک نداء دینے والا پردے کے پیچھے سے آواز دے گا: اے اہلِ محشر! اپنی نگاہیں جھکا لو تاکہ فاطمہ بنت مصطفیٰ صلی الله عليه وآله وسلم گزر جائیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣١: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١/١٠١، وفى فضائل الصحابة، ٢/٦٩٢، الرقم: ١١٨٣، والبزار فى المسند، ٣/٢٩، ٣٠، الرقم: ٧٧٩، والشيبانى فى السنة، ٢/٥٩٨، الرقم: ١٣٢٢، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/١٦٩، ١٧٠، وابن الأثير فى أسد الغابة ٧/٢٢٠.

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/١٦٦، الرقم: ٤٧٢٨، ومحب الدين الطبرى فى ذخائر العقبى، ١/٩٤، وابن الأثير فى أسد الغابة، ٧/٢٢٠.

Marfat.com

٢٤٣/٣٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: تُبْعَثُ الْأَنْبِيَاءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى الدَّوَابِ لِيُوَافُوْا بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ قَوْمِهِمُ الْمُحَشَّرِ، وَيُبْعَثُ صَالِحٌ عَلَى نَاقَتِهِ، وَأُبْعَثُ عَلَى الْبُرَاقِ خَطْوُهَا عِنْدَ أَقْصَى طَرَفِهَا، وَتُبْعَثُ فَاطِمَةُ أَمَامِي. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انبیاءِ کرام قیامت کے دن سواری کے جانوروں پر سوار ہو کر اپنی اپنی قوم کے مسلمانوں کے ساتھ میدانِ محشر میں تشریف لائیں گے اور حضرت صالح علیہ السلام اپنی اونٹنی پر لائے جائیں گے اور مجھے براق پر لایا جائے گا، جس کا قدم اُس کی منتہائے نگاہ پر پڑے گا اور میرے آگے آگے سیدہ فاطمہ ہوں گی۔'' اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٤٤/٣٤۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أَوَّلَ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَنَا وَفَاطِمَةُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ. قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، فَمُحِبُّوْنَا؟ قَالَ: مِنْ وَرَائِكُمْ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت علی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے بتایا: (میرے ساتھ) سب سے پہلے جنت میں داخل ہونے والوں میں، میں (یعنی حضرت علی خود)، فاطمہ، حسن اور حسین ہوں گے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم سے محبت کرنے والے کہاں ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے پیچھے ہوں گے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

٢٤٥/٣٥۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: قَالَ: أَنَا وَعَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ

الحديث رقم ٣٣: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/١٦٦، الرقم: ٤٧٢٧.

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/١٦٤، الرقم: ٤٧٢٣، وابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ١٤/١٧٣، والهندى فى كنز العمال، ١٢/٩٨، الرقم: ٣٤١٦٦، والهيتمى فى الصواعق المحرقه، ٢/٤٤٨، ومحب الدين الطبرى فى ذخائر العقبى، ١/٢١٤.

الحديث رقم ٣٥: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٤١، الرقم: ٢٦٢٣، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/١٧٤.

Marfat.com

وَحَسَنٌ وَحُسَيْنٌ مُجْتَمِعُوْنَ وَمَنْ أَحَبَّنَا، يَوْمَ الْقِيَامَةِ نَأْكُلُ وَنَشْرَبُ حَتَّى يُفَرَّقَ بَيْنَ الْعِبَادِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں، علی، فاطمہ، حسن و حسین اور ہم سے محبت کرنے والے سب روزِ قیامت ایک ہی جگہ اکٹھے ہوں گے۔ قیامت کے دن ہمارا کھانا پینا بھی اکٹھا ہوگا، یہاں تک کہ لوگوں میں فیصلے کر دیئے جائیں گے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٢٤٦ / ٣٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم: يُنَادِي مُنَادٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: غُضُّوْا أَبْصَارَكُمْ حَتَّى تَمُرَّ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم. رَوَاهُ الْخَطِيْبُ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: روزِ قیامت ایک ندا دینے والا آواز دے گا: اپنی نگاہیں جھکا لو تاکہ فاطمہ بنت محمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گزر جائیں۔''

اس حدیث کو خطیب بغدادی نے روایت کیا ہے۔

٢٤٧ / ٣٧۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حُمِلْتُ عَلَى الْبُرَاقِ وَحُمِلَتْ فَاطِمَةُ عَلَى نَاقَةِ الْعُضْبَاءِ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن مجھے براق پر اور سیدہ فاطمہ کو میری سواری عضباء پر بٹھایا جائے گا۔''

اس حدیث کو امام ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٦: أخرجه الخطيب البغدادی فی تاريخ بغداد، ٨ / ١٤٢، ومحب الدين الطبری فی ذخائر العقبی، ١ / : ٩٤۔

الحديث رقم ٣٧: أخرجه ابن عساكر فی تاريخ دمشق الكبير، ١٠ / ٣٥٣۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ فَاطِمَةَ سلام الله عليها

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے جامع مناقب کا بیان﴾

٣٨/٢٤٨۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: دَعَا النَّبِيُّ ﷺ فَاطِمَةَ ابْنَتَهُ فِي شَكْوَاهُ الَّذِي قُبِضَ فِيْهَا، فَسَارَّهَا بِشَيءٍ فَبَكَتْ، ثُمَّ دَعَاهَا فَسَارَّهَا فَضَحِكَتْ، قَالَتْ: فَسَأَلْتُهَا عَنْ ذَلِکَ، فَقَالَتْ: سَارَّنِي النَّبِيُّ ﷺ فَأَخْبَرَنِي: أَنَّهُ يُقْبَضُ فِي وَجَعِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيْهِ، فَبَكَيْتُ، ثُمَّ سَارَّنِي فَأَخْبَرَنِي أَنِّي أَوَّلُ أَهْلِ بَيْتِهِ أَتْبَعُهُ، فَضَحِكْتُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے مرض وصال میں اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا پھر ان سے سرگوشی فرمائی تو وہ رونے لگیں۔ پھر انہیں قریب بلا کر کچھ سرگوشی کی تو وہ ہنس پڑیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے اس بارے میں سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے پوچھا تو اُنہوں نے بتایا: حضور نبی اکرم ﷺ نے میرے کان میں فرمایا کہ آپ ﷺ کا اسی مرض میں وصال ہو جائے گا۔ پس میں رونے لگی، پھر آپ ﷺ نے سرگوشی کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ میرے اہلِ بیت میں سب سے پہلے تم میرے بعد آؤ گی اس پر میں ہنس پڑی۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٣٩/٢٤٩۔ عَنْ مَسْرُوْقٍ حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ أُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضي الله عنها

الحديث رقم ٣٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: مناقب قرابة رسول الله ﷺ، ٣/١٣٦١، الرقم: ٣٥١١، وفي كتاب: المناقب، باب: علامات النبوة في الإسلام، ٣/١٣٢٧، الرقم: ٣٤٢٧، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل فاطمة بنت النبي ﷺ، ٤/١٩٠٤، الرقم: ٢٤٥٠، والنسائي في فضائل الصحابة : ٧٧، الرقم: ٢٩٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٧٧، وفي فضائل الصحابة، ٢/٧٥٤، الرقم: ١٣٢٢۔

الحديث رقم ٣٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الاستئذان، باب: من ناجى بين الناس ومن لم يسر صاحبه فإذا مات أخبر به، ٥/٢٣١٧، الرقم: ٥٩٢٨، ←

Marfat.com

قَالَتْ: إِنَّا كُنَّا أَزْوَاجَ النَّبِيِّ ﷺ عِنْدَهُ جَمِيْعًا، لَمْ تُغَادَرْ مِنَّا وَاحِدَةٌ، فَأَقْبَلَتْ فَاطِمَةُ عليها السلام تَمْشِي، وَلاَ وَاللهِ، مَا تَخْفَى مِشْيَتُهَا مِنْ مِشْيَةِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِلْبُخَارِيِّ.

''حضرت مسروق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ اُمُّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ہم حضور نبی اکرم ﷺ کی اَزواجِ مطہرات آپ ﷺ کے پاس جمع تھیں اور کوئی ایک بھی ہم میں سے غیر حاضر نہ تھی، اِتنے میں حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا وہاں تشریف لے آئیں، تو اللہ کی قسم! اُن کا چلنا حضور نبی اکرم ﷺ کے چلنے سے ذَرّہ بھر مختلف نہ تھا۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ بخاری کے ہیں۔

٢٥٠ / ٤٠۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: اجْتَمَعَ نِسَاءُ النَّبِيِّ ﷺ، فَلَمْ يُغَادِرْ مِنْهُنَّ امْرَأَةً، فَجَاءَتْ فَاطِمَةُ تَمْشِي كَأَنَّ مِشْيَتَهَا مِشْيَةُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِابْنَتِي. فَأَجْلَسَهَا عَنْ يَمِيْنِهِ أَوْ عَنْ شِمَالِهِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ مَاجَه وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی تمام

..... ومسلم فی الصحیح، کتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل فاطمة بنت النبي ﷺ، ٤/ ١٩٠٥، الرقم: ٢٤٥٠، والنسائی فی فضائل الصحابة : ٧٧، الرقم: ٢٦٣، وأحمد بن حنبل فی فضائل الصحابة، ٢/ ٧٦٢، الرقم: ١٣٤٢، والطیالسی فی المسند، ١/ ١٩٦، الرقم: ١٣٧٣، وابن سعد فی الطبقات الکبری، ٢/ ٢٤٧، والدولابی فی الذریة الطاهرة، ١/ ١٠١، ١٠٢، الرقم: ١٨٨۔

الحدیث رقم ٤٠: أخرجه مسلم فی الصحیح، کتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل فاطمة بنت النبي ﷺ، ٤/ ١٩٠٥، ١٩٠٦، الرقم: ٢٤٥٠، وابن ماجه فی السنن، کتاب: ماجاء في الجنائز، باب: ماجاء في ذکر مرض رسول الله ﷺ، ١/ ٥١٨، الرقم: ١٦٢٠، والنسائی فی السنن الکبری، ٤/ ٢٥١، الرقم: ٧٠٧٨، ٥/ ٩٦، ١٤٦، الرقم: ٨٣٦٨، ٨٥١٦، ٨٥١٧، وفی فضائل الصحابة، ٧٧، الرقم: ٢٦٣، وفی کتاب الوفاة، ١/ ٢٠، الرقم: ٢۔

Marfat.com

اَزواج جمع تھیں اور کوئی بھی غیر حاضر نہیں تھی۔ اتنے میں حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا آئیں جن کی چال رسول اللہ ﷺ کی چال کے مشابہ تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مرحبا (خوش آمدید) میری بیٹی! پھر اُنہیں اپنی دائیں یا بائیں جانب بٹھا لیا۔"

اسے امام مسلم، ابن ماجہ اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

۲۵۱ / ۴۱۔ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَشْبَهَ سَمْتًا وَدَلًّا وَهَدْيًا بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِي قِيَامِهَا وَقُعُوْدِهَا مِنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ ..... الحديث. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

"اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی صاحبزادی سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے بڑھ کر کسی کو عادات و اَطوار، سیرت و کردار اور نشست و برخاست میں آپ ﷺ سے مشابہت رکھنے والا نہیں دیکھا۔"

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابوداود نے روایت کیا ہے۔

۲۵۲ / ۴۲۔ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ كَانَ أَشْبَهَ بِالنَّبِيِّ ﷺ كَلَامًا وَلَا حَدِيْثًا وَلَا جَلْسَةً مِنْ فَاطِمَةَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

الحديث رقم ٤١: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب، باب: ماجاء في فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥ / ٧٠٠، الرقم: ٣٨٧٢، وأبوداود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: ماجاء في القيام، ٤ / ٣٥٥، الرقم: ٥٢١٧، والنسائی فی فضائل الصحابة : ٧٨، الرقم: ٢٦٤، والحاكم فی المستدرك، ٤ / ٣٠٣، الرقم: ٧٧١٥، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٥ / ٩٦، وابن سعد فی الطبقات الكبرى، ٢ / ٢٤٨، وابن جوزی فی صفة الصفوة، ٢ / ٦، ٧۔

الحديث رقم ٤٢: أخرجه البخاری فی الأدب المفرد، ١ / ٣٢٦، ٣٧٧، الرقم: ٩٤٧، ٩٧١، والنسائی فی السنن الكبرى، ٥ / ٣٩١، الرقم: ٩٢٣٦، وابن حبان فی الصحيح، ١٥ / ٤٠٣، الرقم: ٦٩٥٣، والحاكم في المستدرك، ٣ / ١٦٧، ١٧٤، الرقم: ٤٧٣٢، ٤٧٥٣، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٤ / ٢٤٢، الرقم: ٤٠٨٩٠، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٧ / ١٠١، وابن راهويه فی المسند، ١ / ٨، الرقم: ٦۔

Marfat.com

''اُمُّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے اندازِ گفتگو میں حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا سے بڑھ کر کسی اور کو حضور نبی اکرم ﷺ سے اس قدر مشابہت رکھنے والا نہیں دیکھا۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے '' الأدب المفرد'' میں اور امام نسائی اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

٢٥٣/٤٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ﴾ [النصر، ١١٠] دَعَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَاطِمَةَ، فَقَالَ: قَدْ نُعِيْتُ إِلَى نَفْسِي، فَبَكَتْ، فَقَالَ: لَا تَبْكِي، فَإِنَّكِ أَوَّلُ أَهْلِي لَاحِقٌ بِي، فَضَحِكَتْ، فَرَآهَا بَعْضُ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ ﷺ، فَقُلْنَ: يَا فَاطِمَةُ، رَأَيْنَاكِ بَكَيْتِ، ثُمَّ ضَحِكْتِ قَالَتْ: إِنَّهُ أَخْبَرَنِي أَنَّهُ قَدْ نُعِيَ إِلَيْهِ نَفْسَهُ فَبَكَيْتُ، فَقَالَ لِي: لَا تَبْكِي فَإِنَّكِ أَوَّلُ أَهْلِي لَاحِقٌ بِي فَضَحِكْتُ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ جب یہ سورت: ''جب اللہ کی مدد اور فتح آ پہنچے۔'' [النصر، ۱۱۰] نازل ہوئی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کو بلایا اور فرمایا: میری وفات کی خبر آ گئی ہے، وہ رو پڑیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مت رو، بے شک تم میرے گھر والوں میں سب سے پہلے مجھ سے ملو گی تو وہ ہنس پڑیں، اس بات کو آپ ﷺ کی بعض ازواج نے بھی دیکھا۔ انہوں نے پوچھا: فاطمہ! (کیا ماجرا ہے)، ہم نے آپ کو پہلے روتے اور پھر ہنستے ہوئے دیکھا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے فرمایا: میری وفات کا وقت آ پہنچا ہے۔ (اس پر) میں رو پڑی، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: مت رو، تم میرے اہل بیت میں سب سے پہلے مجھے ملو گی، تو میں ہنس پڑی۔''

اس حدیث کو امام دارمی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٣: أخرجه الدارمی فی السنن، ١/٥١، الرقم: ٧٩، وابن كثير فی تفسير القرآن العظيم، ٤/٥٦١.

Marfat.com

٢٥٤ / ٤٤۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: دَعَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِفَاطِمَةَ: اَللّٰهُمَّ، إِنِّي أُعِيْذُهَا بِکَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَأَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے لئے خصوصی دعا فرمائی: اے اللہ! میں (اپنی) اس (بیٹی) اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتا ہوں۔''

اس حدیث کو امام ابن حبان، احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٢٥٥ / ٤٥۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ أَشْبَهَ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ مِنَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، وَفَاطِمَةَ سلام الله عليهم. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے مروی ہے کہ کوئی بھی شخص حضرت حسن بن علی اور حضرت فاطمۃ الزہراء (ﷺ) سے بڑھ کر حضور نبی اکرم ﷺ سے مشابہت رکھنے والا نہیں تھا۔''

اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

٢٥٦ / ٤٦۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَى رضي الله عنها قَالَتْ: اشْتَكَتْ فَاطِمَةُ سلام الله عليها شَكْوَاهَا الَّتِي قُبِضَتْ فِيْهِ، فَكُنْتُ أُمَرِّضُهَا فَأَصْبَحَتْ يَوْمًا كَأَمْثَلِ

الحديث رقم ٤٤: أخرجه ابن حبان فی الصحيح، ١٥ / ٣٩٤، ٣٩٥، الرقم: ٦٩٤٤، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٢٢ / ٤٠٩، الرقم: ١٠٢١، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢ / ٧٦٢، الرقم: ١٣٤٢، والهيثمی فی موارد الظمآن، ٥٥٠، ٥٥١، الرقم: ٢٢٢٥، وابن الجوزي فی تذكرة الخواص، ١ / ٢٧٧، ومحب الدين الطبری فی ذخائر العقبی، ١ / ٦٧۔

الحديث رقم ٤٥: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ٣ / ١٦٤۔

الحديث رقم ٤٦: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ٦ / ٤٦١، الرقم: ٢٧٦٥٦۔ ٢٧٦٥٧، والدولابی فی الذرية الطاهرة، ١ / ١١٣، والزيلعی فی نصب الراية، ٢ / ٢٥٠، ومحب الدين الطبری فی ذخائر العقبی، ١ / ١٠٣، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٩ / ٢١٠، وابن الأثير فی أسد الغابة، ٧ / ٢٢١۔

Marfat.com

مَارَأَيْتُهَا فِي شَكْوَاهَا تِلْكَ. قَالَتْ: وَخَرَجَ عَلِيٌّ رضي الله عنه لِبَعْضِ حَاجَتِهِ، فَقَالَتْ: يَا أُمَّهْ، اسْكُبِي لِي غُسْلاً، فَسَكَبْتُ لَهَا غُسْلاً فَاغْتَسَلَتْ كَأَحْسَنِ مَا رَأَيْتُهَا تَغْتَسِلُ، ثُمَّ قَالَتْ: يَا أُمَّهْ، أَعْطِينِي. ثِيَابِي الْجُدُدَ، فَأَعْطَيْتُهَا، فَلَبِسَتْهَا، ثُمَّ قَالَتْ: يَا أُمَّهْ قَدِّمِي لِي فِرَاشِي وَسَطَ الْبَيْتِ، فَفَعَلْتُ وَاضْطَجَعَتْ وَاسْتَقْبَلَتِ الْقِبْلَةَ، وَجَعَلَتْ يَدَهَا تَحْتَ خَدِّهَا، ثُمَّ قَالَتْ: يَا أُمَّهْ، إِنِّي مَقْبُوضَةٌ الآنَ، وَقَدْ تَطَهَّرْتُ فَلاَ يَكْشِفُنِي أَحَدٌ، فَقُبِضَتْ مَكَانَهَا، قَالَتْ: فَجَاءَ عَلِيٌّ رضي الله عنه فَأَخْبَرْتُهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت امّ سلمی رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ جب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا اپنے مرضِ وصال میں مبتلا ہوئیں تو میں ان کی تیمارداری کیا کرتی تھی۔ بیماری کے اس پورے عرصہ کے دوران جہاں تک میں نے دیکھا ایک صبح ان کی حالت قدرے بہتر تھی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کسی کام سے باہر گئے تھے۔ سیدۂ کائنات سلام اللہ علیہا نے فرمایا: اے اماں! میرے غسل کے لیے پانی لائیں۔ میں پانی لائی۔ آپ نے جہاں تک میں نے دیکھا بہترین غسل کیا۔ پھر بولیں: اماں جی! مجھے نیا لباس دیں۔ میں نے ایسا ہی کیا آپ قبلہ رخ ہو کر لیٹ گئیں۔ ہاتھ رخسار مبارک کے نیچے کر لیا پھر فرمایا: اماں جی: اب میری وفات ہو جائے گی، میں (غسل کر کے) پاک ہو چکی ہوں، لہٰذا مجھے کوئی نہ کھولے پس اُسی جگہ آپ کی وفات ہوگئی۔ حضرت اُمّ سلمی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ تشریف لائے تو میں نے انہیں ساری بات بتائی۔'' اسے امام احمد نے روایت کیا ہے۔

۲۵۷/۴۷۔ عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: لِكُلِّ بَنِي أُمٍّ عُصْبَةٌ يَنْتِمُوْنَ إِلَيْهِمْ إِلَّا ابْنَي فَاطِمَةَ، فَأَنَا وَلِيُّهُمَا وَعُصْبَتُهُمَا.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

الحديث رقم ٤٧: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/١٧٩، الرقم: ٤٧٧٠، والسخاوى فى إستجلاب إرتقاء الغرف بحب آقرباء الرسول صلى الله عليه وآله وسلم وذَوِى الشرف، ١/١٣٠.

Marfat.com

''حضرت جابر ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر ماں کی اولاد کا عصبہ (باپ) ہوتا ہے جس کی طرف وہ منسوب ہوتی ہے، سوائے فاطمہ کے بیٹوں کے، کہ میں ہی اُن کا ولی اور میں ہی اُن کا نسب ہوں۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٥٨/٤٨۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: كُلُّ نَسَبٍ وَسَبَبٍ يَنْقَطِعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا مَا كَانَ مِنْ سَبَبِي وَنَسَبِي. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَحْمَدُ وَالْبَزَّارُ.

''حضرت عمر بن خطاب ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میرے نسب اور رشتہ کے سوا قیامت کے دن ہر نسب اور رشتہ منقطع ہو جائے گا۔'' اس حدیث کو امام حاکم، احمد اور بزار نے روایت کیا ہے۔

٢٥٩/٤٩۔ عَنْ عُمَرَ ﷺ أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ، وَاللهِ، مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَحَبَّ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ مِنْكِ، وَاللهِ مَا كَانَ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ بَعْدَ أَبِيْكِ ﷺ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْكِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عمر بن خطاب ﷺ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی

الحديث رقم ٤٨: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/١٥٣، الرقم: ٤٦٨٤، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ٢/٦٢٥، ٦٢٦، ٧٥٨، الرقم: ١٠٦٩، ١٠٧٠، ١٣٣٣، والبزار فى المسند، ١/٣٩٧، الرقم: ٢٧٤، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٤٤، ٤٥، الرقم: ٢٦٣٣، ٢٦٣٤، وفى المعجم الأوسط، ٥/٣٧٦، الرقم: ٥٦٠٦، ٦/٣٥٧، الرقم: ٦٦٠٩۔

الحديث رقم ٤٩: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/١٦٨، الرقم: ٤٧٣٦، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٧/٤٣٢، الرقم: ٣٧٠٤٥، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ١/٣٦٤، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ٥/٣٦٠، الرقم: ٢٩٥٢، والخطيب البغدادى فى تاريخ بغداد، ٤/٤٠١۔

Marfat.com

صاحبزادی سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے ہاں گئے اور کہا: اے فاطمہ! خدا کی قسم! میں نے آپ کے سوا کسی شخص کو حضور نبی اکرم ﷺ کے نزدیک محبوب تر نہیں دیکھا اور خدا کی قسم! لوگوں میں سے مجھے بھی آپ کے والد محترم کے بعد کوئی آپ سے زیادہ محبوب نہیں۔''

اسے امام حاکم، ابن ابی شیبہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٢٦٠ / ٥٠۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِفَاطِمَةَ رضي الله عنها: إِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ غَيْرُ مُعَذِّبِكِ وَلَا وُلْدِكِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں اور تمہاری اولاد کو آگ کا عذاب نہیں دے گا۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا۔

٢٦١ / ٥١۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ أَفْضَلَ مِنْ فَاطِمَةَ سلام الله عليها غَيْرَ أَبِيْهَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے افضل اُن کے بابا جان یعنی حضور نبی اکرم ﷺ کے علاوہ کسی شخص کو نہیں پایا۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٢٦٢ / ٥٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِفَاطِمَةَ سلام الله عليها: أَنْتِ أَوَّلُ أَهْلِي لَحُوْقًا بِي. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

الحديث رقم ٥٠: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١١ / ٢٦٣، الرقم: ١١٦٨٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ٢٠٢، والسخاوي في إستجلاب إرتقاء الغرف، ١ / ١١٧.

الحديث رقم ٥١: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٣ / ١٣٧ الرقم: ٢٧٢١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ٢٠١، والشوكاني في درالسحابة، ١ / ٢٧٧، الرقم: ٢٤.

الحديث رقم ٥٢: أخرجه أحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢ / ٧٦٤، الرقم: ١٣٤٥، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٢ / ٤٠.

Marfat.com

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا: میرے گھر والوں میں سے سب سے پہلے تم مجھے ملو گی۔''

اس حدیث کو امام احمد اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

٢٦٣ / ٥٣۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا قَطُّ أَصْدَقَ مِنْ فَاطِمَةَ غَيْرَ أَبِيْهَا. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے بابا جان یعنی حضور نبی اکرم ﷺ کے سوا میں نے سیدہ فاطمہ سے زیادہ سچا کائنات میں کوئی نہیں دیکھا۔''

اس حدیث کو امام ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٣: أخرجه أبونعيم فى حلية الأولياء، ٢ / ٤١، ٤٢۔

Marfat.com

اَلْبَابُ الرَّابِعُ:

مَنَاقِبُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام

﴿حضرت علی بن ابی طالب عليه السلام کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي كَوْنِ عَلِيٍّ عليه السلام أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ وَصَلَّى

﴿حضرت علی عليه السلام کے قبولِ اسلام اور نماز پڑھنے میں اوّلیت کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي مَكَانَتِهِ عليه السلام عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم

﴿بارگاہِ مصطفیٰ صلى الله عليه وآله وسلم میں حضرت علی عليه السلام کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي كَوْنِهِ عليه السلام مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ

﴿حضرت علی عليه السلام کا اہلِ بیتِ مصطفیٰ صلى الله عليه وآله وسلم میں سے ہونے کا بیان﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

﴿فرمانِ مصطفیٰ صلى الله عليه وآله وسلم: جس کا میں مولا ہوں اس کا علی مولا ہے﴾

٥۔ فَصْلٌ فِيمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا عليه السلام فَقَدْ أَحَبَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم وَمَنْ أَبْغَضَ عَلِيًّا عليه السلام فَقَدْ أَبْغَضَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم

﴿حبِّ علی عليه السلام حبِّ مصطفیٰ صلى الله عليه وآله وسلم اور بُغضِ علی عليه السلام بُغضِ مصطفیٰ صلى الله عليه وآله وسلم ہونے کا بیان﴾

٦۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِ وَمَنَاقِبِهِ عليه السلام

﴿حضرت علی عليه السلام کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي كَوْنِ عَلِيٍّ عليه السلام أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ وَصَلَّى

﴿حضرت علی عليه السلام کے قبولِ اسلام اور نماز پڑھنے میں اوّلیت کا بیان﴾

٢٦٤ / ١۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضي الله عنه يَقُوْلُ: أَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ عَلِيٌّ رضي الله عنه.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ ایمان لائے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے اور حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٢٦٥ / ٢۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: بُعِثَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَصَلَّى عَلِيٌّ رضي الله عنه يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ پیر کے دن حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت ہوئی اور منگل کے دن حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھی۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: مناقب على بن أبي طالب عليه السلام، ٥/٦٤٢، الرقم: ٣٧٣٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٣٦٧، والحاكم في المستدرك، ٣/٤٤٧، الرقم: ٤٦٦٣، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٧١، الرقم: ٣٢١٠٦، والطبراني في المعجم الكبير، ١١/٤٠٦، للرقم: ١٢١٥١، ٢٢/٤٥٢، الرقم: ١١٠٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٠٢۔

الحديث رقم ٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: مناقب على بن أبى طالب عليه السلام، ٥/٦٤٠، الرقم: ٣٧٢٨، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٢١، الرقم: ٤٥٨٧، والمناوي في فيض القدير، ٤/٣٥٥۔

Marfat.com

٢٦٦ / ٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: أَوَّلُ مَنْ صَلَّى عَلِيٌّ ﷺ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: قَدِ اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِي هَذَا. فَقَالَ بَعْضُهُمْ: أَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ أَبُوْبَكْرٍ الصِّدِّيْقُ ﷺ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: أَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ عَلِيٌّ ﷺ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ الرِّجَالِ أَبُوْبَكْرٍ ﷺ، وَأَسْلَمَ عَلِيٌّ ﷺ وَهُوَ غُلَامٌ ابْنُ ثَمَانِ سِنِيْنَ، وَأَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ النِّسَاءِ خَدِيْجَةُ رضي الله عنها.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ سب سے پہلے حضرت علی ﷺ نے نماز پڑھی۔''

''اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ اس بارے میں اہلِ علم کا اختلاف ہے۔ بعض نے کہا: سب سے پہلے حضرت ابو بکر صدیق ﷺ اسلام لائے اور بعض نے کہا: سب سے پہلے حضرت علی ﷺ اسلام لائے جبکہ بعض محدثین کا کہنا ہے کہ مردوں میں سب سے پہلے اسلام لانے والے حضرت ابوبکر ﷺ ہیں اور بچوں میں سب سے پہلے اسلام لانے والے حضرت علی ﷺ ہیں کیونکہ وہ آٹھ برس کی عمر میں اسلام لائے اور عورتوں میں سب سے پہلے مشرف بہ اسلام ہونے والی خاتون حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ عنہا ہیں۔''

٢٦٧ / ٤۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ ﷺ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما في رواية طويلة: قَالَ: وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ النَّاسِ بَعْدَ خَدِيْجَةَ رضي الله عنها.

الحديث رقم ٣: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب على بن أبي طالب ﷺ، ٥ / ٦٤٢، الرقم: ٣٧٣٤.

الحديث رقم٤: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١ / ٣٣٠، الرقم: ٣٠٦٢، وابن أبي عاصم في السنة، ٢ / ٦٠٣، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٣ / ٢١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١١٩.

Marfat.com

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت عمرو بن میمون ﷺ، حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک طویل حدیث میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد حضرت علی ﷺ لوگوں میں سب سے پہلے اسلام لائے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔

٢٦٨/٥۔ عَنْ حَبَّةَ الْعُرَنِيِّ قَالَ: رَأَيْتُ عَلِيًّا ﷺ ضَحِكَ عَلَى الْمِنْبَرِ، لَمْ أَرَهُ ضَحِكَ ضِحْكًا أَكْثَرَ مِنْهُ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ ثُمَّ قَالَ: ذَكَرْتُ قَوْلَ أَبِي طَالِبٍ ظَهَرَ عَلَيْنَا أَبُوْطَالِبٍ وَأَنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَنَحْنُ نُصَلِّي بِبَطْنِ نَخْلَةَ، فَقَالَ: مَا تَصْنَعَانِ يَا ابْنَ أَخِي؟ فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِلَى الإِسْلَامِ، فَقَالَ: مَا بِالَّذِي تَصْنَعَانِ بَأْسٌ أَوْ بِالَّذِي تَقُوْلَانِ بَأْسٌ وَلَكِنْ وَاللهِ، لَا تَعْلُوْنِي سِنِّي أَبَدًا، وَضَحِكَ تَعَجُّبًا لِقَوْلِ أَبِيْهِ ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، لَا أَعْتَرِفُ أَنَّ عَبْدًا لَكَ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ عَبَدَكَ قَبْلِي، غَيْرَ نَبِيِّكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ لَقَدْ صَلَّيْتُ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ النَّاسُ سَبْعًا.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّيَالِسِيُّ.

''حضرت حبہ عرنی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی ﷺ کو منبر پر ہنستے ہوئے دیکھا اور میں نے کبھی بھی انہیں اس قدر ہنستے ہوئے نہیں دیکھا۔ یہاں تک کہ ان کے دندان مبارک نظر آنے لگے۔ پھر انہوں نے فرمایا: مجھے اپنے والد حضرت ابو طالب کا قول یاد آ گیا تھا۔ ایک دن وہ ہمارے پاس آئے جبکہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا اور ہم وادیٔ نخلہ میں نماز ادا کر رہے تھے، پس انہوں نے کہا: اے میرے بھتیجے! آپ کیا کر رہے ہیں؟ حضور نبی اکرم ﷺ نے انہیں اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے کہا: جو کچھ آپ کر رہے ہیں یا کہہ رہے ہیں اس میں کوئی حرج نہیں لیکن آپ کبھی بھی (تجربہ میں) میری عمر سے زیادہ

الحديث رقم ٥: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/٩٩، الرقم: ٧٧٦، والطيالسي في المسند، ١/٣٦، الرقم: ١٨٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٠٢.

Marfat.com

نہیں ہو سکتے۔ پس حضرت علی ﷺ اپنے والد کی اس بات پر ہنس دیئے پھر فرمایا: اے اللہ! میں نہیں جانتا کہ مجھ سے پہلے اس امت کے کسی اور فرد نے تیری عبادت کی ہو سوائے تیرے نبی ﷺ کے، یہ تین مرتبہ دہرایا پھر فرمایا: تحقیق میں نے عامۃ الناس کے نماز پڑھنے سے سات سال پہلے نماز ادا کی۔'' اس حدیث کو امام احمد اور طیالسی نے روایت کیا ہے۔

٦/٢٦٩۔ عَنْ سَلْمَانَ ﷺ قَالَ: أَوَّلُ هَذِهِ الْأُمَّةِ وُرُوْدًا عَلَى نَبِيِّهَا ﷺ أَوَّلُهَا إِسْلَامًا، عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ﷺ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت سلمان فارسی ﷺ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ امت میں سے سب سے پہلے حوضِ کوثر پر حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے والے اسلام لانے میں سب سے اول حضرت علی بن ابی طالب ﷺ ہیں۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف ،٧/٢٦٧، الرقم: ٣٥٩٥٤، والطبراني في المعجم الكبير، ٦/٢٦٥، الرقم: ٦١٧٤، والشيباني في الآحاد والمثاني،١٠/١٤٩، الرقم:١٧٩، وابن سعد في الطبقات، ٢/٣١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٠٢.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَكَانَتِهِ عليه السلام عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم

﴿بارگاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حضرت علی علیہ السلام کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٧/٢٧٠۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضي الله عنه قَالَ: خَلَّفَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه فِي غَزْوَةِ تَبُوْكَ. فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ، أَ تُخَلِّفُنِي فِي النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ؟ فَقَالَ أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى عليهما السلام؟ إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوۂ تبوک کے موقع پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں اپنا قائم مقام بنایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا آپ مجھے عورتوں اور بچوں میں پیچھے چھوڑ کر جا رہے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ میرے ساتھ تمہاری وہی نسبت ہو جو حضرت ہارون علیہ السلام کی حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور مذکورہ الفاظ مسلم کے ہیں۔

٨/٢٧١۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم

الحديث رقم ٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المغازی، باب: غزوة تبوك وهي غزوة العسرة، ٤/ ١٦٠٢، الرقم: ٤١٥٤، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عثمان بن عفان رضي الله عنه، ٤/ ١٨٧١، ١٨٧٠، الرقم: ٢٤٠٤، والترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: مناقب علی بن أبی طالب رضي الله عنه، ٥/ ٦٣٨، الرقم: ٣٧٢٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/ ١٨٥، الرقم: ١٦٠٨، وابن حبان في الصحيح، ١٥/ ٣٧٠، الرقم: ٦٩٢٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ٩/ ٤٠۔

الحديث رقم ٨: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل علی بن أبی طالب رضي الله عنه، ٤/ ١٨٧١، الرقم: ٢٤٠٤، والترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: مناقب علی بن أبی طالب رضي الله عنه، ٥/ ٦٣٨، الرقم: ٣٧٢٤۔

Marfat.com

يَقُوْلُ لَهُ وَقَدْ خَلَّفَهُ فِي بَعْضِ مَغَازِيْهِ. فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، خَلَّفْتَنِي مَعَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ؟ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى إِلَّا أَنَّهُ لَا نُبُوَّةَ بَعْدِي. وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ يَوْمَ خَيْبَرَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ وَيُحِبُّهُ اللهُ وَرَسُوْلُهُ قَالَ: فَتَطَاوَلْنَا لَهَا فَقَالَ: ادْعُوْا لِي عَلِيًّا فَأُتِيَ بِهِ أَرْمَدَ فَبَصَقَ فِي عَيْنِهِ وَدَفَعَ الرَّايَةَ إِلَيْهِ. فَفَتَحَ اللهُ عَلَيْهِ. وَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: ﴿فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ﴾ [آل عمران، ۳:۶۱]، دَعَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، هَؤُلَاءِ أَهْلِي. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا جب آپ ﷺ نے بعض مغازی میں حضرت علی ﷺ کو (اپنا قائم مقام بنا کر) پیچھے چھوڑ دیا، حضرت علی ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ نے مجھے عورتوں اور بچوں میں پیچھے چھوڑ دیا ہے؟ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی ﷺ سے فرمایا: کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تم میرے لیے ایسے ہو جیسے موسیٰ علیہ السلام کیلئے ہارون علیہ السلام تھے، البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہو گا اور غزوۂ خیبر کے دن میں نے آپ ﷺ سے یہ سنا کہ کل میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے، اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اس سے محبت کرتے ہیں، سو ہم سب اس سعادت کے حصول کے انتظار میں تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: علی کو میرے پاس لاؤ، حضرت علی ﷺ کو لایا گیا، اس وقت وہ آشوبِ چشم میں مبتلا تھے، آپ ﷺ نے ان کی آنکھوں میں اپنا لعابِ دہن مبارک ڈالا اور انہیں جھنڈا عطا کیا، اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ پر خیبر فتح کر دیا اور جب یہ آیت نازل ہوئی: ''آپ فرما دیں کہ آجاؤ ہم (مل کر) اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو (ایک جگہ پر) بُلا لیتے ہیں۔'' [آل عمران، ۳: ۶۱] تو حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین ﷺ کو بلایا اور کہا: اے اللہ! یہ میرے اہلِ بیت ہیں۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

٢٧٢/٩۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ هِنْدٍ الْجَمَلِيِّ قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ رضي الله عنه: كُنْتُ إِذَا سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم أَعْطَانِي، وَإِذَا سَكَتُّ ابْتَدَأَنِي.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عبداللہ بن عمرو بن ہند جملی کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی چیز مانگتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے عطا فرماتے اور اگر خاموش رہتا تو بھی پہلے مجھے ہی دیتے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور نسائی نے روایت کیا اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٢٧٣/١٠۔ عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه قَالَ: دَعَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم عَلِيًّا رضي الله عنه يَوْمَ الطَّائِفِ فَانْتَجَاهُ، فَقَالَ النَّاسُ: لَقَدْ طَالَ نَجْوَاهُ مَعَ ابْنِ عَمِّهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: مَا انْتَجَيْتُهُ وَلَكِنَّ اللهَ انْتَجَاهُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوۂ طائف کے موقع پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلایا اور ان سے سرگوشی کی، لوگ کہنے لگے آج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے چچا زاد بھائی کے ساتھ کافی دیر تک سرگوشی کی۔ سو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے نہیں کی بلکہ اللہ تعالیٰ

الحديث رقم ٩: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: مناقب علی بن أبي طالب رضي الله عنه، ٥/٦٣٧، الرقم: ٣٧٢٢، ٣٧٢٩، والنسائی فی السنن الكبرى، ٥/١٤٢، الرقم: ٨٥٠٤، والحاكم فی المستدرك، ٣/١٣٥، الرقم: ٤٦٣٠، والمقدسی فی الأحاديث المختارة، ٢/٢٣٥، الرقم: ٦١٤۔

الحديث رقم ١٠: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: مناقب علی بن أبي طالب رضي الله عنه، ٥/٦٣٩، الرقم: ٣٧٢٦، وابن أبي عاصم فی السنة، ٢/٥٩٨، الرقم: ١٣٢١، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٢/١٨٦، الرقم: ١٧٥٦۔

Marfat.com

نے خود ان سے سرگوشی کی ہے۔"

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

۲۷٤ / ۱۱۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِعَلِيٍّ ﷺ: يَا عَلِيُّ، لَا يَحِلُّ لِأَحَدٍ يُجْنَبُ فِي هَذَا الْمَسْجِدِ غَيْرِي وَغَيْرُکَ. قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ: قُلْتُ لِضَرَارِ بْنِ صُرَدَ: مَا مَعْنَى هَذَا الْحَدِيْثِ؟ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِأَحَدٍ يَسْتَطْرِقُهُ جُنُباً غَيْرِي وَغَيْرُکَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَزَّارُ وَأَبُوْيَعْلَى.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

"حضرت ابوسعید ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے علی! میرے اور تمہارے علاوہ کسی کے لیے جائز نہیں کہ حالتِ جنابت میں اس مسجد میں رہے۔ امام علی بن منذر کہتے ہیں کہ میں نے ضرار بن صرد سے اس کا معنی پوچھا تو انہوں نے فرمایا: اس سے مراد یہ ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے علی! میرے اور تمہارے علاوہ حالتِ جنابت میں کوئی اس مسجد کو بطور راستہ استعمال نہیں کرسکتا۔"

اس حدیث کو امام ترمذی، بزار اور ابویعلی نے روایت کیا اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

۲۷۵ / ۱۲۔ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ رضي الله عنها قَالَتْ: بَعَثَ النَّبِيُّ ﷺ جَيْشًا فِيْهِمْ عَلِيٌّ قَالَتْ: فَسَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ، لَا

الحديث رقم ۱۱: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب علي بن أبي طالب، ٥ / ٦٣٩، الرقم: ٣٧٢٧، والبزار في المسند، ٤ / ٣٦، الرقم: ١١٩٧، وأبو يعلى فی المسند، ٢ / ٣١١، الرقم: ١٠٤٢، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٧ / ٦٥، الرقم: ١٣١٨١.

الحديث رقم ۱۲: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب علي بن أبي طالب، ٥ / ٦٤٣، الرقم: ٣٧٣٧، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٥ / ٦٨، الرقم: ١٦٨، وفي المعجم الأوسط، ٣ / ٤٨، الرقم: ٢٤٣٢، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢ / ٦٠٩، الرقم: ١٠٣٩.

Marfat.com

تُمِتْنِي حَتَّى تُرِيَنِي عَلِيًّا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت امِ عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ایک لشکر بھیجا جس میں حضرت علی ﷺ بھی تھے میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ ہاتھ اٹھا کر دعا کررہے تھے کہ یااللہ! مجھے اس وقت تک موت نہ دینا جب تک میں علی کو (واپس بخیرو عافیت) نہ دیکھ لوں۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور طبرانی نے بیان کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٢٧٦/١٣۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: رَحِمَ اللهُ أَبَا بَكْرٍ زَوَّجَنِي ابْنَتَهُ، وَحَمَلَنِي إِلَى دَارِ الْهِجْرَةِ، وَأَعْتَقَ بِلَالًا مِنْ مَالِهِ، رَحِمَ اللهُ عُمَرَ، يَقُوْلُ الْحَقَّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا، تَرَكَهُ الْحَقُّ وَمَا لَهُ صَدِيْقٌ، رَحِمَ اللهُ عُثْمَانَ، تَسْتَحِيْهِ الْمَلَائِكَةُ، رَحِمَ اللهُ عَلِيًّا، اَللّٰهُمَّ، أَدِرِ الْحَقَّ مَعَهُ حَيْثُ دَارَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت علی ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوبکر پر رحم فرمائے انہوں نے اپنی بیٹی میرے نکاح میں دی اور مجھے دار الھجرہ (یعنی مدینہ منورہ) لے کر آئے اور بلال کو بھی انہوں نے اپنے مال سے آزاد کرایا۔ اللہ تعالیٰ عمر پر رحم فرمائے یہ ہمیشہ حق بات کرتے ہیں اگرچہ وہ کڑوی ہواور حق گوئی نے ان کا یہ حال کردیا ہے کہ ان کا کوئی دوست نہیں۔ اللہ تعالیٰ عثمان پر رحم فرمائے۔ ان سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ علی پر رحم فرمائے۔ اے اللہ یہ جہاں کہیں بھی ہوحق اس کے ساتھ رہے۔''

اس حدیث کوامام ترمذی، حاکم اورطبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٣: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب على بن أبى طالب ﷺ، ٥/٦٣٣، الرقم: ٣٧١٤، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٣٤، الرقم: ٤٦٢٩، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٦/٩٥، الرقم: ٥٩٠٦، والبزار فى المسند، ٣/٥٢، الرقم: ٨٠٦، وأبويعلى فى المسند، ١: ٤١٨، الرقم: ٥٥٠.

Marfat.com

٢٧٧ / ١٤۔ عَنْ حُبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: عَلِيٌّ مِنِّي وَأَنَا مِنْ عَلِيٍّ، وَلا يُؤَدِّي عَنِّي إِلَّا أَنَا أَوْ عَلِيٌّ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجه وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت حبشی بن جنادہ ﷺ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: علی ﷺ مجھ سے اور میں علی ﷺ سے ہوں اور میری طرف سے (عہد و پیمان میں) میرے اور علی ﷺ کے سوا کوئی دوسرا (ذمہ داری) ادا نہیں کر سکتا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٢٧٨ / ١٥۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: آخَى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بَيْنَ أَصْحَابِهِ فَجَاءَ عَلِيٌّ تَدْمَعُ عَيْنَاهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، آخَيْتَ بَيْنَ أَصْحَابِكَ وَلَمْ تُؤَاخِ بَيْنِي وَبَيْنَ أَحَدٍ. فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنْتَ أَخِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ نے

الحديث رقم ١٤: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب على بن أبى طالب ﷺ، ٥/٦٣٦، الرقم: ٣٧١٩، وابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فضل على بن أبى طالب ﷺ، ١/٤٤، الرقم: ١١٩، وأحمد بن حنبل فى المسند ٤/١٦٥، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٦٦، الرقم: ٣٢٠٧١، والطبراني في المعجم الكبير، ٤/١٦، الرقم: ٣٥١١، والشيباني في الآحاد والمثاني، ٣/١٨٣، الرقم: ١٥١٤۔

الحديث رقم ١٥: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب على بن أبى طالب ﷺ، ٥/٦٣٦، الرقم: ٣٧٢٠، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٥، الرقم: ٤٢٨٨۔

Marfat.com

انصار و مہاجرین کے درمیان اخوت قائم کی تو حضرت علی ﷺ روتے ہوئے آئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نے صحابہ کرام میں بھائی چارہ قائم فرمایا لیکن مجھے کسی کا بھائی نہیں بنایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہو۔''

اسے امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

۲۷۹/۱۶۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: كَانَ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ طَيْرٌ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، ائْتِنِي بِأَحَبِّ خَلْقِكَ إِلَيْكَ يَأْكُلُ مَعِيَ هَذَا الطَّيْرَ، فَجَاءَ عَلِيٌّ فَأَكَلَ مَعَهُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک پرندے کا گوشت تھا، آپ ﷺ نے دعا کی: یااللہ! اپنی مخلوق میں سے محبوب ترین شخص میرے پاس بھیج تاکہ وہ میرے ساتھ اس پرندے کا گوشت کھائے۔ چنانچہ حضرت علی ﷺ تشریف لے آئے اور آپ ﷺ کے ساتھ وہ گوشت تناول کیا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۲۸۰/۱۷۔ عَنْ بُرَيْدَةَ ﷺ قَالَ: كَانَ أَحَبَّ النِّسَاءِ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَاطِمَةُ سلام الله عليها وَمِنَ الرِّجَالِ عَلِيٌّ ﷺ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ. وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

الحديث رقم ١٦: أخرجه الترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب على بن أبى طالب ﷺ، ٥/٦٣٦، الرقم: ٣٧٢١، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٩/١٤٦، الرقم: ٩٣٧٢، وابن حيان في طبقات المحدثين بأصبهان، ٣/٤٥٤.

الحديث رقم ١٧: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/ ٦٩٨، الرقم: ٣٨٦٨، والحاكم فى المستدرك، ٣: ١٦٨، الرقم: ٤٧٣٥، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٨/١٣٠، الرقم: ٧٢٥٨.

Marfat.com

''حضرت بریدہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو عورتوں میں سب سے زیادہ محبوب اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا تھیں اور مردوں میں سے سب سے زیادہ محبوب حضرت علی ﷺ تھے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

١٨/٢٨١۔ عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرٍ التَّمِيْمِيِّ ﷺ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عَمَّتِي عَلَى عَائِشَةَ رضي الله عنها فَسَئَلْتُ: أَيُّ النَّاسِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ قَالَتْ: فَاطِمَةُ، فَقِيْلَ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَتْ: زَوْجُهَا، إِنْ كَانَ مَا عَلِمْتُ صَوَّامًا قَوَّامًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت جمیع بن عمیر تمیمی ﷺ سے روایت ہے کہ میں اپنی خالہ کے ساتھ حضرت عائشہ صدیقہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا پھر میں نے ان سے پوچھا: لوگوں میں کون حضور نبی اکرم ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب تھا؟ انہوں نے فرمایا: حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا، پھر عرض کیا گیا: اور مردوں میں سے کون سب سے زیادہ محبوب تھا؟ فرمایا: ان کا خاوند (یعنی حضرت علی ﷺ) اگرچہ جہاں تک جانتی ہوں وہ بہت زیادہ روزے رکھنے والے اور (راتوں کو) قیام فرمانے والے تھے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

١٩/٢٨٢۔ عَنْ حَنَشٍ قَالَ: رَأَيْتُ عَلِيًّا ﷺ يُضَحِّي بِكَبْشَيْنِ فَقُلْتُ

الحديث رقم ١٨: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/٧٠١، الرقم: ٣٨٧٤، والحلكم فى المستدرك، ٣/ ١٧١۔

الحديث رقم ١٩: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الضحايا، باب: الأضحية عن الميت، ٣/٩٤، الرقم:٢٧٩٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/١٥٠، الرقم: ١٢٨٥۔

Marfat.com

لَهُ: مَا هَذَا؟ فَقَالَ: أَوْصَانِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ أَنْ أُضَحِّيَ عَنْهُ فَأَنَا أُضَحِّي عَنْهُ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ.

''حضرت حنش رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دو مینڈھوں کی قربانی کرتے ہوئے دیکھا تو میں نے ان سے پوچھا یہ کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے وصیت فرمائی ہے کہ میں ان کی طرف سے بھی قربانی کروں لہٰذا میں ان کی طرف سے بھی قربانی کرتا ہوں۔''

اس حدیث کو امام ابوداود اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٢٨٣ / ٢٠۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: وَالَّذِي أَحْلِفُ بِهِ إِنْ كَانَ عَلِيٌّ لَأَقْرَبَ النَّاسِ عَهْدًا بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ، قَالَتْ: عُدْنَا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ غَدَاةً بَعْدَ غَدَاةٍ يَقُوْلُ: جَاءَ عَلِيٌّ مِرَارًا. قَالَتْ: وَأَظُنُّهُ كَانَ بَعَثَهُ فِي حَاجَةٍ. قَالَتْ: فَجَاءَ بَعْدُ فَظَنَنْتُ أَنَّ لَهُ إِلَيْهِ حَاجَةً فَخَرَجْنَا مِنَ الْبَيْتِ فَقَعَدْنَا عِنْدَ الْبَابِ فَكُنْتُ مِنْ أَدْنَاهُمْ إِلَى الْبَابِ، فَأَكَبَّ عَلَيْهِ عَلِيٌّ فَجَعَلَ يُسَارُّهُ وَيُنَاجِيْهِ، ثُمَّ قُبِضَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مِنْ يَوْمِهِ ذَلِكَ، فَكَانَ أَقْرَبَ النَّاسِ بِهِ عَهْدًا. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں اس ذات کی قسم جس کا میں حلف اٹھاتی ہوں! حضرت علی رضی اللہ عنہ لوگوں میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ عہد کے اعتبار سے سب سے زیادہ قریب تھے۔ وہ بیان کرتی ہیں کہ ہم نے آئے روز حضور نبی اکرم ﷺ کی عیادت کی، آپ ﷺ دریافت فرماتے: کیا علی آ گیا ہے۔ آپ ﷺ نے ایسا بارہا مرتبہ فرمایا آپ بیان کرتی ہیں کہ میرا خیال ہے آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کسی ضروری کام سے بھیجا تھا۔ اس کے بعد جب حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو میں نے سمجھا انہیں شاید حضور نبی اکرم ﷺ کے

الحديث رقم ٢٠: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٦ / ٣٠٠، الرقم: ٢٦٦٠٧، والحاكم في المستدرك، ٣ / ١٤٩، الرقم: ٤٦٧١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١١٢.

Marfat.com

ساتھ کوئی کام ہو گا سو ہم باہر آ گئے اور دروازے کے قریب بیٹھ گئے اور میں ان سب سے زیادہ دروازے کے قریب تھی پس حضرت علی ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ پر جھک گئے اور آپ ﷺ سے سرگوشی کرنے لگے پھر اسی دن حضور نبی اکرم ﷺ وصال فرما گئے پس حضرت علی ﷺ سب لوگوں سے زیادہ عہد کے اعتبار سے حضور نبی اکرم ﷺ کے قریب تھے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢١/٢٨٤۔ عَنْ أُسَامَةَ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: اجْتَمَعَ جَعْفَرٌ وَعَلِيٌّ وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ. فَقَالَ جَعْفَرٌ: أَنَا أَحَبُّكُمْ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَقَالَ عَلِيٌّ. أَنَا أَحَبُّكُمْ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَقَالَ زَيْدٌ: أَنَا أَحَبُّكُمْ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالُوْا: انْطَلِقُوْا بِنَا إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ حَتَّى نَسْأَلَهُ. فَقَالَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ: فَجَاءُوْا يَسْتَأْذِنُوْنَهُ فَقَالَ: اخْرُجْ فَانْظُرْ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَقُلْتُ: هَذَا جَعْفَرٌ وَعَلِيٌّ وَزَيْدٌ مَا أَقُوْلُ: أَبِي، قَالَ: ائْذَنْ لَهُمْ وَدَخَلُوْا فَقَالُوْا: مَنْ أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ: فَاطِمَةُ قَالُوْا: نَسْأَلُكَ عَنِ الرِّجَالِ. قَالَ: أَمَّا أَنْتَ، يَاجَعْفَرُ، فَأَشْبَهَ خَلْقُكَ خَلْقِي وَأَشْبَهَ خُلُقِي خُلُقَكَ، وَأَنْتَ مِنِّي وَشَجَرَتِي. وَأَمَّا أَنْتَ يَا عَلِيُّ فَخَتَنِي وَأَبُو وَلَدَيَّ، وَأَنَا مِنْكَ وَأَنْتَ مِنِّي وَأَمَّا أَنْتَ يَا زَيْدُ، فَمَوْلَايَ، وَمِنِّي وَإِلَيَّ، وَأَحَبُّ الْقَوْمِ إِلَيَّ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت اسامہ ﷺ اپنے والد (حضرت زید ﷺ) سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت جعفر، حضرت علی اور حضرت زید بن حارثہ ﷺ ایک دن اکٹھے ہوئے تو حضرت جعفر ﷺ نے فرمایا کہ میں تم سب سے زیادہ حضور نبی اکرم ﷺ کو محبوب ہوں اور حضرت علی ﷺ نے فرمایا

الحديث رقم ٢١: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٢٠٤، الرقم: ٢١٨٢٥، والحاكم في المستدرك، ٣/٢٣٩، الرقم: ٤٩٥٧، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٤/١٥١، الرقم: ١٣٦٩، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٢٧٤.

Marfat.com

کہ میں تم سب سے زیادہ حضور نبی اکرم ﷺ کو محبوب ہوں اور حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تم سب سے زیادہ حضور نبی اکرم ﷺ کو پیارا ہوں پھر انہوں نے کہا: چلو حضور نبی اکرم ﷺ کے خدمت اقدس میں چلتے ہیں اور آپ ﷺ سے پوچھتے ہیں کہ آپ ﷺ کو سب سے زیادہ پیارا کون ہے؟ اسامہ بن زید کہتے ہیں کہ پس وہ تینوں حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور (ملاقات کی) اجازت طلب کرنے لگے تو آپ ﷺ نے فرمایا: دیکھو یہ کون ہیں؟ میں نے عرض کیا: جعفر، علی اور زید بن حارثہ ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: انہیں اجازت دو پھر وہ داخل ہوئے اور کہنے لگے: یا رسول اللہ! آپ کو سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: فاطمہ، انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم نے مردوں کے بارے میں عرض کیا ہے تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جعفر! تمہاری خلقت میری خلقت سے مشابہ ہے اور میرے خُلق تمہارے خُلق سے مشابہ ہیں اور تو مجھ سے اور میرے شجرۂ نسب سے ہے، اے علی! تو میرا داماد اور میرے دو بیٹوں کا باپ ہے اور میں تجھ سے ہوں اور تو مجھ سے ہے اور اے زید! تو میرا غلام اور مجھ سے اور میری طرف سے ہے اور تمام قوم سے تو مجھے زیادہ پسندیدہ ہے۔‘‘

اس حدیث کو امام احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔ امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٢٨٥ / ٢٢۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ رضي الله عنه عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما في رواية طويلة: قَالَ: ثُمَّ بَعَثَ فُلَانًا بِسُوْرَةِ التَّوْبَةِ. فَبَعَثَ عَلِيًّا خَلْفَهُ فَأَخَذَهَا مِنْهُ، قَالَ: لَا يَذْهَبُ بِهَا إِلَّا رَجُلٌ مِّنِّي وَأَنَا مِنْهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

’’حضرت عمرو بن میمون رضی اللہ عنہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک طویل حدیث میں روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے کسی کو سورۂ توبہ دے کر بھیجا پھر آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس کے پیچھے بھیجا پس انہوں نے وہ سورت اس سے لے لی۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس سورت کو سوائے اس آدمی کے جو مجھ میں سے ہے اور میں اس میں سے ہوں کوئی اور نہیں لے جا سکتا۔‘‘ اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٢: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١ / ٣٣٠، الرقم: ٣٠٦٢۔

Marfat.com

٢٨٦ / ٢٣۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: اشْتَكَى عَلِيًّا النَّاسُ. قَالَ:.فَقَامَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فِيْنَا خَطِيْبًا، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: أَيُّهَا النَّاسُ، لاَ تَشْكُوْا عَلِيًّا، فَوَ اللهِ، إِنَّهُ لَأَخْشَنُ فِي ذَاتِ اللهِ، أَوْ فِي سَبِيْلِ اللهِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ .

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ لوگوں نے حضرت علی ﷺ کے بارے میں کوئی شکایت کی۔ تو حضور نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور خطبہ ارشاد فرمایا۔ پس میں نے آپ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! علی کی شکایت نہ کرو، اللہ کی قسم! وہ اللہ کی ذات (کے معاملہ) میں یا اللہ تعالیٰ کے راستہ میں بہت سخت ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٢٨٧ / ٢٤۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ إِذَا غَضِبَ لَمْ يَجْتَرِئْ أَحَدٌ مِنَّا أَنْ يُكَلِّمَهُ إِلاَّ عَلِيٌّ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ام سلمہ ﷺ سے روایت ہے کہ بے شک حضور نبی اکرم ﷺ جب ناراضگی کے عالم میں ہوتے تو ہم میں سے آپ ﷺ کے ساتھ سوائے حضرت علی ﷺ کے کسی کو کلام کرنے کی جرأت نہ ہوتی تھی۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ

الحديث رقم ٢٣: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٣ / ٨٦، الرقم: ١١٨٣٥، والحاكم في المستدرك، ٣ / ١٤٤، الرقم:٤٦٥٤، وابن هشام في السيرة النبوية، ٦ / ٨.

الحديث رقم ٢٤: أخرجه الطبرانى فى المعجم الأوسط، ٤ / ٣١٨، الرقم: ٤٣١٤، والحاكم في المستدرك، ٣ / ١٤١، الرقم: ٤٦٤٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١١٦.

Marfat.com

یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

٢٨٨ / ٢٥۔ عَنْ أَبِي رَافِعٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ بَعَثَ عَلِيًّا مَبْعَثًا فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اللهُ وَرَسُوْلُهُ وَجِبْرِيْلُ عَنْكَ رَاضُوْنَ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابورافع ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی ﷺ کو ایک جگہ بھیجا، جب وہ واپس تشریف لائے تو آپ ﷺ نے ان سے فرمایا: اللہ تعالیٰ، اس کا رسول ﷺ اور جبرئیل تم سے راضی ہیں۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٥: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١ / ٣١٩، الرقم: ٩٤٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١٣١.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي كَوْنِهِ عليه السلام مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ

﴿حضرت علی علیہ السلام کا اہلِ بیتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے ہونے کا بیان﴾

٢٦/٢٨٩۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضي الله عنه قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: ﴿فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَآءَنَا وَأَبْنَآءَكُمْ﴾ [آل عمران، ٣: ٦١] دَعَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، هَؤُلَاءِ أَهْلِي.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب آیتِ مباہلہ: ''آپ فرما دیں کہ آؤ ہم (مل کر) اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو (ایک جگہ پر) بلاتے ہیں۔'' [آل عمران، ٣٠: ٦١] نازل ہوئی تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین علیہم السلام کو بلایا، پھر فرمایا: یا اللہ! یہ میرے اہلِ بیت ہیں۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور ترمذی نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٢٧/٢٩٠۔ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَتْ عَائِشَةُ

الحديث رقم ٢٦: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل علي بن أبى طالب رضي الله عنه، ٤/١٨٧١، الرقم: ٢٤٠٤، والترمذى فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ومن سورة آل عمران، ٥/٢٢٥، الرقم: ٢٩٩٩، وفى كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: (٢١)، ٥/٦٣٨، الرقم: ٣٧٢٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/١٨٥، الرقم: ١٦٠٨، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/١٠٧، الرقم: ٨٣٩٩، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٦٣، الرقم: ٤٧١٩، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٧/٦٣، الرقم: ١٣١٦٩۔ ١٣١٧٠۔

الحديث رقم ٢٧: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أهل بيت النبي صلى الله عليه وآله وسلم، ٤/١٨٨٣، الرقم: ٢٤٢٤، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٧٠، الرقم: ٣٦١٠٢، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ٢/٦٧٢، ←

Marfat.com

رضي الله عنها: خَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ غَدَاةً وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ، مِنْ شَعْرٍ أَسْوَدَ. فَجَاءَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ سلام الله عليهما فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ جَاءَ الْحُسَيْنُ عليه السلام فَدَخَلَ مَعَهُ، ثُمَّ جَاءَتْ فَاطِمَةُ سلام الله عليها فَأَدْخَلَهَا، ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ عليه السلام فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ قَالَ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا﴾ [الأحزاب، ٣٣: ٣٣]. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت صفیہ بنت شیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ صبح کے وقت اس حال میں باہر تشریف لائے کہ آپ ﷺ نے ایک چادر مبارک اوڑھ رکھی تھی جس پر سیاہ اُون سے کجاووں کے نقوش بنے ہوئے تھے۔ حضرت حسن بن علی علیہما السلام آئے تو آپ ﷺ نے اُنہیں اُس چادر میں داخل فرما لیا، پھر حضرت حسین علیہما السلام آئے اور ان کے ساتھ چادر میں داخل ہو گئے، پھر سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا آئیں تو آپ ﷺ نے انہیں بھی چادر میں داخل فرما لیا، پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ آئے تو آپ ﷺ نے انہیں بھی چادر میں داخل فرما لیا۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت مبارکہ پڑھی: ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے○۔'' [الأحزاب، ۳۳: ۳۳]۔

اس حدیث کو امام مسلم اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٢٨/٢٩١۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ كَانَ يَمُرُّ

..... الرقم: ١١٤٩، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٥٩، الرقم: ٤٧٠٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢/١٤٩، وابن راهويه فى المسند، ٣/٦٧٨، الرقم: ١٢٧١۔

الحديث رقم ٢٨: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة الأحزاب، ٥/٣٥٢، الرقم: ٣٢٠٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٢٥٩، ٢٨٥، وفى فضائل الصحابة، ٢/٧٦١، الرقم: ١٣٤٠، ١٣٤١، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٧٢، الرقم: ٤٧٤٨، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٨٨، الرقم:٣٢٢٧٢، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ٥/٣٦٠، الرقم: ٢٩٥٣، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٣٦٧، الرقم:١٢٢٢٣۔

Marfat.com

بِبَابِ فَاطِمَةَ سِتَّةَ أَشْهُرٍ إِذَا خَرَجَ إِلَى صَلَاةِ الْفَجْرِ، يَقُوْلُ: الصَّلَاةَ يَاأَهْلَ الْبَيْتِ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾[الأحزاب، ٣٣: ٣٣]. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ چھ (٦) ماہ تک حضور نبی اکرم ﷺ کا یہ معمول رہا کہ جب نمازِ فجر کے لئے نکلتے تو حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کے دروازہ کے پاس سے گزرتے ہوئے فرماتے: ''اے اہلِ بیت! نماز قائم کرو (اور پھر یہ آیتِ مبارکہ پڑھتے:) ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٢٩٢/٢٩۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ رضي الله عنهما رَبِيْبِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾[الأحزاب، ٣٣: ٣٣] فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها، فَدَعَا فَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا رضي الله عنهم فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ، وَعَلِيٌّ رضي الله عنه خَلْفَ ظَهْرِهِ فَجَلَّلَهُ بِكِسَاءٍ، ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، هَؤُلَاءِ

الحديث رقم ٢٩: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة الأحزاب، ٥/٣٥١، الرقم:٣٢٠٥، وفي كتاب: المناقب، باب: مناقب أهل بيت النبي ﷺ، ٥/٦٦٣، الرقم: ٣٧٨٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٢٩٢، وفى فضائل الصحابة، ٢/٥٨٧، الرقم: ٩٩٤، والحاكم فى المستدرك، ٢/٤٥١، الرقم: ٣٥٥٨، ٣/١٥٨، الرقم: ٤٧٠٥، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٥٤، الرقم: ٢٦٦٨.

Marfat.com

أَهْلُ بَيْتِي، فَأَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيرًا.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''پروردۂ نبی حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ پر حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں یہ آیت مبارکہ: ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک ونقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے'' [الأحزاب، ۳۳: ۳۳] نازل ہوئی۔ تو آپ ﷺ نے حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم کو بلایا اور ایک چادر میں ڈھانپ لیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پیچھے تھے، آپ ﷺ نے اُنہیں بھی کملی میں ڈھانپ لیا، پھر فرمایا: اِلٰہی! یہ میرے اہلِ بیت ہیں، ان سے ہر آلودگی کو دور کردے اور انہیں خوب پاک وصاف فرما دے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

۲۹۳ / ۳۰۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ﴾ [الأحزاب، ۳۳: ۳۳] قَالَ: نَزَلَتْ فِي خَمْسَةٍ: فِي رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، وَعَلِيٍّ، وَفَاطِمَةَ، وَالْحَسَنِ، وَالْحُسَيْنِ رضی اللہ عنہم.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ حَيَّانَ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمانِ خداوندی: ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک ونقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔'' [الأحزاب، ۳۳: ۳۳] کے بارے میں فرمایا کہ یہ آیت مبارکہ پنجتن پاک کے حق میں نازل ہوئی۔ (یعنی) حضور نبی اکرم ﷺ، حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم کے حق میں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی اور ابن حیان نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ۳۰: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ۳ / ۳۸۰، الرقم: ۳٤٥٦، وفي المعجم الصغير، ۱ / ۲۳۱، الرقم: ۳۷۵، وابن حيان في طبقات المحدثين بأصبهان، ۳ / ۳۸٤، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ۱۰ / ۲۷۸.

Marfat.com

٢٩٤ / ٣١۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الآيَةُ: ﴿قُلْ لَّآ أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى﴾[الشورى، ٤٢: ٢٣] قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَنْ قَرَابَتُکَ هَؤُلَاءِ الَّذِيْنَ وَجَبَتْ عَلَيْنَا مَوَدَّتُهُمْ؟ قَالَ: عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ وَابْنَاهُمَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی۔ ''فرما دیجئے: میں اِس (تبلیغِ رسالت) پر تم سے کوئی اُجرت نہیں مانگتا مگر (اپنی اور اللہ تعالیٰ کی) قرابت و قربت سے محبت (چاہتا ہوں)۔'' [الشوری، ۴۲: ۲۳] تو صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کی قرابت والے کون ہیں جن کی محبت ہم پر واجب کی گئی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: علی، فاطمہ، اور ان کے دونوں بیٹے (حسن اور حسین)۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٢٩٥ / ٣٢۔ عَنْ أَبِي بَرْزَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يَنْعَقِدُ قَدَمَا عَبْدٍ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ أَرْبَعَةٍ عَنْ جَسَدِهِ فِيْمَا أَبْلَاهُ، وَعُمْرِهِ فِيْمَا أَفْنَاهُ، وَمَالِهِ مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهُ وَفِيْمَا أَنْفَقَهُ، وَعَنْ حُبِّ أَهْلِ الْبَيْتِ فَقِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، فَمَا عَلَامَةُ حُبِّكُمْ؟ فَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى مَنْكِبِ عَلِيٍّ ﷺ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو برزہ ﷺ بیان کرتے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آدمی کے دونوں قدم اس وقت تک اگلے جہاں میں نہیں پڑتے جب تک کہ اس سے چار چیزوں کے بارے سوال نہ کر لیا جائے ،اس کے جسم کے بارے میں کہ اس نے اسے کس طرح کے اعمال میں بوسیدہ کیا ؟اور اس کی عمر کے بارے میں کہ کس حال میں اسے ختم کیا ؟اور اس کے مال کے

الحديث رقم ٣١: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٣/٤٧، الرقم: ٢٦٤١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٦٨۔

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٢/٣٤٨، الرقم: ٢١٩١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٣٤٦۔

Marfat.com

بارے میں کہ اس نے یہ کہاں سے کمایا اور کہاں کہاں خرچ کیا؟ اور میرے اہلِ بیت کی محبت کے بارے میں؟ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! آپ (کے اہلِ بیت) کی محبت کی کیا علامت ہے؟ تو آپ ﷺ نے اپنا دستِ اقدس حضرت علی رضی اللہ عنہ کے شانے پر مارا (کہ ان سے محبت مجھ سے محبت کی علامت ہے)۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

﴿فرمانِ مصطفیٰ ﷺ: جس کا میں مولا ہوں اس کا علی مولا ہے﴾

٢٩٦/٣٣۔ عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي سَرِيْحَةَ ﷺ أَوْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ﷺ، (شَكَّ شُعْبَةُ) عَنِ

الحديث رقم ٣٣: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب علي بن أبى طالب ﷺ، ٥/٦٣٣، الرقم:٣٧١٣، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٥/١٩٥، ٢٠٤، الرقم:٥٠٧١، ٥٠٩٦۔

وَقَدْ رُوِيَ هَذَا الْحَدِيْثُ عَنْ حُبْشِيّ بْنِ جُنَادَةَ فِى الْكُتُبِ الْآتِيَةِ: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/١٣٤، الرقم: ٤٦٥٢، والطبرانى فى المعجم الكبير،١٢/٧٨، الرقم: ١٢٥٩٣، وابن أبى عاصم فى السنة: ٦٠٢، الرقم: ١٣٥٩، وحسام الدين الهندى فى كنزالعمال، ١١/٦٠٨، الرقم: ٣٢٩٤٦، وابن عساكرفى تاريخ دمشق الكبير، ٤٥/٧٧، ١٤٤، والخطيب البغدادى فى تاريخ بغداد، ١٢/٣٤٣، وابن كثير فى البداية والنهاية، ٥/٤٥١، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/١٠٨۔

وَقَد رُوِيَ هَذَا الْحَدِيْثُ أيضاً عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ فِى الْكُتُبِ الْآتِيَةِ۔ أخرجه ابن أبى عاصم فى السنة: ٦٠٢، الرقم: ١٣٥٥، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٦٦، الرقم: ٣٢٠٧٢۔

وَقَدْ رُوِيَ هَذَا الْحَدِيْثُ عَنْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ فِي الْكُتُبِ الآتِيَةِ: أخرجه ابن أبى عاصم فى السنة: ٦٠٢، الرقم: ١٣٥٤، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٤/١٧٣، الرقم: ٤٠٥٢، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ١/٢٢٩، الرقم: ٣٤٨۔

وَقَدْ رُوِيَ هَذَا الْحَدِيْثُ عَنْ بُرَيْدَةَ فِي الْكُتُبِ الآتِيَةِ:
أخرجه عبد الرزاق فى المصنف، ١١/٢٢٥، الرقم:٢٠٣٨٨، والطبرانى فى المعجم الصغير،١: ٧١، وابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ٤٥/١٤٣، وابن أبى عاصم فى السنة: ٦٠١، الرقم: ١٣٥٣، وابن كثير فى البداية والنهاية، ٥/٤٥٧، وحسام الدين الهندى فى كنز العمال،١١/٦٠٢، الرقم: ٣٢٩٠٤۔

وَقَدْ رُوِيَ هَذَا الْحَدِيْثُ عَنْ مَالِكِ بْنِ حُوَيْرَثٍ فِي الْكُتُبِ الآتِيَةِ: ←

Marfat.com

النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رَوَى شُعْبَةُ هَذَا الْحَدِيْثَ عَنْ مَيْمُوْنٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

''حضرت شعبہ ﷺ، سلمہ بن کہیل سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ابوطفیل سے سنا (شعبہ کو شک ہے) کہ ابوسریحہ ﷺ یا زید بن ارقم ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس کا میں مولا ہوں، اُس کا علی مولا ہے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

حضرت شعبہ نے اس حدیث کو میمون سے انہوں نے ابوعبد اللہ سے اور اُنہوں نے زید بن ارقم سے اور اُنہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کیا ہے۔

٢٩٧ / ٣٤۔ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رضي الله عنهما، في رواية طويلة: إِنَّ عَلِيًّا مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ بَعْدِي. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عمران بن حصین ﷺ ایک طویل روایت میں بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک علی مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور میرے بعد وہ ہر مسلمان کا ولی ہے۔''

..... أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٩ / ٢٥٢، الرقم:٦٤٦، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٤٥: ١٧٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١٠٦۔

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب علي بن أبي طالب ﷺ، ٥ / ٦٣٢، الرقم: ٣٧١٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ١ / ٣٣٠، الرقم: ٣٠٦٢، وابن حبان في الصحيح، ١٥ / ٣٧٣، الرقم: ٦٩٢٩، والنسائي في السنن الكبرى، ٥ / ١٣٢، الرقم: ٨٤٧٤، والحاكم في المستدرك، ٣ / ١١٩، الرقم: ٤٥٧٩، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦ / ٣٧٣، ٣٧٢، الرقم: ٣٢١٢١، وأبويعلى في المسند، ١ / ٢٩٣، الرقم: ٣٥٥، والطبراني في المعجم الكبير، ١٨ / ١٢٨، الرقم: ٢٦٥۔

Marfat.com

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

۲۹۸/۳۵۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ﷺ قَالَ: لَمَّا رَجَعَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مِنْ حَجَّةِ الْوِدَاعِ وَنَزَلَ غَدِيْرَ خُمٍّ، أَمَرَ بِدَوْحَاتٍ، فَقُمْنَ، فَقَالَ: كَأَنِّي قَدْ دُعِيْتُ فَأَجَبْتُ. إِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيْكُمُ الثَّقَلَيْنِ، أَحَدُهُمَا أَكْبَرُ مِنَ الْآخَرِ: كِتَابُ اللهِ تَعَالَى، وَعِتْرَتِي، فَانْظُرُوْا كَيْفَ تُخْلِفُوْنِي فِيْهِمَا، فَإِنَّهُمَا لَنْ يَتَفَرَّقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ. ثُمَّ قَالَ: إِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ مَوْلَايَ وَأَنَا مَوْلَى كُلِّ مُؤْمِنٍ. ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ، فَقَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَهَذَا وَلِيُّهُ، اَللّٰهُمَّ، وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت زید بن ارقم ﷺ سے روایت ہے کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ حجۃ الوداع سے واپس تشریف لائے اور غدیر خم پر قیام فرمایا۔ آپ ﷺ نے سائبان لگانے کا حکم دیا، وہ لگا دیئے گئے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے لگتا ہے کہ عنقریب مجھے (وصال کا) بلاوا آنے کو ہے، جسے میں قبول کرلوں گا۔ یقیناً میں تمہارے درمیان دو اہم چیزیں چھوڑ کر جارہا ہوں، جو ایک دوسرے سے بڑھ کر اہمیت کی حامل ہیں: ایک اللہ تعالیٰ کی کتاب اور دوسری میری عترت۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ میرے بعد تم ان دونوں کے ساتھ کیا سلوک روا رکھتے ہو اور یہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گی، یہاں تک کہ حوضِ کوثر پر میرے سامنے آئیں گی۔ پھر فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ میرا مولا ہے اور میں ہر مومن کا مولا ہوں۔ پھر حضرت علی ﷺ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: جس کا میں مولا ہوں، اُس کا یہ ولی ہے، اے اللہ! جو اِسے (علی کو) دوست رکھے اُسے تو بھی دوست رکھ اور جو اِس سے عداوت رکھے اُس سے تو بھی عداوت رکھ۔''

اس حدیث کو امام نسائی اور امام حاکم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ

الحديث رقم ۳۵: أخرجه النسائی فی السنن الكبرى، ۵/۴۵، ۱۳۰، الرقم: ۸۱۴۸، ۸۴۶۴، والحاكم فی المستدرك، ۳/۱۰۹، الرقم: ۴۵۷۶، والطبرانی فی المعجم الكبير، ۵/۱۶۶، الرقم: ۴۹۶۹۔

Marfat.com

حدیث صحیح ہے۔

٢٩٩/٣٦۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: لَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُوْلُ فِي عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ ثَلَاثَ خِصَالٍ: لِأَنْ يَكُوْنَ لِي وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ. سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: إِنَّهُ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى عليهما السلام، إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي، وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّأْيَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ، وَيُحِبُّهُ اللهُ وَرَسُوْلُهُ وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ، فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالشَّاشِيُّ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تین خصلتیں ایسی بیان فرمائی ہیں کہ اگر میں اُن میں سے ایک کا بھی حامل ہوتا تو وہ مجھے سُرخ اُونٹوں (کا مالک ہونے) سے بھی زیادہ محبوب ہوتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (ایک موقع پر) فرمایا: علی میرے لیے اسی طرح ہے جیسے ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کے لیے تھے، (وہ نبی تھے) مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں اور فرمایا: میں آج اس شخص کو عَلم (جھنڈا) عطا کروں گا جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس سے محبت کرتے ہیں۔ (راوی کہتے ہیں کہ) میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (اس موقع پر) یہ فرماتے ہوئے بھی سنا: جس کا میں مولا ہوں اُس کا علی مولا ہے۔''

اس حدیث کو امام نسائی اور شاشی نے روایت کیا ہے۔

٣٠٠/٣٧۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ

الحديث رقم ٣٦: أخرجه النسائي في خصائص أمير المؤمنين علي بن أبي طالب رضی اللہ عنہ: ٣٣، ٣٤، ٨٨، الرقم: ١٠، ٨٠، والشاشي في المسند، ١/١٦٥، ١٦٦، الرقم: ١٠٦، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٤٥/٨٨، والهندي في كنز العمال، ١٥/١٦٣، الرقم: ٣٦٤٩٥۔ ٣٦٤٩٦۔

الحديث رقم ٣٧: أخرجه ابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: في فضائل أصحاب رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ١/٤٥، الرقم: ١٢١، والنسائي في خصائص أمير المؤمنين علي بن أبي طالب رضی اللہ عنہ، ٣٢، ٣٣، الرقم: ٩١۔

Marfat.com

اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعِلِيٌّ مَوْلَاهُ، وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى عليهما السلام، إِلَّا أَنَّهُ لاَ نَبِيَّ بَعْدِي، وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّأْيَةَ الْيَوْمَ رَجُلاً يُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالنَّسَائِيُّ فِي الْخَصَائِصِ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص ﷺ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: جس کا میں ولی ہوں اُس کا علی ولی ہے۔ اور میں نے آپ ﷺ کو (حضرت علی ﷺ سے) یہ فرماتے ہوئے سنا: تم میرے لیے اسی طرح ہو جیسے ہارون علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام کے لیے تھے، مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں، اور میں نے آپ ﷺ کو (غزوۂ خیبر کے موقع پر) یہ بھی فرماتے ہوئے سنا: میں آج اس شخص کو جھنڈا عطا کروں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے۔''

اس حدیث کو امام ابن ماجہ اور نسائی نے خصائص علی بن ابی طالب ﷺ میں روایت کیا ہے۔

٣٠١/٣٨۔ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ ﷺ قَالَ: أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِي حَجَّتِهِ الَّتِي حَجَّ، فَنَزَلَ فِي بَعْضِ الطَّرِيْقِ، فَأَمَرَ الصَّلَاةَ جَامِعَةً، فَأَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ ﷺ، فَقَالَ: أَ لَسْتُ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ؟ قَالُوْا: بَلَى، قَالَ: أَلَسْتُ أَوْلَى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهِ؟ قَالُوْا: بَلَى، قَالَ: فَهَذَا وَلِيُّ مَنْ أَنَا مَوْلَاهُ، اَللّٰهُمَّ، وَالِ مَنْ وَالَاهُ، اَللّٰهُمَّ، عَادِ مَنْ عَادَاهُ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت براء بن عازب ﷺ روایت کرتے ہیں کہ ہم نے حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ حج ادا کیا، آپ ﷺ نے راستے میں ایک جگہ قیام فرمایا اور نماز باجماعت (قائم کرنے) کا حکم دیا، اس کے بعد حضرت علی ﷺ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: کیا میں مومنوں کی جانوں سے قریب تر نہیں ہوں؟ لوگوں نے جواب دیا: کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں ہر مومن کی جان

الحديث رقم ٣٨: أخرجه ابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فضائل أصحاب رسول الله ﷺ، ١/٨٨، الرقم: ١١٦۔

Marfat.com

سے قریب تر نہیں ہوں؟ لوگوں نے جواب دیا: کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: پس یہ (علی) ہر اس شخص کا ولی ہے جس کا میں مولا ہوں۔ اے اللہ! جو اسے دوست رکھے اسے تو بھی دوست رکھ (اور) جو اس سے عداوت رکھے اُس سے تو بھی عداوت رکھ۔''

اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٣٠٢/٣٩۔ عَنْ بُرَيْدَةَ ﷺ قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ عَلِيٍّ ﷺ اَلْيَمَنَ فَرَأَيْتُ مِنْهُ جَفْوَةً، فَلَمَّا قَدِمْتُ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ ذَكَرْتُ عَلِيًّا، فَتَنَقَّصْتُهُ، فَرَأَيْتُ وَجْهَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ يَتَغَيَّرُ، فَقَالَ: يَا بُرَيْدَةُ، أَلَسْتُ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ؟ قُلْتُ: بَلَى، يَارَسُوْلَ اللهِ، قَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت بریدہ ﷺ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت علی ﷺ کے ساتھ یمن کے غزوہ میں شرکت کی جس میں مجھے ان سے کچھ شکایت ہوئی۔ جب میں حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں واپس آیا تو میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے حضرت علی ﷺ کا ذکر کرتے ہوئے ان کی شان میں تنقیص کی۔ میں نے دیکھا کہ آپ ﷺ کا چہرہ مبارک متغیر ہو گیا اور آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے بریدہ! کیا میں مومنین کی جانوں سے قریب تر نہیں ہوں؟'' تو میں نے عرض کیا: کیوں نہیں، یا رسول اللہ! اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: جس کا میں مولا ہوں اُس کا علی مولا ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد، نسائی، حاکم اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٣٠٣/٤٠۔ عَنْ مَيْمُوْنٍ أَبِي عَبْدِ اللهِ ﷺ قَالَ: قَالَ: زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ ﷺ

الحديث رقم ٣٩: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣٤٧،الرقم: ٢٢٩٩٥، والنسائى في السنن الكبرى، ٥/١٣٠، الرقم: ٨٤٦٥، والحاكم فى المستدرك، ٣/١١٠، الرقم: ٤٥٧٨، وابن أبى شيبة فى المصنف، ١٢/٨٤، الرقم: ١٢١٨١۔
الحديث رقم ٤٠: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٣٧٢، والبيهقى فى السنن ←

Marfat.com

وَأَنَا أَسْمَعُ: نَزَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ بِوَادٍ يُقَالُ لَهُ: وَادِي خُمٍّ، فَأَمَرَ بِالصَّلَاةِ، فَصَلَّاهَا بِهَجِيْرٍ، قَالَ: فَخَطَبَنَا وَظُلِّلَ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ بِثَوْبٍ عَلَى شَجَرَةِ سَمُرَةَ مِنَ الشَّمْسِ، فَقَالَ: أَ لَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ أَوْ لَسْتُمْ تَشْهَدُوْنَ أَنِّي أَوْلَى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهِ؟ قَالُوا: بَلَى، قَالَ: فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَإِنَّ عَلِيًّا مَوْلَاهُ، اَللّٰهُمَّ، عَادِ مَنْ عَادَاهُ وَوَالِ مَنْ وَالَاهُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت میمون ابوعبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک وادی ..... جسے وادیٔ خم کہا جاتا ہے ..... میں اُترے۔ پس آپ ﷺ نے نماز کا حکم دیا اور سخت گرمی میں جماعت کروائی۔ پھر ہمیں خطبہ فرمایا درآنحالیکہ حضور نبی اکرم ﷺ کو سورج کی گرمی سے بچانے کے لئے درخت پر کپڑا لٹکا کر سایہ کیا گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''کیا تم نہیں جانتے یا (اس بات کی) گواہی نہیں دیتے کہ میں ہر مومن کی جان سے قریب تر ہوں؟'' لوگوں نے کہا: کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: پس جس کا میں مولا ہوں اُس کا علی مولا ہے، اے اللہ! تو اُس سے عداوت رکھ جو اِس (علی) سے عداوت رکھے اور اُسے دوست رکھ جو اِسے دوست رکھے۔''

اس حدیث کو امام احمد، بیہقی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٠٤ / ٤١۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ يَوْمَ غَدِيْرِ خُمٍّ: مَنْ كُنْتُ

..... الكبرى، ٥ / ١٣١، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٥ / ١٩٥، الرقم: ٥٠٦٨.

الحديث رقم ٤١: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١ / ١٥٢، الرقم: ٦٨٧٨، وفي فضائل الصحابة، ٢ / ٧٠٥، الرقم: ١٢٠٦، والطبرانى في المعجم الأوسط، ٧ / ٤٤٨، وابن أبى عاصم في السنة، ٢ / ٦٠٤، الرقم: ١٣٦٩، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٤٥ / ١٦١، ١٦٢، ١٦٣، وابن كثير في البداية والنهاية، ٤ / ١٧١، والهندى في كنز العمال، ١٣ / ٧٧، ١٦٨، الرقم: ٣٢٩٥٠، ٣٦٥١١، والهيثمى في مجمع الزوائد، ٩ / ١٠٧.

Marfat.com

مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیر خم کے دن فرمایا: جس کا میں مولا ہوں اُس کا علی مولا ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٠٥/٤٢۔ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ وَهْبٍ رضي الله عنه قَالَ: نَشَدَ عَلِيٌّ رضي الله عنه النَّاسَ فَقَامَ خَمْسَةٌ أَوْ سِتَّةٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم فَشَهِدُوْا أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ فِي الْخَصَائِصِ.

''ابو اسحاق سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن وہب رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے قسم لی جس پر پانچ (۵) یا چھ (۶) صحابہ نے کھڑے ہو کر گواہی دی کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: جس کا میں مولا ہوں اُس کا علی مولا ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور نسائی نے خصائص علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ میں روایت کیا ہے۔

٣٠٦/٤٣۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما في رواية

الحديث رقم ٤٢: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥/٣٦٦، وفي فضائل الصحابة، ٢/٥٩٨، ٥٩٩، الرقم: ١٠٢١، والنسائي في خصائص أمير المؤمنين علي بن ابي طالب رضي الله عنه: ٩٠، الرقم: ٨٣، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٢/١٠٥، الرقم: ٤٧٩، والبيهقي في السنن الكبرى، ٥/١٣١، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٤٥/١٦٠، والطبري في الرياض النضرة، ٣/١٢٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٠٤۔

الحديث رقم ٤٣: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/٣٣٠، الرقم: ٣٠٦٢، والحاكم في المستدرك، ٣/١٤٣، الرقم: ٤٦٥٢، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٦٠٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١١٩۔

Marfat.com

طويلة: قَالَ: وَقَالَ لِبَنِي عَمِّهِ أَيُّكُمْ يُوَالِينِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ؟ قَالَ: وَعَلِيٌّ مَعَهُ جَالِسٌ. فَأَبَوْا فَقَالَ عَلِيٌّ: أَنَا أُوَالِيكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ قَالَ: أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةَ قَالَ: فَتَرَكَهُ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى رَجُلٍ مِنْهُمْ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ يُوَالِينِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ؟ فَأَبَوْا قَالَ: فَقَالَ عَلِيٌّ: أَنَا أُوَالِيكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. فَقَالَ: أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت عمرو بن میمون ﷺ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک طویل حدیث میں روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے چچا کے بیٹوں سے فرمایا: تم میں سے کون دنیا و آخرت میں میرے ساتھ دوستی کرے گا؟ راوی بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی ﷺ اس وقت آپ ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے، سب نے انکار کر دیا تو حضرت علی ﷺ نے عرض کیا: میں آپ ﷺ کے ساتھ دنیا و آخرت میں دوستی کروں گا، اس پر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے علی تو دنیا و آخرت میں میرا دوست ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ حضرت علی ﷺ سے آگے ان میں سے ایک اور آدمی کی طرف بڑھے اور فرمایا: تم میں سے دنیا و آخرت میں میرے ساتھ کون دوستی کرے گا؟ تو اس نے بھی انکار کر دیا۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ اس پر پھر حضرت علی ﷺ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں آپ کے ساتھ دنیا اور آخرت میں دوستی کروں گا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے علی! تو دنیا و آخرت میں میرا دوست ہے۔'' اس حدیث کو امام احمد، ابن ابی عاصم اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٣٠٧/٤٤۔ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ ﷺ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِي

الحديث رقم ٤٤: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٤/٢٨١، الرقم: ١٨٥٠٢، وفي فضائل الصحابة، ٢/٦١٠، الرقم: ١٠٤٢، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٧٢، الرقم: ٣٢١١٨، والخطيب البغدادى في تاريخ بغداد، ٨/٢٨٩، الرقم: ٤٣٩٢، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير،٤٢/٢٣٣۔ ٢٣٤، والهندي في كنزالعمال، ١٣/١٣٣۔١٣٤، الرقم: ٣٦٤٢٠، وابن كثير في البداية والنهاية، ٤/١٦٩، ٥/٤٦٤، وواحدى في أسباب النزول، ١٠/١٠٨۔

Marfat.com

سَفَرٍ، فَنَزَلْنَا بِغَدِيْرِ خُمٍّ، فَنُوْدِيَ فِيْنَا الصَّلَاةُ جَامِعَةٌ وَكُسِحَ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ تَحْتَ شَجَرَتَيْنِ فَصَلَّى الظُّهْرَ وَأَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ رضي الله عنه فَقَالَ: أَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ أَنِّي أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ؟ قَالُوْا: بَلَى، قَالَ: أَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ أَنِّي أَوْلَى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهِ؟ قَالُوْا: بَلَى، قَالَ: فَأَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ فَقَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ. قَالَ: فَلَقِيَهُ عُمَرُ رضي الله عنه بَعْدَ ذٰلِکَ فَقَالَ لَهُ: هَنِيْئًا يَا ابْنَ أَبِي طَالِبٍ أَصْبَحْتَ وَأَمْسَيْتَ مَوْلَى كُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

وفي رواية: فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رضي الله عنه: بَخٍ بَخٍ لَکَ يَابْنَ أَبِي طَالِبٍ، أَصْبَحْتَ مَوْلَايَ وَمَوْلَى كُلِّ مُسْلِمٍ. فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى: ﴿اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ [المائدة: ٥: ٣]. رَوَاهُ الْخَطِيْبُ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سفر پر تھے، (راستے میں) ہم نے (وادی) غدیرخم میں قیام کیا۔ وہاں ندا دی گئی کہ نماز کھڑی ہوگئی اور حضور نبی اکرم ﷺ کے لئے دو درختوں کے نیچے (نماز پڑھنے کے لئے) صفائی کی گئی، پس آپ ﷺ نے نمازِ ظہر ادا کی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں مومنوں کی جانوں سے بھی قریب تر ہوں؟ انہوں نے کہا: کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں ہر مومن کی جان سے بھی قریب تر ہوں؟ انہوں نے کہا: کیوں نہیں! راوی کہتا ہے کہ پھر آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: جس کا میں مولا ہوں اس کا (یہ) علی مولا ہے۔ اے اللہ! اسے تو دوست رکھ جو اِسے (یعنی علی کو) دوست رکھے اور اس سے عداوت رکھ جو اس (علی) سے عداوت رکھے۔'' راوی نے بیان کیا کہ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی اور ان سے کہا: اے ابن ابی طالب! مبارک ہو، آپ صبح و شام (یعنی ہمیشہ کے لئے) ہر مومن و مومنہ کے مولا بن گئے۔''

اسے امام احمد اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

اور ایک روایت میں ہے کہ اس پر حضرت عمر بن الخطاب ﷺ نے فرمایا: مبارک ہو، اے ابن ابی طالب! آپ میرے اور ہر مسلمان کے مولا ٹھہرے (اس موقع پر) اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا۔'' [المائدہ، ۵:۳]۔

اسے خطیب بغدادی اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

٣٠٨/٤٥۔ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عُمَرَ بْنِ مُوْرِقٍ قَالَ: كُنْتُ بِالشَّامِ وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يُعْطِي النَّاسَ، فَتَقَدَّمْتُ إِلَيْهِ فَقَالَ لِي: مِمَّنْ أَنْتَ؟ قُلْتُ: مِنْ قُرَيْشٍ، قَالَ: مِنْ أَيِّ قُرَيْشٍ؟ قُلْتُ: مِنْ بَنِي هَاشِمٍ، قَالَ: مِنْ أَيِّ بَنِي هَاشِمٍ؟ قَالَ: فَسَكَتُّ. فَقَالَ: مِنْ أَيِّ بَنِي هَاشِمٍ؟ قُلْتُ: مَوْلَى عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: مَنْ عَلِيٌّ؟ فَسَكَتُّ، قَالَ: فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى صَدْرِي وَقَالَ: وَأَنَا وَاللهِ مَوْلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ﷺ، ثُمَّ قَالَ: حَدَّثَنِي عِدَّةٌ أَنَّهُمْ سَمِعُوْا النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُزَاحِمُ كَمْ تُعْطِي أَمْثَالَهُ؟ قَالَ: مِائَةً أَوْ مِائَتَي دِرْهَمٍ، قَالَ: أَعْطِهِ خَمْسِيْنَ دِيْنَارًا، وَقَالَ ابْنُ أَبِي دَاوُدَ: سِتِّيْنَ دِيْنَارًا لِوِلَايَتِهِ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ ﷺ، ثُمَّ قَالَ: اَلْحَقُّ بِبَلَدِكَ فَسَيَأْتِيْكَ مِثْلُ مَا يَأْتِي نُظَرَاءَكَ.

رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت یزید بن عمر بن مورق روایت کرتے ہیں کہ ایک موقع پر میں شام میں تھا جب حضرت عمر بن عبدالعزیز ﷺ لوگوں کو (انعامات سے) نواز رہے تھے۔ پس میں بھی ان کے پاس آیا، اُنہوں نے مجھ سے پوچھا کہ آپ کس قبیلے سے ہیں؟ میں نے کہا: قریش سے۔ اُنہوں نے پوچھا کہ قریش کی کس شاخ سے؟ میں نے کہا: بنی ہاشم سے۔ اُنہوں نے پوچھا کہ

الحديث رقم ٤٥: أخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء، ٥/٣٦٤، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٤٨/٢٣٣، ٦٩/١٢٧، ابن الأثير في أسد الغابة، ٦/٤٢٧، ٤٢٨.

Marfat.com

بنی ہاشم کے کس خاندان سے؟ راوی کہتے ہیں کہ میں خاموش رہا۔ اُنہوں نے (پھر) پوچھا کہ بنی ہاشم کے کس خاندان سے؟ میں نے کہا: مولا علی رضی اللہ عنہ (کے خاندان سے)۔ اُنہوں نے پوچھا کہ علی رضی اللہ عنہ کون ہیں؟ میں خاموش رہا۔ راوی کہتے ہیں کہ اُنہوں نے میرے سینے پر ہاتھ رکھا اور فرمایا: ''بخدا! میں بھی حضرت علی بن اَبی طالب رضی اللہ عنہ کا غلام ہوں۔'' اور پھر فرمایا کہ مجھے بے شمار لوگوں نے بیان کیا ہے کہ اُنہوں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''جس کا میں مولا ہوں اُس کا علی مولا ہے۔'' پھر مزاحم (داروغہ خزانہ) سے پوچھا کہ اِس قبیلہ کے لوگوں کو کتنا دے رہے ہو؟ تو اُس نے جواب دیا: سو (۱۰۰) یا دو سو (۲۰۰) درہم۔ اِس پر اُنہوں نے فرمایا: ''حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی قرابت کی وجہ سے انہیں پچاس (۵۰) دینار زیادہ دو، اور ابنِ اَبی داوٗد کی روایت کے مطابق ساٹھ (۶۰) دینار اضافی دینے کی ہدایت کی، اور (اُن سے مخاطب ہوکر) فرمایا: آپ اپنے شہر تشریف لے جائیں، آپ کے پاس آپ کے قبیلہ کے لوگوں کی طرح حصہ پہنچ جائے گا۔''

اس حدیث کو امام ابونعیم اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

٣٠٩/٤٦۔ عَنْ عَمْرٍو ذِي مُرٍّ وَزَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضي الله عنهما قَالَا: خَطَبَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَوْمَ غَدِيْرِ خُمٍّ، فَقَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اَللّٰهُمَّ، وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ، وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَهُ وَأَعِنْ مَنْ أَعَانَهُ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عمرو ذی مر اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیر خم کے مقام پر خطاب کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کا میں مولا ہوں اُس کا علی مولا ہے، اے اللہ! جو اِسے دوست رکھے تو اُسے دوست رکھ اور جو اس سے عداوت رکھے تو اُس سے عداوت رکھ، اور جو اِس کی نصرت کرے اُس کی تو نصرت فرما اور جو اِس کی اِعانت کرے تو اُس کی اِعانت فرما۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٦: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٥/١٩٢، الرقم: ٥٠٥٩، والنسائي في خصائص أمير المؤمنين علي بن أبي طالب رضي الله عنه: ١٠٠، ١٠١، الرقم: ٩٦، وابن كثير في البداية والنهاية، ٤/١٧٠، والهندي في كنز العمال، ١١/٦٠٩، الرقم: ٣٢٩٤٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٠٤، ١٠٦.

Marfat.com

٣١٠/٤٧۔ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ في رواية طويلة: قَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَنْتَقِصُوْنَ عَلِيًّا، مَنْ يَنْتَقِصْ عَلِيًّا فَقَدْ تَنَقَّصَنِي، وَمَنْ فَارَقَ عَلِيًّا فَقَدْ فَارَقَنِي، إِنَّ عَلِيًّا مِنِّي، وَأَنَا مِنْهُ، خُلِقَ مِنْ طِيْنَتِي وَخُلِقْتُ مِنْ طِيْنَةِ إِبْرَاهِيْمَ عليه السلام، وَأَنَا أَفْضَلُ مِنْ إِبْرَاهِيْمَ، ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ وَاللهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ،..... وَإِنَّهُ وَلِيُّكُمْ مِنْ بَعْدِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، بِالصُّحْبَةِ أَ لَا بَسَطْتَ يَدَكَ حَتَّى أُبَايِعَكَ عَلَى الإِسْلَامِ جَدِيْدًا؟ قَالَ: فَمَا فَارَقْتُهُ حَتَّى بَايَعْتُهُ عَلَى الإِسْلَامِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابن بریدہ ﷺ اپنے والد سے ایک طویل روایت میں بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ان لوگوں کا کیا ہو گا جو علی کی شان میں گستاخی کرتے ہیں! (جان لو) جو علی کی گستاخی کرتا ہے وہ میری گستاخی کرتا ہے اور جو علی سے جدا ہوا وہ مجھ سے جدا ہو گیا۔ بیشک علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں، اُس کی تخلیق میری مٹی سے ہوئی ہے اور میری تخلیق حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مٹی سے کی گئی، اور میں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے افضل ہوں۔ ہم میں سے بعض بعض کی اولاد ہیں، اللہ تعالیٰ یہ ساری باتیں سننے اور جاننے والا ہے۔..... وہ میرے بعد تم سب کا ولی ہے۔ (بریدہ بیان کرتے ہیں کہ) میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کچھ وقت عنایت فرمائیں اور اپنا ہاتھ بڑھائیں، میں تجدیدِ اسلام کی بیعت کرنا چاہتا ہوں، (اور) میں آپ ﷺ سے جدا نہ ہوا یہاں تک کہ میں نے اسلام پر (دوبارہ) بیعت کر لی۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣١١/٤٨۔ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

الحديث رقم ٤٧: أخرجه الطبرانى في المعجم الأوسط، ٦/١٦٣، ١٦٢، الرقم:٦٠٨٥، والهيثمى في مجمع الزوائد، ٩/١٢٨.

الحديث رقم ٤٨: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ١/٤٢٩، الرقم: ١٧٥١، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٤٥:١٨١،١٨٢، والهندى في كنز العمال، ١١/٦١١، الرقم: ٣٢٩٥٨، والهيثمى في مجمع الزوائد، ٩/١٠٨،١٠٩ وقال: رواه الطبراني بإسنادين.

Marfat.com

أُوْصِي مَنْ آمَنَ بِي وَصَدَّقَنِي بِوِلَايَةِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ: مَنْ تَوَلَّاهُ فَقَدْ تَوَلَّانِي وَمَنْ تَوَلَّانِي فَقَدْ تَوَلَّى اللهَ ﷻ، وَمَنْ أَحَبَّهُ فَقَدْ أَحَبَّنِي، وَمَنْ أَحَبَّنِي فَقَدْ أَحَبَّ اللهَ ﷻ، وَمَنْ أَبْغَضَهُ فَقَدْ أَبْغَضَنِي، وَمَنْ أَبْغَضَنِي فَقَدْ أَبْغَضَ اللهَ ﷻ.

رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ وَالْهِنْدِيُّ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر ایمان لایا اور میری تصدیق کی اُسے میں ولایتِ علی کی وصیت کرتا ہوں، جس نے اُسے ولی جانا اُس نے مجھے ولی جانا اور جس نے مجھے ولی جانا اُس نے اللہ تعالیٰ کو ولی جانا، اور جس نے علی (رضی اللہ عنہ) سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی، اور جس نے مجھ سے محبت کی اُس نے اللہ تعالیٰ سے محبت کی، اور جس نے علی سے بغض رکھا اُس نے مجھ سے بغض رکھا، اور جس نے مجھ سے بغض رکھا اُس نے اللہ تعالیٰ سے بغض رکھا۔''

اس حدیث کو امام دیلمی، متقی ہندی اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِيمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا عليه السلام فَقَدْ أَحَبَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم

وَمَنْ أَبْغَضَ عَلِيًّا عليه السلام فَقَدْ أَبْغَضَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم

﴿حبِّ علی علیہ السلام حبِّ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور بُغضِ علی علیہ السلام بُغضِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہونے کا بیان﴾

٣١٢/٤٩۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ الْجَدَلِيِّ رضي الله عنه قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها فَقَالَتْ لِي: أَ يُسَبُّ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم فِيْكُمْ؟ قُلْتُ: مَعَاذَ اللهِ، أَوْ سُبْحَانَ اللهِ أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: مَنْ سَبَّ عَلِيًّا فَقَدْ سَبَّنِي. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت عبداللہ جدلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے مجھے فرمایا: کیا تم لوگوں میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گالی دی جاتی ہے؟ میں نے کہا: اللہ کی پناہ، یا میں نے کہا: اللہ کی ذات پاک ہے یا اسی طرح کا کوئی اور کلمہ کہا (یعنی میں نے لاعلمی کا اظہار کیا) تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو علی کو گالی دیتا ہے وہ مجھے گالی دیتا ہے۔''

اس حدیث کو امام نسائی، احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٣١٣/٥٠۔ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ فَسَبَّ عَلِيًّا رضي الله عنه عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما فَحَصَبَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما فَقَالَ: يَا عَدُوَّ اللهِ، آذَيْتَ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللهَ

الحديث رقم ٤٩: أخرجه النسائی فی السنن الكبرى، ٥/١٣٣، الرقم: ٨٤٧٦، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٦/٣٢٣، الرقم: ٢٦٧٩١، والحاكم فی المستدرك، ٣/١٣٠، الرقم: ٤٦١٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٣٠۔

الحديث رقم ٥٠: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/ ١٢١، ١٢٢، الرقم: ٤٦١٨۔

Marfat.com

وَرَسُوْلَهُ لَعَنَهُمُ اللهُ فِی الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا﴾ [الأحزاب، ٣٣: ٥٧] لَوْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ حَيًّا لَآذَيْتَهُ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابن ابی ملیکہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ اہلِ شام سے ایک شخص آیا اور اس نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے سامنے حضرت علی ﷺ کو برا بھلا کہا، حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اسے ایسا کہنے سے منع کیا اور فرمایا: اے اللہ کے دشمن! تو نے حضور نبی اکرم ﷺ کو تکلیف دی ہے۔ (پھر یہ آیت پڑھی:) ''بیشک جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (ﷺ) کو اذیت دیتے ہیں اللہ تعالیٰ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت بھیجتا ہے اور اُس نے ان کے لئے ذِلّت انگیز عذاب تیار کر رکھا ہے۔''[الاحزاب، ٣٣: ٥٧] پھر فرمایا: اگر حضور نبی اکرم ﷺ (ظاہراً بھی) حیات ہوتے تو یقیناً (تو اس بات کے ذریعے) آپ ﷺ کے لیے اذیت کا باعث بنتا۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

٣١٤/٥١۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ ﷺ إِلَيَّ فَقَالَ: يَا عَلِيُّ، أَنْتَ سَيِّدٌ فِي الدُّنْيَا سَيِّدٌ فِي الْآخِرَةِ، حَبِيْبُکَ حَبِيْبِي، وَحَبِيْبِي، حَبِيْبُ اللهِ وَعَدُوُّکَ عَدُوِّي، وَعَدُوِّي، عَدُوُّ اللهِ، وَالْوَيْلُ لِمَنْ أَبْغَضَکَ بَعْدِي. رَوَاهُ الْحَاكِمُ، وَقَالَ: صَحِيْحٌ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما (حضرت علی ﷺ سے مروی) روایت میں بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے میری (یعنی حضرت علی ﷺ کی) طرف دیکھ کر فرمایا: اے علی! تو دنیا میں بھی سردار ہیں اور آخرت میں بھی سردار ہے۔ تیرا محبوب میرا محبوب ہے اور میرا محبوب اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے اور تیرا دشمن میرا دشمن ہے اور میرا دشمن اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے اور اس کے لئے بربادی ہے جو میرے بعد تمہارے ساتھ بغض رکھے۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

الحديث رقم ٥١: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/ ١٣٨، الرقم: ٤٦٤٠، والديلمي في مسند الفردوس، ٥/ ٣٢٥، الرقم: ٨٣٢٥.

Marfat.com

٣١٥/٥٢۔ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رضي الله عنهما قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ لِعَلِيٍّ رضي الله عنه: طُوْبَى لِمَنْ أَحَبَّکَ وَصَدَّقَ فِيْکَ، وَوَيْلٌ لِمَنْ أَبْغَضَکَ وَکَذَّبَ فِيْکَ. رَوَاهُ الْحَاکِمُ وَأَبُوْيَعْلَى وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے فرماتے ہوئے سنا (اے علی!) مبارکباد ہو اسے جو تجھ سے محبت کرتا ہے اور تیری تصدیق کرتا ہے اور ہلاکت ہو اس کے لئے جو تجھ سے بغض رکھتا ہے اور تجھے جھٹلاتا ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم، ابویعلی اور طبرانی نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٣١٦/٥٣۔ عَنْ سَلْمَانَ رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لِعَلِيٍّ رضي الله عنه: مُحِبُّکَ مُحِبِّي، وَمُبْغِضُکَ مُبْغِضِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تجھ سے محبت کرنے والا مجھ سے محبت کرنے والا ہے اور تجھ سے بغض رکھنے والا مجھ سے بغض رکھنے والا ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٢: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١٤٥، الرقم: ٤٦٥٧ وأبو يعلى في المسند، ٣/١٧٨-١٧٩، الرقم: ١٦٠٢، والطبراني في المعجم الأوسط، ٢/٣٣٧، الرقم: ٢١٥٧.

الحديث رقم ٥٣: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٦/٢٣٩، الرقم: ٦٠٩٧، والبزار في المسند، ٦/ ٤٨٨، والديلمي في مسند الفردوس، ٥/٣١٦، الرقم: ٨٣٠٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٣٢.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِ وَمَنَاقِبِهِ عليه السلام

﴿حضرت علی عليه السلام کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

٣١٧/٥٤۔ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضي الله عنه قَالَ: مَا كَانَ لِعَلِيٍّ اسْمٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَبِي التُّرَابِ، وَإِنْ كَانَ لَيَفْرَحُ إِذَا دُعِيَ بِهَا. فَقَالَ لَهُ: أَخْبِرْنَا عَنْ قِصَّتِهِ. لِمَ سُمِّيَ أَبَا تُرَابٍ؟ قَالَ: جَاءَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم بَيْتَ فَاطِمَةَ، فَلَمْ يَجِدْ عَلِيًّا فِي الْبَيْتِ. فَقَالَ أَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟ فَقَالَتْ: كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ شَيْءٌ. فَغَاضَبَنِي فَخَرَجَ فَلَمْ يَقِلْ عِنْدِي. فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم لِإِنْسَانٍ: انْظُرْ أَيْنَ هُوَ؟ فَجَاءَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، هُوَ فِي الْمَسْجِدِ رَاقِدٌ. فَجَاءَهُ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم وَهُوَ مُضْطَجِعٌ قَدْ سَقَطَ رِدَآؤُهُ عَنْ شِقِّهِ فَأَصَابَهُ تُرَابٌ. فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَمْسَحُهُ عَنْهُ وَيَقُوْلُ: قُمْ أَبَا التُّرَابِ. قُمْ أَبَا التُّرَابِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

''حضرت ابوحازم حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ابوتراب (مٹی والے) سے بڑھ کر کوئی نام محبوب نہ تھا، جب انہیں ابوتراب کے نام سے بلایا جاتا تو وہ بہت خوش ہوتے تھے۔ راوی (ابو حازم) نے ان سے کہا: ہمیں وہ واقعہ سنایئے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نام ابوتراب کیسے رکھا گیا؟ انہوں نے فرمایا: ایک دن حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لائے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ گھر میں نہیں تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارا چچازاد کہاں ہے؟ انہوں عرض کیا: میرے اور ان کے درمیان کچھ بات ہوگئی

الحديث رقم ٥٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المساجد، باب: نوم الرجال فی المسجد، ١/١٦٩، الرقم: ٤٣٠، وفی كتاب: الاستئذان، باب: القائلة فی المسجد، ٥/٢٣١٦، الرقم: ٥٩٢٤، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل علی بن أبی طالب رضي الله عنه، ٤/١٨٧٤، الرقم: ٢٤٠٩، والحاكم في المستدرك، ١/٢١١، والبيهقی فی السنن الكبری، ٢/٤٤٦، الرقم: ٤١٣٧۔

Marfat.com

جس پر وہ خفا ہو کر باہر چلے گئے اور گھر پر قیلولہ بھی نہیں کیا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے کسی شخص سے فرمایا: جاؤ تلاش کرو وہ کہاں ہیں؟ اس شخص نے آ کر خبر دی کہ وہ مسجد میں سو رہے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ حضرت علی ﷺ کے پاس تشریف لے گئے، آپ ﷺ نے دیکھا کہ وہ لیٹے ہوئے ہیں جبکہ ان کی چادر ان کے پہلو سے نیچے گر گئی تھی اور ان کے جسم پر مٹی لگ گئی تھی، حضور نبی اکرم ﷺ اپنے ہاتھ مبارک سے وہ مٹی جھاڑتے جاتے اور فرماتے جاتے: اے ابوتراب (مٹی والے)! اٹھو، اے ابوتراب اٹھو۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور مذکورہ الفاظ امام مسلم کے ہیں۔

٣١٨ / ٥٥۔ عَنْ سَلَمَةَ ﷺ قَالَ: كَانَ عَلِيٌّ قَدْ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فِي خَيْبَرَ، وَكَانَ بِهِ رَمَدٌ، فَقَالَ: أَنَا أَتَخَلَّفُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَخَرَجَ عَلِيٌّ فَلَحِقَ بِالنَّبِيِّ ﷺ، فَلَمَّا كَانَ مَسَاءُ اللَّيْلَةِ الَّتِي فَتَحَهَا اللهُ فِي صَبَاحِهَا، قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ أَوْ لَيَأْخُذَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلٌ يُحِبُّهُ اللهُ وَرَسُوْلُهُ، أَوْ قَالَ: يُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ، يَفْتَحُ اللهُ عَلَيهِ. فَإِذَا نَحْنُ بِعَلِيٍّ، وَمَا نَرْجُوْهُ، فَقَالُوْا: هَذَا عَلِيٌّ، فَأَعْطَاهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، فَفَتَحَ اللهُ عَلَيْهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت سلمہ بن اکوع ﷺ فرماتے ہیں کہ حضرت علی ﷺ آشوبِ چشم کی تکلیف کے باعث معرکہء خیبر کے لیے (بوقتِ روانگی) مصطفوی لشکر میں شامل نہ ہو سکے۔ پس انہوں نے سوچا کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ سے پیچھے رہ گیا ہوں، پھر حضرت علی ﷺ نکلے اور حضور نبی اکرم ﷺ سے جا ملے۔ جب وہ شب آئی جس کی صبح اللہ تعالیٰ نے فتح عطا فرمائی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کل میں جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا یا کل جھنڈا وہ شخص پکڑے گا جس سے

الحديث رقم ٥٥: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب علی بن أبی طالب ﷺ، ٣ / ١٣٥٧، الرقم: ٣٤٩٩، وفي كتاب: المغازي، باب: غزوة خيبر، ٤ / ١٥٤٢، الرقم: ٣٩٧٢، وفي كتاب: الجهاد والسير، باب: ما قيل في لواء النبي ﷺ، ٣ / ١٠٨٦، الرقم: ٢٨١٢، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل علی بن أبی طالب ﷺ، ٤ / ١٨٧٢، الرقم: ٢٤٠٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ٦ / ٣٦٢، الرقم: ١٢٨٣٧۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ محبت کرتے ہیں یا یہ فرمایا: جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے ، اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھوں خیبر کی فتح سے نوازے گا۔ پھر اچانک ہم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا، حالانکہ ہمیں ان کے آنے کی توقع نہ تھی۔ پس حضور نبی اکرم ﷺ نے جھنڈا انہیں عطا فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں فتح نصیب فرمائی۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٣١٩/٥٦۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ أَمَرَ بِسَدِّ الْأَبْوَابِ إِلَّا بَابَ عَلِيٍّ رضي الله عنه. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دروازے کے سوا مسجد میں کھلنے والے تمام دروازے بند کرنے کا حکم دیا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔

٣٢٠/٥٧۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: كُنَّا نَقُوْلُ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ ﷺ: رَسُوْلُ اللهِ خَيْرُ النَّاسِ، ثُمَّ أَبُوْبَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ، وَلَقَدْ أُوْتِيَ ابْنُ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه ثَلَاثَ خِصَالٍ، لِأَنْ تَكُوْنَ لِي وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ: زَوَّجَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ ابْنَتَهُ، وَوَلَدَتْ لَهُ، وَسَدَّ الْأَبْوَابَ إِلَّا بَابَهُ فِي الْمَسْجِدِ وَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ يَوْمَ خَيْبَرَ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں کہا کرتے تھے کہ آپ ﷺ تمام لوگوں سے افضل ہیں اور آپ ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور یہ کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو تین خصلتیں عطا کی

الحديث رقم ٥٦: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب على بن أبي طالب رضي الله عنه، ٥/٦٤١، الرقم: ٣٧٣٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١١٥.

الحديث رقم ٥٧: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند ٢/٢٦، الرقم: ٤٧٩٧، وفي فضائل الصحابة، ٢/٥٦٧، الرقم: ٩٥٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٢٠.

Marfat.com

گئیں ہیں۔ ان میں سے اگر ایک بھی مجھے مل جائے تو یہ مجھے سرخ قیمتی اونٹوں کے ملنے سے زیادہ محبوب ہے۔ (اور وہ تین خصلتیں یہ ہیں) کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ان کا نکاح اپنی صاحبزادی سے کیا جس سے ان کی اولاد ہوئی اور دوسری یہ کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مسجد نبوی کی طرف کھلنے والے تمام دروازے بند کروا دیئے مگر ان کا دروازہ مسجد میں رہا اور تیسری یہ کہ انہیں حضور نبی اکرم ﷺ نے خیبر کے دن جھنڈا عطا فرمایا۔''

اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

۳۲۱/۵۸۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَبُعٍ قَالَ: خَطَبَنَا عَلِيٌّ ﷺ فَقَالَ: وَالَّذِي فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَأَ النَّسَمَةَ لَتُخْضَبَنَّ هَذِهِ مِنْ هَذِهِ، قَالَ: قَالَ النَّاسُ: فَأَعْلِمْنَا مَنْ هُوَ؟ وَاللهِ لَنُبِيْرَنَّ عِتْرَتَهُ، قَالَ: أَنْشُدُكُمْ بِاللهِ أَنْ يُقْتَلَ غَيْرُ قَاتِلِي، قَالُوْا: إِنْ كُنْتَ قَدْ عَلِمْتَ ذَلِكَ اسْتَخْلِفْ إِذًا، قَالَ: لَا، وَلَكِنْ أَكِلُكُمْ إِلَى مَا وَكَلَكُمْ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَزَّارُ.

''حضرت عبداللہ بن سبع بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی ﷺ نے ایک دن ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا: اس ذات کی قسم جس نے دانے کو پھاڑا اور مخلوقات کو زندگی عطا فرمائی! یہ داڑھی ضرور بالضرور خون سے خضاب کی جائے گی (یعنی میری داڑھی میرے سر کے خون سے سرخ ہو جائے گی) راوی بیان کرتے ہیں کہ لوگوں نے کہا: پس آپ ہمیں بتا دیں وہ (بدبخت قاتل) کون ہے؟ ہم اس کی نسل مٹا دیں گے۔ انہوں نے فرمایا: میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ میرے قاتل کے علاوہ کسی کو قتل نہ کیا جائے۔ لوگوں نے کہا: اگر آپ یہ جانتے ہیں تو کسی کو خلیفہ مقرر کر دیں، آپ نے فرمایا: نہیں لیکن میں تمہیں وہ چیز سونپتا ہوں جو حضور نبی اکرم ﷺ نے تمہیں سونپی (یعنی باہم مشاورت سے خلیفہ مقرر کرو)۔''

اس حدیث کو امام احمد اور بزار نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٨: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/١٥٦، الرقم: ١٣٤٠، والبزار في المسند، ٣/٩٢، الرقم: ٨٧١، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٢/٢١٣، الرقم: ٥٩٥.

Marfat.com

٣٢٢/٥٩۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنه في رواية طويلة: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ أَبِي بِخَطِّ يَدِهِ فِي هَذَا الْحَدِيْثِ، قَالَ: أَمَا تَرْضَيْنَ أَنْ زَوَّجْتُكِ أَقْدَمَ أُمَّتِي سِلْمًا، وَأَكْثَرَهُمْ عِلْمًا، وَأَعْظَمَهُمْ حِلْمًا؟ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیدہ کائنات فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: کیا تو راضی نہیں کہ میں نے تیرا نکاح امت میں سب سے پہلے اسلام لانے والے، سب سے زیادہ علم والے اور سب سے زیادہ برد بار شخص سے کیا ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٢٣/٦٠۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: ادْعُوْا لِي سَيِّدَ الْعَرَبِ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَلَسْتَ سَيِّدَ الْعَرَبِ؟ قَالَ: أَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ وَعَلِيٌّ سَيِّدُ الْعَرَبِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس سردارِ عرب کو بلاؤ۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! کیا آپ عرب کے سردار نہیں؟ فرمایا: میں تمام اولادِ آدم کا سردار ہوں اور حضرت علی عرب کے سردار ہیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

٣٢٤/٦١۔ عَنْ هُبَيْرَةَ خَطَبَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رضي الله عنه فَقَالَ: لَقَدْ فَارَقَكُمْ رَجُلٌ بِالْأَمْسِ لَمْ يَسْبِقْهُ الْأَوَّلُوْنَ بِعِلْمٍ، وَلاَ يُدْرِكُهُ الآخِرُوْنَ، كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَبْعَثُهُ بَالرَّايَةِ، جِبْرِيْلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيْكَائِيْلُ عَنْ

الحديث رقم ٥٩: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/ ٢٦، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٠/ ٢٢٩،الرقم: ٥٣٨، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/ ٣٧٤، الرقم: ٣٢١٣١، والشيباني في الآحاد والمثاني، ١/ ١٤٢، الرقم: ١٦٩، والهندى فى كنز العمال، الرقم: ٣٢٩٢٤، ٣٢٩٢٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/ ١٠۔

الحديث رقم ٦٠: أخرجه الحلكم فى المستدرك، ٣/ ١٣٤، الرقم: ٤٦٢٦، وأبونعيم في حلية الأولياء، ١/ ٦٣، والهيثمى في مجمع الزوائد، ٩/ ١٣١۔

الحديث رقم ٦١: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١/ ١٩٩، الرقم: ١٧١٩، والطبراني فى المعجم الأوسط، ٢/ ٣٣٦، الرقم: ٢١٥٥۔

Marfat.com

شِمَالِهِ، لاَ يَنْصَرِفُ حَتَّى يُفْتَحَ لَهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ہبیرہ ﷺ سے روایت ہے کہ امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا: گزشتہ کل تم سے وہ ہستی جدا ہوگئی ہے جن سے نہ تو گذشتہ لوگ علم میں سبقت لے سکے اور نہ ہی بعد میں آنے والے ان کے مرتبہ علمی کو پا سکیں گے، حضور نبی اکرم ﷺ انہیں اپنا جھنڈا دے کر بھیجتے تھے اور حضرت جبرائیل علیہ السلام ان کی دائیں طرف اور حضرت میکائیل علیہ السلام ان کی بائیں طرف ہوتے تھے اور انہیں فتح عطا ہونے تک وہ ان کے ساتھ رہتے تھے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٢٥/٦٢۔ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رضي الله عنهما أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَنَّى عَلِيًّا ﷺ بِأَبِي تُرَابٍ، فَكَانَتْ مِنْ أَحَبِّ كُنَاهُ إِلَيْهِ. رَوَاهُ الْبَزَّارُ.

''حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی ﷺ کو ابو تراب کی کنیت سے نوازا۔ پس یہ کنیت انہیں سب کنیتوں سے زیادہ محبوب تھی۔''

اس حدیث کو امام بزار نے روایت کیا ہے۔

٣٢٦/٦٣۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: عَلِيٌّ مَعَ الْقُرْآنِ، وَالْقُرْآنُ مَعَ عَلِيٍّ لَا يَفْتَرِقَانِ حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: علی اور قرآن کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ یہ دونوں کبھی بھی جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ میرے پاس حوضِ کوثر پر (بھی اکھٹے) آئیں گے۔''

الحديث رقم ٦٢: أخرجه البزار فى المسند، ٤/٢٤٨، الرقم: ١٤١٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٠١۔

الحديث رقم ٦٣: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١٣٤، الرقم: ٤٦٢٨، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٥/١٣٥، الرقم: ٤٨٨٠، وفي المعجم الصغير، ٢/٢٨، الرقم: ٧٢٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٣٤۔

Marfat.com

اس حدیث کو امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔ نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٣٢٧ / ٦٤۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: اَلنَّاسُ مِنْ شَجَرٍ شَتَّى، وَأَنَا وَعَلِيٌّ مِنْ شَجَرَةٍ وَاحِدَةٍ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: لوگ جدا جدا نسب سے تعلق رکھتے ہیں جبکہ میں اور حضرت علی ایک ہی نسب سے ہیں۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٢٨ / ٦٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اَلسُّبَّقُ ثَلَاثَةٌ: اَلسَّابِقُ إِلَى مُوسَى، يُوْشَعُ بْنُ نُوْنٍ وَالسَّابِقُ إِلَى عِيْسَى، صَاحِبُ يَاسِيْنَ، وَالسَّابِقُ إِلَى مُحَمَّدٍ ﷺ، عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سبقت لے جانے والے تین ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف (ان پر ایمان لا کر) سبقت لے جانے والے حضرت یوشع بن نون ہیں، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف سبقت لیجانے والے صاحب یاسین ہیں اور حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف سبقت لے جانے والے علی بن ابی طالب ہیں۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٢٩ / ٦٦۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِأُمِّ

الحديث رقم ٤٦: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٤ / ٢٦٣، الرقم : ١٦٥١، والديلمي في مسند الفردوس، ٤ / ٣٠٣، الرقم: ٦٨٨٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١٠٠۔

الحديث رقم ٦٥: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١١ / ٩٣، الرقم: ١١١٥٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١٠٢۔

الحديث رقم ٦٦: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٢ / ١٨، الرقم: ١٢٣٤١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١١١۔

Marfat.com

سَلَمَةَ رضي الله عنها: هَذَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ لَحْمُهُ لَحْمِي، وَدَمُهُ دَمِي، فَهُوَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى عليه السلام، إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: یہ علی بن ابی طالب ہے اس کا گوشت میرا گوشت ہے اور اس کا خون میرا خون ہے اور یہ میرے لئے ایسے ہے جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے حضرت ہارون علیہ السلام، مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

٣٣٠ / ٦٧۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَكِيْمٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ تَعَالَى أَوْحَى إِلَيَّ فِي عَلِيٍّ ثَلَاثَةَ أَشْيَاءَ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي: أَنَّهُ سَيِّدُ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَإِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ، وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے شبِ معراج وحی کے ذریعے مجھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تین صفات کی خبر دی (یہ وہ ہیں:) وہ تمام مومنین کے سردار ہیں، متقین کے امام ہیں اور (قیامت کے روز) نورانی چہرے والوں کے قائد ہوں گے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

٣٣١ / ٦٨۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: نَزَلَتْ فِي عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا﴾ [مريم: ١٩: ٩٦] قَالَ: مَحَبَّةً فِي قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت: ''بیشک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے تو (خدائے) رحمٰن ان کے لئے (لوگوں کے)

الحديث رقم ٦٧: أخرجه الطبراني في المعجم الصغير، ٢/ ١٩٢، الرقم: ١٠١٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/ ١٢١۔

الحديث رقم ٦٨: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٥/ ٣٤٨، الرقم: ٥٥١٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/ ١٢٥۔

Marfat.com

دلوں میں محبت پیدا فرما دے گا۔'' [مریم: ۱۹: ۹۶] حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان میں اتری ہے اور فرمایا: اس سے مراد مومنین کے دلوں میں (حضرت علی رضی اللہ عنہ) کی محبت ہے۔''

اس حدیث کوامام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٣٢/٦٩۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضي الله عنه عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم، قَالَ: إِنَّ اللهَ أَمَرَنِي أَنْ أُزَوِّجَ فَاطِمَةَ مِنْ عَلِيٍّ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں فاطمہ کا نکاح علی سے کر دوں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٣٣/٧٠۔ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ رضي الله عنه قَالَ: جَاءَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم وَعَلِيٌّ رضي الله عنه نَائِمٌ فِي التُّرَابِ، فَقَالَ: إِنَّ أَحَقَّ أَسْمَائِکَ أَبُوْ تُرَابٍ، أَنْتَ أَبُوْ تُرَابٍ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ مٹی پر سو رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو سب ناموں میں سے ابوتراب کا زیادہ حق دار ہے تو ابوتراب ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٣٤/٧١۔ عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه أَنَّ عَلِيًّا رضي الله عنه حَمَلَ الْبَابَ يَوْمَ خَيْبَرَ حَتَّى

الحديث رقم ٦٩: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٠/١٥٦، رقم: ١٠٣٠٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٢٠٤، والمناوي في فيض القدير، ٢/٢١٥، والحسيني في البيان والتعريف، ١/١٧٤.

الحديث رقم ٧٠: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ١/٢٣٧، الرقم: ٧٧٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٠١.

الحديث رقم ٧١: أخرجه ابن أبي أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٧٤، الرقم: ٣٢١٣٩، والعسقلاني في فتح الباري، ٧/ ٤٧٨، والعجلوني في كشف الخفاء، ١/٤٣٨، الرقم: ١١٦٨، وَقَالَ العجلوني: رَوَاهُ الحَاكِمُ وَالبَيْهَقِيُّ عَنْ جَابِرٍ، والطبري في تاريخ الأمم والملوك، ٢/ ١٣٧، وابن هشام في السيرة النبوية، ٤/٣٠٦.

Marfat.com

صَعِدَ الْمُسْلِمُوْنَ فَفَتَحُوْهَا. وَأَنَّهُ جُرِّبَ فَلَمْ يَحْمِلْهُ إِلَّا أَرْبَعُونَ رَجُلاً.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت جابر ﷺ بیان کرتے ہیں کہ غزوہ خیبر کے روز حضرت علی ﷺ نے قلعہ خیبر کا دروازہ اٹھا لیا یہاں تک کہ مسلمان قلعہ پر چڑھ گئے اور اسے فتح کر لیا اور یہ تجربہ شدہ بات ہے کہ اس دروازے کو چالیس آدمی مل کر اٹھاتے تھے۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

اَلْبَابُ الْخَامِسُ:

مَنَاقِبُ الْحَسَنَيْنِ الْكَرِيْمَيْنِ عليهما السلام

﴿حسنین کریمین علیہما السلام کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي تَسْمِيَةِ النَّبِيِّ ﷺ الْحَسَنَيْنِ وَأَذَانِهِ فِي أُذُنِهِمَا وَعَقِيْقَتِهِ عَنْهُمَا عليهما السلام

﴿حضور ﷺ کا حسنین کریمین علیہما السلام کا نام رکھنے، ان کے کانوں میں اذان دینے اور ان کی طرف سے عقیقہ کرنے کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي أَنَّهُمَا عليهما السلام مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ وَخَيْرُ النَّاسِ نَسَبًا

﴿حسنین کریمین علیہما السلام کا اہلِ بیتِ مصطفیٰ ﷺ میں سے ہونے اور نسب کے اعتبار سے تمام لوگوں سے بہتر ہونے کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي كَوْنِ حُبِّهِمَا عليهما السلام حُبَّ النَّبِيِّ ﷺ وَبُغْضِهِمَا بُغْضَ النَّبِيِّ ﷺ

﴿حسنین کریمین سے محبت حضور ﷺ سے محبت اور حسنین کریمین سے بغض حضور ﷺ سے بغض ہونے کا بیان﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي مَكَانَتِهِمَا عليهما السلام عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ

﴿بارگاہِ مصطفیٰ ﷺ میں حسنین کریمین علیہما السلام کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٥۔ فَصْلٌ فِيْمَنْ أَحَبَّهُمَا عليهما السلام أَدْخَلَهُ اللهُ الْجَنَّةَ وَمَنْ أَبْغَضَهُمَا أَدْخَلَهُ اللهُ النَّارَ

﴿اللہ تعالیٰ کا حسنین کریمین علیہما السلام سے محبت کرنے والوں کو جنت اور ان سے بغض رکھنے والوں کو دوزخ میں داخل کرنے کا بیان﴾

Marfat.com

٦۔ فَصْلٌ فِي مَكَانَتِهِمَا عليهما السلام فِي الْجَنَّةِ

﴿حسنین کریمین علیہما السلام کے جنت میں مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٧۔ فَصْلٌ فِيمَا يَتَعَلَّقُ بِبِشَارَاتِ النَّبِيِّ ﷺ لِلإِمَامِ الْحُسَيْنِ عليه السلام بِشَهَادَتِهِ

﴿شہادتِ امامِ حسین علیہ السلام کے متعلق ارشاداتِ نبوی ﷺ کا بیان﴾

٨۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِمَا وَمَنَاقِبِهِمَا عليهما السلام

﴿حسنین کریمین علیہما السلام کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي تَسْمِيَةِ النَّبِيِّ ﷺ الْحَسَنَيْنِ وَأَذَانِهِ فِي أُذُنِهِمَا وَعَقِيْقَتِهِ عَنْهُمَا عليهما السلام

﴿حضور ﷺ کا حسنین کریمین علیہما السلام کا نام رکھنے، ان کے کانوں میں اذان دینے اور ان کی طرف سے عقیقہ کرنے کا بیان﴾

٣٣٥ / ١۔ عَنْ أَبِي رَافِعٍ ﷺ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ أَذَّنَ فِي أُذُنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رضي الله عنهما حِيْنَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ سلام الله عليها بِالصَّلَاةِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُد وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابورافع ﷺ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے ہاں حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی ولادت ہونے پر اُن کے کانوں میں نماز والی اذان دی۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، ابوداود اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٣٣٦ / ٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ عَقَّ عَنِ

الحديث رقم ١: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب الأضاحي عن رسول الله ﷺ، باب الأذان في أذن المولود، ٤/ ٩١، الرقم: ١٥١٤، وأبوداود في السنن، كتاب الأدب، باب في الصبي يولد فيؤذن في أذنه، ٤/ ٣٢٨، الرقم: ٥١٠٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/ ٣٩١.

الحديث رقم ٢: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب الضحايا، باب في العقيقة، ٣/ ١٠٧، الرقم: ٢٨٤١، والبيهقي في السنن الكبرى، ٩/ ٣٠٢، والطبراني في المعجم الكبير، ١١/ ٣١٦، الرقم: ١١٨٥٦.

Marfat.com

الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ كَبْشًا. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کی طرف سے بطور عقیقہ ایک ایک دنبہ ذبح کیا۔''

اس حدیث کو امام ابوداود، بیہقی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٣٧/٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: عَقَّ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ بِكَبْشَيْنِ كَبْشَيْنِ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کی طرف سے عقیقے میں دو دو دنبے ذبح کیے۔''

اس حدیث کو امام نسائی نے روایت کیا ہے۔

٣٣٨/٤۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: لَمَّا وُلِدَ حَسَنٌ سَمَّاهُ حَمْزَةَ، فَلَمَّا وُلِدَ حُسَيْنٌ سَمَّاهُ بِاسْمِ عَمِّهِ جَعْفَرًا قَالَ: فَدَعَانِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَقَالَ: إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أُغَيِّرَ اسْمَ هَذَيْنِ فَقُلْتُ: اللهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، فَسَمَّاهُمَا حَسَنًا وَحُسَيْنًا. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْيَعْلَى وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ جب امام حسن علیہ السلام پیدا ہوئے تو انہوں نے ان کا نام حمزہ رکھا اور جب امام حسین علیہ السلام پیدا ہوئے تو ان کا نام ان کے چچا کے نام پر جعفر رکھا۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ) مجھے حضور نبی اکرم ﷺ نے بلا کر فرمایا: مجھے ان کے یہ نام تبدیل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ میں نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں۔ پس آپ ﷺ نے ان کے نام حسن و حسین رکھ دیے۔''

الحديث رقم ٣: أخرجه النسائی فی السنن، كتاب: العقيقة، باب: كم يعق عن الجارية، ٧/١٦٥، الرقم: ٤٢١٩، وفی السنن الكبرى، ٣/٧٦، الرقم: ٤٥٤٥.

الحديث رقم ٤: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ١/١٥٩، وأبويعلى فی المسند، ١:٣٨٤، الرقم: ٤٩٨، والحاكم فی المستدرك، ٤/٣٠٨، الرقم: ٧٧٣٤.

Marfat.com

اس حدیث کو امام احمد، ابویعلی اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

٣٣٩/٥۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ﷺ قَالَ: لَمَّا وَلَدَتْ فَاطِمَةُ الْحَسَنَ جَاءَ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ: أَرُوْنِي ابْنِي مَا سَمَّيْتُمُوْهُ؟ قَالَ: قُلْتُ: سَمَّيْتُهُ حَرْبًا فَقَالَ: بَلْ هُوَ حَسَنٌ فَلَمَّا وَلَدَتِ الْحُسَيْنَ جَاءَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَقَالَ: أَرُوْنِي ابْنِي مَا سَمَّيْتُمُوْهُ؟ قَالَ: قُلْتُ: سَمَّيْتُهُ حَرْبًا قَالَ: بَلْ هُوَ حُسَيْنٌ، ثُمَّ لَمَّا وَلَدَتِ الثَّالِثَ جَاءَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ قَالَ: أَرُوْنِي ابْنِي مَا سَمَّيْتُمُوْهُ؟ قُلْتُ: سَمَّيْتُهُ حَرْبًا قَالَ: بَلْ هُوَ مُحْسِنٌ ثُمَّ قَالَ: إِنَّمَا سَمَّيْتُهُمْ بِاسْمِ وَلَدِ هَارُوْنَ شَبَّرٍ وَشَبِّيْرٍ وَمُشَبِّرٍ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت علی ﷺ روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کے ہاں حضرت حسن علیہ السلام کی ولادت ہوئی تو حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: مجھے میرا بیٹا دکھاؤ، اس کا نام کیا رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: میں نے اس کا نام حرب رکھا ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نہیں بلکہ وہ حسن ہے پھر جب حضرت حسین علیہ السلام کی ولادت ہوئی تو حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: مجھے میرا بیٹا دکھاؤ تم نے اس کا نام کیا رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: میں نے اس کا نام حرب رکھا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں بلکہ وہ حسین ہے پھر جب تیسرا بیٹا پیدا ہوا تو حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: مجھے میرا بیٹا دکھاؤ، تم نے اس کا نام کیا رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: میں نے اس کا نام حرب رکھا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں بلکہ اس کا نام محسن ہے۔ پھر فرمایا: میں نے ان کے نام ہارون علیہ السلام کے بیٹوں شبر، شبیر اور مشبر کے نام پر رکھے ہیں۔''

الحديث رقم ٥: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ١/١١٨، الرقم: ٩٣٥، والحاكم فی المستدرك، ٣/١٨٠، الرقم: ٤٧٧٣، وابن حبان فی الصحيح، ١٥/٤١٠، الرقم: ٦٩٨٥، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٣/٩٦، الرقم: ٢٧٧٣، ٢٧٧٤۔

Marfat.com

اس حدیث کو امام احمد، حاکم اور ابن حبان نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

٣٤٠/٦۔ عَنْ عِكْرِمَةَ ﷺ قَالَ: لَمَّا وَلَدَتْ فَاطِمَةُ عليها السلام الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ جَاءَتْ بِهِ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَسَمَّاهُ حَسَنًا فَلَمَّا وَلَدَتْ حُسَيْنًا جَاءَتْ بِهِ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، هَذَا أَحْسَنُ مِنْ هَذَا تَعْنِي حُسَيْنًا فَشَقَّ لَهُ مِنِ اسْمِهِ فَسَمَّاهُ حُسَيْنًا. رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ.

''حضرت عکرمہ ﷺ سے روایت ہے کہ جب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے ہاں حضرت حسن بن علی علیہما السلام کی ولادت ہوئی تو وہ انہیں حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں لائیں، لہٰذا آپ ﷺ نے ان کا نام حسن رکھا اور جب حضرت حسین علیہ السلام کی ولادت ہوئی تو انہیں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں لا کر عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ (حسین) اس (حسن) سے زیادہ خوبصورت ہے لہٰذا آپ ﷺ نے اس (حسن) کے نام سے اخذ کر کے اُس کا نام حسین رکھا۔'' اس حدیث کو امام عبدالرزاق نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم٦: أخرجه عبد الرزاق فى المصنف، ٤/٣٣٥، الرقم:٧٩٨١.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّهُمَا عليهما السلام مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ وَخَيْرُ النَّاسِ نَسَبًا

﴿حسنین کریمین عليهما السلام کا اہلِ بیتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے ہونے اور نسب کے اعتبار سے تمام لوگوں سے بہتر ہونے کا بیان﴾

٧/٣٤١۔ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ قَالَتْ: قَالَتْ عَائِشَةُ رضي الله عنها: خَرَجَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غَدَاةً. وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعْرٍ أَسْوَدَ. فَجَاءَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ، فَأَدْخَلَهُ ثُمَّ جَاءَ الْحُسَيْنُ، فَدَخَلَ مَعَهُ ثُمَّ جَاءَتْ فَاطِمَةُ، فَأَدْخَلَهَا، ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ قَالَ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾[الأحزاب،٣٣: ٣٣].

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت صفیہ بنت شیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کے وقت باہر تشریف لائے درآں حالیکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک چادر اوڑھی ہوئی تھی جس پر سیاہ اُون سے کجاووں کے نقوش بنے ہوئے تھے۔ حضرت حسن بن علی عليهما السلام آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں اس چادر میں داخل کر لیا پھر حضرت حسین علیہ السلام آئے اور آپ کے ہمراہ چادر میں داخل ہو گئے، پھر حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا آئیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں اس چادر میں داخل کر لیا، پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں بھی چادر میں لے لیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت مبارکہ پڑھی: ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور

الحديث رقم ٧: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أهل بيت النبى صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ٤/١٨٨٣، الرقم: ٢٤٢٤، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٧٠، الرقم: ٣٦١٠٢، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٥٩، الرقم: ٤٧٠٥۔

Marfat.com

شک ونقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔'' [الأحزاب،٣٣:٣٣].

اس حدیث کو امام مسلم، ابن ابی شیبہ اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٣٤٢/٨۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ ﷺ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: ﴿فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ﴾، [آل عمران، ٣: ٦١] دَعَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، هَؤُلَاءِ أَهْلِي.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص ﷺ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیتِ مباہلہ: ''آپ فرما دیں کہ آ جاؤ ہم (مل کر) اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو (ایک جگہ پر) بلا لیتے ہیں۔'' [آل عمران، ٣: ٦١] نازل ہوئی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حسین علیہم السلام کو بلایا، پھر فرمایا: یا اللہ! یہ میرے اہلِ بیت ہیں۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور ترمذی نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٣٤٣/٩۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ رضي الله عنهما رَبِيْبِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ:

الحديث رقم ٨: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل علي بن أبى طالب ﷺ، ٤/١٨٧١، الرقم: ٢٤٠٤، والترمذى فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة آل عمران، ٥/٢٢٥، الرقم: ٢٩٩٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/١٨٥، الرقم: ١٦٠٨، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٦٣، الرقم: ٤٧١٩۔

الحديث رقم ٩: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة الأحزاب، ٥/٣٥١، الرقم: ٣٢٠٥، وفي كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/٦٩٩، الرقم: ٣٨٧١۔

Marfat.com

لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ [الأحزاب،٣٣: ٣٣] فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها فَدَعَا فَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ وَعَلِيٌّ خَلْفَ ظَهْرِهِ فَجَلَّلَهُ بِكِسَاءٍ ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي، فَأَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا. قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: وَأَنَا مَعَهُمْ يَا نَبِيَّ اللهِ، قَالَ: أَنْتِ عَلَى مَكَانِكِ وَأَنْتِ عَلَى خَيْرٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضور نبی اکرم ﷺ کے پروردہ حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر حضور نبی اکرم ﷺ پر یہ آیت مبارکہ: ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔'' [الأحزاب،٣٣:٣٣] نازل ہوئی تو آپ ﷺ نے سیدہ فاطمہ اور حسنین کریمین سلام اللہ علیہم کو بلایا اور انہیں ایک کملی میں ڈھانپ لیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے پیچھے تھے، آپ ﷺ نے انہیں بھی کملی میں ڈھانپ لیا، پھر فرمایا: اے اللہ! یہ میرے اہلِ بیت ہیں، پس ان سے ہر قسم کی آلودگی دور فرما اور انہیں خوب پاک و صاف کر دے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٣٤٤/١٠۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ جَمَعَ فَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا ثُمَّ أَدْخَلَهُمْ تَحْتَ ثَوْبِهِ ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے

الحديث رقم ١٠: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٣/٥٣، الرقم: ٢٦٦٣، ٢٣/٣٠٨، الرقم: ٦٩٦، وأبوالمحاسن فی معتصر المختصر، ٢:٢٦٦.

Marfat.com

حضرت فاطمہ، حسن اور حسین علیہم السلام کو جمع فرما کر انہیں اپنی چادر میں لے لیا اور فرمایا: اے اللہ! یہ میرے اہلِ بیت ہیں۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٤٥/١١۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: كُلُّ بَنِي أُنْثَى. فَإِنَّ عُصْبَتَهُمْ لِأَبِيْهِمْ مَا خَلَا وَلَدِ فَاطِمَةَ فَإِنِّي أَنَا عُصْبَتُهُمْ، وَأَنَا أَبُوْهُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عمر بن خطاب ﷺ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہر عورت کے بیٹوں کی نسبت ان کے باپ کی طرف ہوتی ہے ماسوائے (میری لختِ جگہ) فاطمہ کی اولاد کے، کہ میں ہی ان کا نسب ہوں اور میں ہی ان کا باپ ہوں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٤٦/١٢۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: كُلُّ سَبَبٍ وَنَسَبٍ مُنْقَطِعٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا خَلَا سَبَبِي وَنَسَبِي وَكُلُّ وَلَدِ أَبٍ فَإِنَّ عُصْبَتَهُمْ لِأَبِيْهِمْ مَا خَلَا وَلَدِ فَاطِمَةَ فَإِنِّي أَنَا أَبُوْهُمْ وَعُصْبَتُهُمْ. رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عمر بن خطاب ﷺ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے دن میرے حسب و نسب کے سواء ہر سلسلہ نسب منقطع ہو جائے گا۔ ہر بیٹے کی نسبت باپ کی طرف ہوتی ہے ماسوائے اولادِ فاطمہ کے کہ ان کا باپ بھی میں ہی ہوں اور ان کا نسب بھی میں ہی ہوں۔''

اس حدیث کو امام عبدالرزاق، بیہقی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١١: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٣/٤٤، الرقم: ٢٦٣١۔
الحديث رقم ١٢: أخرجه عبد الرزاق في المصنف، ٦/١٦٤، الرقم: ١٠٣٥٤، والبيهقي في السنن الكبرى، ٧/٦٤، الرقم: ١٣١٧٢، والطبراني في المعجم الأوسط، ٦/٣٥٧، الرقم: ٦٦٠٩، وفي المعجم الكبير، ٣/٤٤، الرقم: ٢٦٣٣۔

Marfat.com

٣٤٧/١٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَيُّهَا النَّاسُ، أَلاَ أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ جَدًّا وَجَدَّةً؟ أَلاَ أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ عَمًّا وَ عَمَّةً؟ أَلاَ أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ خَالًا وَخَالَةً؟ أَلا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ أَبًا وَأُمًّا؟ هُمَا الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عليهما السلام، جَدُّهُمَا رَسُوْلُ اللهِ وَجَدَّتُهُمَا خَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلَدٍ، وَأُمُّهُمَا فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ، وَأَبُوْهُمَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ وَعَمُّهُمَا جَعْفَرُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، وَعَمَّتُهُمَا أُمُّ هَانِي بِنْتُ أَبِي طَالِبٍ وَخَالُهُمَا الْقَاسِمُ بْنُ رَسُوْلِ اللهِ وَخَالَاتُهُمَا زَيْنَبُ وَرُقَيَّةُ وَأُمُّ كُلْثُوْمَ بِنَاتُ رَسُوْلِ اللهِ، جَدُّهُمَا فِي الْجَنَّةِ وَأَبُوْهُمَا فِي الْجَنَّةِ وَأُمُّهُمَا فِي الْجَنَّةِ عَمُّهُمَا فِي الْجَنَّةِ وَعَمَّتُهُمَا فِي الْجَنَّةِ وَخَالَاتُهُمَا فِي الْجَنَّةِ وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! کیا میں تمہیں ان ہستیوں کے بارے میں خبر نہ دوں جو (اپنے) نانا نانی کے اعتبار سے سب لوگوں سے بہتر ہیں؟ کیا میں تمہیں ان کے بارے میں نہ بتاؤں جو (اپنے) چچا اور پھوپھی کے لحاظ سے سب لوگوں سے بہتر ہیں؟ کیا میں تمہیں ان کے بارے میں نہ بتاؤں جو (اپنے) ماموں اور خالہ کے اعتبار سے سب لوگوں سے بہتر ہیں؟ کیا میں تمہیں ان کے بارے میں خبر نہ دوں جو (اپنے) ماں باپ کے لحاظ سے سب لوگوں سے بہتر ہیں؟ وہ ہستیاں حسن اور حسین علیہما السلام ہیں، ان کے نانا جان اللہ تعالیٰ کے رسول، ان کی نانی جان خدیجہ بنت خویلد رضي الله عنها ان کی والدہ محترمہ فاطمہ بنت رسول اللہ، ان کے والد محترم علی بن ابی طالب، ان کے چچا جان جعفر بن ابی طالب ﷺ، ان کی پھوپھی جان ام ہانی بنت ابی طالب، ان کے ماموں جان قاسم بن رسول اللہ اور ان کی خالہ جان رسول اللہ ﷺ کی بیٹیاں زینب،

الحديث رقم ١٣: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٣/٦٦، الرقم: ٢٦٨٢، وفي المعجم الأوسط، ٦:٢٩٨، الرقم: ٦٤٦٢.

Marfat.com

رقیہ اور ام کلثوم رضي الله عنها ہیں۔ ان کے نانا جنتی ہیں، ان کے والد جنتی ہیں، ان کی والدہ جنتی ہیں، ان کے چچا جنتی ہیں، ان کی پھوپھی جنتی ہیں، ان کے ماموں جنتی ہیں اور ان کی خالہ جنتی ہیں اور وہ دونوں (یعنی حسنین کریمین خود) بھی جنتی ہیں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے میں روایت کیا ہے۔

٣٤٨/١٤۔ عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه أَنَّ وَفْدَ نَجْرَانَ أَتَوُا النَّبِيَّ ﷺ فَقَالُوْا: مَا تَقُوْلُ فِي عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ عليه السلام؟ فَقَالَ: هُوَ رُوْحُ اللهِ وَكَلِمَتُهُ وَعَبْدُ اللهِ وَرَسُوْلُهُ، قَالُوْا لَهُ: هَلْ لَکَ أَنْ نُلاَعِنَکَ؟ إِنَّهُ لَيْسَ كَذَلِکَ. قَالَ: وَذَاکَ أَحَبُّ إِلَيْكُمْ؟ قَالُوْا: نَعَمْ. قَالَ: فَإِذَا شِئْتُمْ فَجَاءَ النَّبِيُّ ﷺ وَجَمَعَ وَلَدَهُ وَالْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ فَقَالَ رَئِيْسُهُمْ: لاَ تُلاَعِنُوْا هَذَا الرَّجُلَ. فَوَاللهِ، لَئِنْ لاَعَنْتُمُوْهُ لَيَخْسِفَنَّ أَحَدٌ صَلِيْتٌ فَجَاءُوْا فَقَالُوْا: يَا أَبَا الْقَاسِمِ، إِنَّمَا أَرَادَ أَنْ يُّلاَعِنَکَ سُفَهَاؤُنَا، وَإِنَّا نُحِبُّ أَنْ تَعْفِيَنَا. قَالَ: قَدْ أَعْفَيْتُكُمْ ثُمَّ قَالَ: إِنَّ الْعَذَابَ قَدْ أَظَلَّ نَجْرَانَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نجران کا ایک وفد حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور پوچھا کہ آپ کی حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے بارے میں کیا رائے ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ روح اللہ، کلمۃ اللہ، اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اس وفد نے آپ ﷺ سے کہا: کیا آپ ہمارے ساتھ مباہلہ کرتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایسے نہ تھے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم یہی چاہتے ہو؟ انہوں نے کہا: ہاں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: جیسے تمہاری مرضی پھر آپ ﷺ گھر تشریف لائے اور اپنے بیٹوں حسن و حسین علیہما السلام کو ساتھ لے جانے کے لئے جمع کیا۔ ان عیسائیوں کے ایک سردار نے ان سے کہا کہ اس ہستی سے مباہلہ مت کرو۔ اللہ کی قسم! اگر تم نے ایسا کیا تو تمہارا کوئی بھی بڑے سے بڑا آدمی بھی نہیں بچے گا۔ پھر وہ عیسائی حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا: اے

الحديث رقم ١٤: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٢/٦٤٩، الرقم: ٤١٥٧.

Marfat.com

ابو القاسم! ہمارے کچھ بیوقوف لوگوں نے آپ سے مباہلہ کا ارادہ کیا تھا ہم آپ سے گذارش کرتے ہیں کہ آپ ہمیں معاف کر دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے تمہیں معاف کیا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: عذاب نے (اہلِ) نجران کو گھیر لیا تھا۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي كَوْنِ حُبِّهِمَا عليهما السلام حُبَّ النَّبِيِّ ﷺ وَبُغْضِهِمَا بُغْضَ النَّبِيِّ ﷺ

﴿حسنین کریمین علیہما السلام سے محبت حضور ﷺ سے محبت اور حسنین کریمین سے بُغض حضور ﷺ سے بُغض ہونے کا بیان﴾

٣٤٩/١٥۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ أَخَذَ بِيَدِ حَسَنٍ وَحُسَيْنٍ عليهما السلام، فَقَالَ: مَنْ أَحَبَّنِي وَأَحَبَّ هَذَيْنِ وَأَبَاهُمَا وَأُمَّهُمَا كَانَ مَعِي فِي دَرَجَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت علی بن ابی طالب ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت حسن اور حسین علیہما السلام کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: جس نے مجھ سے اور ان دونوں سے محبت کی اور ان کے والد سے اور ان کی والدہ سے محبت کی وہ قیامت کے دن میرے ساتھ میرے ہی درجہ میں ہوگا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٣٥٠/١٦۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ لِعَلِيٍّ

الحديث رقم ١٥: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب على بن أبى طالب ﷺ، ٥/٦٤١، الرقم: ٣٧٣٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/٧٧، الرقم: ٥٧٦، وفى فضائل الصحابة، ٢/٦٩٣، الرقم: ١١٨٥، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٥٠، الرقم: ٢٦٥٤.

الحديث رقم ١٦: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/٦٩٩، الرقم: ٣٨٧٠، وابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فى فضل الحسن والحسين، ١/٥٢، الرقم: ١٤٥، وابن ←

Marfat.com

وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ ﷺ: أَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ، وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وفي رواية لأحمد: عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ ﷺ إِلَى عَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ، فَقَالَ: أَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ، وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَكُمْ.

''حضرت زید بن ارقم ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین سلام اللہ علیہم سے فرمایا: جس سے تم لڑو گے میری بھی اس سے لڑائی ہو گی، اور جس سے تم صلح کرو گے میری بھی اس سے صلح ہو گی۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

امام احمد بن حنبل کی ایک روایت میں حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین علیہم السلام کی طرف دیکھا اور فرمایا: ''جو تم سے لڑے گا میں اس سے لڑوں گا، جو تم سے صلح کرے گا میں اس سے صلح کروں گا (یعنی جو تمہارا دشمن ہے وہ میرا دشمن ہے اور جو تمہارا دوست ہے وہ میرا بھی دوست ہے)۔''

١٧/٣٥١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ أَحَبَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ فَقَدْ أَحَبَّنِي، وَمَنْ أَبْغَضَهُمَا فَقَدْ أَبْغَضَنِي.

ـــــ حبان فی الصحیح، ١٥/٤٣٤، الرقم: ٦٩٧٧، وابن أبی شیبة فی المصنف، ٦/٣٧٨، الرقم: ٣٢١٨١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٤٤٢، والحاکم فی المستدرك، ٣/١٦١، الرقم: ٤٧١٤۔

الحدیث رقم ١٧: أخرجه ابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فضل الحسن والحسین، ١/٥١، الرقم: ١٤٣، والنسائی فی السنن الکبری، ٥/٤٩، الرقم: ٨١٦٨، وأحمد بن حنبل فی المسند،٢/٢٨٨، الرقم: ٧٨٦٣، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٥/١٠٢، الرقم: ٤٧٩٥۔

Marfat.com

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے حسن اور حسنین علیہما السلام سے محبت کی، اس نے درحقیقت مجھ ہی سے محبت کی اور جس نے حسن اور حسین سے بغض رکھا اس نے مجھ ہی سے بغض رکھا۔''

اس حدیث کو امام ابن ماجہ، نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٨/٣٥٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ ﷺ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَنْ أَحَبَّنِي فَلْيُحِبَّ هَذَيْنِ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ خُزَيْمَةَ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھ سے محبت کی، اس پر لازم ہے کہ وہ ان دونوں (یعنی حسنین کریمین) سے بھی محبت کرے۔'' اس حدیث کو امام نسائی اور ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٨: أخرجه النسائی فی السنن الكبرى، ٥/٥٠، الرقم: ٨١٧٠، وفی فضائل الصحابة، ١/٢٠، الرقم: ٦٧، وابن خزيمة فی الصحيح، ٢/٤٨، الرقم: ٨٨٧، والبزار فی المسند، ٥/٢٢٦، الرقم: ١٨٣٤.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَكَانَتِهِمَا عليهما السلام عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿بارگاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حسنین کریمین علیہما السلام کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

۱۹/۳۵۳۔ عَنِ ابْنِ أَبِي نَعْمٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ رضي الله عنهما وَسَأَلَهُ عَنِ الْمُحْرِمِ، قَالَ شُعْبَةُ: أَحْسِبُهُ بِقَتْلِ الذُّبَابِ، فَقَالَ: أَهْلُ الْعِرَاقِ يَسْأَلُوْنَ عَنِ الذُّبَابِ وَقَدْ قَتَلُوْا ابْنَ ابْنَةِ رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: هُمَا رَيْحَانَتَايَ مِنَ الدُّنْيَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابن ابونعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کسی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے احرام باندھنے والے کے متعلق دریافت کیا۔ شعبہ فرماتے ہیں کہ میرے خیال میں اِحرام باندھنے والے کا مکھی مارنے کے بارے میں حکم پوچھا تھا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اہلِ عراق مکھی مارنے کا حکم پوچھتے ہیں حالانکہ انہوں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواسے (امام حسین علیہ السلام) کو شہید کر دیا تھا اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ دونوں (حسن و حسین علیہما السلام) ہی تو میرے گلشنِ دُنیا کے دو پھول ہیں۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور احمد نے روایت کیا ہے۔

۲۰/۳۵۴۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي نَعْمٍ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْعِرَاقِ سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ رضي الله عنهما عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ يُصِيْبُ الثَّوْبَ؟ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ رضي الله عنهما: انْظُرُوْا إِلَى هَذَا يَسْأَلُ عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ وَقَدْ قَتَلُوْا ابْنَ رَسُوْلِ

الحديث رقم ۱۹: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب الحسن والحسين، ۳/۱۳۷۱، الرقم: ۳۵۴۳، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۲/۸۵، الرقم: ۵۵۶۸، وابن حبان فی الصحيح، ۱۵/۴۲۵، الرقم: ۶۹۶۹، والطيالسی فی المسند، ۱/۲۶۰، الرقم: ۱۹۲۷۔

الحديث رقم ۲۰: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: مناقب الحسن والحسين، ۵/۶۵۷، الرقم: ۳۷۷۰، والنسائی فی السنن الكبرى، ۵/۵۰، الرقم: ۸۵۳۰، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۲/۹۳، الرقم: ۵۶۷۵۔

Marfat.com

اللهِ ﷺ، وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ هُمَا رَيْحَانَتَيَ مِنَ الدُّنْيَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَ أَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن ابی نعم ﷺ سے روایت ہے کہ ایک عراقی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ کپڑے پر مچھر کا خون لگ جائے تو کیا حکم ہے؟ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس کی طرف دیکھو، مچھر کے خون کا مسئلہ پوچھتا ہے حالانکہ انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کے بیٹے (امام حسین علیہ السلام) کو شہید کیا ہے اور میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: حسن اور حسین ہی تو میرے گلشنِ دُنیا کے دو پھول ہیں۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٢١/٣٥٥۔ عَنِ الْبَرَاءِ ﷺ قَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ أَبْصَرَ حَسَنًا وَحُسَيْنًا، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، إِنِّي أُحِبُّهُمَا، فَأَحِبَّهُمَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت براء ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حسنین کریمین علیہما السلام کی طرف دیکھ کر (بارگاہِ الٰہی میں) عرض کیا: اے اللہ! میں ان سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر۔'' اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٢٢/٣٥٦۔ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رضي الله عنهما قَالَ: طَرَقْتُ النَّبِيَّ ﷺ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِي بَعْضِ الْحَاجَةِ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ وَ هُوَ مُشْتَمِلٌ عَلَى شَيْءٍ

الحديث رقم ٢١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب الحسن والحسين عليهما السلام، ٥/٦٦١، الرقم: ٣٧٨٢۔

الحديث رقم ٢٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب الحسين والحسين عليهما السلام، ٥/٦٥٦، الرقم: ٣٧٦٩، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٢٣، الرقم: ٦٩٦٧ والطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٣٩، الرقم: ٢٦١٨۔

Marfat.com

لَا أَدْرِي مَا هُوَ، فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْ حَاجَتِي قُلْتُ: مَا هَذَا الَّذِي أَنْتَ مُشْتَمِلٌ عَلَيْهِ؟ قَالَ: فَكَشَفَهُ فَإِذَا حَسَنٌ وَحُسَيْنٌ عليهما السلام عَلَى وِرْكَيْهِ فَقَالَ: هَذَانِ ابْنَايَ وَأَبْنَاءُ ابْنَتِي. اَللّٰهُمَّ، إِنِّي أُحِبُّهُمَا فَأَحِبَّهُمَا وَأَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُمَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت اسامہ بن زید علیہما السلام سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: میں ایک رات کسی کام کے لیے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ اس حال میں باہر تشریف لائے کہ کسی چیز کو اپنے جسم سے چمٹائے ہوئے تھے جسے میں نہ جان سکا جب میں اپنے کام سے فارغ ہوا تو عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ نے کیا چیز چمٹا رکھی ہے؟ آپ ﷺ نے کپڑا اٹھایا تو وہ حسن اور حسین علیہما السلام تھے۔ فرمایا: یہ میرے بیٹے ہیں۔ اے اللہ! میں ان سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر اور ان سے محبت کرنے والے سے بھی محبت کر۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن حبان نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٢٣/٣٥٧۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَيُّ أَهْلِ بَيْتِكَ أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ: اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ. وَكَانَ يَقُوْلُ لِفَاطِمَةَ ادْعِي اِبْنَيَّ فَيَشُمُّهُمَا وَيَضُمُّهُمَا إِلَيْهِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُويَعْلَى.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا گیا: آپ کو اپنے اہلِ بیت میں سے سب سے زیادہ کون محبوب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: حسن اور حسین اور آپ ﷺ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا کرتے تھے کہ میرے بیٹوں کو بلاؤ پھر آپ ﷺ انہیں چومتے اور انہیں اپنے ساتھ لپٹا لیتے۔''

الحديث رقم ٢٣: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب الحسن والحسين عليهما السلام، ٥/٦٥٧، الرقم: ٣٧٧٢، وأبويعلى فی المسند، ٧/٢٧٤، الرقم: ٤٢٩٤۔

Marfat.com

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

٢٤/٣٥٨۔ عَنْ أَبِي بُرَيْدَةَ ﷺ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَخْطُبُنَا إِذْ جَاءَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عليهما السلام، عَلَيْهِمَا قَمِيْصَانِ أَحْمَرَانِ يَمْشِيَانِ وَ يَعْثِرَانِ، فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مِنَ الْمِنْبَرِ فَحَمَلَهُمَا وَ وَضَعَهُمَا بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: صَدَقَ اللهُ: ﴿إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ﴾[التغابن، ١٥:٦٤] فَنَظَرْتُ إِلَى هَذَيْنِ الصَّبِيَّيْنِ يَمْشِيَانِ وَيَعْثِرَانِ، فَلَمْ أَصْبِرْ حَتَّى قَطَعْتُ حَدِيْثِي وَرَفَعْتُهُمَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابو بریدہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ ہمیں خطبہ دے رہے تھے، اتنے میں حسنین کریمین علیہما السلام تشریف لائے، انہوں نے سرخ رنگ کی قمیصیں پہنی ہوئی تھیں اور وہ (کم عمر ہونے کی وجہ سے) لڑکھڑا کر چل رہے تھے۔ حضور نبی اکرم ﷺ (انہیں دیکھ کر کہ کہیں شہزادے گر نہ پڑیں) منبر سے نیچے تشریف لے آئے، دونوں (شہزادوں) کو اٹھایا اور اپنے سامنے بٹھا لیا، پھر فرمایا: اللہ تعالیٰ کا فرمان کتنا سچ ہے: ''تمہارے مال اور تمہاری اولاد محض آزمائش ہی ہیں۔'' [التغابن، ٦٤:١٥] میں نے ان بچوں کو لڑکھڑا کر چلتے دیکھا تو مجھ سے رہا نہ گیا حتی کہ میں نے اپنی گفتگو کاٹ کر انہیں اٹھا لیا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور نسائی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٢٥/٣٥٩۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَدَّادٍ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا

الحديث رقم ٢٤: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب الحسن والحسين عليهما السلام، ٥/٦٥٨، الرقم: ٣٧٧٤، والنسائى فى السنن، كتاب: صلاة العيدين، باب: نزول الإمام عن المنبر قبل فراغه من الخطبة، ٣/١٩٢، الرقم: ١٥٨٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣٤٥، وابن حبان فى الصحيح، ١٣/٤٠٣، الرقم: ٦٠٣٩، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٣/٢١٨، الرقم: ٥٦١٠۔

Marfat.com

رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فِي إِحْدَى صَلَوَاتِ الْعِشَاءِ وَهُوَ حَامِلٌ حَسَنًا أَوْ حُسَيْنًا فَتَقَدَّمَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَوَضَعَهُ ثُمَّ كَبَّرَ لِلصَّلَاةِ فَصَلَّى، فَسَجَدَ بَيْنَ ظَهْرَانَي صَلَاتِهِ سَجْدَةً أَطَالَهَا. قَالَ أَبِي: فَرَفَعْتُ رَأْسِي وَإِذَا الصَّبِيُّ عَلَى ظَهْرِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَهُوَ سَاجِدٌ فَرَجَعْتُ إِلَى سُجُوْدِي، فَلَمَّا قَضَى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ الصَّلَاةَ، قَالَ النَّاسُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنَّکَ سَجَدْتَ بَيْنَ ظَهْرَانَي صَلَاتِکَ سَجْدَةً أَطَلْتَهَا حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ قَدْ حَدَثَ أَمْرٌ أَوْ أَنَّهُ يُوْحَى إِلَيْکَ. قَالَ: ذَلِکَ لَمْ يَکُنْ وَلَکِنَّ ابْنِي ارْتَحَلَنِي فَکَرِهْتُ أَنْ أُعَجِّلَهُ حَتَّى يَقْضِيَ حَاجَتَهُ . رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَ أَحْمَدُ.

''حضرت عبداللہ بن شداد رضی اللہ عنہ اپنے والد حضرت شداد بن ہاد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ عشاء کی نماز ادا کرنے کے لئے ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ ﷺ حضرت حسن یا حسین علیہما السلام (میں سے کسی ایک شہزادے) کو اُٹھائے ہوئے تھے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے تشریف لا کر اُنہیں زمین پر بٹھا دیا پھر نماز کے لئے تکبیر ادا کی اور نماز پڑھنا شروع کر دی، نماز کے دوران حضور نبی اکرم ﷺ نے طویل سجدہ کیا۔ شداد نے کہا: میں نے سر اُٹھا کر دیکھا کہ شہزادے سجدے کی حالت میں آپ ﷺ کی پشت مبارک پر سوار ہیں۔ میں پھر سجدہ میں چلا گیا۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ نماز ادا فرما چکے تو لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! آپ نے نماز میں اتنا طویل سجدہ ادا فرمایا۔ یہانتک کہ ہمیں گمان گزرا کہ کوئی امرِ اِلٰہی واقع ہو گیا ہے (یعنی آپ ﷺ کا وصال مبارک ہوگیا ہے) یا آپ پر وحی نازل ہونے لگی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ایسی کوئی بات نہ تھی مگر یہ کہ میری پیٹھ پر میرا بیٹا سوار تھا اس لئے (سجدے سے اُٹھنے میں) جلدی کرنا اچھا نہ لگا جب تک کہ اس کی خواہش پوری نہ ہو جائے۔'' اس حدیث کو امام نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٥: أخرجه النسائی فی السنن، کتاب: التطبيق، باب: هل يجوز أن تکون سجدة أطول من سجدة، ٢/٢٢٩، الرقم: ١١٤١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٤٩٣، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/٣٨٠، الرقم: ٣٢١٩١، والطبرانی فی المعجم الکبير، ٧/٢٧٠، الرقم: ٧١٠٧.

Marfat.com

٣٦٠/٢٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَ مَعَهُ حَسَنٌ وَحُسَيْنٌ، هَذَا عَلَى عَاتِقِهِ وَهَذَا عَلَى عَاتِقِهِ وَهُوَ يَلْثِمُ هَذَا مَرَّةً وَيَلْثِمُ هَذَا مَرَّةً حَتَّى انْتَهَى إِلَيْنَا فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنَّكَ تُحِبُّهُمَا فَقَالَ مَنْ أَحَبَّهُمَا فَقَدْ أَحَبَّنِي وَمَنْ أَبْغَضَهُمَا فَقَدْ أَبْغَضَنِي.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے تو آپ ﷺ کے ایک کندھے پر امام حسن علیہ السلام اور دوسرے کندھے پر امام حسین علیہ السلام سوار تھے۔ آپ ﷺ دونوں کو باری باری چوم رہے تھے یہاں تک کہ آپ ﷺ ہمارے پاس آ کر رک گئے ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا آپ ان سے محبت کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: (ہاں یہی نہیں بلکہ) جس نے ان دونوں سے محبت رکھی اس نے مجھ سے محبت رکھی اور جس نے ان سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا۔''

اس حدیث کو امام احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

٣٦١/٢٧۔ عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ ﷺ أَنَّ حَسَنًا وَحُسَيْنًا أَقْبَلَا يَمْشِيَانِ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَلَمَّا جَاءَ أَحَدُهُمَا جَعَلَ يَدَهُ فِي عُنُقِهِ، ثُمَّ جَاءَ الْآخَرُ فَجَعَلَ يَدَهُ الْأُخْرَى فِي عُنُقِهِ، فَقَبَّلَ هَذَا ثُمَّ قَبَّلَ هَذَا، ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، إِنِّي أُحِبُّهُمَا فَأَحِبَّهُمَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت یعلی بن مرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حسنین کریمین علیہما السلام حضور نبی

الحديث رقم ٢٦: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٤٠٠، الرقم: ٩٦٧١، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٨٢، الرقم: ٤٧٧٧۔

الحديث رقم ٢٧: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٣٢، الرقم: ٢٥٨٧، ٢٢/٢٧٤، الرقم: ٧٠٣۔

Marfat.com

اکرم ﷺ کی طرف چل کر آئے، پس ان میں سے جب ایک پہنچا تو آپ ﷺ نے اپنا بازو اس کے گلے میں ڈالا، پھر دوسرا پہنچا تو آپ ﷺ نے اپنا دوسرا بازو اس کے گلے میں ڈالا، بعد ازاں ایک کو چوما اور پھر دوسرے کو چوما اور (بارگاہِ الٰہی میں) عرض کیا: اے اللہ! میں ان سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر۔'' اس حدیث کو اِمام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٦٢/٢٨۔ عَنْ أَبِي أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ ﷺ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عليهما السلام يَلْعَبَانِ بَيْنَ يَدَيْهِ أَوْ فِي حِجْرِهِ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَتُحِبُّهُمَا؟ فَقَالَ: وَكَيْفَ لَا أُحِبُّهُمَا وَهُمَا رَيْحَانَتَيَ مِنَ الدُّنْيَا أَشُمُّهُمَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ایوب انصاری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوا تو (دیکھا کہ) حسن و حسین عليهما السلام آپ ﷺ کے سامنے یا گود میں کھیل رہے تھے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا آپ ان سے محبت کرتے ہیں؟ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں ان سے محبت کیوں نہ کروں! حالانکہ میرے گلشنِ دُنیا کے یہی تو دو پھول ہیں جن کی مہک کو میں سونگھتا رہتا ہوں (یعنی اُنہی پھولوں کی خوشبو سے کیف و سرور پاتا ہوں)۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

٣٦٣/٢٩۔ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيْرٍ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ سَمِعَ بُكَاءَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عليهما السلام، فَقَامَ فَزِعًا، فَقَالَ: إِنَّ الْوَلَدَ لَفِتْنَةٌ لَقَدْ قُمْتُ إِلَيْهِمَا وَمَا أَعْقِلُ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت یحییٰ بن ابی کثیر ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے امام حسن اور امام حسین عليهما السلام کے رونے کی آواز سنی تو پریشان ہو کر کھڑے ہو گئے اور پھر فرمایا: بے شک اولاد آزمائش ہے، میں ان کے لئے غیر ارادی طور پر کھڑا ہو گیا ہوں۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٨: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٤/١٥٥، الرقم: ٣٩٩٠.
الحديث رقم ٢٩: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٧٩، الرقم: ٣٢١٨٦.

Marfat.com

٣٠/٣٦٤۔ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ ﷺ قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ مِنْ بَيْتِ عَائِشَةَ رضي الله عنها فَمَرَّ عَلَى فَاطِمَةَ سلام الله عليها فَسَمِعَ حُسَيْنًا يَبْكِي، فَقَالَ: أَلَمْ تَعْلَمِي أَنَّ بُكَاءَهُ يُؤْذِيْنِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت یزید بن ابو زیاد ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے باہر تشریف لائے اور سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر کے پاس سے گزرے تو امام حسین علیہ السلام کی رونے کی آواز سنی، آپ ﷺ نے (سیدۂ کائنات سلام اللہ علیہا سے) فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اس کا رونا مجھے تکلیف دیتا ہے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣١/٣٦٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ فَقَالَ: أَشْهَدُ لَخَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ حَتَّى إِذَا كُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ سَمِعَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ صَوْتَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ، وَهُمَا يَبْكِيَانِ وَهُمَا مَعَ أُمِّهِمَا، فَأَسْرَعَ السَّيْرَ حَتَّى أَتَاهُمَا، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ لَهَا: مَا شَأْنُ ابْنَيَّ؟ فَقَالَتْ: الْعَطَشُ قَالَ: فَأَخْلَفَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِلَى شَنَّةٍ يَبْتَغِي فِيْهَا مَاءً. وَكَانَ الْمَاءُ يَوْمَئِذٍ أَغْدَارًا، وَالنَّاسُ يُرِيْدُوْنَ الْمَاءَ. فَنَادَى: هَلْ أَحَدٌ مِنْكُمْ مَعَهُ مَاءٌ؟ فَلَمْ يَبْقَ أَحَدٌ إِلَّا أَخْلَفَ بِيَدِهِ اِلَى كَلَابِهِ يَبْتَغِي الْمَاءَ فِي شَنَّةٍ، فَلَمْ يَجِدْ أَحَدٌ مِنْهُمْ قَطْرَةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: نَاوِلِيْنِي أَحَدَهُمَا، فَنَاوَلَتْهُ إِيَّاهُ مِنْ تَحْتِ الْخِدْرِ، فَأَخَذَهُ فَضَمَّهُ إِلَى صَدْرِهِ وَ هُوَ يَطْغُوْ مَا يَسْكُتُ، فَأَدْلَعَ لَهُ لِسَانَهُ فَجَعَلَ يَمُصُّهُ حَتَّى هَدَأَ أَوْ سَكَنَ، فَلَمْ أَسْمَعْ لَهُ بُكَاءً، وَالْآخَرُ يَبْكِي كَمَا هُوَ مَا يَسْكُتُ فَقَالَ: نَاوِلِيْنِي الْآخَرَ، فَنَاوَلَتْهُ إِيَّاهُ فَفَعَلَ بِهِ كَذَلِكَ، فَسَكَتَا

الحديث رقم ٣٠: أخرجه الطبرانی فی المعجم الکبیر، ٣/١١٦، الرقم: ٢٨٤٧۔
الحديث رقم ٣١: أخرجه الطبرانی فی المعجم الکبیر، ٣/٥٠، الرقم: ٢٦٥٦۔

Marfat.com

فَمَا سُمِعَ لَهُمَا صَوْتٌ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ فرماتے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ (سفر میں) نکلے، ابھی ہم راستے میں ہی تھے کہ آپ ﷺ نے حسن و حسین علیہما السلام دونوں شہزادوں کے رونے کی آواز سنی اور دونوں اپنی والدہ ماجدہ (سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا) کے پاس ہی تھے۔ پس آپ ﷺ اُن کے پاس تیزی سے پہنچے۔ (حضرت ابو ہریرہ ﷺ کہتے ہیں کہ) میں نے آپ ﷺ کو سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے یہ فرماتے ہوئے سنا: میرے شہزادوں کو کیا ہوا ہے؟ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا نے عرض کیا: انہیں سخت پیاس لگی ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ پانی لینے کے لئے مشکیزے کی طرف بڑھے۔ ان دنوں پانی کی سخت قلت تھی اور لوگوں کو پانی کی شدید ضرورت تھی۔ آپ ﷺ نے لوگوں کو آواز دی: کیا کسی کے پاس پانی ہے؟ ہر ایک نے کجاووں سے لٹکتے ہوئے مشکیزوں میں پانی دیکھا مگر کسی کو قطرہ پانی تک نہ ملا۔ آپ ﷺ نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا: ایک شہزادہ مجھے دو اُنہوں نے ایک کو پردے کے نیچے سے پکڑایا۔ پس آپ ﷺ نے اسے پکڑ کر اپنے سینے سے لگا لیا مگر وہ سخت پیاس کی وجہ سے مسلسل رو رہا تھا اور خاموش نہیں ہو رہا تھا۔ پس آپ ﷺ نے اُس کے منہ میں اپنی زبان مبارک ڈال دی وہ اُسے چوسنے لگا حتی کہ سیرابی کی وجہ سے سکون میں آ گیا میں نے دوبارہ اُس کے رونے کی آواز نہ سنی، جب کہ دوسرا شہزادہ بھی اُسی طرح (مسلسل رو رہا تھا) پس حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دوسرا شہزادہ بھی مجھے دے دو تو سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا نے دوسرے شہزادے کو بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے حوالے کر دیا حضور نبی اکرم ﷺ نے اس سے بھی وہی معاملہ کیا (یعنی اسے بھی اپنی زبان مبارک چوسائی) سو وہ دونوں شہزادے (سیراب ہو کر) یوں خاموش ہوئے کہ میں نے دوبارہ اُن کے رونے کی آواز نہ سنی۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٢/٣٦٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: وَقَفَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَلَى بَيْتِ فَاطِمَةَ سلام الله عليها فَسَلَّمَ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ عليهما السلام، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ارْقَ بِأَبِيْكَ أَنْتَ عَيْنَ بُقَّةٍ. وَ أَخَذَ بِإِصْبَعَيْهِ

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الطبرانی فی المعجم الکبیر، ٣/٤٩، الرقم: ٢٦٥٢۔

Marfat.com

فَرَقِيَ عَلَى عَاتِقِهِ. ثُمَّ خَرَجَ الْآخَرُ الْحَسَنُ أَوِ الْحُسَيْنُ مُرْتَفِعَةً إِحْدَى عَيْنَيْهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَرْحَبًا بِكَ ارْقَ بِأَبِيْكَ أَنْتَ عَيْنَ الْبُقَّةِ وَ أَخَذَ بِإِصْبَعَيْهِ فَاسْتَوَى عَلَى عَاتِقِهِ الآخَرِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ حضور نبی اکرم ﷺ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر کے سامنے رکے تو آپ ﷺ نے سیدہ فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کو سلام کیا۔ اتنے میں حسنین کریمین علیہما السلام میں سے ایک شہزادہ گھر سے باہر آ گیا حضور نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: اپنے باپ کے کندھے پر سوار ہو جا تو (میری) آنکھ کا تارا ہے، حضور نبی اکرم ﷺ نے انہیں ہاتھ سے پکڑا پس وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے دوش مبارک پر سوار ہو گئے۔ پھر دوسرا شہزادہ حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف تکتا ہوا باہر آ گیا تو اسے بھی فرمایا: خوش آمدید، اپنے باپ کے کندھے پر سوار ہو جا تو (بھی میری) آنکھ کا تارا ہے اور حضور نبی اکرم ﷺ نے اسے اپنی انگلیوں کے ساتھ پکڑا پس وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے دوسرے دوش مبارک پر سوار ہو گئے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۳۳/۳٦۷۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ يَلْعَبَانِ عَلَى بَطْنِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَتُحِبُّهُمَا؟ فَقَالَ: وَ مَالِيَ لَا أُحِبُّهُمَا وَ هُمَا رَيْحَانَتَايَ. رَوَاهُ الْبَزَّارُ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو (دیکھا کہ) حسن اور حسین علیہما السلام آپ ﷺ کے شکم مبارک پر کھیل رہے تھے، تو میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! کیا آپ ان سے محبت کرتے ہیں؟ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں ان سے محبت کیوں نہ کروں حالانکہ وہ دونوں میرے پھول ہیں۔''

اس حدیث کو امام بزار نے روایت کیا ہے۔

۳٤/۳٦۸۔ عَنْ فَاطِمَةَ سلام الله عليها قَالَتْ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ أَتَاهَا

الحديث رقم ۳۳: أخرجه البزار فی المسند، ۳/۲۸۷، الرقم: ۱۰۷۹۔
الحديث رقم ۳٤: أخرجه الحاكم فی المستدرك، ۳/۱۸۰، الرقم: ٤۷۷٤۔

Marfat.com

يَوْمًا فَقَالَ: أَيْنَ ابْنَايَ؟ فَقَالَتْ: ذَهَبَ بِهِمَا عَلِيٌّ فَتَوَجَّهَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، فَوَجَدَهُمَا يَلْعَبَانِ فِي مَشْرَبَةٍ وَ بَيْنَ أَيْدِيهِمَا فَضْلٌ مِنْ تَمْرٍ فَقَالَ: يَا عَلِيُّ أَلَا تُقَلِّبُ ابْنَيَّ قَبْلَ الْحَرِّ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں کہ ایک روز حضور نبی اکرم ﷺ میرے ہاں تشریف لائے اور فرمایا میرے بیٹے کہاں ہیں؟ میں نے عرض کیا: حضرت علی علیہ السلام انہیں ساتھ لے گئے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ ان کی تلاش میں روانہ ہوئے تو انہیں پانی پینے کی جگہ پر کھیلتے ہوئے پایا اور ان کے سامنے کچھ کھجوریں بچی ہوئی تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے علی! خیال رکھنا میرے بیٹوں کو گرمی شروع ہونے سے پہلے واپس لے آنا۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِيْمَنْ أَحَبَّهُمَا عليهما السلام أَدْخَلَهُ اللهُ الْجَنَّةَ وَمَنْ أَبْغَضَهُمَا أَدْخَلَهُ اللهُ النَّارَ

﴿اللہ تعالیٰ کا حسنین کریمین علیہما السلام سے محبت کرنے والوں کو جنت اور ان سے بغض رکھنے والوں کو دوزخ میں داخل کرنے کا بیان﴾

۳۶۹/۳۵۔ عَنْ سَلْمَانَ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ ابْنَايَ، مَنْ أَحَبَّهُمَا أَحَبَّنِي، وَمَنْ أَحَبَّنِي أَحَبَّهُ اللهُ، وَمَنْ أَحَبَّهُ اللهُ أَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ وَمَنْ أَبْغَضَهُمَا أَبْغَضَنِي، وَمَنْ أَبْغَضَنِي أَبْغَضَهُ اللهُ، وَمَنْ أَبْغَضَهُ اللهُ أَدْخَلَهُ النَّارَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت سلمان فارسی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: حسن اور حسین میرے بیٹے ہیں جس نے حسن اور حسین علیہما السلام سے محبت کی، اُس نے مجھ سے محبت کی، اور جس نے مجھ سے محبت کی اس سے اللہ ﷻ نے محبت کی اور جس سے اللہ ﷻ نے محبت کی اللہ ﷻ نے اسے جنت میں داخل کر دیا۔ جس نے حسن اور حسین علیہما السلام سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا، اور جس نے مجھ سے بغض رکھا اس پر اللہ ﷻ کا غضب ہوا اور جس پر اللہ ﷻ کا غضب ہوا اللہ ﷻ نے اُسے آگ میں داخل کر دیا۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

۳۷۰/۳۶۔ عَنْ سَلْمَانَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِلْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ: مَنْ أَحَبَّهُمَا أَحْبَبْتُهُ، وَمَنْ أَحْبَبْتُهُ أَحَبَّهُ اللهُ، وَمَنْ أَحَبَّهُ اللهُ أَدْخَلَهُ

الحديث رقم ۳۵: أخرجه الحاكم فی المستدرك، ۳/ ۱۸۱، الرقم: ٤٧٧٦.

الحديث رقم ۳٦: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ۳/ ۵۰، الرقم: ۲٦۵۵.

Marfat.com

جَنَّاتِ النَّعِيْمِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت سلمان فارسی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حسن و حسین علیہما السلام کے لئے فرمایا: جس نے ان سے محبت کی اس سے میں نے محبت کی، اور جس سے میں محبت کروں اس سے اللہ ﷻ محبت کرتا ہے، اور جس کو اللہ ﷻ محبوب رکھتا ہے اسے نعمتوں والی جنتوں میں داخل کرتا ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٧١/٣٧۔ عَنْ سَلْمَانَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ: مَنْ أَبْغَضَهُمَا أَوْ بَغَى عَلَيْهِمَا أَبْغَضْتُهُ، وَمَنْ أَبْغَضْتُهُ أَبْغَضَهُ اللهُ، وَمَنْ أَبْغَضَهُ اللهُ أَدْخَلَهُ عَذَابَ جَهَنَّمَ وَلَهُ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت سلمان فارسی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حسن اور حسین علیہما السلام کے بارے میں فرمایا: جس نے ان سے بغض رکھا یا ان سے بغاوت کی وہ میرے ہاں مبغوض ہو گیا اور جو میرے ہاں مبغوض ہو گیا وہ اللہ کے غضب کا شکار ہو گیا اور جو اللہ کے ہاں غضب یافتہ ہو گیا اسے اللہ تعالیٰ جہنم کے عذاب میں داخل کرے گا (جہاں) اس کے لئے دائمی عذاب ہو گا۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٧٢/٣٨۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: أَنَا وَفَاطِمَةُ وَحَسَنٌ وَحُسَيْنٌ مُجْتَمِعُوْنَ، وَ مَنْ أَحَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ نَأْكُلُ وَ نَشْرَبُ حَتَّى يُفَرَّقَ بَيْنَ الْعِبَادِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت علی ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں، فاطمہ، حسن، حسین اور جو ہم سے محبت کرتے ہیں قیامت کے دن ایک ہی مقام پر جمع ہوں گے، ہمارا کھانا پینا بھی اکٹھا ہو گا تا آنکہ لوگ (حساب و کتاب کے بعد) جدا جدا کر دیئے جائیں گے۔''
اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٧: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٣/ ٥٠، الرقم: ٢٦٥٥۔
الحديث رقم ٣٨: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٣/ ٤١، الرقم: ٢٦٢٣۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَكَانَتِهِمَا عليهما السلام فِي الْجَنَّةِ

﴿حسنین کریمین علیہما السلام کے جنت میں مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٣٧٣/٣٩۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما وَزَادَ: وَأَبُوْهُمَا خَيْرٌ مِنْهُمَا.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حسن اور حسین دونوں (شہزادے) جنتی جوانوں کے سردار ہیں۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور ابن ماجہ نے اسے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے اس اضافہ کے ساتھ روایت کیا ہے کہ (صرف) اُن کے والد ان سے بہتر ہیں۔

٣٧٤/٤٠۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ﷺ قَالَ: شَكَوْتُ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ حَسَدَ النَّاسِ إِيَّايَ، فَقَالَ: أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُوْنَ رَابِعَ أَرْبَعَةٍ أَوَّلَ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ: أَنَا وَأَنْتَ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ٣٩: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب الحسن والحسين عليهما السلام، ٥/٦٥٦، الرقم: ٣٧٦٨، وابن ماجه فی السنن، باب: فضائل أصحاب رسول الله ﷺ، فضل علی بن أبی طالب، ١/٤٤، الرقم: ١١٨، والنسائی فی السنن الكبرى، ٥/٥٠، الرقم: ٨١٦٩، وابن حبان فی الصحيح، ١٥/٤١٢، الرقم: ٦٩٥٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٣، الرقم: ١١٠١٢، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/٣٧٨، الرقم: ٣٢١٧٦.

الحديث رقم ٤٠: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٦٢٤، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١/٣١٩، الرقم: ٩٥٠.

Marfat.com

''حضرت علی ﷺ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے شکایت کی کہ لوگ مجھ سے حسد کرتے ہیں، تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ جنت میں سب سے پہلے داخل ہونے والے چار مردوں میں چوتھے تم ہو (وہ چار) میں، تم، حسن اور حسین ہیں۔''

اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٧٥ / ٤١۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: أَخْبَرَنِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ أَنَّ أَوَّلَ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَنَا وَفَاطِمَةُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ. قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، فَمُحِبُّوْنَا؟ قَالَ: مِنْ وَرَائِكُمْ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت علی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے بتایا کہ سب سے پہلے جنت میں داخل ہونے والے، میں (یعنی حضرت علی ﷺ خود)، فاطمہ، حسن اور حسین ہیں۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! ہم سے محبت کرنے والے کہاں ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (وہ) تمہارے پیچھے پیچھے (جنت میں داخل ہوں گے)۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ اس کی حدیث اسناد صحیح ہیں۔

٣٧٦ / ٤٢۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ دَخَلَ عَلَى فَاطِمَةَ رضي الله عنها فَقَالَ: إِنِّي وَ إِيَّاكِ وَهَذَا النَّائِمَ يَعْنِي: عَلِيًّا وَهُمَا يَعْنِي: الْحَسَنَ وَ الْحُسَيْنَ لَفِي مَكَانٍ وَاحِدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَاللَّفْظُ لَهُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر تشریف لائے اور ان سے فرمایا: میں، تم اور یہ سونے والا (یعنی حضرت علی ﷺ) اور

الحديث رقم ٤١: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/ ١٦٤، الرقم: ٤٧٢٣۔
الحديث رقم ٤٢: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/ ١٠١، الرقم: ٧٩٢، والحاكم فى المستدرك، ٣/ ١٤٧، الرقم: ٤٦٦٤، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٢: ٤٠٥، الرقم: ١٠١٦۔

Marfat.com

یہ دونوں یعنی حسن اور حسین (علیہما السلام) قیامت کے دن ایک ہی جگہ ہوں گے۔"

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ اس حدیث کی اسناد صحیح ہیں۔

٣٧٧ / ٤٣۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ شَنْفَا الْعَرْشِ وَلَيْسَا بِمُعَلَّقَيْنِ، وَإِنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: إِذَا اسْتَقَرَّ أَهْلُ الْجَنَّةِ فِي الْجَنَّةِ، قَالَتِ الْجَنَّةُ: يَا رَبِّ، وَعَدْتَنِي أَنْ تُزَيِّنَنِي بِرُكْنَيْنِ مِنْ أَرْكَانِكَ قَالَ: أَوَلَمْ أُزَيِّنْكِ بِالْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ علیہما السلام؟

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

"حضرت عقبہ بن عامر ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حسن اور حسین عرش کے دو ستون ہیں لیکن وہ لٹکے ہوئے نہیں اور آپ ﷺ نے فرمایا: جب اہلِ جنت، جنت میں مقیم ہو جائیں گے تو جنت عرض کرے گی: اے پروردگار! تو نے مجھے اپنے ستونوں میں سے دو ستونوں سے مزین کرنے کا وعدہ فرمایا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا میں نے تجھے حسن اور حسین علیہما السلام کی موجودگی کے ذریعے مزین نہیں کر دیا؟ (یہی تو میرے دو ستون ہیں)۔"

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٧٨ / ٤٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ مَلَكًا مِنَ السَّمَاءِ لَمْ يَكُنْ زَارَنِي، فَاسْتَأْذَنَ اللهَ ﷻ فِي زِيَارَتِي، فَبَشَّرَنِي أَنَّ الْحَسَنَ وَ الْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

"حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آسمان کے ایک فرشتے نے (اس سے پہلے) میری زیارت کبھی نہیں کی تھی، اس نے میری زیارت کے لئے اللہ تعالیٰ سے اجازت طلب کی اور مجھے یہ خوشخبری سنائی کہ حسن اور حسین تمام جنتی جوانوں کے سردار ہیں۔" اس حدیث کو امام نسائی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٣: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ١ / ١٠٨، الرقم: ٣٣٧۔
الحديث رقم ٤٤: أخرجه النسائی فی السنن الكبرى، ٥ / ١٤٦، الرقم: ٨٥١٥، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٣ / ٣٦، الرقم: ٢٠٦٠٤۔

Marfat.com

٣٧٩/٤٥۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: فَخَرَتِ الْجَنَّةُ عَلَى النَّارِ فَقَالَتْ: أَنَا خَيْرٌ مِنْكِ، فَقَالَتِ النَّارُ: بَلْ أَنَا خَيْرٌ مِنْكِ، فَقَالَتْ لَهَا الْجَنَّةُ اسْتِفْهَامًا: وَ مِمَّه؟ قَالَتْ: لِأَنَّ فِيَّ الْجَبَابِرَةُ وَ نَمْرُوْدُ وَ فِرْعَوْنُ فَأَسْكَتَتْ، فَأَوْحَى اللهُ إِلَيْهَا: لَا تَخْضَعِيْنَ، لَأُزَيِّنَنَّ رُكْنَيْكِ بِالْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ، فَمَاسَتْ كَمَا تَمِيْسُ الْعُرُوْسُ فِي خِدْرِهَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک مرتبہ جنت نے دوزخ پر فخر کیا اور کہا میں تم سے بہتر ہوں، دوزخ نے کہا: میں تم سے بہتر ہوں۔ جنت نے دوزخ سے پوچھا کس وجہ سے؟ دوزخ نے کہا: اس لئے کہ مجھ میں بڑے بڑے جابر حکمران نمرود اور فرعون ہیں۔ اس پر جنت خاموش ہوگئی، اللہ تعالیٰ نے جنت کی طرف وحی کی اور فرمایا: تو عاجز و لاجواب نہ ہو، میں تجھے (اپنے عرش کے) دو ستونوں حسن اور حسین کے ذریعے مزین کر دوں گا۔ پس جنت خوشی اور سرور سے ایسے شرما گئی جیسے دلہن اپنے حجلۂ عروسی میں شرماتی ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٥: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٧/١٤٨، الرقم: ٧١٢٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٨٤.

Marfat.com

فَصْلٌ فِيمَا يَتَعَلَّقُ بِبِشَارَاتِ النَّبِيِّ ﷺ لِلإِمَامِ الْحُسَيْنِ عليه السلام بِشَهَادَتِهِ

﴿شہادتِ امامِ حسین عليه السلام کے متعلق ارشاداتِ نبوی ﷺ کا بیان﴾

٣٨٠/٤٦۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ، بِنِصْفِ النَّهَارِ، وَهُوَ قَائِمٌ، أَشْعَثُ أَغْبَرَ بِيَدِهِ قَارُوْرَةٌ فِيْهَا دَمٌ، فَقُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَارَسُوْلَ اللهِ، مَا هَذَا؟ فَقَالَ: دَمُ الْحُسَيْنِ وَأَصْحَابِهِ، لَمْ أَزَلْ أَلْتَقِطُهُ مُنْذُ الْيَوْمِ. فَأَحْصَيْنَا ذَلِکَ الْيَوْمَ، فَوَجَدُوْهُ قَدْ قُتِلَ فِي ذَلِکَ الْيَوْمِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک دن نصف النہار کے وقت میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ ﷺ غبار آلود پراگندہ بالوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور آپ ﷺ کے دستِ اقدس میں ایک بوتل ہے جس میں خون ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں یہ کیا چیز ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (میرے بیٹے) حسین اور اس کے (جانثار) ساتھیوں کا خون ہے اور میں اسے فلاں دن سے جمع کر رہا ہوں۔ پس ہم نے اس دن کا شمار کیا تو (راوی کہتے ہیں کہ) انہیں معلوم ہوگیا کہ ٹھیک اسی دن امام حسین عليه السلام شہید کیے گئے تھے۔''

اسے امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٦: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/٢٨٣، الرقم: ٢٥٥٣، والطبراني في المعجم الكبير، ٣/١١٠، الرقم، ٢٨٢٢، والخطيب البغدادى في تاريخ بغداد، ١/١٤٢، والعسقلاني في تهذيب التهذيب، ٢/٣٠٦، ١/١٤٢، وابن عبدالبر الاستيعاب، ١/٣٩٦.

Marfat.com

٣٨١ / ٤٧۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ جَالِسًا ذَاتَ يَوْمٍ فِي بَيْتِي. فَقَالَ: لاَ يَدْخُلُ عَلَيَّ أَحَدٌ. فَانْتَظَرْتُ فَدَخَلَ الْحُسَيْنُ رضی الله عنه فَسَمِعْتُ نَشِيْجَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ يَمْسَحُ جَبِيْنَهُ وَهُوَ يَبْكِي فَقُلْتُ: وَاللهِ، مَا عَلِمْتُ حِيْنَ دَخَلَ فَقَالَ: إِنَّ جِبْرِيْلَ عليه السلام فِي الْبَيْتِ فَقَالَ: تُحِبُّهُ؟ قُلْتُ: أَمَّا مِنَ الدُّنْيَا فَنَعَمْ. قَالَ: إِنَّ أُمَّتَکَ سَتَقْتُلُ هَذَا بِأَرْضٍ يُقَالُ لَهَا كَرْبَـلاءُ. فَتَنَاوَلَ جِبْرِيْلُ عليه السلام مِنْ تُرْبَتِهَا فَأَرَاهَا النَّبِيَّ ﷺ فَلَمَّا أُحِيْطُ بِحُسَيْنٍ حِيْنَ قُتِلَ قَالَ: مَااسْمُ هَذِهِ الْأَرْضِ؟ قَالُوْا: كَرْبَـلاءُ. قَالَ: صَدَقَ اللهُ وَرَسُوْلُهُ أَرْضُ كَرْبٍ وَبَـلاءٍ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت امّ سلمہ رضی الله عنها بیان کرتی ہیں کہ ایک دن حضور نبی اکرم ﷺ اپنے گھر میں تشریف فرما تھے اور سب سے فرما دیا کہ ابھی میرے پاس کوئی نہ آئے۔ پس میں نے انتظار کیا یہاں تک کہ حضرت حسین عليه السلام (آپ ﷺ کے حجرہ مبارک میں) داخل ہوئے پھر میں نے ہچکی بندھنے کی آواز سنی آپ ﷺ رو رہے تھے جب میں نے (حجرہ مبارک میں) جھانکا تو کیا دیکھا کہ امام حسین رضی الله عنه حضور نبی اکرم ﷺ کی گود مبارک میں ہیں اور حضور نبی اکرم ﷺ ان کی مبارک پیشانی پونچھ رہے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ رو بھی رہے ہیں۔ پس میں نے کہا: اللہ تعالیٰ کی قسم! میں نہیں جانتی یہ کب اندر داخل ہوئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جبرائیل عليه السلام گھر میں موجود ہیں اور مجھے کہا ہے کہ کیا آپ اس (حسین رضی الله عنه) سے محبت کرتے ہیں؟ اور میں نے کہا ہاں: جبرائیل عليه السلام نے کہا: بے شک آپ کی امت اسے ایسی سرزمین پر شہید کرے گی جسے کربلا کہا جاتا ہے۔ اور جبرائیل اس سرزمین کی مٹی بھی لائے ہیں۔ پھر آپ ﷺ نے وہ مٹی انہیں دکھائی۔ پھر جب امام حسین عليه السلام کو شہادت کے وقت گھیرے میں

الحديث رقم ٤٧: أخرجه أحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢ / ٧٨٢، الرقم: ١٣٩١، والطبراني في المعجم الكبير، ٣ / ١٠٨، الرقم: ٢٨١٩، ٢٣ / ٢٨٩، الرقم: ٦٣٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١٨٩.

Marfat.com

لیا گیا تو انہوں نے پوچھا: یہ کون سی جگہ ہے؟ لوگوں نے کہا: کربلا، انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ سچے ہیں یہ (واقعی) دکھ اور آزمائش کی سرزمین ہے۔''

اسے امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔ الفاظ طبرانی کے ہیں۔

٣٨٢/٤٨۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ وَهْبِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ: أَخْبَرَتْنِي أُمُّ سَلَمَةَ رضي الله عنها أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ اضْطَجَعَ ذَاتَ لَيْلَةٍ لِلنَّوْمِ فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ حَائِرٌ ثُمَّ اضْطَجَعَ فَرَقَدَ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ حَائِرٌ دُوْنَ مَارَأَيْتُ بِهِ الْمَرَّةَ الْأُوْلَى ثُمَّ اضْطَجَعَ فَاسْتَيْقَظَ وَفِي يَدِهِ تُرْبَةٌ حَمْرَاءُ يُقَلِّبُهَا. فَقُلْتُ: مَاهَذِهِ التُّرْبَةُ يَارَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: أَخْبَرَنِي جِبْرِيْلُ أَنَّ هَذَا يُقْتَلُ بِأَرْضِ الْعَرَاقِ لِلْحُسَيْنِ فَقُلْتُ لِجِبْرِيْلَ: أَرِنِي تُرْبَةَ الْأَرْضِ الَّتِي يُقْتَلُ بِهَا. فَهَذِهِ تُرْبَتُهَا. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن وہب بن زمعہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے مجھے بتایا کہ حضور نبی اکرم ﷺ ایک رات سونے کے لیے آرام فرما ہوئے تو (تھوڑی دیر بعد) بیدار ہوگئے جبکہ آپ ﷺ پریشان (سے لگ رہے) تھے۔ پھر (دوبارہ) لیٹے اور بغیر سوئے (تھوڑی دیر) لیٹے رہے اور پھر بیدار ہوگئے جبکہ آپ ﷺ پریشان تھے لیکن اتنے پریشان نہیں تھے جتنے میں نے پہلی مرتبہ دیکھے تھے۔ پھر لیٹ گئے اور پھر اٹھ بیٹھے جبکہ آپ ﷺ کے دستِ اقدس میں سرخ مٹی تھی جسے آپ الٹ پلٹ رہے تھے۔ تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ، یہ کیسی مٹی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے جبرائیل علیہ السلام نے بتایا ہے کہ یہ (میرا بیٹا حسین) ارضِ عراق میں شہید کیا جائے گا۔ میں نے جبرائیل علیہ السلام سے کہا: مجھے وہ مٹی دکھاؤ جہاں اسے شہید کیا جائے گا۔ تو یہ وہ مٹی ہے۔'' اسے امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٨: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٤/٤٤٠، الرقم: ٨٢٠٢، والطبراني في المعجم الكبير، ٣/١٠٩، الرقم: ٢٨٢١، ٢٣/٣٠٨، الرقم: ٦٩٧، والشيباني في الآحاد والمثاني، ١/٣١٠، الرقم: ٤٢٩، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٣/٢٨٩.

Marfat.com

٣٨٣/٤٩۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: دَخَلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رضي الله عنه عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَهُوَ يُوْحَى إِلَيْهِ فَنَزَا عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَهُوَ مُنْكَبٌّ وَلَعِبَ عَلَى ظَهْرِهِ، فَقَالَ جَبْرِيْلُ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ: أَتُحِبُّهُ يَا مُحَمَّدُ؟ قَالَ: يَا جَبْرِيْلُ، وَمَالِي لاَ أُحِبُّ ابْنِي، قَالَ: فَإِنَّ أُمَّتَکَ سَتَقْتُلُهُ مِنْ بَعْدِکَ فَمَدَّ جِبْرِيْلُ عليه السلام يَدَهُ فَأَتَاهُ بِتُرْبَةٍ بَيْضَاءَ فَقَالَ: فِي هَذِهِ الْأَرْضِ يُقْتَلُ ابْنُکَ هَذَا يَا مُحَمَّدُ، وَاسْمُهَا الطَّفُّ. فَلَمَّا ذَهَبَ جِبْرِيْلُ عليه السلام مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَالتُّرْبَةُ فِي يَدِهِ يَبْكِي فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، إِنَّ جِبْرِيْلَ عليه السلام أَخْبَرَنِي أَنَّ الْحُسَيْنَ ابْنِي مَقْتُوْلٌ فِي أَرْضِ الطَّفِّ وَإِنَّ أُمَّتِي سَتُفْتَتَنُ بَعْدِي ثُمَّ خَرَجَ إِلَى أَصْحَابِهِ فِيْهِمْ عَلِيٌّ وَأَبُوبَکْرٍ وَعُمَرُ وَحُذَيْفَةُ وَعَمَّارٌ وَأَبُو ذَرٍ رضي الله عنهم وَهُوَ يَبْكِي. فَقَالُوْا: مَا يُبْكِيْکَ يَارَسُوْلَ اللهِ؟ فَقَالَ: أَخْبَرَنِي جِبْرِيْلُ أَنَّ ابْنِي الْحُسَيْنَ يُقْتَلُ بَعْدِي بِأَرْضِ الطَّفِّ وَجَاءَنِي بِهَذِهِ التُّرْبَةِ وَأَخْبَرَنِي أَنَّ فِيْهَا مَضْجَعَهُ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے جبکہ آپ ﷺ پر وحی نازل ہو رہی تھی۔ تو وہ (امام حسین علیہ السلام) جست لگا کر حضور نبی اکرم ﷺ کے جسمِ اقدس پر چڑھ گئے جبکہ آپ ﷺ لیٹے ہوئے تھے اور آپ ﷺ کی پشت مبارک پر کھیلنے لگے۔ پس جبرئیل علیہ السلام نے حضور نبی اکرم ﷺ سے کہا: یا محمد ﷺ! کیا آپ اپنے اس (بیٹے حسین) سے محبت کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے جبرائیل، میں اپنے بیٹے سے کیوں محبت نہ کروں! جبرائیل علیہ السلام نے کہا: بے شک عنقریب آپ کی امت اسے آپ کے بعد شہید کردے گی۔ پھر جبرائیل

الحديث رقم ٤٩: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٣/١٠٧، الرقم: ٢٨١٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٨٨.

Marfat.com

السلام نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور حضور نبی اکرم ﷺ کو سفید مٹی پکڑائی اور کہا: یا محمد! اس (مٹی والی) زمین میں آپ کا بیٹا (حسین) شہید کیا جائے گا۔ اور اس زمین کا نام ''طف'' ہے۔ پس جبرائیل السلام حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس سے چلے گئے تو حضور نبی اکرم ﷺ باہر تشریف لائے جبکہ وہ مٹی آپ ﷺ کے دستِ اقدس میں تھی اور آپ ﷺ آبدیدہ تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! جبرائیل السلام نے مجھے خبر دی ہے کہ میرا بیٹا حسین ارضِ طف (کربلا) میں شہید کیا جائے گا اور میری امت میرے بعد آزمائش میں ڈالی جائے گی پھر آپ ﷺ اپنے اصحاب کی طرف تشریف لے گئے جن میں حضرت علی، حضرت ابو بکر، حضرت عمر، حضرت حذیفہ، حضرت عمار اور حضرت ابو ذر ﷺ تھے جبکہ آپ ﷺ اس وقت بھی آبدیدہ تھے۔ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: یارسو ل اللہ! کس چیز نے آپ کو آبدیدہ کر دیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جبرائیل السلام نے مجھے خبر دی ہے کہ میرا بیٹا حسین میرے بعد ارضِ طف (یعنی کربلا) میں شہید کر دیا جائے گا اور میرے لیے یہ مٹی لے کر آیا ہے اور مجھے بتایا ہے کہ اس مٹی (والی زمین) میں حسین کی شہادت گاہ ہے۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۳۸٤/ ۵۰۔ عَنْ أَبِي وَائِلٍ شَفِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنُ رضي الله عنهما يَلْعَبَانِ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ ﷺ فِي بَيْتِي فَنَزَلَ جِبْرَائِيْلُ السلام فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّ أُمَّتَکَ تَقْتُلُ ابْنَکَ هَذَا مِنْ بَعْدِکَ فَأَوْمَا بِيَدِهِ إِلَى الْحُسَيْنِ فَبَکَى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَضَمَّهُ إِلَى صَدْرِهِ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَدِيْعَةٌ عِنْدَکِ هَذِهِ التُّرْبَةُ. فَشَمَّهَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَقَالَ: وَيْحُ کَرْبٍ وَبَلَاءٍ. قَالَتْ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ، إِذَا تَحَوَّلَتْ هَذِهِ التُّرْبَةُ دَمًا فَاعْلَمِي أَنَّ ابْنِي قَدْ قُتِلَ. قَالَ: فَجَعَلَتْهَا أُمُّ سَلَمَةَ رضي الله عنها فِي قَارُوْرَةٍ ثُمَّ جَعَلَتْ تَنْظُرُ إِلَيْهَا

الحديث رقم ۵۰: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ۳/۱۰۸، الرقم: ۲۸۱۷، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۹:۱۸۹، والعسقلاني في تهذيب التهذيب، ۲/۳۰۰-۳۰۱، والمزي في تهذيب الكمال، ٦/٤٠٩.

Marfat.com

كُلَّ يَوْمٍ وَتَقُوْلُ: إِنَّ يَوْمًا تَحَوَّلِيْنَ دَمًا لَيَوْمٌ عَظِيْمٌ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو وائل شفیق بن سلمہ ﷺ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: امام حسن اور امام حسین علیہما السلام میرے گھر میں حضور نبی اکرم ﷺ کے سامنے کھیل رہے تھے کہ جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور کہا: یا محمد! آپ کے بعد آپ کی امت آپ کے اس بیٹے کو شہید کر دے گی اور انہوں نے اپنے ہاتھ سے امام حسین علیہ السلام کی طرف اشارہ کیا پس حضور نبی اکرم ﷺ آبدیدہ ہوگئے اور انہیں اپنے سینہ مبارک کے ساتھ چپکا لیا پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (اے امّ سلمہ! شہادت گاہِ حسین کی) یہ مٹی تمہارے پاس امانت ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے اسے سونگھا اور فرمایا کربلا (میں میرے اہلِ بیت پر ظلم ڈھانے والوں) کا ستیاناس ہو۔ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ام سلمہ، جب یہ مٹی خون میں تبدیل ہو جائے تو جان لینا کہ میرا بیٹا شہید کر دیا گیا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ پھر حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اس مٹی کو بوتل میں ڈال دیا اور اسے ہر روز دیکھا کرتیں اور فرماتیں: (اے مٹی!) جس دن تو خون میں تبدیل ہوگی وہ بڑا بھاری دن ہوگا۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٨٥ / ٥١۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : ثُمَّ يُقْتَلُ حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ﷺ عَلَى رَأْسِ سِتِّيْنَ مِنْ مُهَاجَرَتِي.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالدَّيْلَمِيُّ وَزَادَ فِيْهِ: حِيْنَ يَعْلُوْا اَلْقَتِيْرُ اَلْقَتِيْرُ الشَّيْبُ.

''ام المؤمنین حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حسین بن علی علیہما السلام کو میری ہجرت کے ساٹھویں سال کے اختتام پر شہید کیا جائے گا۔

اس حدیث کو امام طبرانی اور دیلمی نے روایت کیا ہے اور امام دیلمی نے ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ جب ایک (اوباش) نوجوان ان پر چڑھائی کرے گا۔''

الحديث رقم ٥١: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٣/١٠٥، الرقم: ٢٨٠٧، والديلمي في مسند الفردوس، ٥/٥٣٩، الرقم: ٩٠٢٠، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ١/١٤٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٩٠.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِمَا وَ مَنَاقِبِهِمَا عليهما السلام

﴿حسنین کریمین علیہما السلام کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

٣٨٦/٥٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ وَيَقُوْلُ: إِنَّ أَبَاكُمَا كَانَ يُعَوِّذُ بِهَا إِسْمَاعِيْلَ وَ إِسْحَاقَ: ﴿أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَ مِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ﴾. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ حضرت حسن اور حسین علیہما السلام کے لئے (خصوصی طور پر) کلمات تعوذ کے ساتھ دم فرماتے تھے اور فرماتے کہ تمہارے جد امجد (حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی) اپنے دونوں صاحبزادوں اسماعیل و اسحاق (علیہما السلام) کے لئے ان کلمات کے ساتھ تعوذ کرتے تھے: ﴿میں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے ذریعے ہر (وسوسہ اندازی کرنے والے) شیطان اور بلا سے اور ہر نظرِ بد سے پناہ مانگتا ہوں﴾۔'' اِس حدیث کو امام بخاری، ابو داود اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٣٨٧/٥٣۔ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ نُجْبَةَ قَالَ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ كُلَّ نَبِيٍّ أُعْطِيَ سَبْعَةَ نُجَبَاءَ أَوْ نُقَبَاءَ، وَأُعْطِيْتُ أَنَا أَرْبَعَةَ عَشَرَ. قُلْنَا: مَنْ هُمْ؟ قَالَ: أَنَا وَابْنَايَ وَجَعْفَرٌ وَحَمْزَةُ وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَمُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَبِلَالٌ وَسَلْمَانُ وَالْمِقْدَادُ وَحُذَيْفَةُ وَعَمَّارٌ

الحديث رقم٥٢٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: يزفون النسلان في المشي، ٣/١٢٣٣، الرقم: ٣١٩١، وأبوداود فی السنن، كتاب: السنة، باب: في القرآن، ٤/٢٣٥، الرقم: ٤٧٣٧، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الطب، باب: ما عوذ به النبي ﷺ ما عوذ به، ٢/١١٦٤، الرقم: ٣٥٢٥.

الحديث رقم ٥٣: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب أهل بيت النبي ﷺ، ٥/٦٦٢، الرقم: ٣٧٨٥، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/١٤٢، الرقم: ١٢٠٥، والشيبانی فی الآحاد والمثانی، ١/١٨٩، الرقم: ٢٤٤، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٦/٢١٥، الرقم: ٦٠٤٧۔

Marfat.com

وَعَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.
وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت مسیّب بن نجبہ ﷺ حضرت علی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کو سات نجیب یا نقیب عطا کئے گئے جبکہ مجھے چودہ نقیب عطا کئے گئے۔ راوی کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت علی ﷺ سے پوچھا کہ وہ کون ہیں؟ تو حضرت علی ﷺ نے بتایا: میں، میرے دونوں بیٹے، جعفر، حمزہ، ابوبکر، عمر، مصعب بن عمیر، بلال، سلمان، مقداد، حذیفہ، عمار اور عبداللہ بن مسعود ﷺ۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٣٨٨ / ٥٤۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: اَلْحَسَنُ أَشْبَهُ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ مَا بَيْنَ الصَّدْرِ إِلَى الرَّأْسِ، وَالْحُسَيْنُ أَشْبَهُ بِالنَّبِيِّ ﷺ مَا كَانَ أَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.
وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت علی ﷺ روایت کرتے ہیں کہ امام حسن علیہ السلام سینہ سے سر تک حضور نبی اکرم ﷺ کی کامل شبیہ ہیں اور امام حسین علیہ السلام سینہ سے نیچے پاؤں تک حضور نبی اکرم ﷺ کی کامل شبیہ ہیں۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٣٨٩ / ٥٥۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: دَخَلْتُ أَوْ رُبَّمَا دَخَلْتُ

الحديث رقم ٥٤: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب الحسن والحسين عليهما السلام، ٥ / ٦٦٠، الرقم: ٣٧٧٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١ / ٩٩، الرقم: ٧٧٤، وابن حبان فى الصحيح، ١٥ / ٤٣٠، الرقم: ٦٩٧٤، والطيالسى فى المسند، ١ / ٩١، الرقم: ١٣٠.
الحديث رقم ٥٥: أخرجه النسائى فى السنن الكبرى، ٥ / ٤٩، ١٥٠، الرقم: ٨١٦٧، ٨٥٢٩.

Marfat.com

عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ يَتَقَلَّبَانِ عَلَى بَطْنِهِ، قَالَ: وَيَقُوْلُ: رَيْحَانَتَايَ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ فرماتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوتا یا (فرمایا) اکثر اوقات حاضر ہوتا (اور دیکھتا کہ) حسن و حسین علیہما السلام آپ ﷺ کے شکم مبارک پر لوٹ پوٹ ہو رہے ہوتے اور حضور نبی اکرم ﷺ فرما رہے ہوتے: یہ دونوں ہی تو میری امت کے پھول ہیں۔''

اس حدیث کو امام نسائی نے روایت کیا ہے۔

٣٩٠/٥٦۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُصَلِّي فَإِذَا سَجَدَ وَثَبَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عليهما السلام عَلَى ظَهْرِهِ، فَإِذَا أَرَادُوْا أَنْ يَمْنَعُوْهُمَا أَشَارَ إِلَيْهِمْ أَنْ دَعُوْهُمَا، فَلَمَّا صَلَّى وَضَعَهُمَا فِي حِجْرِهِ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نماز ادا فرما رہے تھے، جب سجدہ میں تشریف لے گئے تو حسنین کریمین علیہما السلام آپ ﷺ کی پشت مبارک پر سوار ہو گئے، جب لوگوں نے انہیں روکنا چاہا تو آپ ﷺ نے لوگوں کو اشارہ فرمایا کہ انہیں چھوڑ دو (یعنی سوار ہونے دو)، پھر جب نماز ادا فرما چکے تو آپ ﷺ نے دونوں کو اپنی گود میں لے لیا۔'' اس حدیث کو امام نسائی نے روایت کیا ہے۔

٣٩١/٥٧۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: نَحْنُ وَلَدُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ سَادَةُ أَهْلِ الْجَنَّةِ: أَنَا وَحَمْزَةُ وَعَلِيٌّ وَجَعْفَرٌ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَالْمَهْدِيُّ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو

الحديث رقم ٥٦: أخرجه النسائي في السنن الكبرى، ٥/٥٠، الرقم: ٨١٧٠.

الحديث رقم ٥٧: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الفتن، باب: خروج المهدي، ٢/١٣٦٨، الرقم: ٤٠٨٧، والحاكم في المستدرك، ٣/٢٣٣، الرقم: ٤٩٤٠.

Marfat.com

فرماتے ہوئے سنا کہ ہم حضرت عبدالمطلب کی اولاد اہلِ جنت کے سردار ہیں (یعنی) میں، حمزہ، علی، جعفر، حسن، حسین اور مہدی علیہم السلام۔''

اس حدیث کو امام ابن ماجہ اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

۳۹۲/۵۸۔ عَنْ أَبِي الْمَعْدِلِ عَطِيَّةَ الطَّفَاوِيِّ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ رضي الله عنها **حَدَّثَتْهُ قَالَتْ: بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللهِ** ﷺ **فِي بَيْتِي يَوْمًا إِذْ قَالَ الْخَادِمُ: إِنَّ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ** عليهما السلام **بِالسَّدَّةِ، قَالَتْ: فَقَالَ لِي: قُوْمِي فَتَنَحِّي لِي عَنْ أَهْلِ بَيْتِي، قَالَتْ: قُمْتُ فَتَنَحَّيْتُ فِي الْبَيْتِ قَرِيْبًا، فَدَخَلَ عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ وَمَعَهُمَا الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَهُمَا صَبِيَّانِ صَغِيْرَانِ فَأَخَذَ الصَّبِيَّيْنِ فَوَضَعَهُمَا فِي حِجْرِهِ فَقَبَّلَهُمَا. رَوَاهُ أَحْمَدُ.**

''حضرت ابومعدل عطیہ طفاوی رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہیں ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ایک دن جب حضور نبی اکرم ﷺ میرے گھر تشریف فرما تھے ایک خادم نے عرض کیا: دروازے پر مولا علی اور سیدہ فاطمہ علیہما السلام آئے ہیں۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: آپ ﷺ نے حکم فرمایا: ایک طرف ہو جاؤ اور مجھے اپنے اہلِ بیت سے ملنے دو۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں پاس ہی گھر میں ایک طرف ہٹ کر کھڑی ہو گئی، پس علی، فاطمہ اور حسنین کریمین علیہم السلام داخل ہوئے اس وقت وہ کم سن تھے تو آپ ﷺ نے دونوں بچوں کو پکڑ کر گود میں بٹھا لیا اور دونوں کو چومنے لگے۔''

اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

۳۹۳/۵۹۔ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ رضی الله عنه **قَالَ: مَرَّ رَسُوْلُ اللهِ** ﷺ **بِالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ** عليهما السلام **وَهُوَ حَامِلُهُمَا عَلَى مَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ الْأَنْصَارِ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، نِعْمَتِ الْمَطِيَّةُ قَالَ: وَنِعْمَ الرَّاكِبَانِ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.**

''حضرت ابوجعفر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور نبی اکرم ﷺ حسنین

الحديث رقم ۵۸: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ۶/۲۹۶، الرقم: ۲۶۵۸۲۔
الحديث رقم ۵۹: أخرجه ابن أبی شيبة فی المصنف، ۶/۳۸۰، الرقم: ۳۲۱۸۵۔

Marfat.com

کریمین علیہما السلام کو اٹھائے ہوئے انصار کی ایک مجلس سے گزرے تو انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! کیا خوب سواری ہے! آپ ﷺ نے فرمایا: سوار بھی کیا خوب ہیں۔"

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٣٩٤ / ٦٠۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَلَا لَا يَحِلُّ هَذَا الْمَسْجِدُ لِجَنُبٍ وَلَا لِحَائِضٍ إِلَّا لِرَسُوْلِ اللهِ وَعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ. أَلَا قَدْ بَيَّنْتُ لَكُمُ الْأَسْمَاءَ أَنْ لَا تَضِلُّوْا.

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

"حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: خبردار! یہ مسجد کسی جنبی اور حائضہ کے لئے حلال نہیں، سوائے رسول اللہ ﷺ، علی، فاطمہ، حسن اور حسین علیہم السلام کے۔ (ان برگزیدہ ہستیوں کے علاوہ کسی کے لئے مسجد نبوی میں حالت جنابت میں مسجد میں آنا جائز نہیں) آگاہ ہو جاؤ! میں نے تمہیں نام بتا دیئے ہیں تاکہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ۔" اس حدیث کو امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

٣٩٥ / ٦١۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَّنْظُرَ إِلَى أَشْبَهِ النَّاسِ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ مَا بَيْنَ عُنُقِهِ إِلَى وَجْهِهِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، وَمَنْ سَرَّهُ أَنْ يَّنْظُرَ إِلَى أَشْبَهِ النَّاسِ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ مَا بَيْنَ عُنُقِهِ إِلَى كَعْبِهِ خَلْقًا وَ لَوْنًا فَلْيَنْظُرْ إِلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

"حضرت علی ﷺ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ لوگوں میں ایسی ہستی کو دیکھے جو گردن سے چہرے تک حضور نبی اکرم ﷺ کی سب سے کامل شبیہ ہو تو وہ حضرت حسن بن علی علیہم السلام کو دیکھ لے اور جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ لوگوں میں ایسی ہستی کو دیکھے جو گردن سے ٹخنے تک رنگت اور صورت دونوں میں حضور نبی اکرم ﷺ کی سب سے کامل شبیہ ہو تو وہ حضرت حسین بن علی علیہم السلام کو دیکھ لے۔"

الحديث رقم ٦٠: أخرجه البيهقي في السنن الكبرى، ٧ / ٦٥، الرقم: ١٣١٧٨، ١٣١٧٩۔

الحديث رقم ٦١: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٣ / ٩٥، الرقم: ٢٧٦٨، ٢٧٥٩۔

Marfat.com

اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

٣٩٦/٦٢۔ عَنْ أَبِي رَافِعٍ ﷺ قَالَ: جَاءَتْ فَاطِمَةُ سلام الله عليها بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ بِحَسَنٍ وَ حُسَيْنٍ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِي مَرَضِهِ الَّذِي قُبِضَ فِيْهِ فَقَالَتْ: هَذَانِ ابْنَاکَ فَوَرِّثْهُمَا شَيْئًا، فَقَالَ لَهَا: أَمَّا حَسَنٌ فَإِنَّ لَهُ ثِبَاتِي وَسُؤْدَدِي، وَأَمَّا حُسَيْنٌ فَإِنَّ لَهُ جُزَامَتِي وَجُوْدِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابورافع ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی صاحبزادی سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا آپ ﷺ کے مرض وصال میں اپنے دونوں بیٹوں کو لے کر آپ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: (یا رسول اللہ!) یہ آپ کے بیٹے ہیں انہیں (اپنے فیضانِ نبوت میں سے) کچھ وراثت میں عطا فرمائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: حسن کے لئے میری ثابت قدمی اور سرداری کی وراثت ہے اور حسین کے لئے میری طاقت و سخاوت کی وراثت ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٩٧/٦٣۔ عَنْ فَاطِمَةَ سلام الله عليها بِنْتِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ: أَنَّهَا أَتَتْ بِالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ أَبَاهَا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ فِي شَكْوَتِهِ الَّتِي مَاتَ فِيْهَا فَقَالَتْ: تُوَرِّثُهُمَا يَا رَسُوْلَ اللهِ، شَيْئًا، فَقَالَ: أَمَّا الْحَسَنُ فَلَهُ هَيْبَتِي وَسُؤْدَدِي، وَأَمَّا الْحُسَيْنُ فَلَهُ جُرْأَتِي وَجُوْدِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالشَّيْبَانِيُّ.

''حضور نبی اکرم ﷺ کی شہزادی سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنے بابا جان حضور نبی اکرم ﷺ کے مرضِ وصال کے دوران امام حسن اور امام حسین کو آپ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا اور عرض کیا: یا رسول اللہ! انہیں اپنی وراثت میں سے کچھ عطا فرمائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: حسن میری ہیبت و سرداری کا وارث ہے اور حسین میری جرأت و سخاوت کا وارث ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی اور شیبانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦٢: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٦/٢٢٢.

الحديث رقم ٦٣: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٢٢/٤٢٣، الرقم: ١٠٤١، والشيباني في الآحاد والمثاني، ١/ ٢٩٩، الرقم: ٤٠٨، ٥/ ٣٧٠، الرقم: ٢٩٧١.

Marfat.com

٣٩٨/٦٤۔ عَنْ سَلْمَانَ ﷺ قَالَ: كُنَّا حَوْلَ النَّبِيِّ ﷺ فَجَاءَتْ أُمُّ أَيْمَنَ رضي الله عنها فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليك وسلم، لَقَدْ ضَلَّ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، قَالَ: وَذَلِكَ رَادُ النَّهَارِ يَقُوْلُ ارْتِفَاعُ النَّهَارِ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: قُوْمُوْا فَاطْلُبُوْا ابْنَيَّ. قَالَ: وَأَخَذَ كُلُّ رَجُلٍ تُجَاهَ وَجْهِهِ، وَأَخَذْتُ نَحْوَ النَّبِيِّ ﷺ، فَلَمْ يَزَلْ حَتَّى أَتَى سَفْحَ جَبَلٍ وَإِذَا الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ مُلْتَزِقٌ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ، وَإِذَا شُجَاعٌ قَائِمٌ عَلَى ذَنَبِهِ يَخْرُجُ مِنْ فِيْهِ شِبْهُ النَّارِ، فَأَسْرَعَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، فَالْتَفَتَ مُخَاطِبًا لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ، ثُمَّ انْسَابَ فَدَخَلَ بَعْضُ الْأَحْجِرَةِ، ثُمَّ أَتَاهُمَا فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَمَسَحَ وَجْهَهُمَا وَقَالَ: بِأَبِي وَأُمِّي أَنْتُمَا مَا أَكْرَمَكُمَا عَلَى اللهِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت سلمان فارسی ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس تھے۔ حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کے پاس آئیں اور عرض کیا: حسن و حسین علیہما السلام کہیں گم ہو گئے ہیں۔ راوی کہتے ہیں دن خوب نکلا ہوا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: چلو میرے بیٹوں کو تلاش کرو، راوی کہتے ہیں ہر ایک نے اپنا اپنا راستہ لیا اور میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ چل پڑا، آپ ﷺ مسلسل چلتے رہے حتی کہ پہاڑ کے دامن تک پہنچ گئے (دیکھا کہ) حسن اور حسین علیہما السلام ایک دوسرے کے ساتھ چمٹے ہوئے ہیں اور ایک اژدھا اپنی دم پر کھڑا تھا جس کے منہ سے آگ کے شعلے نکل رہے ہیں (شہزادوں پر پہرہ دے رہا تھا)۔ آپ ﷺ اس کی طرف تیزی سے بڑھے تو وہ اژدھا حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف متوجہ ہو کر سکڑ گیا پھر کھسک کر پتھروں میں چھپ گیا پھر آپ ﷺ حسنین کریمین علیہما السلام کے پاس تشریف لائے اور دونوں کو الگ الگ کیا اور ان کے چہروں کو پونچھا اور فرمایا: میرے ماں باپ تم پر قربان، تم اللہ ﷻ کے ہاں کتنی عزت والے ہو۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦٤: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٣/٦٥، الرقم: ٢٦٧٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٨٢.

Marfat.com

٣٩٩/٦٥۔ عَنْ جَابِرٍ ﷺ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ وَهُوَ يَمْشِي عَلَى أَرْبَعَةٍ، وَعَلَى ظَهْرِهِ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عليهما السلام، وَهُوَ يَقُوْلُ: نِعْمَ الْجَمَلُ جَمَلُكُمَا، وَنِعْمَ الْعَدْلَانِ أَنْتُمَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس حاضر ہوا تو آپ ﷺ چار ٹانگوں (گھٹنوں اور دونوں ہاتھوں کے بل) پر چل رہے تھے اور آپ ﷺ کی پشت مبارک پر حسنین کریمین علیہما السلام سوار تھے اور آپ ﷺ فرما رہے تھے: تمہارا اونٹ کیا خوب اونٹ ہے اور تم دونوں کیا خوب سوار ہو۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦٥: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٣/٥٢، الرقم: ٢٦٦١، والصيداوي في معجم الشيوخ، ١/٢٦٦، وابن خلاد في أمثال الحديث، ١/١٢٨، الرقم: ٩٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/ ١٨٢.

Marfat.com

اَلْبَابُ السَّادِسُ:

مَنَاقِبُ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ رضي الله عنهن

﴿اُمّہات المومنین رضی اللہ عنہن کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ خَدِيْجَةَ بِنْتِ خُوَيْلِدٍ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٥۔ فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ أُمِّ حَبِيْبَةَ بِنْتِ أَبِي سُفْيَانَ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٦۔ فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ سَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٧۔ فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٨۔ فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

٩۔ فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

١٠۔ فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيِّ بْنِ أَخْطَبَ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ خَدِيْجَةَ بِنْتِ خُوَيْلِدٍ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٤٠٠ / ١ـ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلَى امْرَأَةٍ لِلنَّبِيِّ ﷺ مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيْجَةَ رضي الله عنها، هَلَكَتْ قَبْلَ أَنْ يَّتَزَوَّجَنِي، لِمَا كُنْتُ أَسْمَعُهُ يَذْكُرُهَا، وَأَمَرَهُ اللهُ أَنْ يُبَشِّرَهَا بِبَيْتٍ مِنْ قَصَبٍ، وَإِنْ كَانَ لَيَذْبَحُ الشَّاةَ فَيُهْدِي فِي خَلَائِلِهَا مِنْهَا مَا يَسَعُهُنَّ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی ازواجِ مطہرات میں سے کسی پر اتنا رشک نہیں کرتی جتنا حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر، حالانکہ وہ میرے نکاح سے پہلے ہی وفات پا چکی تھیں، لیکن میں آپ ﷺ کو ان کا (کثرت سے) ذکر فرماتے ہوئے سنتی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو حکم فرمایا کہ خدیجہ کو موتیوں کے محل کی بشارت دے دیجئے اور جب آپ ﷺ کوئی بکری ذبح فرماتے تو آپ ﷺ ان کی سہیلیوں کو اتنا گوشت بھیجتے جو اُنہیں کفایت کر جاتا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤٠١ / ٢ـ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: أَتَى جِبْرِيْلُ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، هَذِهِ خَدِيْجَةُ قَدْ أَتَتْ مَعَهَا إِنَاءٌ فِيْهِ إِدَامٌ أَوْ طَعَامٌ أَوْ شَرَابٌ،

الحديث رقم ١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: تزويج النبي ﷺ خديجة وفضلها، ٣/١٣٨٨، الرقم: ٣٦٠٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل خديجة أم المؤمنين، ٤/١٨٨٨، الرقم: ٢٤٣٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٥٨، الرقم: ٢٤٣٥٥، والبيهقي في السنن الكبرى، ٧/٣٠٧، الرقم: ١٤٥٧٤ـ

الحديث رقم ٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: تزويج النبي ﷺ خديجة وفضلها، ٣/١٣٨٩، الرقم: ٣٦٠٩، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل خديجة أم المؤمنين، ٤/١٨٨٧، الرقم: ٢٤٣٢، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٩٠، الرقم: ٣٢٢٨٧ـ

Marfat.com

فَإِذَا هِيَ أَتَتْكَ فَاقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلَامَ مِنْ رَبِّهَا وَمِنِّي، وَبَشِّرْهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ، لَا صَخَبَ فِيْهِ وَلَا نَصَبَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حضرت جبرائیل علیہ السلام آ کر عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! یہ خدیجہ ہیں جو ایک برتن لے کر آ رہی ہیں جس میں سالن اور کھانے پینے کی چیزیں ہیں، جب یہ آپ کے پاس آئیں تو انہیں ان کے پروردِگار کا اور میرا سلام کہیے اور انہیں جنت میں موتیوں کے محل کی بشارت دے دیجئے، جس میں نہ کوئی شور ہوگا اور نہ کوئی تکلیف ہوگی۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤٠٢/٣۔ عَنْ إِسْمَاعِيْلَ قَالَ: قُلْتُ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى ﷺ: بَشَّرَ النَّبِيُّ ﷺ خَدِيْجَةَ رضي الله عنها؟ قَالَ: نَعَمْ. بِبَيْتٍ مِنْ قَصَبٍ لَا صَخَبَ فِيهِ وَلَا نَصَبَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت اسماعیل سے مروی ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی ﷺ سے پوچھا: کیا حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو بشارت دی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں، آپ ﷺ نے انہیں (جنت میں) ایسے محل کی بشارت دی تھی جو موتیوں سے بنا ہوگا اور اس میں نہ شور وغل ہوگا اور نہ کوئی اور تکلیف ہوگی۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤٠٣/٤۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: خَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ وَخَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيْجَةُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

الحديث رقم ٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: تزويج النبي ﷺ خديجة وفضلها، ٣/١٣٨٩، الرقم: ٣٦٠٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل خديجة أم المؤمنين، ٤/١٨٨٧، الرقم: ٢٤٣٣، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٩٠، الرقم:٣٢٢٨٨۔

الحديث رقم ٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: تزويج النبي ﷺ خديجة وفضلها، ٣/١٣٨٨، الرقم: ٣٦٠٤، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل خديجة أم المؤمنين، ٤/١٨٨٦، الرقم: ٢٤٣٠، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٩٠، الرقم:٣٢٢٨٩۔

Marfat.com

''حضرت علی ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اپنے زمانے کی سب سے بہترین عورت حضرت مریم علیہا السلام ہیں اور (اسی طرح) اپنے زمانے کی سب سے بہترین عورت خدیجہ علیہا السلام ہیں۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤٠٤ / ٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتِ: اسْتَأْذَنَتْ هَالَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ أُخْتُ خَدِيْجَةَ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَعَرَفَ اسْتِئْذَانَ خَدِيْجَةَ فَارْتَاعَ لِذَلِکَ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، هَالَةَ، قَالَتْ: فَغِرْتُ فَقُلْتُ: مَا تَذْكُرُ مِنْ عَجُوْزٍ مِنْ عَجَائِزِ قُرَيْشٍ، حَمْرَاءِ الشِّدْقَيْنِ، هَلَكَتْ فِي الدَّهْرِ قَدْ أَبْدَلَکَ اللهُ خَيْرًا مِنْهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بہن ہالہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا (ہمارے گھر آئیں اور انہوں) نے حضور نبی اکرم ﷺ سے اندر آنے کی اجازت طلب کی تو آپ ﷺ اسے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا اجازت طلب کرنا سمجھ کر کچھ لرزہ براندام سے ہوگئے۔ پھر فرمایا: خدایا! یہ تو ہالہ ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے رشک ہوا۔ پس میں عرض گزار ہوئی کہ آپ قریش کی ایک سرخ رخساروں والی بڑھیا کو اتنا یاد فرماتے رہتے ہیں، جنہیں فوت ہوئے بھی ایک زمانہ بیت گیا ہے کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان کا نعم البدل عطا نہیں فرما دیا ہے؟'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤٠٥ / ٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلَى أَحَدٍ مِنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ ﷺ مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيْجَةَ رضي الله عنها، وَمَا رَأَيْتُهَا، وَلَكِنْ كَانَ

الحديث رقم ٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: تزويج النبي ﷺ خديجة وفضلها، ٣/ ١٣٨٩، الرقم: ٣٦١٠، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل خديجة أم المؤمنين، ٤/ ١٨٨٩، الرقم: ٢٤٣٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ٧/ ٣٠٧، الرقم: ١٤٥٧٣۔

الحديث رقم ٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: تزويج النبي ﷺ خديجة وفضلها، ٣/ ١٣٨٩، الرقم: ٣٦٠٧۔

Marfat.com

النَّبِيُّ ﷺ يُكْثِرُ ذِكْرَهَا وَرُبَّمَا ذَبَحَ الشَّاةَ ثُمَّ يُقَطِّعُهَا أَعْضَاءً، ثُمَّ يَبْعَثُهَا فِي صَدَائِقِ خَدِيْجَةَ رضي الله عنها فَرُبَّمَا قُلْتُ لَهُ: كَأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ فِي الدُّنْيَا امْرَأَةٌ إِلَّا خَدِيْجَةُ؟ فَيَقُوْلُ: إِنَّهَا كَانَتْ وَكَانَتْ وَكَانَ لِي مِنْهَا وَلَدٌ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے حضور نبی اکرم ﷺ کی کسی زوجہ مطہرہ پر اتنا رشک نہیں آتا جتنا حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر، حالانکہ میں نے انہیں دیکھا نہیں ہے، لیکن حضور نبی اکرم ﷺ اکثر ان کا ذکر فرماتے رہتے تھے اور جب آپ ﷺ کوئی بکری ذبح فرماتے تو اس کے اعضاء کو علیحدہ علیحدہ کر کے انہیں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی ملنے والی سہیلیوں کے ہاں بھیجتے۔ کبھی میں اتنا عرض کر دیتی کہ دنیا میں کیا حضرت خدیجہ کے سوا اور کوئی عورت نہیں ہے؟ تو آپ ﷺ فرماتے: ہاں وہ ایسی ہی یگانہ روزگار تھیں اور میری اولاد بھی ان سے ہے۔'' اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٧/٤٠٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلَى نِسَاءِ النَّبِيِّ ﷺ إِلَّا عَلَى خَدِيْجَةَ رضي الله عنها، وَإِنِّي لَمْ أُدْرِكْهَا، قَالَتْ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا ذَبَحَ الشَّاةَ فَيَقُوْلُ: أَرْسِلُوْا بِهَا إِلَى أَصْدِقَاءِ خَدِيْجَةَ. قَالَتْ: فَأَغْضَبْتُهُ يَوْمًا فَقُلْتُ: خَدِيْجَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنِّي قَدْ رُزِقْتُ حُبَّهَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی ازواجِ مطہرات میں سے کسی پر رشک نہیں کیا، سوائے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے (یعنی میں ان پر رشک کیا کرتی تھی) اور میں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا زمانہ نہیں پایا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب بھی بکری ذبح فرماتے تھے تو آپ ﷺ فرماتے کہ

الحديث رقم ٧: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل خديجة أم المؤمنين، ٤/١٨٨٨، الرقم: ٢٤٣٥، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٦٧، الرقم: ٧٠٠٦.

Marfat.com

اس کا گوشت حضرت خدیجہ کی سہیلیوں کے ہاں بھیج دو۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں ایک دن غصہ میں آ گئی اور میں نے کہا: خدیجہ، خدیجہ ہی ہو رہی ہے۔ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ خدیجہ کی محبت مجھے عطا کی گئی ہے۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

٤٠٧ / ٨۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: لَمْ يَتَزَوَّجِ النَّبِيُّ ﷺ عَلَى خَدِيْجَةَ رضي الله عنها حَتَّى مَاتَتْ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی موجودگی میں دوسری شادی نہیں فرمائی یہاں تک کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہو گیا۔'' اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

٤٠٨ / ٩۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا غِرْتُ لِلنَّبِيِّ ﷺ عَلَى امْرَأَةٍ مِنْ نِسَائِهِ مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيْجَةَ رضي الله عنها لِكَثْرَةِ ذِكْرِهِ إِيَّاهَا، وَمَا رَأَيْتُهَا قَطُّ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی ازواجِ مطہرات میں سے کسی عورت پر اتنا رشک نہیں کیا جتنا کہ میں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر رشک کیا ہے کیونکہ حضور نبی اکرم ﷺ ان کا کثرت سے ذکر فرمایا کرتے تھے حالانکہ میں نے انہیں کبھی بھی نہیں دیکھا تھا۔'' اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

٤٠٩ / ١٠۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلَى امْرَأَةٍ مَا

الحديث رقم ٨: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل خديجة أم المؤمنين، ٤/١٨٨٩، الرقم: ٢٤٣٦، والحاكم في المستدرك، ٣/٢٠٥، الرقم: ٤٨٥٥، وعبد بن حميد في المسند، ١/٤٢٩، الرقم: ١٤٧٥۔

الحديث رقم ٩: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل خديجة أم المؤمنين، ٤/١٨٨٩، الرقم: ٢٤٣٥۔

الحديث رقم ١٠: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل خديجة أم المؤمنين، ٤/١٨٨٨، الرقم: ٢٤٣٥۔

Marfat.com

غِرْتُ عَلَى خَدِيْجَةَ رضي الله عنها وَلَقَدْ هَلَكَتْ قَبْلَ أَنْ يَتَزَوَّجَنِي بِثَلاَثِ سِنِيْنَ. لِمَا كُنْتُ أَسْمَعُهُ يَذْكُرُهَا، وَلَقَدْ أَمَرَهُ رَبُّهُ ﷻ أَنْ يُبَشِّرَهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ، وَإِنْ كَانَ لَيَذْبَحُ الشَّاةَ ثُمَّ يُهْدِيْهَا إِلَى خَلاَئِلِهَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے کسی عورت پر اس قدر رشک نہیں کیا جس قدر کہ میں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر رشک کیا اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا میری شادی سے تین سال پہلے وفات پا چکی تھیں (اور میں یہ رشک اس وقت کیا کرتی تھی) کہ جب آپ ﷺ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا ذکر فرمایا کرتے تھے اور آپ ﷺ کو آپ ﷺ کے پروردگار نے حکم فرمایا کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جنت میں خولدار موتیوں سے بنے ہوئے گھر کی خوشخبری دے دو اور آپ ﷺ جب بھی بکری ذبح فرماتے تو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی سہیلیوں کو گوشت ضرور بھیجا کرتے تھے۔''

اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

١١/٤١٠۔ عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: حَسْبُكَ مِنْ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ، وَخَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَفَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ، وَآسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ رضي الله عنهن. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارے (اتباع و اقتداء کرنے کے) لئے چار عورتیں ہی کافی ہیں۔ مریم بنت عمران، خدیجہ بنت خویلد، فاطمہ بنت محمد ﷺ اور فرعون کی بیوی آسیہ رضی اللہ عنہن۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

الحديث رقم ١١: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل خديجة رضي الله عنها، ٥/٧٠٢، الرقم: ٣٨٧٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٣٥، الرقم: ١٢٤١٤، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٦٤، الرقم: ٧٠٠٣، والحاكم في المستدرك، ٣/١٧١، الرقم: ٤٧٤٥.

Marfat.com

٤١١ / ١٢ـ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: لَمَّا بَعَثَ أَهْلُ مَكَّةَ فِي فِدَاءِ أَسْرَاهُمْ بَعَثَتْ زَيْنَبُ رضي الله عنها بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِي فِدَاءِ أَبِي الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ بِمَالٍ، وَبَعَثَتْ فِيْهِ بِقِلَادَةٍ لَهَا كَانَتْ لِخَدِيْجَةَ رضي الله عنها أَدْخَلَتْهَا بِهَا عَلَى أَبِي الْعَاصِ. قَالَتْ: فَلَمَّا رَآهَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ رَقَّ لَهَا رِقَّةً شَدِيْدَةً، وَقَالَ: إِنْ رَأَيْتُمْ أَنْ تُطْلِقُوْا لَهَا أَسِيْرَهَا وَتَرُدُّوْا عَلَيْهَا الَّذِي لَهَا، فَقَالُوْا: نَعَمْ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ أَخَذَ عَلَيْهِ أَوْ وَعَدَهُ أَنْ يُخَلِّيَ سَبِيْلَ زَيْنَبَ إِلَيْهِ وَبَعَثَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ وَرَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ: كُوْنَا بِبَطْنِ يَأْجَجَ حَتَّى تَمُرَّ بِكُمَا زَيْنَبُ فَتَصْحَبَاهَا حَتَّى تَأْتِيَا بِهَا. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی الله عنها بیان کرتی ہیں کہ جب مکہ مکرمہ والوں نے اپنے قیدیوں کا فدیہ بھیجا تو حضرت زینب رضی الله عنها بنت رسول الله ﷺ نے بھی (اپنے شوہر) ابوالعاص بن ربیع کے فدیہ میں مال بھیجا جس میں حضرت خدیجہ رضی الله عنها کا وہ ہار بھی تھا جو انہیں (حضرت خدیجہ رضی الله عنها کی طرف سے) جہیز میں ملا تھا جب ابو العاص سے ان کی شادی ہوئی تھی۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ نے اسے دیکھا تو فرطِ غم سے آپ ﷺ کا دل بھر آیا اور آپ ﷺ پر بڑی رقت طاری ہوگئی فرمایا: اگر تم مناسب سمجھو تو اس (حضرت زینب رضی الله عنها) کے قیدی کو چھوڑ دیا جائے اور اس کا مال اسے واپس دے دیا جائے؟ لوگوں نے اثبات میں جواب دیا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے اس (ابو العاص) سے عہد و پیمان لیا کہ زینب کو آنے سے نہیں روکے گا چنانچہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت زید بن حارثہ رضی الله عنه اور ایک انصاری صحابی کو بھیجا کہ تم یأجج کے مقام پر رہنا یہاں تک کہ زینب تمہارے پاس آ پہنچے۔ پس اسے ساتھ لے کر یہاں آ پہنچنا۔'' اس حدیث کو امام ابوداود اور احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٢: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الجهاد، باب: في فداء الأسير بالمال، ٣/ ٦٢، الرقم: ٢٦٩٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/ ٢٧٦، الرقم: ٢٦٤٠٥، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٢/ ٤٢٨، الرقم: ١٠٥٠.

Marfat.com

٤١٢ / ١٣۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: جَاءَ جِبْرِيْلُ عليه السلام إِلَى النَّبِيِّ ﷺ وَعِنْدَهُ خَدِيْجَةُ رضي الله عنها قَالَ: إِنَّ اللهَ يُقْرِئُ خَدِيْجَةَ السَّلَامَ. فَقَالَتْ: إِنَّ اللهَ هُوَ السَّلَامُ، وَعَلَى جِبْرِيْلَ السَّلَامُ، وَعَلَيْکَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَکَاتُهُ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالْحَاکِمُ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت انس ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت جبرائیل عليه السلام حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس آئے درآنحالیکہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بھی اس وقت آپ ﷺ کے پاس موجود تھیں۔ حضرت جبرائیل عليه السلام نے عرض کیا: بیشک اللہ تعالیٰ حضرت خدیجہ پر سلام بھیجتا ہے اس پر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: بیشک اللہ تعالیٰ ہی السلام ہے اور جبرائیل عليه السلام پر سلامتی ہو اور آپ پر بھی سلامتی ہو اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کی برکات ہوں۔''

اس حدیث کو امام نسائی اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٤١٣ / ١٤۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: خَطَّ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ خُطُوْطٍ، قَالَ: أَتَدْرُوْنَ مَا هَذَا؟ فَقَالُوْا: اللهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَفْضَلُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ: خَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَفَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ، وَآسِيَةُ بِنْتُ مُزَاحِمٍ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ، وَمَرْيَمُ ابْنَةُ عِمْرَانَ رضي الله عنهن. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاکِمُ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

الحديث رقم ١٣: أخرجه النسائي في السنن الكبرى، ٦ / ١٠١، الرقم: ١٠٢٠٦، والحاكم في المستدرك، ٣ / ٢٠٦، الرقم: ٤٨٥٦.

الحديث رقم ١٤: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١ / ٢٩٣، الرقم: ٢٦٦٨، وابن حبان في الصحيح، ١٥ / ٤٧٠، الرقم: ٧٠١٠، والحاكم في المستدرك، ٢ / ٥٣٩، الرقم: ٣٨٣٦.

Marfat.com

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ حضور نبی اکرم ﷺ نے زمین پر چار خطوط کھینچے اور دریافت فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: اللہ ﷻ اور اس کا رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: یہ جنت کی بہترین عورتیں ہیں جو کہ حضرت خدیجہ بنت خویلد، حضرت فاطمہ بنت محمد، حضرت آسیہ بنت مزاحم جو کہ فرعون کی بیوی ہے اور حضرت مریم بنت عمران رضی اللہ عنہن ہیں۔''

اس حدیث کو امام احمد، ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

٤١٤ / ١٥۔ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: كَانَتْ خَدِيْجَةُ رضي الله عنها أَوَّلَ مَنْ آمَنَ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ مِنَ النِّسَاءِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''امام ابن شہاب زہری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا عورتوں میں سے سب سے پہلے حضور نبی اکرم ﷺ پر ایمان لائیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور بیہقی نے بیان کیا ہے۔

٤١٥ / ١٦۔ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: كَانَتْ خَدِيْجَةُ رضي الله عنها أَوَّلَ مَنْ آمَنَ بِاللهِ وَصَدَّقَ بِرَسُوْلِهِ ﷺ قَبْلَ أَنْ تُفْرَضَ الصَّلَاةُ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''امام ابن شہاب ﷺ بیان کرتے ہیں کہ نماز فرض ہونے سے بھی پہلے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سب سے پہلی خاتون تھیں جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لائیں اور اس کے رسول، حضور نبی

الحديث رقم ١٥: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/ ٢٠٣، الرقم: ٤٨٤٤، والبيهقي في السنن الكبرى، ٦/ ٣٦٧، الرقم: ١٢٨٥٩، والدولابي في الذرية الطاهرة، ١/ ٣٠، الرقم: ١٦۔

الحديث رقم ١٦: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/ ٢٠٣، الرقم: ٤٨٤٥، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/ ٢٤٩، الرقم: ١٠٩٩، وابن عبد البر في التمهيد، ٨/ ٥١، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢/ ١١٧، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٨/ ١٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/ ٢٢٠۔

Marfat.com

اکرم ﷺ (کے برحق ہونے) کی تصدیق کی۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور ابن ابی شیبہ نے بیان کیا ہے۔

٤١٦ / ١٧۔ عَنْ رَبِيْعَةَ السَّعْدِيِّ قَالَ: أَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ ﷺ وَهُوَ فِي مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: خَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ رضي الله عنها سَابِقَةُ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ إِلَى الْإِيْمَانِ بِاللهِ وَبِمُحَمَّدٍ ﷺ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت ربیعہ سعدی بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت حذیفہ یمانی ﷺ کی خدمت میں مسجد نبوی میں حاضر ہوا تو وہ فرما رہے تھے حضرت خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا تمام جہاں کی عورتوں سے پہلے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول محمدِ (مصطفیٰ) ﷺ پر ایمان لائیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے بیان کیا ہے۔

٤١٧ / ١٨۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا ذَكَرَ خَدِيْجَةَ رضي الله عنها أَثْنَى عَلَيْهَا فَأَحْسَنَ الثَّنَاءَ. قَالَتْ: فَغِرْتُ يَوْمًا فَقُلْتُ: مَا أَكْثَرَ مَا تَذْكُرُهَا حَمْرَاءَ الشِّدْقِ قَدْ أَبْدَلَكَ اللهُ ﷻ بِهَا خَيْرًا مِنْهَا. قَالَ: مَا أَبْدَلَنِيَ اللهُ ﷻ خَيْرًا مِنْهَا، قَدْ آمَنَتْ بِي إِذْ كَفَرَ بِيَ النَّاسُ، وَصَدَّقَتْنِي إِذْ كَذَّبَنِيَ النَّاسُ، وَوَاسَتْنِي بِمَالِهَا إِذْ حَرَمَنِيَ النَّاسُ وَرَزَقَنِيَ اللهُ ﷻ وَلَدَهَا إِذْ حَرَمَنِي أَوْلَادَ النِّسَاءِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب کبھی بھی

الحديث رقم ١٧: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣ / ٢٠٣، الرقم: ٤٨٤٦، والمناوي في فيض القدير، ٣ / ٤٣١، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢ / ١١٦۔

الحديث رقم ١٨: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٦ / ١١٧، الرقم: ٢٤٩٠٨، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٣ / ١٣، الرقم: ٢٢، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ٢ / ٨، والعسقلاني في الإصابة، ٧ / ٦٠٤، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢ / ١١٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ٢٢٤۔

Marfat.com

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا ذکر فرماتے تو ان کی خوب تعریف فرماتے۔ آپ فرماتی ہیں کہ ایک دن میں غصہ میں آ گئی اور میں نے کہا کہ آپ سرخ رخساروں والی کا تذکرہ بہت زیادہ کرتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اس سے بہتر عورتیں اس کے نعم البدل کے طور پر آپ کو عطا فرمائی ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے اس سے بہتر بدل عطا نہیں فرمایا وہ تو ایسی خاتون تھیں جو مجھ پر اس وقت ایمان لائیں جب لوگ میرا انکار کر رہے تھے اور میری اس وقت تصدیق کی جب لوگ مجھے جھٹلا رہے تھے اور اپنے مال سے اس وقت میری ڈھارس بندھائی جب لوگ مجھے محروم کر رہے تھے اور اللہ تعالیٰ نے مجھے اس سے اولاد عطا فرمائی جبکہ دوسری عورتوں سے مجھے اولاد عطا نہیں کی۔'' اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٩/٤١٨۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ ﷺ قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ رضي الله عنها: **كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا ذَكَرَ خَدِيْجَةَ** رضي الله عنها **لَمْ يَكُنْ يَسْأَمُ مِنْ ثَنَاءٍ عَلَيْهَا وَالْاِسْتِغْفَارِ لَهَا. فَذَكَرَهَا ذَاتَ يَوْمٍ وَاحْتَمَلَتْنِي الْغِيْرَةُ إِلَى أَنْ قُلْتُ: قَدْ عَوَّضَكَ اللهُ مِنْ كَبِيْرَةِ السِّنِّ. قَالَتْ: فَرَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ غَضِبَ غَضَبًا سَقَطَ فِي جِلْدِي، فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: اَللّٰهُمَّ، إِنَّکَ إِنْ أَذْهَبْتَ عَنِّي غَضَبَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ لَمْ أَذْكُرْهَا بِسُوْءٍ فَلَمَّا رَأَى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ الَّذِي لَقِيْتُ، قَالَ: كَيْفَ قُلْتِ؟ وَاللهِ، لَقَدْ آمَنَتْ بِي إِذْ كَفَرَ بِيَ النَّاسُ، وَصَدَّقَتْنِي إِذْ كَذَّبَنِيَ النَّاسُ وَرَزِقْتُ مِنِّيَ الْوَلَدُ إِذْ حُرِمْتِيْهِ مِنِّي، فَغَدَا بِهَا عَلَيَّ وَرَاحَ شَهْرًا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.**

''حضرت عبداللہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا تذکرہ فرماتے تھے تو ان کی تعریف اور ان کے لئے استغفار و دعائے مغفرت کرتے ہوئے تھکتے نہیں تھے۔ پس ایک دن آپ ﷺ نے

الحديث رقم ١٩: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٢٣/١٣، الرقم: ٢١، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢/١١٢، والدولابي في الذرية الطاهرة، ١/٣١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٢٢٤.

Marfat.com

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا تذکرہ فرمایا تو مجھے غصہ آ گیا یہاں تک کہ میں نے یہ کہہ دیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اس بڑھیا کے عوض (حسین وجمیل) بیویاں عطا فرمائی ہیں۔ پس میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ شدید جلال میں آ گئے، (یہ صورتحال دیکھ کر) میں نے اپنے دل میں کہا: اے اللہ! اگر آج تو حضور نبی اکرم ﷺ کا غصہ مجھ سے دور کر دے تو میں کبھی بھی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا سخت الفاظ میں تذکرہ نہیں کروں گی۔ پس جب حضور نبی اکرم ﷺ نے میری یہ حالت دیکھی تو فرمایا: تم ایسا کیسے کہہ سکتی ہو؟ حالانکہ، خدا کی قسم! وہ مجھ پر اس وقت ایمان لائیں جب لوگ میرا انکار کر رہے تھے اور میری اس وقت تصدیق کی جب لوگ مجھے جھٹلا رہے تھے اور میری اولاد بھی ان کے بطن سے پیدا ہوئی جبکہ تم اس سے محروم ہو، پس آپ ﷺ ایک ماہ تک اسی حالت (یعنی قدرے ناراضگی کی حالت میں) صبح وشام آتے رہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٢٠/٤١٩۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا أُتِيَ بِالشَّيْءِ يَقُوْلُ: اذْهَبُوْا بِهِ إِلَى فُلَانَةٍ، فَإِنَّهَا كَانَتْ صَدِيْقَةَ خَدِيْجَةَ، اذْهَبُوْا بِهِ إِلَى بَيْتِ فُلَانَةٍ، فَإِنَّهَا كَانَتْ تُحِبُّ خَدِيْجَةَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں کوئی شے پیش کی جاتی تو آپ ﷺ فرماتے: اسے فلاں خاتون کے گھر لے جاؤ کیونکہ وہ خدیجہ کی سہیلی ہے، اسے فلاں خاتون کے گھر لے جاؤ کیونکہ وہ خدیجہ سے محبت رکھتی تھی۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے ''الادب المفرد'' میں بیان کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٠: أخرجه البخاري في الأدب المفرد، ١/٩٠، الرقم: ٢٣٢، والدولابي في الذرية الطاهرة، ١/٤١، الرقم: ٤٠۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٤٢٠ / ٢١۔ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ إِنَّ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَوْمًا: يَا عَائِشَةُ، هَذَا جِبْرِيْلُ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ. فَقُلْتُ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، تَرَى مَا لَا أَرَى تُرِيدُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک روز حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! یہ جبرائیل تمہیں سلام کہتے ہیں۔ میں نے جواب دیا: ان پر بھی سلام ہو اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور برکات ہوں۔ لیکن آپ (یعنی رسول اللہ ﷺ) جو کچھ دیکھ سکتے ہیں وہ میں نہیں دیکھ سکتی (کیونکہ حضرت جبرائیل علیہ السلام انہیں نظر آ رہے تھے)۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤٢١ / ٢٢۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أُرِيتُكِ فِي الْمَنَامِ مَرَّتَيْنِ أَرَى أَنَّكِ فِي سَرَقَةٍ مِنْ حَرِيْرٍ وَيُقَالُ: هَذِهِ امْرَأَتُكَ، فَاكْشَفْ عَنْهَا فَإِذَا هِيَ أَنْتِ فَأَقُوْلُ إِنْ يَكُ هَذَا مِنْ عِنْدِ اللهِ

الحديث رقم ٢١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: فضل عائشة، ٣ / ١٣٧٤، الرقم: ٣٥٥٧، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: في فضل عائشة، ٤ / ١٨٩٥، الرقم: ٢٤٤٧، والترمذي في السنن، كتاب: الاستئذان عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في تبليغ السلام، ٥ / ٥٥، الرقم: ٢٦٩٣۔

الحديث رقم ٢٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: تزويج النبي ﷺ عائشة، ٣ / ١٤١٥، الرقم: ٣٦٨٢، وفي كتاب: النكاح، باب: قول الله تعالى: ولا جناح عليكم فيما عرضتم به من خطبة النساء، ٥ / ١٩٦٩، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل عائشة، ٤ / ١٨٨٩، الرقم: ٢٤٣٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦ / ٤١، الرقم: ٢٤١٨٨۔

Marfat.com

يُمْضِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: میں نے خواب میں دو مرتبہ تمہیں دیکھا میں نے دیکھا کہ تم ریشمی کپڑوں میں لپٹی ہوئی ہو اور مجھے کہا گیا کہ یہ آپ کی بیوی ہے۔ سو پردہ ہٹا کر دیکھیے، جب میں نے دیکھا تو تم تھی۔ تو میں نے کہا کہ اگر یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو وہ ایسا کر کے ہی رہے گا۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٢٢/٤٢٢۔ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ بَعَثَ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ رضي الله عنه عَلَى جَيْشٍ ذَاتِ السَّلَاسِلِ قَالَ: فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: أَيُّ النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْکَ؟ قَالَ: عَائِشَةُ. قُلْتُ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَ: أَبُوْهَا. قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: عُمَرُ. فَعَدَّ رِجَالًا فَسَکَتُّ مَخَافَةَ أَنْ يَجْعَلَنِي فِي آخِرِهِمْ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے سریہ ذات السلاسل کے لئے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو امیر لشکر مقرر فرمایا۔ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کو انسانوں میں سب سے پیارا کون ہے؟ فرمایا: عائشہ، میں عرض گزار ہوا: مردوں میں سے؟ فرمایا: اس کا والد، میں نے عرض کیا: ان کے بعد کون ہے؟ فرمایا: عمر، اس کے بعد آپ ﷺ نے چند دیگر حضرات کے نام لئے لیکن میں اس خیال سے خاموش ہو گیا کہ کہیں میرا نام آخر میں نہ آئے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

الحديث رقم ٢٣: أخرجه البخاری في الصحيح، كتاب: المغازی، باب: غزوة ذات السلاسل، ٤/١٥٨٤، الرقم: ٤١٠٠، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أبی بكر، ٤/١٨٥٦، الرقم ٢٣٨٤، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل عائشة، ٥/٧٠٦، الرقم: ٣٨٨٥، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٣٠٨، الرقم: ٦٨٨٥.

Marfat.com

٤٢٣ / ٢٤۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنِّي لَأَعْلَمُ إِذَا كُنْتِ عَنِّي رَاضِيَةً وَإِذَا كُنْتِ عَلَيَّ غَضْبَى. قَالَتْ: فَقُلْتُ: وَمِنْ أَيْنَ تَعْرِفُ ذَلِکَ؟ فَقَالَ: أَمَّا إِذَا كُنْتِ عَنِّي رَاضِيَةً فَإِنَّکِ تَقُوْلِيْنَ: لَا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ ﷺ، وَإِذَا كُنْتِ غَضْبَى قُلْتِ: لَا وَرَبِّ إِبْرَاهِيمَ، قَالَتْ: قُلْتُ: أَجَلْ وَاللهِ، يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَا أَهْجُرُ إِلَّا اسْمَکَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے فرمایا: میں بخوبی جان لیتا ہوں جب تم مجھ سے راضی ہوتی ہو اور جب ناراض ہوتی ہو۔ وہ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا: یہ بات آپ کس طرح معلوم کر لیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم مجھ سے راضی ہوتی ہو تو کہتی ہو کہ رب محمد کی قسم! اور جب تم ناخوش ہوتی ہو تو کہتی ہو رب ابراہیم کی قسم! وہ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا: خدا کی قسم! یارسول اللہ! اس وقت میں صرف آپ کا نام ہی چھوڑتی ہوں۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤٢٤ / ٢٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّ النَّاسَ كَانُوْا يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ رضي الله عنها يَبْتَغُوْنَ بِهَا أَوْ يَبْتَغُوْنَ بِذَلِکَ مَرْضَاةَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

الحديث رقم ٢٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: النكاح، باب: غيرة النساء ووجدهن، ٥ / ٢٠٠٤، الرقم: ٤٩٣٠، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل عائشة، ٤ / ١٨٩٠، الرقم: ٢٤٣٩، وابن حبان في الصحيح، ١٦ / ٤٩، الرقم: ٧١١٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦ / ٦١، الرقم: ٢٤٣٦٣۔

الحديث رقم ٢٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الهبة وفضلها والتحريض عليها، باب: قبول الهدية، ٢ / ٩١٠، الرقم: ٢٤٣٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: في فضل عائشة، ٤ / ١٨٩١، الرقم: ٢٤٤١، والنسائي في السنن، كتاب: عشرة النساء، باب: حب الرجل بعض نسائه أكثر من بعض، ٧ / ٦٩، الرقم: ٣٩٥١، والبيهقي في السنن الكبرى، ٦ / ١٦٩، الرقم: ١١٧٢٣۔

Marfat.com

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ لوگ اپنے تحائف حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں پیش کرنے کے لئے میرے (ساتھ آپ ﷺ کے مخصوص کردہ) دن کی تلاش میں رہتے تھے، اور اس عمل سے وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی رضا چاہتے تھے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٢٦/٤٢٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: إِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لَيَتَعَذَّرُ فِي مَرَضِهِ أَيْنَ أَنَا الْيَوْمَ؟ أَيْنَ أَنَا غَدًا؟ اسْتِبْطَاءً لِيَوْمِ عَائِشَةَ رضي الله عنها فَلَمَّا كَانَ يَوْمِي قَبَضَهُ اللهُ بَيْنَ سَحْرِي وَنَحْرِي وَدُفِنَ فِي بَيْتِي.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ (مرضِ وصال) میں (میری) باری طلب کرنے کے لیے پوچھتے کہ میں آج کہاں رہوں گا؟ کل میں کہاں رہوں گا؟ پھر جس دن میری باری تھی آپ ﷺ کا سرِ انور میری گود میں تھا کہ اللہ ﷻ نے آپ ﷺ کی روح مقدسہ قبض کرلی اور میرے گھر میں ہی آپ ﷺ مدفون ہوئے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٢٧/٤٢٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَسْتُرُنِي بِرِدَائِهِ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَى الْحَبَشَةِ يَلْعَبُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ حَتَّى أَكُوْنَ أَنَا الَّتِي

الحديث رقم ٢٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: ما جاء في قبر النبي ﷺ، ١/٤٨٦، الرقم: ١٣٢٣، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: في فضل عائشة رضي الله عنها، ٤/١٨٩٣، الرقم: ٢٤٤٣۔

الحديث رقم ٢٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: النكاح، باب: نظر المرأة إلى الحبش ونحوهم من غير ريبة، ٥/٢٠٠٦، الرقم: ٤٩٣٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: صلاة العيدين، باب: الرخصة في اللعب الذي لا معصية فيه في أيام العيد، ٢/٦٠٨، الرقم: ٨٩٢، والنسائي في السنن، كتاب: صلاة العيدين، باب: اللعب في المسجد يوم العيد ونظر النساء إلى ذلك، ٣/١٩٥، الرقم: ١٥٩٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٨٥، الرقم: ٢٤٥٩٦، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٣/١٧٩، الرقم: ٢٨٢۔

Marfat.com

أَسْأَمُ فَاقْدُرُوْا قَدْرَ الْجَارِيَةِ الْحَدِيْثَةِ السِّنِّ الْحَرِيْصَةِ عَلَى اللَّهْوِ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ میرے کمرے کے دروازے پر کھڑے ہوئے تھے اور حبشی اپنے ہتھیاروں سے لیس مسجد میں کھیل رہے تھے، حضور نبی اکرم ﷺ مجھے اپنی چادر میں چھپائے ہوئے تھے تاکہ میں ان کا کھیل دیکھتی رہوں۔ آپ ﷺ میری وجہ سے کھڑے رہے یہاں تک کہ میرا جی بھر گیا اور میں خود وہاں سے چلی گئی۔ اب تم خود اندازہ کر لو کہ جو لڑکی کم سن اور کھیل کی شائق ہو وہ کب تک دیکھے گی۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤٢٧ / ٢٨۔ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ: اسْتَأْذَنَ ابْنُ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَبْلَ مَوْتِهَا عَلَى عَائِشَةَ رضي الله عنها وَهِيَ مَغْلُوْبَةٌ. قَالَتْ: أَخْشَى أَنْ يُثْنِيَ عَلَيَّ، فَقِيْلَ: ابْنُ عَمِّ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَمِنْ وُجُوْهِ الْمُسْلِمِيْنَ قَالَتْ: ائْذَنُوْا لَهُ؟ فَقَالَ: كَيْفَ تَجِدِيْنَكِ؟ قَالَتْ: بِخَيْرٍ إِنْ اتَّقَيْتُ. قَالَ: فَأَنْتِ بِخَيْرٍ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى، زَوْجَةُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَلَمْ يَنْكِحْ بِكْرًا غَيْرَكِ وَنَزَلَ عُذْرُكِ مِنَ السَّمَاءِ، وَدَخَلَ ابْنُ الزُّبَيْرِ رضي الله عنه خِلَافَهُ فَقَالَتْ: دَخَلَ ابْنُ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما فَأَثْنَى عَلَيَّ وَوَدِدْتُ أَنِّي كُنْتُ نَسْيًا مَنْسِيًّا.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''امام ابن ابی ملیکہ کا بیان ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے اور انہوں) نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے اندر آنے کی اجازت مانگی جبکہ وہ اس وقت عالمِ نزع میں تھیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے ڈر ہے کہ یہ میری تعریف کریں گے۔ حاضرین نے کہا: یہ تو حضور نبی اکرم ﷺ کے چچا زاد اور سرکردہ مسلمانوں میں سے ہیں۔ انہوں نے فرمایا: اچھا انہیں اجازت دے دو۔ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے پوچھا کہ آپ کا کیا حال ہے؟ جواب دیا: اگر پرہیز

الحديث رقم ٢٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: التفسير، باب: ولولا إذ سمعتموه، ٤ / ١٧٧٩، الرقم: ٤٤٧٦.

Marfat.com

گار ہوں تو بہتر ہے۔ آپ نے فرمایا: ان شاء اللہ بہتر ہی رہے گا کیونکہ آپ رسول اللہ ﷺ کی زوجہ مطہرہ ہیں اور آپ کے سوا انہوں نے کسی کنواری عورت سے نکاح نہیں کیا اور آپ کی براءت آسمان سے نازل ہوئی تھی۔ ان کے بعد حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اندر آئے تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما آئے تھے وہ میری تعریف کررہے تھے اور میں یہ چاہتی ہوں کہ کاش! میں گمنام ہوتی۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٤٢٨ / ٢٩۔ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ رضي الله عنه قَالَ: كَانَتْ عَائِشَةُ رضي الله عنها لَا تُمْسِكُ شَيْئًا مِمَّا جَاءَ هَا مِنْ رِزْقِ اللهِ تَعَالَى إِلَّا تَصَدَّقَتْ بِهِ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس اللہ تعالیٰ کے رزق میں سے جو بھی چیز آتی وہ اسے اپنے پاس نہ روکے رکھتیں بلکہ اسی وقت (کھڑے کھڑے) اس کا صدقہ فرما دیتیں۔'' اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٤٢٩ / ٣٠۔ عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه أَنَّ جَارًا لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَارِسِيًّا كَانَ طَيِّبَ الْمَرَقِ فَصَنَعَ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ، ثُمَّ جَاءَ يَدْعُوْهُ، فَقَالَ: وَهَذِهِ لِعَائِشَةَ فَقَالَ: لاَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا، فَعَادَ يَدْعُوْهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَهَذِهِ قَالَ: لَا، قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا، ثُمَّ عَادَ يَدْعُوْهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَهَذِهِ، قَالَ: نَعَمْ، فِي الثَّالِثَةِ، فَقَامَ يَتَدَافِعَانِ حَتَّى أَتَيَا مَنْزِلَهُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

الحديث رقم ٢٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: مناقب قريش، ٣/ ١٢٩١، الرقم: ٣٣١٤۔

الحديث رقم ٣٠: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الأشربة، باب: ما يفعل الضيف إذا تبعه غير من دعاه صاحب الطعام، ٣/ ١٦٠٩، الرقم: ٢٠٣٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/ ١٢٣، الرقم: ١٢٢٦٥۔

Marfat.com

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا ایک فارسی پڑوسی بہت اچھا سالن بناتا تھا، پس ایک دن اس نے حضور نبی اکرم ﷺ کیلئے سالن بنایا، پھر آپ ﷺ کو دعوت دینے کیلئے حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اور یہ بھی یعنی عائشہ (بھی میرے ساتھ مدعو ہے یا نہیں) تو اس نے عرض کیا: نہیں، اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں (میں نہیں جاؤں گا) اس شخص نے دوبارہ آپ ﷺ کو دعوت دی تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ بھی (یعنی عائشہ بھی) تو اس آدمی نے عرض کیا: نہیں، تو آپ ﷺ نے پھر انکار فرما دیا۔ اس شخص نے سہ بارہ آپ ﷺ کو دعوت دی، آپ ﷺ نے فرمایا: یہ بھی، اس نے عرض کیا: ہاں یہ بھی، پھر دونوں (یعنی آپ ﷺ اور حضرت عائشہ رضی الله عنها) ایک دوسرے کو تھامتے ہوئے اٹھے اور اس شخص کے گھر تشریف لے گئے۔'' اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٤٣٠ / ٣١۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّ جِبْرِيْلَ جَاءَ بِصُوْرَتِهَا فِي خِرْقَةِ حَرِيْرٍ خَضْرَاءَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ. فَقَالَ: إِنَّ هَذِهِ زَوْجَتُکَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی الله عنها سے مروی ہے کہ حضرت جبریل امین علیہ السلام ریشم کے سبز کپڑے میں (لپٹی ہوئی) ان کی تصویر لے کر حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ دنیا و آخرت میں آپ کی اہلیہ ہیں۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن حبان نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

الحديث رقم ٣١: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: من فضل عائشة، ٥/٧٠٤، الرقم: ٣٨٨٠، وابن حبان في الصحيح، ١٦/٦، الرقم: ٧٠٩٤، وابن راهويه في المسند، ٣/٦٤٩، الرقم: ١٢٣٧، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢/١٤٠، ١٤١۔

Marfat.com

٤٣١ / ٣٢۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى ﷺ قَالَ: مَا أَشْكَلَ عَلَيْنَا أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ حَدِيْثٌ قَطُّ فَسَأَلْنَا عَائِشَةَ رضي الله عنها إِلَّا وَجَدْنَا عِنْدَهَا مِنْهُ عِلْمًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَن صَحِيْحٌ.

''حضرت ابوموسیٰ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ہم اصحاب رسول اللہ ﷺ کے لئے جب کبھی بھی کوئی حدیث مشکل ہو جاتی تو ہم ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس کے بارے میں پوچھتے تو ان سے اس حدیث کا صحیح علم پالیتے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٤٣٢ / ٣٣۔ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ ﷺ، قَالَ مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَفْصَحَ مِنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت موسیٰ بن طلحہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے بڑھ کر کسی کو فصیح نہیں دیکھا۔'' اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٤٣٣ / ٣٤۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها في رواية طويلة: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ لِفَاطِمَةَ: إِنَّهَا (أَي عَائِشَةَ) حِبَّةُ أَبِيْکَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ..... الحديث.

الحديث الرقم ٣٢: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: من فضل عائشة، ٥/٧٠٥، الرقم: ٣٨٨٣، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢/١٧٩، والمزي في تهذيب الكمال، ١٢/٤٢٣، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ٢/٣٢، والعسقلاني في الإصابة، ٨/١٨۔

الحديث رقم ٣٣: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: من فضل عائشة، ٥/٧٠٥، الرقم: ٣٨٨٤، والحاكم في المستدرك، ٤/١٢، الرقم: ٦٧٣٥، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٣/١٨٢، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢/٨٧٦، الرقم: ١٦٤٦، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢/١٩١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٢٤٣، وقال: رجاله رجال الصحيح۔

الحديث رقم ٣٤: أخرجه أبو داود في السنن، كتاب: الأدب، باب: في الانتصار، ٤/٢٧٤، الرقم: ٤٨٩٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٤/٣٢٢۔

Marfat.com

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ایک طویل حدیث میں روایت کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: رب کعبہ کی قسم! بے شک عائشہ تمہارے والد کو بہت زیادہ محبوب ہے۔'' اس حدیث کو امام ابو داود نے بیان کیا ہے۔

٤٣٤ / ٣٥۔ عَنْ ذَكْوَانَ ﷺ حَاجِبِ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّهُ جَاءَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما يَسْتَأْذِنُ عَلَى عَائِشَةَ رضي الله عنها..... فَقَالَتْ: ائْذَنْ لَهُ إِنْ شِئْتَ، قَالَ: فَأَدْخَلْتُهُ فَلَمَّا جَلَسَ، قَالَ: أَبْشِرِي، فَقَالَتْ: أَيْضًا، فَقَالَ: مَا بَيْنَكِ وَبَيْنَ أَنْ تَلْقَى مُحَمَّدًا ﷺ وَالْأَحِبَّةَ إِلَّا أَنْ تَخْرُجَ الرُّوْحُ مِنَ الْجَسَدِ، كُنْتِ أَحَبَّ نِسَاءِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، وَلَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يُحِبُّ إِلَّا طَيِّبًا وَسَقَطَتْ قِلَادَتُكِ لَيْلَةَ الْأَبْوَاءِ فَأَصْبَحَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ حَتَّى يُصْبِحَ فِي الْمَنْزِلِ وَأَصْبَحَ النَّاسُ لَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ، فَأَنْزَلَ اللهُ ﷻ ﴿فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا﴾[النساء، ٤: ٤٣] فَكَانَ ذَلِكَ فِي سَبَبِكِ، وَمَا أَنْزَلَ اللهُ ﷻ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ مِنَ الرُّخْصَةِ، وَأَنْزَلَ اللهُ بَرَاءَتَكِ مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمَوَاتٍ جَاءَ بِهِ الرُّوْحُ الْأَمِيْنُ، فَأَصْبَحَ لَيْسَ لِلهِ مَسْجِدٌ مِنْ مَسَاجِدِ اللهِ يُذْكَرُ اللهُ فِيْهِ إِلَّا يُتْلَى فِيْهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ، فَقَالَتْ: دَعْنِي مِنْكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوَدِدْتُ أَنِّي كُنْتُ نَسْيًا مَنْسِيًا.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ وَأَبُوْيَعْلَى.

الحديث رقم ٣٥: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/٢٧٦، الرقم: ٢٤٩٦، وابن حبان في الصحيح، ١٦/٤١، ٤٢، الرقم: ٧١٠٨، والطبراني في المعجم الكبير، ١٠/٣٢١، الرقم: ١٠٧٨٣، وأبو يعلى في المسند، ٥/٥٧٦٥، الرقم: ٢٦٤٨.

Marfat.com

''حضرت ذکوان ﷺ جو کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے دربان تھے، روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ملنے کی اجازت طلب کرنے کیلئے تشریف لائے ..... تو انہوں نے فرمایا: اگر تم چاہتے ہو تو انہیں اجازت دے دو، راوی بیان کرتے ہیں پھر میں انہیں اندر لے آیا پس جب وہ بیٹھ گئے تو عرض کرنے لگے: اے ام المومنین! آپ کو خوشخبری ہو، آپ نے جواباً فرمایا: اور تمہیں بھی خوشخبری ہو، پھر انہوں نے عرض کیا: آپ کی اور آپ کے محبوب حضور نبی اکرم ﷺ کی ملاقات میں سوائے آپ کی روح کے قفس عنصری سے پرواز کرنے کے کوئی چیز مانع نہیں ہے۔ آپ حضور نبی اکرم ﷺ کو تمام ازواجِ مطہرات سے بڑھ کر عزیز تھیں اور حضور نبی اکرم ﷺ سوائے پاکیزہ چیز کے کسی کو پسند نہیں فرماتے تھے، اور ابوا والی رات آپ کے گلے کا ہار گر گیا تو حضور نبی اکرم ﷺ صبح تک گھر نہ پہنچے اور جب صحابہ کرام ﷺ نے صبح اس حال میں کی کہ ان کے پاس وضو کرنے کیلئے پانی نہیں تھا تو اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے آیتِ تیمّم نازل فرمائی ''پس تیمّم کرو پاکیزہ مٹی کے ساتھ۔'' [النساء، ۴: ۴۳] اور یہ سارا آپ کے سبب ہوا اور یہ جو رخصت اللہ تعالیٰ نے (تیمّم کی شکل میں) نازل فرمائی (یہ بھی آپ کی بدولت نصیب ہوئی) اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی براءت (یعنی بے گناہی) سات آسمانوں کے اوپر سے نازل فرمائی جسے حضرت جبریل امین علیہ السلام لے کر نازل ہوئے پس اب اللہ تعالیٰ کی مساجد میں سے کوئی مسجد ایسی نہیں ہے جس میں اللہ تعالیٰ کا نام لیا جاتا ہے جس میں اس (آیت براءت) کی رات دن تلاوت نہ ہوتی ہو۔ یہ سن کر انہوں نے فرمایا: اے ابن عباس! بس کرو میری اور تعریف نہ کرو۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! مجھے یہ پسند ہے کہ میں کوئی بھولی بسری چیز ہوتی (جسے کوئی نہ جانتا ہوتا)۔'' اس حدیث کو امام احمد، ابن حبان اور ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

٤٣٥/٣٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ وَاضِعًا يَدَيْهِ عَلَى مَعْرَفَةِ فَرَسٍ وَهُوَ يُكَلِّمُ رَجُلًا، قُلْتُ: رَأَيْتُكَ وَاضِعًا يَدَيْكَ عَلَى مَعْرَفَةِ فَرَسِ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ وَأَنْتَ تُكَلِّمُهُ، قَالَ: وَرَأَيْتِ؟

الحديث رقم ٣٦: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٧٤، الرقم: ٢٤٥٠٦، والحميدي في المسند، ١/١٣٣، الرقم: ٢٧٧، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٢/٤٦، وابن الجوزى في صفوة الصفوة، ٢/٢٠۔

Marfat.com

قَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ: ذَاكَ جِبْرِيْلُ عليه السلام وَهُوَ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ، قَالَتْ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، جَزَاهُ اللهُ خَيْرًا مِنْ صَاحِبٍ وَدَخِيْلٍ، فَنِعْمَ الصَّاحِبُ وَنِعْمَ الدَّخِيْلُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھوڑے کی گردن پر اپنا دست اقدس رکھا ہوا ہے اور ایک آدمی سے کلام فرما رہے ہیں، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے دحیہ کلبی کے گھوڑے کی گردن پر اپنا دست اقدس رکھا ہوا ہے اور ان سے کلام فرما رہے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا واقعی تم نے یہ منظر دیکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: ہاں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ جبریل علیہ السلام تھے اور وہ تجھے سلام پیش کرتے ہیں، انہوں نے عرض کیا: اور ان پر بھی سلامتی ہو اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور برکتیں ہوں، اور اللہ تعالیٰ دوست اور مہمان کو جزائے خیر عطا فرمائے، پس کتنا ہی اچھا دوست (حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس) اور کتنا ہی اچھا مہمان (حضرت جبریل علیہ السلام) ہیں۔'' اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

٣٧/٤٣٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّهَا قَالَتْ: لَمَّا رَأَيْتُ مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم طَيِّبَ نَفْسٍ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، ادْعُ اللهَ لِي، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، اغْفِرْ لِعَائِشَةَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهَا وَمَا تَأَخَّرَ مَا أَسَرَّتْ وَمَا أَعْلَنَتْ فَضَحِكَتْ عَائِشَةُ رضي الله عنها حَتّٰى سَقَطَ رَأْسُهَا فِي حِجْرِهَا مِنَ الضِّحْكِ، قَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: أَيَسُرُّكِ دُعَائِي، فَقَالَتْ: وَمَا لِي لَا يَسُرُّنِي دُعَاؤُكَ، فَقَالَ صلى الله عليه وآله وسلم: وَاللهِ، إِنَّهَا لَدُعَائِي لِأُمَّتِي فِي كُلِّ صَلَاةٍ. رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

الحديث رقم ٣٧: أخرجه ابن حبان في الصحيح، ٦/٤٨، الرقم: ٧١١١، والحاكم في المستدرك، ٤/١٣، الرقم: ٦٧٣٨، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٩٠، الرقم: ٣٢٢٨٥، والديلمي في مسند الفردوس، ١/٤٩٨، الرقم: ٢٠٣٢، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢/١٤٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٢٤٣۔

Marfat.com

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ جب میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو خوشگوار حالت میں دیکھا تو میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے میرے حق میں دعا فرمائیں، تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! عائشہ کے اگلے پچھلے، ظاہری و باطنی، تمام گناہ معاف فرما یہ سن کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اتنا ہنسیں کہ ان کا سر آپ ﷺ کی گود مبارک میں آ پڑا (یعنی ہنسی سے لوٹ پوٹ ہوگئیں) اس پر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا میری دعا تمہیں اچھی لگی ہے؟ انہوں نے عرض کیا: یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ آپ کی دعا مجھے اچھی نہ لگے، پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! بے شک ہر نماز میں میری یہ دعا میری امت کیلئے خاص ہے۔'' اس حدیث کو امام ابن حبان، حاکم اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٤٣٧ / ٣٨۔ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ: كَانَتْ عَائِشَةُ رضي الله عنها أَفْقَهَ النَّاسِ وَأَعْلَمَ النَّاسِ وَأَحْسَنَ النَّاسِ رَأْيًا فِي الْعَامَّةِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت عطا بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا تمام لوگوں سے بڑھ کر فقیہ اور تمام لوگوں سے بڑھ کر عالمہ اور تمام لوگوں سے بڑھ کر روزمرہ معاملات میں اچھی رائے رکھنے والی تھیں۔'' اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٤٣٨ / ٣٩۔ عَنْ عُرْوَةَ ﷺ قَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَعْلَمَ بِشِعْرٍ، وَلَا فَرِيْضَةٍ، وَلَا أَعْلَمَ بِفِقْهٍ مِنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عروہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے بڑھ کر، شعر، فرائض (میراث) اور فقہ کا عالم کسی کو نہیں دیکھا۔''

الحديث رقم ٣٨: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٤ / ١٥، الرقم: ٦٧٤٨، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢ / ١٨٥، والعسقلاني في تهذيب التهذيب، ١٢ / ٤٦٣، والمزي في تهذيب الكمال، ٣٥ / ٢٣٤، وابن عبد البر في الاستيعاب، ٤ / ١٨٨٣، والعسقلاني في الإصابة، ٨ / ١٨۔

الحديث رقم ٣٩: أخرجه ابن أبي شيبة فى المصنف، ٥ / ٢٧٦، الرقم: ٢٦٠٤٤، والعسقلاني فى تهذيب التهذيب، ١٢ / ٤٦٣، والمزي في تهذيب الكمال، ٣٥ / ٢٣٤، وابن عبد البر في الاستيعاب، ٤ / ١٨٨٣، والعسقلانى في الإصابة، ٨ / ١٨۔

Marfat.com

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٤٣٩ / ٤٠۔ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: لَوْ جُمِعَ عِلْمُ نِسَاءِ هَذِهِ الْأُمَّةِ فِيهِنَّ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ ﷺ كَانَ عِلْمُ عَائِشَةَ أَكْثَرُ مِنْ عِلْمِهِنَّ.
رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''امام زہری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر جملہ ازواجِ مطہرات سمیت اس امت کی تمام عورتوں کے علم کو جمع کر لیا جائے تو عائشہ کا علم ان سب کے علم سے زیادہ ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٤٤٠ / ٤١۔ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: قَالَ مُعَاوِيَةُ رضی اللہ عنہ: مَا رَأَيْتُ خَطِيبًا قَطُّ أَبْلَغَ وَلَا أَفْطَنَ مِنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''امام قاسم بن محمد بیان کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے کسی بھی خطیب کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بڑھ کر بلاغت و فطانت والا نہیں دیکھا۔''
اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٤٤١ / ٤٢۔ عَنْ عُرْوَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ أَعْلَمَ بِالْقُرْآنِ وَلَا بِفَرِيضَةٍ وَلَا بِحَلَالٍ وَلَا بِشِعْرٍ وَلَا بِحَدِيثِ الْعَرَبِ وَلَا بِنَسَبٍ مِنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها. رَوَاهُ أَبُونُعَيْمٍ.

الحديث رقم ٤٠: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٢٣ / ١٨٤، الرقم: ٢٩٩، والخلال في السنة، ٢ / ٤٧٦، والعسقلاني في تهذيب التهذيب، ١٢ / ٤٦٣، والمزي في تهذيب الكمال، ٣٥ / ٢٣٥، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ٢ / ٣٣، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢ / ١٨٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ٢٤٣، وقال: رجال هذا الحديث ثقات.

الحديث رقم ٤١: أخرجه الطبرانى في المعجم الكبير، ٢٣ / ١٨٣، الرقم: ٢٩٨، والشيباني في الآحاد والمثاني، ٥ / ٣٩٨، الرقم: ٣٠٢٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ٢٤٣۔

الحديث رقم ٤٢: أخرجه أبونعيم في حلية الأولياء، ٢ / ٤٩، ٥٠، وابن الجوزى في صفوة الصفوة، ٢ / ٣٢۔

Marfat.com

''حضرت عروہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے لوگوں میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے بڑھ کر کسی کو قرآن، فرائض، حلال وحرام، شعر، عربوں کی روایات، اور نسب کا عالم نہیں دیکھا۔'' اس حدیث کو امام ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

٤٤٢ / ٤٣۔ عَنْ أُمِّ ذَرَّةَ رضي الله عنها وَكَانَتْ تَغْشَى عَائِشَةَ رضي الله عنها، قَالَتْ: بَعَثَ ابْنُ الزُّبَيْرِ إِلَيْهَا بِمَالٍ فِي غَرَارَتَيْنِ ثَمَانِيْنَ أَوْ مِائَةَ أَلْفٍ فَدَعَتْ بِطَبَقٍ وَهِيَ يَوْمَئِذٍ صَائِمَةٌ فَجَلَسَتْ تَقْسِمُ بَيْنَ النَّاسِ فَأَمْسَتْ وَمَا عِنْدَهَا مِنْ ذَلِکَ دِرْهَمٌ فَلَمَّا أَمْسَتْ، قَالَتْ: يَا جَارِيَةُ، هَلُمِّي فِطْرِي فَجَاءَتْهَا بِخُبْزٍ وَزَيْتٍ، فَقَالَتْ لَهَا أُمُّ ذَرَّةَ: أَمَا اسْتَطَعْتِ مِمَّا قَسَمْتِ الْيَوْمَ أَنْ تَشْتَرِي لَنَا لَحْمًا بِدِرْهَمٍ نَفْطُرُ عَلَيْهِ، قَالَتْ: لاَ تُعَنِّفِيْنِي، لَوْ كُنْتِ ذَكَرْتِيْنِي لَفَعَلْتُ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَابْنُ سَعْدٍ.

''حضرت ام ذرہ، جو کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خادمہ تھیں، بیان کرتی ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے دو تھیلوں میں آپ کو اسی ہزار یا ایک لاکھ کی مالیت کا مال بھیجا، آپ نے (مال رکھنے کے لئے) ایک تھال منگوایا اور آپ اس دن روزے سے تھیں، آپ وہ مال لوگوں میں تقسیم کرنے کے لئے بیٹھ گئیں، پس شام تک اس مال میں سے آپ کے پاس ایک درہم بھی نہ بچا، جب شام ہوگئی تو آپ نے فرمایا: اے لڑکی! میرے افطار کے لئے کچھ لاؤ، وہ لڑکی ایک روٹی اور تھوڑا سا گھی لے کر حاضر ہوئی، پس ام ذرہ نے عرض کیا: کیا آپ نے جو مال آج تقسیم کیا ہے اس میں سے ہمارے لیے ایک درہم کا گوشت نہیں خرید سکتی تھیں جس سے آج ہم افطار کرتے! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اب مجھے اس لہجے میں شکایت نہ کرو اگر اس وقت (جب میں مال تقسیم کر رہی تھی) تم نے مجھے یاد کرایا ہوتا تو شاید میں (تمہارے لیے) ایسا کر لیتی۔'' اس حدیث کو امام ابونعیم اور ابن سعد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٣: أخرجه أبونعيم في حلية الأولياء، ٢ / ٤٧، وهناد في الزهد، ١ / ٣٣٧، ٣٣٨، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢ / ١٨٧، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٨ / ٦٧۔

Marfat.com

٤٤٣ / ٤٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ رضي الله عنهما قَالَ: مَا رَأَيْتُ امْرَأَتَيْنِ أَجْوَدَ مِنْ عَائِشَةَ وَأَسْمَاءَ رضي الله عنهما وَجُوْدُهُمَا مَخْتَلِفٌ: أَمَّا عَائِشَةُ رضي الله عنها فَكَانَتْ تَجْمَعُ الشَّيءَ إِلَى الشَّيءِ حَتَّى إِذَا كَانَ اجْتَمَعَ عِنْدَهَا قَسَمَتْ وَأَمَّا أَسْمَاءُ فَكَانَتْ لَا تُمْسِكُ شَيْئًا لِغَدٍ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ.

''حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ اور حضرت اسماء رضی اللہ عنہما سے بڑھ کر سخاوت کرنے والی کوئی عورت نہیں دیکھی اور دونوں کی سخاوت میں فرق ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تھوڑی تھوڑی اشیاء جمع فرماتی رہتی تھیں اور جب کافی ساری اشیاء آپ کے پاس جمع ہو جاتیں تو آپ انہیں (غرباء اور محتاجوں میں) تقسیم فرما دیتیں، جبکہ حضرت اسماء (بھی) اپنے پاس کل کے لئے کوئی چیز بچا کر نہیں رکھتی تھیں۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے الادب المفرد میں بیان کیا ہے۔

٤٤٤ / ٤٥۔ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ: بَعَثَ مُعَاوِيَةُ ﷺ إِلَى عَائِشَةَ رضي الله عنها بِطَوْقٍ مِنْ ذَهَبٍ فِيْهِ جَوْهَرٌ قُوِّمَ بِمِائَةِ أَلْفٍ، فَقَسَّمَتْهُ بَيْنَ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ ﷺ. رَوَاهُ هُنَادٌ.

''حضرت عطا سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو سونے کا ہار بھیجا جس میں ایک ایسا جوہر لگا ہوا تھا جس کی قیمت ایک لاکھ درہم تھی، پس آپ نے وہ قیمتی ہار تمام امہات المومنین میں تقسیم فرما دیا۔''

اس حدیث کو امام ہناد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٤: أخرجه البخاري في الأدب المفرد، ١/١٠٦، الرقم: ٢٨٦، وابن الجوزى في صفوة الصفوة، ٢/٥٨، ٥٩.

الحديث الرقم ٤٥: أخرجه هناد في الزهد، ١/٣٣٧، الرقم: ٦١٨، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ٢/٢٩.

Marfat.com

٤٤٥/٤٦۔ عَنْ عُرْوَةَ ﷺ أَنَّ عَائِشَةَ رضي الله عنها، كَانَتْ تَسْرَدُ الصَّوْمَ. وَعَنِ الْقَاسِمِ، أَنَّ عَائِشَةَ رضي الله عنها كَانَتْ تَصُوْمُ الدَّهْرَ وَلاَ تَفْطُرُ إِلَّا يَوْمَ أَضْحَى أَوْ يَوْمَ فِطْرٍ.

وفي رواية عنه: قَالَ: كُنْتُ إِذَا غَدَوْتُ أَبْدَأُ بِبَيْتِ عَائِشَةَ رضي الله عنها أُسَلِّمُ عَلَيْهَا، فَغَدَوْتُ يَوْمًا فَإِذَا هِيَ قَائِمَةٌ تَسَبِّحُ وَتَقْرَأُ: ﴿فَمَنَّ اللهُ عَلَيْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُوْمِ﴾[الطور، ٥٢:٢٧] وَتَدْعُوْ وَتَبْكِي وَتُرَدِّدُهَا فَقُمْتُ حَتَّى مَلَلْتُ الْقِيَامَ فَذَهَبْتُ إِلَى السُّوْقِ لِحَاجَتِي ثُمَّ رَجَعْتُ فَإِذَا هِيَ قَائِمَةٌ كَمَا هِيَ تُصَلِّي وَتَبْكِي.

رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَالْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ الْجَوزِيِّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت عروہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مسلسل روزہ سے ہوتی تھیں۔ اور امام قاسم روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مسلسل روزہ سے ہوتی تھیں اور صرف عید الاضحیٰ اور عید الفطر کو افطار فرماتی تھیں۔

اور ان ہی سے روایت ہے کہ میں صبح کو جب گھر سے روانہ ہوتا تو سب سے پہلے سلام کرنے کی غرض سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاتا، پس ایک صبح میں آپ کے گھر گیا تو آپ حالت قیام میں تسبیح فرما رہی تھیں اور یہ آیہ کریمہ پڑھ رہی تھیں: ''پس اللہ نے ہم پر احسان فرما دیا اور ہمیں نارِ جہنّم کے عذاب سے بچا لیا۔'' [الطور، ۵۲:۲۷] اور دعا کرتی اور روتی جا رہی تھیں اور اس آیت کو بار بار دہرا رہی تھیں، پس میں (ان کی نماز سے فراغت کے انتظار میں) کھڑا ہو گیا یہاں تک کہ میں کھڑا کھڑا تھک گیا اور اپنے کام کی غرض سے بازار چلا گیا، پھر میں واپس آیا تو میں نے دیکھا کہ آپ اسی حالت میں کھڑی نماز ادا کر رہیں ہیں اور مسلسل روئے جا رہی ہیں۔''

اس حدیث کو امام عبدالرزاق، بیہقی اور ابن جوزی نے روایت کیا ہے یہ الفاظ ابن جوزی کے ہیں۔

الحديث رقم ٤٦: أخرجه عبد الرزاق في المصنف، ٢/٤٥١، الرقم: ٤٠٤٨، والبيهقي في شعب الإيمان، ٢/٣٧٥، الرقم: ٢٠٩٢، وابن أبي عاصم في كتاب الزهد، ١/١٦٤، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ٢/٣١.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٤٤٦ / ٤٧۔ عَنْ قَيْسِ بْنِ زَيْدٍ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ طَلَّقَ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ رضي الله عنهما فَدَخَلَ عَلَيْهَا خَالَاهَا قُدَّامَةُ وَعُثْمَانُ ابْنُ مَظْعُوْنٍ فَبَكَتْ وَقَالَتْ: وَاللهِ، مَا طَلَّقَنِي عَنْ شِبَعٍ وَجَاءَ النَّبِيُّ ﷺ، فَقَالَ: قَالَ لِي جِبْرِيْلُ عليه السلام: رَاجِعْ حَفْصَةَ رضي الله عنها فَإِنَّهَا صَوَّامَةٌ قَوَّامَةٌ وَإِنَّهَا زَوْجَتُكَ فِي الْجَنَّةِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت قیس بن زید ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہما کو طلاق دی، تو ان کے ماموں قدامہ اور عثمان جو کہ مظعون کے بیٹے ہیں آپ کو ملنے آئے تو آپ رو پڑیں اور کہا: خدا کی قسم! حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے غصہ اور غضب کی وجہ سے طلاق نہیں دی، اسی دوران حضور نبی اکرم ﷺ ادھر تشریف لائے اور فرمایا: جبریل علیہ السلام نے مجھے کہا ہے: ''آپ حفصہ کی طرف رجوع کر لیں۔ بے شک وہ بہت زیادہ روزے رکھنے اور قیام کرنے والی ہیں اور بے شک وہ جنت میں بھی آپ کی اہلیہ ہیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٤٤٧ / ٤٨۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: يَا حَفْصَةُ، أَتَانِي جِبْرِيْلُ آنِفًا فَقَالَ: فَإِنَّهَا صَوَّامَةٌ قَوَّامَةٌ وَهِيَ زَوْجَتُكَ فِي الْجَنَّةِ.

الحديث رقم ٤٧: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٤ / ١٦، الرقم: ٦٧٥٣، والطبراني في المعجم الكبير، ١٨ / ٣٦٥، الرقم: ٩٣٤، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٢ / ٥٠، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٨ / ٨٤، والعسقلاني في الإصابة، ٥ / ٥٥٩، الرقم: ٧٣٥٦، والحارث في المسند (زوائد الهيثمي)، ٢ / ٩١٤، الرقم: ١٠٠٠.

الحديث رقم ٤٨: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ١ / ٥٥، الرقم: ١٥١، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٧ / ٩٤، الرقم: ٢٥٠٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ٢٤٤.

Marfat.com

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے حفصہ! ابھی ابھی جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے تھے اور مجھے کہا: بے شک وہ (حضرت حفصہ) بہت زیادہ روزے دار اور قیام کرنے والی ہیں اور وہ جنت میں بھی آپ کی اہلیہ ہیں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٤٤٨/٤٩۔ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ قَالَ: أُنْبِئْتُ أَنَّ جِبْرِيْلَ عليه السلام أَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم وَعِنْدَهُ أُمُّ سَلَمَةَ رضي الله عنها فَجَعَلَ يُحَدِّثُ ثُمَّ قَامَ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم لِأُمِّ سَلَمَةَ: مَنْ هَذَا؟ أَوْ كَمَا قَالَ. قَالَ: قَالَتْ: هَذَا دِحْيَةُ. قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: ايْمُ اللهِ! مَا حَسِبْتُهُ إِلَّا إِيَّاهُ، حَتَّى سَمِعْتُ خُطْبَةَ نَبِيِّ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يُخْبِرُ عَنْ جِبْرِيْلَ أَوْ كَمَا قَالَ فَقُلْتُ لِأَبِي عُثْمَانَ: مِمَّنْ سَمِعْتَ هَذَا؟ قَالَ: مِنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''ابوعثمان بیان کرتے ہیں کہ مجھے بتایا گیا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ایک دفعہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود تھیں، پس وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گفتگو کرتے رہے پھر چلے گئے، حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے دریافت فرمایا: یہ کون تھے؟ یا جو کچھ بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: انہوں نے جواب دیا کہ حضرت دحیہ تھے، حضرت ام سلمہ فرماتی ہیں کہ خدا کی قسم! میں نے انہیں دحیہ قلبی ہی سمجھا تھا، لیکن میں نے سنا کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوران خطبہ بتایا کہ وہ حضرت جبرائیل تھے، یا جو کچھ بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، معمر کے والد بیان کرتے ہیں کہ میں نے ابوعثمان سے دریافت کیا کہ آپ نے یہ کس سے سنا ہے تو انہوں نے بتایا ہاں، اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے سنا ہے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

الحديث رقم ٤٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: علامات النبوة في الإسلام، ٣/١٣٣٠، الرقم: ٣٤٣٥، وفي كتاب: فضائل القرآن، باب: كيف نزول الوحي، ٤/١٩٠٥، الرقم: ٤٦٩٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أم سلمة، ٤/١٩٠٦، الرقم: ٢٤٥١، والبزار في المسند، ٧/٥٥، الرقم: ٢٦٠٢.

Marfat.com

٤٤٩ / ٥٠۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ لَمَّا تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثاً وَقَالَ: إِنَّهُ لَيْسَ بِكِ عَلَى أَهْلِكِ هَوَانٌ، إِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ، وَإِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِي. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ ان سے نکاح کرنے کے بعد ان کے پاس تین دن رہے پھر فرمایا: تمہاری اہمیت اور چاہت اپنے شوہر کی نظروں میں ہرگز کم نہیں ہوئی، اگر تم چاہو تو میں تمہارے پاس ایک ہفتہ قیام کرلوں اور (لیکن) اگر میں تمہارے پاس ایک ہفتہ رہا تو میں اپنی تمام ازواج کے پاس ایک ایک ہفتہ رہوں گا۔''

اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

٤٥٠ / ٥١۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ كَانَ عِنْدَهَا فِي بَيْتِهَا ذَاتَ يَوْمٍ فَجَاءَتِ الْخَادِمُ، فَقَالَتْ: عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ بِالسُّدَّةِ، فَقَالَ: تَنَحِّي لِي عَنْ أَهْلِ بَيْتِي فَتَنَحَّتْ فِي نَاحِيَةِ الْبَيْتِ فَدَخَلَ عَلِيٌّ، وَفَاطِمَةُ، وَحَسَنٌ، وَحُسَيْنٌ فَوَضَعَهُمَا فِي حِجْرِهِ وَأَخَذَ عَلِيًّا بِإِحْدَى يَدَيْهِ فَضَمَّهُ إِلَيْهِ وَأَخَذَ فَاطِمَةَ بِالْيَدِ الْأُخْرَى فَضَمَّهَا إِلَيْهِ وَقَبَّلَهُمَا وَأَغْدَفَ عَلَيْهِمْ خَمِيْصَةً سَوْدَاءَ ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، إِلَيْکَ لَا إِلَى النَّارِ، أَنَا، وَأَهْلُ بَيْتِي، قَالَتْ: فَنَادَيْتُهُ، فَقُلْتُ: وَأَنَا، يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَالَ: وَأَنْتِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَحْمَدُ.

الحديث رقم ٥٠: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الرضاع، باب: قدر ما تستحقه البكر والثيب من إقامة الزوج عندها عقب الزفاف، ٢/١٠٨٣ الرقم: ١٤٦٠، وأبوداود في السنن، كتاب: النكاح، باب: في المقام عند البكر، ٢/٢٤٠، الرقم: ٢١٢٢، وابن حبان في الصحيح، ١٠/١٠، الرقم: ٤٢١٠، والدارمي في السنن، ٢/١٩٤، الرقم: ٢٢١٠۔

الحديث رقم ٥١: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٧٠، الرقم: ٣٢١٠٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٢٩٦، الرقم: ٢٦٥٨٢، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٣/٣٩٣، الرقم: ٩٣٩، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٦٦۔

Marfat.com

''حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ ایک دن ان کے پاس ان کے گھر تشریف فرما تھے پس خادم آیا اور عرض کیا: حضرت علی اور فاطمہ رضی اللہ عنہما (گھر کی) دہلیز پر کھڑے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: میرے لئے میرے اہلِ بیت کے راستے سے ہٹ جایا کرو (یعنی انہیں بلا اجازت گھر میں آنے دیا کرو) پس وہ خادم گھر کے ایک کونے میں چلا گیا، پس حضرت علی اور حضرت فاطمہ اور حسنین کریمین ﷺ اندر تشریف لائے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے نواسوں کو اپنی گود میں بٹھایا اور اپنا ایک دستِ مبارک حضرت علی ﷺ پر رکھا اور انہیں اپنے ساتھ ملایا اور اپنا دوسرا دستِ اقدس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا پر رکھا اور انہیں بھی اپنے ساتھ ملایا اور ان دونوں کو چوما اور پھر ان سب پر اپنی کالی کملی بچھا دی پھر فرمایا: اے اللہ! تیری طرف نہ کہ آگ کی طرف، میں اور میرے اہلِ بیت، حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے آپ ﷺ کو پکار کر عرض کیا: اور میں بھی یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں تم بھی۔'' اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ أُمِّ حَبِيْبَةَ بِنْتِ أَبِي سُفْيَانَ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٤٥١ / ٥٢۔ عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ رضي الله عنها تَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَنْ صَلَّى اثْنَتَي عَشْرَةَ رَكْعَةً فِي يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ بُنِيَ لَهُ بِهِنَّ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ، قَالَتْ أُمُّ حَبِيْبَةَ فَمَا تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ خُزَيْمَةَ.

''ام المومنین حضرت امّ حبیبہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا جو مسلمان بندہ ہر روز اللہ تعالیٰ کے لئے بارہ رکعات نفل پڑھے گا اس کے لئے ان کے بدلہ میں جنت میں گھر بنایا جائے گا۔ حضرت امّ حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے اس دن کے بعد کبھی بھی یہ بارہ رکعات ترک نہیں کیں۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے۔

٤٥٢ / ٥٣۔ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ النَّجَاشِيَّ ﷺ زَوَّجَ أُمَّ حَبِيْبَةَ بِنْتَ أَبِي سُفْيَانَ رضي الله عنهما مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ عَلَى صَدَاقِ أَرْبَعِ آلَافِ دِرْهَمٍ، وَكَتَبَ بِذَلِكَ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَبِلَ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ.

''امام زہری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ شاہِ نجاشی ﷺ نے حضرت امّ حبیبہ بنت ابی

الحديث رقم ٥٢: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: صلاة المسافرين وقصرها، باب: فضل السنن الراتبة قبل الفرائض وبعدهن وبيان عددهن، ١/ ٥٠٢، الرقم: ٧٢٨، وابن خزيمة في الصحيح، ٢/ ٢٠٣، الرقم: ١١٨٧، وابن راهويه في المسند، ١/ ٢٣٣، وأبو يعلى في المسند، ١٣/ ٤٤، الرقم: ٧١٢٤.

الحديث رقم ٥٣: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: النكاح، باب: الصداق، ٢/ ٢٣٥، الرقم: ٢١٠٨، والشوكاني في نيل الأوطار، ٦/ ٣١٣.

Marfat.com

سفیان رضی اللہ عنہما کی شادی حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ چار ہزار درہم حق مہر پر کی اور اس کی خبر بذریعہ خط حضور نبی اکرم ﷺ کو دی تو آپ ﷺ نے اسے قبول فرما لیا۔''

اس حدیث کو امام ابوداود نے روایت کیا ہے۔

٤٥٣ / ٥٤۔ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ أَبُوْسُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ الْمَدِيْنَةَ جَاءَ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَهُوَ يُرِيْدُ غَزْوَ مَكَّةَ فَكَلَّمَهُ أَنْ يَزِيْدَ فِي هُدْنَةِ الْحُدَيْبِيَّةِ فَلَمْ يَقْبَلْ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، فَقَامَ، فَدَخَلَ عَلَى ابْنَتِهِ أُمِّ حَبِيْبَةَ رضي الله عنها، فَلَمَّا ذَهَبَ لِيَجْلِسَ عَلَى فِرَاشِ النَّبِيِّ ﷺ طَوَتْهُ دُوْنَهُ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ، أَرَغِبْتِ بِهَذَا الْفِرَاشِ عَنِّي أَوْ بِي عَنْهُ، فَقَالَتْ: بَلْ هُوَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، وَأَنْتَ امْرَؤٌ نَجِسٌ مُشْرِكٌ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ، لَقَدْ أَصَابَكِ بَعْدِي شَرٌّ. رَوَاهُ ابْنُ سَعْدٍ.

''امام زہری رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں کہ جب ابوسفیان بن حرب (قبولِ اسلام سے قبل) مدینہ منورہ آئے تو وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں بھی حاضر ہوئے جبکہ آپ ﷺ (مشرکین مکہ کی طرف سے معائدہ کی خلاف ورزی کرنے پر) مکہ پر حملہ کرنا چاہتے تھے۔ ابوسفیان نے حضور نبی اکرم ﷺ سے صلح حدیبیہ کے معاہدہ میں توسیع کے لئے گزارش کی لیکن حضور نبی اکرم ﷺ نے انکار فرما دیا، پس وہ کھڑے ہوئے اور اپنی بیٹی حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس چلے گئے لیکن جب وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے بستر پر بیٹھنے کے لئے بڑھے تو ام المومنین حضرت امّ حبیبہ رضی اللہ عنہا نے ان کے بیٹھنے سے پہلے ہی وہ بستر لپیٹ دیا۔ انہوں نے کہا: اے میری بیٹی! کیا تو اس بستر کی وجہ سے مجھ سے نفرت کرتی ہے یا میری وجہ سے اس بستر سے؟ انہوں نے فرمایا: یہ حضور نبی اکرم ﷺ کا (پاکیزہ نورانی) بستر ہے اور تم ایک نجس اور مشرک انسان ہو۔ (یہ سن کر) انہوں نے کہا: اے میری بیٹی! البتہ میرے بعد تم شر میں مبتلا ہوگئی ہو۔'' اس حدیث کو امام ابن سعد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٤: أخرجه ابن سعد في الطبقات الكبرى، ٨ / ١٠٠، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢ / ٢٢٣، وابن الجوزي في صفوة الصوة، ٢ / ٤٦، والعسقلاني في الإصابة، ٧ / ٦٥٣.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مُنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ سَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٤٥٤ / ٥٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ، فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا مَعَهُ وَكَانَ يَقْسِمُ لِكُلِّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ يَوْمَهَا وَلَيْلَتَهَا، غَيْرَ أَنَّ سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ رضي الله عنها وَهَبَتْ يَوْمَهَا وَلَيْلَتَهَا لِعَائِشَةَ رضي الله عنها زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ تَبْتَغِي بِذَالِكَ رِضَا رَسُوْلِ اللهِ ﷺ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنی ازواجِ مطہرات کے درمیان قرعہ ڈالتے کہ آپ ﷺ کے ساتھ جانے کیلئے کس کے نام قرعہ نکلتا ہے اور آپ ﷺ نے ان کے درمیان ایک رات دن کی باری مقرر فرمائی ہوئی تھی، ماسوائے حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا کے کہ انہوں نے اپنی باری ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دی ہوئی تھی اور اس سے ان کا مقصود حضور نبی اکرم ﷺ کی رضامندی تھی۔'' اس حدیث کو امام بخاری اور ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔

٤٥٥ / ٥٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ امْرَأَةً أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ

الحديث رقم ٥٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الهبة وفضلها، باب: هبة المرأة لغيو زوجها وعتقها، ١/١٨١، الرقم: ٢٤٥٣، وفي كتاب: الشهادات، باب: في المشكلات، ٢/٩٥٥، الرقم: ٢٥٤٢، وأبو داود في السنن، كتاب: النكاح، باب: في القسم بين النساء ٢/٢٤٣، الرقم: ٢١٣٨، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٢٩٢، الرقم: ٨٩٢٣۔

الحديث رقم ٥٦: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الرضاع، باب: جواز هبتها نوبتها لضربتها، ٢/١٠٨٥، الرقم:١٤٦٣، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٣٠١، الرقم: ٨٩٣٤، وابن حبان في الصحيح، ١٠/١٢، الرقم: ٤٢١١، والبيهقي في السنن الكبرى، ٧/٧٤، الرقم: ١٣٢١١۔

Marfat.com

أَكُوْنَ فِي مِسْلَاخِهَا مِنْ سَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ رضي الله عنها مِنِ امْرَأَةٍ فِيْهَا حِدَّةٌ قَالَتْ: فَلَمَّا كَبِرَتْ جَعَلَتْ يَوْمَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ لِعَائِشَةَ قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَدْ جَعَلْتُ يَوْمِي مِنْكَ لِعَائِشَةَ، فَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَقْسِمُ لِعَائِشَةَ يَوْمَيْنِ يَوْمَهَا وَيَوْمَ سَوْدَةَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ مجھے ازواجِ مطہرات میں سب سے زیادہ حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا عزیز تھیں، میری تمنا تھی کہ کاش میں ان کے جسم میں ہوتی، حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا کے مزاج میں تیزی تھی، جب وہ بوڑھی ہو گئیں تو انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی اپنے ساتھ کی باری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دے دی اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے اپنی باری عائشہ کو دے دی ہے، پھر حضور نبی اکرم ﷺ حضرت عائشہ کے ہاں دو دن رہتے تھے، ایک دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کا اور ایک دن حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کی باری کا۔'' اس حدیث کو امام مسلم اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٤٥٦ / ٥٧۔ عَنْ ثَابِتٍ ﷺ قَالَ: ذُكِرَ تَزْوِيْجُ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ رضي الله عنها عِنْدَ أَنَسٍ ﷺ فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ أَوْلَمَ عَلَى أَحَدٍ مِنْ نِسَائِهِ مَا أَوْلَمَ عَلَيْهَا، أَوْلَمَ بِشَاةٍ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ثابت ﷺ کا بیان ہے کہ حضرت انس ﷺ کے پاس حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے نکاح کا ذکر ہوا تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو کسی زوجہ مطہرہ کا ولیمہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ولیمہ جیسا کرتے ہوئے نہیں دیکھا، آپ ﷺ نے ان کا ولیمہ ایک بکری کے ساتھ کیا تھا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤٥٧ / ٥٨۔ عِنْ عِيْسَى بْنِ طَهْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ ﷺ يَقُوْلُ: نَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ فِي زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ رضي الله عنها، وَأَطْعَمَ عَلَيْهَا يَوْمَئِذٍ خُبْزًا وَلَحْمًا، وَكَانَتْ تَفْخَرُ عَلَى نِسَاءِ النَّبِيِّ ﷺ وَكَانَتْ تَقُوْلُ: إِنَّ اللهَ أَنْكَحَنِي فِي السَّمَاءِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''امام عیسیٰ بن طہمان کا بیان ہے کہ میں نے حضرت انس بن مالک ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ پردے کی آیت حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے حق میں نازل ہوئی اور ان

الحديث رقم ٥٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: النكاح، باب: الوليمة ولو بشاة، ٥/١٩٨٣، الرقم: ٤٨٧٦، ومسلم في الصحيح، كتاب: النكاح، باب: زواج زينب بنت جحش، ٢/١٠٤٩، الرقم: ١٤٢٨، وأبوداود في السنن، كتاب: الأطعمة، باب: في استحباب الوليمة عند النكاح، ٣/٣٤١، الرقم: ٣٧٤٣، والبيهقي في السنن الكبرى، ٧/٢٥٨، الرقم: ١٤٢٧٧۔

الحديث رقم ٥٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: وكان عرشه على الماء، ٦/٢٧٠٠، الرقم: ٦٩٨٥۔

Marfat.com

کے ولیمہ میں آپ ﷺ نے روٹی اور گوشت کھلایا اور یہ (حضرت زینب رضی اللہ عنہا) حضور نبی اکرم ﷺ کی باقی ازواج مطہرات پر اظہارِ تفاخر کیا کرتی تھیں اور فرمایا کرتی تھیں کہ اللہ تعالیٰ نے میرا نکاح آسمان پر کیا ہے۔'' اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٤٥٨ / ٥٩۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: كَانَتْ زَيْنَبُ رضي الله عنها تَفْخَرُ عَلَى أَزْوَاجِ النَّبِيِّ ﷺ تَقُولُ: زَوَّجَكُنَّ أَهَالِيكُنَّ وَزَوَّجَنِيَ اللهُ تَعَالَى مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمَوَاتٍ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت انس ﷺ سے مروی ہے کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا، حضور نبی اکرم ﷺ کی تمام ازواجِ مطہرات سے فخریہ فرمایا کرتی تھیں کہ تمہارا نکاح تمہارے گھر والوں نے کیا اور میرا نکاح اللہ تعالیٰ نے سات آسمانوں کے اوپر کیا۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

٤٥٩ / ٦٠۔ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَسْرَعُكُنَّ لَحَاقًا بِي أَطْوَلُكُنَّ يَدًا، قَالَتْ: فَكُنَّ يَتَطَاوَلْنَ أَيَّتُهُنَّ أَطْوَلُ يَدًا قَالَتْ: فَكَانَتْ أَطْوَلَنَا يَدًا زَيْنَبُ لِأَنَّهَا كَانَتْ تَعْمَلُ بِيَدِهَا وَتَصَدَّقُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ حِبَّانَ.

''ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (میری وفات کے بعد) مجھے تم سب میں سے زیادہ جلد وہ بیوی ملے گی، جس کے ہاتھ تم سب سے زیادہ لمبے ہوں گے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں پھر ہم سب اپنے اپنے ہاتھ ناپنے لگیں کہ کس کے ہاتھ سب سے زیادہ لمبے ہیں، لیکن سب سے زیادہ لمبے ہاتھ حضرت زینب

الحديث رقم ٥٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: وكان عرشه على الماء، ٦/ ٢٦٩٩، الرقم: ٦٩٨٤، والنسائي في السنن الكبرى مختصرًا، ٥/ ٢٩١، الرقم: ٨٩١٨.

الحديث رقم ٦٠: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل زينب أم المؤمنين، ٤ / ١٩٠٧ الرقم: ٢٤٥٢، وابن حبان في الصحيح، ١٥/ ٥٠، الرقم: ٦٦٦٥.

Marfat.com

رضی اللہ عنہا کے تھے، کیونکہ وہ اپنے ہاتھوں سے کام کیا کرتی تھیں اورزیادہ صدقہ و خیرات کیا کرتی تھیں۔'' اس حدیث کوامام مسلم نے روایت کیا ہے۔

٤٦٠ / ٦١۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها في رواية طويلة: فَأَرْسَلَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ ﷺ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ رضي الله عنها زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِينِي مِنْهُنَّ فِي الْمَنْزِلَةِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَلَمْ أَرَ امْرَأَةً قَطُّ خَيْرًا فِي الدِّيْنِ مِنْ زَيْنَبَ، وَأَتْقَى لِلهِ، وَأَصْدَقَ حَدِيْثًا، وَأَوْصَلَ لِلرَّحِمِ، وَأَعْظَمَ صَدَقَةً، وَأَشَدَّ ابْتِذَالاً لِنَفْسِهَا فِي الْعَمَلِ الَّذِي تَصَدَّقُ بِهِ، وَتَقَرَّبُ بِهِ إِلَى اللهِ تَعَالَى، مَا عَدَا سَوْرَةً مِنْ حِدَّةٍ كَانَتْ فِيْهَا، تُسْرِعُ مِنْهَا الْفَيْئَةَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہاایک طویل حدیث میں بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی ازواجِ مطہرات نے آپ ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کو آپ کے پاس بھیجا اور وہی حضور نبی اکرم ﷺ کے نزدیک مرتبہ میں میرے برابر تھیں اور میں نے حضرت زینب سے زیادہ دیندار، اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والی، سچ بات کہنے والی، صلہ رحمی کرنے والی اور صدقہ و خیرات کرنے والی کوئی عورت نہیں دیکھی، اور نہ ان سے زیادہ تواضع کرنے والی کوئی عورت دیکھی ہے، اس عمل میں جس کے ذریعے وہ صدقہ کرتیں اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرتیں تھیں، البتہ وہ زبان کی تیز تھیں لیکن اس سے بھی وہ بہت جلد رجوع کر لیتی تھیں۔'' اس حدیث کوامام مسلم نے روایت کیا ہے۔

٤٦١ / ٦٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَدَّادٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ

الحديث رقم ٦١: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: في فضل عائشة، ٤ / ١٨٩١ الرقم:٢٤٤٢، والبيهقي في السنن الكبرى، ٧ / ٢٩٩، الرقم: ١٤٥٢٦۔

الحديث رقم ٦٢: أخرجه أبونعيم في حلية الأولياء، ٢ / ٥٤، وابن عبد البر في الاستيعاب، ٤ / ١٨٥٢، الرقم: ٣٣٥٥، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢ / ٢١٧۔

Marfat.com

لِعُمَرَ: إِنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ أَوَّاهَةٌ، قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَا الْأَوَّاهَةُ؟ قَالَ: الْخَاشِعَةُ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَابْنُ عَبْدُ الْبَرِّ وَالذَّهَبِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت عبداللہ بن شداد ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمر ﷺ سے فرمایا: بے شک زینب بنت جحش ''اوّاہہ'' ہے عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! اوّاہہ کا کیا مطلب ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: خاشعہ (بہت زیادہ خشوع وخضوع کرنے والی)۔''

اس حدیث کو امام ابونعیم، ابن عبدالبر اور ذہبی نے روایت کیا ہے اور یہ الفاظ ذہبی کے ہیں۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٤٦٢ / ٦٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْأَخَوَاتُ مُؤْمِنَاتٌ: مَيْمُوْنَةُ رضي الله عنها زَوْجُ النَّبِيِّ ﷺ، وَأُخْتُهَا أُمُّ الْفَضْلِ بِنْتُ الْحَارِثِ، وَأُخْتُهَا سَلْمَى بِنْتُ الْحَارِثِ امْرَأَةُ حَمْزَةَ، وَأَسْمَاءُ بِنْتُ عَمِيْسٍ رضي الله عنهن أُخْتُهُنَّ لِأُمِّهِنَّ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ وَاللَّفْظُ لَهُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمام مومن عورتیں آپس میں بہنیں ہیں (پھر فرمایا:) ام المؤمنین حضرت میمونہ، اس کی بہن ام فضل بنت حارث، اور اس کی بہن سلمی بنت حارث جو حمزہ کی بیوی ہے اور اسماء بنت عمیس (رضی اللہ عنہن) ان کی اخیافی بہنیں ہیں۔''

اس حدیث کو امام نسائی، حاکم، اور طبرانی نے روایت کیا ہے نیز الفاظ امام حاکم کے ہیں۔

الحديث رقم ٦٣: أخرجه النسائي في السنن الكبرى، ٥/١٠٣، والحاكم في المستدرك، ٤/٣٥، الرقم: ٦٨٠١، الرقم: ٨٣٨٧، والطبراني في المعجم الكبير، ١١/٤١٥، الرقم: ١٢١٧٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٢٤٩۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٤٦٣ / ٦٤۔ عَنْ جُوَيْرِيَةَ رضي الله عنها أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا بُكْرَةً حِيْنَ صَلَّى الصُّبْحَ وَهِيَ فِي مَسْجِدِهَا، ثُمَّ رَجَعَ بَعْدَ أَنْ أَضْحَى وَهِيَ جَالِسَةٌ. فَقَالَ: مَا زِلْتِ عَلَى الْحَالِ الَّتِي فَارَقْتُكِ عَلَيْهَا؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَقَدْ قُلْتُ بَعْدَكِ أَرْبَعَ كَلِمَاتٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، لَوْ وُزِنَتْ بِمَا قُلْتِ مُنْذُ الْيَوْمِ لَوَزَنَتْهُنَّ: سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ، عَدَدَ خَلْقِهِ، وَرِضَا نَفْسِهِ، وَزِنَةَ عَرْشِهِ، وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ مَاجَه وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نمازِ فجر پڑھنے کے بعد علی الصبح ہی ان کے پاس سے چلے گئے اور وہ اس وقت اپنی نماز کی جگہ میں بیٹھی تھیں، پھر آپ ﷺ دن چڑھے تشریف لائے اور وہ وہیں بیٹھی تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جس وقت سے میں تمہیں چھوڑ کر گیا ہوں تم اسی طرح بیٹھی ہو، حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: جی ہاں! حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے تمہارے بعد چار ایسے کلمات تین بار کہے ہیں کہ جو کچھ تم نے صبح سے اب تک پڑھا ہے اگر اس کا ان کلمات کے ساتھ وزن کرو تو ان کلمات کا وزن زیادہ ہو گا: وہ کلمات یہ ہیں: ﴿سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ، عَدَدَ خَلْقِهِ، وَرِضَا نَفْسِهِ، وَزِنَةَ عَرْشِهِ، وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ﴾ ''اللہ کی حمد اور تسبیح ہے، اس کی مخلوق کے عدد اور اس کی رضا اور اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی روشنائی کے برابر۔''

الحديث رقم ٦٤: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب: التسبيح أول النهار وعند النوم، ٤ / ٢٠٩٠، الرقم: ٢٧٢٦، وابن ماجه في السنن، كتاب: الأدب، باب: فضل التسبيح، ٢ / ١٢٥١، الرقم: ٣٨٠٨، والنسائي في السنن الكبرى، ٦ / ٤٨، الرقم: ٩٩٨٩، وابن حبان في الصحيح، ٣ / ١١٠، الرقم: ٨٢٨.

Marfat.com

اس حدیث کو امام مسلم، ابن ماجہ اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

٤٦٦٤ / ٦٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: كَانَتْ جُوَيْرِيَةُ رضي الله عنها اسْمُهَا بَرَّةُ، فَحَوَّلَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ اسْمَهَا جُوَيْرِيَةَ، وَكَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُقَالَ: خَرَجَ مِنْ عِنْدِ بَرَّةَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کا نام پہلے برّہ تھا، آپ ﷺ نے ان کا نام تبدیل کر کے جویریہ رکھ دیا، آپ ﷺ اسے ناپسند فرماتے تھے کہ یہ کہا جائے کہ فلاں شخص برّہ (نیکی) کے پاس سے نکل گیا۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦٥: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الآداب، باب: استحباب تغيير الاسم القبيح إلى حسن، ٣/١٦٨٧، الرقم: ٢١٤٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٣١٦، الرقم: ٢٩٠٢، والبيهقي في شعب الإيمان، ١/٤٢٤، الرقم: ٦٠٤۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيِّ بْنِ أَخْطَبَ رضي الله عنها

﴿اُمّ المؤمنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کا بیان﴾

٤٦٥ / ٦٦۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ رضي الله عنها وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد فرمایا اور ان کی رہائی کو ان کا حق مہر بنایا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤٦٦ / ٦٧۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: بَلَغَ صَفِيَّةَ رضي الله عنها أَنَّ حَفْصَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: بِنْتُ يَهُوْدِيٍّ، فَبَكَتْ فَدَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ ﷺ وَهِيَ تَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيْكِ؟ فَقَالَتْ: قَالَتْ لِي حَفْصَةُ: إِنِّي بِنْتُ يَهُوْدِيٍّ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّكِ لَابْنَةُ نَبِيٍّ وَإِنَّ عَمَّكِ لَنَبِيٌّ وَإِنَّكِ لَتَحْتَ نَبِيٍّ، فَفِيْمَ تَفْخَرُ عَلَيْكِ، ثُمَّ قَالَ: اتَّقِي اللهَ يَا حَفْصَةُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

الحديث رقم ٦٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: النكاح، باب: من جعل عتق الأمة صداقها، ٥/١٩٥٦، الرقم: ٤٧٩٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: النكاح، باب: فضيلة إعتاقه أمة ثم يتزوجها، ٢/١٠٤٥، الرقم: ١٣٦٥، وعبد الرزاق في المصنف، ٧/٢٦٩، الرقم: ١٣١٠٧.

الحديث رقم ٦٧: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل أزواج النبي ﷺ، ٥/٧٠٩، الرقم: ٣٨٩٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٣٥، الرقم: ١٢٤١٥، والمباركفوري في تحفة الأحوذي، ١٠/٢٦٨.

Marfat.com

''حضرت انس ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو پتہ چلا کہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے انہیں یہودی کی بیٹی کہا ہے۔ وہ رو پڑیں اتنے میں ان کے پاس حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لائے۔ وہ رو رہی تھیں، آپ ﷺ نے پوچھا کیوں رو رہی ہو؟ عرض کیا: حفصہ نے مجھے یہودی کی بیٹی کہا ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نبی (یعنی حضرت ہارون علیہ السلام) کی بیٹی ہو، تمہارے چچا (یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی) نبی ہیں اور نبی (محمد مصطفیٰ ﷺ) کی بیوی ہو۔ پس وہ کس بات میں تم پر فخر کرتی ہیں۔ پھر فرمایا: اے حفصہ! اللہ تعالیٰ سے ڈرو (اور اس طرح کی باتیں نہ کیا کرو)۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٤٦٧ / ٦٨۔ عَنْ صَفِيَّةَ رضي الله عنها **بِنْتِ حُيَيٍّ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللهِ** ﷺ **وَقَدْ بَلَغَنِي عَنْ حَفْصَةَ وَعَائِشَةَ كَلَامٌ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: أَلَا قُلْتِ: فَكَيْفَ تَكُوْنَانِ خَيْرًا مِنِّي وَزَوْجِي مُحَمَّدٌ وَأَبِي هَارُوْنُ وَعَمِّي مُوسَى** عليهم السلام..... **الحديث. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.**

''حضرت صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے۔ مجھے حضرت حفصہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما کی طرف سے ایک بات پہنچی تھی۔ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے یہ کیوں نہیں کہا کہ تم دونوں مجھ سے کیسے بہتر ہو سکتی ہو جبکہ میرے شوہر حضرت محمد ﷺ، میرے باپ حضرت ہارون علیہ السلام، اور میرے چچا حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں۔''

اسے امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦٨: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل أزواج النبي ﷺ، ٥ / ٧٠٨، الرقم: ٣٨٩٢، والحاكم في المستدرك، ٤ / ٣١، الرقم: ٦٧٩٠، والطبراني في المعجم الأوسط، ٨ / ٢٣٦، الرقم: ٨٥٠٣، وفي المعجم الكبير، ٢٤ / ٧٥، الرقم: ١٩٦.

Marfat.com

٤٦٨ / ٦٩۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَتْ صَفِيَّةُ رضي الله عنها مِنَ الصَّفِيِّ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُد وابْنُ حِبَّانُ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا مالِ غنیمت کا وہ حصہ ہیں جنہیں آقا ﷺ نے اپنے لئے منتخب فرمایا۔''

اسے امام ابو داود، ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦٩: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الخراج والأمارة والفيء، باب ما جاء في سهم الصفي، ٣/ ١٥٢، الرقم: ٢٩٩١، وابن حبان في الصحيح، ١١/ ١٥١، الرقم ٤٨٢٢، والحاكم في المستدرك، ٣/ ١٢، الرقم ١٣١٥، والبيهقي في السنن الكبرى، ٦/ ٣٠١، الرقم: ١٢٥٣١.

Marfat.com

اَلْبَابُ السَّابِعُ:

مَنَاقِبُ الإِمَامِ مُحَمَّدٍ الْمَهْدِيِّ عليه السلام

﴿ سیّدنا اِمام محمد المہدی عليه السلام کے مناقب ﴾

Marfat.com

١ فَصْلٌ فِي كَوْنِهِ عليه السلام مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ
﴿سیّدنا امام مہدی علیہ السلام کا اہلِ بیتِ اَطہار میں سے ہونے کا بیان﴾

٢ فَصْلٌ فِي عَلَامَاتِ ظُهُوْرِ الْمَهْدِيِّ عليه السلام
﴿سیّدنا امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کی علامات کا بیان﴾

٣ فَصْلٌ فِي أَدَاءِ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ عليهما السلام صَلَاتَهُ وَرَاءَهُ عليه السلام
﴿حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امام مہدی علیہ السلام کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کا بیان﴾

٤ فَصْلٌ فِي أَنَّ الْإِمَامَ الْمَهْدِيَّ يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا
﴿سیّدنا امام مہدی علیہ السلام کا زمین کو عدل و انصاف سے بھر دینے کا بیان﴾

٥ فَصْلٌ فِي أَنَّ الْإِمَامَ الْمَهْدِيَّ يَكُوْنُ خَلِيْفَةَ اللهِ عَلَى الْإِطْلَاقِ
﴿سیدنا امام مہدی علیہ السلام کے علی الاطلاق خلیفۃ اللہ ہونے کا بیان﴾

٦ فَصْلٌ فِي أَنَّ الْأُمَّةَ الْمُحَمَّدِيَةَ تُنْعَمُ فِي وِلَايَتِهِ نِعْمَةً لَمْ تُنْعَمْهَا قَطُّ
﴿سیّدنا امام مہدی علیہ السلام کی خلافت میں اُمّتِ محمدیہ کو وہ نعمتیں حاصل ہوں گی جو اسے کبھی حاصل نہ ہوئی ہوں گی﴾

٧ فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِ وَمَنَاقِبِهِ عليه السلام
﴿سیّدنا امام مہدی علیہ السلام کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي كَوْنِهِ عليه السلام مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ

﴿سیّدنا امام مہدی عليه السلام کا اہلِ بیتِ اَطہار میں سے ہونے کا بیان﴾

٤٦٩ / ١۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَمْلِکَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِي.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسٰى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دنیا اس وقت تک ختم نہ ہو گی جب تک کہ میرے اہلِ بیت میں سے ایک شخص عرب کا بادشاہ نہ بن جائے جس کا نام میرے نام کے مطابق (یعنی محمد ہو گا)۔''

اسے امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے، اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٤٧٠ / ٢۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: اَلْمَهْدِيُّ مِنْ عِتْرَتِي مِنْ وَلَدِ فَاطِمَةَ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَه.

''اُم المؤمنین حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: مہدی میری آل اور فاطمہ سلام اللہ علیہا کی اولاد سے ہو گا۔''

الحديث رقم ١: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء في المهدي عليه السلام، ٤ / ٥٠٥، الرقم: ٢٢٣٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١ / ٣٧٦، الرقم: ٣٥٧١، والبزار فی المسند، ٥ / ٢٠٤، الرقم: ١٨٠٣، و الحاكم فی المستدرك، ٤ / ٤٨٨، الرقم: ٨٣٦٤۔

الحديث رقم ٢ : أخرجه أبوداود فی السنن، كتاب: المهدي، ٤ / ١٠٧، الرقم: ٤٢٨٤، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الفتن، باب: خروج المهدی، ٢ / ١٣٦٨، الرقم: ٤٠٨٦، والديلمي فی مسند الفردوس، ٤ / ٢٢٣، الرقم: ٦٦٧٠۔

Marfat.com

اس حدیث کو امام ابوداود اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٤٧١ / ٣۔ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ ﷺ: وَنَظَرَ إِلَى ابْنِهِ الْحَسَنِ فَقَالَ: إِنَّ ابْنِي هَذَا سَيِّدٌ كَمَا سَمَّاهُ النَّبِيُّ ﷺ كَمَا سَيَخْرُجُ مِنْ صُلْبِهِ رَجُلٌ يُسَمَّى بِاسْمِ نَبِيِّكُمْ ﷺ يُشْبِهُهُ فِي الْخُلُقِ وَلَا يُشْبِهُهُ فِي الْخَلْقِ ثُمَّ ذَكَرَ قِصَّةَ يَمْلَأُ الْأَرْضَ عَدْلًا. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت علی ﷺ نے اپنے بیٹے امام حسن علیہ السلام کو دیکھا اور فرمایا: میرا یہ بیٹا سردار ہو گا جیسا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اس کا نام رکھا ہے اور عنقریب اس کی نسل سے ایک ایسا شخص پیدا ہو گا جس کا نام حضور نبی اکرم ﷺ کے نام کے موافق رکھا جائے گا وہ اخلاق و کردار میں بھی آپ ﷺ سے مشابہ ہو گا مگر صورت میں مشابہ نہ ہو گا۔ پھر حضرت علی ﷺ نے واقعہ بیان فرمایا کہ وہ (امام مہدی علیہ السلام) زمین پر (ہر طرف) عدل و انصاف قائم فرما دیں گے۔'' اس حدیث کو امام ابوداود نے روایت کیا ہے۔

٤٧٢ / ٤۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْمَهْدِيُّ مِنَّا أَهْلَ الْبَيْتِ يُصْلِحُهُ اللهُ فِي لَيْلَةٍ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

''حضرت علی ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مہدی ہم میں سے یعنی اہلِ بیت میں سے ہو گا۔ اللہ تعالیٰ اسے ایک رات میں (خلافت و مہدیت کی) صلاحیت عطا فرما دے گا۔'' اس حدیث کو امام ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٤٧٣ / ٥۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ

الحديث رقم ٣: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: المهدى، ٤/١٠٨، الرقم: ٤٢٩٠۔
الحديث رقم ٤: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الفتن، باب: خروج المهدى، ٢/١٣٦٧، الرقم: ٤٠٨٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/٨٤، الرقم: ٦٤٥، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٧/٥١٣، الرقم: ٣٧٦٤٤، والبزار فى المسند، ٢/٢٤٣، الرقم: ٦٤٤۔
الحديث رقم ٥: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الفتن، باب: خروج المهدي، ٢/١٣٦٨، الرقم: ٤٠٨٧۔

Marfat.com

يَقُوْلُ: نَحْنُ وَلَدُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، سَادَةُ أَهْلِ الْجَنَّةِ أَنَا وَحَمْزَةُ وَعَلِيٌّ وَجَعْفَرٌ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَالْمَهْدِيُّ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خود فرماتے سنا ہے کہ ہم حضرت عبدالمطلب کی اولاد اہلِ جنت کے سردار ہوں گے۔ یعنی میں، حمزہ، علی، جعفر، حسن، حسین اور مہدی علیہم السلام۔'' اسے امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٤٧٤ / ٦۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَمِنَّا آلَ مُحَمَّدٍ الْمَهْدِيُّ أَمْ مِنْ غَيْرِنَا؟ فَقَالَ: لَا، بَلْ مِنَّا، يَخْتِمُ اللهُ بِهِ الدِّيْنَ كَمَا فَتَحَ بِنَا، وَبِنَا يُنْقَذُوْنَ مِنَ الْفِتْنَةِ كَمَا أُنْقِذُوْا مِنَ الشِّرْكِ، وَبِنَا يُؤَلِّفُ اللهُ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ بَعْدَ عَدَاوَةِ الْفِتْنَةِ، كَمَا أَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ بَعْدَ عَدَاوَةِ الشِّرْكِ، وَبِنَا يُصْبِحُوْنَ بَعْدَ عَدَاوَةِ الْفِتْنَةِ إِخْوَانًا كَمَا أَصْبَحُوْا بَعْدَ عَدَاوَةِ الشِّرْكِ إِخْوَانًا فِي دِيْنِهِمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا: میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کی۔ یا رسول اللہ! کیا (امام) مہدی ہم آلِ محمد میں سے ہوں گے یا ہمارے علاوہ کسی اور سے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں، بلکہ وہ ہم ہی میں سے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ان پر (سلطنت) دین اسی طرح ختم فرمائے گا جیسے ہم سے آغاز فرمایا ہے اور ہمارے ذریعے ہی لوگوں کو فتنہ سے بچایا جائے گا جس طرح انہیں شرک سے نجات عطا فرمائی گئی ہے اور ہمارے ذریعے ہی اللہ تعالیٰ ان کے دلوں میں فتنہ کی عداوت کے بعد محبت و الفت پیدا فرمائے گا۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے شرک کی عداوت کے بعد ان کے دلوں میں (ہمارے ذریعے) الفت پیدا فرمائی اور ہمارے ذریعے ہی فتنہ (وفساد) کی عداوت کے بعد لوگ آپس میں بھائی بھائی ہو جائیں گے، جس طرح وہ شرک کی عداوت کے بعد اس دین میں بھائی بھائی بن گئے ہیں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ١ / ٥٦، الرقم: ١٥٧۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي عَلَامَاتِ ظُهُوْرِ الْمَهْدِيِّ عليه السلام

﴿سیّدنا امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کی علامات کا بیان﴾

٤٧٥ / ٧۔ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما فَقَالَ: يُوْشِكُ أَهْلُ الْعِرَاقِ أَنْ لَا يُجْبَى إِلَيْهِمْ قَفِيْزٌ وَلَا دِرْهَمٌ قُلْنَا: مِنْ أَيْنَ ذَاكَ؟ قَالَ: مِنْ قِبَلِ الْعَجَمِ، يَمْنَعُوْنَ ذَاكَ، ثُمَّ قَالَ: يُوْشِكُ أَهْلُ الشَّامِ أَنْ لَا يُجْبَى إِلَيْهِمْ دِيْنَارٌ وَلَا مُدٌّ، قُلْنَا: مِنْ أَيْنَ ذَاكَ؟ قَالَ: مِنْ قِبَلِ الرُّوْمِ ثُمَّ سَكَتَ هُنَيَّةً ثُمَّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: يَكُوْنُ فِي آخِرِ أُمَّتِي خَلِيْفَةٌ يَحْثِي الْمَالَ حَثْيًا وَلَا يَعُدُّهُ عَدًّا قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي نَضْرَةَ وَأَبِي الْعَلَاءِ: أَتَرَيَانِ أَنَّهُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فَقَالَا: لَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابونضرہ رضی اللہ عنہ (تابعی) بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی خدمت میں تھے کہ انہوں نے فرمایا: قریب ہے وہ وقت جب اہلِ عراق کے پاس کوئی قفیز آئے گا نہ درہم، ہم نے پوچھا: کہاں سے نہیں آئے گا؟ انہوں کے کہا: عجم سے، وہ اسے روک لیں گے۔ پھر کہا: عنقریب اہلِ شام کے پاس نہ دینار لائے جاسکیں گے اور نہ ہی غلّہ و اناج، ہم نے پوچھا کہ یہ بندش کن لوگوں کی جانب سے ہوگی؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رومیوں کی طرف سے۔ پھر تھوڑی دیر خاموش رہ کر فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ میری امت کے آخری دور میں ایک خلیفہ (مہدی) ہوگا جو مال لبالب بھر بھر کے دے گا، اور اسے شمار نہیں کرے گا۔ اس حدیث کے راوی الجریری کہتے ہیں کہ میں نے (اپنے شیخ) ابونضرہ اور ابو العلاء سے دریافت کیا: کیا آپ حضرات کی رائے میں حدیثِ پاک میں مذکور خلیفہ حضرت

الحديث رقم ٧: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الفتن وأشراط الساعة، باب: لاتقوم الساعة حتى يمر الرجل فيتمنى أن يكون مكان الميت من البلاء، ٤ / ٢٢٣٤، الرقم: ٢٩١٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣ / ٣١٧، الرقم: ١٤٤٤٦، وابن حبان فى الصحيح، ١٥ / ٧٥، الرقم: ٦٦٨٢.

Marfat.com

عمر بن عبدالعزیز ہیں؟ تو ان دونوں حضرات نے فرمایا: نہیں، (یہ خلیفہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ علیہ کے علاوہ ہوں گے)۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٤٧٦ / ٨۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: يَلِي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِي قَالَ عَاصِمٌ: وَحَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا يَوْمٌ لَطَوَّلَ اللهُ ذَالِکَ الْيَوْمَ حَتَّى يَلِيَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے اہلِ بیت میں سے ایک شخص خلیفہ ہوگا جس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ایک روایت میں ہے کہ اگر دنیا کا ایک ہی دن باقی رہ جائے گا تو بھی اللہ تعالیٰ اسی ایک دن کو اتنا دراز فرمادے گا یہاں تک کہ وہ شخص (یعنی مہدی علیہ السلام) خلیفہ بن جائے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٤٧٧ / ٩۔ عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدَّهْرِ إِلَّا يَوْمٌ لَبَعَثَ اللهُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يَمْلَأُهَا عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر دنیا کا صرف ایک دن باقی رہ جائے گا (تو اللہ تعالیٰ اسی کو دراز فرما دے گا اور)

الحديث رقم ٨: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ماجاء في المهدي، ٤/٥٠٥، الرقم: ٢٢٣١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/٣٧٦، الرقم: ٣٥٧١۔

الحديث رقم ٩: أخرجه أبوداود فی السنن، كتاب: المهدي، ٤/١٠٧، الرقم: ٤٢٨٣، وابن أبي شيبة فی المصنف، ٧/٥١٣، الرقم: ٣٧٦٤٨

Marfat.com

میرے اہلِ بیت میں سے ایک شخص (یعنی مہدی) کو پیدا فرمائے گا۔ جو دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے جس طرح وہ (ان سے پہلے) ظلم سے بھری ہوگی۔"

اس حدیث کو امام ابو داود اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٤٧٨ / ١٠۔ عَنْ ثَوْبَانَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَقْتَتِلُ عِنْدَ كَنْزِكُمْ ثَلاَثَةٌ كُلُّهُمُ ابْنُ خَلِيْفَةٍ، ثُمَّ لَا يَصِيْرُ إِلَى وَاحِدٍ مِنْهُمْ، ثُمَّ تَطْلُعُ الرَّايَاتُ السُّوْدُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ فَيَقْتُلُوْنَكُمْ قَتْلًا لَمْ يُقْتَلْهُ قَوْمٌ، ثُمَّ ذَكَرَ شَيْئًا لاَ أَحْفَظُهُ فَقَالَ: فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَبَايِعُوْهُ وَلَوْ حَبْوًا عَلَى الثَّلْجِ فَإِنَّهُ خَلِيْفَةُ اللهِ الْمَهْدِيُّ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

"حضرت ثوبان ﷺ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارے ایک خزانے کے پاس تین خلفاء کے بیٹے قتل کئے جائیں گے لیکن ان میں سے کسی کو بھی وہ خزانہ میسر نہ ہوگا۔ پھر مشرق کی جانب سے سیاہ پرچم نمودار ہوں گے وہ تمہیں ایسا قتل کریں گے کہ اس سے پہلے کسی نے نہ کیا ہوگا پھر حضور نبی اکرم ﷺ کے کچھ بیان فرمایا جسے میں یاد نہ رکھ سکا۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم اسے دیکھو تو ضرور بالضرور اس کی بیعت کرنا اگرچہ برف پر گھسٹ کر آنا پڑے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے خلیفہ مہدی ہوں گے۔" اس حدیث کو امام ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٤٧٩ / ١١۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ نَبِيُّ اللهِ ﷺ: يَنْزِلُ بِأُمَّتِي فِي آخِرِ الزَّمَانِ بَلَاءٌ شَدِيْدٌ مِنْ سُلْطَانِهِمْ لَمْ يُسْمَعْ بَلَاءٌ أَشَدُّ مِنْهُ حَتَّى تَضِيْقَ عَنْهُمُ الْأَرْضُ الرَّحْبَةُ وَحَتَّى تُمْلَأَ الْأَرْضُ جَوْرًا وَظُلْمًا، لَا يَجِدُ الْمُؤْمِنُ مَلْجَاءً يَلْتَجِئُ إِلَيْهِ مِنَ الظُّلْمِ فَيَبْعَثُ اللهُ ﷻ

الحديث رقم ١٠: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الفتن، باب: خروج المهدى، ٢ / ١٣٦٧ الرقم: ٤٠٨٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥ / ٢٧٧، الرقم: ٢٢٤٤١ والحاكم في المستدرك ٤ / ٥١٠، الرقم: ٨٤٣٢۔

الحديث رقم ١١: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٤ / ٥١٢، الرقم: ٨٤٣٨۔

Marfat.com

رَجُلًا مِنْ عِتْرَتِي فَيَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا، يَرْضَى عَنْهُ سَاكِنُ السَّمَاءِ وَسَاكِنُ الْأَرْضِ لَا تَدَّخِرُ الْأَرْضُ مِنْ بَذْرِهَا شَيْئًا إِلَّا أَخْرَجَتْهُ وَلَا السَّمَاءُ مِنْ قَطْرِهَا شَيْئًا إِلَّا صَبَّهُ اللهُ عَلَيْهِمْ مِدْرَارًا يَعِيْشُ فِيْهِمْ سَبْعَ سِنِيْنَ أَوْ ثَمَانٍ أَوْ تِسْعٍ تَمَنَّى الْأَحْيَاءُ الْأَمْوَاتَ مِمَّا صَنَعَ اللهُ عزوجل بِأَهْلِ الْأَرْضِ مِنْ خَيْرِهِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آخری زمانہ میں میری امت پر ان کی طاقت سے زیادہ بلائیں نازل ہوں گی۔ اس سے شدید بلاء پہلے کبھی نہ سنی گئی ہوگی۔ یہاں تک کہ زمین اپنی وسعت کے باوجود ان پر تنگ ہو جائے گی اور زمین ظلم وستم سے بھر جائے گی۔ مومن کوئی ایسا ٹھکانہ نہ پائے گا جہاں وہ ظلم کی فریاد لے کر جائے پس اللہ تعالیٰ میری اولاد میں سے ایک آدمی کو بھیجے گا جو زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا جیسا کہ پہلے ظلم وستم سے بھری تھی۔ زمین و آسمان میں رہنے والے اس سے خوش ہوں گے زمین اپنے اندر پڑنے والا ہر دانہ اُگائے گی اور اللہ تعالیٰ آسمان میں موجود ہر قطرے کو موسلادھار (بارش) کی صورت میں برسائے گا۔ وہ ان میں سات، آٹھ یا نو سال رہے گا اور زندہ لوگ اللہ تعالیٰ کے اس کرم کے سبب جو اہلِ زمین پر کیا مُردوں کے لئے تمنا کریں گے (کہ کاش وہ بھی زندہ ہوتے)۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

٤٨٠/١٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: حَدَّثَنِي خَلِيْلِي أَبُو الْقَاسِمِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ عَلَيْهِمْ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي، فَيَضْرِبُهُمْ حَتَّى يَرْجِعُوْا إِلَى الْحَقِّ، قُلْتُ: وَكَمْ يَمْلِكُ؟ قَالَ: خَمْسًا وَاثْنَتَيْنِ.

رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى.

الحديث رقم ١٢: أخرجه أبويعلى فى المسند، ١٢/١٩، الرقم: ٣٣٣٥، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٧/٣١٥.

Marfat.com

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا: مجھے میرے خلیل ابو القاسم ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ میرے اہلِ بیت میں سے ایک شخص ظاہر نہ ہوگا جو لوگوں کا مقابلہ کرے گا حتی کہ وہ حق کی طرف رجوع کرلیں گے۔ میں نے عرض کی۔ وہ کتنا عرصہ بادشاہ رہے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پانچ اور دو (یعنی سات سال)''۔ اس حدیث کو امام ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

١٣/٤٨١۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: يَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يَقُوْلُ: بِسُنَّتِي، يُنْزِلُ اللهُ لَهُ الْقَطْرَ مِنَ السَّمَاءِ، وَتُخْرِجُ لَهُ الْأَرْضُ مِنْ بَرَكَتِهَا، تُمْلَأُ الْأَرْضُ مِنْهُ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا وَظُلْمًا، يَعْمَلُ عَلَى هَذِهِ الْأُمَّةِ سَبْعَ سِنِيْنَ، وَيَنْزِلُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا: میرے اہلِ بیت میں سے ایک شخص ظاہر ہوگا جو میری سنت کی بات کرے گا، اللہ رب العزت اس کے لئے آسمان سے بارش برسائے گا اور زمین اس کیلئے اپنی برکات نکال دے گی (یعنی اپنے خزانے اگل دے گی)۔ زمین اس کے ذریعے عدل و انصاف سے بھر جائیگی جس طرح پہلے وہ ظلم وستم سے بھری ہوگی۔ وہ اس امت پر سات سال تک حکومت کرے گا اور اس کا بیت المقدس میں نزول ہوگا۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

١٤/٤٨٢۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: سَيَكُوْنُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الرُّوْمِ أَرْبَعُ هُدُنٍ. تَقُوْمُ الرَّابِعَةُ عَلَى يَدِ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ هِرَقْلَ يَدُوْمُ سَبْعَ سِنِيْنَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ عَبْدِ آلَافٍ يُقَالُ لَهُ الْمُسْتَوْرِدُ بْنُ خَيْلَانَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَنْ إِمَامُ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: مِنْ وَلَدِي ابْنِ أَرْبَعِيْنَ

الحديث رقم ١٣: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٢/١٥، الرقم: ١٠٧٥.
الحديث رقم ١٤: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٨/١٠١، الرقم: ٧٤٩٥.

Marfat.com

سَنَةً كَأَنَّ وَجْهَهُ كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ فِي خَدِّهِ الْأَيْمَنِ خَالٌ أَسْوَدُ عَلَيْهِ عِبَاءَتَانِ قُطُوَانِيَتَانِ كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ بَنِي إِسْرَائِيْلَ يَمْلِكُ عِشْرِيْنَ سَنَةً يَسْتَخْرِجُ الْكُنُوْزَ وَيَفْتَحُ مَدَائِنَ الشِّرْكِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارے اور روم کے درمیان چار مرتبہ صلح ہوگی۔ چوتھی صلح ایسے شخص کے ہاتھ پر ہوگی جو آلِ ہرقل سے ہوگا اور یہ صلح سات سال تک برابر قائم رہے گی۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ اس وقت مسلمانوں کا امام کون شخص ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص میری اولاد میں سے ہوگا جس کی عمر چالیس سال کی ہوگی۔ اس کا چہرہ ستارہ کی طرح چمکدار، اس کے دائیں رخسار پر سیاہ تل ہوگا، اور دو قطوانی عبائیں پہنے ہوئے ہوگا، بالکل ایسا معلوم ہوگا جیسا بنی اسرائیل کا کوئی شخص ہے، وہ بیس سال تک حکومت کرے گا، زمین سے خزانوں کو نکالے گا اور مشرکین کے شہروں کو فتح کرے گا۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَدَاءِ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ عليهما السلام صَلَاتَهُ وَرَاءَهُ عليه السلام

﴿حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امام مہدی علیہ السلام کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کا بیان﴾

٤٨٣ / ١٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيْكُمْ وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں کا اس وقت (خوشی سے) کیا حال ہوگا۔ جب تم میں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام (آسمان سے) اُتریں گے اور تمہارا امام تم ہی میں سے ہوگا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤٨٤ / ١٦۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيِّ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ قَالَ: وَيَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ عليه السلام فَيَقُوْلُ أَمِيْرُهُمْ: تَعَالَ صَلِّ لَنَا فَيَقُوْلُ: لَا، إِنَّ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ أُمَرَاءُ تَكْرِمَةَ اللهِ هٰذِهِ الْأُمَّةَ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی

الحديث رقم ١٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: نزول عيسى بن مريم، ٣/ ١٢٧٢، الرقم: ٣٢٦٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: نزول عيسى بن مريم حاكما بشريعة نبينا محمد صلى الله عليه وآله وسلم، ١/ ١٣٦، الرقم: ١٥٥، وابن حبان في الصحيح، ١٥/ ٢١٣، الرقم: ٦٨٠٢.

الحديث رقم ١٦: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: نزول عيسى بن مريم حاكماً بشريعة نبينا محمد صلى الله عليه وآله وسلم، ١/ ١٣٧، الرقم: ١٥٦، وابن حبان في الصحيح، ١٥/ ٢٣١، الرقم: ٦٨١٩، والبيهقي في السنن الكبرى، ٩/ ١٨٠، وأبو عوانة في المسند، ١/ ٩٩، الرقم: ٣١٧.

Marfat.com

اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میری امت میں سے ایک جماعت قیامِ حق کے لیے قیامت تک کامیاب جنگ کرتی رہے گی حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ان مبارک کلمات کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آخر میں (حضرت) عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام آسمان سے اتریں گے تو مسلمانوں کا امیر، ان سے عرض کرے گا تشریف لائیے ہمیں نماز پڑھائیے اس کے جواب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے (اس وقت) میں امامت نہیں کروں گا۔ تم میں سے بعض، بعض پر امیر ہیں (یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس وقت امامت سے انکار فرمادیں گے) اس فضیلت و بزرگی کی بناء پر جو اللہ تعالیٰ نے اس امت کو عطا کی ہے۔"

اس حدیث کو امام مسلم اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

١٧/٤٨٥۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ رضي الله عنه مَرْفُوْعًا، قَالَتْ أُمُّ شَرِيْكٍ بِنْتِ أَبِي الْعَكَرِ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، فَأَيْنَ الْعَرَبُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: هُمْ يَوْمَئِذٍ قَلِيْلٌ وَجُلُّهُمْ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ وَإِمَامُهُمْ رَجُلٌ صَالِحٌ قَدْ تَقَدَّمَ يُصَلِّي بِهِمُ الصُّبْحَ إِذْ نَزَلَ عَلَيْهِمْ ابْنُ مَرْيَمَ عليه السلام الصُّبْحَ فَرَجَعَ ذَلِکَ الْإِمَامُ يَنْكِصُ يَمْشِي الْقَهْقَرَى لِيَتَقَدَّمَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ فَيَضَعُ عِيْسَى يَدَهُ بَيْنَ كَتَفَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ لَهُ تَقَدَّمْ فَصَلِّ فَإِنَّهَا لَکَ أُقِيْمَتْ فَيُصَلِّي بِهِمْ إِمَامُهُمْ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهَ وَإِسْنَادُهُ قَوِيٌّ وَأَمَّا فِي الْحَدِيْثِ وَإِمَامُهُمْ رَجُلٌ صَالِحٌ فَالْمُرَادُ بِهِ الْمَهْدِيُّ عليه السلام كَمَا جَاءَ التَّصْرِيْحُ بِهِ.

"حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک طویل حدیث روایت کرتے ہیں جس میں ہے کہ ایک صحابیہ ام شریک بنت ابی العکر رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یا رسول اللہ، عرب اس وقت کہاں ہوں گے۔ (یعنی اہلِ عرب دین کی حمایت میں مقابلے کے لیے کیوں سامنے نہیں آئیں گے) تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عرب اس وقت کم ہوں گے اور ان میں بھی اکثر بیت المقدس (یعنی

الحديث رقم ١٧: أخرجه ابن ماجه فی السنن، كتاب: الفتن، باب: فتنة الدجال، ٢/١٣٦١، الرقم: ٤٠٧٧.

Marfat.com

شام) میں ہوں گے اور ان کا امام و امیر ایک صالح شخص (یعنی مہدی علیہ السلام) ہوگا جس وقت ان کا امام نماز فجر کے لیے آگے بڑھے گا۔ اچانک حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام اسی وقت (آسمان سے) اترین گے۔ امام پیچھے ہٹے گا تاکہ (حضرت) عیسیٰ علیہ السلام نماز پڑھائیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام امام کے کندھوں کے درمیان ہاتھ رکھ کر فرمائیں گے آگے بڑھو اور نماز پڑھاؤ کیونکہ تمہارے ہی لیے اِقامت کہی گئی ہے تو ان کے امام (مہدی علیہ السلام) لوگوں کو نماز پڑھائیں گے۔''

اسے امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اور اس کی اسناد قوی ہیں اور حدیث میں جو ''إمامهم رجل صالح'' کے الفاظ آئے ہیں تو اس سے مراد اِمام مہدی علیہ السلام ہیں جیسا کہ اس کا ذکر صراحتاً بھی آیا ہے۔

٤٨٦ / ١٨۔ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ رضی الله عنه قَالَ: اَلْمَهْدِيُّ عليه السلام مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ، وَهُوَ الَّذِي يَؤُمُّ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ عليهما السلام. **رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.**

''امام ابن سیرین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ امام مہدی علیہ السلام اسی امت میں سے ہوں گے اور عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کی امامت کے فرائض سرانجام دیں گے۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٨: أخرجه ابن أبی شيبة فی المصنف، ٧ / ٥١٣، الرقم: ٣٧٦٤٩۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّ الإِمَامَ الْمَهْدِيَّ يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا

﴿سیّدنا امام مہدی علیہ السلام کا زمین کو عدل و انصاف سے بھر دینے کا بیان﴾

٤٨٧ / ١٩۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: تُمْلَأُ الْأَرْضُ جَوْرًا وَظُلْمًا فَيَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ عِتْرَتِي فَيَمْلِكُ سَبْعًا أَوْ تِسْعًا فَيَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (آخری زمانہ میں) زمین ظلم و ستم سے بھر جائے گی تو میری اولاد میں سے ایک شخص پیدا ہوگا اور سات سال یا نو سال تک (فریضۂ) خلافت (ادا) کرے گا (اور اپنے زمانۂ خلافت میں) زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا (جس طرح اس سے پہلے ظلم و ستم سے بھری ہوگی)۔''

اس حدیث کو امام احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٤٨٨ / ٢٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ نَبِيُّ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: يَنْزِلُ بِأُمَّتِي فِي آخِرِ الزَّمَانِ بَلَاءٌ شَدِيْدٌ مِنْ سُلْطَانِهِمْ لَمْ يُسْمَعْ بَلَاءٌ أَشَدُّ مِنْهُ حَتَّى تَضِيْقَ عَنْهُمُ الْأَرْضُ الرَّحْبَةُ، وَحَتَّى يَمْلَأَ الأَرْضَ جَوْرًا وَظُلْمًا: لَا يَجِدُ الْمُؤْمِنُ مَلْجَأً يَلْتَجِئُ إِلَيْهِ مِنَ الظُّلْمِ فَيَبْعَثُ اللهُ عزوجل مِنْ عِتْرَتِي فَيَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا، يَرْضَى عَنْهُ سَاكِنُ السَّمَاءِ وَسَاكِنُ الْأَرْضِ، لَا تَدَّخِرُ الْأَرْضُ مِنْ بَذْرِهَا شَيْئًا

الحديث رقم ١٩: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٣ / ٧٠، الرقم: ١١٦٨٣، والحاكم في المستدرك، ٤ / ٦٠١، الرقم: ٨٦٧٤۔

الحديث رقم ٢٠: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٤ / ٥١٢، الرقم: ٨٤٣٨۔

Marfat.com

اِلَّا أَخرَجَتْهُ وَلَا السَّمَاءُ مِنْ قَطْرِهَا شَيْئًا إِلَّا صَبَّهُ اللهُ عَلَيْهِمْ مِدْرَارًا، يَعِيْشُ فِيْهَا سَبْعَ سِنِيْنَ أَوْ ثَمَانٍ أَوْ تِسْعٍ، تَتَمَنَّى الْأَحْيَاءُ الْأَمْوَاتَ مِمَّا صَنَعَ اللهُ ﷻ بِأَهْلِ الْأَرْضِ مِنْ خَيْرِهِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آخری زمانہ میں میری امت پر ان کی طاقت سے زیادہ بلائیں نازل ہوں گی۔ اس سے شدید بلاء پہلے کبھی نہ سنی گئی ہوگی۔ یہاں تک کہ زمین اپنی وسعت کے باوجود ان پر تنگ ہو جائے گی اور زمین ظلم وستم سے بھر جائے گی۔ مومن کوئی ایسا ٹھکانہ نہ پائے گا جہاں وہ ظلم کی فریاد لے کر جائے پس اللہ تعالیٰ میری اولاد میں سے ایک آدمی کو بھیجے گا جو زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا جیسا کہ پہلے ظلم وستم سے بھری تھی۔ زمین و آسمان میں رہنے والے اس سے خوش ہوں گے زمین اپنے اندر پڑنے والا ہر دانہ اُگائے گی اور اللہ تعالیٰ آسمان میں موجود ہر قطرے کو موسلادھار (بارش) کی صورت میں برسائے گا۔ وہ ان میں سات، آٹھ یا نو سال رہے گا اور زندہ لوگ اللہ تعالیٰ کے اس کرم کے سبب جو اہلِ زمین پر کیا مُردوں کے لئے تمنا کریں گے (کہ کاش وہ بھی زندہ ہوتے)۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٢١/٤٨٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: يَكُوْنُ فِي أُمَّتِي الْمَهْدِيُّ. إِنْ قَصُرَ فَسَبْعٌ وَ إِلَّا ثَمَانٌ وَ إِلَّا فَتِسْعٌ تُنْعَمُ أُمَّتِي فِيْهَا نِعْمَةً لَمْ يُنْعَمُوْا مِثْلَهَا: يُرْسِلُ السَّمَاءَ عَلَيْهِمْ مِدْرَارًا، وَلَا تَدَّخِرُ الْأَرْضُ شَيْئًا مِنَ النَّبَاتِ، وَالْمَالُ كَدُوْسٍ يَقُوْمُ الرَّجُلُ يَقُوْلُ: يَامَهْدِيُّ، أَعْطِنِي فَيَقُوْلُ: خُذْهُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری

الحديث رقم ٢١: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٥/ ٣١١، الرقم: ٥٤٠٦۔

Marfat.com

امت میں ایک امام مہدی ہوگا (ان کی مدتِ خلافت) کم از کم سات یا آٹھ یا نو سال ہوگی۔ میری امت اُن کے زمانہ میں اس قدر خوش حال ہوگی کہ اتنی خوش حالی اسے کبھی نہ ملی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ آسمان سے (حسبِ ضرورت) موسلا دھار بارش برسائے گا اور زمین اپنی تمام پیداوار اگا دے گی۔ ایک شخص کھڑا ہو کر مال کا سوال کرے گا تو مہدی علیہ السلام کہیں گے (اپنی حسبِ خواہش خزانہ میں جا کر) خود لے لو۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

٢٢ / ٤٩٠۔ عَنْ مَعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ رضي الله عنه عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم ذَكَرَ الْمَهْدِيَّ فَقَالَ: لَيَمْلَأَنَّ الْأَرْضَ قِسْطًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا.

رَوَاهُ الْبَزَّارُ.

وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت معاویہ بن قرہ رضی اللہ عنہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام مہدی علیہ السلام کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا: وہ ضرور بالضرور زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے جیسا کہ وہ (اس وقت) ظلم و ستم سے بھری ہوئی ہوگی۔''

اس حدیث کو امام بزار نے روایت کیا ہے۔ اور امام ہیثمی نے فرمایا کہ اس کے رجال ثقات ہیں۔

الحديث رقم ٢٢: أخرجه البزار في المسند، ٨ / ٢٥٦، الرقم: ٣٣٢٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٧ / ٣١٦.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّ الإِمَامَ الْمَهْدِيَّ عليه السلام يَكُوْنُ خَلِيْفَةَ اللهِ عَلَى الإِطْلَاقِ

﴿ سیّدنا امام مہدی عليه السلام کے علی الاطلاق خلیفۃ اللہ ہونے کا بیان ﴾

٢٣/٤٩١۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: يَكُوْنُ اخْتِلَافٌ عِنْدَ مَوْتِ خَلِيْفَةٍ، فَيَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ هَارِبًا إِلَى مَكَّةَ فَيَأْتِيْهِ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ فَيُخْرِجُوْنَهُ، وَهُوَ كَارِهٌ فَيُبَايِعُوْنَهُ، بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، وَيُبْعَثُ إِلَيْهِ بَعْثٌ مِنَ الشَّامِ فَيُخْسَفُ بِهِمْ بِالْبَيْدَاءِ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ، فَإِذَا رَأَى النَّاسُ ذٰلِکَ أَتَاهُ أَبْدَالُ الشَّامِ وَعَصَائِبُ أَهْلِ الْعِرَاقِ فَيُبَايِعُوْنَهُ ثُمَّ يَنْشَأُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ أَخْوَالُهُ كَلْبٌ فَيَبْعَثُ إِلَيْهِمْ بَعْثًا فَيَظْهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ وَذٰلِکَ بَعْثُ كَلْبٍ وَالْخَيْبَةُ لِمَنْ لَمْ يَشْهَدْ غَنِيْمَةَ كَلْبٍ فَيَقْسِمُ الْمَالَ، وَيَعْمَلُ فِي النَّاسِ بِسُنَّةِ نَبِيِّهِمْ صلى الله عليه وآله وسلم وَيُلْقِي الْإِسْلَامَ بِجِرَانِهِ إِلَي الْأَرْضِ فَيَلْبَثُ سَبْعَ سِنِيْنَ ثُمَّ يُتَوَفَّى وَيُصَلِّي عَلَيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا، حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان بیان کرتی ہیں کہ ایک خلیفہ کی وفات کے وقت (نئے خلیفہ کے انتخاب پر مدینہ منورہ کے مسلمانوں میں) اختلاف ہوگا تو اہل مدینہ میں سے ایک شخص (یعنی مہدی اس خیال سے کہ کہیں لوگ مجھے نہ خلیفہ بنا دیں)

الحديث رقم ٢٣: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: المهدي، ٤/١٠٧، الرقم: ٤٢٨٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٣١٦، الرقم: ٢٦٧٣١، والحاكم فى المستدرك، ٤/٤٧٨، الرقم: ٨٣٢٨، وابن أبي شبية فى المصنف، ٧/٤٦٠، الرقم: ٣٧٢٢٣۔

Marfat.com

مکہ مکرمہ چلے جائیں گے۔ مکہ مکرمہ کے کچھ لوگ (جو انہیں بحیثیتِ مہدی پہچان لیں گے) ان کے پاس آئیں گے اور انہیں (مکان سے) باہر نکال کر حجرِ اسود اور مقام ابراہیم علیہ السلام کے درمیان ان سے بیعت (خلافت) کر لیں گے (جب ان کی خلافت کی خبر عام ہوگی) تو ملکِ شام سے ایک لشکر ان سے جنگ کے لئے روانہ ہوگا (جو آپ تک پہنچنے سے پہلے ہی) مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان بیداء (چٹیل میدان) میں زمین کے اندر دھنسا دیا جائے گا (اس عبرت خیز ہلاکت کے بعد) شام کے ابدال اور عراق کے اولیاء آ کر آپ سے بیعتِ خلافت کریں گے۔ بعد ازاں ایک قریشی النسل شخص (یعنی سفیانی) جس کی ننہال قبیلۂ کلب میں سے ہوگی خلیفۂ مہدی اور ان کے اعوان و انصار سے جنگ کے لئے ایک لشکر بھیجے گا۔ یہ لوگ اس حملہ آور لشکر پر غالب ہوں گے یہی (جنگ) کلب ہے اور خسارہ ہے اس شخص کے لئے جو کلب سے حاصل شدہ غنیمت میں شریک نہ ہو۔ (اس فتح و کامرانی کے بعد) خلیفہ مہدی خوب مال تقسیم کریں گے اور لوگوں کو ان کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر چلائیں گے اور اسلام مکمل طور پر زمین میں مستحکم ہو جائے گا (یعنی دنیا میں پورے طور پر اسلام کا رواج و غلبہ ہوگا) بحالتِ خلافت، (امام) مہدی دنیا میں سات سال اور دوسری روایات کے اعتبار سے نو سال رہ کر وفات پا جائیں گے اور مسلمان ان کی نماز جنازہ ادا کریں گے۔''

اس حدیث کو امام ابوداود نے روایت کیا ہے۔

٤٩٢ / ٢٤۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: لاَ يَزَالُ هَذَا الدِّيْنُ قَائِمًا حَتَّى يَكُوْنَ عَلَيْكُمْ اثْنَا عَشَرَ خَلِيْفَةً، كُلُّهُمْ تَجْتَمِعُ عَلَيْهِ الْأُمَّةُ. فَسَمِعْتُ كَلَامًا مِنَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم لَمْ أَفْهَمْهُ، قُلْتُ لِأَبِي: مَا يَقُوْلُ؟ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا: میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یہ دین قائم رہے گا یہاں تک کہ تم پر بارہ خلفاء ہوں گے۔ ان تمام پر امت مجتمع ہوگی پھر میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے (کچھ) گفتگو سنی جسے میں سمجھ نہ سکا۔ تو میں نے اپنے والد سے عرض کیا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا فرما رہے ہیں؟ میرے والد نے بتایا

الحديث رقم ٢٤: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: المهدى، ٤ / ١٠٦، الرقم: ٤٢٧٩۔

Marfat.com

کہ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ تمام (بارہ خلفاء) قریش سے ہوں گے۔"

اس حدیث کو امام ابو داود نے روایت کیا ہے۔

٤٩٣ / ٢٥۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَا يَزَالُ هَذَا الدِّيْنُ عَزِيْزًا إِلَى اثْنَي عَشَرَ خَلِيْفَةً قَالَ: فَكَبَّرَ النَّاسُ وَضَجُّوْا، ثُمَّ قَالَ كَلِمَةً خَفِيَّةً قُلْتُ لِأَبِي: يَا أَبَتِ مَا قَالَ؟ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ.

"حضرت جابر بن سمرہ ﷺ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یہ دین بارہ خلفاء کے آنے تک غالب رہے گا۔ حضرت جابر ﷺ نے فرمایا: (اس پر) لوگوں نے (با آوازِ بلند) "اللہ اکبر" کہا اور (تکبیر کے نعروں کی) آواز بلند ہوگئی پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے آہستہ آواز میں کچھ ارشاد فرمایا: میں نے اپنے والد سے عرض کیا: اباجان! حضور نبی اکرم ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ (انہوں نے بتایا) آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سب (یعنی بارہ خلفاء) قریش میں سے ہوں گے۔"

اس حدیث کو امام ابوداود نے روایت کیا ہے۔

٤٩٤ / ٢٦۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يُبَايَعُ رَجُلٌ مِنْ أُمَّتِي بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ كَعِدَّةِ أَهْلِ بَدْرٍ، فَيَأْتِيْهِ عَصْبُ الْعِرَاقِ وَأَبْدَالُ الشَّامِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

"حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت کے ایک شخص (یعنی مہدی علیہ السلام) سے رکن (حجر اسود) اور مقامِ ابراہیم علیہ السلام کے درمیان اہلِ بدر کی تعداد کے مثل (یعنی ۳۱۳) افراد بیعتِ خلافت کریں گے۔ بعد ازاں ان

الحديث رقم ٢٥: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: المهدى، ٤ / ١٠٦، الرقم: ٤٢٨٠ / ٤٢٨١۔

الحديث رقم ٢٦: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٤ / ٤٧٨، الرقم: ٨٣٢٨، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٧ / ٤٦٠، الرقم: ٣٧٢٢٣۔

Marfat.com

کے پاس عراق کے اولیاء اور شام کے ابدال (بیعت کے لئے) آئیں گے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٤٩٥ / ٢٧۔ عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: يَكُوْنُ فِي أُمَّتِي خَلِيْفَةٌ يَحْثِي الْمَالَ فِي النَّاسِ حَثْيًا لاَ يَعُدُّهُ عَدًّا ثُمَّ قَالَ:وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لِيَعُوْدَنَّ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں ایک خلیفہ ہوگا جو لوگوں کو لبالب بھر بھر کے مال تقسیم کرے گا۔ اور شمار نہیں کرے گا۔ (یعنی سخاوت اور دریا دلی کی بناء پر شمار کئے بغیر کثرت سے لوگوں میں عطیات تقسیم کرے گا) اور قسم ہے اس ذاتِ پاک کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! بالتحقیق (غلبۂ اسلام کا دور) ضرور لوٹے گا (یعنی امرِ اسلام مضمحل ہو جانے کے بعد ان کے زمانہ میں پھر سے فروغ حاصل کرلے گا)۔'' اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٤٩٦ / ٢٨۔ عَنْ ثَوْبَانَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِذَا رَأَيْتُمُ الرَّايَاتِ السُّوْدَ قَد جَاءَتْ مِنْ قِبَلِ خُرَاسَانَ فَائْتُوْهَا فَإِنَّ فِيْهَا خَلِيْفَةَ اللهِ الْمَهْدِيَّ عليه السلام. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خراسان کی طرف آتے ہوئے کالے جھنڈے جب دیکھو تو ان میں شامل ہو جانا کیونکہ ان میں اللہ تعالیٰ کے خلیفہ مہدی علیہ السلام ہوں گے۔'' اس حدیث کو امام احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٧: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٤ / ٥٠١، الرقم: ٨٤٠٠۔

الحديث رقم ٢٨: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥ / ٢٧٧، الرقم: ٢٢٤٤١، والحاكم في المستدرك، ٤ / ٥٤٧، الرقم: ٨٥٣١۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّ الْأُمَّةَ الْمُحَمَّدِيَةَ تُنْعَمُ فِي وِلَايَتِهِ عليه السلام نِعْمَةً لَمْ تُنْعَمْهَا قَطُّ

﴿سیّدنا امام مہدی عليه السلام کی خلافت میں اُمّتِ محمدیہ کو وہ نعمتیں حاصل ہوں گی جو اسے کبھی حاصل نہ ہوئی ہوں گی﴾

٢٩/٤٩٧۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه قَالَ: خَشِيْنَا أَنْ يَّكُوْنَ بَعْدَ نَبِيِّنَا حَدَثٌ فَسَأَلْنَا نَبِيَّ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِنَّ فِي أُمَّتِي الْمَهْدِيَّ، يَخْرُجُ يَعِيْشُ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا أَوْ تِسْعًا زَيْدٌ الشَّاكُّ، قَالَ: قُلْنَا: وَمَا ذَاکَ؟ قَالَ: سِنِيْنَ قَالَ فَيَجِيءُ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَيَقُوْلُ: يَا مَهْدِيُّ، أَعْطِنِي أَعْطِنِي قَالَ: فَيَحْثِي لَهُ فِي ثَوْبِهِ مَا اسْتَطَاعَ أَنْ يَحْمِلَهُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَي: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد وقوع حوادث کے خیال سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کہ (یا رسول اللہ!) آپ کے بعد کیا ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت میں امام مہدی عليه السلام ہوں گے جو پانچ، سات یا نو تک حکومت کریں گے زید راویٔ حدیث کو ٹھیک مدت میں شک ہے میں نے پوچھا کہ اس عدد سے کیا مراد ہے؟ انہوں نے فرمایا: (اس عدد سے مراد) سال ہیں۔ ان کا زمانہ ایسی خیر و برکت کا ہوگا کہ ایک شخص ان سے آ کر سوال کرے گا اور کہے گا کہ اے مہدی! مجھے کچھ دیجئے، مجھے کچھ دیجئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: امام مہدی ہتھیلیاں بھر بھر کر اسے اتنا مال دے دیں گے جتنا وہ اٹھانے کی استطاعت رکھتا ہوگا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور امام احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ

الحديث رقم ٢٩: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: (٥٣)، ٤/٥٠٦، الرقم: ٢٢٣٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٢١، الرقم: ١١١٧٩.

Marfat.com

یہ حدیث حسن ہے۔

٤٩٨ / ٣٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: يَكُوْنُ فِي أُمَّتِي الْمَهْدِيُّ إِنْ قَصُرَ فَسَبْعٌ وَإِلَّا فَتِسْعٌ تُنْعَمُ أُمَّتِي فِيْهِ نِعْمَةً لَمْ يُنْعَمُوْا مِثْلَهَا قَطُّ تُؤْتِي الْأَرْضُ أُكُلَهَا لَا تَدَّخِرُعَنْهُمْ شَيْئًا وَالْمَالُ يَوْمَئِذٍ كَدُوْسٍ يَقُوْمُ الرَّجُلُ يَقُوْلُ: يَا مَهْدِيُّ، أَعْطِنِي فَيَقُوْلُ: خُذْ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں مہدی ہوں گے جو کم سے کم سات سال ورنہ نو سال تک رہیں گے۔ ان کے زمانۂ خلافت میں میری امت اتنی خوشحال ہوگی کہ اس سے قبل کبھی ایسی خوشحال نہ ہوئی ہوگی۔ زمین اپنی ہر قسم کی پیداوار ان کے لئے اُگل دے گی اور کچھ بچا کر نہ رکھے گی اور مال اس زمانے میں کھلیان میں اناج کے ڈھیر کی طرح پڑا ہوگا حتی کہ ایک شخص کھڑا ہو کر کہے گا اے مہدی! مجھے کچھ دیجئے۔ وہ فرمائیں گے (جتنا مرضی میں آئے) اٹھالے۔''

اس حدیث کو امام ابن ماجہ اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٤٩٩ / ٣١۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: يَخْرُجُ فِي آخِرِ أُمَّتِي الْمَهْدِيُّ. يَسْقِيْهِ اللهُ الْغَيْثَ، وَتُخْرِجُ الْأَرْضُ نَبَاتَهَا، وَيُعْطِي الْمَالَ صِحَاحًا، وَتَكْثُرُ الْمَاشِيَةُ وَ تَعْظُمُ الْأُمَّةُ يَعِيْشُ سَبْعًا أَوْ ثَمَانِيًا يَعْنِي حِجَجًا. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ وَوَافَقَهُ الذَّهَبِيُّ.

الحديث رقم ٣٠: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الفتن، باب: خروج المهدى، ٢/١٣٦٦، الرقم: ٤٠٨٣، والحاكم فى المستدرك، ٤/٦٠١، الرقم: ٨٦٧٥، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٧/٥١٢، الرقم: ٣٧٦٣٨.

الحديث رقم ٣١: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٤/٦٠١، الرقم: ٨٦٧٣.

Marfat.com

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے آخری دور میں مہدی علیہ السلام پیدا ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ان پر خوب بارش برسائے گا اور زمین اپنی پیداوار باہر نکال دے گی اور وہ لوگوں کو یکساں طور پر مال دیں گے۔ ان کے زمانۂ خلافت میں مویشیوں کی کثرت اور امت کی عظمت ہوگی (وہ خلافت کے بعد) سات سال یا آٹھ سال زندہ رہیں گے۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور امام ذہبی نے بھی ان کی موافقت کی ہے۔

٣٢/٥٠٠۔ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي فُلَانٌ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم: أَنَّ الْمَهْدِيَّ لَا يَخْرُجُ حَتَّى تُقْتَلَ النَّفْسُ الزَّكِيَّةُ، فَإِذَا قُتِلَتِ النَّفْسُ الزَّكِيَّةُ غَضِبَ عَلَيْهِمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ فَأَتَى النَّاسُ الْمَهْدِيَّ فَزَفُّوهُ كَمَا تُزَفُّ الْعُرُوْسُ إِلَى زَوْجِهَا لَيْلَةَ عُرْسِهَا، وَهُوَ يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلاً، وَتُخْرِجُ الْأَرْضُ نَبَاتَهَا وَتُمْطِرُ السَّمَاءُ مَطَرَهَا، وَتُنْعَمُ أُمَّتِي فِي وِلَايَتِهِ نِعْمَةً لَمْ تُنْعَمْهَا قَطُّ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''امام مجاہد (مشہور تابعی) ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: امام ''نفس زکیہ علیہ السلام'' کے قتل کے بعد ہی خلیفہ مہدی علیہ السلام کا ظہور ہوگا۔ جس وقت امام نفس زکیہ علیہ السلام قتل کردیے جائیں گے تو زمین و آسمان والے ان قاتلوں پر غضب ناک ہوں گے۔ بعد ازاں لوگ امام مہدی علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور انہیں دلہن کی طرح آراستہ و پیراستہ کریں گے اور امام مہدی علیہ السلام زمین کو عدل و انصاف سے بھردیں گے۔ (ان کے زمانۂ خلافت میں) زمین اپنی ساری پیداوار کو اُگادے گی اور آسمان خوب برسے گا اور میری امت پر ان کی ولایت وسلطنت میں اس قدر نعمتیں نازل ہوں گی کہ اتنی نعمتوں سے اسے پہلے کبھی نہیں نوازا گیا ہوگا۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٢: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف: ٧/٥١٤، الرقم: ٣٧٦٥٣.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِ وَمَنَاقِبِهِ عليه السلام

﴿سیّدنا امام مہدی عليه السلام کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

٥٠١/٣٣۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءِ الزُّبَيْدِيِّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: يَخْرُجُ نَاسٌ مِنَ الْمَشْرِقِ، فَيُوَطِّئُوْنَ لِلْمَهْدِيِّ يَعْنِي سُلْطَانَهُ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْبَزَّارُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن حارث بن جزء زبیدی رضی الله عنه بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: مشرق کی جانب سے لوگوں کا ظہور ہوگا جو امام مہدی عليه السلام یعنی اُن کی حکومت کے سامنے سرِ تسلیم خم کریں گے۔''

اس حدیث کو امام ابن ماجہ، بزار اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٥٠٢/٣٤۔ عَنْ جَعْفَرٍ رضي الله عنه قَالَ: يَقُوْمُ الْمَهْدِيُّ عليه السلام سَنَةَ مِائَتَيْنِ. رَوَاهُ ابْنُ حَمَّادٍ.

''حضرت امام جعفر رضی الله عنه بیان کرتے ہیں کہ امام مہدی عليه السلام (کسی) سن دو سو (۲۰۰ھ) میں ظاہر ہوں گے (یعنی کسی ہزاری کے ۲۰۰ سال بعد)۔''

اس حدیث کو امام نعیم بن حماد نے روایت کیا ہے۔

٥٠٣/٣٥۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ رضي الله عنه قَالَ: يَمْلِكُ بَنُو الْعَبَّاسِ

الحديث رقم ٣٣: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الفتن، باب: خروج المهدي، ٢/١٣٦٨، الرقم: ٤٠٨٨، والبزار في المسند، ٩/٢٤٣، الرقم: ٣٧٨٤، والطبراني في المعجم الأوسط، ١/٩٤، الرقم: ٢٨٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٧/٣١٨، والسيوطي في الحاوي للفتاوي، ٢/١٢٧.

الحديث رقم ٣٤: أخرجه نعيم بن حماد في الفتن، ١/٣٣٢، الرقم: ٩٥٣، والسيوطي في الحاوى للفتاوي، ٢/١٤٤.

الحديث رقم ٣٥: أخرجه أبونعيم في الفتن، ١/٢١٧، الرقم: ٥٩٩، والسيوطي في الحاوى للفتاوى، ٢/١٦٣-١٦٤.

Marfat.com

حَتَّى يَأْتِيَنَّ النَّاسَ مِنَ الْخَيْرِ، ثُمَّ يَتَشَعَّثُ أَمْرُهُمْ فِي سَنَةِ خَمْسٍ وَتِسْعِيْنَ، فَإِنْ لَمْ تَجِدُوْا إِلَّا جُحْرَ عَقْرَبٍ فَادْخُلُوْا فِيْهِ فَإِنَّهُ يَكُوْنُ فِي النَّاسِ شَرٌّ طَوِيْلٌ، ثُمَّ يَزُوْلُ مُلْكُهُمْ سَنَةَ سَبْعٍ وَتِسْعِيْنَ أَوْتِسْعٍ وَتِسْعِيْنَ، وَيَقُوْمُ الْمَهْدِيُّ فِي سَنَةِ مِائَتَيْنِ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَالسُّيُوْطِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت محمد بن حنفیہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ بنو عباس لوگوں پر حکومت کریں گے یہاں تک کہ انہیں ہر طرح کی خیر ملے گی، پھر ان کی حکومت کا شیرازہ سن پچانوے ہجری میں بکھر جائے گا، پس اس وقت اگر تم کسی بچھو کا بل بھی پاؤ تو اس میں داخل ہو جانا کیونکہ اس وقت لوگوں میں ایک کبھی نہ ختم ہونے والا شر بپا ہوگا، پھر سن ستانوے یا ننانوے میں ان کی حکومت ختم ہو جائے گی اور پھر (کسی) سن دوسو (۲۰۰ھ) میں امام مہدی علیہ السلام کا ظہور ہوگا۔''

اس حدیث کو امام ابونعیم اور سیوطی نے روایت کیا ہے یہ الفاظ سیوطی کے ہیں۔

٣٦/٥٠٤۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حُمَيْرٍ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: يَمْلِكُ الْمَهْدِيُّ سَبْعَ سِنِيْنَ وَشَهْرَيْنِ وَأَيَّامٍ. رَوَاهُ ابْنُ حَمَّادٍ وَالسُّيُوْطِيُّ.

''محمد بن حمیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بیان کیا: امام مہدی علیہ السلام سات سال دو ماہ اور کچھ دن حکومت کریں گے۔''

اس حدیث کو امام نعیم بن حماد اور سیوطی نے روایت کیا ہے۔

٣٧/٥٠٥۔ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ قَالَ: يَظْهَرُ الْمَهْدِيُّ بِمَكَّةَ عِنْدَ الْعِشَاءِ، وَمَعَهُ رَايَةُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَقَمِيْصُهُ وَسَيْفُهُ وَعَلَامَاتٌ وَنُوْرٌ وَبَيَانٌ، فَإِذَا صَلَّى الْعِشَاءَ نَادَى بِأَعْلَى صَوْتِهِ يَقُوْلُ: أُذَكِّرُكُمُ اللهَ أَيُّهَا النَّاسُ

الحديث رقم ٣٦: أخرجه نعيم بن حماد في الفتن، ١/٣٧٨، الرقم: ١١٣٠، والسيوطي في الحاوي للفتاوي، ٢/١٥٥۔

الحديث رقم ٣٧: أخرجه نعيم بن حماد في الفتن، ١/٣٤٥، الرقم: ٩٩٩، والسيوطي في الحاوي للفتاوي، ٢/١٤٤-١٤٥۔

Marfat.com

وَمَقَامُكُمْ بَيْنَ يَدَي رَبِّكُمْ فَقَدِ اتَّخَذَ الْحَجَرَ وَبَعَثَ الْأَنْبِيَاءَ، وَأَنْزَلَ الْكِتَابَ، وَآمُرُكُمْ أَنْ لَا تُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا، وَأَنْ تُحَافِظُوْا عَلَى طَاعَتِهِ وَطَاعَةِ رَسُوْلِهِ صلى الله عليه وآله وسلم، وَأَنْ تُحْيُوْا مَا أَحْيَا الْقُرْآنُ، وَتُمِيْتُوْا مَا أَمَاتَ، وَتَكُوْنُوْا عَلَى الْهُدَى، وَوُزَرَاءَ عَلَى التَّقْوَى، فَإِنَّ الدُّنْيَا قَدْ دَنَا فَنَاؤُهَا وَزَوَالُهَا، وَآذَنَتْ بِانْصِرَامٍ، فَإِنِّي أَدْعُوْكُمْ إِلَى اللهِ وَإِلَى رَسُوْلِهِ، وَالْعَمَلِ بِكِتَابِهِ، وَإِمَاتَةِ الْبَاطِلِ، وَإِحْيَاءِ سُنَّتِهِ، فَيَظْهَرُ فِي ثَلٰثِمِائَةٍ وَثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا عَدَدَ أَهْلِ بَدْرٍ عَلَى غَيْرِ مِيْعَادٍ قَزَعًا كَقَزَعِ الْخَرِيْفِ، رُهْبَانٌ بِاللَّيْلِ أُسَدٌ بِالنَّهَارِ، فَيَفْتَحُ اللهُ لِلْمَهْدِيِّ أَرْضَ الْحِجَازِ، وَيَسْتَخْرِجُ مَنْ كَانَ فِي السِّنِّ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ، وَتَنْزِلُ الرَّايَاتُ السُّوْدُ الْكُوْفَةَ، فَيَبْعَثُ اللهُ بِالْبَيْعَةِ إِلَى الْمَهْدِيِّ، وَيَبْعَثُ الْمَهْدِيُّ جُنُوْدَهُ فِي الْآفَاقِ، وَيُمِيْتُ الْجَوْرَ وَأَهْلَهُ، وَتَسْتَقِيْمُ لَهُ الْبُلْدَانُ، وَيَفْتَحُ اللهُ عَلَى يَدَيْهِ الْقُسْطُنْطِيْنِيَةَ.

رَوَاهُ ابْنُ حَمَّادٍ وَالسُّيُوْطِيُّ.

''حضرت ابوجعفر بیان کرتے ہیں کہ امام مہدی علیہ السلام کا ظہور عشاء کے وقت مکہ میں ہوگا اور اُن کے ساتھ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا (عطا کردہ) جھنڈا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کرتہ مبارک اور تلوار ہوگی (اس کے علاوہ دیگر) علامات، نور اور واضح نشانیاں ہوں گی۔ پس جب وہ عشاء کی نماز ادا کر لیں گے تو بآوازِ بلند ندا دیں گے: اے لوگو! میں تمہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے دربار میں تمہاری حاضری کی یاد دلاتا ہوں۔ جس نے اپنی شان کے لائق اپنے مقام کو لازم پکڑا اور (لوگوں کی اصلاح کے لئے) انبیاء مبعوث کئے اور کتابیں نازل کیں اور میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کا کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور اس کی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کو لازم پکڑو اور اس طریقہ کو زندہ کرو جسے قرآن نے زندہ کیا اور اس طریقے کو ختم کرو جسے قرآن نے ختم کیا ہے اور ہدایت کے راستہ میں ایک دوسرے کے مددگار ہو جاؤ اور تقوی کے کاموں میں ایک دوسرے کے معاون بن جاؤ۔ پس بے شک دنیا تباہی اور بربادی کے دہانے پر ہے اور میں

Marfat.com

تمہیں ہر طرف سے کٹ کر ایک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اور ان کی کتاب پر عمل کرنے، باطل کو ختم کرنے، سنت کو زندہ کرنے کی طرف بلاتا ہوں۔ پس ان کا (یعنی امام سیدی علیہ السلام کا) ظہور اصحابِ بدر کی تعداد کے برابر تین سو تیرہ لوگوں میں ہوگا جو بغیر کسی معینہ وقت کے آئیں گے اور خریف کے پتوں کی طرح دنیا میں بکھرے ہوئے ہوں گے جو رات کے وقت راہبوں کی طرح ہوں گے لیکن دن کے وقت شیروں کی طرح ہوں گے۔ پس اللہ تعالیٰ امام مہدی علیہ السلام کے لئے ارضِ حجاز کو فتح کرے گا اور وہ بنو ہاشم کے نوجوانوں کو اپنے ساتھ جہاد کے لئے نکالیں گے۔ اور وہ سیاہ جھنڈوں کے ساتھ سرزمین کوفہ میں اتریں گے۔ پس اللہ تعالیٰ امام مہدی کو اذنِ بیعت عطا فرمائے گا اور وہ اپنے لشکروں کو پوری دنیا میں پھیلا دیں گے اور ظلم اور ظالموں کو ختم کریں گے۔ پس تمام ممالک ان کے زیر سایہ ہو جائیں گے اور اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھ قسطنطنیہ کو فتح کرے گا۔'' اس حدیث کو امام نعیم بن حماد اور سیوطی نے بیان کیا ہے۔

٣٨/٥٠٦۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْمَهْدِيُّ رَجُلٌ مِنْ وَلَدِي، لَوْنُهُ لَوْنٌ عَرَبِيٌّ، وَجِسْمُهُ جِسْمٌ إِسْرَائِيْلِيٌّ، عَلَى خَدِّهِ الْأَيْمَنِ خَالٌ كَأَنَّهُ كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يَمْلَأُ الْأَرْضَ عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا، يَرْضَى فِي خَلَافَتِهِ أَهْلُ الْأَرْضِ وَأَهْلُ السَّمَاءِ وَالطَّيْرُ فِي الْهَوَاءِ يَمْلِكُ عِشْرِيْنَ سَنَةً. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: امام مہدی میری اولاد میں سے ہوں گے۔ ان کا رنگ عربی اور ان کی جسمانی ساخت بنی اسرائیل کی طرح ہوگی۔ ان کے دائیں رخسار پر تل ہوگا گویا وہ نور افشاں ستارہ ہوں گے۔ وہ زمین کو عدل سے بھر دیں گے جس طرح وہ پہلے ظلم سے بھری ہوئی تھی ان کی خلافت پر اہلِ زمین اور اہلِ آسمان سب راضی ہوں گے اور فضا میں پرندے بھی راضی (خوش) ہوں گے۔''

اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٨: أخرجه الديلمي فى مسند الفردوس، ٤/٢٢١، الرقم: ٦٦٦٧۔

Marfat.com

اَلْبَابُ الثَّامِنُ:

مَنَاقِبُ صَحَابَةِ الرَّسُوْلِ ﷺ

﴿حضور نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کرام ﷺ کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي كَوْنِ قَرْنِ الصَّحَابَةِ رضی اللہ عنہم خَيْرَ الْقُرُوْنِ

﴿صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا زمانہ سب سے بہترین زمانہ ہونے کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي قَوْلِ الرَّسُوْلِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: طُوْبَى لِمَنْ رَآنِي

﴿حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرنے والے مؤمنین کے لئے خوشخبری کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي أَنَّ الصَّحَابَةَ رضی اللہ عنہم أَمَنَةٌ لِأُمَّتِهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت کے لئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا سببِ امان ہونے کا بیان﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي أَمْرِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِالْمُحَافَظَةِ عَلَى أَصْحَابِهِ رضی اللہ عنہم

﴿حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کی عزت وحرمت کی حفاظت کا حکم دینے کا بیان﴾

٥۔ فَصْلٌ فِي التَّوَسُّلِ بِأَصْحَابِهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لِلْفَتْحِ

﴿حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے توسّل سے حصولِ فتح کا بیان﴾

٦۔ فَصْلٌ فِي تَحْرِيْمِ سَبِّ أَصْحَابِهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو برا بھلا کہنے کی حرمت کا بیان﴾

٧۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ أَصْحَابِهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جامع مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي كَوْنِ قَرْنِ الصَّحَابَةِ خَيْرَ الْقُرُوْنِ

﴿صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا زمانہ سب سے بہترین زمانہ ہونے کا بیان﴾

۱/۵۰۷۔ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: خَيْرُ أُمَّتِي قَرْنِي، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، قَالَ عِمْرَانُ: فَلاَ أَدْرِي أَ ذَكَرَ بَعْدَ قَرْنِهِ قَرْنَيْنِ أَوْ ثَلاثًا، ثُمَّ إِنَّ بَعْدَكُمْ قَوْمًا يَشْهَدُوْنَ وَلَا يُسْتَشْهَدُوْنَ وَيَخُوْنُوْنَ وَلَا يُؤْتَمَنُوْنَ وَيَنْذُرُوْنَ وَلَا يُوْفُوْنَ. يُظْهَرُ فِيْهِمُ السِّمَنُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالطَّحَاوِيُّ.

''حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سب سے بہتر میرا زمانہ ہے پھر جو ان کے بعد ہوں گے اور پھر جو ان کے بعد ہوں گے۔ حضرت عمران رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے یاد نہیں کہ آپ ﷺ نے اپنے زمانے کے بعد دو زمانوں کا ذکر فرمایا یا تین زمانوں کا۔ (پھر فرمایا:) پھر تمہارے بعد ایسے لوگ آئیں گے جو گواہی دیں گے حالانکہ ان سے گواہی طلب نہیں کی جائے گی۔ وہ خیانت کریں گے حالانکہ وہ امین نہیں بنائے جائیں گے۔ وہ نذریں مانیں گے مگر پوری نہیں کریں گے اور جسمانی اعتبار سے وہ خوب موٹے تازے ہوں گے۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور طحاوی نے روایت کیا ہے۔

۲/۵۰۸۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: خَيْرُ أُمَّتِي

الحديث رقم ۱: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، ۳/۱۳۳۵، الرقم: ۳٤٥۰، والطحاوی فی شرح معانی الآثار، ٤/۱٥۱، والطيالسی فی المسند، ۱/۱۱۳، الرقم: ۸٤۱، وابن الجعد فی المسند، ۱/۱۹٦ الرقم: ۱۲۸۹.

الحديث رقم ۲: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل الصحابة، ٤/۱۹٦۲، الرقم: ۲٥۳۳، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/٤۰٤، الرقم: ۳۲٤۰، وأبويعلی فی المسند، ۹/٤۰، الرقم: ٥۱۰۳.

Marfat.com

قَرْنُ الَّذِيْنَ يَلُوْنِي ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ. ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ. ثُمَّ يَجِيْئُ قَوْمٌ تَسْبِقُ شَهَادَةُ أَحَدِهِمْ يَمِيْنَهُ وَيَمِيْنُهُ شَهَادَتَهُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان فرمایا: میری امت کے بہترین لوگ اس قرن (یعنی زمانہ) میں ہیں جو میرے قریب ہے، پھر وہ لوگ ہیں جو ان کے قریب ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان کے قریب ہیں، ان کے بعد ایسے لوگ آئیں گے جن میں سے کسی ایک کی گواہی اس کی قسم پر سابق ہوگی اور اس کی قسم اس کی گواہی پر سابق ہوگی (یعنی قسم بھی توڑیں گے اور گواہی کی پرواہ بھی نہیں کریں گے)۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٣/٥٠٩۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: سَأَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم: أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: اَلْقَرْنُ الَّذِي أَنَا فِيْهِ. ثُمَّ الثَّانِي. ثُمَّ الثَّالِثُ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا: (یا رسول اللہ!) کون سے لوگ بہتر ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے بہتر لوگ اس زمانہ کے ہیں جس میں، میں موجود ہوں اس کے بعد دوسرے زمانہ کے اور اس کے بعد تیسرے زمانہ کے۔'' اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٤/٥١٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: خَيْرُ أُمَّتِي قَرْنُ الَّذِيْنَ بُعِثْتُ فِيْهِمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، وَاللهُ أَعْلَمُ أَ ذَكَرَ الثَّالِثَ أَمْ

الحديث رقم ٣: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل الصحابة، ٤/١٩٦٥، الرقم: ٢٥٣٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦/١٥٦، الرقم: ٢٥٢٧٢، وابن أبى شيبة فى المصنف ٦/٤٠٤، الرقم: ٣٢٤٠٩، وابن أبى عاصم فى السنة، ٢/٦٢٩، الرقم: ١٤٧٥.

الحديث رقم ٤: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل الصحابة، ٤/١٩٢٣، الرقم: ٢٥٣٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٢٢٨، الرقم: ٧١٢٣، والشوكاني فى نيل الأوطار، ٩/٢٠٨.

Marfat.com

لَا؟ قَالَ: ثُمَّ يَخْلُفُ قَوْمٌ يُحِبُّوْنَ السِّمَانَةَ. يَشْهَدُوْنَ قَبْلَ أَنْ يُسْتَشْهَدُوْا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت کے بہترین لوگ اس زمانہ کے ہیں جس میں میں مبعوث ہوا ہوں پھر وہ لوگ ہیں جو ان کے قریب ہیں (راوی کا بیان ہے) اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتا ہے کہ آپ ﷺ نے تیسرے زمانہ کا ذکر کیا یا نہیں پھر ایک ایسی قوم آئے گی جو موٹاپا کو پسند کریں گے وہ گواہی طلب کئے جانے سے پہلے گواہی دیں گے۔'' اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٥/٥١١۔ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حَصِيْنٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: خَيْرُ أُمَّتِي قَرْنُ الَّذِيْنَ بُعِثْتُ فِيْهِمْ، ثُمَّ الَّذِيْنُ يَلُوْنَهُمْ، قَالَ: وَلَا أَعْلَمُ أَذَكَرَ الثَّالِثَ أَمْ لَا، ثُمَّ يَنْشَأُ أَقْوَامٌ يَشْهَدُوْنَ وَلَا يُسْتَشْهَدُوْنَ، وَيَخُوْنُوْنَ وَلَا يُؤْتَمَنُوْنَ، وَيَفْشُوْ فِيْهِمُ السِّمَنُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عمران بن حصین ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت میں میرے زمانۂ بعثت کے لوگ بہتر ہیں پھر ان سے متصل زمانہ کے لوگ بہتر ہیں۔ راوی کہتے ہیں مجھے معلوم نہیں کہ تیسرے زمانہ کا ذکر فرمایا یا نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو بغیر طلب کئے گواہی دیں گے، امانت میں خیانت کریں گے اور ان میں موٹاپا عام ہوگا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، ابوداود اور احمد نے روایت کیا ہے۔ اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

الحديث رقم ٥: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في القرن الثالث، ٤/٥٠٠، الرقم: ٢٢٢٢، وأبوداود فى السنن، كتاب: السنة، باب: في فضل أصحاب رسول الله ﷺ، ٤/٢١٤، الرقم: ٤٦٥٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٤٤٠، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/١٢٣، الرقم: ٦٧٢٩.

Marfat.com

٥١٢/٦۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَوَلَةَ ﷺ قَالَ: بَيْنَا أَنَا أَسِيْرُ بِالْأَهْوَازِ إِذَا بِرَجُلٍ يَسِيْرُ بَيْنَ يَدَيَّ عَلَى بَغْلٍ أَوْ بَغْلَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ، قَدْ ذَهَبَ قَرْنِي مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ فَأَلْحِقْنِي بِهِمْ فَقُلْتُ: وَأَنَا أَدْخُلُ فِي دَعْوَتِکَ قَالَ: وَصَاحِبِي هَذَا إِنْ أَرَادَ ذَلِکَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: خَيْرُ أُمَّتِي قَرْنِي مِنْهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، فَلَا أَدْرِي أَ ذَکَرَ الثَّالِثَ أَمْ لَا؟ ثُمَّ يَخْلُفُ قَوْمٌ يَظْهَرُ فِيْهِمُ السِّمَنُ، يَهَرِيْقُوْنَ الشَّهَادَةَ وَلَا يَسْأَلُوْنَهَا. وَإِذَا هُوَ بُرَيْدَةُ الْأَسْلَمِيُّ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت عبداللہ بن مَوَلہ ﷺ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب میں اہواز میں چل رہا تھا تو اچانک میں نے اپنے سامنے خچر پر سوار ایک آدمی دیکھا، وہ کہہ رہا تھا: اے اللہ، میرے زمانے کے لوگ اس امت سے جا چکے ہیں۔ اے اللہ، مجھے بھی ان سے ملا دے۔ میں نے کہا: میں بھی تمہاری دعا میں داخل ہونا چاہتا ہوں تو وہ آدمی کہنے لگا اور میرا یہ دوست بھی (یعنی اسے بھی ان سے ملا دے) اگر یہ اسی طرح کا ارادہ رکھتا ہے۔ اس نے کہا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے بہترین زمانہ، میرا زمانہ ہے۔ پھر ان لوگوں کا زمانہ بہتر ہے جو میرے زمانہ کے ساتھ ملے ہوئے ہیں پھر ان لوگوں کا زمانہ بہتر ہے جو اس کے ساتھ ملے ہوئے ہیں۔ روای کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے تیسری مرتبہ ایسا فرمایا یا نہیں (مجھے یاد نہیں) پھر ان کے بعد ایسی قوم آئے گی جن میں موٹاپا بہت زیادہ پایا جائے گا وہ شہادت کے لئے خون بہائیں گے لیکن اس کی تمنا نہیں کریں گے (راوی کہتے ہیں) جب میں نے (قریب جا کر) دیکھا تو وہ شخص (صحابی رسول ﷺ) حضرت بریدہ اسلمی ﷺ تھے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥/٣٥٠، الرقم: ٢٣٠١٠، وأبويعلى في المسند، ١٣/٤١٦، الرقم: ٨٤٢٠، والطيالسي في المسند، ١/٣٩ الرقم: ٢٩٩.

Marfat.com

٧/٥١٣۔ عَنْ بِنْتِ أَبِي جَهْلٍ قَالَتْ: مَرَّ بِنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَاسْتَسْقَى فَقُمْتُ إِلَى كُوْزٍ فَسَقَيْتُهُ، فَسَأَلَهُ رَجُلٌ عَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَخْضَرَانِ فَقَالَ: تَعْبُدُ اللهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيْمُ الصَّلَاةَ وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ. قَالَ: ثُمَّ قَالَ: خَيْرُ أُمَّتِي قَرْنِي، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالشَّيْبَانِيُّ.

''بنت ابی جہل سے روایت ہے کہ ایک دفعہ حضور نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس سے گزرے اور پینے کے لئے پانی طلب فرمایا: میں آپ ﷺ کے لئے ایک پیالے میں پانی لے کر آئی اتنے میں ایک آدمی جس نے دو سبز رنگ کے کپڑے پہنے تھے آپ ﷺ سے کچھ پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو۔ راوی کہتے ہیں پھر آپ ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے بہترین میرے زمانہ کے لوگ ہیں پھر وہ جو اس کے ساتھ ملے ہوئے ہیں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی اور شیبانی نے روایت کیا ہے۔

٨/٥١٤۔ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: خَيْرُ أُمَّتِي قَرْنُ الَّذِيْنَ بُعِثْتُ فِيْهِمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت سمرہ بن جندب ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے بہترین زمانہ وہ ہے جس زمانہ میں، میں ان کی طرف مبعوث ہوا پھر ان کا زمانہ جو اس کے ساتھ ملے ہوئے ہیں اور پھر ان کا زمانہ جو اِن کے ساتھ ملے ہوئے ہیں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٧: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٢٤/٢٥٨، الرقم: ٢٥٨، والشيبانی فی الآحاد والمثاني، ٥/٧٣، الرقم:٣١٦٩، والعسقلاني فی الإصابة، ٧/٥٥٩، الرقم: ١٠٩٧٤۔

الحديث رقم ٨: أخرجه الطبرانی فی المعجم الصغير، ١/٧٦، الرقم: ٩٦، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ١٠/١٩۔

Marfat.com

٩/٥١٥۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: خَيْرُ قَرْنٍ: اَلْقَرْنُ الَّذِي أَنَا فِيْهِ، ثُمَّ الثَّانِيْ، ثُمَّ الثَّالِثُ، ثُمَّ الرَّابِعُ، فَلاَ يَعْبَأُاللهُ بِهِمْ شَيْئًا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عمر بن الخطاب ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بہترین زمانہ وہ ہے جس زمانہ میں، میں موجود ہوں پھر دوسرا پھر تیسرا پھر چوتھا۔ پس اللہ تعالیٰ ان کی ذرّہ برابر پرواہ نہیں کرے گا۔'' اس حدیث کو امام طبرانی اور ابو نعیم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٩: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ٣: ٣٢٩، الرقم: ٣٤٢٥، وفی المعجم الصغير، ١/٢٢٠، الرقم: ٣٥٢، وأبونعيم فی حلية الأولياء، ٤/١٧٢، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ١٠/١٩۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي قَوْلِ الرَّسُوْلِ ﷺ: طُوْبَى لِمَنْ رَآنِي

﴿حضور نبی اکرم ﷺ کی زیارت کرنے والے مؤمنین کے لئے خوشخبری کا بیان﴾

٥١٦/١٠۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَا تَمَسُّ النَّارُ مُسْلِمًا رَآنِي أَوْ رَآى مَنْ رَآنِي. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اس مسلمان کو جہنم کی آگ ہرگز نہیں چھوئے گی جس نے مجھے دیکھا یا مجھے دیکھنے والے (یعنی میرے صحابی) کو دیکھا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور اسے حسن کہا ہے۔

٥١٧/١١۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: طُوْبَى لِمَنْ رَآنِي وَآمَنَ بِي وَطُوْبَى ثُمَّ طُوْبَى لِمَنْ آمَنَ بِي وَلَمْ يَرَنِي. رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھے حالتِ ایمان میں دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا اس کے لئے خوشخبری ہے اور اس کے لئے دوبار خوشخبری ہے جو مجھ پر بن دیکھے ایمان لایا۔''

اس حدیث کو امام ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

٥١٨/١٢۔ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا تَزَالُوْنَ بِخَيْرٍ مَا دَامَ فِيْكُمْ مَنْ رَآنِي وَصَاحَبَنِي، وَاللهِ، لَا تَزَالُوْنَ بِخَيْرٍ مَا

الحديث رقم ١٠: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی فضل من رأى النبی ﷺ، ٥/٦٩٤، الرقم: ٣٨٥٨۔
الحديث رقم ١١: أخرجه ابن حبان فی الصحيح، ١٦/٢١٣، الرقم: ٧٢٣٠۔
الحديث رقم ١٢: أخرجه ابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/٤٠٥، الرقم: ٣٢٤١٧۔

Marfat.com

دَامَ فِيْكُمْ مَنْ رَأَى مَنْ رَأَنِي وَصَاحَبَ مَنْ صَاحَبَنِي. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت واثلہ بن اسقع ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: خدا کی قسم! تم اس وقت تک بھلائی میں رہو گے جب تک تمہارے درمیان وہ شخص باقی ہے جس نے مجھے (حالتِ ایمان میں) دیکھا اور میری صحبت اختیار کی۔ (پھر فرمایا:) خدا کی قسم! تم اس وقت تک بھلائی میں رہو گے جب تک تم میں وہ شخص باقی ہے جس نے اسے دیکھا جس نے مجھے دیکھا اور اس کی صحبت کو اختیار کیا جس نے میری صحبت کو اختیار کیا (یعنی میرے صحابہ اور تابعین)۔'' اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

١٣/٥١٩۔ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُهَنِيِّ ﷺ قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ طَلَعَ رَاكِبَانِ فَلَمَّا رَأَهُمَا قَالَ: كِنْدِيَانِ مُذْحَجِيَّانِ، حَتّٰى أَتَيَاهُ فَإِذَا رِجَالٌ مِنْ مُذْحِجٍ قَالَ: فَدَنَا إِلَيْهِ ﷺ أَحَدُهُمَا لِيُبَايِعَهُ، فَلَمَّا أَخَذَ بِيَدِهِ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ، أَرَأَيْتَ مَنْ رَآكَ وَآمَنَ بِكَ وَاتَّبَعَكَ وَصَدَّقَكَ مَاذَا لَهُ؟ قَالَ: طُوْبَى لَهُ. قَالَ: فَمَسَحَ عَلَى يَدِهِ فَانْصَرَفَ، ثُمَّ أَقْبَلَ الْآخَرُ حَتّٰى أَخَذَ بِيَدِهِ لِيُبَايِعَهُ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَرَأَيْتَ مَنْ آمَنَ بِكَ، وَاتَّبَعَكَ، وَصَدَّقَكَ، وَلَمْ يَرَكَ، مَاذَا لَهُ؟ قَالَ: طُوْبَى لَهُ، ثُمَّ طُوْبَى لَهُ. قَالَ: فَمَسَحَ عَلَى يَدِهِ فَانْصَرَفَ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبدالرحمٰن جہنی ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس تھے اس دوران دو گھوڑ سوار نمودار ہوئے پس جب حضور نبی اکرم ﷺ نے دور سے انہیں دیکھا تو فرمایا: دو کندی مذحجی (قبیلے کا نام) ہیں یہاں تک کہ جب وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس آئے تو وہ مذحج سے آئے تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ ان میں سے ایک حضور نبی اکرم ﷺ کے قریب ہوا تاکہ آپ ﷺ کی بیعت کر سکے پس جب حضور نبی اکرم ﷺ نے اس کا ہاتھ پکڑا تو وہ آدمی

الحديث رقم ١٣: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٤/١٥٢، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٢/٢٨٩، الرقم: ٧٤٢.

Marfat.com

کہنے لگا: یا رسول اللہ! آپ کی کیا رائے ہے اس شخص کے بارے جس نے آپ کو دیکھا اور آپ پر ایمان لایا اور آپ کی تصدیق کی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے لئے مبارکباد ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ پھر آپ ﷺ نے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ پھیرا۔ وہ آدمی چلا گیا اور دوسرا آدمی آگے بڑھا یہاں تک کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اس کا ہاتھ کو پکڑا تا کہ اسے بیعت کرسکیں تو وہ آدمی عرض کرنے لگا: یا رسول اللہ! آپ کی کیا رائے ہے اس شخص کے بارے میں جو آپ کی اتباع اور تصدیق کرے آپ کی زیارت نہ کی ہو۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اسے دو دفعہ مبارکباد ہو۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ پھر آپ ﷺ نے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ پھیرا پھر وہ آدمی وہاں سے چل دیا۔'' اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٤/٥٢٠۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، اغْفِرْ لِلصَّحَابَةِ وَلِمَنْ رَأَى مَنْ رَآنِي قَالَ: قُلْتُ: وَمَا قَوْلُهُ وَلِمَنْ رَأَى؟ قَالَ: مَنْ رَأَى مَنْ رَآهُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے میرے اللہ! میرے صحابہ کو بخش دے اور اسے بھی بخش دے جس نے انہیں دیکھا جنہوں نے مجھے دیکھا۔ راوی کہتے ہیں میں نے کہا: حضور نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان ''ولمن رأنی'' (اور جس نے مجھے دیکھا) سے کیا مراد ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: اس سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے انہیں (یعنی صحابہ اکرام کو) دیکھا (یعنی تابعین کرام)۔''

اس حدیث کو امام طبرانی اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٤: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٦/١٦٦، الرقم: ٥٨٧٤، وأبونعيم فی حلية الأولياء، ٣/٢٥٤۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّ الصَّحَابَةَ ﷺ أَمَنَةٌ لِأُمَّتِهِ ﷺ

﴿حضور ﷺ کی اُمت کے لئے صحابہ کرام ﷺ سببِ امان ہونے کا بیان﴾

١٥/٥٢١۔ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: صَلَّيْنَا الْمَغْرِبَ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، ثُمَّ قُلْنَا: لَوْ جَلَسْنَا حَتّٰى نُصَلِّيَ مَعَهُ الْعِشَاءَ. قَالَ: فَجَلَسْنَا فَخَرَجَ عَلَيْنَا فَقَالَ: مَا زِلْتُمْ هَهُنَا؟ قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، صَلَّيْنَا مَعَکَ الْمَغْرِبَ، ثُمَّ قُلْنَا: نَجْلِسُ حَتّٰى نُصَلِّيَ مَعَکَ الْعِشَاءَ. قَالَ: أَحْسَنْتُمْ أَوْ أَصَبْتُمْ قَالَ: فَرَفَعَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ وَکَانَ کَثِيْرًا مِمَّا يَرْفَعُ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ. فَقَالَ: اَلنُّجُوْمُ أَمَنَةٌ لِلسَّمَاءِ فَإِذَا ذَهَبَتِ النُّجُوْمُ أَتَى السَّمَاءَ مَا تُوْعَدُ، وَأَنَا أَمَنَةٌ لِأَصْحَابِي فَإِذَا ذَهَبْتُ أَنَا أَتَى أَصْحَابِي مَا يُوْعَدُوْنَ، وَأَصْحَابِي أَمَنَةٌ لِأُمَّتِي، فَإِذَا ذَهَبَ أَصْحَابِي أَتَى أُمَّتِي مَا يُوْعَدُوْنَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوبردہ ﷺ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ نمازِ مغرب پڑھی پھر ہم نے سوچا کہ اگر ہم یہیں بیٹھے رہیں یہاں تک کہ عشاء بھی آپ ﷺ کے ساتھ پڑھیں (تو یہ بہتر ہو گا) وہ کہتے ہیں کہ ہم بیٹھے رہے پھر آپ ﷺ باہر تشریف لائے اور فرمایا: تم ابھی تک یہیں ہو؟ ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم نے آپ کے ساتھ مغرب کی نماز ادا کی اور پھر ہم نے سوچا کہ ہم یہیں بیٹھے رہیں تاکہ عشاء کی نماز بھی آپ کے ساتھ پڑھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے بہت اچھا کیا یا فرمایا: تم نے ٹھیک کیا۔ پھر آپ ﷺ نے اپنا سر مبارک آسمان کی طرف اٹھایا اور آپ ﷺ اکثر چہرۂ

الحديث رقم ١٥: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: بيان أن بقاء النبی أمان لأصحابه وبقاء أصحابه أمان للأمة، ٤/١٩٦١، الرقم: ٢٥٣١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/٣٩٨، وأبويعلى فی المسند، ١٣/٢٦٠، الرقم: ٧٢٧٦.

Marfat.com

اقدس آسمان کی طرف اٹھاتے تھے، پھر فرمایا: تارے آسمان کے لئے بچاؤ ہیں اور جب تارے ختم ہو جائیں گے تو جس چیز کا وعدہ کیا گیا ہے وہ (یعنی قیامت) آسمان پر آ جائے گی اور میں اپنے صحابہ کے لئے ڈھال ہوں اور جب میں چلا جاؤں گا تو میرے صحابہ پر بھی وہ وقت آئے گا جس کا ان سے وعدہ ہے اور میرے صحابہ میری امت کے لیے امان ہیں اور جب میرے صحابہ چلے جائیں گے تو میری امت پر وہ وقت آئے گا جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٦/٥٢٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ أَصْحَابِي يَمُوْتُ بِأَرْضٍ إِلَّا بُعِثَ قَائِدًا وَنُوْرًا لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابو بریدہ ﷺ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ میں سے جو صحابی زمین کے کسی خطے پر فوت ہوگا تو قیامت کے دن اس خطۂ زمین کے لوگوں کے لئے نور اور رہنما بن کر اٹھے گا۔'' اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔

١٧/٥٢٣۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُلْتَمَسَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِي كَمَا تُلْتَمَسُ أَوْ تُبْتَغَى الضَّالَّةُ فَلَا تُوْجَدُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت علی بن ابی طالب ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک میرے صحابہ ﷺ میں سے کسی آدمی کو اس طرح نہ ڈھونڈا جائے جس طرح گمشدہ چیز کو تلاش کیا جاتا ہے لیکن وہ نہیں ملتی۔''

اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

١٨/٥٢٤۔ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

الحديث رقم ١٦: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فيمن سبّ أصحاب النبي ﷺ، ٥/٦٩٧، الرقم: ٣٨٦٥.

الحديث رقم ١٧: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١/٨٩، الرقم: ٦٧٥، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٥٢، الرقم: ٦٩.

الحديث رقم ١٨: أخرجه ابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٤٠٤، الرقم: ٣٢٤٠٦.

Marfat.com

أَصْحَابِي أَمَنَةٌ لِأُمَّتِي فَإِذَا ذَهَبَ أَصْحَابِي أَتَى أُمَّتِي مَا يُوْعَدُوْنَ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت ابوبردہ ﷺ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ میری امت کے لئے امان ہیں اور جب میرے صحابہ چلے جائیں گے تو میری امت پر وہ وقت آئے گا جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٥٢٥/١٩۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَثَلُ أَصْحَابِي مَثَلُ النُّجُوْمِ يُهْتَدى بِهَا فَأَيُّهُمْ أَخَذْتُمْ بِقَوْلِهِ اهْتَدَيْتُمْ.

رَوَاهُ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کی مثال ستاروں کی طرح ہے۔ جن سے راستے کی تلاش کی جاتی ہے پس تم میرے صحابہ ﷺ میں سے جس کے قول کو بھی پکڑو گے ہدایت پا جاؤ گے۔''

اس حدیث کو امام عبد بن حمید نے روایت کیا ہے۔

٥٢٦/٢٠۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: سَأَلْتُ رَبِّي فِيْمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ أَصْحَابِي مِنْ بَعْدِي، فَأَوْحَى إِلَيَّ: يَا مُحَمَّدُ إِنَّ أَصْحَابَکَ عِنْدِي بِمَنْزِلَةِ النُّجُوْمِ فِي السَّمَاءِ بَعْضُهَا أَضْوَءُ مِنْ بَعْضٍ، فَمَنْ أَخَذَ بِشَيءٍ مِمَّا هُمْ عَلَيْهِ مِنْ اِخْتِلَافِهِمْ فَهُوَ عِنْدِي عَلَى هُدًى. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت عمر بن خطاب ﷺ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے پروردگار سے اپنے صحابہ کے اُس اختلاف کے بارے میں پوچھا جو میرے بعد ہوگا تو مجھ پر وحی کی گئی: اے محمد! آپ کے اصحاب میرے نزدیک ستاروں

الحديث رقم ١٩: أخرجه عبد بن حميد في المسند، ١/ ٢٥٠، الرقم: ٧٨٣.

الحديث رقم ٢٠: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ٢/ ٣١٠، الرقم: ٣٤٠٠.

Marfat.com

کی مانند ہیں۔ بعض بعض سے روشنی میں افضل ہیں اور (ان میں سے) ہر ایک کو (ہدایت کی) روشنی حاصل ہے، پس جس نے ان کے اختلاف میں سے ہیں کچھ لے لیا (یعنی کسی بھی صحابی کے قول وفعل کو اچھا سمجھ کر اس پر عمل کیا) تو وہ میرے نزدیک ہدایت پر ہے۔"

اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَمْرِ النَّبِيِّ ﷺ بِالْمُحَافَظَةِ عَلَى أَصْحَابِهِ رضي الله عنهم

﴿حضور ﷺ کا اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کی عزت وحرمت کی حفاظت کا حکم دینے کا بیان﴾

٢١/٥٢٧۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رضي الله عنه قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رضي الله عنه بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَامَ فِيْنَا مِثْلَ مُقَامِي فِيْكُمْ، فَقَالَ: احْفَظُوْنِي فِي أَصْحَابِي ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُوْ الْكَذِبُ، حَتَّى يَشْهَدَ الرَّجُلُ وَمَا يُسْتَشْهَدُ وَيَحْلِفُ وَمَا يُسْتَحْلَفُ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جابیہ کے مقام پر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا کہ حضور نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان اس طرح تشریف فرما تھے جیسے میں تمہارے درمیان کھڑا ہوں اور فرمایا: میرے صحابہ کا خیال رکھنا اور پھر جو ان کے بعد لوگ ہوں گے، ان کا، اور پھر جو ان کے بعد ہوں گے۔ پھر جھوٹ عام ہوجائے گا حتیٰ کہ ایک شخص خود بخود گواہی دے گا حالانکہ اس سے گواہی نہیں لی جائے گی اور وہ قسم کھائے گا حالانکہ اس سے قسم نہیں لی جائے گی۔'' اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٢٢/٥٢٨۔ عَنِ الْحَسَنِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِأَصْحَابِهِ: أَنْتُمْ فِي النَّاسِ كَالْمِلْحِ فِي الطَّعَامِ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ الْحَسَنُ: وَلَا يَطِيْبُ الطَّعَامُ إِلَّا بِالْمِلْحِ، ثُمَّ يَقُوْلُ الْحَسَنُ: كَيْفَ بِقَوْمٍ ذَهَبَ مِلْحُهُمْ.

الحديث رقم ٢١: أخرجه ابن ماجه فى السنن، المقدمة، كتاب: الأحكام، باب: كراهية الشهادة لمن لم يستشهد، ٢/٧٩١، الرقم: ٢٣٦٣، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ١/١٩٣، الرقم: ٩٨.

الحديث رقم ٢٢: أخرجه ابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٤٠٤، الرقم: ٣٢٤٠٥، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ١/٥٩، الرقم: ١٧، وابن المبارك فى الزهد، ١/٢٠٠، الرقم، ٥٧٢.

Marfat.com

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَحْمَدُ.

''حضرت حسن ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے صحابہ کرام ﷺ سے فرمایا: تم لوگوں میں ایسے ہو جیسے کھانے میں نمک ہوتا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت حسن ﷺ نے کہا کہ نمک کے بغیر کھانا اچھا نہیں ہوتا پھر حضرت حسن ﷺ نے کہا: اس قوم کا کیا حال ہوگا جس کا نمک ہی چلا گیا۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٢٣/٥٢٩۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ ﷺ قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ﷺ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ: قَامَ فِينَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ الْيَوْمَ فَقَالَ: أَلاَ أَحْسِنُوْا إِلَى أَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ..... الحديث.

رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت جابر بن سمرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب ﷺ نے جابیہ کے مقام پر ہم سے خطاب کیا اور فرمایا کہ ایک دن حضور نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور فرمایا: خبردار! میرے صحابہ سے اچھا سلوک کرنا اور پھر جو ان کے بعد آئیں گے..... آگے طویل حدیث ہے۔'' اس حدیث کو امام ابن حبان، حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٢٤/٥٣٠۔ عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ جَابِرٍ ﷺ قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ ﷺ بِبَابِ الْجَابِيَةِ فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَامَ فِينَا ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا اللهَ فِي أَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ اتَّقُوا الْكَذِبَ وَشَهَادَاتِ الزُّوْرِ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت قبیصہ بن جابر ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت عمر ﷺ نے جابیہ کے

الحديث رقم ٢٣: أخرجه ابن حبان فى الصحيح، ١٠/٤٣٦، الرقم: ٤٥٧٦، والحاكم في المستدرك، ١/١٩٨، الرقم: ٣٨٨، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٣/٢٠٤، الرقم: ٢٩٢٩، وفى المعجم الصغير، ١/٥٨، الرقم: ٢٤٥.

الحديث رقم ٢٤: أخرجه ابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٤٠٤، الرقم: ٢٣٤١٢.

Marfat.com

دروازے پر ہمیں خطاب کیا اور فرمایا: بے شک حضور نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان قیام فرما ہوئے اور فرمایا: اے لوگو! میرے صحابہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا، پھر جو ان کے بعد ہوں گے اور پھر جو ان کے بعد ہوں گے، پھر جھوٹ اور جھوٹی شہادتوں سے بچنا۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٢٥/٥٣١۔ عَنْ عُمَرَ رضي الله عنه قَالَ: قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَقَالَ: أَحْسِنُوْا إِلَى أَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، مَنْ أَحَبَّ بَحْبُوْحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَأَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ. رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کے ساتھ بھلائی کرو، پھر جو ان کے بعد ہوں گے، اور پھر جو ان کے بعد ہوں گے۔ جو شخص جنت کے وسط میں گھر بنانا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ وہ جماعت کو لازم پکڑے۔ اور جس کو اس کی نیکی خوشی میں ڈال دے اور اس کی برائی اس کو پریشانی میں مبتلا کردے وہ حقیقی مومن ہے۔'' اس حدیث کو امام بزار اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔

٢٦/٥٣٢۔ عَنْ ثَوْبَانَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِذَا ذُكِرَ أَصْحَابِي فَأَمْسِكُوْا، وَإِذَا ذُكِرَتِ النُّجُوْمُ فَأَمْسِكُوْا، وَإِذَا ذُكِرَ الْقَدَرُ فَأَمْسِكُوْا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب میرے صحابہ کا ذکر کیا جائے تو خاموش ہو جاؤ، جب ستاروں کا ذکر کیا جائے تو خاموش ہوجاؤ اور جب قدر کا ذکر کیا جائے تو بھی خاموش ہو جاؤ۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٥: أخرجه البزار فى المسند، ١/٢٦٩، الرقم: ١٦٦، وابن أبى عاصم فى السنة، ٢/٦٣١، الرقم: ١٤٨٩۔

الحديث رقم ٢٦: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ٢/٩٦، الرقم: ١٤٢٧۔

Marfat.com

٥٣٣ / ٢٧۔ عَنْ قَتَادَةَ ﷺ قَالَ: سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ رضي الله عنهما هَلْ كَانَ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ يَضْحَكُوْنَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَالإِيْمَانُ فِي قُلُوْبِهِمْ أَعْظَمُ مِنَ الْجِبَالِ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ.

وفي رواية: عَنْ عُمَرَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: احْفَظُوْنِي فِي أَصْحَابِي، فَإِنَّهُمْ خِيَارُ أُمَّتِي. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَالْقُضَاعِيُّ.

''حضرت قتادہ ﷺ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ کیا اصحابِ رسول ﷺ مسکراتے تھے۔ تو انہوں نے فرمایا: ہاں اور ایمان ان کے دلوں میں پہاڑوں سے بھی بڑا تھا۔'' اس حدیث کو امام ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں حضرت عمر ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کے بارے میں میرا لحاظ کرنا کیونکہ وہ میری امت کے بہترین لوگ ہیں۔''

اس حدیث کو امام ابونعیم اور قضاعی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٧: أخرجه أبونعيم فى حلية الأولياء، ١ / ٣١١، والقضاعي في مسند الشهاب، ١ / ٤١٨، الرقم: ٧٢٠.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي التَّوَسُّلِ بِأَصْحَابِهِ ﷺ لِلْفَتْحِ

﴿حضور ﷺ کے صحابہ کرام ﷺ کے توسّل سے حصولِ فتح کا بیان﴾

٢٨/٥٣٤۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُوْ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ فَيُقَالُ: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَاحَبَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُوْ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ فَيُقَالُ: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَاحَبَ أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُوْ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ فَيُقَالُ: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَاحَبَ مَنْ صَاحَبَ أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جب لوگوں کی ایک بڑی جماعت جہاد کرے گی تو ان سے پوچھا جائے گا کیا تم میں سے کوئی ایسا شخص ہے جو رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں رہا ہو؟ پس وہ لوگ کہیں گے: ہاں، تو انہیں فتح حاصل ہو جائے گی۔ پھر لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ جب لوگوں کی ایک بڑی جماعت جہاد کرے گی تو ان سے پوچھا جائے گا کیا تم میں کوئی ایسا شخص ہے کہ جس نے رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کی صحبت پائی ہو؟ تو وہ کہیں گے: ہاں، تو پھر انہیں فتح حاصل ہو جائے گی۔ پھر لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ ایک کثیر جماعت جہاد کرے گی تو ان سے پوچھا جائے گا: کیا تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص ہے جس نے رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کی صحبت

الحديث رقم ٢٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، ٣/١٣٣٥، الرقم: ٣٤٤٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل الصحابة ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم، ٤/١٩٦٢، الرقم: ٢٥٣٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٧، الرقم: ١٠٥٦، وابن حبان فی الصحيح، ١١/٨٦، الرقم: ٤٧٦٨.

Marfat.com

پانے والوں کی صحبت پائی ہو؟ تو وہ کہیں گے کہ ہاں! تو انہیں فتح دے دی جائے گی۔''
یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٥٣٥/٢٩۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَغْزُوْنَ فَيُقَالُ: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَحِبَ الرَّسُوْلَ ﷺ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ ثُمَّ يَغْزُوْنَ فَيُقَالُ لَهُمْ: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَحِبَ مَنْ صَحِبَ الرَّسُوْلَ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ وہ جہاد کریں گے تو انہیں کہا جائے گا کہ کیا تم میں کوئی ایسا شخص بھی ہے جس نے رسول اللہ ﷺ کی صحبت پائی ہو؟ وہ کہیں گے کہ ہاں، تو انہیں فتح حاصل ہو جائے گی۔ پھر وہ جہاد کریں گے تو ان سے کہا جائے گا کہ تم میں کوئی ایسا شخص ہے جس نے رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کی صحبت پائی ہو؟ وہ کہیں گے: جی ہاں! تو انہیں فتح حاصل ہو جائے گی۔'' اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٥٣٦/٣٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يُبْعَثُ مِنْهُمُ الْبَعْثُ فَيَقُوْلُوْنَ: انْظُرُوْا هَلْ تَجِدُوْنَ فِيْكُمْ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ؟ فَيُوْجَدُ الرَّجُلُ فَيُفْتَحُ لَهُمْ بِهِ، ثُمَّ يُبْعَثُ الْبَعْثُ الثَّانِيُّ فَيَقُوْلُوْنَ: هَلْ فِيْهِمْ مَنْ رَأَى أَصْحَابَ النَّبِيِّ ﷺ؟ فَيُفْتَحُ لَهُمْ بِهِ ثُمَّ يُبْعَثُ الْبَعْثُ الثَّالِثُ، فَيُقَالُ: انْظُرُوْا هَلْ تَرَوْنَ فِيْهِمْ مَنْ رَأَى أَصْحَابَ النَّبِيِّ ﷺ؟ ثُمَّ يَكُوْنُ الْبَعْثُ الرَّابِعُ فَيُقَالُ: انْظُرُوْا

الحديث رقم ٢٩: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المناقب، باب: علامات النبوة فى الإسلام، ٣/١٣١٦، الرقم: ٣٣٩٩۔
الحديث رقم ٣٠: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل الصحابة ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم، ٤/١٩٦٢، الرقم: ٢٥٣٢، وأبويعلى فى المسند، ٢/٢٦٣، الرقم: ٩٧٣۔

Marfat.com

هَلْ تَرَوْنَ فِيهِمْ أَحَدًا رَأَى مَنْ رَأَى أَحَدًا رَأَى أَصْحَابَ النَّبِيِّ ﷺ؟ فَيُوْجَدُ الرَّجُلُ فَيُفْتَحُ لَهُمْ بِهِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جس میں وہ ایک لشکر کو جنگ کے لئے روانہ کریں گے، لوگ کہیں گے کہ دیکھو ان میں حضور نبی اکرم ﷺ کا کوئی صحابی بھی ہے؟ پھر ایک شخص مل جائے گا اور انہیں اس کی برکت سے فتح حاصل ہوجائے گی، پھر ایک دوسرا لشکر روانہ کیا جائے گا لوگ کہیں گے: کیا ان میں کوئی ایسا شخص ہے جس نے حضور نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کو دیکھا ہو؟ پھر اس کی برکت سے انہیں فتح حاصل ہوجائے گی، پھر ایک تیسرا لشکر روانہ کیا جائے گا اور یہ کہا جائے گا دیکھو کیا ان میں کوئی ایسا شخص ہے جس نے حضور نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کو دیکھنے والے کو دیکھا ہو، پھر ایک چوتھا لشکر روانہ کیا جائے گا پھر کہا جائے گا دیکھو تم ان میں سے کوئی ایسا شخص دیکھتے ہو، جس نے حضور نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کے دیکھنے والوں میں سے کسی ایک شخص کو دیکھا ہو پھر ایک شخص مل جائے گا اور اس کی برکت سے فتح حاصل ہو جائے گی۔''

اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

٥٣٧ / ٣١۔ عَنْ جَابِرٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: ثُمَّ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَخْرُجُ الْجَيْشُ مِنْ جُيُوْشِهِمْ فَيُقَالُ: هَلْ أَحَدٌ صَحِبَ مُحَمَّدًا ﷺ فَتَسْتَنْصِرُوْنَ بِهِ فَتَنْتَصِرُوْا؟ ثُمَّ يُقَالُ: مَنْ صَحِبَ مُحَمَّدًا ﷺ؟ فَيُقَالُ: لَا. فَمَنْ صَحِبَ أَصْحَابَهُ؟ فَيُقَالُ: لَا. فَيُقَالُ: مَنْ رَأَى مَنْ صَحِبَ أَصْحَابَهُ؟ فَلَوْ أُسْمِعُوْا بِهِ مِنْ وَرَاءِ الْبَحْرِ لَأَتَوْهُ. رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى.

''حضرت جابر ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ضرور بالضرور لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ ان کے لشکروں میں سے ایک لشکر جہاد کے لئے نکلے گا پس

الحديث رقم ٣١: أخرجه أبويعلى فى المسند، ٤ / ١٣٢، الرقم: ٢١٧٢، وعبد بن حميد في المسند، ١ / ٣١٣، الرقم: ١٠٢٠، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠ / ١٨۔

Marfat.com

کہا جائے گا کہ کیا کوئی حضور نبی اکرم ﷺ کا صحابی ہے؟ جس کے ذریعے تم نصرت طلب کرو تو فتح یاب ہو جاؤ، پھر کہا جائے گا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا صحابی کون ہے؟ کہا جائے گا کوئی نہیں۔ پھر کہا جائے گا کوئی تابعی ہے؟ کہا جائے گا کوئی نہیں۔ پھر کہا جائے گا کوئی تبع تابعی ہے؟ کہا جائے گا کوئی نہیں ہے اور اگر وہ اس کے متعلق سمندر کے اس پار سے اس کے بارے میں سنتے تو ضرور اس کے پاس آ جاتے۔'' اسے امام ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي تَحْرِيْمِ سَبِّ أَصْحَابِهِ ﷺ

﴿حضور ﷺ کے صحابہ کرام ﷺ کو برا بھلا کہنے کی حرمت کا بیان﴾

٣٢/٥٣٨۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَا تَسُبُّوْا أَصْحَابِي. فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ أَحَدِهِمْ، وَلَا نَصِيْفَهُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کو برا مت کہو۔ اگر تم میں سے کوئی اُحد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کردے تو پھر بھی وہ ان میں سے کسی ایک کے سیر بھر یا اس سے آدھے کے برابر بھی نہیں پہنچ سکتا۔''

اسے امام بخاری، ترمذی اور ابوداود نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٣٣/٥٣٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا تَسُبُّوْا أَصْحَابِي لَا تَسُبُّوْا أَصْحَابِي، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا أَدْرَكَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيْفَهُ.

الحديث رقم ٣٢: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: قول النبي ﷺ لو كنت متخذًا خليلاً، ٣/١٣٤٣، الرقم: ٣٤٧٠، والترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: (٥٩)، ٥/٦٩٥، الرقم: ٣٨٦١، وأبوداود فى السنن، كتاب: السنة، باب: في النهى عن سبّ أصحاب رسول الله ﷺ، ٤/٢١٤، الرقم: ٤٦٥٨.

الحديث رقم ٣٣: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: تحريم سبّ الصحابة، ٤/١٩٦٧، الرقم: ٢٥٤٠، وابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فضل أهل بدر، ١/٥٧، الرقم: ١٦١، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/٨٤، الرقم: ٨٣٠٨، وابن حبان فى الصحيح، ١٦/٢٣٨، الرقم: ٧٢٥٣.

Marfat.com

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کو برا مت کہو، میرے صحابہ کو برا مت کہو۔ پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر تم میں سے کوئی اُحد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کردے تو پھر بھی وہ ان میں سے کسی ایک کے سیر بھر یا اس سے آدھے کے برابر بھی نہیں پہنچ سکتا۔''

اس حدیث کو امام مسلم، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٥٤٠ / ٣٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَللهَ اَللهَ فِي أَصْحَابِي، لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا بَعْدِي، فَمَنْ أَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّي أَحَبَّهُمْ، وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِي أَبْغَضَهُمْ، وَمَنْ آذَاهُمْ فَقَدْ آذَانِي، وَمَنْ آذَانِي فَقَدْ آذَى اللهَ، وَمَنْ آذَى اللهَ فَيُوْشِكُ أَنْ يَأْخُذَهُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا اور میرے بعد انہیں اپنی گفتگو کا نشانہ مت بنانا کیونکہ جس نے ان سے محبت کی اس نے میری وجہ سے ان سے محبت کی اور جس نے ان سے بغض رکھا اس نے میرے بغض کی وجہ سے ان سے بغض رکھا اور جس نے انہیں تکلیف پہنچائی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی اور جس نے مجھے تکلیف پہنچائی اس نے اللہ تعالیٰ کو تکلیف پہنچائی، جس نے اللہ تعالیٰ کو تکلیف پہنچائی عنقریب اس کی گرفت ہوئی۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٥٤١ / ٣٥۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى من سبّ أصحاب النبى ﷺ، ٥ / ٦٩٦، الرقم: ٣٨٦٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤ / ٨٧، والرؤيانى في المسند ٢ / ٩٢، الرقم: ٨٨٢، والديلمى في مسند الفردوس، ١ / ١٤٧، الرقم: ٥٢٥.

الحديث رقم ٣٥: أخرجه الترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى فضل من رأى النبى ﷺ، ٥ / ٦٩٧، الرقم: ٣٨٦٦، والطبرانى فى ←

Marfat.com

رَأَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَسُبُّوْنَ أَصْحَابِي فَقُوْلُوْا: لَعْنَةُ اللهِ عَلَى شَرِّكُمْ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو میرے صحابہ کرام کو برا بھلا کہتے ہیں تو تم (انہیں) کہو: تمہارے شر کی وجہ سے تم پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔'' اسے امام ترمذی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣٦/٥٤٢۔ عَنْ نُسَيْرِ بْنِ ذَعْلُوْقٍ قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ رضي الله عنهما يَقُوْلُ: لَا تَسُبُّوْا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ ﷺ فَلَمَقَامُ أَحَدِهِمْ سَاعَةً خَيْرٌ مِنْ عَمَلِ أَحِدِهِمْ عُمْرِهِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت نسیر بن ذعلوق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اصحابِ رسول ﷺ کو برا مت کہو پس ان کے عمل کا ایک لمحہ تمہاری زندگی کے تمام اعمال سے بہتر ہے۔'' اس حدیث کو امام ابن ماجہ اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٣٧/٥٤٣۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضي الله عنه يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَخْطُبُ فَقَالَ: أَكْرِمُوْا أَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَظْهَرُ الْكَذِبُ حَتَّى يَحْلِفَ الرَّجُلُ قَبْلَ أَنْ يُسْتَحْلَفَ، وَيَشْهَدُ قَبْلَ أَنْ يُسْتَشْهَدَ، فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ بَحْبُوْحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، فَإِنَّ

..... المعجم الأوسط، ٨/١٩١، الرقم: ٨٣٦٦، والديلمي في مسند الفردوس، ١/٢٦٣، الرقم: ١٠٢٢۔

الحديث رقم ٣٦: أخرجه ابن ماجه في السنن، باب: فضل أهل بدر، ١/٥٧، الرقم: ١٦٢، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٤٠٥، الرقم: ٣٢٤١٥، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٤٨٤، الرقم: ١٠٠٦۔

الحديث رقم ٣٧: أخرجه النسائي في السنن الكبرى، ٥/٣٨٧، الرقم: ٩٢٢٢، والطبراني في المعجم الأوسط، ٣/٢٠٤، الرقم: ٢٩٢٩، والطحاوي في شرح معاني الآثار، ٤/١٥٠، والطيالسي في المسند، ١/٧، الرقم: ٣١۔

Marfat.com

الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الْاِثْنَيْنِ أَبْعَدُ وَلَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ فَإِنَّ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ، وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالطَّحَاوِيُّ.

''حضرت عمر بن الخطاب ﷺ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو خطاب کرتے ہوئے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کی عزت کرو پھر ان کی جو ان کے ساتھ ملے ہوئے ہیں اور پھر ان کی جو ان کے ساتھ ملے ہوئے ہیں پھر جھوٹ ظاہر ہوگا یہاں تک کہ آدمی قسم طلب کیے جانے سے پہلے قسم اٹھالے گا اور گواہی طلب کیے جانے سے پہلے گواہی دے دے گا پس جو جنت کی وسعت کا طالب ہے تو اس پر لازم ہے جماعت کو لازم پکڑے اور جدائی اور تفرقہ سے بچے۔ بے شک شیطان (تنہا) ایک (آدمی) کے ساتھ (ہوتا) ہے اور وہ دو سے بہت دور ہے، اور کوئی آدمی ہرگز کسی (غیر محرم) عورت کے ساتھ خلوت میں نہ ملے کیونکہ ان میں شیطان ہے اور جس کو اس کی نیکی خوش اور برائی پریشان کرے تو وہی مومن ہے۔'' اس حدیث کو امام نسائی، طبرانی، اور طحاوی نے روایت کیا ہے۔

٣٨/٥٤٤۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ النَّاسَ يَكْثُرُوْنَ، وَإِنَّ أَصْحَابِي يَقِلُّوْنَ، فَلَا تَسُبُّوْهُمْ، فَمَنْ سَبَّهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک لوگ کثیر تعداد میں ہیں اور میرے صحابہ قلیل تعداد میں۔ پس میرے صحابہ کو برا بھلا مت کہو اور جس نے انہیں برا بھلا کہا تو اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔'' اس حدیث کو امام طبرانی اور ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

٣٩/٥٤٥۔ عَنْ عَطَاءٍ يَعْنِي ابْنَ أَبِي رِبَاحٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

الحديث رقم ٣٨: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٢/٤٧، الرقم: ١٢٠٣، وأبويعلى في المسند، ٤/١٣٣، الرقم: ٢١٨٤، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٣/٣٥٠، والديلمي في مسند الفردوس، ٤/٣٠١، الرقم: ٦٨٨٤۔

الحديث رقم ٣٩: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/٥٤، الرقم: ١٠۔

Marfat.com

مَنْ حَفِظَنِي فِي أَصْحَابِي كُنْتُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَافِظًا وَمَنْ سَبَّ أَصْحَابِي فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت عطا بن ابی رباح ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے میرے صحابہ کا میری وجہ سے دفاع کیا اور عزت کی تو قیامت کے دن میں اس کا محافظ ہوں گا اور جس نے میرے صحابہ کو گالی دی تو اس پر خدا کی لعنت ہو۔''

اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

٥٤٦ / ٤٠۔ عِنْ عُوَيْمِ بْنِ سَاعِدَةَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ اخْتَارَنِي وَاخْتَارَ لِي أَصْحَابًا فَجَعَلَ لِي مِنْهُمْ وُزَرَاءَ وَأَصْهَارًا وَأَنْصَارًا فَمَنْ سَبَّهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ. لَا يَقْبَلُ اللهُ مِنْهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت عویم بن ساعدہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے (اپنا پسندیدہ رسول) اختیار کیا اور میرے لیے میرے صحابہ کو اختیار کیا۔ پس اس نے میرے لئے ان میں سے وزراء بنائے اور قریبی رشتہ دار اور انصار (مددگار) پس جس نے انہیں گالی دی تو اس پر اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو اور قیامت کے روز اللہ تعالیٰ ان کے کسی ہیر پھیر یا دلیل کو قبول نہیں کرے گا۔''

اس حدیث کو امام حاکم، طبرانی اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

الحديث رقم ٤٠: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/٧٣٢، الرقم: ٦٦٥٦، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ١/١٤٤، الرقم: ٤٥٦، وابن أبي عاصم فى السنة، ٢/٤٨٣، الرقم: ١٠٠٠، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ٣/٣٧٠، الرقم: ١٧٧٢.

Marfat.com

٥٤٧ / ٤١۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَا تَذْكُرُوْا مَسَاوِيَ أَصْحَابِي فَتَخْتَلِفَ قُلُوْبُكُمْ عَلَيْهِمْ، وَاذْكُرُوْا مَحَاسِنَ أَصْحَابِي حَتَّى تَأْتَلِفَ عَلَيْهِمْ قُلُوْبُكُمْ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کی برائیاں بیان نہ کرو کہ ان کے لئے تمہارے دلوں میں اختلاف پیدا ہو جائے۔ میرے صحابہ کے محاسن اور اچھائیاں یاد کرو یہاں تک کہ تمہارے دل ان کے لئے آپس میں اکٹھے ہو جائیں۔'' اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤١: أخرجه الديلمي فى مسند الفردوس، ٥ / ٣١، الرقم: ٧٣٦٢۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ أَصْحَابِهِ ﷺ

﴿حضور ﷺ کے صحابہ کرام ﷺ کے جامع مناقب کا بیان﴾

٤٢/٥٤٨۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ نَظَرَ فِي قُلُوْبِ الْعِبَادِ، فَوَجَدَ قَلْبَ مُحَمَّدٍ ﷺ، خَيْرَ قُلُوْبِ الْعِبَادِ، فَاصْطَفَاهُ لِنَفْسِهِ، فَابْتَعَثَهُ اللهُ بِرِسَالَتِهِ، ثُمَّ نَظَرَ فِي قُلُوْبِ الْعِبَادِ بَعْدَ قَلْبِ مُحَمَّدٍ، فَوَجَدَ قُلُوْبَ أَصْحَابِهِ خَيْرَ قُلُوْبِ الْعِبَادِ، فَجَعَلَهُمْ وُزَرَاءَ نَبِيِّهِ، يُقَاتِلُوْنَ عَلَى دِيْنِهِ (وفي رواية: فَجَعَلَهُمْ أَنْصَارَ دِيْنِهِ) فَمَا رَأَى الْمُسْلِمُوْنَ حَسَنًا، فَهُوَ عِنْدَ اللهِ حَسَنٌ، وَمَا رَأَوْا سَيِّئًا، فَهُوَ عِنْدَ اللهِ سَيِّئٌ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَزَّارُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام بندوں کے دلوں کی طرف توجہ کی تو قلبِ محمد مصطفیٰ ﷺ کو تمام لوگوں کے دلوں سے بہتر پایا پس اسے اپنے لئے چن لیا (اور خاص کر لیا) اور انہیں اپنی رسالت کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ پھر حضور نبی اکرم ﷺ کے دل کو (صرف اپنے لئے) منتخب کرنے کے بعد دوبارہ قلوبِ انسانی کو دیکھا تو آپ ﷺ کے صحابہ کرام ﷺ کے دلوں کو سب بندوں کے دلوں سے بہتر پایا تو انہیں اپنے نبی مکرم ﷺ کا وزیر بنا دیا، وہ ان کے دین کے لئے جہاد کرتے ہیں (اور ایک روایت میں ہے کہ انہیں آپ ﷺ کے دین کا مددگار بنا دیا) پس جس شے کو مسلمان اچھا جانیں تو وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک (بھی) اچھی اور جس شے کو مسلمان بُرا سمجھیں وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی بُری ہے۔'' اسے امام احمد، بزار، طبرانی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٢: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١/٣٧٩، الرقم: ٣٦٠٠، والبزار فى المسند، ٥/٢١٢، الرقم: ١٧٠٢،١٨١٦، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٤/٥٨، الرقم: ٣٦٠٢، وفى المعجم الكبير، ٩/١١٢،١١٥، الرقم: ٨٥٨٢،٨٥٩٣، والبيهقى فى الاعتقاد، ١/٣٢٢،والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/١٧٧،٨/٢١٢۔

Marfat.com

٥٤٩/٤٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَهْمَا أُوْتِيْتُمْ مِنْ كِتَابِ اللهِ فَالْعَمَلُ بِهِ لَا عُذْرَ لِأَحَدٍ فِي تَرْكِهِ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِي كِتَابِ اللهِ فَسُنَّةٌ مِنِّي مَاضِيَةً فَإِنْ لَمْ يَكُنْ سُنَّتِي فَمَا قَالَ أَصْحَابِي إِنَّ أَصْحَابِي بِمَنْزِلَةِ النُّجُوْمِ فِي السَّمَاءِ فَأَيُّمَا أَخَذْتُمْ بِهِ اهْتَدَيْتُمْ وَاخْتِلَافُ أَصْحَابِي لَكُمْ رَحْمَةٌ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب بھی تمہیں کتاب اللہ کا حکم دیا جائے تو اس پر عمل لازم ہے، اس پر عمل نہ کرنے پر کسی کا عذر قابل قبول نہیں، اگر وہ (مسئلہ) کتاب اللہ میں نہ ہو تو میری سنت میں اسے تلاش کرو جو تم میں موجود ہو اور اگر میری سنت سے بھی نہ ہو تو (اس مسئلہ کا حل) میرے صحابہ کے اقوال کے مطابق (تلاش) کرو فرمایا: میرے صحابہ کی مثال یوں ہے جیسے آسمان پر ستارے، ان میں سے جس کا دامن پکڑ لو گے ہدایت پا جاؤ گے اور میرے صحابہ کا اختلاف (بھی) تمہارے لئے رحمت ہے۔'' اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٣: أخرجه البيهقى فى المدخل إلى السنن الكبرى، ١/١٦٢، الرقم: ١٥٢، وعبد بن حميد نحوه فى المسند، ١/٢٥٠، الرقم: ٧٨٣، والقضاعى فى مسند الشهاب، ٢/٢٧٥، الرقم: ١٣٤٦، والديلمى فى مسند الفردوس، ٤/١٦٠، الرقم: ٦٤٩٧، والذهبى فى ميزان الاعتدال، ٢/١٤٢: ٨/٧٣، وفى لسان الميزان، ٢/١١٨، ١٣٧، الرقم: ٥٩٤، والخطيب البغدادى فى الكفاية، ١/٤٨، وابن كثير فى تحفة الطالب، ١/٤٥١، الرقم: ٣٤١، وابن الملقن فى خلاصة البدر المنير، ٢/٤٣١، الرقم: ٢٨٦٨، وابن عبد البر فى التمهيد، ٤/٢٦٣، والعسقلانى فى فتح البارى، ٤/٥٧، وابن قدامة فى المغنى، ٣/٢١٠٩، والآمدى فى الإحكام، ١/٢٩٠، وابن حزم فى الإحكام، ٥/٦١.

Marfat.com

اَلْبَابُ التَّاسِعُ:

مَنَاقِبُ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رضی اللہ عنہ

﴿حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِيمَا يَتَعَلَّقُ بِاسْمِ وَنَسَبِ أَبِي بَكْرٍ وَكُوْنِهِ ﷺ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ الرِّجَالِ وَأَوَّلَ مَنْ جَمَعَ الْقُرْآنَ

﴿حضرت ابو بکر ﷺ کے نام ونسب، مَردوں میں سب سے پہلے اسلام لانے اور سب سے پہلے مُدوِّن قرآن ہونے کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي مَنْزِلَتِهِ ﷺ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ

﴿بارگاہِ مصطفیٰ ﷺ میں حضرت ابو بکر ﷺ کے مقام ومرتبہ کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي أَنَّهُ ﷺ كَانَ أَشَدَّ النَّاسِ حُبًّا لِلنَّبِيِّ ﷺ

﴿حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کے عشقِ رسول ﷺ کا بیان﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ اتَّخَذَهُ صَاحِبًا لَهُ وَرَفِيقًا وَنَائِبًا وَوَزِيرًا

﴿حضور نبی اکرم ﷺ کا حضرت ابوبکر ﷺ کو اپنا ساتھی، دوست، نائب اور وزیر قرار دینے کا بیان﴾

٥۔ فَصْلٌ فِي مُصَاحَبَتِهِ النَّبِيَّ ﷺ فِي الْغَارِ وَالْمَزَارِ

﴿حضرت ابوبکر ﷺ کا حضور ﷺ کے رفیقِ غار ومزار ہونے کا بیان﴾

٦۔ فَصْلٌ فِي مَكَانَةِ أَبِي بَكْرٍ ﷺ فِي الآخِرَةِ

﴿روزِ آخرت حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کے مقام ومرتبہ کا بیان﴾

Marfat.com

۷۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِ وَمَنَاقِبِهِ رضی اللہ عنہ

﴿حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِيْمَا يَتَعَلَّقُ بِاسْمِ وَنَسَبِ أَبِي بَكْرٍ وَكَوْنِهِ رضی اللہ عنہ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ الرِّجَالِ وَأَوَّلَ مَنْ جَمَعَ الْقُرْآنَ

﴿حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے نام ونسب، مَردوں میں سب سے پہلے اسلام لانے اور سب سے پہلے مُدوِّنِ قرآن ہونے کا بیان﴾

٥٥٠/١۔ عَنْ هَمَّامٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّارًا رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَمَا مَعَهُ إِلَّا خَمْسَةُ أَعْبُدٍ، وَامْرَأَتَانِ، وَأَبُوبَكْرٍ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ہمام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس دور میں دیکھا کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ (ایمان لانے والوں میں سے) پانچ غلاموں، دو عورتوں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سوا کوئی نہ تھا۔'' اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٥٥١/٢۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ قَالَ: كَانَ أَبُوْبَكْرٍ أَحَبَّنَا إِلَى رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَكَانَ خَيْرَنَا وَسَيِّدَنَا. ذَكَرَ الْبَيَانُ بِأَنَّ أَبَابَكْرٍ الصِّدِّيْقَ رضی اللہ عنہ أَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ الرِّجَالِ. رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَالْبَزَّارُ.

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت

الحديث رقم ١: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: قول النبى صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا، ٣/١٣٣٨، الرقم: ٣٤٦٠، والحاكم فى المستدرك ، ٣/٤٤٤، الرقم: ٥٦٨٢، والبزار فى المسند، ٤/٢٤٤، الرقم: ١٤١١، والبيهقي فى السنن الكبرى، ٦/٣٦٩، الرقم: ١٢٨٨٣.

الحديث رقم ٢: أخرجه ابن حبان فى الصحيح، ١٥/٢٧٩.٢٧٨، الرقم: ٦٨٦٢، والبزار فى المسند، ١/٣٧٣، الرقم: ٢٥١، والهيثمى فى موارد الظمآن، ١/٥٣٢، الرقم: ٢١٩٩.

Marfat.com

ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم سب سے زیادہ محبوب تھے، اور (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ) ہم سب سے بہتر اور ہمارے سردار تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ گفتگو فرماتے رہے یہاں تک کہ فرمایا: مَردوں میں سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے۔''

اس حدیث کو امام ابن حبان اور بزار نے روایت کیا ہے۔

٣/٥٥٢۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَهُوَ نَازِلٌ بِعُكَاظٍ. قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَنِ اتَّبَعَکَ عَلَى هَذَا الْأَمْرِ؟ قَالَ: اتَّبَعَنِي عَلَيْهِ رَجُلاَنِ: حُرٌّ وَعَبْدٌ، أَبُوْبَكْرٍ وَبِلاَلٌ قَالَ: فَأَسْلَمْتُ عِنْدَ ذَلِکَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْكَبِيْرِ.

''حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا، اُس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عکاظ کے مقام پر تشریف فرما تھے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اِس دین پر آپ کی (اولین) اتباع کس نے کی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اِس پر میری اتباع دو مَردوں نے کی ہے ایک آزاد اور ایک غلام، وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ اور بلال رضی اللہ عنہ ہیں۔ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اُس وقت اسلام قبول کیا تھا۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے اور امام بخاری نے ''التاریخ الکبیر'' میں روایت کیا ہے۔

٤/٥٥٣۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: لَمَّا أُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى أَصْبَحَ يَتَحَدَّثُ النَّاسُ بِذَلِکَ، فَارْتَدَّ نَاسٌ مِمَّنْ كَانَ وَآمَنُوْا بِهِ وَصَدَّقُوْهُ، وَسَعَوْا بِذَ لِکَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ رضی اللہ عنہ فَقَالُوْا: هَلْ لَکَ

الحديث رقم ٣: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/٦٩، الرقم:٤٤١٩، والبخارى فى التاريخ الكبير، ٦/٣٠٢، الرقم: ٢٤٧٤۔

الحديث رقم ٤: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/٦٥ الرقم: ٤٤٠٧، وعبد الرزاق فى المصنف، ٥/٣٢٨، وأبويعلى في المعجم، ١٠/٤٥، الرقم: ٩، والديلمي في مسند الفردوس، ٥/٣٠٧، الرقم: ٨٢٧١۔

Marfat.com

إِلَى صَاحِبِکَ يَزْعَمُ أَنَّهُ أُسْرِيَ بِهِ اللَّيْلَةَ إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ؟ قَالَ:أَوَ قَالَ ذَلِکَ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: لَئِنْ کَانَ قَالَ ذَلِکَ لَقَدْ صَدَقَ. قَالُوْا: أَوَ تُصَدِّقُ أَنَّهُ ذَهَبَ اللَّيْلَةَ إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ وَجَاءَ قَبْلَ أَنْ يُصْبِحَ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنِّي لَأُصَدِّقُهُ فِيْمَا هُوَ أَبْعَدُ مِنْ ذَلِکَ. أُصَدِّقُهُ فِيْمَا هُوَ أَبْعَدُ مِنْ ذَلِکَ أُصَدِّقُهُ بِخَبَرِ السَّمَاءِ فِي غَدْوَةٍ أَوْ رَوْحَةٍ. فَلِذَلِکَ سُمِّيَ أَبُوْبَکْرٍ "الصِّدِّيْقَ". رَوَاهُ الْحَاکِمُ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ وَأَبُوْيَعْلَى.

''اُمُّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ کو مسجد اقصیٰ کی سیر کرائی گئی تو آپ ﷺ نے صبح لوگوں کو اس کے بارے بیان فرمایا تو کچھ ایسے لوگ بھی اس کے منکر ہو گئے جو آپ ﷺ پر ایمان لا چکے تھے اور آپ ﷺ کی تصدیق کر چکے تھے۔ وہ دوڑتے ہوئے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے اور کہنے لگے: کیا آپ اپنے آقا ﷺ کی تصدیق کرتے ہیں جو یہ گمان کرتے ہیں کہ انہیں آج رات بیت المقدس تک سیر کرائی گئی؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا آپ ﷺ نے یہ فرمایا ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں! تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر آپ ﷺ نے یہ فرمایا ہے تو یقیناً سچ فرمایا ہے۔ انہوں نے کہا: کیا آپ اُن کی تصدیق کرتے ہیں کہ وہ آج رات بیت المقدس تک گئے بھی اور صبح ہونے سے پہلے واپس بھی آ گئے ہیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں! میں تو آپ ﷺ کی تصدیق اُس خبر کے بارے میں بھی کرتا ہوں جو اس سے بہت زیادہ بعید از قیاس ہے، میں تو صبح و شام آپ ﷺ کی آسمانی خبروں کی بھی تصدیق کرتا ہوں۔ پس اس تصدیق کی وجہ سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ''الصدیق'' کے لقب سے موسوم ہوئے۔''

اس حدیث کو امام حاکم، عبدالرزاق اور ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

٥/٥٥٤۔ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ رضي الله عنه قَالَ: لَا نَعْلَمُ أَرْبَعَةً أَدْرَکُوْا

الحديث رقم ٥: أخرجه الطبرانی فی المعجم الکبير، ١/٥٤، الرقم: ١١، والحاکم فی المستدرک، ٣/٥٤٠، الرقم: ٦٠٠٨، والبخاری فی التاريخ الکبير، ١/١٣٠، الرقم:٣٩٢، والشيبانی فی الآحاد والمثانی، ١/٧٧، الرقم: ٢٢.

Marfat.com

النَّبِيَّ ﷺ وَأَبْنَاءَهُمْ إِلَّا هَؤُلَآءِ الْأَرْبَعَةُ: أَبُوْقُحَافَةَ، وَأَبُوْبَكْرٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، وَأَبُوْ عَتِيْقِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَاسْمُ أَبِي عَتِيْقٍ مُحَمَّدٌ ﷺ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْحَاكِمُ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ.

''حضرت موسیٰ بن عقبہ ﷺ سے روایت ہے کہ ہم ایسے چار افراد کو نہیں جانتے کہ جنہوں نے خود اور ان کے بیٹوں نے بھی حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھا ہو (یعنی انہیں شرف صحابیت نصیب ہوا ہو) سوائے ابوقحافہ، ابوبکر، عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور ابوعتیق بن عبدالرحمٰن ﷺ کے اور ابوعتیق کا نام ''محمد'' تھا۔''

اس حدیث کو امام طبرانی، حاکم اور بخاری نے الادب المفرد میں روایت کیا ہے۔

٦/٥٥٥۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: إِنَّ أَعْظَمَ أَجْرًا فِي الْمَصَاحِفِ أَبُوْبَكْرٍ الصِّدِّيْقُ ﷺ، كَانَ أَوَّلَ مَنْ جَمَعَ الْقُرْآنَ بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت علی المرتضیٰ ﷺ سے روایت ہے، آپ نے فرمایا: قرآن کے حوالے سے سب سے زیادہ اجر پانے والے حضرت ابوبکر صدیق ﷺ ہیں کہ انہوں نے سب سے پہلے قرآن کو دو جلدوں کے درمیان جمع کیا۔'' اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٧/٥٥٦۔ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ ﷺ قَالَ: إِنَّمَا سُمِّيَ أَبُوْبَكْرٍ ﷺ عَتِيْقًا لِجَمَالِ وَجْهِهِ وَاسْمُهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُثْمَانَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت لیث بن سعد ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر ﷺ کا نام عتیق آپ کی خوبروئی کی وجہ سے رکھا گیا اور آپ کا اصل نام عبداللہ بن عثمان ہے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦: أخرجه ابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/١٤٨، الرقم: ٣٠٢٢٩، وابن سعد فى الطبقات الكبرى، ٣/١٩٣۔

الحديث رقم ٧: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ١/٥٢، الرقم:٤، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ١/٦٨، والهيثمى فى مجمع الزوائد ٩/٤١۔

Marfat.com

٨/٥٥٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لِجِبْرِيْلَ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ: إِنَّ قَوْمِي لَا يُصَدِّقُوْنَنِي، فَقَالَ لَهُ جِبْرِيْلُ: يُصَدِّقُكَ أَبُوْبَكْرٍ وَهُوَ الصِّدِّيْقُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبرائیل امین علیہ السلام سے فرمایا: اے جبرائیل! میری قوم (واقعہ معراج میں) میری تصدیق نہیں کرے گی۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کی تصدیق کریں گے اور وہ صدیق ہیں۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٩/٥٥٨۔ عَنْ أَبِي يَحْيَى حَكِيْمِ بْنِ سَعْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رضی اللہ عنہ يَحْلِفُ: لَلّٰهُ أَنْزَلَ اسْمُ أَبِي بَكْرٍ مِنَ السَّمَاءِ الصِّدِّيْقُ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت ابویحییٰ حکیم بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کو اللہ کی قسم اُٹھا کر کہتے ہوئے سُنا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا لقب ''الصدیق'' آسمان سے اُتارا گیا۔'' اس حدیث کو امام طبرانی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٨: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٧/١٦٦، الرقم:٧١٧٣، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ١/٢١٥۔

الحديث رقم ٩: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير ، ١/٥٥، الرقم: ١٤، والحاكم في المستدرك، ٣/٦٥، الرقم: ٤٤٠٥۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنْزِلَتِهِ رضی اللہ عنہ عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿بارگاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٥٥٩ / ١٠۔ عَنْ عَمرِو بْنِ الْعَاصِ رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بَعَثَهُ عَلَى جَيْشِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ، فَأَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: أَيُّ النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْکَ؟ قَالَ: عَائِشَةُ. فَقُلْتُ: مِنَ الرِّجَالِ؟ فَقَالَ: أَبُوْهَا. قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ :عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَعَدَّ رِجَالاً. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے جنگِ ذاتِ السلاسل کا امیرِ لشکر بنا کر روانہ فرمایا جب میں واپس آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا: (یارسول اللہ!) عورتوں میں آپ کو سب سے زیادہ محبت کس سے ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عائشہ کے ساتھ۔ میں نے پھر عرض کیا: مردوں میں سے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اُس کے والد (ابوبکر رضی اللہ عنہ) کے ساتھ۔ میں نے عرض کیا: پھر اُن کے بعد؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عمر بن خطاب کے ساتھ۔ اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کے بعد چند دوسرے حضرات کے نام لئے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٥٦٠ / ١١۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضی اللہ عنہ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الحديث رقم ١٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: من فضائل أبی بكر الصديق رضی اللہ عنہ، ٣/١٣٣٩، الرقم : ٣٤٦٢، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة رضی اللہ عنہم، باب: من فضائل أبی بكر الصديق رضی اللہ عنہ، ٤/١٨٥٦، الرقم: ٢٣٨٤، والترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: مناقب أبی بكر الصديق رضی اللہ عنہ، ٥/٧٠٦، الرقم : ٣٨٨٥، ٣٨٨٦، وابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فضل أبي بكر الصديق رضی اللہ عنہ، ١/٣٨، الرقم: ١٠١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/٢٠٣، الرقم: ١٧١٤٣.

الحديث رقم ١١: أخرجه البخاری في الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: فضل أبی بكر الصديق رضی اللہ عنہ، ٣/١٣٣٩، الرقم:٣٤٦١،والبيهقی في السنن ←

Marfat.com

إِذْ أَقْبَلَ أَبُوْبَكْرٍ آخِذًا بِطَرَفِ ثَوْبِهِ، حَتَّى أَبْدَى عَنْ رُكْبَتِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: أَمَّا صَاحِبُكُمْ فَقَدْ غَامَرَ، فَسَلَّمَ وَقَالَ: إِنِّي كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَ ابْنِ الْخَطَّابِ شَيْءٌ، فَأَسْرَعْتُ إِلَيْهِ ثُمَّ نَدِمْتُ، فَسَأَلْتُهُ أَنْ يَغْفِرَ لِي، فَأَبَى عَلَيَّ، فَأَقْبَلْتُ إِلَيْكَ، فَقَالَ: يَغْفِرُ اللهُ لَكَ يَا أَبَابَكْرٍ، ثَلَاثًا. ثُمَّ إِنَّ عُمَرَ نَدِمَ فَأَتَى مَنْزِلَ أَبِي بَكْرٍ، فَسَأَلَ: أَ ثَمَّ أَبُوْبَكْرٍ؟ فَقَالُوْا: لَا، فَأَتَى إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَسَلَّمَ، فَجَعَلَ وَجْهُ النَّبِيِّ ﷺ يَتَمَعَّرُ، حَتَّى أَشْفَقَ أَبُوْبَكْرٍ، فَجَثَا عَلَى رُكْبَتَيْهِ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَاللهِ، أَنَا كُنْتُ أَظْلَمَ، مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ اللهَ بَعَثَنِي إِلَيْكُمْ فَقُلْتُمْ: كَذَبْتَ، وَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: صَدَقَ. وَ وَاسَانِي بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ، فَهَلْ أَنْتُمْ تَارِكُوْا لِي صَاحِبِي؟ مَرَّتَيْنِ، فَمَا أُوْذِيَ بَعْدَهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں بیٹھا ہوا تھا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی اپنی چادر کا کنارہ پکڑے حاضرِ خدمت ہوئے۔ یہاں تک کہ اُن کا گھٹنا ننگا ہو گیا، حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارے یہ ساتھی لڑ جھگڑ کر آ رہے ہیں۔ انہوں نے سلام عرض کیا اور بتایا کہ میرے اور عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے درمیان کچھ تکرار ہوئی تو جلدی میں میرے منہ سے ایک بات نکل گئی جس پر مجھے بعد میں ندامت ہوئی اور میں نے اُن سے معافی مانگی لیکن انہوں نے مجھے معاف کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ لہٰذا میں آپ کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکر! اللہ تمہیں معاف فرمائے یہ تین مرتبہ فرمایا۔ کچھ دیر بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نادم ہو کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر گئے اور ان کے بارے میں پوچھا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہاں ہیں؟ گھر والوں نے کہا: نہیں ہیں۔ چنانچہ آپ بھی حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام عرض کیا، اس وقت حضور نبی اکرم ﷺ کے چہرہ انور کا رنگ بدل گیا۔ یہ صورتِ حال دیکھ کر حضرت

..... الكبرى، ١٠/٢٣٢، والطبراني في مسند الشاميين، ٢/٢٠٨، الرقم:١١٩٩، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٩/٣٠٤.

Marfat.com

ابوبکرصدیق ﷺ ڈر گئے اور گھٹنوں کے بل ہو کر عرض کیا: یا رسول اللہ! اللہ کی قسم! میں ہی زیادتی کرنے والا تھا۔ انہوں نے یہ دو مرتبہ عرض کیا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک جب اللہ تعالیٰ نے مجھے تمہاری طرف مبعوث فرمایا تو تم سب لوگوں نے میری تکذیب کی لیکن ابوبکر نے میری تصدیق کی اور پھر اپنی جان اور اپنے مال سے میری خدمت میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا۔ پھر دو مرتبہ فرمایا: کیا تم میرے ایسے ساتھی سے میرے لئے درگزر (نہیں) کرو گے؟ اس کے بعد حضرت ابوبکر ﷺ کو کبھی اذیت نہیں دی گئی۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

١٢/٥٦١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ خَرَجَ ذَاتَ يَوْمٍ وَدَخَلَ الْمَسْجِدَ وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ رضي الله عنهما أَحَدُهُمَا عَنْ يَمِيْنِهِ وَالْآخَرُ عَنْ شِمَالِهِ وَهُوَ آخِذٌ بِأَيْدِيْهِمَا، وَقَالَ: هٰكَذَا نُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دن حضور نبی اکرم ﷺ گھر سے باہر تشریف لائے مسجد میں داخل ہوئے اس دوران حضرت ابوبکر ﷺ اور حضرت عمر ﷺ آپ ﷺ کے ہمراہ تھے، ایک آپ ﷺ کی دائیں جانب تھے اور دوسرے بائیں جانب اور حضور نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ہم قیامت کے روز بھی اِسی طرح اُٹھائے جائیں گے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

١٣/٥٦٢۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ: أَبُوْبَكْرٍ سَيِّدُنَا وَخَيْرُنَا

الحديث رقم ١٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب أبي بكر وعمر كليهما، ٥/٦١٢، الرقم:٣٦٦٩، وابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فضل أبي بكر الصديق، ١/٣٨، الرقم: ٩٩، والحاكم فى المستدرك، ٣/٧١، الرقم: ٤٤٢٨، ٤/٣١٢، الرقم: ٧٧٤٦، وابن حيان فى طبقات المحدثين بأصبهان، ٤/٢٣٩، الرقم: ٦٤٠۔

الحديث رقم ١٣: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، ←

Marfat.com

وَأَحَبُّنَا إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہمارے سردار، ہم سب سے بہتر اور حضور نبی اکرم ﷺ کو ہم سب سے زیادہ محبوب تھے۔''
اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٥٦٣ / ١٤۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ أَنَا، ثُمَّ أَبُوْبَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ، ثُمَّ آتِي أَهْلَ الْبَقِيْعِ، فَتَنْشَقُّ عَنْهُمْ فَأُبْعَثُ بَيْنَهُمْ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سب سے پہلے جس سے زمین پھٹے گی وہ میں ہوں پھر ابوبکر سے، پھر عمر سے، پھر میں اہلِ بقیع کے پاس آؤں گا تو اُن سے زمین شق (پھٹے) ہو گی پھر میں اُن سب کے درمیان اُٹھایا جاؤں گا۔'' اس حدیث کو امام حاکم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٥٦٤ / ١٥۔ عَنِ الزُّهْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ رضی اللہ عنہ: هَلْ قُلْتَ فِي أَبِي بَكْرٍ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ: قُلْ وَأَنَا أَسْمَعُ فَقَالَ: ثَانِيَ اثْنَيْنِ فِي الْغَارِ الْمُنِيْفِ وَقَدْ طَافَ الْعَدُوُّ بِهِ إِذْ صَعِدَ الْجَبَلَ وَكَانَ حِبَّ رَسُوْلِ اللهِ قَدْ عَلِمُوْا مِنَ الْبَرِيَّةِ لَمْ يَعْدِلْ بِهِ رَجُلًا فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ ثُمَّ قَالَ: صَدَقْتَ يَا حَسَّانُ، هُوَ كَمَا قُلْتَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ سَعْدٍ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''امام زہری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت حسان بن

باب: مناقب أبي بكر الصديق رضی اللہ عنہ، ٥/٦٠٦، الرقم: ٣٦٥٦، والحاكم في المستدرك، ٣/٦٩، الرقم: ٤٤٢١.
الحديث رقم ١٤: أخرجه الحكم في المستدرك، ٣/٧٢، الرقم: ٤٤٢٩، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ١/٣٥١، الرقم: ٥٠٧.
الحديث رقم ١٥: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/٦٧، الرقم: ٤٤١٣، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٣/١٧٤.

Marfat.com

ثابت رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تم نے ابوبکر (صدیق رضی اللہ عنہ) کے بارے میں بھی کچھ کلام کہا ہے۔ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں (یا رسول اللہ!)۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ کلام پڑھو تا کہ میں بھی سنوں۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ یوں گویا ہوئے: وہ غار میں دو میں سے دوسرے تھے۔ جب وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لے کر پہاڑ (جبل ثور) پر چڑھے تو دشمن نے اُن کے اردگرد چکر لگائے اور تمام صحابہ رضی اللہ عنہم کو معلوم ہے کہ وہ (یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محبوب ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی شخص کو اُن کے برابر شمار نہیں کرتے ہیں۔ (یہ سن کر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہنس پڑے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دندانِ مبارک ظاہر ہو گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے حسان تم نے سچ کہا، وہ (ابوبکر رضی اللہ عنہ) بالکل ایسے ہی ہیں جیسے تم نے کہا ہے۔"

اس حدیث کو امام حاکم اور ابن سعد نے روایت کیا ہے، الفاظ بھی انہی کے ہیں۔

١٦/٥٦٥۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: كُنَّا نَجْلِسُ مَعَ النَّبِيِّ كَأَنَّمَا عَلَى رُءُوْسِنَا الطَّيْرُ. مَا يَتَكَلَّمُ أَحَدٌ مِنَّا إِلَّا أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ رضي الله عنهما.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

"حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب ہم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں بیٹھتے تو ہماری یہ حالت ہوتی گویا کہ ہمارے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں اور ہم میں سے کوئی بھی کلام نہ کر سکتا تھا سوائے ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما کے۔"

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٦: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٨/٥، الرقم: ٧٧٨٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٥٣.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّهُ رضی اللہ عنہ كَانَ أَشَدَّ النَّاسِ حُبًّا لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بیان﴾

٥٦٦/١٧۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: خَطَبَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم النَّاسَ وَقَالَ: إِنَّ اللهَ خَيَّرَ عَبْدًا بَيْنَ الدُّنْيَا وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ، فَاخْتَارَ ذٰلِكَ الْعَبْدُ مَا عِنْدَ اللهِ. قَالَ: فَبَكَى أَبُوْبَكْرٍ رضی اللہ عنہ. فَعَجِبْنَا لِبُكَائِهِ، أَنْ يُخْبِرَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَنْ عَبْدٍ خُيِّرَ، فَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم هُوَ الْمُخَيَّرَ، وَكَانَ أَبُوْبَكْرٍ رضی اللہ عنہ أَعْلَمَنَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرمایا: ''بیشک اللہ تعالیٰ نے ایک بندے کو دنیا اور جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اس کے درمیان اختیار دیا ہے۔ پس اُس بندے نے اُس چیز کو اختیار کیا جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ رو پڑے۔ ہم نے اُن کے رونے پر تعجب کیا کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو ایک بندے کا حال بیان فرما رہے ہیں کہ اسے اختیار دیا گیا ہے۔ بعد ازاں ہمیں معلوم ہوا کہ وہ (بندہ) جسے اختیار دیا گیا تھا خود تاجدارِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہم سب سے زیادہ علم رکھنے والے تھے (جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مراد سمجھ گئے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وقتِ وصال قریب آ گیا ہے)۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

الحديث رقم ١٧: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: قول النبى صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سدوا الأبواب إلّا باب أبى بكر، ٣/١٣٣٧ ، الرقم: ٣٤٥٤، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضا ئل الصحابة، باب: من فضائل أبي بكر الصديق رضی اللہ عنہ، ٤/١٨٥٤، الرقم: ٢٣٨٢، والترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: مناقب أبى بكر الصديق رضی اللہ عنہ، ٥/٦٠٧، الرقم:٣٦٥٩، وابن حبان فى الصحيح، ١٤/٥٥٩، الرقم: ٦٥٩٤.

Marfat.com

٥٦٧/١٨۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: إِنَّ عَبْدًا خَيَّرَهُ اللهُ بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا مَا شَاءَ، وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ، فَاخْتَارَ مَا عِنْدَهُ. فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ ﷺ: فَدَيْنَاکَ يَا رَسُوْلَ اللهِ، بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا. قَالَ: فَعَجِبْنَا، فَقَالَ النَّاسُ: انْظُرُوْا إِلَى هَذَا الشَّيْخِ يُخْبِرُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَنْ عَبْدٍ خَيَّرَهُ اللهُ بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا مَا شَاءَ وَبَيْنَ مَا عِنْدَ اللهِ وَهُوَ يَقُوْلُ: فَدَيْنَاکَ بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا، قَالَ: فَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ هُوَ الْمُخَيَّرُ، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ ﷺ هُوَ أَعْلَمُنَا بِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے تو فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ایک بندے کو اختیار دیا ہے کہ یا تو دنیا کی آرائش سے جو چاہے لے لے یا جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ حاصل کر لے، تو اس بندے نے اُسے پسند کیا جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ (یہ سن کر) حضرت ابوبکر ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمارے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ راوی فرماتے ہیں ہمیں تعجب ہوا، تو لوگوں نے ایک دوسرے سے کہا کہ اس بزرگ کی طرف دیکھو! حضور نبی اکرم ﷺ تو کسی بندے کے متعلق فرما رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اُسے دنیا کی آرائش یا جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے، اُن میں سے ایک کے حصول کا اختیار دیا اور یہ فرما رہے ہیں کہ ہمارے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔ حضرت ابوسعید خدری ﷺ نے فرمایا: درحقیقت حضور ﷺ کو ہی اختیار دیا گیا تھا (کہ آپ ﷺ مزید اس دنیا میں رہنا چاہیں یا وصالِ الٰہی قبول فرمائیں) اور حضرت ابوبکر ﷺ اس بات کو ہم سب

الحديث رقم ١٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: هجرة النبي ﷺ وأصحابه إلى المدينة، ٣/١٤١٧، الرقم: ٣٦٩١، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أبي بكر الصديق ﷺ، ٤/١٨٥٤، الرقم: ٢٣٨٢، والترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب أبی بكرالصديق ﷺ، ٦/٤١، الرقم: ٣٦٦٠، وابن حبان فی الصحيح، ١٥/٢٧٧، الرقم: ٦٨٦١.

Marfat.com

سے زیادہ جانتے تھے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٥٦٨ / ١٩۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ ذَهَبَ إِلَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ ، فَحَانَتِ الصَّلَاةُ ، فَجَاءَ الْمُؤَذِّنُ إِلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: أَتُصَلِّي لِلنَّاسِ فَأُقِيمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَصَلَّى أَبُوْبَكْرٍ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَالنَّاسُ فِي الصَّلَاةِ، فَتَخَلَّصَ حَتَّى وَقَفَ فِي الصَّفِّ، فَصَفَّقَ النَّاسُ، وَكَانَ أَبُوْبَكْرٍ رضی اللہ عنہ لَا يَلْتَفِتُ فِي صَلَاتِهِ فَلَمَّا أَكْثَرَ النَّاسُ التَّصْفِيْقَ الْتَفَتَ فَرَأَى رَسُوْلَ اللهِ ﷺ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنِ امْكُثْ مَكَانَكَ فَرَفَعَ أَبُوْبَكْرٍ رضی اللہ عنہ يَدَيْهِ، فَحَمِدَ اللهَ عَلَى مَا أَمَرَهُ بِهِ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مِنْ ذَلِكَ، ثُمَّ اسْتَأْخَرَ أَبُوْبَكْرٍ رضی اللہ عنہ حَتَّى اسْتَوَى فِي الصَّفِّ، وَتَقَدَّمَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَصَلَّى، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: يَا أَبَابَكْرٍ، مَا مَنَعَكَ أَنْ تَثْبُتَ إِذْ أَمَرْتُكَ. فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ رضی اللہ عنہ: مَا كَانَ لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يُصَلِّيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ بنی عمرو بن عوف کے ہاں تشریف لے گئے تاکہ اُن (کے کسی تنازعہ) کی صُلح کرا دیں۔ اتنے میں نماز کا وقت ہو گیا۔ مؤذن، حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور کہا: اگر آپ لوگوں کو نماز پڑھا دیں تو میں اقامت کہہ دوں؟ انہوں نے فرمایا: ہاں! پس حضرت ابو بکر صدیق نماز پڑھانے لگے۔ تو اسی دوران حضور نبی اکرم ﷺ واپس تشریف لے آئے اور لوگ ابھی نماز میں تھے۔

الحديث رقم ١٩: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الأذان، باب: مَنْ دخل لِيؤم الناس فجاء الإمام الأول،١/٢٤٢، الرقم : ٦٥٢، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: تقديم الجماعة من يصلى بهم، ١/٣١٦، الرقم: ٤٢١، وأبوداود فى السنن، كتاب: الصلاة ، باب: التصفيق فى الصلاة،١/٢٤٧، الرقم: ٩٤٠، والنسائى فى السنن، كتاب: الإمامة، باب: استخلاف الإمام، ٢/٨٢، الرقم: ٧٩٣ ومالك فى الموطأ،١/١٦٣، الرقم: ٣٩٠۔

Marfat.com

پھر آپ ﷺ صفوں میں داخل ہوتے ہوئے پہلی صف میں جا کھڑے ہوئے۔ لوگوں نے تالی کی آواز سے حضرت ابو بکر ﷺ کو متوجہ کرنا چاہا۔ مگر چونکہ حضرت ابو بکر صدیق ﷺ حالتِ نماز میں اِدھر ادھر توجہ نہ کرتے تھے اس لئے انہوں نے توجہ نہ کی۔ پھر جب لوگوں نے بہت زور سے تالیاں بجائیں تو وہ متوجہ ہوئے اور حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے انہیں (حضرت ابو بکر صدیق کو) اشارہ فرمایا کہ اپنی جگہ پر کھڑے رہو۔ حضرت ابو بکر صدیق ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کئے اور اللہ رب العزت کی حمد بیان کی اور اللہ تعالیٰ کے رسولِ مکرم ﷺ نے انہیں نماز پڑھاتے رہنے کا جو حکم فرمایا تھا اس پر اللہ کا شکر ادا کیا۔ پھر حضرت ابو بکر صدیق ﷺ پیچھے ہٹے اور صف میں مل گئے۔ حضور نبی اکرم ﷺ آگے تشریف لائے اور نماز پڑھائی۔ جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو ادھر متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے ابو بکر! جب میں نے تمہیں حکم دیا تھا تو کس چیز نے تمہیں اپنی جگہ پر قائم رہنے سے منع کیا۔ حضرت ابو بکر صدیق ﷺ نے عرض کیا: ابو قحافہ کے بیٹے کی کیا مجال کہ رسول اللہ ﷺ کے آگے کھڑا ہو کر نماز پڑھائے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٢٠/٥٦٩۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قُبِضَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَ هُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَ سِتِّيْنَ، وَ أَبُوْبَكْرٍ وَ هُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا وصال ہوا تو آپ ﷺ کی عمر مبارک تریسٹھ (٦٣) سال تھی اور حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کا وصال ہوا تو ان کی عمر مبارک بھی (حضور نبی اکرم ﷺ کی متابعت میں) تریسٹھ سال تھی۔''

اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

٢١/٥٧٠۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ

الحديث رقم ٢٠: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: كم سن النبي ﷺ، يوم قبض، ٤/١٨٢٥، الرقم: ٢٣٤٨.

الحديث رقم ٢١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب أبى بكر وعمر رضى الله عنهما كليهما، ٦/٦١٤، الرقم: ٣٦٧٥، وأبوداود فى السنن، كتاب: الزكاة، باب: الرخصة فى ذالك، ٢/١٢٩، الرقم: ١٦٧٨، والدارمى فى السنن، ١/٤٨٠، الرقم: ١٦٦٠، والحاكم فى المستدرك، ١/٥٧٤، الرقم: ١٥١٠.

Marfat.com

الْخَطَّابِ رضي الله عنه يَقُوْلُ: أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم أَنْ نَتَصَدَّقَ، فَوَافَقَ ذَلِکَ عِنْدِي مَالًا، فَقُلْتُ: الْيَوْمَ أَسْبِقُ أَبَابَکْرٍ إِنْ سَبَقْتُهُ يَوْمًا، قَالَ: فَجِئْتُ بِنِصْفِ مَالِي، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: مَا أَبْقَيْتَ لِأَهْلِکَ؟ قُلْتُ: مِثْلَهُ، وَأَتَى أَبُوْبَکْرٍ بِکُلِّ مَا عِنْدَهُ، فَقَالَ صلى الله عليه وآله وسلم: يَا أَبَابَکْرٍ، مَا أَبْقَيْتَ لِأَهْلِکَ؟ قَالَ: أَبْقَيْتُ لَهُمُ اللهَ وَرَسُوْلَهُ، قُلْتُ: لَا أَسْبِقُهُ إِلَى شَيْءٍ أَبَدًا.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہمیں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صدقہ دینے کا حکم فرمایا۔ اس حکم کی تعمیل کے لئے میرے پاس مال تھا۔ میں نے (اپنے آپ سے) کہا، اگر میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کبھی سبقت لے جا سکا تو آج سبقت لے جاؤں گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنا نصف مال لے کر حاضرِ خدمت ہوا۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے گھر والوں کے لئے کیا چھوڑ آئے ہو؟ میں نے عرض کیا: اتنا ہی مال اُن کے لئے چھوڑ آیا ہوں۔ (اتنے میں) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جو کچھ اُن کے پاس تھا وہ سب کچھ لے کر حاضرِ خدمت ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر! اپنے گھر والوں کے لئے کیا چھوڑ آئے ہو؟ انہوں نے عرض کی: میں ان کے لئے اللہ تعالیٰ اور اُس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چھوڑ آیا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے (دل میں) کہا، میں اِن سے کسی شے میں آگے نہ بڑھ سکوں گا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابوداود نے روایت کیا ہے۔

٢٢/٥٧١۔ عَنْ طَارِقٍ، عَنْ أَبِي بَکْرٍ رضي الله عنه قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ أَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ أُولٰئِکَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوَى﴾، [الحجرات، ٤٩:٣]، قَالَ أَبُوْ بَکْرٍ رضي الله عنه: فَآلَيْتُ عَلَى نَفْسِي أَنْ لَّا أُکَلِّمَ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم إِلَّا کَأَخِي السِّرَارِ.

الحديث رقم ٢٢: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/٧٨، الرقم:٤٤٤٩، والعسقلانى فى المطالب العالية، ٤/٣٣، الرقم: ٣٨٨٧۔

Marfat.com

رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت طارق سے مروی ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ نے فرمایا: جب سورت الحجرات کی یہ آیت: ''بیشک جو لوگ رسول (ﷺ) کی بارگاہ میں (ادب و نیاز کے باعث) اپنی آوازوں کو پست رکھتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کے لئے چُن کر خالص کرلیا ہے۔''[الحجرات، ۴۹:۳] حضور نبی اکرم ﷺ پر نازل ہوئی تو حضرت ابوبکر ﷺ فرماتے ہیں کہ میں نے قسم کھائی کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ صرف سرگوشی کی صورت میں (ہی کلام) کروں گا، جس طرح رازدان سرگوشی کرتے ہیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٣/٥٧٢۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: لَقَدْ ضَرَبُوْا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ حَتّٰى غَشِيَ عَلَيْهِ فَقَامَ أَبُوْبَكْرٍ ﷺ فَجَعَلَ يُنَادِي يَقُوْلُ: وَيْلَكُمْ أَ تَقْتُلُوْنَ رَجُلًا أَنْ يَقُوْلَ رَبِّيَ اللهُ؟ قَالُوْا: مَنْ هَذَا؟ قَالُوْا: هَذَا ابْنُ أَبِي قُحَافَةَ الْمَجْنُوْنُ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ کفار و مشرکین نے حضور نبی اکرم ﷺ کو اس قدر جسمانی اذیت پہنچائی کہ آپ ﷺ پر غشی طاری ہوگئی۔ حضرت ابوبکر ﷺ (آئے اور) کھڑے ہو گئے اور بلند آواز سے کہنے لگے: تم تباہ و برباد ہو جاؤ، کیا تم ایک (معزز) شخص کو صرف اِس لئے قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ فرماتے ہیں کہ میرا رب اللہ ﷻ ہے؟ اُن ظالموں نے کہا: یہ کون ہے؟ (کفار و مشرکین میں سے کچھ) لوگوں نے کہا: یہ ابو قحافہ کا بیٹا ہے جو (عشقِ رسول ﷺ میں) مجنوں بن چکا ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٤/٥٧٣۔ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: كَانَ سَبَبُ مَوْتِ أَبِي بَكْرٍ ﷺ مَوْتُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ مَا زَالَ جِسْمُهُ يَجْرِي حَتّٰى مَاتَ.

الحديث رقم ٢٣: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/ ٧٠، الرقم: ٤٤٢٤، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٦/ ٢٢١، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ٦/ ١٧۔

الحديث رقم ٢٤: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/ ٦٦، الرقم: ٤٤١٠، وابن الجوزى فى صفوة الصفوة، ١/ ٢٦٣۔

Marfat.com

رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی وفات کا سبب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال فرمانا تھا۔ (فراقِ حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غم میں) ان کا جسم کمزور ہوتا گیا یہاں تک کہ ان کا وصال ہوگیا۔'' اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٥/٥٧٤۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ : تَذَاكَرَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَأَبُوْبَكْرٍ رضی اللہ عنہ مِيْلَادَهُمَا عِنْدِي. فَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أَكْبَرَ مِنْ أَبِي بَكْرٍ، فَتُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ وَتُوُفِّيَ أَبُوْبَكْرٍ رضی اللہ عنہ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ لِسَنَتَيْنِ وَنِصْفِ الَّتِي عَاشَ بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَإِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

''اُمُّ المؤمنین حضرت عائشہ صِدّیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اپنے یومِ ولادت کے حوالے سے میرے پاس بیٹھے ہوئے مذاکرہ ہوا (یعنی خود حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے میلاد مبارک کا تذکرہ فرمایا)۔ تو (معلوم ہوا کہ مقام و مرتبہ کے علاوہ) حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے عمر کے اعتبار سے (بھی) بڑے تھے۔ پھر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک تریسٹھ (٦٣) برس تھی۔ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو اُن کی عمر مبارک بھی تریسٹھ (٦٣) برس تھی۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اڑھائی سال ہی عمر مبارک میں بڑے تھے جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد دنیا میں حیات رہے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کی اسناد حسن ہیں۔

٢٦/٥٧٥۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: لَمَّا كَانَ لَيْلَةَ الْغَارِ قَالَ أَبُوْبَكْرٍ:

الحديث رقم ٢٥: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ١/٥٨، الرقم:٢٨، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٩/٦٠۔

الحديث رقم ٢٦: أخرجه أبو نعيم فی حلية الأولياء، ١/٣٣، وابن الجوزی فی صفوة الصفوة، ١/٢٤٠، ومحب الدين الطبری فی الرياض النضرة، ١/٤٥١۔

Marfat.com

يَا رَسُوْلَ اللهِ، دَعْنِي أَدْخُلُ قَبْلَکَ فَإِنْ کَانَ حَيَّةٌ اَوْ شَيءٌ کَانَتْ لِي قَبْلَکَ قَالَ ﷺ: ادْخُلْ فَدَخَلَ أَبُوْبَکْرٍ، فَجَعَلَ يَلْتَمِسُ بِيَدِهِ، کُلَّمَا رَأَی جُحْرًا قَالَ: بِثَوْبِهِ فَشَقَّهُ ثُمَّ أَلْقَمَهُ الْجُحْرَ حَتّٰی فَعَلَ ذٰلِکَ بِثَوْبِهِ أَجْمَعَ. قَالَ: فَبَقِيَ جُحْرٌ فَوَضَعَ عَقِبَهُ عَلَيْهِ ثُمَّ أَدْخَلَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ. فَلَمَّا أَصْبَحَ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ: فَأَيْنَ ثَوْبُکَ يَا أَبَا بَکْرٍ؟ فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِي صَنَعَ، فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَدَيْهِ وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، اجْعَلْ أَبَا بَکْرٍ مَعِي فِي دَرَجَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ. فَأَوْحَی اللهُ ﷻ إِلَيْهِ أَنَّ اللهَ تَعَالٰی قَدِ اسْتَجَابَ لَکَ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا: (وقتِ ہجرت) جب غار (میں پناہ لینے) کی رات تھی تو حضرت ابوبکر صدیق ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے اجازت عنایت فرمایئے کہ میں آپ ﷺ سے پہلے غار میں داخل ہوں تاکہ اگر کوئی سانپ یا کوئی اور چیز ہوتو وہ آپ ﷺ کی بجائے مجھے تکلیف پہنچائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جاؤ داخل ہو جاؤ۔ حضرت ابوبکر ﷺ داخل ہوئے اور اپنے ہاتھ سے ساری جگہ کی تلاشی لینے لگے۔ جب بھی کوئی سوراخ دیکھتے تو اپنے لباس کو پھاڑ کر سوراخ کو بند کر دیتے۔ یہاں تک کہ اپنے تمام لباس کے ساتھ یہی کچھ کیا۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر بھی ایک سوراخ بچ گیا تو انہوں نے اپنی ایڑی کو اُس سوراخ پر رکھ دیا اور پھر حضور نبی اکرم ﷺ سے اندر تشریف لانے کی گزارش کی۔ جب صبح ہوئی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق ﷺ سے کہا: ''اے ابوبکر! تمھارا لباس کہاں ہے؟ تو انہوں نے جو کچھ کیا تھا اُس کے بارے بتا دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے اور دُعا کی: اے اللہ! ابوبکر ﷺ کو قیامت کے دن میرے ساتھ میرے درجہ میں رکھنا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی طرف وحی فرمائی کہ اُس نے آپ ﷺ کی دُعا کو قبول فرما لیا ہے۔'' اس حدیث کو امام ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

٥٧٦/٢٧۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ وَعِنْدَهُ أَبُوْبَكْرٍ الصِّدِّيْقُ، وَعَلَيْهِ عَبَاءَةٌ قَدْ خَلَّهَا فِي صَدْرِهِ بِخِلَالٍ، فَنَزَلَ عَلَيْهِ جِبْرِيْلُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، مَا لِي أَرَى أَبَابَكْرٍ عَلَيْهِ عَبَاءَةٌ قَدْ خَلَّهَا فِي صَدْرِهِ؟ فَقَالَ: يَا جِبْرِيْلُ، أَنْفَقَ مَالَهُ عَلَيَّ قَبْلَ الْفَتْحِ، قَالَ: فَإِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ قُلْ لَهُ: أَرَاضٍ أَنْتَ عَنِّي فِي فَقْرِكَ هَذَا أَمْ سَاخِطٌ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ: يَا أَبَابَكْرٍ، إِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ لَكَ: أَرَاضٍ أَنْتَ عَنِّي فِي فَقْرِكَ هَذَا أَمْ سَاخِطٌ؟ فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: عَلَيْهِ السَّلَامُ أَسْخَطُ عَلَى رَبِّي؟ أَنَا عَنْ رَبِّي رَاضٍ، أَنَا عَنْ رَبِّي رَاضٍ، أَنَا عَنْ رَبِّي رَاضٍ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھا اور آپ ﷺ کے پاس ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اس حال میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ نے عباء (لباس جو سامنے سے کھلا ہوا ہو اور اُس کو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے) پہنی ہوئی تھی جسے اپنے سینے پر خِلال (لکڑی کا ٹکڑا جس سے سوراخ کیا جاتا ہے) سے جوڑا ہوا تھا اس وقت حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میں کیا دیکھ رہا ہوں کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عباء پہن کر اُسے اپنے سینے پر ٹانکا ہوا ہے؟ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جبریل! انہوں نے اپنا سارا مال مجھ پر (میری مدد و نصرت کے لئے) خرچ کر ڈالا ہے۔ جبریل علیہ السلام نے عرض کیا: اللہ رب العزت نے آپ کو سلام کہا ہے اور فرمایا ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہیں، کیا تم اپنے اِس فقر میں مجھ سے راضی ہو یا ناراض؟ اس پر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکر! اللہ تعالیٰ تم پر سلام بھیجا ہے اور دریافت فرمایا ہے کیا تم اپنے اس فقر میں مجھ سے راضی ہو یا ناراض؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں اپنے ربِ کریم پر ناراض ہوں گا؟ میں تو اپنے رب سے (ہر حال میں) راضی ہوں میں اپنے ربِ کریم سے راضی ہوں۔ میں اپنے ربِ کریم سے راضی ہوں۔'' اس حدیث کو امام ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٧: أخرجه أبو نعيم فى حلية الأولياء، ٧/١٠٥، وابن الجوزى فى صفة الصفوة، ١/٢٥٠، وابن كثير فى تفسيرالقرآن العظيم، ٤/٣٠٨، ومحب الدين الطبرى في الرياض النضرة، ٢/٢٠.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ اتَّخَذَهُ صَاحِبًا لَهُ وَرَفِيْقًا وَنَائِبًا وَوَزِيْرًا

﴿حضور نبی اکرم ﷺ کا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اپنا ساتھی، دوست، نائب، اور وزیر قرار دینے کا بیان﴾

٥٧٧ / ٢٨۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا مِنْ أُمَّتِي خَلِيْلًا، لَا تَّخَذْتُ أَبَابَكْرٍ، وَلَكِنْ أَخِي وَصَاحِبِي.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر میں اپنی امت میں سے کسی کو خلیل بناتا تو ابوبکر کو بناتا لیکن وہ میرے بھائی اور میرے ساتھی ہیں۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٥٧٨ / ٢٩۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيِّ رضي الله عنه وَكَانَ تَبِعَ النَّبِيَّ ﷺ وَخَدَمَهُ وصَحِبَهُ. أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَانَ يُصَلِّي لَهُمْ فِي وَجْعِ النَّبِيِّ ﷺ الَّذِي

الحديث رقم ٢٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المناقب، باب: قول النبی ﷺ: لو كنت متخذا خليلا، ٣/١٣٣٨، الرقم: ٣٤٥٦ ، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أبي بكر الصديق رضي الله عنه، ٤/١٨٥٥، الرقم: ٢٣٨٣، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/٤٣٧، الرقم:٤١٦١۔

الحديث رقم ٢٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأذان، باب: أَهْلُ الْعِلْمِ وَالْفَضْلِ أَحَقُّ بِالإِمَامَةِ، ١/٢٤٠،الرقم:٦٤٨، وفي كتاب: المغازی، باب: مرض النبي ﷺ ووفاته، ٤/١٦١٦، الرقم: ٤١٨٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: استخلاف الإمام، ١/٣١٥، الرقم:٤١٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/١٩٦، الرقم:١٣٠٥١، وابن حبان فی الصحيح، ١٤/٥٨٧، الرقم: ٦٦٢٠۔

Marfat.com

تُوُفِّيَ فِيْهِ، حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ الْإِثْنَيْنِ وَهُمْ صُفُوْفٌ فِي الصَّلَاةِ فَكَشَفَ النَّبِيُّ ﷺ سِتْرَ الْحُجْرَةِ يَنْظُرُ إِلَيْنَا وَهُوَ قَائِمٌ كَأَنَّ وَجْهَهُ وَرَقَةُ مُصْحَفٍ، ثُمَّ تَبَسَّمَ يَضْحَكُ فَهَمَمْنَا أَنْ نَفْتَتِنَ مِنَ الْفَرَحِ بِرُؤْيَةِ النَّبِيِّ ﷺ، فَنَكَصَ أَبُوْبَكْرٍ عَلَى عَقِبَيْهِ لِيَصِلَ الصَّفَّ وَظَنَّ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ خَارِجٌ إِلَى الصَّلَاةِ، فَأَشَارَ إِلَيْنَا النَّبِيُّ ﷺ: أَنْ أَتِمُّوْا صَلَاتَكُمْ وَأَرْخَى السِّتْرَ فَتُوُفِّيَ مِنْ يَوْمِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ جو کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں رہتے تھے سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ، حضور نبی اکرم ﷺ کے مرضِ وصال کے دوران صحابہ کرام ﷺ کو نماز پڑھایا کرتے تھے، یہاں تک کہ پیر کا دن آ گیا اور صحابہ کرام ﷺ نماز کی حالت میں صفیں باندھے کھڑے تھے۔ (اِس دوران) حضور نبی اکرم ﷺ نے (اپنے) حجرۂ مبارک سے پردہ اُٹھایا اور کھڑے ہو کر ہمیں دیکھنے لگے۔ ایسے لگ رہا تھا کہ آپ ﷺ کا چہرۂ انور کھلے ہوئے قرآن کی طرح ہے پھر آپ ﷺ تبسم ریز ہوئے۔ پس ہم نے ارادہ کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے دیدار کی خوشی سے نماز توڑ دیں پھر حضرت ابوبکر ﷺ اپنی ایڑیوں کے بَل (مصلّٰی امامت سے) پیچھے لوٹے تاکہ صف میں شامل ہو جائیں اور گمان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نماز کے لئے (گھر سے) باہر تشریف لانے والے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے ہمیں اشارہ فرمایا کہ تم لوگ اپنی نماز کو مکمل کرو اور پردہ نیچے سرکا دیا۔ پھر آپ ﷺ کا اُسی دن وصال ہو گیا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٣٠/٥٧٩۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ امْرَأَةً

الحديث رقم ٣٠: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: من فضائل أبى بكر الصديق ﷺ، ٣/١٣٣٨، الرقم:٣٤٥٩، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أبى بكر الصديق ﷺ، ٤/١٨٥٦، الرقم:٢٣٨٦، والترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب أبى بكر وعمر رضى الله عنهما كليهما، ٥/٦١٥، الرقم:٣٦٧٦.

Marfat.com

سَأَلَتْ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ شَيْئًا، فَأَمَرَهَا أَنْ تَرْجِعَ إِلَيْهِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَرَأَيْتَ إِنْ جِئْتُ فَلَمْ أَجِدْكَ؟ قَالَ أَبِي: كَأَنَّهَا تَعْنِي الْمَوْتَ. قَالَ: فَإِنْ لَمْ تَجِدِيْنِي فَأْتِي أَبَا بَكْرٍ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت محمد بن جبیر بن مطعم ﷺ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کسی چیز کے بارے میں سوال کیا۔ آپ ﷺ نے اُسے دوبارہ آنے کا حکم فرمایا، اُس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگر میں آؤں اور آپ کو نہ پاؤں تو؟ (محمد بن جبیر فرماتے ہیں کہ) میرے والد (جبیر بن مطعم) نے فرمایا: گویا وہ عورت آپ ﷺ کا وصال مراد لے رہی تھی۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم مجھے نہ پاؤ تو ابوبکر کے پاس آجانا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٣١/٥٨٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: خَطَبَ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا مِنْ أُمَّتِي لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ، وَلَكِنْ أُخُوَّةُ الْإِسْلَامِ وَمَوَدَّتُهُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ ایک روز حضور نبی اکرم ﷺ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اگر میں اپنی امت میں سے کسی کو خلیل بناتا تو ابوبکر کو بناتا۔ (اب خلت تو نہیں ہے) لیکن اسلام کی اُخوت (برادری) اور مودّت ہے۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

٣٢/٥٨١۔ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضي الله عنها أَنَّهَا قَالَتْ: إِنَّ رَسُوْلَ

الحديث رقم ٣١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: الخوخة والممر فی المسجد، ١/١٧٧، الرقم: ٤٥٤، والترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب أبی بكر الصديق ﷺ، ٥/٦٠٨، الرقم: ٣٦٦٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٣٥٩، الرقم: ٣٣٨٥، وابن حبان فی الصحيح، ١٤/٥٥٩، الرقم: ٦٥٩٤۔

الحديث رقم ٣٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الآذان، باب: أَهلُ الْعِلْمِ وَالْفَضْلِ أَحَقُّ بِالإِمَامَةِ، ١/٢٤٠، الرقم:٦٤٧، والترمذی فی السنن، كتاب: ←

Marfat.com

اللهِ ﷺ قَالَ فِي مَرَضِهِ: مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ. قَالَتْ عَائِشَةُ: قُلْتُ: إِنَّ أَبَابَكْرٍ إِذَا قَامَ فِي مَقَامِكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ فَمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ لِلنَّاسِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ: قُوْلِي لَهُ: إِنَّ أَبَابَكْرٍ إِذَا قَامَ فِي مَقَامِكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ فَمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ لِلنَّاسِ فَفَعَلَتْ حَفْصَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَهْ، إِنَّكُنَّ لَأَنْتُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ مُرُوْا أَبَابَكْرٍ فَلْيُصَلِّ لِلنَّاسِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ.

''اُمُّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے مرضِ وصال میں فرمایا: ابوبکر کو (میری طرف سے) حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے کہا کہ حضرت ابوبکر ﷺ جب آپ کی جگہ پر کھڑے ہوں گے تو وہ کثرتِ گریہ کی وجہ سے لوگوں کو (قرأت) نہیں سنا سکیں گے۔ (اس لئے) آپ حضرت عمر ﷺ کو حکم فرمائیں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت حفصہ سے کہا کہ آپ حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کریں کہ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ جب آپ کے مقام (مصلّٰی) پر کھڑے ہوں گے تو رونے کی وجہ سے لوگوں کو کچھ سنا نہ پائیں گے۔ پس آپ حضرت عمر ﷺ کو حکم فرمائیں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں چنانچہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے ایسے ہی کیا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: رُک جاؤ! بیشک تم صواحب یوسف (یعنی زنانِ مصر) کی طرح ہو۔ ابوبکر کو (میری طرف سے) حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

..... المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب أبي بكر وعمر رضي الله عنهما كليهما، ٥/٦١٣، الرقم: ٣٦٧٢، ومالك فى الموطأ، ١/١٧٠، الرقم:٤١٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٩٦، الرقم: ٢٤٦٩١، وابن حبان فى الصحيح، ١٤/٥٦٦، الرقم: ٦٦٠١.

Marfat.com

٥٨٢ / ٣٣۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لاَ يَنْبَغِي لِقَوْمٍ فِيْهِمْ أَبُوْ بَكْرٍ أَنْ يَّؤُمَّهُمْ غَيْرُهُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

''اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کسی قوم کے لئے مناسب نہیں کہ ان میں ابوبکر صدیق موجود ہوں اور اُن کی امامت اِن (یعنی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) کے علاوہ کوئی اور شخص کروائے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٣: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب أبى بكر وعمر رضى الله عنهما كليهما، ٥ / ٦١٤، الرقم: ٣٦٧٣.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مُصَاحَبَتِهِ النَّبِيَّ ﷺ فِي الْغَارِ وَالْمَزَارِ

﴿حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کا حضور ﷺ کے رفیقِ غار و مزار ہونے کا بیان﴾

٣٤/٥٨٣۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ عَنْ أَبِي بَكْرٍ ﷺ قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ ﷺ وَ أَنَا فِي الْغَارِ: لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ نَظَرَ تَحْتَ قَدَمَيْهِ لَأَبْصَرَنَا، فَقَالَ: مَا ظَنُّكَ يَا أَبَا بَكْرٍ بِاثْنَيْنِ، اللهُ ثَالِثُهُمَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس ﷺ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا جبکہ میں (آپ ﷺ کے ساتھ) غار میں تھا: اگر اِن (تلاش کرنے والے کفار) میں سے کوئی شخص اپنے قدموں کی طرف (جھک کر) دیکھے تو یقیناً ہمیں دیکھ لے گا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکر! اُن دو (افراد) کے متعلق تمہارا کیا گمان ہے جن کے ساتھ تیسرا خود اللہ تعالیٰ ہو۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٣٥/٥٨٤۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ ﷺ قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ: أَنْتَ صَاحِبِي عَلَى الْحَوْضِ، وَصَاحِبِي فِي الْغَارِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

الحديث رقم ٣٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: مناقب المهاجرين وفضلهم، ٣/١٣٣٧، الرقم: ٣٤٥٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أبی بكر الصديق ﷺ، ٤/١٨٥٤، الرقم: ٢٣٨١، والترمذی فی السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة التوبة، ٥/٢٧٨، الرقم: ٣٠٩٦، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/٤، الرقم: ١١، وابن حبان فی الصحيح، ١٤/١٨١، الرقم: ٦٢٧٩، وأبويعلى فی المسند، ١/٦٨، الرقم: ٦٦۔

الحديث رقم ٣٥: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في مناقب أبي بكر وعمر كليهما، ٥/٦١٣، الرقم: ٣٦٧٠۔

Marfat.com

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر ﷺ سے فرمایا: تم حوضِ (کوثر) پر میرے ساتھی ہوگے اور غارِ (ثور) میں بھی میرے ساتھی تھے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٥٨٥/٣٦۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ﷺ قَالَ: كَانَ أَبُوْبَكْرٍ الصِّدِّيْقُ ﷺ مِنَ النَّبِيِّ ﷺ مَكَانَ الْوَزِيْرِ. فَكَانَ يُشَاوِرُهُ فِي جَمِيْعِ أُمُوْرِهِ، وَكَانَ ثَانِيْهِ فِي الإِسْلَامِ، وَكَانَ ثَانِيْهِ فِي الْغَارِ، وَكَانَ ثَانِيْهِ فِي الْعَرِيْشِ يَوْمَ بَدْرٍ، وَكَانَ ثَانِيْهِ فِي الْقَبْرِ، وَلَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يُقَدِّمُ عَلَيْهِ أَحَدًا.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت سعید بن مسیّب ﷺ سے مروی ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ، حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں وزیر کی حیثیت رکھتے تھے اور حضور نبی اکرم ﷺ اپنے تمام اُمور میں اُن سے مشورہ فرمایا کرتے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ اسلام لانے میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ دوسرے تھے، وہ غارِ (ثور) میں بھی آپ ﷺ کے ساتھ دوسرے تھے، وہ غزوۂ بدر کے عریش (وہ چھپر جو حضور نبی اکرم ﷺ کے لئے بنایا گیا تھا) میں بھی آپ ﷺ کے ساتھ دوسرے تھے، وہ قبر میں بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ دوسرے ہیں اور رسول اللہ ﷺ اُن پر کسی کو بھی مقدّم نہیں سمجھتے تھے۔'' اسے امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٦: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/٦٦، الرقم: ٤٤٠٨.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَكَانَةِ أَبِي بَكْرٍ ﷺ فِي الْآخِرَةِ

﴿روزِ آخرت حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٣٧/٥٨٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ شَيْءٍ مِنَ الْأَشْيَاءِ فِي سَبِيْلِ اللهِ، دُعِيَ مِنْ أَبْوَابٍ. يَعْنِي: الْجَنَّةِ. يَا عَبْدَ اللهِ، هَذَا خَيْرٌ، فَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّلَاةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّلَاةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجِهَادِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ، وَ مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصِّيَامِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصِّيَامِ، وَبَابِ الرَّيَّانِ. فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: مَا عَلَى هَذَا الَّذِي يُدْعَى مِنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ مِنْ ضَرُوْرَةٍ، وَقَالَ: هَلْ يُدْعَى مِنْهَا كُلِّهَا أَحَدٌ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ يَا أَبَابَكْرٍ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَ أَحْمَدُ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سُنا: جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک چیز کا جوڑا خرچ کرے گا تو اُسے جنت کے دروازوں سے بلایا جائے گا۔ اے اللہ کے بندے! یہ خیر ہے پس جو اہلِ صلاۃ (نمازیوں) میں سے ہوگا اُس کو بابُ الصلاۃ سے بُلایا جائے گا اور جو اہلِ جہاد میں سے ہوگا اُسے بابُ الجہاد سے بلایا جائے گا اور جو اہلِ صدقہ (خیرات کرنے والوں) میں سے ہوگا اُسے بابُ الصدقہ سے بلایا جائے گا اور جو اہلِ صِیام (روزہ داروں) میں سے ہوگا اُسے بابُ الصیام اور بابُ الریّان سے

الحديث رقم ٣٧: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: قول النبي ﷺ: لو كنت متخذاً خليلا، ٣/ ١٣٤٠، الرقم: ٣٤٦٦، والنسائى فى السنن الكبرى، ٢/ ٦، الرقم: ٢٢١٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/ ٢٦٨، الرقم: ٧٦٢١، وابن حبان فى الصحيح، ٨/ ٢٠٦، الرقم: ٣٤١٨، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/ ٣٥٣، الرقم: ٣١٩٦٥۔

Marfat.com

بلایا جائے گا۔ پس حضرت ابوبکر صدیق ﷺ نے عرض کیا: جو اِن سارے دروازوں سے بلایا جائے اُسے تو خدشہ ہی کیا ہے۔ پھر عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا کوئی ایسا شخص بھی ہے جو ان تمام دروازوں میں سے بلایا جائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، اے ابوبکر! مجھے اُمید ہے کہ تم اُن ہی لوگوں میں سے ہو (جنہیں تمام دروازوں میں سے بلایا جائے گا)۔''

اس حدیث کو امام بخاری، نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٣٨/٥٨٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ أَصْبَحَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ صَائِمًا؟ قَالَ أَبُوْبَكْرٍ: أَنَا، قَالَ: فَمَنْ تَبِعَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ جَنَازَةً؟ قَالَ أَبُوْبَكْرٍ: أَنَا، قَالَ: فَمَنْ أَطْعَمَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مِسْكِيْنًا؟ قَالَ أَبُوبَكْرٍ: أَنَا، قَالَ: فَمَنْ عَادَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مَرِيْضًا؟ قَالَ أَبُوبَكْرٍ: أَنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَا اجْتَمَعْنَ فِي امْرَءٍ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آج کے دن تم میں سے کون روزہ دار ہے؟ حضرت ابوبکر ﷺ نے عرض کیا: مَیں، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: آج کے دن تم میں سے کون جنازے کے ساتھ گیا؟ حضرت ابوبکر ﷺ نے عرض کیا: مَیں، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: آج کے دن تم میں سے کس نے مسکین کو کھانا کھلایا؟ حضرت ابوبکر ﷺ نے عرض کیا: مَیں نے، آپ ﷺ نے فرمایا: آج کے دن تم میں سے کس نے بیمار کی عیادت کی؟ حضرت ابوبکر ﷺ نے عرض کیا: میں نے، پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس میں یہ سب باتیں جمع ہوں وہ ضرور جنت میں جائے گا۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٨: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: من جمع الصدقة وأعمال البر، ٢/٧١٣، الرقم ١٠٢٨، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/٣٦، الرقم: ٨١٠٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٤/١٨٩، الرقم: ٧٦١٩، وفى شعب الإيمان، ٦/٥٣٧، الرقم: ٩١٩٩۔

Marfat.com

٥٨٨ / ٣٩۔ عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها أَنَّ أَبَابَكْرٍ ﷺ دَخَلَ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: أَنْتَ عَتِيْقُ اللهِ مِنَ النَّارِ، فَيَوْمَئِذٍ سُمِّيَ عَتِيْقًا.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ.

''اُمُّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی الله عنها سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم عتیق یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے آگ سے آزاد ہو۔ پس اُس دن سے آپ ﷺ کا نام ''عتیق'' رکھ دیا گیا۔'' اس حدیث کو امام ترمذی، ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٥٨٩ / ٤٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: يَطْلُعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَأَطْلَعَ أَبُوْبَكْرٍ فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود ﷺ سے روایت ہے کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: (ابھی) اہلِ جنت میں سے ایک شخص تمہارے پاس آئے گا۔ اتنے میں حضرت ابوبکر ﷺ نمودار ہوئے، آپ نے سلام کیا اور بیٹھ گئے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ

الحديث رقم ٣٩: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقبعن رسول الله ﷺ، باب: فی مناقب أبی بكر وعمر رضی الله عنهما كليهما، ٥ / ٦١٦، الرقم: ٣٦٧٩، وابن حبان فی الصحيح، ٥ / ٢٧٩، الرقم: ٦٨٦٤، والحاكم فی المستدرك، ٢ / ٤٥٠، الرقم:٣٥٥٧، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١ / ٥٣، والبزار فی المسند، ٦ / ١٧٠، الرقم:٢٢١٣۔

الحديث رقم ٤٠: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقبعن رسول الله ﷺ، باب: فی مناقب عمر بن الخطاب ﷺ، ٥ / ٦٢٢، الرقم: ٣٦٩٤، والحاكم فی المستدرك، ٣ / ٧٦، الرقم: ٤٤٤٣، والطبرانی فی المعجم الكبير ١٠ / ١٦٧، الرقم: ١٠٣٤٣۔

Marfat.com

حدیث صحیح ہے۔

٥٩٠/٤١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَتَانِي جِبْرِيْلُ فَأَخَذَ بِيَدِي فَأَرَانِي بَابَ الْجَنَّةِ الَّذِي تَدْخُلُ مِنْهُ أُمَّتِي فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَدِدْتُ أَنِّي كُنْتُ مَعَکَ حَتّٰى أَنْظُرَ إِلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَمَّا إِنَّکَ يَا أَبَابَكْرٍ، أَوَّلُ مَنْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حضرت جبرائیل علیہ السلام نے میرا ہاتھ پکڑا، پھر مجھے جنت کا وہ دروازہ دکھایا جس سے میری اُمت (جنت میں) داخل ہو گی۔ حضرت ابوبکر ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کاش میں آپ کے ساتھ ہوتا تاکہ میں بھی جنت کا وہ دروازہ دیکھتا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً تم تو میری اُمت کے وہ پہلے شخص ہو جو جنت میں اُس دروازہ سے داخل ہو گا۔''

اس حدیث کو امام ابوداود اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٥٩١/٤٢۔ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى عَتِيْقٍ مِنَ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى أَبِي بَكْرٍ وَ أَنَّ اسْمَهُ الَّذِي سَمَّاهُ أَهْلُهُ لَعَبْدُ اللهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرٍو حَيْثُ وُلِدَ فَغَلَبَ عَلَيْهِ اسْمُ عَتِيْقٍ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَبُوْيَعْلَى وَالطَّبَرَانِيُّ.

''اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ

الحديث رقم ٤١: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: السنة، باب: الخلفاء، ٤/٢١٣، الرقم: ٤٦٥٢، والحاكم فى المستدرك، ٣/٧٧، الرقم: ٤٤٤٤، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٣/٩٣، الرقم: ٢٥٩٤۔

الحديث رقم ٤٢: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/٦٤، الرقم، ٤٤٠٤، وأبويعلى فى المسند، ٨/٣٠٢، الرقم: ٤٨٩٩، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١/٥٤، الرقم: ١٠۔

Marfat.com

نے فرمایا: جسے آگ سے آزاد (محفوظ) شخص دیکھنا پسند ہو وہ ابوبکرﷺ کو دیکھ لے اور حضرت ابوبکرﷺ کا نام ولادت کے وقت آپ کے گھر والوں نے عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو رکھا تھا، پھر اِس پر عتیق کا لقب غالب آ گیا۔"

اس حدیث کو امام حاکم، ابویعلی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِ وَمَنَاقِبِهرضی اللہ عنہ

﴿حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

٥٩٢/٤٣۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أَمَنَّ النَّاسِ عَلَيَّ فِي مَالِهِ وَصُحْبَتِهِ أَبُوْبَكْرٍ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمام لوگوں میں سے سب سے زیادہ مجھ پر ابوبکر رضی اللہ عنہ کا احسان ہے، مال کا بھی اور ہم نشینی کا بھی۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٥٩٣/٤٤۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: لَا يُبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ خَوْخَةٌ إِلَّا خَوْخَةُ أَبِي بَكْرٍ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز حضور نبی اکرم ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور فرمایا: مسجد میں کسی کی کھڑکی باقی نہ رہنے دی جائے مگر ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر کی

الحديث رقم ٤٣: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: الخوخة والممر فى المسجد، ١/١٧٧، الرقم: ٤٥٤، وفى كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: من فضائل أبي بكر، ٣/١٣٣٧، الرقم: ٣٤٥٤، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أبي بكر، ٤/١٨٥٤، الرقم: ٢٣٨٢، والترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب أبي بكر، ٥/٦٠٨، الرقم: ٣٦٦٠ ، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٨، الرقم: ١١١٥٠.

الحديث رقم ٤٤: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: الخوخة والممر فى المسجد، ١/١٧٧، الرقم: ٤٥٤، وفي كتاب: فضائل الصحابة، باب: قول النبى ﷺ: سُدُّوا الأبواب إلَّا بَابَ أَبِي بَكْرٍ، ٣/١٤١٧، الرقم: ٣٦٩١، ومسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أبي بكر الصديق رضی اللہ عنہ، ٤/١٨٥٤، الرقم: ٢٣٨٢، والترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب أبي بكر الصديق رضی اللہ عنہ، ٥/٦٠٨، الرقم: ٣٦٦٠.

Marfat.com

کھڑکی قائم رکھی جائے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٥٩٤ / ٤٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَـلَاءَ، لَمْ يَنْظُرِ اللهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: إِنَّ أَحَدَ شِقَّي ثَوْبِي يَسْتَرْخِي، إِلَّا أَنْ أَتَعَاهَدَ ذَلِکَ مِنْهُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنَّکَ لَسْتَ تَصْنَعُ ذَلِکَ خُيَـلَاءَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے کپڑے کو تکبر کرتے ہوئے گھسیٹا، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظرِ رحمت نہیں فرمائے گا۔ حضرت ابوبکر (صدیق رضی اللہ عنہ) نے عرض کیا۔ میرے کپڑے کا ایک کونہ عموماً لٹک جاتا ہے سوائے اس صورت کے کہ میں اس کی احتیاط کروں۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم ایسا ازراہِ تکبر نہیں کرتے (یعنی اِس حکم کا اطلاق تم پر نہیں ہوتا)۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

٥٩٥ / ٤٦۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيْهِ عَاصِبًا رَأْسَهُ فِي خِرْقَةٍ فَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: إِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ أَمَنَّ عَلَيَّ فِي نَفْسِهِ وَمَالِهِ مِنْ أَبِي بَكْرٍ

الحديث رقم ٤٥: أخرجه البخارى في الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وآله وسلم، باب: من فضائل أبى بكر الصديق رضي الله عنه، ٣ / ١٣٤٠، الرقم: ٣٤٦٥، وفي كتاب: اللباس، باب: من جرّ إزاره من غير خيلاء، ٥ / ٢٨١، الرقم: ٥٤٤٧، والنسائى في السنن، كتاب: الزينة، باب: إسبال الإزار، ٨ / ٢٠٨، الرقم: ٥٣٣٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢ / ٦٧، الرقم: ٥٣٥١، وابن حبان في الصحيح، ١٢ / ٢٦١، الرقم: ٥٤٤٤.

الحديث رقم ٤٦: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: الخوخة والممر فى المسجد، ١ / ١٧٨، الرقم:٤٥٥، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥ / ٣٥، الرقم:٨١٠٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١ / ٧٧٠، الرقم:٢٤٣٢، وابن حبان فى الصحيح، ١٥ / ٢٧٥، الرقم:٦٨٦٠.

Marfat.com

بُنِ أَبِي قُحَافَةَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ اپنے مرضِ وصال میں (حجرہ مبارک سے) باہر تشریف لائے۔ آپ ﷺ نے اپنا سرِ انور کپڑے سے لپیٹا ہوا تھا۔ پس آپ ﷺ منبر مبارک پر جلوہ افروز ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی پھر فرمایا: اپنی جان و مال (قربان کرنے) کے اعتبار سے ابوبکر بن ابی قحافہ سے بڑھ کر مجھ پر زیادہ احسان کرنے والا کوئی نہیں۔'' اس حدیث کو امام بخاری اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

٥٩٦ / ٤٧۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: رَحِمَ اللهُ أَبَابَكْرٍ، زَوَّجَنِي ابْنَتَهُ، وَحَمَلَنِي إِلَى دَارِ الْهِجْرَةِ، وَأَعْتَقَ بِلَالًا مِنْ مَالِهِ .....الحديث.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوبکر پر رحم فرمائے انہوں نے مجھ سے اپنی بیٹی کا نکاح کیا، مجھے سوار کر کے دار الہجرت (مدینہ منورہ) لے گئے اور اپنے مال سے بلال کو آزاد کروایا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

٥٩٧ / ٤٨۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ عُمَرُ لِأَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رضی الله عنه: يَا خَيْرَ النَّاسِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت عمر بن

الحديث رقم ٤٧: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب علي بن أبى طالب رضی الله عنه، ٥/٦٣٣، الرقم: ٣٧١٤، وأبويعلى في المسند، ١/٤١٨، الرقم: ٥٥٠، والطبرانى في المعجم الأوسط، ٦/٩٥، الرقم: ٥٩٠٦، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٥٧٧، الرقم: ١٢٣٢۔

الحديث رقم ٤٨: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب عمر بن الخطاب رضی الله عنه، ٥/٦١٨، الرقم: ٣٦٨٤، والحاكم فى المستدرك، ٣/٩٦، الرقم: ٤٥٠٨۔

Marfat.com

خطاب رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے اس طرح مخاطب ہوئے: اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد سب سے بہتر انسان۔'' اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٥٩٨ / ٤٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَا لِأَحَدٍ عِنْدَنَا يَدٌ إِلَّا وَقَدْ كَافَيْنَاهُ، مَا خَلَا أَبَابَكْرٍ، فَإِنَّ لَهُ عِنْدَنَا يَدًا يُكَافِئُهُ اللهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی کا بھی ہمارے اوپر کوئی ایسا احسان نہیں جس کا ہم نے بدلہ چکا نہ دیا ہو، سوائے ابوبکر صدیق کے۔ بیشک اُن کے ہمارے اوپر احسان ہیں جن کا بدلہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن چکائے گا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔

٥٩٩ / ٥٠۔ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قَالَ أَبُوْ قُحَافَةَ لِأَبِي بَكْرٍ: أَرَاكَ قَوْمًا رِقَابًا ضِعَافًا، فَلَوْ أَنَّكَ إِذْ فَعَلْتَ أَعْتَقْتَ رِجَالًا جِلْدًا يَمْنَعُوْنَكَ وَيَقُوْمُوْنَ دُوْنَكَ. فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: يَا أَبَتِ، إِنِّي إِنَّمَا أُرِيْدُ مَا أُرِيْدُ لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ فِيْهِ: ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى﴾ إِلَى قَوْلِهِ عزوجل ﴿وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِنْ نِعْمَةٍ تُجْزَى إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَى وَلَسَوْفَ يَرْضَى﴾، [الليل، ٩٢: ٥-٢١].

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

الحديث رقم ٤٩: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: مناقب أبی بكرالصديق رضی اللہ عنہ، ٥/ ٦٠٩، الرقم: ٣٦٦١.

الحديث رقم ٥٠: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/ ٥٧٢، الرقم، ٣٩٤٢، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ١/ ٩٥، الرقم: ٦٦.

Marfat.com

کے والد) حضرت ابو قحافہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا میں دیکھتا ہوں کہ تم کمزور غلاموں کو آزاد کرواتے ہو۔ تم ایسا کیوں نہیں کرتے کہ تندومند اور طاقتور غلاموں کو آزاد کرواؤ تاکہ وہ تمہاری حفاظت کرسکیں اور تمہاری خاطر لڑسکیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے ابا جان میرا مقصد وہ ہے جو ان آیات کا مقصد ہے: (پس جس نے (اپنا مال اللہ کی راہ میں) دیا اور پرہیزگاری اختیار کی○ اور اس نے (اِنفاق وتقویٰ کے ذریعے) اچھائی (یعنی دینِ حق اور آخرت) کی تصدیق کی○ تو ہم عنقریب اسے آسانی (یعنی رضائے الٰہی) کے لئے سہولت فراہم کر دیں گے○)، اللہ تعالیٰ کے اس فرمان تک: (اور کسی کا اس پر کوئی احسان نہیں کہ جس کا بدلہ دیا جا رہا ہو○ مگر (وہ) صرف اپنے ربِ عظیم کی رضا جوئی کے لئے (مال خرچ کر رہا ہے)○اور عنقریب وہ (اللہ کی عطا سے اور اللہ اس کی وفا سے) راضی ہو جائے گا○)۔'' [اللیل، ۹۲: ۵۔ ۲۱]۔

اس حدیث کو امام حاکم اور احمد نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٦٠٠ / ٥١۔ عَنْ أَسَدِ بْنِ زَرَارَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خَطَبَ النَّاسَ فَالْتَفَتَ الْتِفَافَةً فَلَمْ يَرَ أَبَابَكْرٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أَبُوْبَكْرٍ، أَبُوْبَكْرٍ، إِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ جِبْرِيْلَ عليہ السلام أَخْبَرَنِي آنِفًا إِنَّ خَيْرَ أُمَّتِكَ بَعْدَكَ أَبُوْبَكْرٍ الصِّدِّيْقُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت اسد بن زرارہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے توجہ فرمائی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو نہ دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پکارا: ابوبکر! ابوبکر! روح القدس جبرائیل عليہ السلام نے مجھے خبر دی ہے کہ میری اُمت میں سے میرے بعد سب سے بہتر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٦٠١ / ٥٢۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ اللهَ عزوجل فِي السَّمَاءِ يَكْرَهُ أَنْ يَخْطَأَ أَبُوْبَكْرٍ فِي الْأَرْضِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ٥١: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ٦/ ٢٩٢، الرقم: ٦٤٤٨۔
الحديث رقم ٥٢: أخرجه الطبرانی في المعجم الكبير، ٢٠/ ٦٧، الرقم: ١٢٤۔

Marfat.com

''حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو آسمان پر یہ پسند نہیں کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے زمین پر کوئی خطا سرزد ہو۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٦٠٢/٥٣۔ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رضي الله عنهما قَالَ: لَمَّا احْتَضَرَ أَبُوْبَكْرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، انْظُرِي اللَّقْحَةَ الَّتِي كُنَّا نَشْرَبُ مِنْ لَبَنِهَا، وَالْجَفْنَةَ الَّتِي نَصْطَبِخُ فِيْهَا، وَالْقَطِيْفَةَ الَّتِي كُنَّا نَلْبَسُهَا، فَإِنَّا كُنَّا نَنْتَفِعُ بِذَلِكَ حِيْنَ كُنَّا فِي أَمْرِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَإِذَا مِتُّ فَارْدُدِيْهِ إِلَى عُمَرَ، فَلَمَّا مَاتَ أَبُوْبَكْرٍ رضی اللہ عنہ أَرْسَلَتْ بِهِ إِلَى عُمَرَ رضی اللہ عنہ فَقَالَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ: رَضِيَ اللهُ عَنْكَ يَا أَبَابَكْرٍ، لَقَدْ أَتْعَبْتَ مَنْ جَاءَ بَعْدَكَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے وصال کا وقت قریب آیا تو انہوں نے فرمایا: اے عائشہ! یہ دودھ دینے والی اونٹنی دیکھ لو جس کا ہم دودھ پیتے تھے اور یہ بڑا برتن جس میں ہم کھانا پکاتے تھے اور یہ کمبل جسے ہم اوڑھتے تھے، ہم ان چیزوں سے اس وقت تک نفع حاصل کرنے کے مجاز تھے جب تک ہم مسلمانوں کے اُمور (یعنی اُمورِ خلافت) میں مصروف رہتے تھے۔ پھر جب میں فوت ہو جاؤں تو یہ سب کچھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو لوٹا دینا۔ پھر جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فوت ہو گئے تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے وہ چیزیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف بھجوا دیں۔ اُس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوبکر! اللہ تعالیٰ آپ سے راضی ہو، آپ نے اپنے بعد ہر آنے والے کو تھکا دیا ہے (یعنی آزمائش میں ڈال دیا ہے)۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٦٠٣/٥٤۔ عَنْ عُبَيْدَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: جَاءَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ وَالْأَقْرَعُ بْنُ

الحديث رقم ٥٣: أخرجه الطبرانى في المعجم الكبير، ١/٦٠، الرقم: ٣٨، والهيثمى في مجمع الزوائد، ٥/٢٣١.

الحديث رقم ٥٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/٨٥، الرقم:٤٤٧٣، والبيهقى في السنن الكبرى، ٧/٢٠.

Marfat.com

حَابِسٍ إِلَى أَبِي بَكْرٍ رضي الله عنه فَقَالُوْا: يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عیینہ بن حصن رضی اللہ عنہ اور اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ، سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور انہوں نے کہا: یا خلیفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! (اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلیفہ)۔'' اس حدیث کو امام حاکم اور امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

٦٠٤ / ٥٥۔ عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه أَنَّهُ قَالَ: خَيْرُ هَذِهِ الْأُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا أَبُوْبَكْرٍ رضي الله عنه.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اس امت میں سب سے بہتر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں۔'' اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٦٠٥ / ٥٦۔ قَالَ عَلِيٌّ وَالزُّبَيْرُ رضي الله عنهما قَالَ: إِنَّا نَرَى أَبَا بَكْرٍ أَحَقَّ النَّاسِ بِهَا بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنَّهُ لَصَاحِبُ الْغَارِ، وَثَانِيَ اثْنَيْنِ، وَإِنَّا لَنَعْلَمُ بِشَرَفِهِ وَكِبَرِهِ، وَلَقَدْ أَمَرَهُ رَسُوْلُ اللهِ بِالصَّلَاةِ بِالنَّاسِ وَهُوَ حَيٌّ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت علی اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ بلاشبہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلافت کے سب سے زیادہ حقدار ہیں وہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غار کے ساتھی ہیں۔ وہ ثانی اثنین (یارِ غار) ہیں اور ہم ان کے شرف و بزرگی اور ان کے مرتبہ کو جانتے ہیں۔ بے شک انہیں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ظاہری حیاتِ طیبہ میں (بھی) نماز کی امامت کا حکم دیا تھا۔'' اس حدیث کو امام حاکم اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٥: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١ / ١١٠، الرقم: ٨٧٩، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ١ / ٢٩٨، الرقم: ٩٩٢.

الحديث رقم ٥٦: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣ / ٧٠، الرقم: ٤٤٢٢، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٨ / ١٥٢.

Marfat.com

٦٠٦/٥٧۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: حُبُّ أَبِي بَكْرٍ وَشُكْرُهُ وَاجِبٌ عَلَى أُمَّتِي. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ وَالْخَطِيْبُ.

''حضرت سہل بن سعد ﷺ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابوبکر سے محبت اور اس کا شکر ادا کرنا میری امت پر واجب ہے۔''

اس حدیث کو امام دیلمی اور خطیب بغدادی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٧: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ٢/١٤٢، الرقم: ٢٧٢٤، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ٥/٤٥١.

Marfat.com

اَلْبَابُ الْعَاشِرُ:

مَنَاقِبُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ

﴿حضرت عمر بن الخطّاب رضی اللہ عنہ کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِيمَا يَتَعَلَّقُ بِإِسْلَامِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ

﴿حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے قبولِ اسلام کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي مَنْزِلَتِهِ رضی اللہ عنہ عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿بارگاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَوْ كَانَ بَعْدِي نَبِيٌّ لَكَانَ عُمَرُ

﴿فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر ہوتا﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي أَنَّ الشَّيْطَانَ يَفِرُّ مِنْ ظِلِّ عُمَرَ رضی اللہ عنہ

﴿حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سائے سے بھی شیطان کے بھاگنے کا بیان﴾

٥۔ فَصْلٌ فِي تَبْشِيرِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لَهُ بِالْجَنَّةِ

﴿حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جنت کی بشارت دینے کا بیان﴾

٦۔ فَصْلٌ فِيمَا وَرَدَ لَهُ مِنَ الْفَضْلِ مِنْ مُوَافَقَتِهِ رضی اللہ عنہ لِلْوَحْيِ

﴿حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے کے مطابق نزولِ وحی کا بیان﴾

٧۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِ وَمَنَاقِبِهِ رضی اللہ عنہ

﴿حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِيمَا يَتَعَلَّقُ بِإِسْلَامِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضي الله عنه

﴿حضرت عمر بن الخطاب رضي الله عنه کے قبولِ اسلام کا بیان﴾

٦٠٧/١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: اَللّٰهُمَّ، أَعِزَّ الإِسْلَامَ بِأَحَبِّ هَذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ إِلَيْکَ بِأَبِي جَهْلٍ أَوْ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ. قَالَ: وَکَانَ أَحَبَّهُمَا إِلَيْهِ عُمَرُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ! تو ابوجہل یا عمر بن الخطاب دونوں میں سے اپنے ایک پسندیدہ بندے کے ذریعے اسلام کو غلبہ اور عزت عطا فرما۔ راوی کہتے ہیں کہ ان دونوں میں اللہ تعالیٰ کو محبوب حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے (جن کے بارے میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا قبول ہوئی اور آپ مشرف بہ اسلام ہوئے)۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، احمد اور ابن حبان نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٦٠٨/٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: لَمَّا أَسْلَمَ عُمَرُ نَزَلَ

الحديث رقم ١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب، باب: فى مناقب عمر، ٥/٦١٧، الرقم: ٣٦٨١، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٩٥، الرقم: ٥٦٩٦، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/٣٠٥، الرقم: ٦٨٨١،والحاكم في المستدرك، ٣/٥٧٤، الرقم:٦١٢٩، والبزار في المسند، ٦/٥٧، الرقم: ٢١١٩، وعبد بن حميد في المسند، ١/٢٤٥، الرقم: ٧٥٩.

الحديث رقم ٢: أخرجه ابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فضل عمر، ١/٣٨، الرقم: ١٠٣، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/٣٠٧، الرقم: ٦٨٨٣، والحاكم في المستدرك، ٣/٩٠، الرقم: ٤٤٩١، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١١/٨٠، الرقم: ١١١٠٩، والهيثمي في موارد الظمان، ١/٥٣٥، الرقم: ٢١٨٢.

Marfat.com

جِبْرِيْلُ فَقَالَ: يَامُحَمَّدُ، لَقَدِ اسْتَبْشَرَ أَهْلُ السَّمَاءِ بِإِسْلَامِ عُمَرَ ﷺ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب حضرت عمر ﷺ ایمان لائے تو جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور عرض کیا: یا محمد مصطفیٰ! بے شک اہلِ آسمان نے حضرت عمر ﷺ کے اسلام لانے پر خوشیاں منائی ہیں (اور مبارکبادیں دی ہیں)۔''

اس حدیث کو امام ابن ماجہ، ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٣/٦٠٩۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: لَمَّا أَسْلَمَ عُمَرُ ﷺ قَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: الْيَوْمَ قَدِ انْتَصَفَ الْقَوْمُ مِنَّا. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت عمر ﷺ نے اسلام قبول کیا تو مشرکین نے کہا کہ آج کے دن ہماری قوم دو حصوں میں بٹ گئی ہے (یعنی آدھی رہ گئی ہے)۔''

اس حدیث کو امام حاکم، احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٤/٦١٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ ضَرَبَ صَدْرَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ بِيَدِهِ حِيْنَ أَسْلَمَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَهُوَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ، أَخْرِجْ مَا فِي صَدْرِهِ مِنْ غِلٍّ وَأَبْدِلْهُ إِيْمَانًا. يَقُوْلُ ذٰلِكَ

الحديث رقم ٣: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/٩١، الرقم:٤٤٩٤، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١١/٢٥٥، الرقم:١١٦٥٩، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ١/٢٤٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٦٢.

الحديث رقم ٤: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/٩١، الرقم: ٤٤٩٢، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٢/٢٠، الرقم: ١٠٩٦، وفى المعجم الكبير، ١٢/٣٠٥، الرقم: ١٣١٩١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٦٥.

Marfat.com

ثَلاثًا. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مُسْتَقِيْمُ الإِسْنَادِ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب اسلام قبول کیا تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے سینے پر تین دفعہ اپنا دستِ اقدس مارا اور (ہر مرتبہ) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ساتھ فرمایا: اے اللہ! عمر کے سینے میں جو غل (سابقہ عداوتِ اسلام کا اثر) ہے اسے نکال دے اور اس کی جگہ ایمان ڈال دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ کلمات تین مرتبہ دہرائے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح مستقیم الاسناد ہے۔

٦١١/٥. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: إِنْ كَانَ إِسْلَامُ عُمَرَ رضی اللہ عنہ لَفَتْحًا، وَإِمَارَتُهُ لَرَحْمَةً. وَاللهِ، مَا اسْتَطَعْنَا أَنْ نُصَلِّيَ بِالْبَيْتِ حَتَّى أَسْلَمَ عُمَرُ، فَلَمَّا أَسْلَمَ قَابَلَهُمْ حَتَّى دَعَوْنَا فَصَلَّيْنَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قبولِ اسلام (ہمارے لئے) ایک فتح تھی اور ان کی خلافت ایک رحمت تھی، خدا کی قسم! ہم بیت اللہ میں نماز پڑھنے کی استطاعت نہیں رکھتے تھے، یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسلام لے آئے۔ پس جب وہ اسلام لائے تو انہوں نے مشرکینِ مکہ کا سامنا کیا یہاں تک کہ ہم نے (برملا) اسلام کی دعوت دی اور خانہ کعبہ میں نماز بھی پڑھی۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٩/١٦٥، الرقم: ٨٨٢٠، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٩/٦٢.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَنْزِلَتِهِ رضی اللہ عنہ عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿بارگاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٦١٢/٦۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَنِ السَّاعَةِ فَقَالَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: وَمَاذَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: لَا شَيءَ إِلَّا أَنِّي أُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَقَالَ: أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ. قَالَ أَنَسٌ: فَمَا فَرِحْنَا بِشَيءٍ فَرَحَنَا بِقَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ. قَالَ أَنَسٌ: فَأَنَا أُحِبُّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَأَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ، وَأَرْجُوْ أَنْ أَكُوْنَ مَعَهُمْ بِحُبِّي إِيَّاهُمْ، وَإِنْ لَمْ أَعْمَلْ بِمِثْلِ أَعْمَالِهِمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کسی صحابی نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کہ قیامت کب آئے گی؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کیا: میرے پاس تو کوئی عمل نہیں سوائے اس کے کہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہیں آخرت میں بھی اسی کی معیت اور سنگت نصیب ہو گی جس سے تم محبت کرتے ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں کسی خبر نے اتنا خوش نہیں کیا جتنا کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان نے کہ: ''تم اسی کے ساتھ ہو گے جس سے محبت کرتے ہو۔'' حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہوں اور ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے بھی لہٰذا امیدوار ہوں کہ ان کی محبت کے باعث میں بھی ان حضرات کے ساتھ ہوں گا اگرچہ میرے اعمال ان جیسے نہیں۔ (صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ان دونوں

الحديث رقم ٦: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ، ٣/١٣٤٩، الرقم: ٣٤٨٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: المرء مع من أحب، ٤/٢٠٣٢، الرقم: ٢٦٣٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٢٢٧، الرقم: ١٣٣٩٥، وأبو يعلى فی المسند، ٦/١٨٠، الرقم: ٣٤٦٥، وعبد بن حميد في المسند، ١/٣٩٧، الرقم: ١٣٣٩، والمنذری في الترغيب والترهيب، ٤/١٤، ١٥، الرقم: ٤٥٩٤.

Marfat.com

شخصیات سے محبت کرنے کا سبب بارگاہِ مصطفیٰ ﷺ میں ان کا مقام و مرتبہ تھا)۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٦١٣/٧۔ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما يَقُوْلُ: وُضِعَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ﷺ عَلَى سَرِيْرِهِ فَتَكَنَّفَهُ النَّاسُ يَدْعُوْنَ وَيُثْنُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ قَبْلَ أَنْ يُرْفَعَ وَأَنَا فِيهِمْ، قَالَ: فَلَمْ يَرُعْنِي إِلَّا بِرَجُلٍ قَدْ أَخَذَ بِمَنْكِبِي مِنْ وَرَائِي. فَالْتَفَتُّ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ عَلِيٌّ ﷺ. فَتَرَحَّمَ عَلَى عُمَرَ ﷺ وَقَالَ: مَا خَلَّفْتَ أَحَدًا أَحَبَّ إِلَيَّ، أَنْ أَلْقَى اللهَ بِمِثْلِ عَمَلِهِ، مِنْكَ. وَايْمُ اللهِ، إِنْ كُنْتُ لَأَظُنُّ أَنْ يَجْعَلَكَ اللهُ مَعَ صَاحِبَيْكَ وَذَاكَ، أَنِّي كُنْتُ أُكَثِّرُ أَسْمَعُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ جِئْتُ أَنَا وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ، وَدَخَلْتُ أَنَا وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَخَرَجْتُ أَنَا وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ. فَإِنْ كُنْتُ لَأَرْجُوْ، أَوْ لَأَظُنُّ، أَنْ يَجْعَلَكَ اللهُ مَعَهُمَا.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت عمر بن الخطاب ﷺ کا جنازہ تخت پر رکھا گیا تو لوگ ان کے گرد جمع ہوگئے، وہ ان کے حق میں دعا کرتے، تحسین آمیز کلمات کہتے اور جنازہ اٹھائے جانے سے بھی پہلے ان پر صلوۃ (یعنی دعا) پڑھ رہے تھے، میں بھی ان لوگوں میں شامل تھا، اچانک ایک شخص نے پیچھے سے میرے کندھے پر ہاتھ رکھا، میں نے گھبرا کر مڑ کے دیکھا تو وہ حضرت علی ﷺ تھے، انہوں نے حضرت عمر ﷺ کے لیے رحمت کی دعا کی اور (حضرت عمر ﷺ کے جسدِ اقدس سے مخاطب ہوکر) فرمایا: (اے عمر!) آپ نے اپنے بعد کوئی ایسا شخص نہیں چھوڑا جس کے کئے ہوئے اعمال کے ساتھ مجھے اللہ تعالیٰ سے

الحديث رقم ٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بن الخطاب ﷺ، ٣/١٣٤٨، الرقم: ٣٤٨٢، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر، ٤/١٨٥٨، الرقم: ٢٣٨٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/١١٢، الرقم: ٨٩٨، والحاكم فی المستدرك، ٣/٧١، الرقم: ٤٤٢٧.

Marfat.com

ملاقات کرنا پسند ہو۔ بخدا مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کا درجہ آپ کے دونوں رفیقوں (یعنی حضور نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق ﷺ) کے ساتھ کردے گا، کیونکہ میں حضور نبی اکرم ﷺ سے بہ کثرت یہ سنتا تھا، ''میں اور ابوبکر و عمر آئے، میں اور ابوبکر و عمر داخل ہوئے، میں اور ابوبکر و عمر نکلے'' اور مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو (اسی طرح) آپ کے دونوں رفیقوں کے ساتھ رکھے گا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے اور مذکورہ الفاظ مسلم کے ہیں۔

٨/٦١٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ هِشَامٍ ﷺ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ، وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن ہشام ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ تھے اور آپ ﷺ نے حضرت عمر ﷺ کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٩/٦١٥۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ عُمَرُ لِأَبِي بَكْرٍ: يَا خَيْرَ النَّاسِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ. فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: أَمَا إِنَّكَ إِنْ قُلْتَ ذَاكَ فَلَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ عَلَى رَجُلٍ خَيْرٍ مِنْ عُمَرَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر ﷺ نے حضرت ابوبکر ﷺ کو مخاطب کر کے فرمایا: اے حضور نبی اکرم ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے بہترین انسان! (یہ سن کر) حضرت ابوبکر ﷺ نے فرمایا: آگاہ ہو جاؤ اگر تم نے یہ کہا ہے تو میں نے بھی

الحديث رقم ٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بن الخطاب، ٣/١٣٥١، الرقم: ٣٤٩١، وفي كتاب: الاستئذان، باب: المصافحة، ٥/٢٣١١، الرقم: ٥٩٠٩، وابن حبان فی الصحيح، ١٦/٣٥٥، الرقم: ٧٣٥٦، والبيهقي في شعب الإيمان، ٢/١٣٢، الرقم:١٣٨٢۔

الحديث رقم ٩: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فی مناقب عمر ﷺ، ٥/٦١٨، الرقم: ٣٦٨٤، والحاكم فی المستدرك، ٣: ٩٦، الرقم: ٤٥٠٨۔

Marfat.com

حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عمر سے بہتر کسی آدمی پر ابھی تک سورج طلوع نہیں ہوا۔'' اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٦١٦/١٠۔ عَنْ عُمَرَ ﷺ أَنَّهُ اسْتَأْذَنَ النَّبِيَّ ﷺ فِي الْعُمْرَةِ فَقَالَ: أَيْ أَخِي أَشْرِكْنَا فِي دُعَائِکَ وَ لَا تَنْسَنَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عمر ﷺ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے ادائیگی عمرہ کی اجازت طلب کی تو آپ ﷺ نے انہیں فرمایا: اے میرے بھائی! ہمیں بھی اپنی دعاؤں میں شریک رکھنا اور ہمیں بھی مت بھولنا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٦١٧/١١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ رَأَى عَلَى عُمَرَ قَمِيْصًا أَبْيَضَ فَقَالَ: ثَوْبُکَ هَذَا غَسِيْلٌ أَمْ جَدِيْدٌ؟ قَالَ: لَا. بَلْ غَسِيْلٌ: قَالَ: الْبَسْ جَدِيْدًا، وَ عِشْ حَمِيْدًا، وَ مُتْ شَهِيْدًا.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دفعہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمر ﷺ کو سفید قمیص زیب تن کئے ہوئے دیکھا تو دریافت فرمایا: (اے عمر!) تمہارا یہ

الحديث رقم ١٠: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: فی دعاء النبي ﷺ، ٥/٥٥٩، الرقم: ٣٥٦٢، وابن ماجه فی السنن، کتاب: المناسك، باب: فضل دعاء الحاج، ٢/٩٦٦، الرقم: ٢٨٩٤، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٦/٥٠٢، الرقم: ٩٠٥٩۔

الحديث رقم ١١: أخرجه ابن ماجه فی السنن، کتاب: اللباس، باب: ما يقول الرجل إذا لبس ثوبًا جديداً، ٢/١١٧٨، الرقم: ٣٥٥٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٨٨، الرقم: ٥٦٢٠، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١٢/٢٨٣، الرقم: ١٣١٢٧، و أبو يعلى في المسند، ٩/٤٠٢، الرقم: ٥٥٤٥۔

Marfat.com

قمیص نیا ہے یا پرانا، حضرت عمرؓ نے عرض کیا: یہ (نیا) نہیں بلکہ پرانا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: (خدا کرے) تم ہمیشہ نیا لباس پہنو اور پرسکون زندگی بسر کرو اور تمہیں شہادت کی موت نصیب ہو۔'' اس حدیث کو امام ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٢/٦١٨۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ هِشَامٍ ﷺ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ، وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ فَقَالَ: وَاللهِ، يَا رَسُوْلَ اللهِ، لَأَنْتَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ إِلَّا نَفْسِي، فَقَال النَّبِيُّ ﷺ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ نَفْسِهِ قَالَ: فَأَنْتَ الآنَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي. فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: الآنَ يَا عُمَرُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن ہشام ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ تھے اور آپ ﷺ نے حضرت عمرؓ کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ مجھے ہر ایک چیز سے بڑھ کر محبوب ہیں سوائے اپنی جان کے۔ اس پر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک میں اسے اس کی جان سے بھی بڑھ کر محبوب نہیں ہو جاتا۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اب آپ مجھے میری جان سے بھی بڑھ کر محبوب ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عمر! اب تمہارا ایمان کامل ہو گیا ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد، حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٢: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٤/٣٣٦، والحاكم في المستدرك، ٣/٥١٦، الرقم: ٥٩٢٢، والطبراني في المعجم الأوسط، ١/١٠٢، الرقم: ٣١٧، و البزار في المسند، ٨/٣٨٤، الرقم: ٣٤٥٩.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَوْ كَانَ بَعْدِي نَبِيٌّ لَكَانَ عُمَرُ

﴿فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر ہوتا﴾

١٣/٦١٩۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَوْ كَانَ بَعْدِي نَبِيٌّ لَكَانَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

وفي رواية: عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَوْ كَانَ اللهُ بَاعِثًا رَسُوْلًا بَعْدِي لَبَعَثَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ كَمَا قَالَ الْهَيْثَمِيُّ.

''حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر بن الخطاب ہوتا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے اور امام حاکم نے بھی فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

اور ایک روایت میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ میرے بعد کسی کو نبی بنا کر بھیجنے والا ہوتا تو یقیناً عمر بن الخطاب کو نبی بنا کر بھیجتا۔'' امام ہیثمی نے فرمایا کہ اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٣: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: في مناقب عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ، ٥/٦١٩، الرقم: ٣٦٨٦، و أحمد بن حنبل في المسند، ٤/١٥٤، والحاكم في المستدرك، ٣/٩٢، الرقم: ٤٤٩٥، والطبراني في المعجم الكبير، ١٧/١٨٠، ٢٩٨، الرقم: ٤٧٥، ٨٢٢، والروياني في المسند، ١/ ١٧٤، الرقم: ٢٢٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٦٨۔

Marfat.com

٦٢٠ / ١٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَقَدْ كَانَ فِيْمَا قَبْلَكُمْ مِنَ الْأُمَمِ مُحَدَّثُوْنَ فَإِنْ يَكُ فِي أُمَّتِي أَحَدٌ فَإِنَّهُ عُمَرُ.

وفي رواية: عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَقَدْ كَانَ فِيْمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيْلَ رِجَالٌ يُكَلَّمُوْنَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَكُوْنُوْا أَنْبِيَاءَ، فَإِنْ يَكُنْ مِنْ أُمَّتِي مِنْهُمْ أَحَدٌ فَعُمَرُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم سے پہلی امتوں میں محدَّث (جن پر الہام کیا جاتا تھا) ہوا کرتے تھے اگر میری امت میں کوئی محدَّث ہے تو وہ عمر ہے۔

اور ایک روایت میں حضرت ابوہریرہ ﷺ سے یہ الفاظ مروی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم سے پہلے لوگوں یعنی بنی اسرائیل میں ایسے لوگ بھی ہوا کرتے تھے جن کے ساتھ اللہ تعالیٰ کلام فرماتا تھا حالانکہ وہ نبی نہ ہوتے۔ اگر ان جیسا میری امت کے اندر کوئی ہوتا تو وہ یقیناً عمر ہی ہوتا۔'' اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٦٢١ / ١٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: قَدْ كَانَ يَكُوْنُ فِي الْأُمَمِ قَبْلَكُمْ مُحَدَّثُوْنَ فَإِنْ يَكُنْ فِي أُمَّتِي مِنْهُمْ أَحَدٌ، فَإِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ مِنْهُمْ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وقَالَ ابْنُ وَهْبٍ: تَفْسِيْرُ مُحَدَّثُوْنَ مُلْهَمُوْنَ.

الحديث رقم ١٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بن الخطاب ﷺ، ٣ / ١٣٤٩، الرقم: ٣٤٨٦، وفي كتاب: الأنبياء، باب: أم حسبت أن أصحاب الكهف والرقيم، ٣ / ١٢٧٩، الرقم: ٣٢٨٢، وابن أبي عاصم في السنة، ٢ / ٥٨٣، الرقم: ١٢٦١۔

الحديث رقم ١٥: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر ﷺ، ٤ / ١٨٦٤، الرقم: ٢٣٩٨، والترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فی مناقب عمر بن الخطاب ﷺ، ٥ / ٦٢٢، الرقم: ٣٦٩٣، وابن حبان فی الصحيح، ١٥ / ٣١٧، الرقم: ٦٨٩٤، والحاكم فی المستدرك، ٣ / ٩٢، الرقم: ٤٤٩٩، والنسائي في السنن الكبرى، ٥ / ٣٩، الرقم: ٨١١٩۔

Marfat.com

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ فرماتے تھے کہ تم سے پہلی امتوں میں محدّث ہوتے تھے۔ اور اگر میری اُمت میں بھی کوئی محدث ہوتے تو عمر اُن میں سے ہوتا۔ امام ابن وہب نے فرمایا کہ محدَّث اس شخص کو کہتے ہیں جس پر الہام کیا جاتا ہو۔'' اس حدیث کو امام مسلم اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

٦٢٢/١٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّهُ كَانَ فِيْمَنْ مَضَى رِجَالٌ يَتَحَدَّثُوْنَ نُبُوَّةً. فَإِنْ يَّكُنْ فِي أُمَّتِي أَحَدٌ مِنْهُمْ فَعُمَرُ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سابقہ امتوں میں بعض لوگ ایسے بھی ہوتے تھے جو نبوت کی سی باتیں کرتے تھے اور اگر میری امت میں ایسا کوئی ہوتا تو وہ عمر ہوتا۔'' اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٦: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٥٤، الرقم: ٣١٩٧٢۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّ الشَّيْطَانَ يَفِرُّ مِنْ ظِلِّ عُمَرَ رضي الله عنه

﴿حضرت عمر رضي الله عنه کے سائے سے بھی شیطان کے بھاگنے کا بیان﴾

١٧/٦٢٣۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضي الله عنه عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: اسْتَأْذَنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَ عِنْدَهُ نِسْوَةٌ مِنْ قُرَيشٍ يُكَلِّمْنَهُ وَ يَسْتَكْثِرْنَهُ عَالِيَةً أَصْوَاتُهُنَّ عَلَى صَوْتِهِ. فَلَمَّا اسْتَأْذَنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قُمْنَ فَبَادَرْنَ الْحِجَابَ. فَأَذِنَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ. فَدَخَلَ عُمَرُ وَرَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَضْحَكُ فَقَالَ عُمَرُ: أَضْحَكَ اللهُ سِنَّكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: عَجِبْتُ مِنْ هَؤُلاَءِ اللَّاتِي كُنَّ عِنْدِي، فَلَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَكَ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ فَقَالَ عُمَرُ رضي الله عنه: فَأَنْتَ أَحَقُّ أَنْ يَهَبْنَ يَا رَسُوْلَ اللهِ، ثُمَّ قَالَ عُمَرُ: يَا عَدُوَّاتِ أَنْفُسِهِنَّ: أَتَهَبْنَنِي وَلَا تَهَبْنَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ، فَقُلْنَ: نَعَمْ أَنْتَ أَغْلَظُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِيْهًا يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا لَقِيَكَ الشَّيْطَانُ سَالِكًا فَجًّا قَطُّ إِلَّا سَلَكَ فَجًّا غَيْرَ فَجِّكَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت محمد بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے (گھر کے) اندر آنے کی اجازت طلب کی اور

الحديث رقم ١٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بن الخطاب رضي الله عنه، ٣/١٣٤٧، الرقم: ٣٤٨٠، وفي كتاب: بدء الخلق، باب: صفة إبليس وجنوده، ٣/١١٩٩، الرقم: ٣١٢٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر رضي الله عنه، ٤/١٨٦٣، الرقم: ٢٣٩٦، والنسائی فی السنن الكبرى، ٥/٤١، الرقم: ٨١٣٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٧١، الرقم: ١٤٧٢، والطبراني في المعجم الأوسط، ٨/٣٣٢، الرقم: ٨٧٨٣، وأبويعلى في المسند، ٢/١٣٢، الرقم: ٨١٠.

Marfat.com

اس وقت آپ ﷺ کے پاس قریش کی کچھ عورتیں اونچی آواز سے گفتگو کر رہی تھیں۔ جب حضرت عمر بن الخطاب ﷺ نے اجازت طلب کی تو وہ اٹھ کھڑی ہوئیں اور پردے میں چلی گئیں۔ اس پر حضور نبی اکرم ﷺ مسکرانے لگے۔ حضرت عمر ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپ کے دندانِ مبارک تبسم ریز رکھے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں ان عورتوں پر حیران ہوں جو میرے پاس تھیں (اور خوب باتیں کر رہی تھیں) کہ جب انہوں نے تمہاری آواز سنی تو پردے میں چھپ گئیں۔ حضرت عمر ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ زیادہ حق دار ہیں کہ یہ آپ سے ڈریں پھر حضرت عمر ﷺ نے فرمایا: اے اپنی جان کی دشمنو! تم مجھ سے ڈرتی ہو اور حضور نبی اکرم ﷺ سے نہیں ڈرتیں؟ عورتوں نے جواب دیا: ہاں! آپ حضور نبی اکرم ﷺ کے مقابلہ میں سخت گیر اور سخت دل ہیں۔ پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ابن خطاب! اس بات کو چھوڑو۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! جب شیطان تمہیں کسی راستے پر چلتے ہوئے دیکھتا ہے تو تمہارے راستے کو چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کر لیتا ہے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٦٢٤/١٨۔ عَنْ بُرَيْدَةَ ﷺ قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فِي بَعْضِ مَغَازِيْهِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ جَاءَتْ جَارِيَةٌ سَوْدَاءُ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنِّي كُنْتُ نَذَرْتُ إِنْ رَدَّكَ اللهُ سَالِمًا أَنْ أَضْرِبَ بَيْنَ يَدَيْكَ بِالدُّفِّ وَأَتَغَنَّى، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنْ كُنْتِ نَذَرْتِ فَاضْرِبِي وَ إِلَّا فَلَا. فَجَعَلَتْ تَضْرِبُ، فَدَخَلَ أَبُوْبَكْرٍ ﷺ وَهِيَ تَضْرِبُ، ثُمَّ دَخَلَ عَلِيٌّ ﷺ وَهِيَ تَضْرِبُ، ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ ﷺ وَهِيَ تَضْرِبُ، ثُمَّ دَخَلَ عُمَرُ ﷺ فَأَلْقَتِ الدُّفَّ تَحْتَ اسْتِهَا ثُمَّ قَعَدَتْ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ الشَّيْطَانَ لَيَخَافُ مِنْكَ يَا عُمَرُ، إِنِّي كُنْتُ جَالِسًا وَهِيَ تَضْرِبُ فَدَخَلَ

الحديث رقم ١٨: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب عمر، ٥/٦٢٠، الرقم: ٣٦٩٠، والحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ١/٢٣٠، والعسقلاني في فتح الباري، ١١/٥٨٨۔

Marfat.com

أَبُوْبَكْرٍ وَهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عَلِيٌّ وَهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ وَهِيَ تَضْرِبُ، فَلَمَّا دَخَلْتَ أَنْتَ يَا عُمَرُ، أَلْقَتِ الدُّفَّ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت بریدہ ﷺ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ ایک مرتبہ کسی جہاد سے واپس تشریف لائے تو ایک سیاہ فام باندی حاضر ہوئی اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے نذر مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ آپ کو صحیح سلامت واپس لائے تو میں آپ کے سامنے دف بجاؤں گی اور گانا گاؤں گی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم نے نذر مانی تھی تو دف بجا لو ورنہ نہیں۔ اس نے دف بجانا شروع کیا تو حضرت ابوبکر ﷺ آ گئے وہ بجاتی رہی پھر حضرت علی ﷺ اور حضرت عثمان ﷺ کے آنے پر بھی وہ دف بجاتی رہی۔ لیکن اس کے بعد حضرت عمر ﷺ داخل ہوئے تو وہ دف نیچے رکھ کر اس پر بیٹھ گئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عمر! (یہ عورت تو درکنار) تم سے تو شیطان بھی ڈرتا ہے میری موجودگی میں یہ دف بجاتی رہی پھر ابوبکر، علی اور عثمان (یکے بعد دیگرے) آئے۔ تب بھی یہ دف بجاتی رہی لیکن جب تم آئے تو اس نے دف بجانا بند کر دیا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

١٩/٦٢٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ جَالِسًا فَسَمِعْنَا لَغَطًا وَصَوْتَ صِبْيَانٍ. فَقَامَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَإِذَا حَبْشِيَّةٌ تَزْفِنُ وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهَا فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، تَعَالِي فَانْظُرِي فَجِئْتُ فَوَضَعْتُ لَحْيَيَّ عَلَي مَنْكِبِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَيْهَا مَا بَيْنَ الْمَنْكِبِ إِلَى رَأْسِهِ، فَقَالَ لِي: أَمَا شَبِعْتِ، أَمَا شَبِعْتِ. قَالَتْ: فَجَعَلْتُ أَقُوْلُ: لَا لِأَنْظُرَ مَنْزِلَتِي عِنْدَهُ، إِذْ طَلَعَ عُمَرُ قَالَتْ: فَارْفَضَّ النَّاسُ عَنْهَا. قَالَتْ:

الحديث رقم ١٩: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فی مناقب عمر، ٥/٦٢١، الرقم: ٣٦٩١، والنسائی فی السنن الکبری، ٥/٣٠٩، الرقم: ٨٩٥٧، والعسقلاني في فتح الباري، ٢/٤٤٤، والحسيني في البيان والتعريف، ١/٢٨٢، والمناوي في فيض القدير، ٣/١٢۔

Marfat.com

فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَى شَيَاطِيْنِ الْإِنْسِ وَالْجِنِّ قَدْ فَرُّوْا مِنْ عُمَرَ. قَالَتْ: فَرَجَعْتُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَي: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضور نبی اکرم ﷺ تشریف فرما تھے اتنے میں ہم نے شور وغل اور بچوں کی آواز سنی۔ آپ ﷺ کھڑے ہوئے تو دیکھا کہ ایک حبشی عورت ناچ رہی ہے اور بچے اس کے گرد گھیرا ڈالے ہوئے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: عائشہ آؤ دیکھو! میں گئی اور ٹھوڑی حضور نبی اکرم ﷺ کے مبارک کندھے پر رکھ کر آپ ﷺ کے کندھے اور سر کے درمیان سے دیکھنے لگی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہارا جی نہیں بھرا؟ میں دیکھنا چاہتی تھی کہ آپ ﷺ کے نزدیک میری کیا قدر ومنزلت ہے؟ لہٰذا میں نے عرض کیا: ''نہیں'' اتنے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ آ گئے اور انہیں دیکھتے ہی سب لوگ بھاگ گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں دیکھ رہا ہوں کہ شیاطین جن وانس عمر کو دیکھ کر بھاگ کھڑے ہوئے، پھر میں لوٹ آئی۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور نسائی نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٦٢٦ / ٢٠۔ عَنْ سُدَيْسَةَ مَوْلَاةِ حَفْصَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ الشَّيْطَانَ لَمْ يَلْقَ عُمَرَ مُنْذُ أَسْلَمَ إِلَّا خَرَّ لِوَجْهِهِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَإِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

''حضرت سدیسہ رضی اللہ عنہا جو کہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی خادمہ ہیں بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک جب سے عمر نے اسلام قبول کیا ہے شیطان اس کے سامنے سے گزرتا ہے تو اپنا سر جھکا لیتا ہے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کی اسناد حسن ہیں۔

الحديث رقم ٢٠: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٢٤/ ٣٠٥، الرقم: ٧٧٤، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/ ٣٨٠، الرقم: ٣٦٩٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/ ٧٠، والمناوي في فيض القدير، ٢/ ٣٥٢.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي تَبْشِيرِ النَّبِيِّ ﷺ لَهُ بِالْجَنَّةِ

﴿حضور ﷺ کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جنت کی بشارت دینے کا بیان﴾

٦٢٧ / ٢١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ إِذْ قَالَ: بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِي فِي الْجَنَّةِ، فَإِذَا امْرَأَةٌ تَتَوَضَّأُ إِلَى جَانِبِ قَصْرٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هَذَا الْقَصْرُ؟ قَالُوْا: لِعُمَرَ، فَذَكَرْتُ غَيْرَتَهُ، فَوَلَّيْتُ مُدْبِرًا، فَبَكَى عُمَرُ وَقَالَ: أَ عَلَيْكَ أَغَارُ يَارَسُوْلَ اللهِ؟ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: میں سویا ہوا تھا کہ میں نے خود کو جنت میں پایا وہاں میں نے ایک محل کے کونے میں ایک عورت کو وضو کرتے ہوئے دیکھا۔ میں نے پوچھا: یہ محل کس کا ہے؟ جواب ملا عمر فاروق کا۔ (میں نے اندر جانے کا ارادہ کیا) پس مجھے عمر فاروق کی غیرت یاد آ گئی۔ اس لئے میں الٹے پاؤں لوٹ آیا۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ رونے لگے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا میں آپ پر بھی غیرت کر سکتا ہوں؟'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٦٢٨ / ٢٢۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَرَأَيْتُ فِيْهَا دَارًا أَوْ قَصْرًا فَقُلْتُ: لِمَنْ هَذَا؟ فَقَالُوْا: لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَأَرَدْتُ

الحديث رقم ٢١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ، ٣ / ١٣٤٦، الرقم: ٣٤٧٧، وفي كتاب: بدء الخلق، باب: ما جاء في صفة الجنة، ٣ / ١١٨٥، الرقم: ٣٠٧٠، وفي كتاب: النكاح، باب: الغيرة، ٥ / ٢٠٠٤، الرقم: ٤٩٢٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر، ٤ / ١٨٦٣، الرقم: ٢٣٩٥، والنسائي في السنن الكبرى، ٥ / ٤١، الرقم: ٨١٢٩، وابن حبان فی الصحيح، ١٥ / ٣١١، الرقم: ٦٨٨٨۔

الحديث رقم ٢٢: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمرٍ، ٤ / ١٨٦٢، الرقم: ٢٣٩٤۔

Marfat.com

أَنْ أَدْخُلَ فَذَكَرْتُ غَيْرَتَکَ فَبَکَی عُمَرُ وَقَالَ: أَيْ رَسُوْلَ اللهِ، أَوَ عَلَيْکَ يُغَارُ؟ رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت جابر ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا میں نے وہاں ایک گھر یا محل دیکھا۔ میں نے پوچھا یہ کس کا محل ہے؟ حاضرین نے کہا یہ عمر بن الخطاب کا محل ہے میں نے اس میں داخل ہونے کا ارادہ کیا پھر مجھے تمہاری غیرت یاد آ گئی۔ حضرت عمر ﷺ رونے لگے اور عرض گذار ہوئے: یا رسول اللہ! کیا آپ پر بھی غیرت کی جا سکتی ہے۔'' اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

٢٣/٦٢٩۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ حَدَّثَهُ فِي نَفَرٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: عَشْرَةٌ فِي الْجَنَّةِ أَبُوْبَکْرٍ فِي الْجَنَّةِ وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ ..... الحديث.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت عبد الرحمٰن بن حمید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سعید بن زید ﷺ نے ایک مجلس میں انہیں یہ حدیث بیان کی کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دس آدمی جنتی ہیں: ابوبکر جنتی ہیں، عمر جنتی ہیں، عثمان جنتی ہیں اور، علی جنتی ہیں (آگے مزید صحابہ کرام کے اسمائے گرامی بیان کئے)'' اس حدیث کو امام ترمذی اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

٢٤/٦٣٠۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: أَشْهَدُ

الحديث رقم ٢٣: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب عبد الرحمٰن بن عوف، ٥/٦٤٨، الرقم: ٣٧٤٨، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٥٦، الرقم: ٨١٩٥، وفي فضائل الصحابة، ١/٢٨، الرقم: ٩٢، والحاكم في المستدرك، ٣/٤٩٨، الرقم: ٥٨٥٨، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٥٠، الرقم: ٣١٩٤٦۔

الحديث رقم ٢٤: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب سعيد بن زيد بن عمرو بن نفيل ﷺ، ٥/٦٥١، الرقم: ٣٧٥٧، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٥٥، الرقم: ٨١٩٠، والحاكم في المستدرك، ٣/٥٠٩، الرقم: ٥٨٩٨۔

Marfat.com

عَلَى التِّسْعَةِ أَنَّهُمْ فِي الْجَنَّةِ، وَلَوْ شَهِدْتُ عَلَى الْعَاشِرِ لَمْ آثَمْ. قِيْلَ وَكَيْفَ ذَلِكَ؟ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ بِحِرَاءَ فَقَالَ: اثْبُتْ حِرَاءُ، فَإِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ أَوْ صِدِّيْقٌ أَوْ شَهِيْدٌ. قِيْلَ وَمَنْ هُمْ؟ قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ وَسَعْدٌ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ ﷺ قِيْلَ فَمَنِ الْعَاشِرُ؟ قَالَ: أَنَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل ﷺ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نو آدمیوں کے بارے میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ جنتی ہیں اور اگر میں دسویں آدمی کے بارے میں بھی گواہی دوں تو گناہ گار نہ ہوں گا۔ پوچھا گیا: وہ کیسے؟ فرمایا: ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ جبلِ حراء پر تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اے حراء! ٹھہر جا، کیونکہ تجھ پر نبی، صدیق اور شہید ہی تو ہیں۔ پوچھا گیا: وہ کون تھے؟ فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ، حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت سعد اور حضرت عبد الرحمٰن بن عوف ﷺ۔ پوچھا گیا: دسواں کون تھا؟ فرمایا: میں تھا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور نسائی نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٦٣١/٢٥۔ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَوَّلُ مَنْ يُصَافِحُهُ الْحَقُّ عُمَرُ ﷺ، وَأَوَّلُ مَنْ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ، وَأَوَّلُ مَنْ يَأْخُذُ بِيَدِهِ، فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ.

''حضرت اُبی بن کعب ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حق تعالیٰ (اپنی شان کے مطابق) سب سے پہلے جس شخص سے مصافحہ فرمائے گا وہ عمر ہے اور سب

الحديث رقم ٢٥: أخرجه ابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل عمر، ١/٣٩، الرقم: ١٠٤، والحكم في المستدرك، ٣/٩٠، الرقم: ٤٤٨٩، والطبراني في المعجم الأوسط، ٥/٣٦٩، الرقم: ٥٥٨٤، والديلمي في مسند الفردوس، ١/٢٥، الرقم:٣٦.

Marfat.com

سے پہلے جس شخص پر سلام بھیجے گا اور سب سے پہلے جس کا ہاتھ پکڑ کر جنت میں داخل فرمائے گا وہ بھی عمر ہے۔'' اس حدیث کو امام ابن ماجہ اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٦/٦٣٢۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِأَصْحَابِهِ ذَاتَ يَوْمٍ: مَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ جَنَازَةً؟ قَالَ عُمَرُ: أَنَا. قَالَ: مَنْ عَادَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا؟ قَالَ عُمَرُ: أَنَا. قَالَ: مَنْ تَصَدَّقَ؟ قَالَ عُمَرُ: أَنَا. قَالَ: مَنْ أَصْبَحَ صَائِمًا؟ قَالَ عُمَرُ: أَنَا. قَالَ: وَجَبَتْ، وَجَبَتْ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ نے کہا کہ ایک دن حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے صحابہ سے پوچھا: آج کس نے جنازہ پڑھا ہے؟ حضرت عمر ﷺ نے عرض کیا: میں نے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: آج کس نے کسی مریض کی تیمارداری کی ہے؟ حضرت عمر ﷺ نے عرض کیا: میں نے۔ آپ ﷺ نے پوچھا: آج کس نے صدقہ کیا ہے؟ حضرت عمر ﷺ نے عرض کیا: میں نے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: آج کون روزے سے رہا؟ حضرت عمر ﷺ نے عرض کیا: میں۔ آپ ﷺ نے فرمایا (عمر کے لئے جنت) واجب ہوگئی، واجب ہوگئی۔''

اس حدیث کو امام احمد اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٢٧/٦٣٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ سِرَاجُ أَهْلِ الْجَنَّةِ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَالدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عمر بن الخطاب اہلِ جنت کا چراغ ہے۔'' اس حدیث کو امام ابونعیم اور دیلمی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٦: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٣/١١٨، الرقم: ١٢٢٠٢، وابن أبي شيبة في المصنف، ٢/٤٤٤، الرقم: ١٠٨٤٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/١٦٣.

الحديث رقم ٢٧: أخرجه أبو نعيم فى حلية الأولياء، ٦/٣٣٣، والديلمى فى مسند الفردوس، ٣/٥٥، الرقم: ٤١٤٦، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/٧٤.

Marfat.com

فَصْلٌ فِيمَا وَرَدَ لَهُ مِنَ الْفَضْلِ مِنْ مُوَافَقَتِهِ ﷺ لِلْوَحْيِ

﴿حضرت عمر ﷺ کی رائے کے مطابق نزولِ وحی کا بیان﴾

٦٣٤/٢٨۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ أُبَيٍّ لَمَّا تُوُفِّيَ جَاءَ ابْنُهُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَعْطِنِي قَمِيْصَكَ أُكَفِّنْهُ فِيْهِ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَاسْتَغْفِرْ لَهُ فَأَعْطَاهُ النَّبِيُّ ﷺ قَمِيْصَهُ فَقَالَ: آذِنِّي أُصَلِّي عَلَيْهِ فَآذَنَهُ فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ جَذَبَهُ عُمَرُ ﷺ فَقَالَ: أَلَيْسَ اللهُ نَهَاكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ؟ فَقَالَ: أَنَا بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ قَالَ: ﴿اِسْتَغْفِرْلَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْلَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْلَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللهُ لَهُمْ﴾، [التوبة، ٩: ٨٠]، فَصَلَّى عَلَيْهِ فَنَزَلَتْ: ﴿وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَّلَاتَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ﴾ [التوبة، ٩: ٨٤]. وفي رواية زاد: قَالَ: فَتَرَكَ الصَّلَاةَ عَلَيْهِمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ، وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

الحديث رقم ٢٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: الكفن في القميص الذي يكف أولا يكف، ١/٤٢٧، الرقم: ١٢١٠، وفي كتاب: تفسير القرآن، باب: قوله: استغفرلهم أولا تستغفرلهم إن تستغفرلهم سبعين مرة، ٤/١٧١٥، الرقم: ٤٣٩٣، ٤٣٩٥، وفي كتاب: اللباس ، باب: لبس القميص، ٥/٢١٨٤، الرقم: ٥٤٦٠، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر ﷺ، ٤/١٨٦٥، الرقم: ٢٤٠٠، وفي كتاب: صفات المنافقين وأحكامهم، ٤/٢١٤١، الرقم: ٢٧٧٤، والترمذي في السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة التوبة، ٥/٢٧٩، الرقم: ٣٠٩٨، وقال: هذا حديث حسن صحيح، والنسائي في السنن، كتاب: الجنائز، باب: القميص في الكفن، ٤/٣٦، الرقم: ١٩٠٠، وابن ماجه في السنن، كتاب: الجنائز، باب: في الصلاة على أهل القبلة، ١/٤٨٧، الرقم: ١٥٢٣۔ ١٥٢٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٦، الرقم: ٩٥، وابن حبان في الصحيح، ٧/٤٤٧، الرقم: ٣١٧٥۔

Marfat.com

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب عبد اللہ بن اُبی (منافق) مر گیا تو اس کے بیٹے (حضرت عبداللہ ﷺ جو کہ صحابی رسول تھے) حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! مجھے اپنا قمیص مبارک عطا فرمائیں تا کہ میں اسے اپنے باپ کو بطورِ کفن پہنا سکوں اور اس پر نمازِ جنازہ بھی پڑھیں اور اس کے لئے دعائے مغفرت بھی فرمائیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے انہیں اپنا قمیص عطا فرما دیا اور ساتھ ہی فرمایا کہ مجھے اطلاع کر دینا تا کہ میں اس پر نمازِ جنازہ پڑھوں سو (بوقتِ نمازِ جنازہ) آپ ﷺ کو اطلاع دے دی گئی۔ جب آپ ﷺ نے اس پر نماز پڑھنے کا ارادہ کیا تو حضرت عمر ﷺ نے آپ ﷺ کو روکا اور عرض کیا: (یا رسول اللہ!) کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو منافقین پر نماز پڑھنے سے منع نہیں فرمایا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے دونوں باتوں کا اختیار دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ''آپ خواہ ان (بدبخت، گستاخ اور آپ کی شان میں طعنہ زنی کرنے والے منافقوں) کے لئے بخشش طلب کریں یا ان کے لئے بخشش طلب نہ کریں، اگر آپ (اپنی طبعی شفقت اور عفو و درگزر کی عادتِ کریمانہ کے پیشِ نظر) ان کے لئے ستر مرتبہ بھی بخشش طلب کریں تو بھی اللہ تعالیٰ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا۔'' [التوبہ، 9: ۸۰] سو آپ ﷺ نے اس پر نماز پڑھی تو وحی نازل ہوئی: ''اور آپ کبھی بھی ان (منافقوں) میں سے جو کوئی مر جائے اس (کے جنازے) پر نماز نہ پڑھیں اور نہ ہی آپ اس کی قبر پر کھڑے ہوں۔'' [التوبہ، 9: ۸۴]۔

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ بخاری کے ہیں۔

٦٣٥/٢٩۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ عُمَرُ ﷺ: وَافَقْتُ رَبِّي فِي ثَلاَثٍ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، لَوِ اتَّخَذْنَا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى فَنَزَلَتْ: ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ [البقرة، ٢: ١٢٥] وَآيَةُ الْحِجَابِ،

الحديث رقم ٢٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: ما جاء في القبلة، ١/١٥٧، الرقم: ٣٩٣، وفي كتاب: التفسير، باب: وقوله: واتخذوا من مقام إبراهيم مصلى، ٤/١٦٢٩، الرقم: ٤٢١٣، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٣١٩، الرقم: ٦٨٩٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٢٣، الرقم: ١٥٧، وابن منصور في السنن، ٢/٦٠٧، الرقم: ٢١٥.

Marfat.com

قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ، لَوْ أَمَرْتَ نِسَاءَکَ أَنْ يَحْتَجِبْنَ، فَإِنَّهُ يُکَلِّمُهُنَّ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ، فَنَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ وَاجْتَمَعَ نِسَاءُ النَّبِيِّ ﷺ فِي الْغَيْرَةِ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ لَهُنَّ: ﴿عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَکُنَّ أَنْ يُبَدِّلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْکُنَّ﴾ [التحريم، ٦٦: ٥] فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت عمر ﷺ نے فرمایا: میرے رب نے تین باتوں میں میری موافقت فرمائی۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کاش! ہم مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بنائیں تو حکم نازل ہوا۔ ''اور (حکم دیا کہ) ابراہیم (علیہ السلام) کے کھڑے ہونے کی جگہ کو مقامِ نماز بنا لو۔'' [البقرہ، ۲: ۱۲۵] اور پردہ سے متعلق بھی میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: یا رسول اللہ! کاش آپ ازواجِ مطہرات کو پردہ کا حکم فرمائیں کیونکہ ان سے نیک اور بد ہر قسم کے لوگ کلام کرتے ہیں تو پردے کی آیت نازل ہوئی اور حضور نبی اکرم ﷺ کی ازواجِ مطہرات نے آپ پر غیرت کھاتے ہوئے جمع ہوئیں تو میں نے ان سے کہا۔ ''اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں تو عجب نہیں کہ اُن کا رب انہیں تم سے بہتر ازواج بدلہ میں عطا فرما دے۔'' [التحریم، ٦٦: ٥] تو یہی آیت نازل ہوئی۔'' اس حدیث کو امام بخاری اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٦٣٦ / ٣٠۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ عُمَرُ ﷺ: وَافَقْتُ رَبِّي فِي ثَلَاثٍ: فِي مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ، وَ فِي الْحِجَابِ، وَ فِي أَسَارَى بَدْرٍ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر ﷺ نے فرمایا: میرے رب نے تین امور میں میری موافقت فرمائی: مقامِ ابراہیم میں، (وجوبِ) حجاب میں اور بدر کے قیدیوں کے بارے میں (تین کا ذکر شہرت کے اعتبار سے ہے ورنہ ان آیات کی تعداد زیادہ ہے)۔'' اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٠: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر، ٤/١٨٦٥، الرقم: ٢٣٩٩، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٦/٩٢، ٩٣، الرقم: ٥٨٩٦، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٥٨٦، الرقم: ١٢٧٦۔

Marfat.com

٦٣٧ / ٣١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ جَعَلَ الْحَقَّ (وفي رواية: وَضَعَ الْحَقَّ) عَلَى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ. وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ رضي الله عنهما: مَا نَزَلَ بِالنَّاسِ أَمْرٌ قَطُّ فَقَالُوْا فِيْهِ: وَقَالَ فِيْهِ عُمَرُ أَوْ قَالَ ابْنُ الْخَطَّابِ فِيْهِ، (شَكَّ خَارِجَةٌ) إِلَّا نَزَلَ فِيْهِ الْقُرْآنُ عَلَى نَحْوِ مَا قَالَ عُمَرُ. رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ وأَبُوْدَاوُدَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حق کو عمر کی زبان اور دل پر جاری کر دیا ہے۔ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب کبھی لوگوں کو کوئی مسئلہ درپیش ہوا اور لوگوں نے اس پر بات کی اور حضرت عمر ﷺ نے بھی اس مسئلہ پر کچھ کہا تو قرآن حکیم حضرت عمر ﷺ کے قول کے موافق نازل ہوا۔''

اسے امام ترمذی اور ابو داود نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی اور حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٦٣٨ / ٣٢۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ أَبِي مَيْسَرَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانَ شِفَاءٍ فَنَزَلَتِ الَّتِي

الحديث رقم ٣١: أخرجه الترمذى في السنن ، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب عمر بن الخطاب ﷺ، ٥ / ٦١٧، الرقم: ٣٦٨٢، وأبو داود فى السنن، كتاب: الخراج والإمارة والفيء، باب: فى تدوين العطاء، ٣ / ١٣٨، الرقم: ٢٩٦١، ٢٩٦٢، وابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فى فضائل أصحاب رسول الله ﷺ، ١ / ٤٠، الرقم: ١٠٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢ / ٥٣، الرقم: ٥١٤٥، وابن حبان فى الصحيح، ١٥ / ٣١٢، الرقم: ٦٨٨٩، والحاكم فى المستدرك، ٣ / ٩٣، الرقم: ٤٥٠١، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٦ / ٢٩٥، الرقم: ١٢٥٠٣۔

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة المائدة، ٥ / ٢٥٣، الرقم: ٣٠٤٩، وأبوداود في السنن، كتاب: الأشربة، باب: في تحريم الخمر، ٣ / ٣٢٥، الرقم: ٣٦٧٠، والنسائي في السنن، كتاب: ←

Marfat.com

فِي الْبَقَرَةِ: ﴿يَسْأَلُوْنَکَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ﴾ [البقرة، ٢: ٢١٩]، فَدُعِيَ عُمَرُ فَقُرِءَتْ عَلَيْهِ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانَ شِفَاءٍ فَنَزَلَتْ الَّتِي فِي النِّسَاءِ: ﴿يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَاَنْتُمْ سُکَارَی﴾ [النساء، ٤: ٤٣]، فَدُعِيَ عُمَرُ فَقُرِءَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانَ شِفَاءٍ فَنَزَلَتْ الَّتِي فِي الْمَائِدَةِ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُوْقِعَ بَيْنَکُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ﴾ إِلَی قَوْلِهِ: ﴿فَهَلْ اَنْتُمْ مُنْتَهُوْنَ﴾، [المائدة، ٥: ٩١]، فَدُعِيَ عُمَرُ فَقُرِءَتْ عَلَيْهِ فَقَالَ: انْتَهَيْنَا انْتَهَيْنَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَی: وَهٰذَا أَصَحُّ، وَقَالَ الْحَاکِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت عمرو بن شُرَحبیل ابو میسرہ، حضرت عمر بن خطاب ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا: اے اللہ! شراب کے معاملہ میں ہمارے لئے شافی وکافی حکم نازل فرما، تو وہ آیت اتری جو سورۂ بقرہ میں ہے: ''آپ سے شراب اور جوئے کی نسبت سوال کرتے ہیں۔'' [البقرہ، ٢: ٢١٩] پس حضرت عمر ﷺ کو بلایا گیا اور اس آیت کی تلاوت کی گئی، انہوں نے پھر عرض کیا: اے اللہ! شراب کے معاملہ میں ہمارے لئے شافی وکافی حکم نازل فرما، تو وہ آیت اتری جو سورۂ النساء میں ہے: ''اے ایمان والو! تم نشہ کی حالت میں نماز کے قریب مت جاؤ۔'' [النساء، ٤: ٤٣] پس حضرت عمر ﷺ کو بلایا گیا اور ان پر یہ آیت پڑھی گئی انہوں نے پھر عرض کیا: اے اللہ! شراب کے معاملہ میں ہمارے لئے شافی وکافی حکم نازل فرما، پھر وہ آیت نازل ہوئی جو سورۂ مائدہ میں ہے: ''شیطان یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے تمہارے درمیان عداوت اور کینہ ڈلوا دے اور تمہیں اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اور نماز سے روک دے۔ کیا تم (ان شرانگیز باتوں سے) باز آؤ گے؟'' [المائدہ، ٥: ٩١] پس حضرت عمر ﷺ کو بلایا

..... الأشربة، باب: تحريم الخمر، ٨/٢٨٦، الرقم: ٥٥٤٠، وفي السنن الكبرى، ٣/٢٠٢، الرقم: ٥٠٤٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٥٣، الرقم: ٣٧٨، والحكم في المستدرك، ٢/٣٠٥، الرقم: ٣١٠١، ٤/١٥٩، الرقم: ٧٢٢٤، والطبراني في المعجم الأوسط، ٢/١٢٥، الرقم: ١٤٦٤، والبيهقي في السنن الكبرى، ٨/٢٨٥.

Marfat.com

گیا اور ان پر یہ آیت تلاوت کی گئی تو وہ کہنے لگے (اے اللہ!) ہم باز آ گئے ہم باز آ گئے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، ابو داود، نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے۔ امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح تر ہے اور امام حاکم نے بھی فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٦٣٩ / ٣٣۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضی اللہ عنہ في رواية طويلة: قَالَ: وَكَانَ عُمَرُ قَدْ أَصَابَ مِنَ النِّسَاءِ مِنْ جَارِيَةٍ أَوْ مِنْ حُرَّةٍ بَعْدَ مَا نَامَ وَأَتَى النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ فَأَنْزَلَ اللهُ عزوجل: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَى نِسَآئِكُمْ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى الَّيْلِ﴾، [البقرة، ٢: ١٨٧].

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ایک طویل روایت میں بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (دورانِ رمضان ایک رات) سو کر اٹھنے کے بعد آزاد عورت یا لونڈیوں میں سے اپنی کسی ایک بیوی کے ساتھ شب باسی کی اور پھر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہو کر یہ بیان بھی کر دیا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: '' تمہارے لئے روزوں کی راتوں میں اپنی بیویوں کے پاس جانا حلال کر دیا گیا ہے'' اللہ تعالیٰ کے اس قول تک ''پھر روزہ رات (کی آمد) تک پورا کرو'' [البقرہ، ٢: ١٨٧]۔

اسے امام احمد اور حاکم نے روایت کیا نیز امام حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

٦٤٠ / ٣٤۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: إِنَّ عَلِيًّا دَخَلَ عَلَى عُمَرَ وَهُوَ مُسَجًّى فَقَالَ: صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ ثُمَّ قَالَ: مَا مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ

الحديث رقم ٣٣: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥ / ٢٤٦، الرقم: ٢٢١٧٧، والحاكم في المستدرك، ٢ / ٣٠١، الرقم: ٣٠٨٥، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ١ / ٢١٥، والعظيم آبادي في عون المعبود، ٢ / ١٤١.

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣ / ١٠٠، الرقم: ٤٥٢٣، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦ / ٣٥٩، الرقم: ٣٢٠١٨.

Marfat.com

أَحَبُّ إِلَيَّ أَنْ أَلْقَى اللهُ بِمَا فِي صَحِيْفَتِهِ مِنْ هَذَا الْمُسَجَّى.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی ﷺ حضرت عمر ﷺ کے پاس تشریف لائے اور وہ ایک چادر میں لپٹے ہوئے تھے تو حضرت علی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تجھ پر رحمتوں کا نزول فرمائے پھر فرمایا: لوگوں میں سے کوئی بھی شخص میرے نزدیک اس چادر میں لپٹے ہوئے شخص سے زیادہ محبوب نہیں ہے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ کے صحیفہ (یعنی قرآن پاک) میں ہے وہ اسے اس شخص کی منشاء کے مطابق نازل فرماتا ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٦٤١ / ٣٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: مَا كَانَ نَبِيٌّ قَطُّ إِلَّا فِي أُمَّتِهِ مُعَلِّمٌ أَوْ مُعَلِّمَانِ وَإِنْ يَّكُنْ فِي أُمَّتِي مِنْهُمْ أَحَدٌ فَهُوَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ. إِنَّ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي عَاصِمٍ وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کوئی نبی بھی ایسا نہیں گزرا جس کی امّت میں ایک یا دو معلم (لوگوں کو احکامِ شریعت سکھانے والے) نہ ہوں اور اگر ان میں سے میری امت میں کوئی ہے تو وہ عمر بن الخطاب ہے۔ بے شک حق عمر کی زبان اور دل پر (بولتا) ہے۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی عاصم اور طبرانی نے روایت کیا ہے اور الفاظ امام طبرانی کے ہیں۔

الحديث رقم ٣٥: أخرجه ابن أبي عاصم في السنة، ٢/٥٨٣، الرقم: ١٢٦٢، والطبراني في المعجم الأوسط، ٩/٦٦، الرقم: ٩١٣٧، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٢/٣٣٥، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٤٤/٩٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٦٧.

Marfat.com

٦٤٢/٣٦۔ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: كَانَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ إِذَا رَأَى الرَّأْيَ نَزَلَ بِهِ الْقُرْآنُ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب کوئی رائے دیتے تو اس کے مطابق قرآن نازل ہوجاتا۔'' اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٦٤٣/٣٧۔ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: ذُكِرَ عِنْدَ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَوْلُ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَدْ أُلْقِيَ فِي رَوْعِي أَنَّكُمْ إِذَا لَقِيتُمُ الْعُدُوَّ هَزَمْتُمُوهُمْ فَقَالَ عَلِيٌّ رضی اللہ عنہ: مَا كُنَّا نُبْعِدُ أَنَّ السَّكِينَةَ تَنْطِقُ بِلِسَانِ عُمَرَ وَأَنَّ فِي الْقُرْآنِ لَرَأْيًا مِنْ رَأْيِ عُمَرَ.

رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ وَالسُّيُوطِيُّ.

''امام شعبی بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ قول کہ ''البتہ میرے دل میں یہ القاء کیا گیا ہے کہ جب تمہارا سامنا تمہارے دشمن سے ہوگا تو تم اسے شکست دے دوگے۔'' بیان کیا گیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم اس چیز کو محال نہیں سمجھتے تھے کہ بے شک سکینہ (اطمینان وسکون) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان سے بولتا ہے اور بے شک قرآن میں بعض (احکامات) حضرت عمر کی رائے کے مطابق نازل ہوئے ہیں۔''

اس حدیث کو امام ابن عساکر اور سیوطی نے روایت کیا ہے۔

٦٤٤/٣٨۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ عُمَرُ يَعْنِي ابْنَ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ وَافَقْتُ رَبِّي فِي أَرْبَعٍ نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: ﴿وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلَالَةٍ

الحديث رقم ٣٦: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٦/ ٣٥٤، الرقم: ٣١٩٨٠۔
الحديث رقم ٣٧: أخرجه ابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٤٤/ ٩٥، والسيوطي في تاريخ الخلفاء، ١/ ١٢٢۔
الحديث رقم ٣٨: أخرجه القرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ٢/ ١١٢، ١٤/ ٢٢٧، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٣/ ٢٤٢، والسيوطي في الدر المنثور، ٦/ ٩٤، وقال: أخرجه الطيالسي، وابن أبي حاتم وابن مردويه وابن عساكر، وفي الإتقان، ١/ ١٠١، وفي لباب النقول، ١/ ١٥١، وفي تاريخ الخلفاء، ١/ ١٢٣، وأبو السعود في إرشاد العقل السليم، ٦/ ١٢٧۔

Marfat.com

مِنْ طِيْنٍ﴾، (المؤمنون، ٢٣: ١٢)، قُلْتُ أَنَا: فَتَبَارَكَ اللهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ. فَنَزَلَتْ: ﴿فَتَبَارَكَ اللهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ﴾، (المؤمنون، ٢٣: ١٤).

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي حَاتِمٍ وَالْقُرْطَبِيُّ وَابْنُ كَثِيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب ﷺ نے فرمایا: چار چیزوں میں میرے رب نے میری موافقت میں آیات اُتاریں (ان میں سے ایک یہ ہے کہ) جب یہ آیت مبارکہ: ''اور تحقیق ہم نے انسان کی تخلیق (کی ابتداء) مٹی (کے کیمیائی اجزاء) کے خلاصہ سے فرمائی۔'' (المؤمنون، ۲۳: ۱۲) نازل ہوئی تو میں نے کہا: پس اللہ تعالیٰ برکت والا ہے جو سب سے بہتر خلقت کرنے والا ہے تو یہ اس کی موافقت میں یہ آیت نازل ہوئی: ﴿فَتَبَارَكَ اللهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ﴾۔'' [المؤمنون، ۲۳: ۱۴]۔

اس حدیث کو امام ابن ابی حاتم، قرطبی اور ابن کثیر نے روایت کیا ہے اور یہ الفاظ ابن کثیر کے ہیں۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِ وَمَنَاقِبِهِ رضي الله عنه

﴿حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

٣٩/٦٤٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: أُرِيْتُ فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَنْزِعُ بَدَلْوِ بَكَرَةٍ عَلَى قَلِيْبٍ. فَجَاءَ أَبُوْبَكْرٍ، فَنَزَعَ ذَنُوْبًا أَوْ ذَنُوْبَيْنِ نَزْعًا ضَعِيْفًا. وَاللهُ يَغْفِرُ لَهُ. ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا يَفْرِي فَرِيَّهُ، حَتَّى رَوِيَ النَّاسُ وَضَرَبُوْا بِعَطَنٍ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: خواب میں مجھے دکھایا گیا کہ میں ایک کنویں سے ڈول کے ذریعے پانی نکال رہا ہوں جس پر چرخی لگی ہوئی ہے، پھر ابو بکر آئے اور انہوں نے ایک یا دو ڈول نکالے لیکن انہیں کچھ مشکل پیش آ رہی تھی۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ (اس سے مراد، ان کے دورِ خلافت کی مشکلات ہیں جو انہوں نے مرتدین، منکرین زکوٰۃ اور جھوٹے مدعیان نبوت کے فتنوں کو کچلنے میں اٹھائیں۔ ان کا پورا اڑھائی سالہ دور انہی مشکلات سے نبرد آزمائی میں گزرا) ان کے بعد حضرت عمر بن الخطاب آئے تو وہ ڈول ایک بڑے ڈول میں تبدیل ہو گیا اور میں نے کسی بھی جوان مرد کو اس طرح کام کرتے ہوئے نہیں دیکھا یہاں تک (کہ عمر نے اتنی تیزی سے اور اتنا پانی نکالا) کہ تمام لوگ خود بھی سیراب ہوئے اور جانوروں کو بھی سیراب کر کے انہیں ان کے ٹھکانوں پر لے گئے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

الحديث رقم ٣٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بن الخطاب، ٣/١٣٤٧، الرقم: ٣٤٧٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر، ٤/١٨٦٢، الرقم: ٢٣٩٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٣٩، الرقم: ٤٩٧٢، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/١٧٧، ٣٥٣، الرقم: ٣٠٤٨٥، ٣١٩٦٩، وأبويعلى في المسند، ٩/٣٨٧، الرقم: ٥٥١٤.

Marfat.com

٦٤٦ / ٤٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ، شَرِبْتُ يَعْنِي اللَّبَنَ حَتَّى أَنْظُرَ إِلَى الرِّيِّ يَجْرِي فِي ظُفُرِي أَوْ فِي أَظْفَارِي ثُمَّ نَاوَلْتُ عُمَرَ. فَقَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: اَلْعِلْمُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں سویا ہوا تھا کہ دورانِ خواب میں نے اتنا دودھ پیا کہ جس کی تازگی میرے ناخنوں سے بھی ظاہر ہونے لگی، پھر بچا ہوا میں نے عمر کو دے دیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ نے اس کی کیا تعبیر فرمائی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس سے مراد علم (نبوت کا حصہ) ہے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ بخاری کے ہیں۔

٦٤٧ / ٤١۔ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُوْنَ عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثَّدْيَ وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ دُوْنَ ذَلِکَ. وَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ يَجُرُّهُ قَالُوْا: مَاذَا أَوَّلْتَ ذَلِکَ؟ يَارَسُوْلَ اللهِ، قَالَ: اَلدِّيْنَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

الحديث رقم ٤٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بن الخطاب، ٣/١٣٤٦، الرقم: ٣٤٧٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر، ٤/١٨٥٩، الرقم: ٢٣٩١، والدارمي في السنن، ٢/١٧١، الرقم: ٢١٥٤، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/١٧٩، الرقم: ٣٠٤٩٢.

الحديث رقم ٤١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: تفاضيل أهل الإيمان فی الأعمال، ١/١٧، الرقم: ٢٣، وفي كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر، ٣/١٣٤٩، الرقم: ٣٤٨٨، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر، ٤/١٨٥٩، الرقم: ٢٣٩٠، والترمذی فی السنن، كتاب: الرويا عن رسول الله ﷺ، باب: فی رؤيا النبي ﷺ، ٤/٥٣٩، الرقم: ٢٢٨٥، والنسائی فی السنن، كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: زيادة الإيمان، ٨/١١٣، الرقم: ٥٠٤، والدارمي في السنن، ٢/١٧٠، الرقم: ٢١٥١.

Marfat.com

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں سویا ہوا تھا کہ دوران خواب میں نے دیکھا کہ مجھ پر کچھ لوگ پیش کئے جا رہے ہیں اس حال میں کہ انہوں نے قمیص پہنی ہوئی ہیں بعض کی قمیص سینے تک تھیں اور بعض لوگوں کی اس سے بھی کم، اور میرے سامنے عمر بن الخطاب کو پیش کیا گیا۔ ان پر ایک ایسی (بڑی) قمیص تھی جسے وہ گھسیٹ رہے تھے، حضرت ابو سعید خدری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے دریافت کیا: یا رسول اللہ! آپ نے اس کی کیا تعبیر فرمائی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی تعبیر دین ہے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٦٤٨/٤٢۔ عَنْ زَيْدِ بْنَ أَسْلَمَ ﷺ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: سَأَلَنِي ابْنُ عُمَرَ رضي الله عنهما عَنْ بَعْضِ شَأْنِهِ يَعْنِي: عُمَرَ رضي الله عنهما، فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا قَطُّ بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ مِنْ حِيْنَ قُبِضَ كَانَ أَجَدَّ وَأَجْوَدَ حَتَّى انْتَهَى مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت زید بن اسلم ﷺ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مجھ سے حضرت عمر ﷺ کے بعض حالات پوچھے تو میں نے انہیں بتایا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی وفات کے بعد میں نے حضرت عمر بن الخطاب ﷺ جیسا نیک اور سخی انسان نہیں دیکھا گویا یہ خوبیاں تو ان کی ذات پر ختم ہوگئی تھیں۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٦٤٩/٤٣۔ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: رَأَيْتُ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ كَأَنِّي أَنْزِعُ أَرْضًا، وَرَدَتْ عَلَيَّ غَنَمٌ سُوْدٌ، وَ غَنَمٌ عُفْرٌ،

الحديث رقم ٤٢: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بن الخطاب، ٣/١٣٤٨، الرقم: ٣٤٨٤، وابن سعد في الطبقات، ٣/٢٩٢۔

الحديث رقم ٤٣: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥/٤٥٥، الرقم: ٢٣٨٥٢، والهيثمى في مجمع الزوائد، ٥/١٨٠۔

Marfat.com

فَجَاءَ أَبُوْبَكْرٍ فَنَزَعَ ذَنُوْبًا أَوْ ذَنُوْبَيْنِ. وَفِيْهِمَا ضَعْفٌ وَاللهُ يَغْفِرُلَهُ. ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَنَزَعَ فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا. فَمَلأَ الْحَوْضَ وَأَرْوَى الْوَارِدَةَ فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا أَحْسَنَ نَزْعًا مِنْ عُمَرَ. فَأَوَّلْتُ أَنَّ السُّوْدَ الْعَرَبُ، وَأَنَّ الْعُفْرَ الْعَجَمُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت ابوطفیل ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے خواب دیکھا گویا میں ایک زمین سے جس میں مجھ پر کالی اور سرخی مائل سفید بکریاں وارد ہوئیں پانی کے ڈول نکال رہا ہوں پھر ابوبکر آئے اور انہوں نے ایک یا دو ڈول نکالے اور ان کو ڈول نکالنے میں مشکل پیش آ رہی تھی۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے پھر عمر آئے۔ پس انہوں نے بھی ڈول نکالے تو وہ ڈول ان کے ہاتھ میں بڑے ڈول میں تبدیل ہو گیا۔ پھر انہوں نے حوض بھر دیا اور (پانی پینے کے لئے) آنے والی تمام بکریوں کو سیراب کر دیا اور میں نے کسی کو عمر سے بڑھ کر ڈول نکالنے والا نہیں دیکھا اور میں نے اس خواب کی تعبیر یہ کی کہ سیاہ بکریوں سے مراد عرب اور سرخی مائل سفید بکریوں سے مراد عجم ہیں۔ (یعنی عرب و عجم حضرت عمر ﷺ سے استفادہ کریں گے۔)'' اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

٦٥٠ / ٤٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ أَنَّ اللهَ ﷻ بَاهَى مَلَائِكَتَهُ بِعَبِيْدِهِ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ عَامَّةً وَبَاهَى بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ خَاصَّةً.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ عرفہ کی رات کو فرشتوں کے سامنے اپنے تمام (نیک) بندوں پر بالعموم اور عمر ﷺ پر بالخصوص فخر کرتا ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٤: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٢ / ٦١، الرقم: ١٢٥١، وابن أبي عاصم في السنة، ٢ / ٥٨٦، الرقم: ١٢٧٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ٧٠.

Marfat.com

٦٥١/٤٥۔ عَنِ عَبْدِ اللهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: مَا كُنَّا نَبْعَدُ أَنَّ السَّكِيْنَةَ تَنْطِقُ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم یہ خیال کیا کرتے تھے کہ آسمانی سکونِ قلب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان پر بولتا تھا۔''

اس حدیث کو امام طبرانی، ابن ابی شیبہ اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

٦٥٢/٤٦۔ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: يَا عَمَّارُ، أَتَانِي جِبْرِيْلُ آنِفًا فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيْلُ حَدِّثْنِي بِفَضَائِلَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِي السَّمَاءِ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، لَوْحَدَّثْتُكَ بِفَضَائِلَ عُمَرَ مِثْلَ مَا لَبِثَ نُوْحٌ فِي قَوْمِهِ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا مَا نَفَدَتْ فَضَائِلُ عُمَرَ، وَ إِنَّ عُمَرَ لَحَسَنَةٌ مِنْ حَسَنَاتِ أَبِي بَكْرٍ. رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عمار بن یاسر رضي الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عمار! ابھی میرے پاس جبریل امین علیہ السلام آئے تھے اور میں نے ان سے پوچھا، اے جبرائیل! مجھے آسمان والوں میں عمر کے فضائل کے بارے میں بتاؤ۔ جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگر میں آپ کو اتنی مدت تک حضرت عمر کے فضائل بیان کرتا رہوں جتنی مدت حضرت نوح علیہ السلام زمین پر (تبلیغ کرتے) رہے یعنی نو سو پچاس برس، تب بھی عمر رضی اللہ عنہ کے فضائل ختم نہیں ہوں گے اور بے شک حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نیکیوں میں سے ایک نیکی ہیں۔'' اس حدیث کو امام ابویعلی اور طبرانی نے بیان کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٥: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ٩/١٦٧، الرقم: ٨٨٢٧، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٥٤، الرقم: ٣١٩٧٤، وأبونعيم في حلية الأولياء، ١/٤٢، وابن راشد في الجامع، ١١/٢٢٢، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ١/٤٤٤، الرقم: ٧١١، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٢/١٧١، الرقم: ٥٥٠، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/٦٧۔

الحديث رقم ٤٦: أخرجه أبويعلى فى المسند، ٣/١٧٩، الرقم: ١٦٠٣، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٢/١٥٨، الرقم: ١٥٧٠، والرويانى فى المسند، ٢/٣٦٧، الرقم: ١٣٤٢، والديلمى فى مسند الفردوس، ٥/٣٨٣، الرقم: ٨٤٩٩۔

Marfat.com

٦٥٣/٤٧. عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ ﷺ أَخِي عَبْدِ اللهِ قَالَ: كَانَ لِلْعَبَّاسِ ﷺ مِيْزَابٌ عَلَى طَرِيْقِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ. فَلَبِسَ عُمَرُ ﷺ ثِيَابَهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ. وَقَدْ كَانَ ذُبِحَ لِلْعَبَّاسِ فَرْخَانِ. فَلَمَّا وَافَى الْمِيْزَابَ صُبَّ مَاءٌ بِدَمِ الْفَرْخَيْنِ فَأَصَابَ عُمَرَ. وَفِيْهِ دَمُ الْفَرْخَيْنِ. فَأَمَرَ عُمَرُ ﷺ بِقَلْعِهِ، ثُمَّ رَجَعَ عُمَرُ فَطَرَحَ ثِيَابَهُ، وَلَبِسَ ثِيَابًا غَيْرَ ثِيَابِهِ ثُمَّ، جَاءَ فَصَلَّى بِالنَّاسِ فَأَتَاهُ الْعَبَّاسُ فَقَالَ: وَاللهِ، إِنَّهُ لَلْمَوْضِعُ الَّذِي وَضَعَهُ النَّبِيُّ ﷺ، فَقَال عُمَرُ لِلْعَبَّاسِ وَأَنَا أَعْزِمُ عَلَيْكَ لَمَّا صَعِدْتَ عَلَى ظَهْرِي، حَتَّى تَضَعَهُ فِي الْمَوْضِعِ الَّذِي وَضَعَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، فَفَعَلَ ذَلِكَ الْعَبَّاسُ ﷺ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بھائی حضرت عبید اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ (ان کے والد) حضرت عباس ﷺ کے گھر کا ایک پرنالہ تھا جو کہ حضرت عمر بن الخطاب ﷺ کے راستے میں تھا ایک دفعہ حضرت عمر ﷺ نے جمعہ کے روز (نماز جمعہ کے لئے) کپڑے پہنے اور اسی دن حضرت عباس ﷺ کے لیے دو چوزے ذبح کئے گئے تھے پس جب پرنالہ سے چوزوں کے خون سے ملا ہوا پانی بہنے لگا تو حضرت عمر ﷺ پر پانی گرا تو حضرت عمر ﷺ نے اس پر نالے کو وہاں سے اکھاڑنے کا حکم دے دیا اور واپس لوٹ آئے اور اپنا وہ لباس اتارا اور نیا لباس پہنا پھر آ کر لوگوں کی امامت کروائی۔ بعد میں حضرت عباس ﷺ، حضرت عمر ﷺ کے پاس آئے اور کہا: اے عمر! اللہ کی قسم! بے شک یہ پرنالہ اس جگہ پر نصب ہے جہاں حضور نبی اکرم ﷺ نے اسے رکھا تھا۔ (تو حضرت عمر ﷺ نے یہ سن کر ان سے معذرت کی اور) انہوں نے حضرت عباس ﷺ سے کہا اور میں اس وقت تک آپ سے تاکید کرتا رہوں گا جب تک آپ میری پیٹھ پر سوار ہو کر اس پرنالے کو اسی جگہ پر دوبارہ نہیں لگا لیتے جہاں حضور نبی اکرم ﷺ نے اسے لگایا تھا پس حضرت عباس ﷺ نے ایسا ہی کیا۔''

اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٧: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/ ٢١٠، الرقم: ١٧٩٠، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٨/ ٣٩١، الرقم: ٤٨٢.

Marfat.com

٦٥٤/٤٨۔ عَنْ سَالِمٍ قَالَ: جَاءَ أَهْلُ نَجْرَانَ إِلَى عَلِيٍّ ﷺ فَقَالُوْا: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، كِتَابُکَ بِيَدِکَ، وَشِفَاعَتُکَ بِلِسَانِکَ، أَخْرَجَنَا عُمَرُ مِنْ أَرْضِنَا فَارْدُدْنَا إِلَيْهَا فَقَالَ لَهُمْ عَلِيٌّ: وَيْحَکُمْ إِنَّ عُمَرَ كَانَ رَشِيْدَ الْأَمْرِ وَلاَ أُغَيِّرُ صَنْعَةَ عُمَرَ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت سالم ﷺ بیان کرتے ہیں کہ اہلِ نجران حضرت علی ﷺ کے پاس آئے اور کہا: اے امیر المومنین! آپ کا نامۂ اعمال آپ کے ہاتھ میں ہے اور آپ کی شفاعت آپ کی زبان میں ہے ہمیں عمر نے ہماری زمین سے نکال دیا ہے آپ ہمیں ہماری زمین کی طرف لوٹا دیں۔ حضرت علی ﷺ نے ان سے کہا: تمہارا برا ہو بے شک عمر بالکل درست کام انجام دینے والے تھے اور میں ان کا کیا ہوا فیصلہ کبھی تبدیل نہیں کروں گا۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٦٥٥/٤٩۔ عَنْ أَبِي السَّفْرِ قَالَ: رُئِيَ عَلَى عَلِيٍّ ﷺ بُرْدٌ كَانَ يُكْثِرُ لِبْسَهُ قَالَ: فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّکَ لَتُكْثِرُ لِبْسَ هَذَا الْبُرْدِ، فَقَالَ: إِنَّهُ كَسَانِيْهِ خَلِيْلِي وَصَفِيِّي وَصَدِيْقِي وَخَاصِي عُمَرُ ﷺ إِنَّ عُمَرَ نَاصِحُ اللهِ فَنَصَحَهُ اللهُ ثُمَّ بَكَى. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت ابوسفر ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی ﷺ کو اکثر ایک چادر اوڑھے ہوئے دیکھا گیا۔ راوی بیان کرتے ہیں ان سے سے کہا گیا کہ آپ کثرت سے یہ چادر (کیوں) پہنتے ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا: بے شک یہ مجھے میرے نہایت پیارے، مخلص اور خاص دوست حضرت عمر ﷺ نے پہنائی تھی۔ بے شک عمر اللہ تعالیٰ کے لئے خالص ہوا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے خالص بھلائی چاہی پھر وہ رونے لگ گئے۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٨: أخرجه ابن أبی شيبة في المصنف، ٦/٣٥٧، الرقم: ٣٢٠٠٤، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ١/٣٦٦، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ٦/١٨٥۔

الحديث رقم ٤٩: أخرجه ابن أبی شيبة في المصنف، ٦/٣٥٦، الرقم: ٣١٩٩٧۔

Marfat.com

٦٥٦ / ٥٠۔ عَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ ﷺ: إِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُوْنَ فَحَيَّ هَـلًا بِعُمَرَ ﷺ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت اسود ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ نے فرمایا: جب صالحین کا ذکر ہوتو جلدی سے حضرت عمر ﷺ کا نامِ نامی پکارا کرو۔''

اسے امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٦٥٧ / ٥١۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ عُمَرَ ﷺ كَانَ لِلإِسْلَامِ حِصْنًا حَصِينًا، يَدْخُلُ فِيْهِ الإِسْلَامُ وَلَا يَخْرُجُ مِنْهُ فَلَمَّا قُتِلَ عُمَرُ انْثَلَمَ الْحِصْنُ. فَالإِسْلَامُ يَخْرُجُ مِنْهُ وَلَا يَدْخُلُ فِيْهِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت زید بن وہب حضرت عبداللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک حضرت عمر ﷺ اسلام کے لئے ایک مضبوط قلعہ تھے جس میں اسلام محفوظ تھا اور اس سے باہر نہیں نکلتا تھا پس جب انہیں ﷺ شہید کردیا گیا تو اسلام اس قلعہ سے باہر نکل گیا یعنی غیر محفوظ ہوگیا اور اس کے بعداس میں داخل نہیں ہوا (یعنی اس کے بعد فتنوں کے حملوں سے امت محفوظ نہ رہی)۔'' اسے امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٦٥٨ / ٥٢۔ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ ﷺ: مَا رَأَيْتُ عُمَرَ إِلَّا وَكَانَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَلَكٌ يُسَدِّدُهُ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت ابووائل ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے کبھی بھی حضرت عمر ﷺ کو نہیں دیکھا مگر یہ کہ ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک فرشتہ تھا جو انہیں سیدھی راہ دکھاتا تھا۔'' اسے امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٠: أخرجه ابن أبي شبية في المصنف، ٦ / ٣٥٤، الرقم: ٣١٩٧٥۔
الحديث رقم ٥١: أخرجه ابن أبي‌شبية في المصنف، ٦ / ٣٥٤، الرقم: ٣١٩٧٧۔
الحديث رقم ٥٢: أخرجه ابن أبي شبية في المصنف، ٦ / ٣٥٤، الرقم: ٣١٩٨٣۔

Marfat.com

٦٥٩/٥٣۔ عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَجُلًا أَعْلَمَ بِاللهِ وَلَا أَقْرَأَ لِكِتَابِ اللهِ، وَ أَفْقَهَ فِي دِيْنِ اللهِ مِنْ عُمَرَ رضی اللہ عنہ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت قبیصہ بن جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر کوئی عالم باللہ نہیں دیکھا اور نہ ہی ان سے بڑھ کر کوئی کتاب اللہ کا قاری دیکھا ہے اور نہ ہی ان سے بڑھ کر کوئی اللہ تعالیٰ کے دین کا فہم رکھنے والا دیکھا ہے۔''

اسے امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٦٦٠/٥٤۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: لَوْ أَنَّ عِلْمَ عُمَرَ وُضِعَ فِي كِفَّةِ الْمِيْزَانِ وَوُضِعَ عِلْمُ أَهْلِ الْأَرْضِ فِي كِفَّةٍ لَرَجَحَ عِلْمُهُ بِعِلْمِهِمْ. قَالَ وَكِيْعٌ: قَالَ الْأَعْمَشُ: فَأَنْكَرْتُ ذٰلِكَ فَأَتَيْتُ إِبْرَاهِيْمَ فَذَكَرْتُهُ لَهُ فَقَالَ وَمَا أَنْكَرْتُ مِنْ ذٰلِكَ؟ فَوَاللهِ، لَقَدْ قَالَ عَبْدُ اللهِ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ: إِنِّي لَأَحْسِبُ تِسْعَةَ أَعْشَارِ الْعِلْمِ ذَهَبَ يَوْمَ ذَهَبَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا علم ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا جائے اور تمام اہلِ زمین کا علم دوسرے پلڑے میں رکھا جائے تو یقیناً حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا علم ان کے علم پر بھاری ہوگا۔ امام وکیع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ امام اعمش نے فرمایا: میں نے اس چیز کا انکار کیا پس میں حضرت ابراہیم سے ملا اور ان کے سامنے یہ چیز بیان کی تو انہوں نے کہا میں اس کا انکار نہیں کرتا۔ بلکہ خدا کی قسم! ابن مسعود نے اس سے بھی بڑھ کر کہا ہے وہ کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ علم کے دس حصوں میں سے نو حصے اس دن چلے گئے جس دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس دنیا سے وصال فرما گئے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٣: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٥٥، الرقم: ٣١٩٨٧، ٣٠١٣٠۔

الحديث رقم ٥٤: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٩/١٦٣، الرقم: ٨٨٠٩، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٢/٣٣٦، وابن عبد البر في التمهيد، ٣/١٩٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٦٩۔

Marfat.com

٦٦١/٥٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: لَقِيَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ ﷺ رَجُلًا مِنَ الْجِنِّ فَصَارَعَهُ، فَصَرَعَهُ الإِنْسِيُّ فَقَالَ لَهُ الإِنْسِيُّ: إِنِّي لَأَرَاكَ ضَئِيلًا شَخِيتًا كَأَنَّ ذُرَيْعَتَكَ ذُرَيْعَتَي كَلْبٍ فَكَذَلِكَ أَنْتُمْ مَعْشَرُ الْجِنِّ أَمْ أَنْتَ مِنْ بَيْنِهِمْ كَذَلِكَ فَقَالَ: لَا وَاللهِ إِنِّي مِنْهُمْ لَضَلِيْعٌ، وَلَكِنْ عَاوِدْنِي الثَّانِيَةَ، فَإِنْ صَرَعْتَنِي عَلَّمْتُكَ شَيْئًا يَنْفَعُكَ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: تَقْرَأُ ﴿اَللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَإِنَّكَ لَا تَقْرَؤُهَا فِي بَيْتٍ إِلَّا خَرَجَ مِنْهُ الشَّيْطَانُ لَهُ خَبَجٌ كَخَبَجِ الْحِمَارِ لَا يَدْخُلُهُ حَتَّى تُصْبِحَ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وزاد الطبراني: قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، مَنْ ذَاكَ الرَّجُلُ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ ﷺ؟ فَعَبَسَ عَبْدُ اللهِ، وَأَقْبَلَ عَلَيْهِ وَقَالَ: مَنْ يَكُوْنُ هُوَ إِلَّا عُمَرُ ﷺ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کرام ﷺ میں سے ایک صحابی ایک جن کو ملا اور اس کے ساتھ کشتی کی۔ پس حضور نبی اکرم ﷺ کے صحابی نے اس جن کو پچھاڑ دیا پھر اسے کہا کہ تم نہایت کمزور اور دبلے پتلے ہو اور تمہارے ہاتھ کتے کے ہاتھوں کی طرح کمزور ہیں۔ تمام کیا گروہِ جنات اسی طرح کا ہوتا ہے؟ یا تم ان میں سے اس طرح ہو؟ تو وہ جن کہنے لگا: نہیں خدا کی قسم! میں ان سب میں سے ایک موٹا تازہ جن ہوں لیکن تم میرے ساتھ دوبارہ کشتی کرو۔ پس اگر تم نے مجھے دوبارہ پچھاڑ دیا تو میں تمہیں ایسی چیز سکھاؤں گا جو تمہیں نفع دے گی انہوں نے کہا ٹھیک ہے۔(اس صحابی نے اس جن کو دوبارہ پچھاڑ دیا) تو جن نے کہا: کیا تم ''الله لا إله إلا هو الحي القيوم'' (آیۃ الکرسی) پڑھتے ہو؟ انہوں نے کہا: ہاں۔ اس جن نے کہا: یہ جس گھر میں بھی پڑھی جاتی ہے اس سے

الحديث رقم ٥٥: أخرجه الدارمي في السنن، ٢/٥٤٠، الرقم: ٣٣٨١، والطبراني في المعجم الكبير، ٩/١٦٦، الرقم: ٨٨٢٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٧١.

Marfat.com

شیطان گدھے کی طرح ڈر کر بھاگتا ہے اور وہ اس گھر میں اس وقت تک داخل نہیں ہوتا جب تک صبح نہ ہو جائے۔'' اس حدیث کو امام دارمی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

امام طبرانی کی روایت میں ان الفاظ کا اضافہ ہے کہ لوگوں میں سے ایک آدمی نے کہا: ''اے ابو عبد الرحمٰن! اصحاب محمد ﷺ میں سے وہ آدمی کون تھا؟ حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ نے پہلے تو (نام لینے میں) تھوڑا تردد کیا لیکن پھر بتا دیا کہ وہ حضرت عمر بن الخطاب ﷺ کے علاوہ اور کون ہو سکتا ہے؟''

٥٦/٦٦٢۔ عَنْ قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُوْنٍ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ﷺ أَدْرَكَ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ وَهُوَ عَلَى رَاحِلَتِهِ وَعُثْمَانُ عَلَى رَاحِلَتِهِ عَلَى ثَنِيَّةِ الْأَثَايَةِ مِنَ الْعَرْجِ، فَضَغَطَتْ رَاحِلَتُهُ رَاحِلَةَ عُثْمَانَ وَقَدْ مَضَتْ رَاحِلَةُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ أَمَامَ الرَّكْبِ فَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ: أَوْجَعْتَنِي يَا غَلْقَ الْفِتْنَةِ، فَلَمَّا اسْتَهَلَّتِ الرَّوَاحِلُ دَنَا مِنْهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ﷺ فَقَالَ: يَغْفِرُ اللهُ أَبَا السَّائِبِ مَا هَذَا الِاسْمُ الَّذِي سَمَّيْتَنِيْهِ؟ فَقَالَ: لَا وَاللهِ، مَا أَنَا الَّذِي سَمَّيْتُكَهُ سَمَّاكَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ هَذَا هُوَ أَمَامَ الرَّكْبِ يَقْدِمُ الْقَوْمَ مَرَرْتَ بِنَا يَوْمًا وَنَحْنُ جُلُوْسٌ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ هَذَا غَلْقُ الْفِتْنَةِ. وَ أَشَارَ بِيَدِهِ لَا يَزَالُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الْفِتْنَةِ بَابٌ شَدِيْدُ الْغَلْقِ مَا عَاشَ هَذَا بَيْنَ ظَهْرَانِيْكُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت قدامہ بن مظعون ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون ﷺ کو اس حال میں دیکھا کہ وہ اپنی سواری پر سوار تھے اور عرج کے علاقہ میں مقام اثایہ کی وادی میں چل رہے تھے کہ حضرت عمر ﷺ کی سواری نے حضرت عثمان ﷺ کی سواری کو دھکا دیا۔ حضور نبی اکرم ﷺ کی سواری قافلہ کے آگے چل رہی تھی تو حضرت

الحديث رقم ٥٦: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٩/٣٨، الرقم: ٨٣٢١، والعسقلاني في فتح الباري، ٦/٦٠٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٧٢.

Marfat.com

عثمان ﷺ نے کہا: اے فتنوں کو روکنے والے! تو نے مجھے تکلیف دی ہے۔ جب سواریاں رکیں تو حضرت عمر بن خطاب ﷺ حضرت عثمان ﷺ کے قریب گئے اور کہا: اے ابو سائب! اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت فرمائے یہ کون سا نام ہے جو تو نے مجھے دیا ہے؟ انہوں نے کہا: ایسا نہیں خدا کی قسم! میں وہ نہیں ہوں جس نے تمہیں یہ نام دیا ہے بلکہ حضور نبی اکرم ﷺ نے تمہیں یہ نام دیا ہے جو کہ آج اس لشکر کی قیادت فرما رہے ہیں۔ ایک دن آپ ہمارے پاس سے گزرے۔ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں بیٹھے ہوئے تھے تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ شخص یعنی عمر (دین اور امت کے خلاف اٹھنے والے) فتنوں کو روکنے والا ہے اور آپ کی طرف اشارہ بھی کیا اور فرمایا: یہ تمہارے اور فتنوں کے درمیان ایک سختی سے بند کیا ہوا دروازہ ہے جب تک یہ تمہارے درمیان زندہ ہے (فتنہ تمہارے اندر داخل نہیں ہو سکے گا)۔"

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٥٧/٦٦٣۔ **عَنْ أَبِي ذَرٍّ ﷺ أَنَّهُ لَقِيَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ﷺ، فَأَخَذَ بِيَدِهِ فَغَمَزَهَا، وَكَانَ عُمَرُ رَجُلًا شَدِيْدًا فَقَالَ: أَرْسِلْ يَدِي يَا قُفْلَ الْفِتْنَةِ. فَقَالَ عُمَرُ: وَمَا قُفْلُ الْفِتْنَةِ؟ قَالَ: جِئْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ، وَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ جَالِسٌ، وَقَدِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ النَّاسُ، فَجَلَسْتُ فِي آخِرِهِمْ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا تُصِيْبُكُمْ فِتْنَةٌ مَا دَامَ هَذَا فِيْكُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.**

"حضرت ابوذر غفاری ﷺ سے روایت ہے کہ وہ حضرت عمر بن الخطاب ﷺ کو ملے پس حضرت عمر ﷺ نے ان کا ہاتھ پکڑ کر ہلایا۔ حضرت عمر ﷺ بہت مضبوط آدمی تھے تو حضرت ابو ذر ﷺ نے کہا: اے "قفل الفتنة" (فتنوں کو روکنے والے دروازے کا تالا) میرا ہاتھ چھوڑیئے۔ پس حضرت عمر ﷺ نے دریافت کیا یہ قفل الفتنة کیا ہے؟ حضرت ابوذر ﷺ نے عرض کیا: ایک دن میں حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس حاضر ہوا اس حال میں کہ آپ ﷺ تشریف فرما تھے اور لوگ آپ ﷺ کے اردگرد جمع تھے۔ پس میں ان کے پیچھے بیٹھ گیا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہیں اس وقت تک فتنہ نہیں پہنچ سکتا جب تک یہ (عمر) تمہارے درمیان موجود ہے۔" اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٧: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٢/٢٦٨، الرقم: ١٩٤٥، والعسقلاني في فتح الباري، ٦/٦٠٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٧٣.

Marfat.com

٥٨/٦٦٤۔ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ رَبِيْعَةَ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رضي الله عنه أَرْسَلَ إِلَى كَعْبِ الْأَحْبَارِ رضي الله عنه فَقَالَ: يَا كَعْبُ، كَيْفَ تَجِدُ نَعْتِي؟ قَالَ: أَجِدُ نَعْتَكَ قَرْنًا مِنْ حَدِيْدٍ، قَالَ: وَمَا قَرْنٌ مِنْ حَدِيْدٍ؟ قَالَ: أَمِيْرٌ سَدِيْدٌ، لاَ يَأْخُذُهُ فِي اللهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، قَالَ: ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: ثُمَّ يَكُوْنُ مِنْ بَعْدِكَ خَلِيْفَةٌ تَقْتُلُهُ فِئَةٌ ظَالِمَةٌ، قَالَ: ثُمَّ مَهْ؟، قَالَ: ثُمَّ يَكُوْنُ الْبَلَاءُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عمیر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت کعب الاحبار رضی اللہ عنہ کو بلا بھیجا اور ان سے دریافت فرمایا: اے کعب! تم (تورات میں) ہماری تعریف کیسے پاتے ہو انہوں نے کہا: میں (تورات میں) آپ کی تعریف لوہے کے ایک سینگ کی طرح پاتا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اور وہ لوہے کا سینگ کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: صائب الرائے امیر، جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر اس کے بعد کیا ہوگا؟ انہوں نے کہا: پھر اس کے بعد ایک ایسا خلیفہ ہوگا جسے ایک ظالم گروہ قتل کرے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کے بعد کیا ہوگا؟ انہوں نے کہا: پھر اس کے بعد آزمائش ہوگی۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٥٩/٦٦٥۔ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: قَالَ لِي جِبْرِيْلُ عليه السلام لِيَبْكِ الْإِسْلَامُ عَلَى مَوْتِ عُمَرَ رضي الله عنه. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے جبرائیل علیہ السلام نے بتایا ہے کہ اسلام کو چاہیے کہ وہ عمر کی موت پر روئے۔''

اس حدیث کو امام ابونعیم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٨: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ١/٨٤، الرقم: ١٢٠، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ١/١٢٦، الرقم: ١٣٣، وأبونعيم فى حلية الأولياء، ٦/٢٥، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/٦٥۔

الحديث رقم ٥٩: أخرجه أبونعيم فى حلية الأولياء، ٢/١٧٥، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١/٦٧، الرقم: ٦١، والديلمى فى مسند الفردوس، ٣/١٨٩، الرقم: ٤٥٢٣، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/٧٤۔

Marfat.com

اَلْبَابُ الْحَادِي عَشَرَ:

مَنَاقِبُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رضی اللہ عنہ

﴿حضرت عثمان بن عفّان رضی اللہ عنہ کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي مَكَانَةِ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿بارگاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي اخْتِصَاصِهِ بِأَنَّهُ رضی اللہ عنہ أَشَدُّ الْأُمَّةِ حَيَاءً

﴿حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا اُمّت میں سب سے زیادہ حیادار ہونے کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي تَبْشِيرِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لَهُ بِمُرَافَقَتِهِ وَعُلُوِّ مَنْزِلَتِهِ فِي الْجَنَّةِ

﴿حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے جنت میں رفاقتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اعلیٰ مقام و مرتبہ کی خوشخبری کا بیان﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي اخْتِصَاصِ كَوْنِهِ رضی اللہ عنہ ذَا النُّوْرَيْنِ

﴿حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے ذوالنّورین کے لقبِ خاص کا بیان﴾

٥۔ فَصْلٌ فِي اخْتِصَاصِهِ رضی اللہ عنہ بِإِقَامَةِ يَدِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَقَامَ يَدِهِ فِي بَيْعَةِ الرِّضْوَانَ

﴿حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بیعتِ رضوان میں اپنے دستِ مبارک کو دستِ عثمان قرار دینے کا بیان﴾

Marfat.com

٦۔ فَصْلٌ فِي إِعْلَامِ النَّبِيِّ ﷺ إِيَّاهُ بِاسْتِشْهَادِهِ رضی اللہ عنہ

﴿حضور ﷺ کا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ان کی شہادت کی خبر دینے کا بیان﴾

٧۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِ وَمَنَاقِبِهِ رضی اللہ عنہ

﴿حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَكَانَةِ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿بارگاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٦٦٦/١۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: أُتِيَ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِجَنَازَةِ رَجُلٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ، فَقِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَا رَأَيْنَاكَ تَرَكْتَ الصَّلَاةَ عَلَى أَحَدٍ قَبْلَ هَذَا؟ قَالَ: إِنَّهُ كَانَ يُبْغِضُ عُثْمَانَ فَأَبْغَضَهُ اللهُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایک جنازہ لایا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس پر نماز پڑھیں مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر نماز نہیں پڑھی۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! ہم نے آپ کو کسی کی نمازِ جنازہ چھوڑتے نہیں دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ شخص عثمان سے بغض رکھتا تھا لہٰذا اللہ تعالیٰ نے بھی اسے اپنی رحمت سے دور کر دیا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔

٦٦٧/٢۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَامَ يَعْنِي يَوْمَ بَدْرٍ فَقَالَ: إِنَّ عُثْمَانَ انْطَلَقَ فِي حَاجَةِ اللهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِ اللهِ، وَإِنِّي أُبَايِعُ لَهُ، فَضَرَبَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِسَهْمِهِ، وَلَمْ يَضْرِبْ لِأَحَدٍ غَابَ غَيْرُهُ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالطَّحَاوِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ بے شک حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدر والے دن قیام فرما ہوئے اور فرمایا: بے شک عثمان اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کام میں مصروف ہے اور بے شک میں اس کی طرف سے بیعت کرتا ہوں اور حضور نبی

الحديث رقم ١: أخرجه الترمذی في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: فی مناقب عثمان، ٥/٦٣٠، الرقم: ٣٧٠٩، وابن أبی عاصم في السنة، ٢/٥٩٦، الرقم: ١٣١٢.

الحديث رقم ٢: أخرجه أبوداود فی السنن، كتاب: الجهاد، باب: فيمن جاء بعد الغنيمة لاسهم له، ٣/٧٤، الرقم: ٢٧٢٦، والطحاوی فی شرح معانی الآثار، ٣/٢٤٤.

Marfat.com

اکرم ﷺ نے مالِ غنیمت میں سے بھی حضرت عثمان ﷺ کا حصہ مقرر کیا اور ان کے علاوہ جو کوئی اس دن غائب تھا کسی کے لیے حصہ مقرر نہیں کیا۔"

اس حدیث کو امام ابوداود اور طحاوی نے روایت کیا ہے۔

٣/٦٦٨۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ادْعُوْا إِلَيَّ بَعْضَ أَصْحَابِي، قُلْتُ: أَبُوْبَكْرٍ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: عُمَرُ، قَالَ: لَا، قُلْتُ: ابْنُ عَمِّکَ عَلِيٌّ؟ قَالَ: لَا، قَالَتْ: قُلْتُ: عُثْمَانُ؟ قَالَ: نَعَمْ. فَلَمَّا جَاءَ قَالَ: تَنَحَّي فَجَعَلَ يُسَارُّهُ وَلَوْنُ عُثْمَانَ يَتَغَيَّرُ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الدَّارِ وَحُصِرَ فِيْهَا قُلْنَا: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، أَلَا تُقَاتِلُ؟ قَالَ: لَا، إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ عَهِدَ إِلَيَّ عَهْدًا وَإِنِّي صَابِرٌ نَفْسِي عَلَيْهِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْيَعْلَى.

"حضرت عائشہ صدیقہ رضی الله عنها بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے فرمایا: میرے صحابہ میں سے کسی کو میرے پاس بلاؤ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ابوبکر ﷺ کو بلاؤں؟ آپ ﷺ نے منع فرمایا۔ پھر میں نے عرض کیا: عمر ﷺ کو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، پھر میں نے عرض کیا: آپ کے چچا کے بیٹے علی ﷺ کو آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، پھر میں نے عرض کیا: عثمان ﷺ کو بلاؤں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، پس جب وہ آگئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: (اے عائشہ!) ذرا پیچھے ہو (کر بیٹھ) جاؤ پھر آپ ﷺ ان سے سرگوشی فرمانے لگے۔ حضرت عثمان ﷺ کا رنگ تبدیل ہونے لگا پھر یوم دار (جس دن حضرت عثمان ﷺ کے گھر کا محاصرہ کیا گیا تھا) آیا اور حضرت عثمان ﷺ اس میں محصور ہو گئے ہم نے کہا: اے امیر المؤمنین! آپ قتال نہیں کریں گے؟ حضرت عثمان ﷺ نے فرمایا: نہیں بے شک حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے (اس دن کی) وصیت فرمائی تھی اور میں اس وصیت پر صبر کرنے والا ہوں۔"

اس حدیث کو امام احمد اور ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٦/٥١، الرقم: ٢٤٢٩٨، وفي فضائل الصحابة، ١/٤٩٤، الرقم: ٨٠٤، والحاكم في المستدرك، ٣/١٠٦، الرقم: ٤٥٤٣، وأبويعلى في المسند، ٨/٢٣٤، الرقم: ٤٨٠٥.

Marfat.com

٦٦٩/٤۔ عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم فِي بَيْتٍ فِي نَفَرٍ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ: فِيْهِمْ أَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ رضي الله عنهم، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: لِيَنْهَضْ كُلُّ رَجُلٍ إِلَى كَفْئِهِ. وَنَهَضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم إِلَى عُثْمَانَ، فَاعْتَنَقَهُ قَالَ: أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَأَنْتَ وَلِيِّي فِي الْأٰخِرَةِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَبُوْيَعْلَى.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دفعہ ہم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مہاجرین کے ایک گروہ کے ساتھ ایک گھر میں تھے اور اس گروہ میں حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم بھی تھے تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر آدمی اپنے کفو (برابر) کی طرف کھڑا ہوجائے اور خود حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عثمان کی طرف کھڑے ہوگئے اور انہیں اپنے گلے لگایا اور فرمایا: اے عثمان تو دنیا و آخرت میں میرا دوست ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور امام ابویعلی نے روایت کیا اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٦٧٠/٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: دَخَلَتْ عَلَيَّ رُقَيَّةُ بِنْتُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم وَفِي يَدِهَا مُشْطٌ فَقَالَتْ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم مِنْ عِنْدِي آنِفًا رَجَّلْتُ رَأْسَهُ فَقَالَ: كَيْفَ تَجِدِيْنَ أَبَا عَبْدِ اللهِ؟ قُلْتُ: خَيْرَ الرِّجَالِ، قَالَ: أَكْرِمِيْهِ فَإِنَّهُ مِنْ أَشْبَهِ أَصْحَابِي بِي خُلُقًا. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

الحديث رقم ٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١٠٤، الرقم: ٤٥٣٦، وأبو يعلى في المسند، ٤/٤٤، الرقم: ٢٠٥١، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ١/٥٢٤، الرقم: ٨٦٨، والمناوي في فيض القدير، ٤/٣٠٢.

الحديث رقم ٥: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١/٧٦، الرقم: ٩٩، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ١/٥١٠، الرقم: ٨٣٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٨١.

Marfat.com

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائیں اور ان کے ہاتھ میں ایک کنگھا تھا۔ انہوں نے فرمایا کہ حضور نبی اکرم ﷺ ابھی ابھی میرے پاس سے تشریف لے گئے ہیں۔ میں نے آپ ﷺ کے گیسو مبارک سنوارے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: (اے رقیہ!) تم ابو عبد اللہ (یعنی عثمان) کو کیسا پاتی ہو؟ میں نے عرض کیا: بہترین انسان۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی عزت بجا لاتی رہو، بے شک وہ میرے صحابہ میں سے خلق کے اعتبار سے سب سے زیادہ میرے مشابہ ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔ اور الفاظ طبرانی کے ہیں۔

٦٧١ / ٦۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ أُمَّ كُلْثُوْمٍ جَاءَتْ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، زَوْجُ فَاطِمَةَ خَيْرٌ مِنْ زَوْجِي؟ فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مَلِيًّا ثُمَّ قَالَ: زَوْجُكِ يُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ وَيُحِبُّهُ اللهُ وَرَسُوْلُهُ، وَأَزِيْدُكِ لَوْ قَدْ دَخَلْتِ الْجَنَّةَ فَرَأَيْتِ مَنْزِلَةً، لَمْ تَرَي أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِي يَعْلُوْهُ فِي مَنْزِلَتِهِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ (حضور نبی اکرم ﷺ کی صاحبزادی) حضرت امّ کلثوم رضی اللہ عنہا حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس آئیں اور عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا فاطمہ کا شوہر میرے شوہر سے بہتر ہے؟ تو حضور نبی اکرم ﷺ تھوڑی دیر کے لئے خاموش رہے پھر فرمایا: تمہارا خاوند اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اس سے محبت کرتے ہیں اور تمہارے لئے میں مزید اضافہ کرتا ہوں کہ اگر تم جنت میں داخل ہو گی تو (عثمان کا) ایک ایسا مقام دیکھو گی کہ میرے صحابہ میں سے کسی دوسرے کو اس مقام پر نہیں پاؤ گی۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

الحديث رقم ٦: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٢ / ٢١٢، الرقم: ١٧٦٤، وفي مسند الشاميين، ١ / ٩٩، الرقم: ١٤٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ٨٨۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي اخْتِصَاصِهِ بِأَنَّهُ ﷺ أَشَدُّ الْأُمَّةِ حَيَاءً

﴿حضرت عثمان ﷺ کا اُمّت میں سب سے زیادہ حیادار ہونے کا بیان﴾

٧/٦٧٢۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى ﷺ قَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ قَاعِدًا فِي مَكَانٍ فِيْهِ مَاءٌ، قَدِ انْكَشَفَ عَنْ رُكْبَتَيْهِ، أَوْ رُكْبَتِهِ، فَلَمَّا دَخَلَ عُثْمَانُ غَطَّاهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابوموسیٰ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ ایک ایسی جگہ بیٹھے ہوئے تھے۔ جہاں پانی تھا اور (ٹانگیں پانی میں ہونے کے باعث) آپ ﷺ کے دونوں گھٹنوں سے یا ایک گھٹنے سے کپڑا ہٹا ہوا تھا، پس جب حضرت عثمان ﷺ آئے تو آپ ﷺ نے اسے ڈھانپ لیا۔'' اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٨/٦٧٣۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مُضْطَجِعًا فِي بَيْتِي، كَاشِفًا عَنْ فَخِذَيْهِ. أَوْ سَاقَيْهِ. فَاسْتَأْذَنَ أَبُوْبَكْرٍ فَأَذِنَ لَهُ. وَهُوَ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ.فَتَحَدَّثَ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُمَرُ فَأَذِنَ لَهُ. وَهُوَ كَذَلِكَ. فَتَحَدَّثَ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُثْمَانُ، فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَسَوَّى ثِيَابَهُ. قَالَ مُحَمَّدٌ: وَلَا أَقُوْلُ ذَلِكَ فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ. فَدَخَلَ فَتَحَدَّثَ. فَلَمَّا خَرَجَ قَالَتْ عَائِشَةُ رضي الله عنها: دَخَلَ أَبُوْبَكْرٍ فَلَمْ تَهْتَشَّ لَهُ وَلَمْ تُبَالِهِ،

الحديث رقم ٧: أخرجه البخارى في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عثمان بن عفان، ٣/١٣٥١، الرقم: ٣٤٩٢، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/٢٣٢، الرقم: ٣٠٦٣، وفي الاعتقاد، ١/٣٦٧، والشوكاني في نيل الأوطار، ٢/٥٢.

الحديث رقم ٨: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عثمان بن عفان، ٤/١٨٦٦، الرقم: ٢٤٠١، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/٣٣٦، الرقم: ٦٩٠٧، وأبويعلى فى المسند، ٨/٢٤٠، الرقم: ٦٩٠٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/٢٣٠، الرقم: ٣٠٥٩.

Marfat.com

ثُمَّ دَخَلَ عُمَرُ فَلَمْ تَهْتَشَّ لَهُ وَلَمْ تُبَالِهِ، ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ فَجَلَسْتَ وَسَوَّيْتَ ثِيَابَکَ فَقَالَ: أَلَا أَسْتَحْيِي مِنْ رَجُلٍ تَسْتَحْيِي مِنْهُ الْمَلَائِکَةُ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ میرے گھر میں (بستر پر) لیٹے ہوئے تھے، اس عالم میں کہ آپ ﷺ کی دونوں پنڈلیاں مبارک کچھ ظاہر ہو رہی تھیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی تو آپ ﷺ نے انہیں اجازت دے دی اور آپ ﷺ اسی طرح لیٹے رہے اور گفتگو فرماتے رہے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی تو آپ ﷺ نے انہیں بھی اجازت دے دی، جبکہ آپ ﷺ اسی طرح لیٹے رہے اور گفتگو فرماتے رہے، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی تو حضور نبی اکرم ﷺ اٹھ کر بیٹھ گئے اور اپنے کپڑے درست کر لئے۔ (محمد راوی کہتے ہیں کہ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ ایک دن کا واقعہ ہے۔) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آ کر باتیں کرتے رہے، جب وہ چلے گئے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے تو آپ نے ان کا فکر واہتمام نہیں کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تب بھی آپ نے کوئی فکر واہتمام نہیں کیا اور جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے تو آپ اٹھ کر بیٹھ گئے اور اپنے کپڑے درست کر لئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اس شخص سے کیسے حیاء نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں۔''

اِس حدیث کو امام مسلم اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

٩/٦٧٤۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ رضی اللہ عنہ أَنَّ عَائِشَةَ رضي الله عنها زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ وَعُثْمَانَ رضی اللہ عنہ حَدَّثَاهُ: أَنَّ أَبَابَکْرٍ اسْتَأْذَنَ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلَى فِرَاشِهِ لَابِسٌ مِرْطَ عَائِشَةَ فَأَذِنَ. لِأَبِي بَکْرٍ وَهُوَ

الحديث رقم ٩: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عثمان بن عفان، ٤/١٨٦٦.١٨٦٧، الرقم: ٢٤٠٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٧١، الرقم: ٥١٤، وأبو يعلى في المسند، ٨/٢٤٢، الرقم: ٤٨١٨، والطبرانى في المعجم الكبير، ٦/٦١، الرقم: ٥٥١٥، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/٢٣١، الرقم: ٣٠٦٠، والبزار في المسند، ٢/١٧، الرقم: ٣٥٥، والبخاري في الأدب المفرد، ١/٢١٠، الرقم: ٦٠٠.

Marfat.com

كَذَلِكَ. فَقَضَى إِلَيْهِ حَاجَتَهُ ثُمَّ انْصَرَفَ، ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُمَرُ فَأَذِنَ لَهُ وَهُوَ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ، فَقَضَى إِلَيْهِ حَاجَتَهُ ثُمَّ انْصَرَفَ، قَالَ عُثْمَانُ: ثُمَّ اسْتَأْذَنْتُ عَلَيْهِ فَجَلَسَ وَقَالَ لِعَائِشَةَ: اجْمَعِي عَلَيْكِ ثِيَابَكِ، فَقَضَيْتُ إِلَيْهِ حَاجَتِي ثُمَّ انْصَرَفْتُ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، لَمْ أَرَكَ فَزِعْتَ لِأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رضي الله عنهما كَمَا فَزِعْتَ لِعُثْمَانَ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ عُثْمَانَ رَجُلٌ حَيِيٌّ، وَإِنِّي خَشِيْتُ إِنْ أَذِنْتُ لَهُ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ، أَنْ لَا يَبْلُغَ إِلَيَّ فِي حَاجَتِهِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عائشہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے اجازت طلب کی اور آپ ﷺ بستر پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی چادر اوڑھے لیٹے ہوئے تھے، آپ ﷺ نے انہیں اسی حالت میں اجازت دے دی اور ان کی حاجت پوری فرمادی۔ وہ چلے گئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی، آپ ﷺ نے انہیں بھی اسی حالت میں آنے کی اجازت دے دی۔ وہ بھی اپنی حاجت پوری کر کے چلے گئے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ پھر میں نے آپ ﷺ سے اجازت طلب کی تو آپ ﷺ اُٹھ بیٹھے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اپنے کپڑے درست کر لو، پھر میں اپنی حاجت پوری کر کے چلا گیا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا وجہ ہے کہ آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لئے اس قدر اہتمام نہ فرمایا۔ جس قدر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے فرمایا ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عثمان ایک کثیر الحیاء مرد ہے اور مجھے خدشہ تھا کہ اگر میں نے اسے اسی حال میں آنے کی اجازت دے دی تو وہ مجھ سے اپنی حاجت نہیں بیان کر سکے گا۔'' اِس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٦٧٥ / ١٠۔ عَنْ حَفْصَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ، فَوَضَعَ ثَوْبَهُ بَيْنَ فَخِذَيْهِ، فَجَاءَ أَبُوْبَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ، فَأَذِنَ لَهُ

الحديث رقم ١٠: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٦ / ٢٨٨، الرقم: ٢٦٥١٠، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٣ / ٢٠٥، وعبد بن حميد فى المسند، ١ / ٤٤٦، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩ / ٨١.

Marfat.com

رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَلَى هَيْئَتِهِ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ يَسْتَأْذِنُ فَأَذِنَ لَهُ عَلَى هَيْئَتِهِ، ثُمَّ جَاءَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَأَذِنَ لَهُمْ ثُمَّ، جَاءَ عَلِيٌّ يَسْتَأْذِنُ فَأَذِنَ لَهُ وَرَسُوْلُ اللهِ عَلَى هَيْئَتِهِ ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، فَتَجَلَّلَ ثَوْبَهُ ثُمَّ، أَذِنَ لَهُ، فَتَحَدَّثُوْا سَاعَةً، ثُمَّ خَرَجُوْا. وَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ، دَخَلَ عَلَيْکَ أَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَعَلِيٌّ وَأُنَاسٌ مِنْ أَصْحَابِکَ، وَأَنْتَ عَلَى هَيْئَتِکَ لَمْ تَتَحَرَّكْ فَلَمَّا دَخَلَ عُثْمَانُ تَجَلَّلْتَ ثَوْبَکَ؟ فَقَالَ: أَلاَ أَسْتَحِيِ مِمَّنْ تَسْتَحِيِ مِنْهُ الْمَلاَئِكَةُ؟. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک دفعہ حضور نبی اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے پس آپ ﷺ نے اپنا (اوپر لپیٹنے کا) کپڑا اپنی مبارک رانوں پر رکھ لیا، اتنے میں حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ آئے اور اندر آنے کے لئے اجازت طلب کی تو آپ ﷺ نے انہیں اندر آنے کی اجازت عنایت فرمائی اور آپ ﷺ اپنی اسی حالت میں تشریف فرما رہے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے اور اجازت طلب کی پس آپ ﷺ نے انہیں بھی اجازت عنایت فرمائی اور آپ ﷺ اسی حالت میں تشریف فرما رہے۔ پھر آپ ﷺ کے کچھ دیگر صحابہ کرام آئے تو آپ ﷺ نے انہیں بھی اجازت عنایت فرمائی پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے اور اجازت طلب کی آپ ﷺ نے انہیں بھی اجازت عنایت فرمائی اور آپ ﷺ اپنی اسی حالت میں تشریف فرما رہے۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے تو آپ ﷺ نے پہلے اپنے جسمِ اقدس کو کپڑے سے ڈھانپ لیا پھر انہیں اجازت عنایت فرمائی۔ پھر وہ صحابہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس کچھ دیر باتیں کرتے رہے پھر باہر چلے گئے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! آپ کی خدمتِ اقدس میں ابو بکر، عمر، علی اور دوسرے صحابہ کرام حاضر ہوئے لیکن آپ اپنی پہلی حالتمیں تشریف فرما رہے جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو آپ نے اپنے جسمِ اقدس کو کپڑے سے ڈھانپ لیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں اس شخص سے حیاء نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں؟''

اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

٦٧٦ / ١١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : أَشَدُّ أُمَّتِي حَيَاءً عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے سب سے زیادہ حیا دار عثمان بن عفان ہے۔''

اس حدیث کو امام ابونعیم اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔

٦٧٧ / ١٢۔ عَنْ بَدْرِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: وَقَفَ عَلَيْنَا زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ رضی اللہ عنہ يَوْمَ الدَّارِ فَقَالَ: أَلاَ تَسْتَحْيُوْنَ مِمَّنْ تَسْتَحْيِي مِنْهُ الْمَلاَئِكَةُ قُلْنَا: وَمَا ذَاکَ؟ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَرَّ بِي عُثْمَانُ وَعِنْدِي مَلَکٌ مِنَ الْمَلاَئِکَةِ فَقَالَ: شَهِيْدٌ يَقْتُلُهُ قَوْمُهُ. إِنَّا لَنَسْتَحْيِي مِنْهُ. قَالَ بَدْرٌ: فَانْصَرَفْنَا عَنْهُ عَصَابَةً مِنَ النَّاسِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت بدر بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یوم الدار (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر کے محاصرہ کے دن) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ہمارے پاس کھڑے ہوئے اور فرمایا: کیا تم اس شخص سے حیاء نہیں کرتے جس سے ملائکہ بھی حیاء کرتے ہیں ہم نے کہا: وہ کون ہے؟ انہوں نے فرمایا: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: فرشتوں میں سے ایک فرشتہ میرے پاس تھا جب عثمان میرے پاس سے گزرا تو اس نے کہا یہ شخص شہید ہے اس کی قوم اسے قتل کرے گی اور ہم ملائکہ بھی اس سے حیاء کرتے ہیں بدر (راوی) کہتے ہیں کہ پھر ہم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے (خوارج کے) ایک گروہ کو دور کیا۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

الحديث رقم ١١: أخرجه أبونعيم في حلية الأولياء، ١/٥٦، وابن أبى عاصم في السنة، ٢/٥٨٧، الرقم: ١٢٨١.

الحديث رقم ١٢: أخرجه الطبرانى في المعجم الكبير، ٥/١٥٩، الرقم: ٤٩٣٩، وفي مسند الشاميين، ٢/٢٥٨، الرقم: ١٢٩٧، والهيثمى في مجمع الزوائد، ٩/٨٢.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي تَبْشِيرِ النَّبِيِّ ﷺ لَهُ بِمُرَافَقَتِهِ وعُلُوِّ مَنْزِلَتِهِ فِي الْجَنَّةِ

﴿حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے جنت میں رفاقتِ مصطفیٰ ﷺ اور اعلیٰ مقام و مرتبہ کی خوشخبری کا بیان﴾

١٣/٦٧٨۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ دَخَلَ حَائِطًا وَأَمَرَنِي بِحِفْظِ بَابِ الْحَائِطِ. فَجَاءَ رَجُلٌ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: اِئْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ. فَإِذَا أَبُوْبَكْرٍ رضی اللہ عنہ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: اِئْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ. فَإِذَا عُمَرُ رضی اللہ عنہ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ يَسْتَأْذِنُ فَسَكَتَ هُنَيْهَةً، ثُمَّ قَالَ: اِئْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، عَلَى بَلْوَى سَتُصِيْبُهُ. فَإِذَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رضی اللہ عنہ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ ایک باغ میں داخل ہوئے اور مجھے باغ کے دروازے کی حفاظت پر مامور فرمایا پس ایک آدمی نے آ کر اندر آنے کی اجازت طلب کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اسے اجازت دے دو اور جنت کی بشارت بھی دے دو۔ دیکھا تو وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے پھر دوسرے شخص نے آ کر اجازت طلب کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اسے بھی اجازت دے دو اور جنت کی بشارت دے دو۔ دروازہ کھولا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے پھر ایک اور شخص آیا اور اس نے بھی اجازت طلب کی تو آپ ﷺ تھوڑی دیر خاموش رہے پھر فرمایا: اسے بھی اجازت دے دو اور جنت کی بشارت دے دو ان مصائب و مشکلات کے ساتھ جو اسے پہنچیں گی، دیکھا تو وہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ تھے۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ، ٣/١٣٥١، الرقم: ٣٤٩٢، والبيهقي في الاعتقاد، ١/٣٦٧، والمباركفوري في تحفة الأحوذي، ١٠/١٤٢۔

Marfat.com

٦٧٩ / ١٤۔ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم: لِكُلِّ نَبِيٍّ رَفِيْقٌ وَرَفِيْقِي- يَعْنِي فِي الْجَنَّةِ - عُثْمَانُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کا ایک رفیق ہوتا ہے اور جنت میں میرا رفیق عثمان رضی اللہ عنہ ہے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٦٨٠ / ١٥۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضي الله عنه قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم أَ فِي الْجَنَّةِ بَرْقٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنَّ عُثْمَانَ لَيَتَحَوَّلُ، فَتَبْرَقُ لَهُ الْجَنَّةُ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ، وَقَالَ: صَحِيْحٌ.

''حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا: کیا جنت میں بجلی ہوگی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں، اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! بے شک عثمان جب جنت میں منتقل ہوگا تو پوری جنت اس (کے چہرہ کے نور) کی وجہ سے چمک اٹھے گی۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٦٨١ / ١٦۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ فَصَافَحَهُ، فَلَمْ يَنْزَعِ النَّبِيُّ يَدَهُ مِنْ يَدِ الرَّجُلِ، حَتَّى

الحديث رقم ١٤: أخرجه الترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فى مناقب عثمان بن عفان، ٥ / ٦٢٤، الرقم: ٣٦٩٨، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فى فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، ١ / ٤٠، الرقم: ١٠٩، وأبويعلى في المسند، ٢ / ٢٨، الرقم: ٦٦٥، وابن أبي عاصم في السنة، ٢ / ٥٨٩، الرقم: ١٢٨٩، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ١ / ٤٠١، الرقم: ٦١٦.

الحديث رقم ١٥: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣ / ١٠٥، الرقم: ٤٥٤٠، والديلمي في مسند الفردوس، ٤ / ٣٧٧، الرقم: ٧٠٩٧، والمناوي في فيض القدير، ٤ / ٣٠٢.

الحديث رقم ١٦: أخرجه الطبرانى في المعجم الأوسط، ١ / ٩٨، الرقم: ٣٠٠، وفي المعجم الكبير، ١٢ / ٤٠٥، الرقم: ١٣٤٩٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ٨٧.

Marfat.com

انْتَزَعَ الرَّجُلُ يَدَهُ ثُمَّ قَالَ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، جَاءَ عُثْمَانُ. قَالَ: امْرَؤٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا۔ اس دوران ایک آدمی حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے آپ ﷺ کے ساتھ مصافحہ کیا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنا ہاتھ اس شخص کے ہاتھ سے اس وقت تک نہ چھڑایا جب تک خود اس آدمی نے آپ ﷺ کا ہاتھ نہ چھوڑا پھر اس آدمی نے آپ ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! حضرت عثمان ﷺ تشریف لائے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: وہ اہلِ جنت میں سے ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

٦٨٢/١٧۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ السَّهْرِ ﷺ أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ ﷺ، فَقَالَ لَهُ: إِنِّي أَبْغَضْتُ عُثْمَانَ بُغْضًا لَمْ أُبْغِضْهُ شَيْئًا قَطُّ. قَالَ: بِئْسَ مَا قُلْتَ أَبْغَضْتَ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت عبد اللہ بن سہر ﷺ بیان کرتے ہیں کہ بے شک ایک آدمی حضرت سعید بن زید ﷺ کے پاس آیا اور ان سے کہا کہ میں عثمان سے بہت زیادہ بغض رکھتا ہوں اتنا بغض میں نے کسی سے کبھی بھی نہیں رکھا تو حضرت سعید بن زید ﷺ نے فرمایا: تو نے نہایت ہی بری بات کہی ہے، تو نے ایک ایسے آدمی سے بغض رکھا جو کہ اہلِ جنت میں سے ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٧: أخرجه أحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ٢/٥٧٠، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٣/٢٨٠.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي اخْتِصَاصِ كَوْنِهِ ذَا النُّوْرَيْنِ رضي الله عنه

﴿حضرت عثمان رضي الله عنه کے لئے ذوالنّورین کے لقبِ خاص کا بیان﴾

٦٨٣/١٨۔ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخَيَارِ، في رواية طويلة: أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رضي الله عنه قَالَ: أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّ اللهَ عزوجل بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ فَكُنْتُ مِمَّنِ اسْتَجَابَ لِلهِ وَلِرَسُوْلِهِ، وَآمَنَ بِمَا بُعِثَ بِهِ مُحَمَّدٌ، ثُمَّ هَاجَرْتُ الْهِجْرَتَيْنِ كَمَا قُلْتُ، وَنِلْتُ صِهْرَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم، وَبَايَعْتُ رَسُوْلَ اللهِ. فَوَاللهِ مَا عَصَيْتُهُ وَلَا غَشَشْتُهُ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللهُ عزوجل. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت عبید اللہ بن عدی بن خیار سے ایک طویل روایت مروی ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حق کے ساتھ بھیجا اور میں ان لوگوں میں سے تھا جنہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت پر لبیک کہا اور اس پر ایمان لائے جو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکر بھیجا گیا۔ پھر جیسا کہ میں نے کہا میں نے دو ہجرتیں کیں اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رشتۂ دامادی پایا اور میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دستِ حق پرست پر بیعت بھی کی اور خدا کی قسم! میں نے کبھی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی نہیں کی اور نہ ہی کبھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دھوکہ کیا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وصال فرما گئے۔''

اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

٦٨٤/١٩۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِنَّ اللهَ عزوجل أَوْحَى إِلَيَّ أَنْ أُزَوِّجَ كَرِيْمَتِي مِنْ عُثْمَانَ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ١٨: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/٦٦، الرقم: ٤٨٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٨٨.

الحديث رقم ١٩: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/٥١٢، الرقم: ٨٣٧، والطبراني في المعجم الصغير، ١/٢٥٣، الرقم: ٤١٤، وفي المعجم الأوسط، ٤/١٨، الرقم: ٣٥٠١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٨٣.

Marfat.com

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی فرمائی ہے کہ میں اپنی صاحبزادی کی شادی عثمان سے کروں۔'' اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٦٨٥ / ٢٠۔ عَنْ أُمِّ عَيَاشٍ رضي الله عنها قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَا زَوَّجْتُ عُثْمَانَ أُمَّ كُلْثُوْمٍ إِلَّا بِوَحْيٍ مِنَ السَّمَاءِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت اُمّ عیاش رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے عثمان کی شادی اپنی صاحبزادی اُم کلثوم سے وحی الٰہی کی بناء پر کی ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٦٨٦ / ٢١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: وَقَفَ رَسُوْلُ اللهِ عَلَى قَبْرِ ابْنَتِهِ الثَّانِيَةِ الَّتِي كَانَتْ عِنْدَ عُثْمَانَ فَقَالَ: أَلَا أَبَا أَيِّمٍ، أَلَا أَخَا أَيِّمٍ، تَزَوَّجَهَا عُثْمَانُ؟ فَلَوْ كُنَّ عَشْرًا لَزَوَّجْتُهُنَّ عُثْمَانَ وَمَا زَوَّجْتُهُ إِلَّا بِوَحْيٍ مِنَ السَّمَاءِ، وَأَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ لَقِيَ عُثْمَانَ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ، هَذَا جِبْرَائِيْلُ يُخْبِرُنِي أَنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ زَوَّجَكَ أُمَّ كُلْثُوْمٍ عَلَى مِثْلِ صِدَاقِ رُقَيَّةَ، وَعَلَى مِثْلِ صُحْبَتِهَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ اپنی دوسری صاحبزادی کی قبر پر کھڑے ہوئے جو حضرت عثمان کے نکاح میں تھیں اور فرمایا: خبردار اے کنواری لڑکی کے باپ! اور خبردار اے کنواری لڑکی کے بھائی! اس (میری بیٹی) کے ساتھ عثمان

الحديث رقم ٢٠: أخرجه الطبرانی في المعجم الكبير، ٢٥ / ٩٢، الرقم: ٢٣٦، وفي المعجم الأوسط، ٥ / ٢٦٤، الرقم: ٥٢٦٩، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ١٢ / ٣٦٤، والهيثمی في مجمع الزوائد، ٩ / ٨٣۔

الحديث رقم ٢١: أخرجه الطبرانی في المعجم الكبير، ٢٢ / ٤٣٦، الرقم: ١٠٦٣، والشيبانی في الأحاد والمثانی، ٥ / ٣٧٨، الرقم: ٢٩٨٢، وابن أبی عاصم في السنة، ٢ / ٥٩٠، الرقم: ١٢٩١۔

Marfat.com

نے شادی کی اور اگر میری دس بیٹیاں ہوتیں تو بھی میں ان کی شادی یکے بعد دیگرے عثمان کے ساتھ کردیتا اور (ان کے ساتھ) عثمان کی شادی وحی الٰہی کے مطابق کی اور بے شک حضور نبی اکرم ﷺ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مسجد کے دروازے کے نزدیک ملے اور فرمایا: اے عثمان! یہ جبرئیل امین علیہ السلام ہیں۔ جو مجھے یہ بتانے آئے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری شادی ام کلثوم کے ساتھ اس کی بہن رقیہ (حضور نبی اکرم ﷺ کی پہلی صاحبزادی) کے حقِ مہر کے برابر حق مہر سے کر دی ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔

٦٨٧ / ٢٢۔ عَنْ عِصْمَةَ رضي الله عنها قَالَ:لَمَّا مَاتَتْ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ الَّتِي تَحْتَ عُثْمَانَ، قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: زَوِّجُوْا عُثْمَانَ، لَوْكَانَ لِي ثَالِثَةٌ لَزَوَّجْتُهُ وَمَا زَوَّجْتُهُ إِلَّا بِالْوَحْيِ مِنَ اللهِ عزوجل.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عصمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ کی دوسری صاحبزادی (حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا) جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں فوت ہو گئیں تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عثمان کی شادی کراؤ اگر میرے پاس تیسری بیٹی بھی ہوتی تو میں اس کی شادی بھی عثمان کے ساتھ کر دیتا اور میں نے اس کی شادی وحی الٰہی کے مطابق ہی کی تھی۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٦٨٨ / ٢٣۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ الْجَعْفِيِّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ لِي خَالِي حُسَيْنٌ الْجَعْفِيُّ: يَا بُنَيَّ، تَدْرِي لِمَ سُمِّيَ عُثْمَانُ ذُوالنُّوْرَيْنِ؟ قُلْتُ: لَا أَدْرِي. قَالَ: لَمْ يَجْمَعِ اللهُ بَيْنَ ابْنَتَي نَبِيٍّ مُنْذُ خَلَقَ اللهُ آدَمَ إِلَى أَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ لِغَيْرِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رضي الله عنه فَلِذَلِكَ سُمِّيَ ذُوالنُّوْرَيْنِ.

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَاللَّالَكَائِيُّ.

الحديث رقم ٢٢: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٧ / ١٨٤، الرقم: ٤٩٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ٨٣۔

الحديث رقم ٢٣: أخرجه البيهقي في السنن الكبرى، ٧ / ٧٣، الرقم: ١٣٢٠٥، واللالكائي في اعتقاد أهل السنة، ٧ / ١٣٥٣، الرقم: ٢٥٧٦۔

Marfat.com

''حضرت عبداللہ بن عمر بن ابان الجعفی ؒ بیان کرتے ہیں کہ مجھے میرے ماموں حضرت حسین الجعفی نے پوچھا: اے بیٹا! کیا تم جانتے ہو کہ حضرت عثمان غنی ؓ کو ذوالنورین کیوں کہتے ہیں؟ میں نے کہا: میں نہیں جانتا۔ انہوں نے فرمایا: کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جب سے حضرت آدم ؑ کو پیدا فرمایا ہے اس وقت سے لے کر تا قیامِ قیامت حضرت عثمان بن عفان ؓ کے علاوہ کسی شخص کے عقد میں کسی نبی کی دو بیٹیوں کو جمع نہیں فرمایا (اور نہ ہی فرمائے گا)۔ اسی لیے انہیں ''ذوالنورین'' (یعنی دو نور والا) کہا جاتا ہے۔''

اسے امام بیہقی اور لالکائی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي اخْتِصَاصِهِ ﷺ بِإِقَامَةِ يَدِ النَّبِيِّ ﷺ مَقَامَ يَدِهِ فِي بَيْعَةِ الرِّضْوَانَ

﴿حضور ﷺ کا بیعتِ رضوان میں اپنے دستِ مبارک کو دستِ عثمان قرار دینے کا بیان﴾

٦٨٩/٢٤۔ عَنْ عُثْمَانَ، هُوَ ابْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ مِصْرَ حَجَّ الْبَيْتَ، فَرَأَى قَوْمًا جُلُوْسًا، فَقَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ الْقَوْمُ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ قُرَيْشٌ، قَالَ: فَمَنِ الشَّيْخُ فِيهِمْ؟ قَالُوْا: عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ رضي الله عنهما، قَالَ: يَا ابْنَ عُمَرَ، إِنِّي سَائِلُكَ عَنْ شَيءٍ فَحَدِّثْنِي، هَلْ تَعْلَمُ أَنَّ عُثْمَانَ فَرَّ يَوْمَ أُحُدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ: تَعْلَمُ أَنَّهُ تَغَيَّبَ عَنْ بَدْرٍ وَلَمْ يَشْهَدْ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: تَعْلَمُ أَنَّهُ تَغَيَّبَ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ فَلَمْ يَشْهَدْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اَللهُ أَكْبَرُ. قَالَ ابْنُ عُمَرَ: تَعَالَ أُبَيِّنْ لَكَ، أَمَّا فِرَارُهُ يَوْمَ أُحُدٍ، فَأَشْهَدُ أَنَّ اللهَ عَفَا عَنْهُ وَغَفَرَلَهُ، وَأَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَدْرٍ فَإِنَّهُ كَانَتْ تَحْتَهُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَكَانَتْ مَرِيْضَةً، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لَكَ أَجْرَ رَجُلٍ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَسَهْمَهُ. وَأَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ، فَلَوْ كَانَ أَحَدٌ أَعَزَّ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ عُثْمَانَ لَبَعَثَهُ مَكَانَهُ، فَبَعَثَ رَسُوْلُ

الحديث رقم ٢٤: أخرجه البخارى في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عثمان بن عفان ﷺ، ٣/١٣٥٣، الرقم: ٣٤٩٥، وفي كتاب: المغازى، باب: قول الله تعالى: إن الذين تولوا منكم، ٤/١٤٩١، الرقم: ٣٨٣٩، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب عثمان، ٥/٦٢٩، الرقم: ٣٧٠٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/١٠١، الرقم: ٥٧٧٢.

Marfat.com

اللهِ ﷺ عُثْمَانَ، وَكَانَتْ بَيْعَةُ الرِّضْوَانِ بَعْدَ مَا ذَهَبَ عُثْمَانُ إِلَى مَكَّةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِيَدِهِ الْيُمْنَى: هَذِهِ يَدُ عُثْمَانَ. فَضَرَبَ بِهَا عَلَى يَدِهِ، فَقَالَ: هَذِهِ لِعُثْمَانَ. فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ: اذْهَبْ بِهَا الآنَ مَعَكَ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ.

''حضرت عثمان بن موہب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی مصر سے آیا اس نے حج کیا اور چند آدمیوں کو ایک جگہ بیٹھے ہوئے دیکھا تو پوچھا یہ کون لوگ ہیں؟ کسی نے کہا: یہ قریش ہیں۔ پوچھا ان کا سردار کون ہے؟ لوگوں نے کہا: عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہیں وہ کہنے لگا: اے ابن عمر! میں آپ سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں اس کا جواب مرحمت فرمایئے۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ غزوہ احد سے فرار ہو گئے تھے؟ جواب دیا: ہاں پھر دریافت کیا کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ غزوہ بدر میں شامل نہیں ہوئے تھے؟ جواب دیا: ہاں پھر پوچھا کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بیعت رضوان کے وقت موجود نہ تھے بلکہ غائب رہے؟ جواب دیا: ہاں، اس نے اللہ اکبر کہا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ٹھہریئے میں ان واقعات کی کیفیت بیان کرتا ہوں جو انہوں نے جنگِ احد سے راہِ فرار اختیار کی تو میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف فرما دیا اور انہیں بخش دیا گیا۔ رہا وہ غزوہ بدر سے غائب رہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی ایک صاحبزادی ان کے نکاح میں تھیں اور اس وقت وہ بیمار تھیں تو حضور نبی اکرم ﷺ نے ان سے خود فرمایا تھا کہ تمہارے لئے بھی بدر میں شریک صحابہ کے برابر اجر اور حصہ ہے۔ (تم اس کی تیمار داری کے لئے رکو) رہی بیعتِ رضوان سے غائب ہونے والی بات تو مکہ مکرمہ کی سرزمین میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر کوئی معزز ہوتا تو حضور نبی اکرم ﷺ ان کی جگہ اسے اہلِ مکہ کے پاس سفیر بنا کر بھیجتے سو بیعتِ رضوان کا واقعہ تو ان کے مکہ مکرمہ میں (بطورِ سفیرِ مصطفیٰ ﷺ) تشریف لے جانے کے بعد پیش آیا پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے دائیں ہاتھ کے لئے فرمایا کہ یہ عثمان کا ہاتھ ہے اور اسے اپنے دوسرے دستِ مبارک پر رکھ کر فرمایا کہ یہ عثمان کی بیعت ہے۔ پھر حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اس شخص سے فرمایا: اب جاؤ اور ان بیانات کو اپنے ساتھ لیتے جاؤ۔'' اس حدیث کو امام بخاری اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

٦٩٠/٢٥۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: لَمَّا أَمَرَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِبَيْعَةِ الرِّضْوَانِ كَانَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ ﷺ رَسُوْلَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ، قَالَ: فَبَايَعَ النَّاسُ. قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ عُثْمَانَ فِي حَاجَةِ اللهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِهِ. فَضَرَبَ بِإِحْدَى يَدَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى، فَكَانَتْ يَدُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ لِعُثْمَانَ خَيْرًا مِنْ أَيْدِيْهِمْ لِأَنْفُسِهِمْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ نے بیعت رضوان کا حکم دیا تو اس وقت حضرت عثمان بن عفان ﷺ آپ ﷺ کے سفیر بن کر مکہ والوں کے پاس گئے تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ لوگوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عثمان، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے کام میں مصروف ہے۔ یہ فرما کر آپ ﷺ نے اپنا (حضرت عثمانؓ کی بیعت کے لیے) ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مارا پس حضرت عثمان کے لئے حضور نبی اکرم ﷺ کا دستِ مبارک لوگوں کے اپنے ہاتھوں سے (کئی گنا) اچھا تھا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٦٩١/٢٦۔ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ﷺ أَنَّ عُثْمَانَ أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ حِيْنَ حَصَرُوْهُ فَقَالَ: أَنْشُدُ بِاللهِ رَجُلًا سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ

الحديث رقم ٢٥: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في مناقب عثمان بن عفان، ٥/٦٢٦، الرقم: ٣٧٠٢، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٧/٢٦، الرقم: ٢٤٠٧.

الحديث رقم ٢٦: أخرجه النسائي في السنن، كتاب: الأحباس، باب: وقف المساجد، ٦/٢٣٦، الرقم: ٣٦٠٩، وفي السنن الكبرى، ٤/٩٧، الرقم: ٦٤٣٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٥٩، الرقم: ٤٢٠، وفي فضائل الصحابة، ١/٤٦٣، الرقم: ٧٥١، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ١/٥٢٨، الرقم: ٣٩٥، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٥٩٥، الرقم: ١٣٠٩.

Marfat.com

يَقُوْلُ يَوْمَ الْجَبَلِ حِيْنَ اهْتَزَّ فَرَكَلَهُ بِرِجْلِهِ وَقَالَ: اسْكُنْ فَإِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ أَوْ صِدِّيْقٌ أَوْ شَهِيْدَانِ، وَأَنَا مَعَهُ، فَأَنْشَدَ لَهُ رِجَالٌ ثُمَّ قَالَ: أَنْشُدُ بِاللهِ رَجُلًا شَهِدَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَوْمَ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ يَقُوْلُ: هَذِهِ يَدُ اللهِ، وَهَذِهِ يَدُ عُثْمَانَ، فَانْتَشَدَ لَهُ رِجَالٌ. ثُمَّ قَالَ: أَنْشُدُ بِاللهِ رَجُلًا سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَوْمَ جَيْشِ الْعُسْرَةِ يَقُوْلُ: مَنْ يُنْفِقُ نَفَقَةً مُتَقَبَّلَةً؟ فَجَهَّزْتُ نِصْفَ الْجَيْشِ مِنْ مَالِي. فَانْتَشَدَ لَهُ رِجَالٌ ثُمَّ قَالَ: أَنْشُدُ بِاللهِ رَجُلًا سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَنْ يَزِيْدُ فِي هَذَا الْمَسْجِدِ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ؟ فَاشْتَرَيْتُهُ مِنْ مَالِي فَانْتَشَدَ لَهُ رِجَالٌ. ثُمَّ قَالَ: أَنْشُدُ بِاللهِ رَجُلًا شَهِدَ رُوْمَةَ تُبَاعُ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ مَالِي، فَأَبَحْتُهَا لِابْنِ السَّبِيْلِ. فَانْشَدَ لَهُ رِجَالٌ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان ﷺ نے اپنے مکان کے اوپر سے لوگوں پر جھانکا جس دن باغیوں نے ان کے گھر کا محاصرہ کیا ہوا تھا پھر انہوں نے فرمایا: میں اس شخص سے سوال کرتا ہوں جس نے جبل (اُحد) کے دن کا کلام سنا ہو جو حضور نبی اکرم ﷺ نے پہاڑ کے ہلنے کے وقت فرمایا تھا کہ اے پہاڑ! ٹھہر جاؤ کیونکہ تیرے اوپر سوائے نبی صدیق اور دو شہیدوں کے اور کوئی نہیں۔ اور میں اس وقت حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھا۔ لوگوں نے اس بات کی تصدیق کی، پھر حضرت عثمان ﷺ نے فرمایا: میں اس شخص سے دریافت کرتا ہوں جو حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں بیعتِ رضوان کے دن حاضر تھا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے (اپنے ہی دونوں مبارک ہاتھوں کے لئے) فرمایا تھا: یہ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ہے اور یہ عثمان کا ہاتھ ہے۔ سب لوگوں نے اس بات کی تصدیق کی، پھر حضرت عثمان ﷺ نے فرمایا: میں اس شخص سے سوال کرتا ہوں جس نے حضور نبی اکرم ﷺ سے جیش عسرہ کے دن سنا ہو کہ آپ ﷺ نے فرمایا تھا: ایسا شخص کون ہے جو مالِ مقبول کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرے؟ اور میں نے آپ ﷺ کی یہ خواہش سنتے ہی آدھے لشکر کی تیاری اپنے مال سے کرادی۔ سب لوگوں نے حضرت عثمان ﷺ کی اس بات کی تصدیق کی۔ پھر حضرت عثمان ﷺ

Marfat.com

نے فرمایا: میں اس شخص سے پوچھتا ہوں جس نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہو کہ کون ایسا آدمی ہے جو اس مسجد کی توسیع جنت میں گھر کے بدلے میں کرے؟ پھر میں نے اس زمین کو اپنے مال کے بدلے میں خرید لیا سب لوگوں نے ان کی اس بات کی تصدیق کی۔ بعد ازاں حضرت عثمان ﷺ نے لوگوں سے دریافت فرمایا: میں اس شخص سے پوچھتا ہوں جو بئرِ رومہ (رومہ کے کنویں) کے سودے کے وقت حاضر تھا میں نے اسے اپنے مال سے خریدا اور مسافروں کے لیے مباح کر دیا تھا۔ حاضرین نے آپ ﷺ کے اس فرمان کی بھی من وعن تصدیق کی۔''

اس حدیث کو امام نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٢٧/٦٩٢۔ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فِي الْمَنَامِ مُتَعَلِّقًا بِالْعَرْشِ وَرَأَيْتُ أَبَابَكْرٍ أَخِذًا بِحَقْوَيِ النَّبِيِّ ﷺ وَرَأَيْتُ عُمَرَ آخِذًا بِحَقْوَي أَبِي بَكْرٍ وَرَأَيْتُ عُثْمَانَ آخِذًا بِحَقْوَي عُمَرَ وَرَأَيْتُ الدَّمَ يَنْصَبُّ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ فَحَدَّثَ الْحَسَنُ بِهَذَا الْحَدِيْثِ وَعِنْدَهُ قَوْمٌ مِنَ الشِّيْعَةِ فَقَالُوْا: وَمَا رَأَيْتَ عَلِيًّا فَقَالَ الْحَسَنُ: مَا كَانَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ أَخِذًا بِحَقْوَي النَّبِيِّ ﷺ مِنْ عَلِيٍّ وَلَكِنَّهَا رُؤْيَا رَأَيْتُهَا فَقَالَ أَبُوْمَسْعُوْدٍ ﷺ: فَإِنَّكُمْ تَحَدَّثُوْنَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ فِي رُؤْيَا رَآهَا وَقَدْ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي غَزَاةٍ فَأَصَابَ النَّاسَ جُهْدٌ حَتَّى رَأَيْتُ الْكَابَةَ فِي وُجُوْهِ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْفَرَحَ فِي وُجُوْهِ الْمُنَافِقِيْنَ فَلَمَّا رَأَى ذَالِكَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ قَالَ: وَاللهِ، لَا تَغِيْبُ الشَّمْسُ حَتَّى يَأْتِيَكُمُ اللهُ بِرِزْقٍ فَعَلِمَ عُثْمَانُ أَنَّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ سَيُصَدِّقَانِ فَاشْتَرَى عُثْمَانُ أَرْبَعَةَ عَشَرَ رَاحِلَةً بِمَا عَلَيْهَا مِنَ الطَّعَامِ فَوَجَّهَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ مِنْهَا بِتِسْعَةٍ فَلَمَّا رَأَى

الحديث رقم ٢٧: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٧/ ١٩٦، الرقم: ٧٢٥٥، وفي المعجم الكبير، ١٧/ ٢٤٩، الرقم: ٦٩٤، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ١/ ٢٣٤، الرقم: ٢٨٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/ ٩٦.

Marfat.com

ذَلِکَ النَّبِيُّ ﷺ قَالَ: مَا هَذَا؟ قَالُوْا: أَهْدَى إِلَيْکَ عُثْمَانُ فَعُرِفَ الْفَرَحُ فِي وُجُوْهِ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْکَابَةُ فِي وُجُوْهِ الْمُنَافِقِيْنَ فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ قَدْ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى رُؤِيَ بِيَاضُ إِبْطَيْهِ يَدْعُوْ لِعُثْمَانَ دُعَاءً مَا سَمِعْتُهُ دَعَا لِأَحَدٍ قَبْلَهُ وَلَا بَعْدَهُ بِمِثْلِهِ: اَللّٰهُمَّ، أَعْطِ عُثْمَانَ. اَللّٰهُمَّ، افْعَلْ لِعُثْمَانَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَحْمَدُ فِي الْفَضَائِلِ.

''امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے خواب میں حضور نبی اکرم ﷺ کو عرشِ الٰہی کے ساتھ لپٹے ہوئے دیکھا اور میں نے دیکھا کہ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ نے حضور نبی اکرم ﷺ کی کوکھ کو پکڑا ہوا ہے اور حضرت عمر ﷺ نے حضرت ابو بکر صدیق ﷺ کی کوکھ کو پکڑا ہوا ہے اور حضرت عثمان ﷺ نے حضرت عمر ﷺ کی کوکھ کو پکڑا ہوا ہے اور میں نے دیکھا کہ آسمان سے زمین کی طرف خون گر رہا ہے حضرت حسن ﷺ نے جب اس حدیث کو بیان کیا تو ان کے پاس شیعوں کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی پس وہ کہنے لگی اے حسن! آپ نے حضرت علی ﷺ کو کس حال میں پایا؟ انہوں نے فرمایا: حضرت علی ﷺ سے بڑھ کر پسندیدہ انداز میں حضور نبی اکرم ﷺ کی کوکھ کو براہ راست پکڑنے والا میرے نزدیک اور کوئی نہ تھا لیکن یہ محض ایک خواب ہے جو میں نے دیکھا ہے پس اس پر حضرت ابو مسعود ﷺ بولے اور کہنے لگے کہ تم حضرت حسن ﷺ کے اس خواب (کی صداقت وحقانیت) کے بارے میں بات کرتے ہو حالانکہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں تھے تو صحابہ کرام ﷺ کو بہت سخت بھوک لگی یہاں تک کہ میں نے مسلمانوں کے چہروں پر افسردگی دیکھی اور منافقین کے چہروں پر خوشی، پس جب حضور نبی اکرم ﷺ نے یہ دیکھا تو فرمایا: خدا کی قسم! سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے میرا پروردگار تمہیں رزق عطا فرما دے گا۔ پس جب حضرت عثمان ﷺ کو یہ معلوم ہوا کہ عنقریب اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ رزق عطا فرمائیں گے تو انہوں نے چودہ سواریاں اس کھانے کے ہمراہ جو ان پر لدا ہوا تھا خرید لیں اور ان میں سے نو سواریوں کا رخ حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف موڑ دیا جب حضور نبی اکرم ﷺ نے وہ سواریاں دیکھیں تو فرمایا یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا: حضرت عثمان ﷺ نے آپ کی طرف ہدیہ بھیجا ہے۔ پس اس ہدیہ کے بعد مسلمانوں کے چہروں پر خوشی کی لہر دوڑ گئی اور منافقین کے

Marfat.com

چہروں پر افسردگی چھاگئی اور میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو اپنے ہاتھ فضا میں بلند کرتے ہوئے دیکھا یہاں تک کہ آپ ﷺ کی مبارک بغلوں کی سفیدی نظر آرہی تھی، آپ ﷺ نے حضرت عثمان ﷺ کے لئے ایسی دعا کی کہ اس سے پہلے اور اس کے بعد میں نے آج تک ایسی دعا کسی کے لئے نہیں سنی۔ حضور نبی اکرم ﷺ فرما رہے تھے، اے اللہ! عثمان کو یہ عطا کر اے اللہ! عثمان کے لئے یہ کردے، عثمان کے لئے وہ کردے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی اور احمد نے فضائل الصحابہ میں بیان کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي إِعْلَامِ النَّبِيِّ ﷺ إِيَّاهُ بِاسْتِشْهَادِهِ رضي الله عنه

﴿حضور ﷺ کا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہادت کی خبر دینے کا بیان﴾

٢٨/٦٩٣۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: ذَكَرَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فِتْنَةً فَقَالَ: يُقْتَلُ هَذَا فِيْهَا مَظْلُوْمًا لِعُثْمَانَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فتنہ کا ذکر کیا اور حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا: اس میں یہ مظلوماً شہید ہوگا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٢٩/٦٩٤۔ عَنْ مُسْلِمٍ أَبِي سَعِيْدٍ رضي الله عنه مَوْلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رضي الله عنه أَنَّ عُثْمَانَ أَعْتَقَ عِشْرِيْنَ مَمْلُوْكًا، وَدَعَا بِسَرَاوِيْلَ فَشَدَّهَا عَلَيْهِ، وَلَمْ يَلْبَسْهَا فِي جَاهِلِيَّةٍ وَلاَ إِسْلاَمٍ، وَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ الْبَارِحَةَ فِي الْمَنَامِ وَرَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ، وَأَنَّهُمْ قَالُوْا لِي: اصْبِرْ، فَإِنَّكَ تُفْطِرُ عِنْدَنَا الْقَابِلَةَ، فَدَعَا بِمُصْحَفٍ، فَنَشَرَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقُتِلَ وَهُوَ بَيْنَ يَدَيْهِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے خادم حضرت ابو سعید مسلم سے روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بیس غلاموں کو آزاد کیا اور ایک پاجامہ منگوایا اور اسے زیب تن کر لیا، اسے آپ نے نہ تو زمانۂ جاہلیت میں کبھی پہنا تھا اور نہ ہی زمانۂ اسلام میں، پھر انہوں نے

الحديث رقم ٢٨: أخرجه الترمذی في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فی مناقب عثمان، ٥/٦٣٠، الرقم: ٣٧٠٨۔

الحديث رقم ٢٩: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/٧٢، الرقم: ٥٢٦، والهيثمی في مجمع الزوائد، ٩/٩٦، والمناوي في فيض القدير، ١/١١٠۔

Marfat.com

بیان کیا کہ میں نے گذشتہ رات حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی ہیں، ان سب نے مجھے کہا ہے (اے عثمان!) صبر کرو کہ یقیناً تم کل افطاری ہمارے پاس کرو گے پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مصحف منگوایا اور اسے اپنے سامنے کھول کر تلاوت فرمانے لگے اوراسی اثنا میں انہیں کو شہید کر دیا گیا اور وہ مصحف آپ کے سامنے ہی تھا۔'' اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

٦٩٥ / ٣٠۔ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: ذَكَرَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِتْنَةً، فَقَرَّبَهَا وَعَظَّمَهَا قَالَ: ثُمَّ مَرَّ رَجُلٌ مُتَقَنِّعٌ فِي مِلْحَفَةٍ فَقَالَ: هَذَا يَوْمَئِذٍ عَلَى الْحَقِّ فَانْطَلَقْتُ مُسْرِعًا أَوْ قَالَ مُحْضِرًا فَأَخَذْتُ بِضَبْعَيْهِ فَقُلْتُ: هَذَا يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: هَذَا فَإِذَا هُوَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتنہ کا ذکر فرمایا اور اس کے قریب اور شدید ہونے کا بیان کیا۔ راوی کہتے ہیں پھر وہاں سے ایک آدمی گزرا جس نے چادر میں اپنے سر اور چہرے کو ڈھانپا ہوا تھا (اس کو دیکھ کر) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس دن یہ شخص حق پر ہوگا تو میں تیزی سے (اس کی طرف) گیا اور میں نے اس کو اس کی کلائی کے درمیان سے پکڑ لیا پس میں نے عرض کیا: کیا یہ ہے وہ شخص یا رسول اللہ! (جس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ زمانۂ فتنہ میں یہ حق پر ہوگا) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ سو وہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ تھے۔'' اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

٦٩٦ / ٣١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ عُثْمَانَ أَصْبَحَ فَحَدَّثَ فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِي الْمَنَامِ اللَّيْلَةَ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ، أَفْطِرْ عِنْدَنَا فَأَصْبَحَ عُثْمَانُ رضی اللہ عنہ صَائِمًا فَقُتِلَ مِنْ يَوْمِهِ رضی اللہ عنہ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

الحديث رقم ٣٠: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٤/ ٢٤٢، وفي فضائل الصحابة، ١/ ٤٥٠، الرقم: ٧٢١.

الحديث رقم ٣١: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/ ١١٠، الرقم: ٤٥٥٤.

Marfat.com

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ صبح کے وقت حضرت عثمان ﷺ نے (ہمیں) فرمایا: بے شک میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو گذشتہ رات خواب میں دیکھا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! آج ہمارے پاس روزہ افطار کرو۔ پس حضرت عثمان ﷺ نے روزہ کی حالت میں صبح کی اور اسی روز انہیں شہید کر دیا گیا۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

٦٩٧/٣٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ إِذْ أَقْبَلَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ ﷺ. فَلَمَّا دَنَا مِنْهُ قَالَ: يَا عُثْمَانُ، تُقْتَلُ وَأَنْتَ تَقْرَأُ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ فَتَقَعُ مِنْ دَمِکَ عَلَى الآيَةِ: ﴿فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾ [البقرة، ٢: ١٣٧] وَتُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَمِيْرًا عَلَى كُلِّ مَخْذُوْلٍ يَغْبِطُکَ أَهْلُ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَتَشْفَعُ فِي عَدَدِ رَبِيْعَةَ وَمُضَرٍ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں بیٹھا تھا کہ حضرت عثمان بن عفان ﷺ حاضر ہوئے۔ جب وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے قریب ہوئے تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! تمہیں شہید کیا جائے گا درآنحالیکہ تم سورۂ بقرہ کی تلاوت کر رہے ہو گے اور تمہارا خون اس آیت: ''پس اب اللہ ﷻ آپ کو اُن کے شر سے بچانے کے لئے کافی ہوگا، اور وہ خوب سننے والا جاننے والا ہے'' [البقرۃ،۲: ۱۳۷] پر گرے گا اور قیامت کے روز تم ہر طرح سے ستائے ہوئے پر حاکم بنا کر اٹھائے جاؤ گے اور تمہارے اس مقام و مرتبہ پر مشرق و مغرب والے رشک کریں گے اور تم قبیلہ ربیعہ اور مضر کے لوگوں (کی تعداد) کے برابر لوگوں کی شفاعت کرو گے۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٦٩٨/٣٣۔ عَنْ قَيْسِ بْنِ عَبَّادٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا ﷺ يَوْمَ الْجَمَلِ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ، إِنِّي أَبْرَأُ إِلَيْکَ مِنْ دَمِ عُثْمَانَ، وَلَقَدْ طَاشَ عَقْلِي يَوْمَ قُتِلَ

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/ ١١٠، الرقم: ٤٥٥٥.

الحديث رقم ٣٣: أخرجه الحكم في المستدرك، ٣/ ١٠١، ١١١، الرقم: ٤٥٢٧، ٤٥٥٦.

Marfat.com

عُثْمَانُ، وَأَنْكَرْتُ نَفْسِي وَجَاؤُوْنِي لِلْبَيْعَةِ فَقُلْتُ: وَاللهِ، إِنِّي لَأَسْتَحِيي مِنَ اللهِ أَنْ أُبَايِعَ قَوْمًا قَتَلُوْا رَجُلًا قَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَ لَا أَسْتَحْيِي مِمَّنْ تَسْتَحْيِي مِنْهُ الْمَلَائِكَةُ؟ وَإِنِّي لَأَسْتَحْيِي مِنَ اللهِ أَنْ أُبَايِعَ وَعُثْمَانُ قَتِيْلٌ عَلَى الْأَرْضِ لَمْ يُدْفَنْ بَعْدُ. فَانْصَرَفُوْا، فَلَمَّا دُفِنَ رَجَعَ النَّاسُ فَسَأَلُوْنِي الْبَيْعَةَ، فَقُلْتُ: اَللّٰهُمَّ، إِنِّي مُشْفِقٌ مِمَّا أَقْدِمُ عَلَيْهِ. ثُمَّ جَاءَتْ عَزِيْمَةٌ فَبَايَعْتُ، فَلَقَدْ قَالُوْا: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَكَأَنَّمَا صُدِعَ قَلْبِي رَجَاءَ وَقُلْتُ: اَللّٰهُمَّ، خُذْ مِنِّي لِعُثْمَانَ حَتَّى تَرْضَى. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت قیس بن عبادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جنگ جمل کے دن یہ فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! میں تیری بارگاہ میں عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل سے بری ہونے کا اظہار کرتا ہوں اور بے شک میری عقل اس دن (باغیوں پر) طیش میں تھی جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا۔ میں نے خود بیعت لینے سے انکار کر دیا جب وہ لوگ میرے پاس بیعت کے لئے آئے، پس میں نے کہا: خدا کی قسم! مجھے اللہ تعالیٰ سے حیا آتی ہے کہ میں ان لوگوں سے بیعت لوں جنہوں نے اس شخص کو قتل کیا ہے جس کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: خبردار میں اس شخص سے حیاء کرتا ہوں جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں سو میں بھی اللہ تعالیٰ سے حیاء کرتا ہوں کہ میں اس حال میں بیعت لوں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ زمین پر مقتول پڑے ہوئے ہوں اور ابھی تک انہیں دفن بھی نہ کیا گیا ہو پس لوگ چلے گئے، پس جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو دفن کر دیا گیا تو لوگ پھر مجھ سے بیعت کا سوال کرنے لگے پس میں نے کہا: اے اللہ! جس چیز کا اقدام میں کرنے جا رہا ہوں میں اس سے ڈرنے والا ہوں پھر عزیمت کے تحت مجھے ایسا کرنا پڑا، سو جب انہوں نے مجھے امیر المومنین کہا تو گویا میرا کلیجہ پھٹ گیا۔ میں نے کہا: اے اللہ! تو مجھے عثمان کا بدلہ لینے کی ذمہ داری قبول کرنے کی توفیق عطا فرما اور اس معاملہ کو یوں سرانجام دینے کی توفیق دے کہ تو راضی ہو جائے۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

Marfat.com

٦٩٩/٣٤۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَوْمَ يَمُوْتُ عُثْمَانُ تُصَلِّي عَلَيْهِ مَلَائِكَةُ السَّمَاءِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالدَّيْلَمِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت عمر بن الخطاب ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس دن عثمان کی شہادت واقع ہوگی اس دن آسمان کے فرشتے ان پر درود بھیجیں گے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی اور دیلمی نے روایت کیا ہے اور یہ الفاظ دیلمی کے ہیں۔

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٣/ ٢٨٧، الرقم: ٣١٧٢، والديلمي في مسند الفردوس، ٥/٥٣٣، الرقم: ٨٩٩٩، والعسقلاني في لسان الميزان، ٥/٢٦٢، الرقم: ٧٩٨.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ صِفَاتِهِ وَمَنَاقِبِهِ رضي الله عنه

﴿حضرت عثمان رضي الله عنه کی جامع صفات اور مناقب کا بیان﴾

٧٠٠/٣٥۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: إِنَّمَا تَغَيَّبَ عُثْمَانُ عَنْ بَدْرٍ فَإِنَّهُ كَانَتْ تَحْتَهُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم وَكَانَتْ مَرِيْضَةً فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنَّ لَكَ أَجْرَ رَجُلٍ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَسَهْمَهُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی الله عنه جنگِ بدر میں حاضر نہ ہوئے تھے (اس کی وجہ یہ تھی کہ) ان کے نکاح میں حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم کی صاحبزادی تھیں اور وہ اس وقت بیمار تھیں۔ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: اے عثمان! بے شک تیرے لئے ہر اس آدمی کے برابر اجر اور (مالِ غنیمت کا) حصہ ہے جو جنگِ بدر میں شریک ہوا ہے۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٧٠١/٣٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: يَا عُثْمَانُ، إِنَّهُ لَعَلَّ اللهَ يُقَمِّصُكَ قَمِيْصًا. فَإِنْ أَرَادُوْكَ عَلَى خَلْعِهِ، فَلَا تَخْلَعْهُ لَهُمْ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

الحديث رقم ٣٥: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فرض الخمس، باب: إذا بعث الإمام رسولًا، ٣/١١٣٩، الرقم: ٢٩٦٢، وفي كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عثمان بن عفان، ٣/١٣٥٢، الرقم:٣٤٩٥، وفي كتاب: المغازي، باب: قول الله: إن الذين تولوا منكم يوم التقى الجمعٰن، ٤/١٤٩١، الرقم: ٣٨٣٩، والعظيم آبادى فى عون المعبود، ٧/٢٨٣۔

الحديث رقم ٣٦: أخرجه الترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فى مناقب عثمان، ٥/٦٢٨، الرقم: ٣٧٠٥، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل عثمان، ١/٤١، الرقم: ١١٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/١٤٩، الرقم: ٢٥٢٠٣، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٣٤٦، الرقم: ٦٩١٥، وابن أبى شيبة في المصنف، ٧/٥١٥، الرقم: ٣٧٦٥٥، والهيثمي في موارد الظمآن، ١/٥٣٩، الرقم:٢١٩٦۔

Marfat.com

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! اللہ تعالیٰ یقیناً تمہیں ایک قمیص (قمیصِ خلافت) پہنائے گا سو اگر لوگ اسے اتارنا چاہیں تو تم ان کی خاطر اسے مت اتارنا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٣٧/٧٠٢۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَبَّابٍ ﷺ قَالَ: شَهِدْتُ النَّبِيَّ ﷺ وَهُوَ يَحُثُّ عَلَى جَيْشِ الْعُسْرَةِ، فَقَامَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، عَلَيَّ مِئَةُ بَعِيْرٍ بِأَحْلَاسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِي سَبِيْلِ اللهِ، ثُمَّ حَضَّ عَلَى الْجَيْشِ فَقَامَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، عَلَيَّ مِئَتَا بَعِيْرٍ بِأَحْلَاسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِي سَبِيْلِ اللهِ، ثُمَّ حَضَّ عَلَى الْجَيْشِ فَقَامَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، عَلَيَّ ثَلَاثُ مِئَةِ بَعِيْرٍ بِأَحْلَاسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِي سَبِيْلِ اللهِ، فَأَنَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَنْزِلُ عَنِ الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَقُوْلُ: مَا عَلَى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هَذِهِ، مَا عَلَى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هَذِهِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن خباب ﷺ فرماتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس وقت آپ ﷺ جیش عسرہ کے متعلق لوگوں کو ترغیب دے رہے تھے۔ حضرت عثمان بن عفان ﷺ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میں سو اونٹ مع ساز و سامان اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے ذمہ لیتا ہوں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے پھر ترغیب دلائی۔ حضرت عثمان ﷺ پھر اٹھے اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ذمہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں دوسو اونٹ مع سازوسامان اور غلّہ کے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے پھر ترغیب دلائی، حضرت عثمان ﷺ

الحديث رقم ٣٧: أخرجه الترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب عثمان بن عفان ﷺ، ٥/٦٢٥، الرقم: ٣٧٠٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٧٥، والطيالسى في المسند، ١/١٦٤، الرقم: ١١٨٩، وعبد بن حميد في المسند، ١/١٢٨، الرقم: ٣١١۔

Marfat.com

پھر کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے ذمہ تین سو اونٹ مع ساز و سامان کے اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ حضور نبی اکرم ﷺ منبر پر سے اترے اور فرمایا: اس عمل کے بعد عثمان جو کچھ بھی آئندہ کرے گا اس سے کوئی جواب طلبی نہیں ہوگی اس عمل کے بعد عثمان جو کچھ بھی آئندہ کرے گا اس سے کوئی جواب طلبی نہیں ہوگی۔''

اِس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٣٨/٧٠٣۔ عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ أَنَّ خُطَبَاءَ قَامَتْ بِالشَّامِ. وَفِيْهِمْ رِجَالٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ. فَقَامَ آخِرَهُمْ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: مُرَّةُ بْنُ كَعْبٍ فَقَالَ: لَوْلَا حَدِيْثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ مَا قُمْتُ. وَذَكَرَ الْفِتَنَ، فَقَرَّبَهَا. فَمَرَّ رَجُلٌ مُقَنَّعٌ فِي ثَوْبٍ فَقَالَ: هَذَا يَوْمَئِذٍ عَلَى الْهُدَى فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رضی اللہ عنہ قَالَ: فَأَقْبَلْتُ عَلَيْهِ بِوَجْهِهِ فَقُلْتُ: هَذَا؟ قَالَ: نَعَمْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

'' حضرت ابو اشعث صنعانی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ چند خطباء شام میں کھڑے ہوئے تھے ان میں حضور نبی اکرم ﷺ کے کئی صحابہ بھی تھے ان میں سے سب سے آخری آدمی کھڑے ہوئے جن کا نام حضرت مرّہ بن کعب رضی اللہ عنہ تھا، انہوں نے فرمایا: اگر میں نے ایک حدیث حضور نبی اکرم ﷺ سے نہ سنی ہوتی تو میں کھڑا نہ ہوتا (انہوں نے بتایا کہ) حضور نبی اکرم ﷺ نے فتنوں کا ذکر فرمایا اور ان کا نزدیک ہونا بیان کیا اتنے میں ایک شخص کپڑے سے سر منہ لپیٹے گزرا، آپ ﷺ نے (اس کی طرف اشارہ کرکے) فرمایا: (فتنہ و فساد) کے دن یہ شخص حق اور ہدایت پر ہوگا۔ میں اس کی طرف اٹھا تو دیکھا کہ وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ہیں پھر میں آپ ﷺ کے چہرۂ اقدس کی طرف مڑا اور عرض کیا: (یا رسول اللہ!) کیا یہی ہیں؟

الحديث رقم ٣٨: أخرجه الترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب عثمان، ٥/٦٢٨، الرقم: ٣٧٠٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٢٣٦، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٦٠، الرقم: ٣٢٠٢٦، والحاكم في المستدرك، ٣/١٠٩، الرقم: ٤٥٥٢.

Marfat.com

آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں یہی ہیں۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٣٩/٧٠٤۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ ﷺ قَالَ: جَاءَ عُثْمَانُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ بِأَلْفِ دِينَارٍ، قَالَ الْحَسَنُ بْنُ وَاقِعٍ: وَكَانَ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ مِنْ كِتَابِي، فِي كُمِّهِ حِينَ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ، فَيَنْثُرُهَا فِي حِجْرِهِ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يُقَلِّبُهَا فِي حِجْرِهِ وَيَقُولُ: مَا ضَرَّ عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان ﷺ ایک ہزار دینار لے کر حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب جیش عسرہ کی روانگی کا سامان ہو رہا تھا۔ انہوں نے اس رقم کو حضور نبی اکرم ﷺ کی گود میں ڈال دیا۔ حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ میں نے اس وقت حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ ان دیناروں کو اپنی گود میں دستِ مبارک سے الٹ پلٹ رہے تھے اور فرما رہے تھے عثمان آج کے بعد جو کچھ بھی کرے گا اسے کوئی بھی عمل نقصان نہیں پہنچائے گا۔ آپ ﷺ نے یہ جملہ دو بار فرمایا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

الحديث رقم ٣٩: أخرجه الترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب عثمان، ٥/٦٢٦، الرقم: ٣٧٠١، والحاكم في المستدرك، ٣/١١٠، الرقم، ٤٥٥٣، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٥٨٧، الرقم: ١٢٧٩، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ١/٥١٥، الرقم: ٨٤٦، والشيباني في الآحاد والمثاني، ١/٤٧٧، الرقم: ٦٦٦.

Marfat.com

٧٠٥/٤٠۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: يَا عُثْمَانُ، إِنْ وَلَّاکَ اللهُ تَعَالَى هَذَا الْأَمْرَ يَوْمًا فَأَرَادَکَ الْمُنَافِقُوْنَ عَلَى أَنْ تَخْلَعَ قَمِيْصَکَ الَّذِي قَمَّصَکَ اللهُ فَلَا تَخْلَعْهُ، يَقُوْلُ ذَلِکَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ وَالْحَاکِمُ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! اگر اللہ تعالیٰ تمہیں کسی دن امرِ خلافت پر فائز کرے اور منافقین یہ ارادہ کریں کہ قمیصِ خلافت جو اللہ تعالیٰ نے تجھے پہنائی ہے اسے تم اتار دو تو اسے ہرگز نہ اتارنا آپ ﷺ نے ایسا تین مرتبہ فرمایا۔'' اس حدیث کو امام ابن ماجہ، احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٧٠٦/٤١۔ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُوْ سَهْلَةَ أَنَّ عُثْمَانَ قَالَ يَوْمَ الدَّارِ، حِيْنَ حُصِرَ: أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ عَهِدَ إِلَيَّ عَهْدًا، فَأَنَا صَابِرٌ عَلَيْهِ. قَالَ قَيْسٌ: فَکَانُوْا يَرَوْنَهُ ذَلِکَ الْيَوْمَ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت قیس بن ابی حازم ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت ابو سہلہ ﷺ نے مجھے بتایا کہ حضرت عثمان ﷺ نے یو م الدار (محاصرہ کے دن) فرمایا کہ بے شک حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے ایک وصیت فرمائی تھی پس میں اسی پر صابر ہوں اور حضرت قیس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ وہ اس دن کا انتظار کیا کرتے تھے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٠: أخرجه ابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فضل عثمان ﷺ، ١/٤١، الرقم: ١١٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/ ٧٥، الرقم: ٢٤٥١٠، والحاكم في المستدرك، ٣/ ١٠٦، الرقم: ٤٥٤٤، وابن أبی عاصم في السنة، ٢/٥٦٢، والديلمی فی مسند الفردوس، ٥/٣١١٢، والمباركفوري في تحفة الأحوذي، ١٠/١٣٧۔

الحديث رقم ٤١: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/٦٩، الرقم: ٥٠١، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٣٥٦، الرقم: ٦٩١٨، وأبونعيم في حلية الأولياء، ١/٥٨، والمقدسی في الأحاديث المختارة، ١/٥٢٥، الرقم: ٣٩١۔

Marfat.com

٧٠٧/٤٢۔ عَنْ أَبِي أُمِّنَا أَبِي حَسَنَةَ قَالَ: شَهِدْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ ﷺ وَعُثْمَانُ ﷺ مَحْصُوْرٌ فِي الدَّارِ وَاسْتَأْذَنْتُهُ فِي الْكَلاَمِ. فَقَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ ﷺ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ وَاخْتِلَافٌ أَوِ اخْتِلَافٌ وَفِتْنَةٌ قَالَ: فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْأَمِيْرِ وَأَصْحَابِهِ وَأَشَارَ إِلَى عُثْمَانَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''ہمارے نانا ابو حسنہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت ابو ہریرہ ﷺ کے پاس حاضر ہوا جب کہ حضرت عثمان ﷺ ایک گھر میں محصور تھے میں نے ان سے کلام کی اجازت مانگی تو حضرت ابو ہریرہ ﷺ نے فرمایا: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک عنقریب فتنہ اور اختلاف بپا ہوگا۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ہمارے لئے (ایسے وقت میں) کیا حکم فرماتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر امیر اور اس کے ساتھیوں کی اطاعت لازم ہوگی اور (اس وقت) آپ ﷺ نے حضرت عثمان ﷺ کی طرف اشارہ فرمایا۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٧٠٨/٤٣۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: خَرَجَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ ﷺ مُهَاجِرًا إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ، وَمَعَهُ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَاحْتَبَسَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ خَبَرُهُمْ. وَكَانَ يَخْرُجُ يَتَوَكَّفُ عَنْهُمُ الْخَبَرَ. فَجَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَأَخْبَرَتْهُ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ عُثْمَانَ أَوَّلُ مَنْ هَاجَرَ إِلَى اللهِ بِأَهْلِهِ بَعْدَ لُوْطٍ عليه السلام. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ٤٢: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١٠٥، الرقم: ٤٥٤١۔
الحديث رقم ٤٣: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١/٩٠، الحد يث رقم: ١٤٣، والشيباني في الآحاد والمثاني، ١/١٢٣، الرقم: ١٢٣۔

Marfat.com

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سرزمین حبشہ کی طرف ہجرت کی غرض سے نکلے اور ان کے ساتھ ان کی اہلیہ یعنی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں پس کافی عرصہ تک ان کی خبر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہ پہنچی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روزانہ ان کی خبر معلوم کرنے کے لئے شہر سے باہر تشریف لاتے پس ایک دن ایک عورت ان کی خیریت کی خبر لے کر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک عثمان حضرت لوط علیہ السلام کے بعد پہلا شخص ہے جس نے اپنی اہلیہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کی ہے۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

٧٠٩/٤٤۔ عَنْ بَشِيْرٍ الْأَسْلَمِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُوْنَ الْمَدِينَةَ اسْتَنْكَرُوْا الْمَاءَ. وَكَانَتْ لِرَجُلٍ مِنْ بَنِي غَفَّارٍ عَيْنٌ يُقَالُ لَهَا رُوْمَةُ وَكَانَ يَبِيْعُ مِنْهَا الْقِرْبَةَ بِمُدٍّ. فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: بِعْنِيْهَا بِعَيْنٍ فِي الْجَنَّةِ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ، لَيْسَ لِي وَلَا لِعِيَالِي غَيْرُهَا، لاَ أَسْتَطِيْعُ ذَلِكَ فَبَلَغَ ذَلِكَ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ فَاشْتَرَاهَا بِخَمْسَةٍ وَثَلَاثِيْنَ أَلْفَ دِرْهَمٍ، ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ، أَتَجْعَلُ لِي مِثْلَ الَّذِي جَعَلْتَهُ عَيْنًا فِي الْجَنَّةِ إِنِ اشْتَرَيْتُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: قَدِ اشْتَرَيْتُهَا وَجَعَلْتُهَا لِلْمُسْلِمِيْنَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت بشیر اسلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب مہاجرین صحابہ کرام مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ تشریف لائے تو انہیں پانی کی شدید قلت محسوس ہوئی اور قبیلہ بنی غفار کے ایک آدمی کے پاس ایک چشمہ تھا جسے رومہ کہا جاتا تھا اور وہ اس چشمہ کے پانی کا ایک قربہ ایک مد کے بدلے میں بیچتا تھا پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے یہ چشمہ جنت کے چشمہ کے بدلے میں بیچ دو۔ تو اس شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میری اور میرے عیال (کی گذر بسر) کے لئے اس چشمہ کے علاوہ اور کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے اس لئے میں ایسا نہیں کرسکتا سو یہ خبر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو پہنچی تو انہوں نے اس آدمی سے وہ چشمہ پینتیس ہزار دینار کا خرید لیا اور حضور نبی

الحديث رقم ٤٤: أخرجه الطبرانی في المعجم الكبير، ٢/٤١، الرقم: ١٢٦، و الهيثمی في مجمع الزوائد، ٣/١٢٩، والعسقلاني في الإصابة، ٢/٥٤٣۔

Marfat.com

اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: یارسول اللہ! اگر میں اس چشمہ کو خرید لوں تو کیا آپ مجھے بھی اس کے بدلہ میں جنت میں چشمہ عطا فرمائیں گے جس طرح اس آدمی سے آپ نے فرمایا تھا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں (عطا کروں گا) تو اس پر حضرت عثمان ﷺ نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ چشمہ میں نے خرید کر مسلمانوں کے نام کر دیا ہے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٧١٠/٤٥۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّهُ ﷺ قَالَ: لِكُلِّ نَبِيٍّ خَلِيْلٌ فِي أُمَّتِهِ، وَإِنَّ خَلِيْلِي عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَالدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کا اس کی امت میں کوئی نہ کوئی دوست ہوتا ہے اور بے شک میرا دوست عثمان بن عفان ہے۔'' اس حدیث کو امام ابونعیم اور امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

٧١١/٤٦۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما عَنْهُ ﷺ قَالَ: إِنَّا نُشَبِّهُ عُثْمَانَ بِأَبِيْنَا إِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم عثمان بن عفان ﷺ کو (سخاوت اور اخلاق میں) اپنے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے تشبیہ دیتے ہیں۔'' اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٤٥: أخرجه أبونعيم عن أبي هريرة، في حلية الأولياء، ٥/٢٠٢، والديلمي في مسند الفردوس، ٣/٣٣٥، الرقم: ٥٠٠٨.

الحديث رقم ٤٦: أخرجه الديلمى في مسند الفردوس، ١/٥٥، الرقم: ١٥٢، والعسقلاني في لسان الميزان، ٤/٣٦٧، الرقم: ١٠٧٩.

Marfat.com

اَلْبَابُ الثَّانِي عَشَرَ:

مَنَاقِبُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی اللہ عنہ

﴿حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي كَوْنِ حُبِّ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ عَلَامَةَ الْإِيْمَانِ وَبُغْضِهِ عَلَامَةَ النِّفَاقِ

﴿حُبِّ علی رضی اللہ عنہ علامتِ ایمان اور بغضِ علی رضی اللہ عنہ علامتِ نفاق ہونے کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اَلنَّظْرُ إِلَى وَجْهِ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ

﴿فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: علی کے چہرے کو تکنا بھی عبادت ہے﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي مَكَانَتِهِ رضی اللہ عنہ الْعِلْمِيَّةِ

﴿حضرت علی رضی اللہ عنہ کے علمی مقام و مرتبہ کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي كَوْنِ حُبِّ عَلِيٍّ رضي الله عنه عَلَامَةَ الْإِيْمَانِ وَبُغْضِهِ عَلَامَةَ النِّفَاقِ

﴿حبِّ علی رضی اللہ عنہ علامتِ ایمان اور بغضِ علی رضی اللہ عنہ علامتِ نفاق ہونے کا بیان﴾

٧١٢/١۔ عَنْ زِرٍّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ رضي الله عنه: وَالَّذِي فَلَقَ الْحَبَّةَ، وَبَرَأَ النَّسَمَةَ، إِنَّهُ لَعَهْدُ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ صلى الله عليه وآله وسلم إِلَيَّ: أَنْ لَا يُحِبَّنِي إِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضَنِي إِلَّا مُنَافِقٌ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت زر (بن حبیش) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس نے دانے کو پھاڑا (اور اس سے اناج اور نباتات اگائے) اور جس نے جانداروں کو پیدا کیا! حضور نبی امی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مجھ سے عہد ہے کہ مجھ سے صرف مومن ہی محبت کرے گا اور صرف منافق ہی مجھ سے بغض رکھے گا۔''

اس حدیث کو امام مسلم، نسائی اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

٧١٣/٢۔ عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه قَالَ: لَقَدْ عَهِدَ إِلَيَّ النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ صلى الله عليه وآله وسلم: أَنَّهُ لَا يُحِبُّكَ إِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُكَ إِلَّا مُنَافِقٌ. قَالَ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ: أَنَا مِنَ الْقَرْنِ الَّذِيْنَ دَعَا لَهُمُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

الحديث رقم ١: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الدليل على أن حب الأنصار وعلي من الإيمان وعلاماته، ١/٨٦، الرقم: ٧٨، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٣٦٧، الرقم: ٦٩٢٤، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٤٧، الرقم: ٨١٥٣، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٦٥، الرقم: ٣٢٠٦٤، وأبويعلى في المسند، ١/٢٥٠، الرقم: ٢٩١، والبزار في المسند، ٢/١٨٢، الرقم: ٥٦٠، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٥٩٨، الرقم: ١٣٢٥.

الحديث رقم ٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: مناقب على بن أبى طالب رضي الله عنه، ٥/٦٤٣، الرقم: ٣٧٣٦.

Marfat.com

''حضرت علی ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے عہد فرمایا: مومن ہی تجھ سے محبت کرے گا اور کوئی منافق ہی تجھ سے بغض رکھے گا۔ عدی بن ثابت ﷺ فرماتے ہیں کہ میں اس زمانے کے لوگوں میں سے ہوں جن کے لیے حضور نبی اکرم ﷺ نے دعا فرمائی ہے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٣/٧١٤۔ عَنْ بُرَيْدَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ أَمَرَنِي بِحُبِّ أَرْبَعَةٍ، وَأَخْبَرَنِي أَنَّهُ يُحِبُّهُمْ. قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، سَمِّهِمْ لَنَا، قَالَ: عَلِيٌّ مِنْهُمْ، يَقُوْلُ ذٰلِکَ ثَلَاثاً وَأَبُوْذَرٍّ، وَالْمِقْدَادُ، وَسَلْمَانُ وَأَمَرَنِي بِحُبِّهِمْ، وَأَخْبَرَنِي أَنَّهُ يُحِبُّهُمْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ. هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت بریدہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے چار آدمیوں سے محبت کرنے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ بھی ان سے محبت کرتا ہے۔ آپ ﷺ سے عرض کیا گیا: یارسول اللہ! ہمیں ان کے نام بتا دیجئے۔ آپ ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا کہ علی ﷺ بھی انہی میں سے ہے، اور باقی تین ابو ذر، مقداد اور سلمان ﷺ ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے ان سے محبت کرنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ میں بھی ان سے محبت کرتا ہوں۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔ امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٤/٧١٥۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّا كُنَّا لَنَعْرِفُ

الحديث رقم ٣: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب علی بن أبی طالب، ٥/٦٣٦، الرقم: ٣٧١٨، وابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فضل سلمان وأبی ذر والمقداد، ١/ ٥٣، الرقم: ١٤٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٣٥٦، الرقم: ٢٣٠٦٤، وأبونعيم فی حلية الأولياء، ١/١٧٢۔

الحديث رقم ٤: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب علی بن أبي طالب، ٥/٦٣٥، الرقم: ٣٧١٧، وأبو نعيم فی حلية الأولياء، ٦/٢٩٥۔

Marfat.com

الْمُنَافِقِيْنَ نَحْنُ مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ بِبُغْضِهِمْ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ ﷺ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ ہم انصار لوگ، منافقین کو حضرت علی ﷺ کے ساتھ ان کے بغض کی وجہ سے پہچانتے تھے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔

٧١٦/٥۔ عَنِ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها تَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَا يُحِبُّ عَلِيًّا مُنَافِقٌ وَلَا يُبْغِضُهُ مُؤْمِنٌ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْيَعْلَى.

وَقَالَ أَبُوعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ کوئی منافق حضرت علی ﷺ سے محبت نہیں کرسکتا اور کوئی مومن ان سے بغض نہیں رکھ سکتا۔''

اسے امام ترمذی اور ابویعلی نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٧١٧/٦۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: وَاللهِ، مَاكُنَّا نَعْرِفُ مُنَافِقِيْنَا عَلَى عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ إِلَّا بِبُغْضِهِمْ عَلِيًّا ﷺ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں اپنے اندر منافقین کو حضرت علی ﷺ سے بغض کی وجہ سے ہی پہچانتے تھے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے بیان کیا ہے۔

الحديث رقم ٥: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب على أبي طالب ﷺ، ٥/٦٣٥، الرقم: ٣٧١٧، وأبويعلى فى المسند، ١٢/٣٦٢، الرقم: ٦٩٣١ والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٣/٣٧٥، الرقم: ٨٨٦.

الحديث رقم ٦: أخرجه الطبرانى فى المعجم الأوسط، ٤/ ٢٦٤، الرقم: ٤١٥١، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/ ١٣٢.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ: اَلنَّظْرُ إِلَى وَجْهِ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ

﴿فرمانِ نبوی ﷺ: علی کے چہرے کو تکنا بھی عبادت ہے﴾

٧١٠٨/٧۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلنَّظْرُ إِلَى وَجْهِ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حضرت علی ﷺ کے چہرے کو تکنا (بھی) عبادت ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٧١٩/٨۔ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلنَّظْرُ إِلَى عَلِيٍّ عِبَادَةٌ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت عمران بن حصین ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: علی کی طرف دیکھنا بھی عبادت ہے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور ابو نعیم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٧٢٠/٩۔ عَنْ طَلِيْقِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ: رَأَيْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ ﷺ

الحديث رقم ٧: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١٥٢، الرقم: ٤٦٨٢، والطبراني في المعجمّ الكبير، ١٠/٧٦، الرقم: ١٠٠٠٦، والديلمي عن معاذ بن جبل، في مسند الفردوس، ٤/٢٩٤، الرقم: ٦٨٦٥ وأبونعيم في حلية الأولياء، ٥/٥٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١١٩، وقال الهيثمي: وثقه ابن حبان وقال: مستقيم الحديث.

الحديث رقم ٨: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/٥٢، الرقم: ٤٦٨١، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٢/١٨٣، والديلمي في مسند الفردوس، ٤/٢٩٤، الرقم: ٦٨٦٦.

الحديث رقم ٩: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٨/١٠٩، الرقم: ٢٠٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٠٩.

Marfat.com

يَحِدُّ النَّظْرَ إِلَى عَلِيٍّ ﷺ فَقِيْلَ لَهُ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: اَلنَّظْرُ إِلَى عَلِيٍّ عِبَادَةٌ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت طلیق بن محمد ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمران بن حصین ﷺ کو دیکھا کہ وہ حضرت علی ﷺ کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھ رہے تھے۔ کسی نے ان سے پوچھا کہ آپ ایسا کیوں کر رہے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: علی کی طرف دیکھنا بھی عبادت ہے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٧٢١ / ١٠۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ذِكْرُ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: علی ﷺ کا ذکر بھی عبادت ہے۔'' اس حدیث کو امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

٧٢٢ / ١١۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: رَأَيْتُ أَبَابَكْرٍ يُكْثِرُ النَّظْرَ إِلَى وَجْهِ عَلِيٍّ ﷺ فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَبَتِ، أَرَاكَ تُكْثِرُ النَّظْرَ إِلَى وَجْهِ عَلِيٍّ فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: اَلنَّظْرُ إِلَى وَجْهِ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ.

رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے اپنے والد حضرت ابوبکر ﷺ کو دیکھا کہ وہ کثرت سے حضرت علی ﷺ کے چہرے کی طرف دیکھا کرتے تھے۔ پس میں نے ان سے پوچھا: ابا جان! کیا وجہ ہے کہ آپ کثرت سے حضرت علی ﷺ کے چہرے کی طرف تکتے رہتے ہیں؟ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ نے جواب دیا: اے میری بیٹی! میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ علی کے چہرے کو تکنا بھی عبادت ہے۔''

اس حدیث کو امام ابن عساکر نے بیان کیا ہے۔

الحديث رقم ١٠: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ٢ / ٢٤٤، الرقم: ١٣٥١.
الحديث رقم ١١: أخرجه ابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٤٢ / ٣٥٥، والزمخشري في مختصر كتاب الموافقة: ١٤.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَكَانَتِهِ رضی اللہ عنہ الْعِلْمِيَّةِ

﴿حضرت علی رضی اللہ عنہ کے علمی مقام و مرتبہ کا بیان﴾

١٢/٧٢٣۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا دَارُ الْحِكْمَةِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔'' اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٣/٧٢٤۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِلَى الْيَمَنِ قَاضِيًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، تُرْسِلُنِي وَأَنَا حَدِيْثُ السِّنِّ، وَلَا عِلْمَ لِي بِالْقَضَاءِ، فَقَالَ: إِنَّ اللهَ سَيَهْدِي قَلْبَكَ، وَيُثَبِّتُ لِسَانَكَ، فَإِذَا جَلَسَ بَيْنَ يَدَيْكَ الْخَصْمَانِ، فَلَا تَقْضِيَنَّ حَتَّى تَسْمَعَ مِنَ الْآخَرِ، كَمَا سَمِعْتَ مِنَ الْأَوَّلِ، فَإِنَّهُ أَحْرَى أَنْ يَّتَبَيَّنَ لَكَ الْقَضَاءُ. قَالَ: فَمَا زِلْتُ قَاضِيًا أَوْ مَا شَكَكْتُ فِي قَضَاءٍ بَعْدُ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے یمن کی طرف قاضی بنا کر بھیجا۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ مجھے بھیج رہے ہیں جبکہ میں ابھی نوعمر ہوں اور فیصلہ کرنے (کے طریقہ کار) کا بھی مجھے علم نہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ

الحديث رقم ١٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب علي بن أبي طالب رضی اللہ عنہ، ٥/٦٣٧، الرقم: ٣٧٢٣، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ٢/٦٣٤، الرقم: ١٠٨١، وأبو نعيم فى حلية الأولياء، ١/ ٦٤۔

الحديث رقم ١٣: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الأقضية، باب: كيف القضاء، ٣/٣٠١، الرقم: ٣٥٨٢، والنسائى في السنن الكبرى، ٥/١١٦، الرقم: ٨٤١٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٨٣، الرقم: ٦٣٦، والبيهقي في السنن الكبرى، ١٠/٨٦۔

Marfat.com

تعالیٰ عنقریب تمہارے دل کو ہدایت عطا کر دے گا اور تمہاری زبان اس پر پختہ کر دے گا۔ جب بھی فریقین تمہارے سامنے بیٹھ جائیں تو جلدی سے فیصلہ نہ کرنا جب تک دوسرے کی بات نہ سن لو جیسے تم نے پہلے کی سنی تھی۔ یہ طریقہ کار تمہارے لیے فیصلہ کو واضح کر دے گا۔ حضرت علی ﷺ نے بیان کیا کہ اس دعا کے بعد مجھے کبھی بھی کوئی فیصلہ کرنے میں تردد نہیں ہوا۔'' اس حدیث کو امام ابوداود، نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٧٢٥/١٤۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِلَى الْيَمَنِ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ، تَبْعَثُنِي وَأَنَا شَابٌّ، أَقْضِي بَيْنَهُمْ. وَلاَ أَدْرِي مَا الْقَضَاءُ؟ فَضَرَبَ بِيَدِهِ فِي صَدْرِي. ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، اهْدِ قَلْبَهُ، وَثَبِّتْ لِسَانَهُ. قَالَ: فَمَا شَكَكْتُ فِي قَضَاءٍ بَيْنَ اثْنَيْنِ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجه وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت علی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے یمن کی طرف (عامل بنا کر) بھیجا تو میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ مجھے بھیج رہے ہیں کہ میں ان کے درمیان فیصلہ کروں حالانکہ میں نوجوان ہوں اور یہ بھی نہیں جانتا کہ فیصلہ کیا ہے؟ پس حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنا دستِ اقدس میرے سینے پہ مارا پھر فرمایا: اے اللہ! اس کے دل کو ہدایت عطا فرما اور اس کی زبان کو حق پر قائم رکھ۔ فرمایا: اس کے بعد میں نے دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ کرنے میں کبھی بھی شک نہیں کیا۔''

اس حدیث کو امام ابن ماجہ، نسائی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٤: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الأحكام، باب: ذكر القضاة، ٢/٧٧٤، الرقم: ٢٣١٠، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/١١٦، الرقم: ٨٤١٩، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٦٥، الرقم: ٣٢٠٦٨، والبزار في المسند، ٣/١٢٦، الرقم: ٩١٢، وعبد بن حميد في المسند، ١/٦١، الرقم: ٩٤، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢/٥٨٠، الرقم: ٩٨٤، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٢/٣٣٧.

Marfat.com

٧٢٦/١٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ عُمَرُ ﷺ: عَلِيٌّ أَقْضَانَا، وَأُبَيٌّ أَقْرَأُنَا. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر ﷺ نے فرمایا: حضرت علی ﷺ ہم سب سے بہتر اور صائب فیصلہ فرمانے والے ہیں اور حضرت ابی بن کعب ﷺ ہم سب سے بڑھ کر (قرآن کے) قاری ہیں۔''

اس حدیث کو امام احمد، ابن ابی شیبہ اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٧٢٧/١٦۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: أَنَا مَدِيْنَةُ الْعِلْمِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا فَمَنْ أَرَادَ الْعِلْمَ فَلْيَأْتِ الْبَابَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ لہٰذا جو کوئی علم حاصل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو اسے چاہیے کہ وہ اس دروازے سے آئے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٧٢٨/١٧۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا مَدِيْنَةُ الْعِلْمِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا فَمَنْ أَرَادَ الْمَدِيْنَةَ فَلْيَأْتِ الْبَابَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

الحديث رقم ١٥: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥/١١٣، الرقم:٢١١٢٣، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/١٣٨، الرقم: ٣٠١٢٩، والحاكم في المستدرك، ٣/٣٤٥، الرقم: ٥٣٢٨، وأبونعيم في حلية الأولياء، ١/٦٥، والبيهقي في المدخل إلى السنن الكبرى، ١/١٣٠، الرقم: ٧٧، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٢/٣٣٩.

الحديث رقم ١٦: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١٣٨، الرقم: ٤٦٣٩، والطبراني في المعجم الكبير، ١١/٦٥، الرقم: ١١٠٦١، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ٤/٣٤٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١١٤، والمناوي في فيض القدير، ٣/٤٦.

الحديث رقم ١٧: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١٣٧، الرقم: ٤٦٣٧، والديلمي في مسند الفردوس، ١/٤٤، الرقم: ١٠٦.

Marfat.com

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ لہٰذا جو اس شہر میں داخل ہونا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ وہ اس کے دروازے سے آئے۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

١٨/٧٢٩۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ ﷺ قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ: أَنَّ أَقْضَى أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ابْنُ أَبِي طَالِبٍ ﷺ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت عبداللہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ہم (آپس میں) باتیں کیا کرتے تھے کہ اہلِ مدینہ میں سے سب سے اچھا فیصلہ فرمانے والے حضرت علی ابن ابی طالب ﷺ ہیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

١٩/٧٣٠۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ﷺ قَالَ: كَانَ عُمَرُ ﷺ يَتَعَوَّذُ بِاللهِ مِنْ مُعْضِلَةٍ لَيْسَ لَهَا أَبُوْحَسَنٍ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ سَعْدٍ.

''حضرت سعید بن المسیب ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر ﷺ اس ناقابل حل اور مشکل مسئلہ سے جس میں (بوقتِ فیصلہ) ابوحسن یعنی حضرت علی ﷺ نہ ہوں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگا کرتے تھے۔'' اسے امام احمد، بیہقی اور ابن سعد نے روایت کیا ہے۔

٢٠/٧٣١۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: وَاللهِ، مَا نَزَلَتْ آيَةٌ إِلَّا وَقَدْ عَلِمْتُ

الحديث رقم ١٨: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/١٤٥، الرقم: ٤٦٥٦، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٢/٣٣٨، والعسقلاني في فتح الباري، ٨/١٦٧۔

الحديث رقم ١٩: أخرجه أحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢/٦٤٧، الرقم: ١١٠٠، والبيهقي في المدخل إلى السنن الكبرى، ١/١٣٠، الرقم: ٧٨، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٢/٣٣٩، والعسقلاني في فتح الباري، ١٣/٣٤٣، وفي تهذيب التهذيب، ٧/٢٩٦، وفي الإصابة، ٤/٥٦٨، والمزي في تهذيب الكمال، ٢٠/٤٨٥، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ١/٣١٤، والمناوي في فيض القدير، ٤/٣٥٧۔

الحديث رقم ٢٠: أخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء، ١/٦٨، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٢/٣٣٨۔

Marfat.com

فِيمَا نَزَلَتْ وَأَيْنَ نَزَلَتْ وَعَلَى مَنْ نَزَلَتْ، إِنَّ رَبِّي وَهَبَ لِي قَلْبًا عَقُوْلًا وَلِسَانًا طَلْقًا. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَابْنُ سَعْدٍ.

''حضرت علی ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں قرآن کی ہر آیت کے بارے میں جانتا ہوں کہ وہ کس کے بارے میں، کس جگہ اور کس پر نازل ہوئی۔ بے شک میرے رب نے مجھے بہت زیادہ سمجھ والا دل اور فصیح زبان عطا فرمائی ہے۔''

اسے امام ابونعیم اور ابن سعد نے روایت کیا ہے۔

٢١/٧٣٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّهُ قِيْلَ لِعَلِيٍّ ﷺ: مَا لَكَ أَكْثَرُ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ حَدِيْثًا؟ قَالَ: إِنِّي كُنْتُ إِذَا سَأَلْتُهُ أَنْبَأَنِي، وَ إِذَا سَكَتُّ ابْتَدَأَنِي.

رَوَاهُ ابْنُ سَعْدٍ.

''حضرت عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب ﷺ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی ﷺ سے پوچھا گیا: کیا وجہ ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کرام میں سے آپ کثرت سے احادیث روایت کرنے والے ہیں؟ تو انہوں نے جواب میں فرمایا: اس کی وجہ یہ ہے جب میں آپ ﷺ سے کوئی سوال کرتا تھا تو آپ ﷺ مجھے اس کا جواب ارشاد فرماتے تھے اور جب میں خاموش ہوتا تو حضور نبی اکرم ﷺ مجھ سے بات شروع فرما دیتے تھے۔'' اسے امام ابن سعد نے بیان کیا ہے۔

٢٢/٧٣٣۔ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ ﷺ: سَلُوْنِي عَنْ كِتَابِ اللهِ، فَإِنَّهُ لَيْسَ مِنْ آيَةٍ إِلَّا وَ قَدْ عَرَفْتُ بِلَيْلٍ نَزَلَتْ أَمْ بِنَهَارٍ، فِي سَهْلٍ أَمْ

الحديث رقم ٢١: أخرجه ابن سعد فى الطبقات الكبرى، ٢/٣٣٨، والمناوى في فيض القدير، ٤/٣٣٨۔

الحديث رقم ٢٢: أخرجه ابن سعد فى الطبقات الكبرى، ٢/٣٣٨، والعسقلاني في فتح الباري، ٨/٥٩٩، وفي تهذيب التهذيب، ٧/٢٩٧، والمزى في تهذيب الكمال، ٢٠/٤٨٧۔

Marfat.com

فِي جَبَلٍ. رَوَاهُ ابْنُ سَعْدٍ.

''حضرت ابوطفیل ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی ﷺ نے فرمایا: مجھ سے کتاب اللہ کے بارے میں جو چاہو سوال کرو پس بے شک کوئی بھی آیت ایسی نہیں ہے جس کے بارے میں میں یہ نہ جانتا ہوں کہ وہ دن کو نازل ہوئی یا رات کو، پہاڑ میں نازل ہوئی یا میدان میں۔'' اسے امام ابن سعد نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

اَلْبَابُ الثَّالِثُ عَشَرَ:

جَامِعُ مَنَاقِبِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ رضی اللہ عنہم

﴿خلفاءِ راشدین رضی اللہ عنہم کے جامع مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ ﷺ

﴿خلفاء راشدین ﷺ کے جامع مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ ﷺ

﴿خلفاءِ راشدین ﷺ کے جامع مناقب کا بیان﴾

٧٣٤/١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: بَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوْقُ بَقَرَةً لَهُ، قَدْ حَمَلَ عَلَيْهَا الْتَفَتَتْ إِلَيْهِ الْبَقَرَةُ فَقَالَتْ: إِنِّي لَمْ أُخْلَقْ لِهَذَا وَلَـكِنِّي إِنَّمَا خُلِقْتُ لِلْحَرْثِ. فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللهِ، تَعَجُّبًا وَفَزَعًا أَ بَقَرَةٌ تَكَلَّمُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: فَإِنِّي أُوْمِنُ بِهِ وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ ﷺ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: بَيْنَا رَاعٍ فِي غَنَمِهِ، حَمَلَ عَلَيْهِ الذِّئْبُ فَأَخَذَ مِنْهَا شَاةً فَطَلَبَهُ الرَّاعِي حَتَّى اسْتَنْقَذَهَا مِنْهُ. فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ الذِّئْبُ، فَقَالَ لَهُ: مَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ، يَوْمَ لَيْسَ لَهَا رَاعٍ غَيْرِي؟ فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: فَإِنِّي أُوْمِنُ بِذَلِكَ أَنَا وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک مرتبہ ایک شخص اپنے گائے پر بوجھ لادے ہوئے ہانک کر لے جا رہا تھا۔ گائے نے اس کی طرف دیکھا اور کہنے لگی میں اِس (کام) کے لئے پیدا نہیں کی گئی بلکہ میں تو کھیتی باڑی کے لئے تخلیق کی گئی ہوں۔ لوگوں نے تعجب اور گھبراہٹ کے عالم میں کہا: سبحان اللہ! گائے بھی گفتگو کرتی ہے؟ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک میں تو اسے سچ مانتا ہوں اور ابوبکر و عمر بھی اسے سچ تسلیم کرتے ہیں۔ حضرت ابوہریرہ ﷺ نے بیان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک

الحديث رقم ١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: من فضائل أبی بكر الصديق ﷺ، ٣/١٣٣٩، الرقم: ٣٤٦٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أبی بكر ﷺ، ٤/١٨٥٨، الرقم: ٢٣٨٨، والترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فی مناقب أبی بكر وعمر رضی الله عنهما كليهما، ٥/٦١٥، الرقم: ٣٦٧٧۔

Marfat.com

مرتبہ ایک چرواہا اپنی بکریوں (کے ریوڑ) میں تھا، ایک بھیڑیئے نے اُن پر حملہ کر دیا اور اس ریوڑ میں سے ایک بکری کو پکڑ لیا۔ چرواہے نے اس کا پیچھا کیا اور بکری کو اس سے چھڑا لیا۔ بھیڑیا چرواہے کی طرف متوجہ ہوا اور اُسے کہنے لگا: اُس دن بکری کو کون بچائے گا جس دن میرے سوا کوئی چرواہا نہ ہوگا۔ (وہ قیامت کا دن ہے یا عید کا دن جس دن جاہلیت والے کھیل کود میں مصروف رہتے اور بھیڑیئے بکریاں لے جاتے یا قیامت کے قریب فتنہ کا دن جب لوگ مصیبت کے مارے اپنے مال کی فکر سے (بھی غافل ہو جائیں گے) لوگوں نے کہا: سبحان اللہ! پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک اس واقعہ کو میں، ابوبکر اور عمر سچ تسلیم کرتے ہیں۔"

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٧٣٥ / ٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: إِنِّي لَوَاقِفٌ فِي قَوْمٍ فَدَعَوُا اللهَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَقَدْ وُضِعَ عَلَى سَرِيْرِهِ، إِذَا رَجُلٌ مِنْ خَلْفِي قَدْ وَضَعَ مِرْفَقَهُ عَلَى مَنْكِبِي يَقُوْلُ: رَحِمَکَ اللهُ، إِنْ كُنْتُ لَأَرْجُو أَنْ يَجْعَلَکَ اللهُ مَعَ صَاحِبَيْکَ، لِأَنِّي كَثِيْرًا مِمَّا كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: كُنْتُ وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ، وَفَعَلْتُ وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ، وَانْطَلَقْتُ وَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ فَإِنْ كُنْتُ لَأَرْجُوْ أَنْ يَجْعَلَکَ اللهُ مَعَهُمَا، فَالْتَفَتُّ فَإِذَا هُوَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

"حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: میں ان لوگوں کے ہمراہ کھڑا تھا جنہوں نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کی۔ اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ (کی میت) کو چارپائی پر رکھا جا چکا تھا، اچانک ایک شخص میرے پیچھے سے آیا اور اپنی کہنی میرے کندھے پر رکھی اور (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی میت سے

الحديث رقم ٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المناقب، باب: قول النبي ﷺ: لو كنت متخذاً خليلًا، ٣ / ١٣٤٥، الرقم: ٣٤٧٤، ٣٤٨٢، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر، ٤ / ١٨٥٨، الرقم: ٢٣٨٩، وابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فضل أبي بكر الصديق، ١ / ٣٧، الرقم: ٩٨، والحاكم فی المستدرك، ٣ / ٧١، الرقم: ٤٤٢٧.

Marfat.com

مخاطب ہو کر) کہنے لگا: اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے، میں امید کرتا تھا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے دونوں ساتھیوں (یعنی حضور نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) کے ساتھ رکھے گا کیونکہ میں اکثر حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے سنتا تھا کہ آپ ﷺ فرماتے تھے: میں، ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ تھے، اور میں، ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ نے (فلاں کام) کیا، میں، ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ (فلاں جگہ) گئے۔ مجھے امیدِ واثق ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ رکھے گا۔ پس میں اپنے پیچھے اُس شخص کی طرف متوجہ ہوا تو (کیا دیکھتا ہوں) وہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ تھے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٧٣٦/٣۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فِي حَائِطٍ مِنْ حَائِطِ الْمَدِيْنَةِ، هُوَ مُتَّكِئٌ يَرْكُزُ بِعُوْدٍ مَعَهُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ، إِذَا اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ. فَقَالَ: افْتَحْ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ: فَإِذَا أَبُوْبَكْرٍ. فَفَتَحْتُ لَهُ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ. قَالَ: ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ آخَرُ. فَقَالَ: افْتَحْ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، قَالَ: فَذَهَبْتُ فَإِذَا هُوَ عُمَرُ. فَفَتَحْتُ لَهُ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ. ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ آخَرُ. قَالَ: فَجَلَسَ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ: افْتَحْ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلَى بَلْوَى تَكُوْنُ قَالَ: فَذَهَبْتُ فَإِذَا هُوَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ. قَالَ: فَفَتَحْتُ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ. قَالَ: وَقُلْتُ الَّذِي قَالَ: فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، صَبْرًا. أَوِ اللهُ الْمُسْتَعَانُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

''حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضور نبی اکرم ﷺ مدینہ

الحديث رقم ٣: أخرجه البخارى في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بن الخطاب، ٣/١٣٥٠، الرقم: ٣٤٩٠، وفي كتاب: الأدب، باب: من نكت العود في الماء والطين، ٥/٢٢٩٥، الرقم: ٥٨٦٢، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عثمان بن عفان، ٤/١٨٦٧، الرقم: ٢٤٠٣، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في مناقب عمر، ٥/٦٢٢، الرقم: ٣٦٩٤، والبخاري في الأدب المفرد، ١/٣٣٥، الرقم: ٩٦٥، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ١/٢٩٩.

Marfat.com

منورہ کے ایک باغ میں تکیہ لگا کر بیٹھے ہوئے تھے، اور ایک لکڑی سے زمین کھرچ رہے تھے، ایک شخص نے دروازہ کھلوانا چاہا، آپ ﷺ نے فرمایا: دروازہ کھول کر آنے والے کو جنت کی بشارت دے دو، حضرت ابوموسیٰ اشعری ﷺ نے فرمایا: آنے والے حضرت ابوبکر ﷺ تھے، میں نے دروازہ کھول کر انہیں جنت کی بشارت دے دی۔ پھر ایک شخص نے دروازہ کھلوانا چاہا، آپ ﷺ نے فرمایا: دروازہ کھول کر آنے والے کو جنت کی بشارت دے دو، حضرت ابوموسیٰ اشعری کہتے ہیں کہ میں گیا تو وہ حضرت عمر ﷺ تھے۔ میں نے دروازہ کھول کر انہیں جنت کی بشارت دے دی، پھر ایک اور شخص نے دروازہ کھلوانا چاہا تو حضور نبی اکرم ﷺ اٹھ کر بیٹھ گئے اور فرمایا: دروازہ کھول دو اور آنے والے کو مصیبتوں کی بنا پر جنت کی بشارت دے دو، میں نے جا کر دیکھا تو وہ حضرت عثمان بن عفان ﷺ تھے، میں نے دروازہ کھولا اور انہیں بھی جنت کی بشارت دی اور جو کچھ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تھا وہ کہہ دیا، حضرت عثمان ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! صبر عطا فرما، یا کہا: اے اللہ تو ہی مستعان (جس سے مدد طلب کی جائے) ہے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور مذکورہ الفاظ امام مسلم کے ہیں۔

٧٣٧ / ٤۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: صَعِدَ النَّبِيُّ ﷺ إِلَى أُحُدٍ وَمَعَهُ أَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ فَرَجَفَ بِهِمْ فَضَرَبَهُ بِرِجْلِهِ وَقَالَ: اثْبُتْ أُحُدُ، فَمَا عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ أَوْ صِدِّيقٌ، أَوْ شَهِيْدَانِ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ روایت کرتے ہیں کہ ایک روز حضور نبی اکرم ﷺ جبلِ اُحد پر تشریف لے گئے اس وقت آپ ﷺ کے ساتھ حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان ﷺ تھے۔ اُن سب کی موجودگی کی وجہ سے پہاڑ (جوشِ مسرت سے) وجد میں آ گیا۔

الحديث رقم ٤: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المناقب، باب: مناقب عمر بن الخطاب، ٣/١٣٤٨، الرقم: ٣٤٨٣، وفي باب: لو كنت متخذاً خليلاً، ٣/١٣٤٤، الرقم: ٣٤٧٢، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في مناقب عثمان، ٥/٦٢٤، الرقم: ٣٦٩٧، وأبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في الخلفاء، ٤/٢١٢، الرقم: ٤٦٥١، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٢٨٠، الرقم: ٦٨٦٥، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٤٣، الرقم: ٨١٣٥۔

Marfat.com

آپ ﷺ نے اس پر اپنا قدم مبارک مارا اور فرمایا: اے اُحد ٹھہر جا! تیرے اوپر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہیدوں کے سوا اور کوئی نہیں۔''

اس حدیث کو امام بخاری، ترمذی اور ابوداود نے روایت کیا ہے۔

٧٣٨/٥۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ ﷺ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي: أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ قَالَ: أَبُوْبَكْرٍ، قُلْتُ:ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ عُمَرُ. وَخَشِيْتُ أَنْ يَقُوْلَ عُثْمَانُ، قُلْتُ: ثُمَّ أَنْتَ؟ قَالَ:مَا أَنَا إِلَّا رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت محمد بن حنفیہ ﷺ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا: میں نے اپنے والد (حضرت علی ﷺ) سے دریافت کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے بعد سب سے بہتر کون ہے؟ انہوں نے فرمایا: حضرت ابوبکر ﷺ، پھر میں نے کہا: ان کے بعد؟ انہوں نے فرمایا: حضرت عمر ﷺ۔ تو میں نے اس خوف سے کہ اب وہ حضرت عثمان ﷺ کا نام لیں گے خود ہی کہہ دیا کہ پھر آپ ہیں؟ آپ ﷺ نے (بطور عاجزی) فرمایا: نہیں میں تو مسلمانوں میں سے ایک عام مسلمان ہوں۔'' اس حدیث کو امام بخاری اور ابوداود نے روایت کیا ہے۔

٧٣٩/٦۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: كُنَّا نَقُوْلُ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ ﷺ لَا نَعْدِلُ بِأَبِي بَكْرٍ أَحَدًا ثُمَّ عُمَرَ ثُمَّ عُثْمَانَ ثُمَّ نَتْرُكُ أَصْحَابَ النَّبِيِّ ﷺ لَا نُفَاضِلُ بَيْنَهُمْ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

الحديث رقم ٥: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: قول النبي ﷺ: لو كنت متخذاً خليلاً، ٣/١٣٤٢، الرقم : ٣٤٦٨، وأبوداود فى السنن، كتاب: السنة، باب: فى التفضيل، ٤/٢٠٦، الرقم :٤٦٢٩، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ١/٢٤٧، الرقم : ٨١٠، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٤٨٠، وعبد الله بن أحمد في السنة، ٢/٥٦٨، الرقم:١٣٣٢۔

الحديث رقم ٦: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: مناقب عثمان بن عفان، ٣/١٣٥٢، الرقم: ٣٤٩٤، وأبوداود فى السنن، كتاب: السنة، باب: فى التفضيل، ٤/٢٠٦، الرقم: ٤٦٢٧۔

Marfat.com

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے زمانۂ اقدس میں حضرت ابوبکر ﷺ کے برابر کسی کو شمار نہیں کرتے تھے۔ پھر اُن کے بعد حضرت عمر ﷺ کو، پھر ان کے بعد حضرت عثمان ﷺ کو اُن کے بعد ہم باقی اصحابِ رسول ﷺ کو ایک دوسرے پر فضیلت نہیں دیتے تھے۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور ابوداود نے روایت کیا ہے۔

٧٤٠/٧۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: كُنَّا نُخَيِّرُ بَيْنَ النَّاسِ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ ﷺ، فَنُخَيِّرُ أَبَابَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، ثُمَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ ﷺ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے مبارک زمانہ میں جب ہم صحابہ کرام ﷺ کے درمیان کسی کو ترجیح دیتے تو سب پر حضرت ابوبکر ﷺ کو ترجیح دیا کرتے تھے، پھر حضرت عمر بن الخطاب ﷺ کو، پھر حضرت عثمان بن عفان ﷺ کو۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور ابو داود نے روایت کیا ہے۔

٧٤١/٨۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قُبِضَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَهُوَ ابْنُ ثَلاَثٍ وَسِتِّيْنَ، وَأَبُوْبَكْرٍ وَهُوَ ابْنُ ثَلاَثٍ وَسِتِّيْنَ، وَعُمَرُ وَهُوَ ابْنُ ثَلاَثٍ وَسِتِّيْنَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے وصال فرمایا تو آپ ﷺ کی عمر مبارک تریسٹھ (٦٣) برس تھی، اور حضرت ابوبکر ﷺ نے وصال فرمایا تو ان کی عمر مبارک بھی تریسٹھ (٦٣) برس تھی اور حضرت عمر ﷺ نے وصال فرمایا تو ان کی عمر مبارک بھی تریسٹھ (٦٣) برس تھی۔ (اس سے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں ان

الحديث رقم ٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: فضائل أصحاب النبي ﷺ، باب: فضل أبي بكر ﷺ، ٣/١٣٣٧، الرقم: ٣٤٥٥، ٣٤٩٤، وأبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في التفضيل، ٤/٢٠٦، الرقم: ٤٦٢٨۔

الحديث رقم ٨: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: كم سن النبي ﷺ، ٤/١٨٢٥، الرقم: ٢٣٤٨۔

Marfat.com

کی اتباع وقرابتِ روحانی اور فنائیتِ باطنی ثابت ہوتی ہے)۔"

اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

٩/٧٤٢۔ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدَبٍ ﷺ أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنِّي رَأَيْتُ كَأَنَّ دَلْوًا دُلِّيَ مِنَ السَّمَاءِ فَجَاءَ أَبُوْبَكْرٍ فَأَخَذَ بِعَرَاقِيْهَا، فَشَرِبَ شُرْبًا ضَعِيْفًا ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَأَخَذَ بِعَرَاقِيْهَا، فَشَرِبَ حَتَّى تَضَلَّعَ، ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ فَأَخَذَ بِعَرَاقِيْهَا، فَشَرِبَ حَتَّى تَضَلَّعَ، ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ فَأَخَذَ بِعَرَاقِيْهَا فَانْتَشَطَتْ وَانْتَضَحَ عَلَيْهِ مِنْهَا شَيْءٌ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْدَاوُدَ وَاللَّفْظُ لَهُ.

"حضرت سمرہ بن جندب ﷺ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! میں نے (خواب میں) دیکھا کہ گویا ایک ڈول آسمان سے لٹکایا گیا ہے۔ پس حضرت ابوبکر ﷺ آئے اور اسے کناروں سے پکڑ کر بمشکل پیا (مراد ان کے دورِ خلافت کی مشکلات ہیں)۔ پھر حضرت عمر ﷺ آئے اور اسے کناروں سے پکڑ کر پیا یہاں تک کہ خوب شکم سیر ہو گئے۔ پھر حضرت عثمان ﷺ آئے اور اسے کناروں سے پکڑ کر پیا۔ پھر حضرت علی ﷺ آئے تو انہوں نے اسے کناروں سے پکڑا تو وہ ہل گیا اور اس میں سے کچھ پانی ان کے اوپر گر گیا۔"

اس حدیث کو امام مسلم اور ابوداود نے روایت کیا ہے نیز مذکورہ الفاظ ابوداود کے ہیں۔

١٠/٧٤٣۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ كَانَ يَخْرُجُ عَلَى أَصْحَابِهِ

الحديث رقم ٩: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر، ٤/١٨٦١، الرقم: ٢٣٩٢، وأبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في الخلفاء، ٤/٢٠٨، الرقم: ٤٦٣٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٢١، الرقم: ٢٣٨٧٣، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٥٦، الرقم: ٣٢٠٠١، والطبراني في المعجم الكبير، ٧/٢٣١، الرقم: ٦٩٦٥، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٥٤٠، الرقم: ١١٤١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٧/١٨٠۔

الحديث رقم ١٠: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في مناقب أبي بكر وعمر رضي الله عنهما كليهما، ٥/٦١٢، الرقم: ٣٦٦٨، وأحمد بن ـــ

Marfat.com

مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ. وَهُمْ جُلُوْسٌ وَفِيْهِمْ أَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ. فَلَا يَرْفَعُ إِلَيْهِ أَحَدٌ مِنْهُمْ بَصَرَهُ إِلَّا أَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ. فَإِنَّهُمَا كَانَا يَنْظُرَانِ إِلَيْهِ، وَيَنْظُرُ إِلَيْهِمَا، وَيَتَبَسَّمَانِ إِلَيْهِ وَيَتَبَسَّمُ إِلَيْهِمَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ مہاجرین و انصار صحابہ کرام ﷺ کی مجلس میں تشریف لایا کرتے۔ (صحابہ کرام ﷺ) بیٹھے ہوتے اور ان میں حضرت ابوبکر ﷺ اور حضرت عمر ﷺ بھی موجود ہوتے۔ صحابہ کرام ﷺ میں سے کوئی بھی آپ ﷺ کی طرف نظریں اُٹھا کر نہیں دیکھتا تھا سوائے حضرت ابوبکر ﷺ اور حضرت عمر ﷺ کے۔ پس یہ دونوں حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف دیکھا کرتے تھے اور حضور نبی اکرم ﷺ ان دونوں کی طرف دیکھا کرتے۔ وہ دونوں آپ ﷺ کی طرف دیکھ کر مسکراتے تھے اور آپ ﷺ ان دونوں کی طرف دیکھ کر تبسم فرمایا کرتے تھے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٧٤٤/١١۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا لَهُ وَزِيْرَانِ مِنْ أَهْلِ السَّمَاءِ وَوَزِيْرَانِ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ، فَأَمَّا وَزِيْرَايَ مِنْ أَهْلِ السَّمَاءِ فَجِبْرِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ، وَأَمَّا وَزِيْرَايَ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ فَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کے لئے دو وزیر آسمان والوں میں سے اور دو وزیر زمین والوں میں سے ہوتے ہیں۔ پس آسمان والوں میں سے میرے دو وزیر، جبرائیل و میکائیل علیہما السلام ہیں اور زمین والوں میں

..... حنبل فی المسند، ٣/١٥٠، الرقم: ١٢٥٣٨،والحكم فی المستدرك، ١/٢٠٩، الرقم: ٤١٨،و عبد بن حميد فی المسند، ١/٣٨٨، الرقم: ١٢٩٨۔

الحديث رقم ١١: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فی مناقب أبی بكر وعمر رضی الله عنهما كليهما، ٥/٦١٦، الرقم: ٣٦٨٠، والحكم فی المستدرك، ٢/٢٩٠، الرقم: ٣٠٤٧۔

Marfat.com

سے میرے دو وزیر ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما ہیں"۔

اسے امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

١٢/٧٤٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَنْطَبٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ رَأَى أَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ فَقَالَ: هَذَانِ السَّمْعُ وَالْبَصَرُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

"حضرت عبداللہ بن حنطب ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا تو فرمایا: یہ دونوں (میرے لئے) کان اور آنکھ کی حیثیت رکھتے ہیں۔" اس حدیث کو امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

١٣/٧٤٦۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى لَيَرَاهُمْ مَنْ تَحْتَهُمْ كَمَا تَرَوْنَ النَّجْمَ الطَّالِعَ فِي أُفُقِ السَّمَاءِ، وَإِنَّ أَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ مِنْهُمْ وَأَنْعِمَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

"حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اعلیٰ اور بلند درجات والوں کو نچلے درجات والے ایسے دیکھیں گے جیسے تم آسمان کے اُفق پر طلوع ہونے والے ستارے کو دیکھتے ہو اور بیشک ابوبکر ﷺ و عمر ﷺ اُن (بلند درجات والوں) میں سے ہیں اور نہایت اچھے ہیں"۔ اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

١٤/٧٤٧۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِأَبِي بَكْرٍ

الحديث رقم ١٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب أبى بكر وعمر رضى الله عنهما كليهما، ٥/٦١٣، الرقم: ٣٦٧١، والحاكم في المستدرك، ٣/٧٣، الرقم: ٤٤٣٢۔

الحديث رقم ١٣: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب أبي بكر الصديق، ٥/٦٠٧، الرقم:٣٦٥٨، وابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فضل أبي بكر الصديق، ١/٣٧، الرقم: ٩٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٩٣، الرقم: ١١٩٠٠، وأبويعلى فى المسند، ٢/٤٠٠، الرقم: ١١٧٨، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/٣٤٨، الرقم: ٣١٩٢٥۔

الحديث رقم ١٤: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ،

Marfat.com

وَعُمَرَ: هَذَانِ سَيِّدَا كُهُوْلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ إِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر ﷺ اور حضرت عمر ﷺ کے بارے میں فرمایا: یہ دونوں انبیاء و مرسلین کے علاوہ اولین و آخرین میں سے تمام عمر رسیدہ جنتیوں کے سردار ہیں۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٧٤٨/١٥۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ثُمَّ أَرْحَمُ أُمَّتِي بِأُمَّتِي أَبُوْبَكْرٍ وَأَشَدُّهُمْ فِي أَمْرِ اللهِ عُمَرُ وَأَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ ..... الحديث. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت پر سب سے زیادہ رحم کرنے والے ابوبکر ﷺ ہیں اور اللہ تعالیٰ کے احکامات کے معاملے میں سب سے زیادہ شدت والے عمر ﷺ ہیں اور حیاء کے اعتبار سے سب سے زیادہ مضبوط عثمان ﷺ ہیں۔'' اس حدیث کو امام ترمذی، ابن ماجہ اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

٧٤٩/١٦۔ عَنْ حُذَيْفَةَ ﷺ قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ:

..... باب: مناقب أبي بكر وعمر كليهما، ٥/٦١٠، الرقم: ٣٦٦٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/٨٠، الرقم: ٦٠٢، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٧/٦٨، الرقم: ٦٨٧٣، وفى المعجم الصغير، ٢/١٧٣، الرقم: ٩٧٦.

الحديث رقم ١٥: أخرجه الترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب معاذ بن جبل ﷺ، ٥/٦٦٤، الرقم: ٣٧٩٠، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضائل أصحاب رسول الله ﷺ، ١/٥٥، الرقم: ١٥٤، والنسائى في السنن الكبرى، ٥/٦٧، الرقم: ٨٢٤٢، والحاكم في المستدرك، ٣/٤٧٧، الرقم:٥٧٨٤۔

الحديث رقم ١٦: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب أبى بكر الصديق، ٥/٦١٠، الرقم: ٣٦٦٣، وابن ماجه في السنن، ←

Marfat.com

إِنِّي لَا أَدْرِي مَا بَقَائِي فِيكُمْ؟ فَاقْتَدُوْا بِالَّذِيْنِ مِنْ بَعْدِي وَأَشَارَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ ..... الحديث. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

''حضرت حُذیفہ ﷺ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بیشک میں ذاتی طور پر نہیں جانتا کہ کتنی مدت تمہارے درمیان رہوں گا۔ پس تم میرے بعد اِن لوگوں کی پیروی کرنا۔ یہ فرماتے ہوئے آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر ﷺ اور حضرت عمر ﷺ کی طرف اشارہ فرمایا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٧/٧٥٠۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ ﷺ قَالَ: مَا أَظُنُّ رَجُلًا يَنْتَقِصُ أَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ رضي الله عنهما يُحِبُّ النَّبِيَّ ﷺ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''امام محمد بن سیرین ﷺ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ میں یہ خیال نہیں کرتا کہ جو شخص حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی تنقیص کرتا ہے وہ حضور نبی اکرم ﷺ سے محبت رکھتا ہو۔'' اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور اسے حدیث حسن کہا ہے۔

١٨/٧٥١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ ثُمَّ أَبُوْبَكْرٍ ثُمَّ عُمَرُ، ثُمَّ آتِي أَهْلَ الْبَقِيْعِ

..... المقدمة، باب: فى القدر، ١/٣٧، الرقم: ٩٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٣٨٥، الرقم: ٢٣٣٢٤، و ابن حبان فى الصحيح، ١٥/، ٣٢٧، الرقم: ٦٩٠٢، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٧/٤٣٣، الرقم: ٣٧٠٤٩.

الحديث رقم ١٧: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب عمر، ٥/٦١٨، الرقم: ٣٦٨٥.

الحديث رقم ١٨: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب عمر ﷺ، ٥/٦٢٢، الرقم: ٣٦٩٢، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/٣٢٤، الرقم: ٦٨٩٩، والحكم فى المستدرك، ٢/٥٠٥، الرقم: ٤٧٣٢، ٣/٧٢، الرقم: ٤٤٢٩، والهيثمي في موارد الظمآن، ١/٥٣٩، الرقم: ٢١٩٤.

Marfat.com

فَيُحْشَرُوْنَ مَعِي، ثُمَّ أَنْتَظِرُ أَهْلَ مَكَّةَ. حَتَّى أُحْشَرَ بَيْنَ الْحَرَمَيْنِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سب سے پہلے جس کے لئے زمین کو کھولا جائے گا وہ میں ہوں پھر ابوبکر کے لئے اور پھر عمر کے لئے پھر اہلِ بقیع کی باری آئے گی اور انہیں میرے ساتھ اکٹھا کیا جائے گا پھر میں اہلِ مکہ کا انتظار کروں گا یہاں تک کہ حرمین شریفین کے درمیان لوگوں کے ساتھ جمع کیا جاؤں گا۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن حبان نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

١٩/٧٥٢۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما أَنَّهُ كَانَ يُحَدِّثُ: أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: أُرِيَ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ صَالِحٌ، أَنَّ أَبَابَكْرٍ نِيْطَ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ، وَنِيْطَ عُمَرُ بِأَبِي بَكْرٍ، وَنِيْطَ عُثْمَانُ بِعُمَرَ. قَالَ: جَابِرٌ: فَلَمَّا قُمْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قُلْنَا: أَمَّا الرَّجُلُ الصَّالِحُ فَرَسُوْلُ اللهِ ﷺ، وَأَمَّا تَنَوُّطُ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ، فَهُمْ وُلَاةُ هَذَا الْأَمْرِ الَّذِي بَعَثَ اللهُ بِهِ نَبِيَّهُ ﷺ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: گزشتہ رات ایک نیک آدمی کو خواب دکھایا گیا کہ ابوبکر کو حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ منسلک کر دیا گیا اور عمر کو ابوبکر کے ساتھ اور عثمان کو عمر کے ساتھ۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے

الحديث رقم ١٩: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في الخلفاء، ٤/٢٠٨، الرقم: ٤٦٣٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٣٥٥، الرقم: ١٤٨٦٣، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٣٤٣، الرقم: ٦٩١٣، والحلكم في المستدرك، ٣/١٠٩، الرقم: ٤٥٥١، ٣/٧٥، الرقم: ٤٤٣٨، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٥٣٧، الرقم: ١١٣٤.

Marfat.com

کہ جب ہم حضور نبی اکرم ﷺ کی مجلس سے اٹھے تو ہم نے کہا: اس نیک آدمی سے مراد تو خود حضور نبی اکرم ﷺ ہی ہیں۔ رہا بعض کا بعض سے منسلک ہونا تو وہ ان کا اس ذمہ داری کو سنبھالنا ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضور نبی اکرم ﷺ کو مبعوث فرمایا تھا۔''

اس حدیث کو امام ابوداود، احمد اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

٧٥٣ / ٢٠۔ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: إِنَّ ابْنَ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: كُنَّا نَقُوْلُ وَرَسُوْلُ اللهِ ﷺ حَيٌّ، أَفْضَلُ أُمَّةِ النَّبِيِّ ﷺ بَعْدَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ، ثُمَّ عُثْمَانُ ﷺ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ہم حضور نبی اکرم ﷺ کی حیاتِ ظاہری کے ایام میں بھی کہا کرتے تھے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی امت میں سے افضل ترین حضرت ابوبکر پھر حضرت عمر اور پھر حضرت عثمان ﷺ ہیں۔''

اس حدیث کو امام ابوداود اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔

٧٥٤ / ٢١۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلَمَةَ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا ﷺ يَقُوْلُ: خَيْرُ النَّاسِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ أَبُوْبَكْرٍ، وَخَيْرُ النَّاسِ بَعْدَ أَبِي بَكْرٍ، عُمَرُ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت عبداللہ بن سلمہ ﷺ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت علی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا، آپ فرما رہے تھے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے

الحديث رقم ٢٠: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: السنة، باب: فى التفضيل، ٤/٢٠٦، الرقم: ٤٦٢٨، وابن أبى عاصم فى السنة، ٢/١٥٤٠، والخلال في السنة، ٢/٣٨٦، الرقم: ٥٤٩، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ١٠/١٣٨۔

الحديث رقم ٢١: أخرجه ابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فضل عمر، ١/٣٩، الرقم: ١٠٦، وأبونعيم فى حلية الأولياء، ٧/١٩٩، ٢٠٠، والخطيب البغدادي فى تاريخ بغداد، ٥/٢١٣، الرقم: ٣٦٨٦۔

Marfat.com

افضل حضرت ابوبکر ﷺ ہیں اور حضرت ابوبکر ﷺ کے بعد سب سے افضل حضرت عمر ﷺ ہیں۔"

اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٧٥٥/٢٢۔ عَنْ جَابِرٍ ﷺ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِي بَيْتٍ فِي نَفَرٍ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ فِيْهِمْ أَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ ﷺ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لِيَنْهَضْ كُلُّ رَجُلٍ إِلَى كَفْئِهِ. وَنَهَضَ النَّبِيُّ ﷺ إِلَى عُثْمَانَ، فَاعْتَنَقَهُ قَالَ: أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَأَنْتَ وَلِيِّي فِي الْأَخِرَةِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَبُوْ يَعْلَى.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

"حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دفعہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مہاجرین کے ایک گروہ کے ساتھ ایک گھر میں تھے اور اس گروہ میں حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت سعد بن ابی وقاص ﷺ بھی تھے تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کہ ہر آدمی اپنے کفو کی طرف کھڑا ہوجائے اور خود حضور نبی اکرم ﷺ حضرت عثمان کی طرف کھڑے ہوگئے اور انہیں اپنے گلے لگایا اور فرمایا: اے عثمان! تو دنیا و آخرت میں میرا دوست ہے۔"

اس حدیث کو امام حاکم اور ابو یعلی نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٧٥٦/٢٣۔ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أَبْعَثَ إِلَى الْآفَاقِ رِجَالًا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السُّنَنَ

الحديث رقم ٢٢: أخرجه الحكم في المستدرك، ٣/١٠٤، الرقم: ٤٥٣٦، وأبو يعلى في المسند، ٤/٤٤، الرقم: ٢٠٥١، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ١/ ٥٢٤، الرقم: ٨٦٨، والمناوي في فيض القدير، ٤/٣٠٢۔

الحديث رقم ٢٣: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ١/٧٨، الرقم:٤٤٤٨۔

Marfat.com

وَالْفَرَائِضَ كَمَا بَعَثَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ عليه السلام الْحَوَارِيِّيْنَ قِيْلَ لَهُ: فَأَيْنَ أَنْتَ مِنْ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ؟ قَالَ: إِنَّهُ لَا غِنَى بِي عَنْهُمَا، إِنَّهُمَا مِنَ الدِّيْنِ كَالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے ارادہ کیا ہے کہ تمام آفاق (آس پاس کے علاقہ جات) میں کچھ لوگ بھیجوں جو لوگوں کو سنن و فرائض سکھائیں، جس طرح عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے اپنے حواریوں کو بھیجا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا (حضرت) ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں کیا خیال ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیشک (دینِ اسلام کی ترویج کے لئے) میرے ساتھ ساتھ اُن دونوں کا وجود بھی ناگزیر ہے۔ یقیناً یہ دونوں دین میں سمع و بصر (یعنی کان اور آنکھ) کا درجہ رکھتے ہیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٤/٧٥٧۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: مَشَيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم إِلَى امْرَأَةٍ فَذَبَحَتْ لَنَا شَاةً فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: لَيَدْخُلَنَّ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَدَخَلَ أَبُوْبَكْرٍ رضي الله عنه ثُمَّ قَالَ: لَيَدْخُلَنَّ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَدَخَلَ عُمَرُ رضي الله عنه ثُمَّ قَالَ: لَيَدْخُلَنَّ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، اَللّٰهُمَّ، إِنْ شِئْتَ فَاجْعَلْهُ عَلِيًّا، قَالَ: فَدَخَلَ عَلِيٌّ رضي الله عنه. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک صحابیہ کے گھر گئے ،اس نے ہمارے لیے بکری ذبح کی۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (ابھی یہاں) اہلِ جنت میں سے ایک شخص داخل ہوگا ،پس تھوڑی دیر بعد حضرت ابوبکر

الحديث رقم ٢٤: أخرجه الحاكم فی المستدرك، ٣/١٤٦، الرقم: ٤٦٦١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٣٣١، الرقم: ١٤٥٩٠، والطيالسی فی المسند، ١/٢٣٤، الرقم: ١٦٧٤، وابن أبي شيبة فی المصنف، ٦/٣٥١، الرقم: ٣١٩٥٢، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٨/٤١، الرقم:٧٨٩٧۔

Marfat.com

ﷺ داخل ہوئے پھر آپ ﷺ نے فرمایا: (ابھی) اہلِ جنت میں سے ایک اور شخص داخل ہوگا پس تھوڑی دیر بعد حضرت عمر ﷺ داخل ہوئے پھر آپ ﷺ نے فرمایا: (ابھی) اہلِ جنت میں سے ایک اور شخص تمہارے پاس آئے گا (آپ ﷺ نے یہ دعا بھی فرمائی کہ) اے اللہ! اگر تیری رضا ہے تو آنے والا علی ﷺ ہو، راوی بیان کرتے ہیں کہ پھر حضرت علی ﷺ داخل ہوئے۔''

اس حدیث کو امام حاکم اور احمد نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

٧٥٨ / ٢٥۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: كُنَّا نَعُدُّ وَرَسُوْلُ اللهِ ﷺ حَيٌّ وَأَصْحَابُهُ مُتَوَافِرُوْنَ أَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ ثُمَّ نَسْكُتُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُوْيَعْلَى وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ کی ظاہری حیاتِ طیبہ میں جبکہ آپ ﷺ کے صحابہ کرام ﷺ کافی تعداد میں تھے ہم اس طرح شمار کیا کرتے تھے۔ ''حضرت ابوبکر ﷺ، حضرت عمر ﷺ اور حضرت عثمان ﷺ اور پھر خاموش ہو جاتے تھے۔''

اس حدیث کو امام احمد، ابن ابی شیبہ، ابویعلی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٧٥٩ / ٢٦۔ عَنِ الشَّعَبِيِّ قَالَ: حُبُّ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ وَمَعْرِفَةُ فَضْلِهِمَا مِنَ السُّنَّةِ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت شعبی ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی محبت اور ان کے فضائل کی معرفت سنت ہے۔'' اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٥: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٢ / ١٤، الرقم: ٤٦٢٦، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٦ / ٣٤٩، الرقم: ٣١٩٣٦، وأبويعلى فى المسند، ١٠ / ١٦١، الرقم: ٥٧٨٤، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٢ / ٣٤٥، الرقم: ١٣٣٠١.

الحديث رقم ٢٦: أخرجه ابن أبى شيبة فى المصنف، ٦ / ٣٤٩، الرقم: ٣١٩٣٧.

Marfat.com

٢٧/٧٦٠۔ عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه قَالَ: قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَنْ يُؤَمَّرُ بَعْدَکَ؟ قَالَ: إِنْ تُؤَمِّرُوْا أَبَابَکْرٍ تَجِدُوْهُ أَمِيْنًا زَاهِدًا فِي الدُّنْيَا رَاغِبًا فِي الْآخِرَةِ وَإِنْ تُؤَمِّرُوْا عُمَرَ تَجِدُوْهُ قَوِيًّا أَمِيْنًا، لَا يَخَافُ فِي اللهِ تَعَالَى لَوْمَةَ لَائِمٍ، وَإِنْ تُؤَمِّرُوْا عَلِيًّا تَجِدُوْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا يَأْخُذُ بِکُمُ الطَّرِيْقَ الْمُسْتَقِيْمَ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاکِمُ.

''حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! آپ کے بعد کسے امیر بنایا جائے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تم ابوبکر کو امیر بناؤ گے تو تم اُنہیں امانت دار، دنیا سے کنارہ کشی اختیار کرنے والا اور آخرت سے رغبت رکھنے والا پاؤ گے اور اگر عمر کو امیر بناؤ گے تو انہیں ایسا قوی اور امین پاؤ گے جسے اللہ تعالیٰ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کا کوئی خوف نہیں ہے اور اگر تم علی رضی اللہ عنہ کو امیر بناؤ گے تو انہیں ہدایت یافتہ اور ہدایت دینے والا پاؤ گے جو تمہیں سیدھے راستے پر چلائے گا۔''

اس حدیث کو امام احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٢٨/٧٦١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذَاتَ غَدَاةٍ بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ فَقَالَ: رَأَيْتُ قُبَيْلَ الْفَجْرِ کَأَنِّي أُعْطِيْتُ الْمَقَالِيْدَ وَالْمَوَازِيْنَ. فَأَمَّا الْمَقَالِيْدُ، فَهٰذِهِ الْمَفَاتِيْحُ، وَأَمَّا الْمَوَازِيْنُ، فَهِيَ الَّتِي تَزِنُوْنَ بِهَا، فَوُضِعْتُ فِي کِفَّةٍ وَوُضِعَتْ أُمَّتِي فِي کِفَّةٍ فَوُزِنْتُ بِهِمْ، فَرَجَحْتُ. ثُمَّ جِيءَ بِأَبِي بَکْرٍ، فَوُزِنَ بِهِمْ، فَوَزَنَ ثُمَّ

الحديث رقم ٢٧: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١/١٠٨، الرقم: ٨٥٩، والحاكم فى المستدرك، ٣/٧٣، الرقم: ٤٤٣٤، والبزار فى المسند، ٣/٣٣، الرقم:٧٨٣، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٢/٨٦، الرقم: ٤٦٣۔

الحديث رقم ٢٨: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٢/٧٦، الرقم: ٥٤٦٩، وابن أبى شيبة في المصنف، ٦/٣٥٢، الرقم: ٣١٩٦٠، ٦/١٧٦، الرقم: ٣٠٤٨٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٥٨۔

Marfat.com

جِيءَ بِعُمَرَ، فَوُزِنَ بِهِمْ، فَوَزَنَ، ثُمَّ جِيءَ بِعُثْمَانَ فَوُزِنَ بِهِمْ، ثُمَّ رُفِعَتْ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک دن سورج طلوع ہونے کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ ہماری طرف تشریف لائے اور فرمایا: میں نے فجر سے تھوڑا پہلے خواب میں دیکھا گویا مجھے چابیاں اور ترازو عطاء کیے گئے۔ مقالید تو یہ چابیاں ہیں اور ترازو وہ ہیں جن کے ساتھ تم وزن کرتے ہو۔ پس مجھے ایک پلڑے میں رکھا گیا اور میری امت کو دوسرے پلڑے میں پھر وزن کیا گیا تو میرا پلڑا بھاری تھا۔ پھر ابو بکر صدیق کو لایا گیا پس ان کا وزن میری امت کے ساتھ کیا گیا تو ان کا پلڑا بھاری تھا۔ پھر عمر کو لایا گیا اور ان کا وزن میری امت کے ساتھ کیا گیا تو ان کا پلڑا بھاری تھا۔ پھر عثمان کو لایا گیا اور ان کا وزن میری امت کے ساتھ کیا گیا پھر وہ پلڑا اٹھا لیا گیا۔'' اس حدیث کو امام احمد اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٢٩/٧٦٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: ثَلَاثَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ أَصْبَحُ قُرَيْشٍ وَجُوْهًا، وَأَحْسَنُهَا أَخْلَاقًا، وَأَثْبَتُهَا حَيَاءً، إِنْ حَدَّثُوْكَ لَمْ يَكْذِبُوْكَ، وَإِنْ حَدَّثْتَهُمْ لَمْ يُكَذِّبُوْكَ: أَبُوْبَكْرٍ الصِّدِّيْقُ وَأَبُوْعُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رضي الله عنهم. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا: قریش میں سے تین افراد ایسے ہیں جو سب سے زیادہ روشن چہرے والے، سب سے زیادہ حسنِ اخلاق کے حامل اور حیاء کے اعتبار سے سب سے زیادہ ثابت قدم ہیں۔ اگر وہ تمہارے ساتھ بات کریں تو جھوٹ نہیں بولیں گے اور اگر تم اُن کے ساتھ بات کرو گے تو تمہیں نہیں جھٹلائیں گے، وہ حضرت ابوبکر، حضرت ابوعبیدہ بن جراح اور حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہم ہیں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٩: أخرجه الطبرانى في المعجم الكبير، ١/٥٦، الرقم: ١٦، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ١/٥٦.

Marfat.com

٧٦٣ / ٣٠۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اقْتَدُوْا بِالَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِي أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میرے بعد ابوبکر اور عمر کی پیروی اور اقتداء کرنا۔''

اس حدیث کو امام طبرانی، بیہقی اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

٧٦٤ / ٣١۔ عَنْ عَصْمَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَدِمَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ بِإِبِلٍ لَهُ. فَلَقِيَهُ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَاشْتَرَاهَا مِنْهُ، فَلَقِيَهُ عَلِيٌّ فَقَالَ: مَا أَقْدَمَكَ قَالَ: قَدِمْتُ بِإِبِلٍ فَاشْتَرَاهَا رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ فَنَقْدُكَ قَالَ: لَا وَلَكِنْ بِعْتُهَا مِنْهُ بِتَأْخِيْرٍ فَقَالَ عَلِيٌّ: ارْجِعْ فَقُلْ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنْ حَدَثَ بِكَ حَدَثٌ مَنْ يَقْضِيْنِي مَالِي؟ وَانْظُرْ مَا يَقُوْلُ لَكَ، فَارْجِعْ إِلَيَّ حَتَّى تُعَلِّمَنِي، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنْ حَدَثَ بِكَ حَدَثٌ فَمَنْ يَقْضِيْنِي قَالَ: أَبُوْبَكْرٍ فَأَعْلَمَ عَلِيًّا، فَقَالَ لَهُ: ارْجِعْ اسْأَلْهُ إِنْ حَدَثَ بِأَبِي بَكْرٍ حَدَثٌ فَمَنْ يَقْضِيْنِي فَسَأَلَهُ فَقَالَ: عُمَرُ فَجَاءَ فَأَعْلَمَ عَلِيًّا فَقَالَ لَهُ: ارْجِعْ فَسَلْهُ: إِذَا مَاتَ عُمَرُ فَمَنْ يَقْضِيْنِي؟ فَجَاءَ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: وَيْحَكَ إِذَا مَاتَ عُمَرُ، فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَمُوْتَ فَمُتْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عصمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مدینہ منورہ کے دیہاتیوں میں سے ایک دیہاتی اونٹ لے کر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے وہ

الحديث رقم ٣٠: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٤ / ١٤٠، الرقم: ٣٨١٦، والبيهقي في السنن الكبرى، ٨ / ١٥٣، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٩ / ١٠٩.

الحديث رقم ٣١: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٧ / ١٨٠، الرقم: ٤٧٨، والحسيني في البيان والتعريف، ٢ / ٢٦٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٥ / ١٧٩، والمناوي في فيض القدير، ٦ / ٣٦٦.

Marfat.com

اونٹ خرید لیا، پس اس کے بعد وہ حضرت علی ﷺ کو ملا تو انہوں نے اس سے دریافت کیا کہ تو کس لئے آیا تھا؟ اس نے جواب دیا کہ میں ایک اونٹ لے کر آیا تھا جو کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے خرید لیا ہے۔ حضرت علی ﷺ نے دریافت فرمایا: کیا تو نے نقد رقم کے بدلے میں اسے کو فروخت کیا ہے؟ اس نے کہا۔ نہیں، بلکہ میں نے اسے ادھار رقم پر فروخت کیا ہے۔ حضرت علی ﷺ نے اس سے کہا: واپس جاؤ اور آپ ﷺ سے دریافت کرو کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وسلم! اگر آپ کو کچھ ہو جائے تو میرا مال مجھے کون دے گا اس کے بعد آپ ﷺ جو جواب دیں وہ واپس آ کر مجھے بتانا۔ وہ شخص واپس گیا اور حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وسلم! اگر آپ کو کچھ ہو جائے تو میری رقم مجھے کون ادا کرے گا آپ ﷺ نے فرمایا: ابو بکر، وہ شخص واپس حضرت علی ﷺ کے پاس آیا اور حضور نبی اکرم ﷺ کا جواب بتایا، حضرت علی ﷺ نے اس سے کہا کہ واپس جاؤ اور آپ ﷺ سے عرض کرو کہ اگر حضرت ابوبکر ﷺ کو کچھ ہو جائے تو پھر کون مجھے میرا مال دے گا پس اس شخص نے واپس جا کر آپ ﷺ سے پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: عمر، وہ شخص واپس آیا اور حضرت علی ﷺ کو آپ ﷺ کا جواب بتایا حضرت علی ﷺ نے اس سے کہا کہ واپس جاؤ اور آپ ﷺ سے پھر پوچھو کہ اگر حضرت عمر ﷺ فوت ہو جائیں تو پھر کون مجھے میرا مال دے گا، اس نے جا کر حضور نبی اکرم ﷺ سے سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تجھے کیا ہو گیا ہے جب عمر فوت ہو جائے تو پھر تم بھی مرنے کی استطاعت رکھتے ہو تو مر جانا۔"

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٧٦٥ / ٣٢۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَرْحَمُ أُمَّتِي أَبُوْبَكْرٍ، وَأَشَدُّهُمْ فِي اللهِ عُمَرُ، وَأَكْرَمُ حَيَاءً عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، وَأَقْضَاهُمْ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ.

"حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سب سے زیادہ رحم دل ابوبکر ہیں اور اللہ تعالیٰ کے دین کے معاملے میں سب سے زیادہ سخت عمر ہیں اور سب سے حیادار عثمان بن عفان ہیں اور سب سے بہتر فیصلہ کرنے والے علی ہیں۔" اس حدیث کو امام ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٢: أخرجه ابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٤١ / ٦٤۔

Marfat.com

اَلْبَابُ الرَّابِعُ عَشَرَ:

مَنَاقِبُ الْمُهَاجِرِيْنَ رضی اللہ عنہم

﴿ مہاجرین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مناقب ﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ: لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ

﴿فرمانِ رسول ﷺ: اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار میں سے ایک فرد ہوتا﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي دُعَاءِ النَّبِيِّ ﷺ لِلْمُهَاجِرِيْنَ رضی اللہ عنہم

﴿حضور نبی اکرم ﷺ کا مہاجرین رضی اللہ عنہم کے لئے دعا فرمانے کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِيْمَا جَاءَ فِي فَضْلِ الْمُهَاجِرِيْنَ رضی اللہ عنہم

﴿فضیلتِ مہاجرین رضی اللہ عنہم کا بیان﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ الْمُهَاجِرِيْنَ رضی اللہ عنہم

﴿مہاجرین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جامع مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ: لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ

﴿فرمانِ رسول ﷺ: اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار میں سے ایک فرد ہوتا﴾

٧٦٦/١۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَيْدٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت عبداللہ بن زید اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما، حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر ہجرت (کی فضیلت) نہ ہوتی تو میں انصار کا ایک فرد ہوتا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے اور یہ الفاظ امام بخاری کے ہیں۔

٧٦٧/٢۔ عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَلِأَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِأَزْوَاجِ الْأَنْصَارِ، وَلِذَرَارِيِّ الْأَنْصَارِ كَرِشِي وَعَيْبَتِي،

الحديث رقم ١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: التمنى، باب: مايجوز من اللو، ٦/٢٦٤٦، الرقم: ٦٨١٧-٦٨١٨، وفي كتاب: المناقب، باب: هجرة النبي ﷺ وأصحابه إلى المدينة، ٣/١٤١٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: بإعطاء المؤلفة قلوبهم على الإسلام، ٢/٧٣٨، الرقم: ١٠٦١، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في فضل الأنصار و قريش، ٥/٧١٢، الرقم: ٣٨٩٩، وقال: هذا حديث حسن، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل الأنصار، ١/٥٨، الرقم: ١٦٤، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٨٥، الرقم: ٨٣١٩، والشافعي في المسند، ١/٢٨٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٣١٥، الرقم: ٨١٥٤، ٩٢٩٨، ٩٣٥٣، وابن حبان في الصحيح، ١٦/٢٥٩، الرقم: ٧٢٦٩.

الحديث رقم ٢: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٥٦، الرقم: ١٢٦١٦، ٣/٢١٦، الرقم: ١٣٢٩١، وفي فضائل الصحابة، ٢/٧٩٨، الرقم: ١٤١٠، والطبراني في المعجم الصغير، ١/٢٢١، الرقم: ٣٥٤.

Marfat.com

وَلَوْ أَنَّ النَّاسَ أَخَذُوْا شِعْبًا وَأَخَذَتِ الْأَنْصَارُ شِعْبًا لَأَخَذْتُ شِعْبَ الأَنْصَارِ، وَلَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! انصار، اور انصار کے بیٹوں، اور انصار کی بیویوں اور انصار کی ذریّت، وہ انصار جو میرے مخلص دوست اور ہم راز ہیں۔ ان کی مغفرت فرما اور اگر لوگ کسی ایک گھاٹی کی طرف چلتے اور انصار کسی اور گھاٹی کی طرف چلتے تو میں انصار کی گھاٹی کی طرف چلتا اور اگر ہجرت (کی فضیلت) نہ ہوتی تو میں انصار میں سے ہی ایک شخص ہوتا۔''

اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٣/٧٦٨۔ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ ﷺ في رواية طويلة: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، قَدْ بَلَغَنِي مِنْ حَدِيْثِكُمْ فِي هَذِهِ الْمَغَانِمِ الَّتِي آثَرْتُ بِهَا أُنَاسًا أُتَالِفُهُمْ عَلَى الْإِسْلَامِ. لَعَلَّهُمْ أَنْ يَشْهَدُوْا بَعْدَ الْيَوْمِ، وَقَدْ أَدْخَلَ اللهُ قُلُوْبَهُمُ الْإِسْلَامَ، ثُمَّ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَمْ يَمُنَّ اللهُ عَلَيْكُمْ بِالْإِيْمَانِ، وَخَصَّكُمْ بِالْكَرَامَةِ، وَسَمَّاكُمْ بِأَحْسَنِ الْأَسْمَاءِ أَنْصَارَ اللهِ وَأَنْصَارَ رَسُوْلِهِ؟ وَلَوْلاَ الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَلَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا وَسَلَكْتُمْ وَادِيًا لَسَلَكْتُ وَادِيْكُمْ أَفَلاَ تَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِهَذِهِ الْغَنَائِمِ: الشَّاةَ وَالنَّعَمَ وَالْبَعِيْرَ، وَتَذْهَبُوْنَ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ فَلَمَّا سَمِعَتِ الْأَنْصَارُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالُوْا: رَضِيْنَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت سائب بن یزید ﷺ ایک طویل روایت میں بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جماعتِ انصار! مجھے اموالِ غنیمت (کی تقسیم) کے بارے میں

الحديث رقم ٣: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٧/١٥١، الرقم: ٦٦٦٥، و الهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٣٠.

Marfat.com

تمہاری بات پہنچی ہے وہ اموالِ غنیمت جنہیں میں نے ان لوگوں کے لئے ترجیح دیا ہے جن کی اسلام کے لئے میں تالیفِ قلب کرنا چاہتا ہوں، شاید وہ آج کے دن کے بعد کامل یقین کے ساتھ کلمۂ شہادت پڑھ لیں اور اللہ تعالیٰ ان کے دلوں میں اسلام (کی حقانیت) ڈال دے۔ پھر آپ ﷺ نے (مزید) فرمایا: اے جماعتِ انصار! کیا اللہ تعالیٰ نے تمہیں دولتِ ایمان دے کر تم پر احسان نہیں فرمایا؟ اور تمہیں بزرگی اور کرامت سے نہیں نوازا؟ اور تمہارا نام بہترین نام انصار اللہ اور انصارِ رسول اللہ ﷺ رکھا اور اگر ہجرت (کی اپنی فضیلت) نہ ہوتی تو میں بھی انصار کا ایک فرد ہوتا اور اگر تمام لوگ ایک وادی کی طرف چلیں اور انصار دوسرے وادی کی طرف چلیں تو میں تمہاری وادی کی طرف چلوں گا۔ کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ لوگ اپنے ساتھ بکریاں، بھیڑیں اور اونٹ لے کر جائیں اور تم رسول اللہ ﷺ کو لے کر جاؤ، جب انصار نے حضور نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان سنا تو عرض کیا: ہم راضی ہیں۔''

اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقات ہیں۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي دُعَاءِ النَّبِيِّ ﷺ لِلْمُهَاجِرِيْنَ رضي الله عنهم

﴿حضور نبی اکرم ﷺ کا مہاجرین رضی اللہ عنہم کے لئے دعا فرمانے کا بیان﴾

٧٦٩/٤۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشَ الْآخِرَةِ فَأَصْلِحِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ.

وفي رواية: فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَة.

وفي رواية: فَأَكْرِمِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَة.

وفي رواية: اَللّٰهُمَّ إِنَّ الْخَيْرَ خَيْرُ الْآخِرَة، فَأَصْلِحِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَة. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! زندگی تو بس آخرت ہی کی زندگی ہے، سوتو انصار، اور مہاجرین کی اصلاح فرما۔

اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا: پس تو انصار، اور مہاجرین کی مغفرت فرما۔

اور ایک روایت میں ہے: پس تو انصار اور مہاجرین کو عزت عطا فرما۔

اور ایک روایت میں ہے: یا اللہ! بھلائی تو صرف آخرت کی بھلائی ہے، سوتو انصار

الحديث رقم ٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: دعاء النبي ﷺ أصلح الأنصار والمهاجرة، ٣/١٣٨١، الرقم: ٣٥٨٤، ومسلم في الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: غزوة الأحزاب وهي الخندق، ٣/١٤٣١، الرقم: ١٨٠٤-١٨٠٥، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في مناقب أبي موسى الأشعري رضي الله عنه، ٥/٦٩٤، الرقم: ٣٨٥٧، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٨٤، الرقم: ٨٣١٣-٨٣١٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٧٢، الرقم: ١٢٧٨٠، ١٣٩٥١، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٤٠١، الرقم: ٣٢٣٧٩-

Marfat.com

اور مہاجرین کو فلاح و بھلائی عطا فرما۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٧٧٠ / ٥۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: جَعَلَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْأَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ حَوْلَ الْمَدِيْنَةِ وَيَنْقُلُوْنَ التُّرَابَ عَلَى مُتُوْنِهِمْ وَيَقُوْلُوْنَ:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا عَلَى الإِسْلَامِ مَا بَقِيْنَا أَبَدَا

وَالنَّبِيُّ ﷺ يُجِيْبُهُمْ وَيَقُوْلُ:

اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ لَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الْآخِرَة فَبَارِكْ فِي الْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَة

وفي رواية: عَنْ سَهْلٍ ﷺ قَالَ: جَاءَنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَنَحْنُ نَحْفِرُ الْخَنْدَقَ وَنَنْقُلُ التُّرَابَ عَلَى أَكْتَادِنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَللّٰهُمَّ، لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَةِ فَاغْفِرْ لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ مہاجرین اور انصار صحابہ مدینہ منورہ کے گرد خندق کھودنے میں مصروف تھے اور اپنی پشتوں پر مٹی (کے ٹوکرے) لادے لے جاتے ہوئے یہ شعر پڑھتے تھے: ''بک گئے ہیں ہم محمد مصطفیٰ ﷺ کے ہاتھ پر، اور وقف ہے یہ زندگی ان کی غلامی کے لئے۔'' یہ سماعت فرما کر حضور نبی اکرم ﷺ کی زبان مبارک پر اپنے پروانوں کے

الحديث رقم ٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: حفر الخندق، ٣/١٠٤٣، الرقم: ٢٦٧٩–٢٦٨٠، وفي كتاب: المناقب، باب: دعاء النبي ﷺ أصلح الأنصار والمهاجرة، ٣/١٣٨١، الرقم: ٣٥٨٥، وفي كتاب: المغازي، باب: غزوة الخندق وهي الأحزاب، ٤/١٥٠٤، الرقم: ٣٨٧٢–٣٨٧٤، وفي كتاب: الأحكام، باب: كيف يبايع الإمام الناس، ٦/٢٦٣٣، الرقم: ٦٧٧٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: غزوة الأحزاب وهي الخندق، ٣/١٤٣١، الرقم: ١٨٠٤، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب أبي موسى الأشعرى ﷺ، ٥/٦٩٣، الرقم: ٣٨٥٦، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٨٥، الرقم: ٨٣١٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٨٧، ٢٠٥، الرقم: ١٢٩٧٤، ١٣١٤٩۔

Marfat.com

لئے جواباً یہ الفاظ جاری ہو جاتے: ''یا اللہ! اصل بھلائی (وکامیابی) تو آخرت کی (زندگی میں بھلائی وکامیابی) ہے، پس انصار ومہاجرین میں برکت عطا فرما۔''

ایک اور روایت میں حضرت سہل ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ ہماری طرف تشریف لائے جبکہ ہم خندق کھود رہے تھے اور اپنے کندھوں پر مٹی اٹھا کر منتقل کر رہے تھے تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یا اللہ! اصل زندگی تو آخرت کی زندگی ہے پس تو (اس زندگی میں سرخرو ہونے کے لئے) انصار ومہاجرین کی مغفرت فرما۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٦/٧٧١۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: كَانُوْا يَرْتَجِزُوْنَ وَرَسُوْلُ اللهِ ﷺ مَعَهُمْ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ:

اَللّٰهُمَّ لَاخَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الْآخِرَة فَانْصُرِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَة.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ انصار ومہاجرین (خندق کھودتے وقت) رجزیہ اشعار پڑھ رہے تھے اور حضور نبی اکرم ﷺ بھی ان کے ساتھ (رجزیہ اشعار پڑھنے میں شریک) تھے۔ اور آپ ﷺ یہ فرما رہے تھے: یا اللہ! اصل بھلائی تو آخرت کی بھلائی ہے، پس تو انصار ومہاجرین کی مدد فرما۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ مسلم کے ہیں۔

الحديث رقم ٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: مقدم النبي ﷺ المدينة، ٣/١٤٣٠، الرقم: ٣٧١٧، ومسلم في الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: غزوة الأحزاب وهي الخندق، ٣/٤٣١، الرقم: ١٨٠٥، وفي كتاب: المساجد ومواضع الصلاة، باب: ابتناء مسجد النبي ﷺ، ١/٣٧٣، الرقم: ٥٢٤، وأبو داود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: في بناء المساجد، ١/١٢٣، الرقم: ٤٥٣، والنسائي في االسنن، كتاب: المساجد، باب: نبش القبور واتخاذ أرضها مسجدًا، ٢/٣٩، الرقم: ٧٠٢، وفي السنن الكبرى، ١/٢٥٩، الرقم: ٧٨١، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٢١١، الرقم: ١٣٢٣١، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/٤٣٨، الرقم: ٤٠٩٣، وأبو عوانة في المسند، ١/٣٣٢، الرقم: ١١٧٧۔

Marfat.com

٧/٧٧٢۔ عَنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَللّٰهُمَّ، أَمْضِ لِأَصْحَابِي هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلَى أَعْقَابِهِمْ .....الحديث.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یا اللہ! میرے اصحاب کی ہجرت قبول فرما اور انہیں ان کی ایڑیوں پر (یعنی کفر و جہالت کی طرف) واپس نہ لوٹانا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

الحديث رقم ٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: قول النبي ﷺ: اللهم أمض لأصحابي هجرتهم، ٣/١٤٣١، الرقم: ٣٧٢١، و في كتاب: المغازي، باب: حجة الوداع، ٤/١٦٠٠، الرقم: ٤١٤٧، ومسلم في الصحيح، كتاب: الوصية، باب: الوصية بالثلث، ٣/١٢٥٠، الرقم: ١٦٢٨، والترمذي في السنن، كتاب: الوصايا عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في الوصية بالثلث، ٤/٤٣٠، الرقم: ٢١١٦، و أبوداود في السنن، كتاب: الوصايا، باب: ماجاء في ما لا يجوز للموصي في ماله، ٣/١١٢، الرقم: ٢٨٦٤، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٢٦٨، الرقم: ١٠٩٢٩، و في عمل اليوم والليلة، ١/٥٨٧، الرقم: ١٠٩٠، و مالك في الموطأ، كتاب: الوصية، باب: الوصية في الثلث لا تتعدى، ٢/٧٦٣، الرقم: ١٤٥٦، و أحمد بن حنبل في المسند، ١/١٧٩، الرقم: ١٥٤٦، و عبد الرزاق في المصنف، ٩/٦٤، وابن حبان في الصحيح، ١٠/٦٠، الرقم: ٤٢٤٩۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِيْمَا جَاءَ فِي فَضْلِ الْمُهَاجِرِيْنَ ﷺ

﴿فضیلتِ مہاجرین ﷺ کا بیان﴾

٨/٧٧٣۔ عَنِ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ ﷺ قَالَ: قَالَ عُمَرُ ﷺ أُوْصِي الْخَلِيْفَةَ بِالْمُهَاجِرِيْنَ الْأَوَّلِيْنَ أَنْ يَعْرِفَ لَهُمْ حَقَّهُمْ (و في رواية زاد: وَأَنْ يَحْفَظَ لَهُمْ حُرْمَتَهُمْ)، وَأُوْصِي الْخَلِيْفَةَ بِالْأَنْصَارِ ﴿الَّذِيْنَ تَبَوَّءُوْا الدَّارَ وَالإِيْمَانَ﴾ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُهَاجِرَ النَّبِيُّ ﷺ أَنْ يَقْبَلَ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَيَعْفُوَ عَنْ مُسِيْئِهِمْ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عمرو بن میمون ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر ﷺ نے فرمایا: میں (آئندہ) خلیفہ کے لئے وصیت کرتا ہوں کہ وہ مہاجرینِ اولین کا حق پہنچانے (اور ایک روایت میں ہے کہ ان کی حرمتوں کی حفاظت کرے) اور خلیفہ کو انصار کے بارے میں بھی وصیت کرتا ہوں (جنہوں نے ان (مہاجرین) سے پہلے ہی شہر مدینہ اور ایمان کو گھر بنا لیا تھا حالانکہ حضور نبی اکرم ﷺ ہجرت کر کے ابھی یہاں تشریف بھی نہیں لائے تھے، پس اسے چاہیے کہ وہ ان کے نیکو کاروں کی نیکیاں قبول کرے اور ان کے قصورواروں سے درگزر کرے۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٩/٧٧٤۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ:

الحديث رقم ٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: تفسير القرآن، باب: والذين تبوء الدار والإيمان، ٤/١٨٥٤، الرقم: ٤٦٠٦، وفي كتاب: الجنائز، باب: ماجاء في قبر النبي ﷺ و أبي بكر و عمر، ١/٤٦٩، الرقم: ١٣٢٨، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٤٣٦، الرقم: ٣٧٠٥٩، والخلال في السنة، ١/١١٦، الرقم: ٦٢، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٤/٣٣٨، والشوكاني في نيل الأوطار، ٦/١٥٩۔

الحديث رقم ٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: هجرة النبي ﷺ ←

Marfat.com

كَانَ فَرَضَ لِلْمُهَاجِرِيْنَ الْأَوَّلِيْنَ أَرْبَعَةَ آلَافٍ فِي أَرْبَعةٍ وَفَرَضَ لِابْنِ عُمَرَ ثَلَاثَةَ آلَافٍ وَخَمْسَ مِائَةٍ فَقِيْلَ لَهُ: هُوَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ فَلِمَ نَقَصْتَهُ مِنْ أَرْبَعَةِ آلَافٍ؟ فَقَالَ: إِنَّمَا هَاجَرَ بِهِ أَبَوَاهُ يَقُوْلُ لَيْسَ هُوَ كَمَنْ هَاجَرَ بِنَفْسِهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے کہ حضرت عمر بن الخطاب ﷺ نے سب سے پہلے ہجرت کرنے والوں کا چار ہزار درہم سالانہ وظیفہ چار قسطوں میں مقرر فرمایا اور حضرت عبداللہ بن عمر (یعنی اپنے بیٹے) کا ساڑھے تین ہزار درہم سالانہ وظیفہ مقرر فرمایا۔ ان سے کہا گیا: یہ (عبد اللہ بن عمر) بھی تو مہاجرین میں سے ہیں پھر آپ نے ان کا وظیفہ چار ہزار درہم سالانہ سے کیوں گھٹایا ہے؟ انہوں نے فرمایا: اس کے والدین اسے اپنے ساتھ ہجرت پر لے کر گئے تھے کہ یہ خود ہجرت پر گیا تھا (اس لیے اس کا وظیفہ دوسروں کی نسبت کم ہے)۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٧٧٥/١٠۔ عَنِ أَبِي سَعِيْدٍ ﷺ قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَسَأَلَهُ عَنِ الْهِجْرَةِ، فَقَالَ: وَيْحَكَ إِنَّ الْهِجْرَةَ شَأْنُهَا شَدِيْدٌ، فَهَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَتُعْطِي صَدَقَتَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَهَلْ تَمْنَحُ مِنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَتَحْلُبُهَا يَوْمَ وُرُوْدِهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاعْمَلْ مِنْ

..... وأصحابه إلى المدينة، ٣/١٤٢٤، الرقم: ٣٧٠٠، والبيهقي في السنن الكبرى، ٦/٣٤٩، الرقم: ١٢٧٧٢، والعسقلاني في فتح الباري، ٧/٢٥٤، وفي الإصابة، ٧/٦٨٠۔

الحديث رقم ١٠: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: هجرة النبي ﷺ وأصحابه إلى المدينة، ٣/١٤٢٧، الرقم: ٣٧٠٨، وفي كتاب: الهبة و فضلها، باب: فضل المنيحة، ٢/٩٢٨، الرقم: ٢٤٩٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٤، الرقم: ١١١٢٠، وابن الجارود في المنتقى، ١/٢٥٧، الرقم: ١٠٢٩، وأبو عوانة في المسند، ٤/٤٣٢، الرقم: ٧٢١٥، والبيهقي في السنن الكبرى، ٩/١٥۔

Marfat.com

وَرَاءِ الْبِحَارِ، فَإِنَّ اللهَ لَنْ يَتْرُكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ وَابْنُ الْجَارُوْدِ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ایک اعرابی حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ ﷺ سے ہجرت کے متعلق پوچھنے لگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تجھ پر افسوس! یہ کام بڑا مشکل ہے۔ پھر فرمایا: کیا تیرے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے عرض کیا: ہاں۔ پھر آپ ﷺ نے اس سے دریافت فرمایا: کیا تو ان کی خیرات دیتا ہے؟ اس نے عرض کیا: ہاں۔ پھر آپ ﷺ نے دریافت فرمایا: کیا ان کے دودھ کی بھی خیرات کرتا ہے؟ اس نے عرض کیا: ہاں، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کیا پانی پلانے کے دن بھی غریبوں میں دودھ بانٹتا ہے؟ اس نے عرض کیا: ہاں، ایسا ہی کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو چاہے سمندر پار جا کر عمل کر لیکن تیری نیکیوں میں سے اللہ تعالیٰ ذرا بھی کمی نہیں فرمائے گا۔ (یعنی حالت امن میں بغیر ہجرت کے بھی تمام اعمالِ صالحہ اور امورِ خیر پر مکمل اجر عطا کیا جاتا ہے۔''

اس حدیث کو امام بخاری، احمد اور ابن جارود نے روایت کیا ہے۔

٧٧٦/١١۔ عَنِ أَبِي بَكْرٍ ﷺ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي الْغَارِ، فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا أَنَا بِأَقْدَامِ الْقَوْمِ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللهِ، لَو أَنَّ بَعْضَهُمْ طَأْطَأَ بَصَرَهُ رَآنَا قَالَ: اسْكُتْ يَا أَبَابَكْرٍ، اثْنَانِ اللهُ ثَالِثُهُمَا.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابوبکر صدیق ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں غار میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا۔ جب میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو کافروں کے قدم نظر آنے لگے۔ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی، اگر انہوں نے (اپنے قدموں کے) نیچے سے جھانکا تو وہ ہمیں دیکھ لیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکر! خاموش رہو کیونکہ ہم دونوں کے ساتھ تیسرا اللہ تعالیٰ ہے۔''

الحديث رقم ١١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: هجرة النبي ﷺ أصحابه إلى المدينة، ٣/١٤٢٧، الرقم: ٣٧٠٧، وفي التاريخ الصغير، ١/٣٢، الرقم: ١٠٨، والعسقلاني في فتح الباري، ٧/١١، والمباركفوري في تحفة الأحوذي، ٨/٣٩٢۔

Marfat.com

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٧٧٧ / ١٢۔ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رضي الله عنهما قَالَ: أَوَّلُ مَنْ قَدِمَ عَلَيْنَا مَصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ وَكَانَا يُقْرِئَانِ النَّاسَ فَقَدِمَ بِلَالٌ وَسَعْدٌ وَعَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ ثُمَّ قَدِمَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِي عِشْرِيْنَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ ثُمَّ قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ فَمَا رَأَيْتُ أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ فَرِحُوْا بِشَيْءٍ فَرَحَهُمْ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ حَتَّى جَعَلَ الإِمَاءُ يَقُلْنَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، فَمَا قَدِمَ حَتَّى قَرَأْتُ: ﴿سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْأَعْلَى﴾ [الأعلى، ٨٧:١]، فِي سُوَرٍ مِنَ الْمُفَصَّلِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِي وَأَحْمَدُ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ سب سے پہلے مدینہ منورہ میں ہمارے پاس جو آئے وہ حضرت مصعب بن عمیر اور حضرت ابن امّ مکتوم تھے اور یہ دونوں احباب لوگوں کو قرآن کریم پڑھاتے تھے پھر حضرت بلال، حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم آئے۔ ان کے بعد حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ آئے جو حضور نبی اکرم ﷺ کے بیس اصحاب کو ساتھ لائے تھے۔ پھر خود حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لائے۔ میں نے اہلِ مدینہ کو اتنی خوشی مناتے ہوئے کبھی نہیں دیکھا جتنی خوشی انہیں حضور نبی اکرم ﷺ کی تشریف آوری سے ہوئی تھی۔ یہاں تک کہ لونڈیاں بھی یہی کہتی تھیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لے آئے ہیں۔ جب آپ ﷺ کی تشریف آوری ہوئی تو میں طوال مفصل کی سورتوں میں سے ﴿سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْأَعْلَى﴾ [الأعلی، ٨٧:١] سورت پڑھ چکا تھا۔'' اس حدیث کو امام بخاری، نسائی، احمد اور ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: مقدم النبي ﷺ وأصحابه إلى المدينة، ٣/١٤٢٨، الرقم: ٣٧١٠، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٥١٣، الرقم: ١١٦٦٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٢٩١، وأبويعلى في المسند، ٣/٢٦٢، الرقم: ١٧١٥.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ الْمُهَاجِرِيْنَ ﷺ

﴿مہاجرین صحابہ کرام ﷺ کے جامع مناقب کا بیان﴾

۱۳/۷۷۸۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: اَلْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ، وَلِكُلِّ امْرِىءٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُوْلِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيْبُهَا، أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت عمر بن خطاب ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اعمال کا دار و مدار نیت پر ہے اور ہر شخص کے لئے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی، پس جس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف ہجرت کی اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ کے لئے شمار ہو گی، اور جس کی ہجرت دنیا حاصل کرنے یا کسی عورت سے شادی

الحديث رقم ۱۳: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: ماجاء أنّ الأعمال بِالنِيّةِ والحِسْبَةِ وَلِكُلِّ امْرِىءٍ مَانَوَى، ۱/۳۰، الرقم: ٥٤، وفي كتاب: العتق، باب: الخطا والنسيان في العتاقة والطلاق و نحوه ولاعتاقه إلا لوجه الله، ۲/۸۹٤، الرقم: ۲۳۹۲، وفى كتاب: المناقب، باب: هجرة النبي ﷺ وأصحابه إلى المدينة، ۳/۱٤۱٦، الرقم: ۳٦۸٥، وفى كتاب: الأيمان والنذور، باب: النية فى الأيمان، ٦/۲٤٦۱، الرقم: ٦۳۱۱، وفى كتاب: الحيل، باب: فى ترك الحيل وأن لكل امرىء مانوى في الأيمان وغيرها، ٦/۲٥٥۱، الرقم: ٦٥٥۳، وفى كتاب: بدْء الوحي، باب: كيف كان بده الوحي، ۱/۳، الرقم: ۱، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الإمارة، باب: قوله إنما الأعمال بالنية وأنه يدخل فيه الغزو وغيره من الأعمال، ۳/۱٥۱٥، الرقم: ۱۹۰۷، والترمذى فى السنن، كتاب: فضائل الجهاد عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فيمن يقاتل ريله وللدنيا، ٤/۱۷۹، الرقم: ۱٦٤۷، وأبو داود فى السنن، كتاب: الطلاق، باب: فيها عني به الطلاق والنيات، ۲/۳٦۲، الرقم: ۲۲۰۱، والنسائى فى السنن، كتاب: الأيمان والنذور، باب: النية في اليمين، ۷/۱۳، الرقم: ۳۷۹٤، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: النية، ۲/۱٤۱۳، الرقم: ٤۲۲۷۔

Marfat.com

کرنے کے لیے ہوئی تو اس کی ہجرت اسی کے لیے ہے جس کی طرف اس نے ہجرت کی۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ امام بخاری کے ہیں۔

٧٧٩ / ١٤۔ عَنْ أَبِي مُوسَى ﷺ قَالَ: بَلَغَنَا مَخْرَجُ النَّبِيِّ ﷺ وَنَحْنُ بِالْيَمَنِ فَرَكِبْنَا سَفِينَةً فَأَلْقَتْنَا سَفِينَتُنَا إِلَى النَّجَاشِيِّ بِالْحَبَشَةِ فَوَافَقْنَا جَعْفَرَ بْنَ أَبِي طَالِبٍ ﷺ فَأَقَمْنَا مَعَهُ حَتَّى قَدِمْنَا فَوَافَقْنَا النَّبِيَّ ﷺ حِينَ افْتَتَحَ خَيْبَرَ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَكُمْ أَنْتُمْ يَا أَهْلَ السَّفِينَةِ هِجْرَتَانِ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت ابوموسیٰ اشعری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ جب ہمیں حضور نبی اکرم ﷺ کے ہجرت فرمانے کی خبر پہنچی تو اس وقت ہم یمن میں تھے، پس ہم ایک کشتی میں سوار ہوئے، اس کشتی نے ہمیں حبشہ میں نجاشی تک پہنچا دیا۔ وہاں ہم نے حضرت جعفر بن ابی طالب ﷺ کی سنگت اختیار کی اور ان کے ساتھ رہنے لگے۔ یہاں تک کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوئے جب آپ ﷺ ہجرت فرما چکے تھے۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: اے کشتی والو! تمہارے لیے دو ہجرتوں کا ثواب ہے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ امام بخاری کے ہیں۔

٧٨٠ / ١٥۔ عَنْ أَبِي مُوسَى ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ

الحديث رقم ١٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: هجرة الحبشة، ٣/١٤٠٧، الرقم: ٣٦٦٣، وفي كتاب: المغازي، باب: غزوة خيبر، ٤/١٥٤٦، الرقم: ٣٩٩٠، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة ﷺ، باب: من فضائل جعفر بن أبي طالب وأسماء بنت عميس وأهل سفينتهم ﷺ، ٤/١٩٤٦، الرقم: ٢٥٠٢، والبزار في المسند، ٤/١٥٦، الرقم: ١٣٢٦، ٨/١٣٨، الرقم: ٣١٤٩، وأبويعلى في المسند، ١٣/٣٠٣، الرقم: ٧٣١٦.

الحديث رقم ١٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: علامات النبوة في الإسلام، ٣/١٣٢٦، الرقم: ٣٤٢٥، وفي كتاب: التعبير، باب: إذا رأى بقرا تنحر، ٦/٢٥٧٩، الرقم: ٦٦٢٩، ومسلم في الصحيح، كتاب: الرؤيا، باب: ←

Marfat.com

أَنِّي أُهَاجِرُ مِنْ مَكَّةَ إِلَى أَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ فَذَهَبَ وَهْلِي أَنَّهَا الْيَمَامَةُ أَوْ هَجَرُ فَإِذَا هِيَ الْمَدِينَةُ يَثْرِبُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوموسیٰ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے خواب دیکھا کہ میں مکّہ مکرمہ سے ایسی زمین کی طرف ہجرت کر رہا ہوں جس میں بکثرت کھجور کے درخت ہیں، مجھے یہ گمان ہوا کہ شاید یہ جگہ یمامہ یا ہجر ہے لیکن وہ مدینہ منورہ نکلا جسے (حضور نبی اکرم ﷺ کی آمد سے قبل) یثرب کہا جاتا تھا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١٦/٧٨١۔ عَنْ أَسْمَاءَ رضي الله عنها أَنَّهَا حَمَلَتْ بِعَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ ﷺ قَالَتْ: فَخَرَجْتُ وَأَنَا مُتِمٌّ فَأَتَيْتُ الْمَدِينَةَ فَنَزَلْتُ بِقُبَاءٍ فَوَلَدْتُهُ بِقُبَاءٍ ثُمَّ أَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ ﷺ فَوَضَعْتُهُ فِي حِجْرِهِ ثُمَّ دَعَا بِتَمْرَةٍ فَمَضَغَهَا ثُمَّ تَفَلَ فِي فِيهِ فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ دَخَلَ جَوْفَهُ رِيقُ رَسُولِ اللهِ ﷺ ثُمَّ حَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ ثُمَّ دَعَا لَهُ وَبَرَّكَ عَلَيْهِ وَكَانَ أَوَّلَ مَوْلُودٍ وُلِدَ فِي الإِسْلَامِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ وہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے حاملہ تھیں (یعنی عبد اللہ بن زبیر ابھی ان کے پیٹ میں تھے) فرماتی ہیں کہ جب میں مکہ سے نکلی تو میں پورے دنوں سے تھی، پھر میں مدینہ منورہ آئی اور قبا میں ٹھہری، اور قبا میں، میں نے عبداللہ (بن زبیر) کو جنم دیا، پھر میں نے انہیں لا کر حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش

..... رؤيا النبي ﷺ، ٤/١٧٧٩، الرقم: ٢٢٧٢، وابن ماجه في السنن، كتاب: تعبير الرؤيا، باب: تعبير الرؤيا، ٢/١٢٩٢، الرقم: ٣٩٢١، وابن حبان في الصحيح، ١٤/١٧٥، الرقم: ٦٢٧٥-٦٢٧٦، وأبويعلى في المسند، ١٣/٢٨٣، الرقم: ٧٢٩٨.

الحديث رقم ١٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: هجرة النبي ﷺ وأصحابه إلى المدينة، ٣/١٤٢٢، الرقم: ٣٦٩٧، ومسلم في الصحيح، كتاب: الآداب، باب: استحباب تحنيك المولود عنه ولادته وحمله إلى صالح يحنكه، ٣/١٦٩١، الرقم: ٢١٤٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٣٤٧، الرقم: ٢٦٩٨٣، والبيهقي في السنن الكبرى، ٦/٢٠٤، الرقم: ١١٩٢٧، والشيباني في الآحاد والمثاني، ١/٤١٣، الرقم: ٥٧٥.

Marfat.com

کر دیا، تو آپ ﷺ نے کھجوریں منگائیں انہیں چبایا اور ان کے منہ میں اپنا لعاب دہن مبارک ڈالا اور ان کے پیٹ میں سب سے پہلے جو چیز داخل ہوئی وہ حضور نبی اکرم ﷺ کا لعابِ دہن تھا، پھر آپ ﷺ نے کھجور کی گھٹی دی پھر ان کے لئے دعاءِ برکت فرمائی۔ حضرت عبداللہ بن زبیر ﷺ وہ پہلے بچے تھے جو (ہجرت کے بعد) مسلمانوں میں پیدا ہوئے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

۷۸۲/۱۷۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها في رواية طويلة قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: أُرِيْتُ دَارَ هِجْرَتِكُمْ ذَاتَ نَخْلٍ بَيْنَ لَابَتَيْنِ فَهَاجَرَ مَنْ هَاجَرَ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ وَرَجَعَ عَامَّةُ مَنْ كَانَ هَاجَرَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ إِلَى الْمَدِيْنَةِ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ خُزَيْمَةَ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایک طویل روایت میں بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے تمہاری ہجرت کی جگہ دکھائی گئی ہے جو کھجوروں والی اور دو پتھریلے پہاڑوں کے درمیان وادی ہے۔ پس جس نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی اس نے (اللہ تعالیٰ کی توفیق سے) ہجرت کی اور وہ عام لوگ جو (آپ ﷺ کے فرمان سے پہلے) حبشہ کی طرف ہجرت کر چکے تھے وہ (بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کے بعد) مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کر گئے۔'' اس حدیث کو امام بخاری اور ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے۔

۷۸۳/۱۸۔ عَنْ أَبِي وَائِلٍ ﷺ يَقُوْلُ عُدْنَا خَبَّابًا ﷺ فَقَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ نُرِيْدُ وَجْهَ اللهِ. فَوَقَعَ أَجْرُنَا عَلَى اللهِ فَمِنَّا مَنْ مَضَى لَمْ يَأْخُذْ

الحديث رقم ١٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: هجرة الحبشة، ٣/١٤٠٥، وفي كتاب: الحوالات، باب: جوار أبي بكر في عهد النبي ﷺ وعقده، ٢/٨٠٣ ـ ٨٠٤، الرقم: ٢١٧٥، وابن خزيمة في الصحيح، ١/١٣٣، الرقم: ٢٦٥، وابن حبان في الصحيح، ١٤/١٧٧ ـ ١٧٩، الرقم: ٦٢٧٧، والحاكم في المستدرك، ٣/٤، الرقم: ٤٢٦٢، وقال: هذا حديث صحيح، والبيهقي في السنن الكبرى، ٩/٩، وابن راهويه في المسند، ٢/٣٢٥، الرقم: ٨٤٩، واللالكائي في اعتقاد أهل السنة، ٤/٧٧٤، الرقم: ١٤٣١.

الحديث رقم ١٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: هجرة ـــ

Marfat.com

مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ ﷺ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ وَتَرَكَ نَمِرَةً فَكُنَّا إِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَأْسَهُ بَدَتْ رِجْلَاهُ وَإِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ بَدَا رَأْسُهُ فَأَمَرَنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ أَنْ نُغَطِّيَ رَأْسَهُ وَنَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ شَيْئًا مِنْ إِذْخِرٍ وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابو وائل ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت خباب ﷺ کی عیادت کے لئے حاضر ہوئے تو انہوں نے فرمایا: ہم نے حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر ہجرت کی سو ہمارا اجر بھی اللہ تعالیٰ کے ذمّہ کرم پر ہے۔ پس ہم میں سے بعض تو وہ ہیں جو اس دنیا سے اپنے اجر میں سے کوئی چیز وصول کئے بغیر رخصت ہو گئے، ان میں سے حضرت مصعب بن عمیر ﷺ ہیں جو جنگِ اُحد میں شہید ہوئے اور ترکہ میں صرف ایک کمبل چھوڑا تھا۔ جب اس کے ساتھ ہم ان کے سر کو ڈھانپتے تھے تو ان کے پاؤں ظاہر ہو جاتے تھے اور جب ان کے پاؤں ڈھانپتے تو سر ننگا ہو جاتا تھا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا تھا کہ ہم ان کا سر ڈھانپ دیں اور پیروں پر اذخر گھاس ڈال دیں اور ہم (مہاجرین) میں سے بعض وہ بھی ہیں جن کے پھل پک گئے ہیں اور وہ انہیں توڑ رہے ہیں۔ (یعنی آخرت کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ نے انہیں دنیا میں بھی اجر و کرم سے نوازا ہے۔)''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

..... النبي ﷺ وأصحابه إلى المدينة، ٣/١٤١٥، الرقم: ٣٦٨٤، وفي كتاب: الرقاق، باب: فضل الفقر، ٥/٢٣٦٩، الرقم: ٦٠٨٣، والحميدي في المسند، ١/٨٤، الرقم: ١٥٥، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/٣٠٧، الرقم: ١٠٤٠٢، والزيلعي في نصب الراية، ٢/٢٦٤.

Marfat.com

اَلْبَابُ الْخَامِسُ عَشَرَ:

مَنَاقِبُ الْأَنْصَارِ رضی اللہ عنہم

﴿اَنصارِ مدینہ رضی اللہ عنہم کے مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي حُبِّ الْأَنْصَارِ ﷺ مِنَ الْإِيْمَانِ

﴿انصار صحابہ ﷺ سے محبت علامتِ ایمان ہونے کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي نُصْرَةِ الْأَنْصَارِ ﷺ لِلنَّبِيِّ ﷺ

﴿انصار صحابہ ﷺ کا حضور ﷺ کی مدد و نصرت کرنے کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي دُعَاءِ النَّبِيِّ ﷺ لِلْأَنْصَارِ وَلِأَبْنَائِهِمْ وَنِسَائِهِمْ ﷺ

﴿حضور ﷺ کا انصار صحابہ اور ان کی اولاد و ازواج کے لئے دعا فرمانے کا بیان﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ الْأَنْصَارِ ﷺ

﴿انصار صحابہ کرام ﷺ کے جامع مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي حُبِّ الْأَنْصَارِ ﷺ مِنَ الإِيْمَانِ

﴿انصار صحابہ ﷺ سے محبت علامتِ ایمان ہونے کا بیان﴾

٧٨٤/١۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: آيَةُ الإِيْمَانِ حُبُّ الْأَنْصَارِ، وَآيَةُ النِّفَاقِ بُغْضُ الْأَنْصَارِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

وفي رواية عنه: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: آيَةُ الْمُنَافِقِ بُغْضُ الْأَنْصَارِ، وَآيَةُ الْمُؤْمِنِ حُبُّ الْأَنْصَارِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انصار سے محبت ایمان کی علامت ہے اور انصار سے بغض نفاق کی علامت ہے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

''اور ایک دوسری روایت میں حضرت انس ﷺ سے ہی مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: منافق کی علامت انصار سے بغض رکھنا اور مومن کی علامت انصار سے محبت کرنا ہے۔''

اس حدیث کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

٧٨٥/٢۔ عَنِ الْبَرَاءِ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ، أَوْ قَالَ: قَالَ

الحديث رقم ١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: علامة الإيمان حب الأنصار، ١/١٤، الرقم: ١٧، وفي كتاب: المناقب، باب: حب الأنصار، ٣/١٣٧٩، الرقم: ٣٥٧٢، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الدليل على أن حب الأنصار وعلي ﷺ من الإيمان وعلاماته، ١/٨٥، الرقم: ٧٤، والنسائي في السنن، كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: علامة الإيمان، ٨/١١٦، الرقم: ٥٠١٩، وفي السنن الكبرى، ٥/٨٥، الرقم: ٨٣٣١،٦/٥٣٤، الرقم: ١١٧٥٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٧٠۔

الحديث رقم ٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: حب الأنصار، ٣/١٣٧٩، الرقم: ٣٥٧٢، ومسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الدليل على أن حب الأنصار وعلي ﷺ من الإيمان وعلاماته، ١/٨٥، الرقم: ٧٥، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في فضل الأنصار وقريش، ←

Marfat.com

النَّبِيُّ ﷺ: اَلْأَنْصَارُ لَا يُحِبُّهُمْ إِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُهُمْ إِلَّا مُنَافِقٌ (وفي رواية للنسائي: وَلَايُبْغِضُهُمْ إِلَّا كَافِرٌ) فَمَنْ أَحَبَّهُمْ أَحَبَّهُ اللهُ وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ أَبْغَضَهُ اللهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت براء ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا، یا انہوں نے کہا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انصار سے صرف مومن محبت کرتا ہے اور ان سے بغض صرف منافق رکھتا ہے (اور امام نسائی کی روایت میں ہے کہ ان سے صرف کافر بغض رکھتا ہے) پس جس نے ان سے محبت رکھی اس سے اللہ تعالیٰ نے محبت رکھی اور جس نے ان سے بغض رکھا اس سے اللہ تعالیٰ نے بغض رکھا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٣/٧٨٦۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ رَأَى صِبْيَانًا وَنِسَاءً مُقْبِلِيْنَ مِنْ عُرْسٍ فَقَامَ نَبِيُّ اللهِ ﷺ مُمْثِلًا فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، أَنْتُمْ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ. اَللّٰهُمَّ، أَنْتُمْ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ يَعْنِي: اَلْأَنْصَارَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے انصار صحابہ

..... ٥/٧١٢، الرقم: ٣٩٠٠، وقال: هذا حديث صحيح، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل الأنصار، ١/٥٧، الرقم: ١٦٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٢٩٢، وفي فضائل الصحابة، ٢/٨٠٧، الرقم: ١٤٥٥، وابن منده في الإيمان، ٢/٦٠٨، الرقم: ٥٣٤، وإسناده صحيح، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٩٨، الرقم: ٣٢٣٥٣، والطبراني في المعجم الأوسط، ٧/٩١، الرقم: ٦٩٤٦، والبيهقي في شعب الإيمان، ٢/١٩٠، الرقم: ١٥٠٩، والمروزي في تعظيم قدر الصلاة، ١/٤٥٦، الرقم: ٤٧٣.

الحديث رقم ٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: قول النبي ﷺ للأنصار أنتم أحب الناس إلي، ٣/١٣٧٩، الرقم: ٣٥٧٤، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل الأنصار، ٤/١٩٤٨، الرقم: ٢٥٠٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٧٥، الرقم: ١٢٨٢٠، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٩٨، الرقم: ٣٢٣٥٠.

Marfat.com

کے کچھ بچوں اور عورتوں کو شادی سے آتے ہوئے دیکھا تو حضور نبی اکرم ﷺ (ازراہِ کرم اور ان کی دلجوئی کے لئے ان کا استقبال کرنے) کھڑے ہو گئے، آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے لوگوں میں سب سے زیادہ تم محبوب ہو، مجھے لوگوں میں سب سے زیادہ تم محبوب ہو، آپ ﷺ کی مراد انصار صحابہ تھے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٧٨٧ / ٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَأَبِي سَعِيْدٍ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: لَا يُبْغِضُ الْأَنْصَارَ رَجُلٌ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ شخص جو اللہ تعالیٰ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ انصار سے بغض نہیں رکھتا۔''

اس حدیث کو امام مسلم، ترمذی، اور نسائی نے روایت کیا ہے اور امام ابوعیسیٰ نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٧٨٨ / ٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ أَحَبَّ

الحديث رقم ٤: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الدليل على أن حب الأنصار وعلي من الإيمان وعلاماته، ١/٨٦، الرقم: ٧٦-٧٧، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في فضل الأنصار وقريش، ٥/٧١٥، الرقم: ٣٩٠٦، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٨٦، ٨٨، الرقم: ٨٣٢٣، ٨٣٣٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٣٤، الرقم: ١١٣١٨، ١١٤٢٥، وابن حبان في الصحيح، ١٦/٢٦٣، الرقم: ٧٢٧٤، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٤٠٠، الرقم: ٣٢٣٧٢-٣٢٣٧٣، وأبو يعلى في المسند، ٢/٢٨٧، الرقم: ١٠٠٧، والطيالسي في المسند، ١/٢٩٠، الرقم: ٢١٨٢۔

الحديث رقم ٥: أخرجه الطبراني فى المعجم الأوسط، ١/٢٩٨، الرقم: ٩٩٩، وفى المعجم الكبير، ١٩/٣٤١، الرقم: ٧٨٩، وأبونعيم عن البراء بن عازب ﷺ فى المسند المستخرج، ١/١٥٦، الرقم: ٢٣٥، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ٢/٧٩٢، الرقم: ١٤١٦، والعسقلاني في فتح البارى، ١/٦٣، ←

Marfat.com

الْأَنْصَارَ فَبِحُبِّي أَحَبَّهُمْ، وَمَنْ أَبْغَضَ الْأَنْصَارَ فَبِبُغْضِي أَبْغَضَهُمْ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ وَأَحْمَدُ فِي الْفَضَائِلِ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے انصار سے محبت کی پس اس نے میری محبت کی خاطر ان سے محبت کی اور جس شخص نے انصار سے بغض رکھا تو اس نے مجھ سے بغض رکھنے کی وجہ سے ان سے بغض رکھا۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال، صحیح حدیث کے رجال ہیں اور امام احمد نے بھی اسے ثقہ رجال کے ساتھ روایت کیا ہے اور امام ابونعیم نے بھی اسے روایت کیا ہے۔

٧٨٩/٦۔ عَنْ عَبْدَةَ بِنْتِ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا كَانَ خَالِدٌ يَأْوِي إِلَى فِرَاشٍ إِلَّا وَهُوَ يَذْكُرُ مِنْ شَوْقِهِ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، وَإِلَى أَصْحَابِهِ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ يُسَمِّيْهِمْ وَيَقُوْلُ: هُمْ أَصْلِي وَفَصْلِي، وَإِلَيْهِمْ يَحِنُّ قَلْبِي، طَالَ شَوْقِي إِلَيْهِمْ، فَعَجِّلْ رَبِّي قَبْضِي إِلَيْكَ، حَتَّى يَغْلِبَهُ النَّوْمُ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عبدہ بنت خالد بن معدان رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ جب بھی حضرت خالد ﷺ اپنے بستر پر لیٹتے تو وہ حضور نبی اکرم ﷺ اور آپ ﷺ کے مہاجرین و انصار صحابہ کرام ﷺ کا نام لے کر ان کے ساتھ اپنا شوقِ (ملاقات) ذکر کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ

..... والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ٧/١٧٣، الرقم: ٣٦١٤، وأبو زرعة في سؤالات البرزعي، ١/٥٧١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٣٩، وقال: ورجاله ثقات.

الحديث رقم ٦: أخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء، ٥/٢١٠، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ١٦/١٩٩، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٤/٥٣٩، والمزي في تهذيب الكمال، ٨/١٧١، والقاضي عياض في الشفا، ١/٤٩٦، الرقم: ١٢١٢.

Marfat.com

یہ میری اصل اور فصل (یعنی حسب ونسب) ہیں اور بس انہی کی طرف میرا دل مائل رہتا ہے۔ میرا شوق (ملاقات) ان کی طرف طویل ہے۔ سو اے میرے رب! مجھے جلد اپنے پاس بلا (تاکہ ملاقاتِ محبوب ﷺ کا کچھ سامان ہو) یہاں تک کہ ان پر نیند غالب آ جاتی۔''

اس حدیث کو امام ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي نُصْرَةِ الْأَنْصَارِ رضی اللہ عنہم لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿انصار صحابہ رضی اللہ عنہم کا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد ونصرت کرنے کا بیان﴾

۷/۷۹۰۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم إِلَى الْخَنْدَقِ، فَإِذَا الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ فِي غَدَاةٍ بَارِدَةٍ، فَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ عَبِيْدٌ يَعْمَلُوْنَ ذَلِكَ لَهُمْ، فَلَمَّا رَأَى مَا بِهِمْ مِنَ النَّصَبِ وَالْجُوْعِ، قَالَ:

اَللّٰهُمَّ إِنَّ الْعَيْشَ عَيْشَ الآخِرَة فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَة

فَقَالُوْا مُجِيْبِيْنَ لَهُ:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا عَلَى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا أَبَدَا

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (غزوۂ خندق کے موقع پر) خندق کی کھدائی والی جگہ تشریف لے گئے جہاں مہاجرین و انصار صحابہ سخت سردی میں صبح صبح ہی کھدائی میں لگ گئے تھے۔ ان حضرات کے پاس کوئی خادم اور غلام نہ تھے جو ان کی طرف سے اس کام کو انجام دیتے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی مشقت اور بھوک دیکھ کر فرمایا: اے میرے اللہ! بلا شبہ زندگی تو آخرت کی زندگی ہے اور اے اللہ! ان انصار و مہاجرین

الحديث رقم ۷: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المغازي، باب: غزوة الخندق، وهي الأحزاب، ٤/١٥٠٤، الرقم: ٣٨٧٣، وفي كتاب: الجهاد والسير، باب: التحريض على القتال، ٣/١٠٤٣، الرقم: ٢٦٧٩، ومسلم في الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: غزوة الأحزاب، وهي الخندق، ٣/١٤٣١، الرقم: ١٨٠٥، وابن ماجه نحوه في السنن، كتاب: المساجد والجماعات، باب: أن يجوز بناء المساجد، ١/٢٤٥، الرقم: ٧٤٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٢٧٦، الرقم: ١٣٩٥١، وابن حبان في الصحيح، ١٦/٢٤٩، الرقم: ٧٢٥٩، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٤٠٠، الرقم: ٣٢٣٧١.

Marfat.com

کی مغفرت فرما! انصار و مہاجرین نے آپ ﷺ کی بات کا جواب دیتے ہوئے عرض کیا: ہم وہ لوگ ہیں جنہوں نے محمد مصطفیٰ ﷺ کے ہاتھوں پر جہاد کی بیعت کی ہے جب تک ہم باقی رہیں (اس عہد پر قائم رہیں گے)۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٨/٧٩١۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه يَقُوْلُ: مَرَّ أَبُوْبَكْرٍ وَالْعَبَّاسُ رضي الله عنهما بِمَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ الْأَنْصَارِ وَهُمْ يَبْكُوْنَ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيْكُمْ؟ قَالُوْا: ذَكَرْنَا مَجْلِسَ النَّبِيِّ ﷺ مِنَّا فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فَأَخْبَرَهُ بِذَلِكَ قَالَ: فَخَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ وَقَدْ عَصَبَ عَلَى رَأْسِهِ حَاشِيَةَ بُرْدٍ قَالَ: فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ وَلَمْ يَصْعَدْهُ بَعْدَ ذَلِكَ الْيَوْمِ فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: أُوْصِيْكُمْ بِالْأَنْصَارِ فَإِنَّهُمْ كَرِشِي وَعَيْبَتِي وَقَدْ قَضَوُا الَّذِي لَهُمْ فَاقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما انصار کی ایک مجلس کے پاس سے گزرے تو دیکھا وہ رو رہے تھے تو پوچھا: کیا چیز تمہیں رلا رہی ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہمیں اپنی مجلسوں میں حضور نبی اکرم ﷺ کا بیٹھنا یاد آ رہا ہے۔ تو وہ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہوئے اور ساری صورتحال عرض کی۔ اس پر حضور نبی اکرم ﷺ (حجرۂ مبارک) سے باہر تشریف لائے اور آپ ﷺ نے چادر مبارک کا ایک سرا

الحديث رقم ٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: قول النبي ﷺ: اقبلوا من محسنهم وتجاوزوا عن مسيئهم، ٣/١٣٨٣، الرقم: ٣٥٨٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل الأنصار، ٤/١٩٤٩، الرقم: ٢٥١٠، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول ﷺ، باب: في فضل الأنصار وقريش، ٥/٧١٥، الرقم: ٣٩٠٧، وقال: هذا حديث حسن صحيح، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٩١، الرقم: ٨٣٤٦، وفي فضائل الصحابة، ١/٧١، الرقم: ٢٤١، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٧٦، الرقم: ١٢٨٢٥، وفي فضائل الصحابة، ٢/٦١٠، الرقم: ١٤٦٤، والبيهقي في السنن الكبرى، ٦/٣٧١، الرقم: ١٢٨٨٧.

Marfat.com

سرِ اقدس پر پٹی کی طرح باندھ رکھا تھا۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ ﷺ کے منبر پر جلوہ افروز ہونے کی یہ آخری بار تھی۔ اس کے بعد آپ ﷺ منبر پر جلوہ افروز نہیں ہوئے پھر آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کر کے فرمایا: میں تمہیں انصار کے بارے میں نیک سلوک کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ وہ میرا معدہ اور زنبیل ہیں (یعنی میرے خاص محرمِ راز ہیں)۔ ان پر جو فرائض تھے انہیں وہ ادا کر چکے اور ان کا حق باقی ہے لہٰذا ان کے نیک لوگوں کی نیکی قبول کرنا اور جو ان میں سے قصوروار ہوں ان سے درگزر کرنا۔"

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ امام بخاری کے ہیں۔

۹/۷۹۲۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ الْمِقْدَادُ يَومَ بَدْرٍ: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنَّا لاَ نَقُوْلُ لَکَ كَمَا قَالَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ لِمُوْسَى عليه السلام: ﴿فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّکَ فَقَاتِلاَ إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُوْنَ﴾ [المائدة، ٥:٢٤]، وَلَكِنِ امْضِ وَنَحْنُ مَعَکَ فَكَأَنَّهُ سُرِّيَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

"حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ بیان کرتے ہیں کہ غزوۂ بدر کے وقت حضرت مقداد ﷺ بارگاہ رسالتِ مآب ﷺ میں یوں عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! ہم آپ سے وہ بات ہرگز نہیں کہیں گے جو بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ عليه السلام سے کہی تھی: "پس تم جاؤ اور تمہارا رب (ساتھ جائے) سو تم دونوں (ہی ان سے) جنگ کرو، ہم تو یہیں بیٹھے ہیں۔" [المائدۃ، ۵:۲۴] بلکہ آپ تشریف لے چلیں، ہم بھی آپ کے ساتھ ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ کو ان کے اس جواب سے بہت خوشی و مسرت ہوئی۔"

اس حدیث کو امام بخاری، نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: تفسير القرآن، باب: قوله: فاذهب أنت وربك فقاتلا إنا هاهنا قاعدون، ٤/١٦٨٤، الرقم: ٤٣٣٣، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٣٣٣، الرقم: ١١١٤٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٣١٤، الرقم: ١٨٠٧٣، وابن أبي عاصم في الجهاد، ٢/٥٥٥، الرقم: ٢٢٠، وقال: إسناده حسن.

Marfat.com

٧٩٣/١٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: شَهِدْتُ مِنَ الْمِقْدَادِ مَشْهَدًا لَأَنْ أَكُوْنَ أَنَا صَاحِبَهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا عَلَى الْأَرْضِ مِنْ شَيءٍ قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ ﷺ وَكَانَ رَجُلًا فَارِسًا قَالَ: فَقَالَ: أَبْشِرْ يَا نَبِيَّ اللهِ، وَاللهِ لَا نَقُوْلُ لَکَ كَمَا قَالَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ لِمُوْسَى عليه السلام: ﴿اِذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّکَ فَقَاتِلاَ إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُوْنَ﴾ [المائدة، ٥:٢٤] وَلَكِنِ الَّذِي بَعَثَکَ بِالْحَقِّ لَنَكُوْنَنَّ بَيْنَ يَدَيْکَ، وَعَنْ يَمِيْنِکَ وَعَنْ شِمَالِکَ وَمِنْ خَلْفِکَ حَتَّى يَفْتَحَ اللهُ عَلَيْکَ. فَرَأَيْتُ وَجْهَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ يُشْرِقُ لِذَلِکَ وَسَرَّهُ ذَلِکَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَاللَّفْظُ لَهُ وَالْبَزَّارُ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت مقداد ﷺ کا ایک ایسا منظر دیکھا کہ اس منظر کا مالک ہونا میرے لیے دنیا کی ہر چیز سے بڑھ کر محبوب ہے (یعنی کاش اس وقت ان کی جگہ میں ہوتا) وہ بیان کرتے ہیں کہ وہ (یعنی حضرت مقداد ﷺ) حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وہ ایک بہادر شخص تھے، انہوں نے عرض کیا: یا نبی اللہ! آپ کو خوشخبری ہو۔ خدا کی قسم! ہم آپ سے اس طرح نہیں کہیں گے جس طرح بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا: ''پس تم جاؤ اور تمہارا رب (ساتھ جائے) سو تم دونوں (ہی ان سے) جنگ کرو، ہم تو یہیں بیٹھے ہیں۔'' [المائدہ، ٥:٢٤] لیکن اس ذات کی قسم! جس نے حق کے ساتھ آپ کو مبعوث فرمایا ہے ہم (جہاد میں) آپ کے سامنے، دائیں

الحديث رقم ١٠: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المغازى، باب: قول الله تعالى: إذ تستغيثون ربكم فاستجاب لكم أني ممدكم بألف من الملائكة مردفين الخ، ٤/١٤٥٦، الرقم: ٣٧٣٦ وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٤٥٧، الرقم: ٤٣٧٦، والبزار في المسند، ٤/٢٨٥، الرقم: ١٤٥٥، ١/٣٨٩، الرقم: ٣٦٩٨، ٤٠٧٠، والحاكم في المستدرك، ٣/٣٩٢، الرقم: ٥٤٨٦، وقال: هذا حديث صحيح الإسناد، والطبراني في المعجم الكبير بإسناد جيد، ١٧/١٢٤، الرقم: ٣٠٦، والشاشي في المسند، ٢/١٩٧، الرقم: ٧٦٦ وابن أبي عاصم في الجهاد، ٢/٥٥٦، الرقم: ٢٢١، إسناده صحيح.

Marfat.com

طرف اور بائیں طرف اور آپ کے پیچھے ہوں گے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ آپ کو فتح عطا فرما دے، پس میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کا چہرۂ اقدس دیکھا کہ وہ خوشی سے چمک اٹھا اور آپ ﷺ کو ان کی اس بات نے بہت خوش کیا۔"

اس حدیث کو امام بخاری، احمد، حاکم اور بزار نے روایت کیا ہے اور الفاظ امام حاکم کے ہیں۔

٧٩٤/١١۔ عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ شَاوَرَ حِيْنَ بَلَغَهُ إِقْبَالُ أَبِي سُفْيَانَ. قَالَ: فَتَكَلَّمَ أَبُوْبَكْرٍ رضي الله عنه فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ تَكَلَّمَ عُمَرُ رضي الله عنه فَأَعْرَضَ عَنْهُ، فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ رضي الله عنه فَقَالَ: إِيَّانَا تُرِيْدُ يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نُخِيْضَهَا الْبَحْرَ لَأَخَضْنَاهَا، لَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نَضْرِبَ أَكْبَادَهَا إِلَى بَرْكِ الْغِمَادِ لَفَعَلْنَا، قَالَ: فَنَدَبَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ النَّاسَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

"حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو جب ابو سفیان کے تجارتی قافلہ کی آمد کا پتہ چلا تو آپ ﷺ نے صحابہ کرام سے مشورہ کیا۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کچھ کہنا چاہا، آپ ﷺ نے منہ پھیر لیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کچھ کہنا چاہا آپ ﷺ نے ان کی طرف سے بھی منہ پھیر لیا۔ تو حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ ہم لوگوں (یعنی انصار) سے جواب لینا چاہتے ہیں؟ تو قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر آپ ہمیں حکم دیں کہ ہم اپنی سواریاں سمندر میں ڈال

الحديث رقم ١١: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: غزوة بدر، ٣/١٤٠٣، الرقم: ١٧٧٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٢٥٧، الرقم: ١٣٧٢٩، ٣/٢١٩-٢٢٠، الرقم: ١٣٣٢٠- ١٣٣٢١، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٣٦٢، الرقم: ٣٦٧٠٨، وأبو عوانة في المسند، ٤/٢٨٣، الرقم: ٦٧٦٧، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٦٠/١٥٩، ٢٠/٢٥٠، والنووي في شرحه على صحيح مسلم، ١٢/١٢٤، والمزي في تهذيب الكمال، ١٠/٢٨٠، والشوكاني في نيل الأوطار، ٨/٤٥.

Marfat.com

دیں تو ہم سمندر میں ڈال کر رہیں گے اور اگر آپ حکم دیں کہ ہم اپنی اونٹنیوں کے سینے برک الغماد پہاڑ سے جا ماریں تو ہم ایسا ضرور کر کے رہیں گے اس پر رسول اللہ ﷺ (خوش ہوئے اور آپ ﷺ نے) لوگوں کو دعوتِ (جہاد) دی۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٧٩٥/١٢۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَمْ آتِكُمْ ضُلَّالًا فَهَدَاكُمُ اللهُ ﷻ بِي؟ أَلَمْ آتِكُمْ مُتَفَرِّقِيْنَ فَجَمَعَكُمُ اللهُ بِي؟ أَلَمْ آتِكُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ اللهُ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ بِي؟ قَالُوْا: بَلَى يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَالَ: أَفَلَا تَقُوْلُوْنَ جِئْتَنَا خَائِفًا فَآمَنَّاكَ، وَطَرِيْدًا فَآوَيْنَاكَ، وَمَخْذُوْلًا فَنَصَرْنَاكَ. فَقَالُوْا: بَلْ لِلّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى الْمَنُّ بِهِ عَلَيْنَا وَلِرَسُوْلِهِ ﷺ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ نَحْوَهُ فِي حَدِيْثٍ طَوِيْلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَيْدٍ، وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ وَاللَّفْظُ لَهُ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے گروہِ انصار! کیا میں تمہارے پاس اس وقت نہیں آیا جب تم راہِ راست سے بھٹکے ہوئے تھے پس اللہ تعالیٰ نے میرے سبب تمہیں ہدایت عطا فرمائی؟ کیا میں تمہارے پاس اس وقت نہیں آیا جب تم مختلف گروہوں میں بٹے ہوئے تھے، پس اللہ تعالیٰ نے میری وجہ سے تمہیں جمع فرما دیا؟ کیا میں تمہارے پاس اس وقت نہیں آیا جب تم باہم (جانی) دشمن تھے پھر اللہ تعالیٰ نے میری وجہ سے تمہارے دلوں میں محبت و الفت پیدا فرما دی؟ انہوں نے عرض کیا: کیوں نہیں، یا رسول

الحديث رقم ١٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المغازي، باب: عزوة الطائف في شوال سنة ثمان، ٤/١٥٧٤، الرقم: ٤٠٧٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: إعطاء المؤلفة لقلوبهم على الإسلام، ٢/٧٣٨، الرقم: ١٠٦١، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٩١، الرقم: ٨٣٤٧، وفي فضائل الصحابة، ١/٧٢، الرقم: ٢٤٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٠٤، الرقم: ١٢٠٤٠، وفي فضائل الصحابة، ٢/٨٠٠، الرقم: ١٤٣٥، وابن حبان في الثقات، ٢/٨١، والعسقلاني في فتح الباري، ٨/٥١.

Marfat.com

اللہ! پھر آپ ﷺ نے فرمایا: تم یہ کیوں نہیں کہتے کہ آپ ہمارے پاس حالتِ خوف میں تشریف لائے پس ہم نے آپ کو امان دی، اور آپ ہمارے پاس اس وقت تشریف لائے جب آپ کی قوم نے آپ کو ملک بدر کر دیا تو ہم نے آپ کو پناہ دی، اور آپ ہمارے پاس حالتِ شکست میں تشریف لائے تو ہم نے آپ کی مدد و نصرت کی۔ انہوں نے عرض کیا: (یہ آپ پر ہمارا کوئی احسان نہیں) بلکہ (آپ کا ہمارے پاس تشریف لانا) تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا ہم پر احسان ہے۔"

اس حدیث کو امام بخاری و مسلم نے طویل روایت میں حضرت عبداللہ بن زید ﷺ کے طریق سے روایت کیا ہے اور امام نسائی، احمد اور ابن حبان نے بھی اسے روایت کیا ہے۔ یہ الفاظ امام احمد کے ہیں۔

١٣/٧٩٦۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: اسْتَشَارَ النَّبِيُّ ﷺ مَخْرَجَهُ إِلَى بَدْرٍ، فَأَشَارَ عَلَيْهِ أَبُوبَكْرٍ، ثُمَّ اسْتَشَارَ عُمَرَ، فَأَشَارَ عَلَيْهِ عُمَرُ، ثُمَّ اسْتَشَارَهُمْ فَقَالَ بَعْضُ الْأَنْصَارِ: إِيَّاكُمْ يُرِيْدُ نَبِيُّ اللهِ ﷺ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ قَائِلُ الْأَنْصَارِ: تَسْتَشِيْرُنَا يَا نَبِيَّ اللهِ، إِنَّا لاَ نَقُوْلُ لَكَ كَمَا قَالَتْ بَنُو إِسْرَائِيْلَ لِمُوْسَى عليه السلام: ﴿اِذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلاَ إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُوْنَ﴾ [المائدة، ٥:٢٤] وَلَكِنِ الَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، لَوْ ضَرَبْتَ أَكْبَادَهَا إِلَى بَرْكِ الْغِمَادِ لاَ تَبَعْنَاكَ أَبْنَاءَ الْأَنْصَارِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ ابْنُ كَثِيْرٍ: هَذَا إِسْنَادٌ ثُلاَثِيٌّ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ الصَّحِيْحِ.

الحديث رقم ١٣: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٨٨، الرقم: ١٢٩٧٧، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٩٢، ١٧٠، الرقم: ٨٣٤٨، ٨٥٨٠، وابن حبان في الصحيح، ١١/٢٣، الرقم: ٤٧٢١، وأبو يعلى في المسند، ٦/٤٠٧، الرقم: ٣٧٦٦، ٣٨٠٣، والبيهقي في السنن الكبرى، ١٠/١٠٩، وابن أبي عاصم في الجهاد، وقال: حديث صحيح، ٢/٥٥٧، الرقم: ٢٢٢.

Marfat.com

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے غزوۂ بدر میں تشریف لے جانے کے لئے صحابہ کرام سے رائے لی حضرت ابوبکر ﷺ نے رائے دے دی، پھر آپ ﷺ نے حضرت عمر ﷺ سے رائے لی حضرت عمر ﷺ نے رائے دے دی۔ آپ ﷺ نے پھر ان (دیگر صحابہ کرام رضوان الله علیهم) سے رائے لی۔ انصار میں سے بعض لوگوں نے کہا کہ اے انصاری بھائیو! حضور نبی اکرم ﷺ تم لوگوں سے رائے لینا چاہتے ہیں۔ یہ سن کر انصار کے ترجمان نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ ہم سے مشورہ لینا چاہتے ہیں ہم اس طرح نہیں کہیں گے جس طرح بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا: ''پس تم جاؤ اور تمہارا رب (ساتھ جائے) سو تم دونوں (ہی ان سے) جنگ کرو، ہم تو یہیں بیٹھے ہیں۔'' [المائدہ، ۲۴:۵] لیکن قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! اگر آپ ان سواریوں (گھوڑوں) کے سینے برک غماد پہاڑ سے ٹکرائیں گے تو ہم انصار کے بیٹے جب بھی آپ کی پیروی کریں گے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور نسائی نے روایت کیا ہے۔ اور امام ابن کثیر فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی اسناد ثلاثی صحیح حدیث کی شرط پر صحیح ہے۔

٧٩٧/١٤۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَعْرِضُ نَفْسَهُ فِي كُلِّ سَنَةٍ عَلَى قَبَائِلَ مِنَ الْعَرَبِ، أَنْ يُؤْوُوْهُ إِلَى قَوْمِهِمْ حَتَّى يُبَلِّغَ كَلَامَ اللهِ وَرِسَالَاتِهِ، وَلَهُمُ الْجَنَّةُ. فَلَيْسَتْ قَبِيْلَةٌ مِنَ الْعَرَبِ تَسْتَجِيْبُ لَهُ، حَتَّى أَرَادَ اللهُ إِظْهَارَ دِيْنِهِ، وَنَصْرَ نَبِيِّهِ، وَإِنْجَازَ مَا وَعَدَهُ سَاقَهُ اللهُ إِلَى هَذَا الْحَيِّ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَاسْتَجَابُوْا لَهُ وَجَعَلَ اللهُ لِنَبِيِّهِ ﷺ دَارَ هِجْرَتِهِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت عائشہ رضی الله عنها فرماتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ ہر سال قبائلِ عرب کے ہاں تشریف لے جاتے کہ وہ آپ ﷺ کو اپنی قوم میں لے چلیں تاکہ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کا

الحديث رقم ١٤: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٦/٢٩٤، الرقم: ٦٤٥٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٦/٤٢.

Marfat.com

کلام اور اس کا پیغام لوگوں تک پہنچائیں اور (یہ مژدہ بھی سنائیں کہ جو آپ ﷺ کی مدد کریں گے) ان کے لئے جنت ہے۔ عرب کے کسی قبیلہ نے آپ ﷺ کی یہ بات منظور نہ کی۔ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کے ظاہر کرنے اور اپنے نبی مکرم ﷺ کی مدد کرنے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ سے وعدہ کیا تھا اس کے وفا کرنے کا ارادہ فرمایا تو اس خیر کو اللہ تعالیٰ نے انصار کے قبیلوں کی طرف روانہ کر دیا، انہوں نے آپ ﷺ کی دعوت پر لبیک کہا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی مکرم ﷺ کے لئے ان کے وطن کو دارِ ہجرت بنا دیا۔"

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقات ہیں۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي دُعَاءِ النَّبِيِّ ﷺ لِلأَنْصَارِ وَلأَبْنَائِهِمْ وَنِسَائِهِمْ ﷺ

﴿حضور ﷺ کا انصار صحابہ اور ان کی اولاد و ازواج کے لئے دعا فرمانے کا بیان﴾

٧٩٨/١٥۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَلأَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَأَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

وَالتِّرْمِذِيُّ عَنْ أَنَسٍ ﷺ وزاد: وَلِنِسَاءِ الْأَنْصَارِ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت زید بن ارقم ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! انصار اور انصار کے بیٹوں، اور انصار کے پوتوں کی مغفرت فرما۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور یہ الفاظ امام مسلم کے ہیں۔

الحديث رقم ١٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: تفسير القرآن، باب: قوله ﷻ: هم الذين يقولون لا تنفقوا على من عند رسول حتى ينفضوا، ٤/١٨٦٢، الرقم: ٤٦٢٣، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة ﷺ، باب: من فضائل الأنصار، ٤/١٩٤٨، الرقم: ٢٥٠٦، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضائل الأنصار وقريش، ٥/٧١٥، الرقم: ٣٩٠٩، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٨٦، الرقم: ١٠١٤٦، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل الأنصار، ولفظه: رَحِمَ اللهُ الْأَنْصَارَ، وَأَبْنَاءَ الْأَنْصَارِ وَأَبْنَاءَ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، ١/٨٥، الرقم: ١٦٤، والشافعي في المسند، ١/٢٨٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٣٦٩، وابن حبان في الصحيح، ١٦/٢٧٠، الرقم: ٧٢٨١۔

Marfat.com

اور امام ترمذی نے اس حدیث کو حضرت انس ﷺ سے روایت کیا اور ان الفاظ کا اضافہ کیا: اور انصار کی عورتوں کی بھی مغفرت فرما۔"

اور امام ابوعیسیٰ نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٧٩٩/١٦۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ ﷺ أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ زَمَنَ الْحَرَّةِ يُعَزِّيْهِ فِيْمَنْ قُتِلَ مِنْ وَلَدِهِ وَقَوْمِهِ وَقَالَ: أُبَشِّرُكَ بِبُشْرَى مِنَ اللهِ ﷻ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ، اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَاغْفِرْ لِنِسَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِنِسَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِنِسَاءِ أَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالطَّبَرَانِيُّ.

"حضرت زید بن ارقم ﷺ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے سانحۂ حَرہ کے زمانہ میں حضرت انس بن مالک ﷺ کی طرف ایک خط لکھا جس میں انہوں نے حضرت انس ﷺ کے ساتھ ان کی قوم اور اولاد میں سے جو لوگ قتل ہوئے تھے ان کی تعزیت کی اور لکھا: میں تمہیں اللہ ﷻ کی (عطا کردہ) خوشخبری کی بشارت دیتا ہوں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یااللہ! انصار، اور انصار کے بیٹوں اور انصار کے بیٹوں کے بیٹوں (یعنی پوتوں) اور اسی طرح انصار کی عورتوں اور انصار کے بیٹوں کی عورتوں اور انصار کے پوتوں کے بیٹوں کی مغفرت فرما۔" اس حدیث کو امام احمد، ابن حبان، ابن ابی شیبہ اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٦: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٤/ ٣٧٠، ٣٧٤، وابن حبان في الصحيح، ١٦/ ٢٧٠، الرقم: ٧٢٨١، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/ ٣٩٩، الرقم: ٣٢٣٦٢، والطبراني في المعجم الكبير، ٥/ ٢٠٥-٢٠٦، الرقم: ٥١٠٤، ٥١٠٦، والشيباني في الآحاد والمثاني، ٣/ ٣٥٨، الرقم: ١٧٥٣، ٤/ ١٢٧، الرقم: ٢١٠٤، وأبو المحاسن في معتصر المختصر، ٢/ ٣٧١، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢/ ٧٩٣، الرقم: ١٤١٩.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ الْأَنْصَارِ رضي الله عنهم

﴿انصار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جامع مناقب کا بیان﴾

٨٠٠/١٧۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ رضي الله عنه أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَلَا تَسْتَعْمِلُنِي كَمَا اسْتَعْمَلْتَ فُلَانًا؟ قَالَ: سَتَلْقَوْنَ بَعْدِي أَثَرَةً فَاصْبِرُوْا حَتَّى تَلْقُوْنِي عَلَى الْحَوْضِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک انصاری نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے (تنہائی میں) عرض کیا: کیا آپ مجھے عامل (گورنر) نہیں بنائیں گے؟ جس طرح آپ نے فلاں شخص کو عامل بنایا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد تمہیں اپنے اوپر ترجیح کا سامنا ہوگا، تم اس پر صبر کرنا حتی کہ تمہاری مجھ سے حوضِ کوثر پر ملاقات ہو۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١٨/٨٠١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: اَلْمُلْكُ

الحديث رقم ١٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: قول النبي صلى الله عليه وآله وسلم للأنصار: اصبروا حتى تلقوني على الحوض، ٣/١٣٨١، الرقم: ٣٥٨١، ومسلم في الصحيح، كتاب: الإمارة، باب: الأمر بالصبر عند ظلم الولاة واستئثارهم، ٣/١٤٧٤، الرقم: ١٨٤٥، والترمذي في السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: في الأثرة، ٤/٤٨٢، الرقم: ٢١٨٩، وقال: هذا حديث حسن صحيح، والنسائي في السنن، كتاب: آداب القضاة، باب: ترك استعمال من يحرس على القضاء، ٨/٢٢٤، الرقم: ٥٣٨٣ وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٣٥٢، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٠٦، الرقم: ٣١٦٦٩۔

الحديث رقم ١٨: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: في فضل اليمن، ٥/٧٢٧، الرقم: ٣٩٣٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٣٦٤، الرقم: ٨٧٤٦، وفي فضائل الصحابة، ٢/٧٩٥، الرقم: ١٤٢٣، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٤٠٣، الرقم: ٣٢٣٩٥، وابن حزام في تهذيب الأسماء، ١/٦٨، وقال: وهو أصح، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٤/١٩٢، وقال: ورجاله ثقات۔

Marfat.com

فِي قُرَيْشٍ، وَالْقَضَاءُ فِي الْأَنْصَارِ وَالْأَذَانُ فِي الْحَبَشَةِ، وَالْأَمَانَةُ فِي الْأَزْدِ. يَعْنِي: الْيَمَنَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ إِلَّا قَالَ: وَالسُّرْعَةُ فِي الْيَمَنِ. وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بادشاہت قریش میں ہے اور عدل و انصاف انصار میں ہے اور اذان حبشہ میں ہے، اور امانت ازد یعنی یمن میں ہے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور امام احمد نے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے کہ ''سرعت یمن میں ہے۔'' اس حدیث کے رجال ثقہ ہیں۔

٨٠٢ / ١٩۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اَللّٰهُمَّ، اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَلِأَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَ أَزْوَاجِ الْأَنْصَارِ، وَلِذَرَارِيِّ الْأَنْصَارِ كَرِشِي وَعَيْبَتِي، وَلَو أَنَّ النَّاسَ أَخَذُوْا شِعْبًا وَأَخَذَتِ الْأَنْصَارُ شِعْبًا لَأَخَذْتُ شِعْبَ الْأَنْصَارِ، وَلَولَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وفي رواية أحمد زاد: قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَأَوْلَادُنَا مِنْ غَيْرِنَا قَالَ: وَأَوْلَادِ الْأَنْصَارِ قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَمَوَالِيْنَا قَالَ: وَمَوَالِيَ الْأَنْصَارِ. وفي رواية: وَكَنَائِنِ الْأَنْصَارِ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! انصار، اور انصار کے بیٹوں، اور انصار کی بیویوں اور انصار کی ذریت (اولاد)، وہ انصار جو میرے مخلص دوست اور ہم راز ہیں۔ ان کی مغفرت فرما اور اگر لوگ کسی ایک گھاٹی کی طرف چلتے اور انصار کسی اور گھاٹی کی طرف چلتے تو میں انصار کی گھاٹی کی طرف چلتا اور اگر ہجرت نہ

الحديث رقم ١٩: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٥٦، الرقم: ١٢٦١٦، ٣/٢١٦، الرقم: ١٣٢٩١، وفي فضائل الصحابة، ٢/٧٩٨، الرقم: ١٤١٠، والطبراني في المعجم الصغير، ١/٢٢١، الرقم: ٣٥٤.

Marfat.com

ہوتی تو میں انصار میں سے ہی ایک شخص ہوتا۔'' اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

اور امام احمد نے اپنی روایت میں یہ اضافہ فرمایا ہے کہ انصار نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہماری وہ اولاد جو ہمارے غیر میں سے ہے (اس کے لئے بھی دعائے مغفرت فرمائیں) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اور (اے اللہ!) انصار کی اولاد کی بھی مغفرت فرما، انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمارے غلاموں کے حق میں بھی دعائے مغفرت فرمائیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اور (اے اللہ!) انصار کے غلاموں کی بھی مغفرت فرما اور ایک روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اور انصار کی باندیوں (لونڈیوں) کی بھی مغفرت فرما۔''

٨٠٣ / ٢٠۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم فَقَالَ: أَلاَ إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ تَرَكَةً وَضَيْعَةً، وَإِنَّ تَرَكَتِي وَضَيْعَتِي الْأَنْصَارُ، فَاحْفَظُوْنِي فِيْهِمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ وَالضِّيَاءُ.

وفي رواية أحمد: قَالَ: إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ تَرَكَةً وَضَيْعَةً وَإِنَّ تَرَكَتِي أَوْ ضَيْعَتِي الْأَنْصَارُ، أَلاَ وَإِنَّ النَّاسَ يُكْثِرُوْنَ وَيُقِلُّوْنَ، أَلاَ فَاقْبَلُوْا عَنْ مُحْسِنِهِمْ، وَتَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہماری طرف تشریف لائے اور فرمایا: خبردار! بے شک ہر نبی کا کوئی نہ کوئی ترکہ اور جاگیر ہوتی ہے اور بے شک میرا ترکہ اور جاگیر انصار ہیں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی، ابونعیم اور ضیاء المقدسی نے روایت کیا ہے۔

اور امام احمد کی روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک ہر نبی کا کوئی نہ کوئی ترکہ اور جاگیر ہوتی ہے اور بے شک میرا ترکہ اور جاگیر انصار ہیں۔ خبردار! بے

الحديث رقم ٢٠: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٥ / ٣٠٩، الرقم: ٥٣٩٨، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٣ / ٢٦٤، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢ / ٧٩١، الرقم: ١٤١٣، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٦ / ١٣٣-١٣٥، الرقم: ٢١٣٢-٢١٣٤، وإسناده حسن.

Marfat.com

شک لوگ کثرت اور قلت (افراط وتفریط) سے کام لیتے ہیں۔ خبردار! انصار کے نیک لوگوں کی نیکی قبول کرو اور ان کے قصوروار سے اعراض کرو۔"

٨٠٤ / ٢١۔ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَسَّمَ الْفَيءَ الَّذِي أَفَاءَ اللهُ بِحُنَيْنَ مِنْ غَنَائِمِ هَوَازِنَ، فَأَحْسَنَ، فَأَفْشَى فِي أَهْلِ مِنْ قُرَيْشٍ وَغَيْرِهِمْ، فَغَضِبَتِ الْأَنْصَارُ. فَلَمَّا سَمِعَ بِذَلِکَ النَّبِيُّ ﷺ أَتَاهُمْ فِي مَنَازِلِهِمْ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ هَاهُنَا مِنَ الْأَنْصَارِ فَلْيَخْرُجْ إِلَى رِحْلِهِ. ثُمَّ تَشَهَّدَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، فَحَمِدَ اللهَ ﷻ، ثُمَّ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، قَدْ بَلَغَنِي مِنْ حَدِيْثِكُمْ فِي هَذِهِ الْمَغَانِمِ الَّتِي آثَرْتُ بِهَا أُنَاسًا أُتَالِفُهُمْ عَلَى الإِسْلاَمِ. لَعَلَّهُمْ أَنْ يَشْهَدُوْا بَعْدَ الْيَوْمِ، وَقَدْ أَدْخَلَ اللهُ قُلُوْبَهُمُ الإِسْلاَمَ، ثُمَّ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَمْ يَمُنَّ اللهُ عَلَيْكُمْ بِالإِيْمَانِ، وَخَصَّكُمْ بِالْكَرَامَةِ، وَسَمَّاكُمْ بِأَحْسَنِ الْأَسْمَاءِ أَنْصَارَ اللهِ وَأَنْصَارَ رَسُوْلِهِ؟ وَلَوْلاَ الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَلَوْ سَلَکَ النَّاسُ وَادِيًا وَسَلَكْتُمْ وَادِيًا لَسَلَكْتُ وَادِيْكُمْ أَفَلاَ تَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِهَذِهِ الْغَنَائِمِ: الشَّاةَ وَالنَّعَمَ وَالْبَعِيْرَ، وَتَذْهَبُوْنَ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ فَلَمَّا سَمِعَتِ الْأَنْصَارُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالُوْا: رَضِيْنَا. قَالَ: أَجِيْبُوْنِي فِيْمَا قُلْتُ: قَالَتِ الْأَنْصَارُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَجَدْتَنَا فِي ظُلْمَةٍ فَأَخْرَجَنَا اللهُ بِکَ إِلَى النُّوْرِ، وَوَجَدْتَنَا عَلَى شَفَا حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَأَنْقَذَنَا اللهُ بِکَ وَوَجَدْتَنَا ضُلَّالاً فَهَدَانَا اللهُ بِکَ، قَدْ رَضِيْنَا بِاللهِ رَبًّا وَبِالإِسْلاَمِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِيًّا، فَاصْنَعْ يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَا شِئْتَ فِي أَوْسَعِ الْحِلِّ.

الحديث رقم ٢١: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٧/ ١٥١، الرقم: ٦٦٦٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/ ٣٠۔

Marfat.com

فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَاللهِ، لَوْ أَجَبْتُمُوْنِي بِغَيْرِ هَذَا الْقَوْلِ لَقُلْتُ: أَلَمْ تَأْتِنَا طَرِيْدًا فَآوَيْنَاکَ، وَمُکَذَّباً فَصَدَّقْنَاکَ، وَمَخْذُوْلاً فَنَصَرْنَاکَ، وَقَبِلْنَا مَا رَدَّ النَّاسُ عَلَيْکَ؟ لَوْ قُلْتُمْ هَذَا لَصُدِّقْتُمْ. فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: بَلْ لِلهِ وَلِرَسُوْلِهِ الْمَنُّ وَالْفَضْلُ عَلَيْنَا وَعَلَى غَيْرِنَا. ثُمَّ بَکَوْا، فَکَثُرَ بُکَاؤُهُمْ وَبَکَی النَّبِيُّ ﷺ مَعَهُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے جو مالِ غنیمت قبیلہ ہوازن کے مال میں سے غزوۂ حنین کے موقع پر عطا فرمایا تھا اسے حضور نبی اکرم ﷺ نے بطورِ احسان اہلِ قریش اور ان کے علاوہ دوسرے (نومسلم) لوگوں میں تقسیم فرما دیا۔ انصار (میں سے بعض لوگ) اس بات پر خفا ہوئے۔ جب رسول اللہ ﷺ کو اس بات کی اطلاع پہنچی تو آپ ﷺ ان کی قیام گاہ پر تشریف لائے اور فرمایا: جتنے انصار یہاں ہیں میری قیام گاہ پر چلیں۔ جب وہاں سب لوگ جمع ہو گئے تو حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لائے، آپ ﷺ نے اللہ عزوجل کی حمد و ثنا بیان کر کے فرمایا: اے جماعتِ انصار! اس مالِ غنیمت کے بارے میں کہ میں نے جس کی تقسیم میں دوسروں کو ترجیح دی اور انہیں اسلام سے مانوس کرنے کے لئے تقسیم کر دیا کہ شاید یہ نومسلم آج کے بعد اسلام میں پختہ اور کفار سے جنگ پر آمادہ ہو جائیں۔ مجھے تمہاری یہ خبر ملی ہے کہ تمہیں یہ برا لگا ہے؟ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اے جماعتِ انصار! کیا اللہ تعالیٰ نے تمہیں دولتِ ایمان دے کر احسان نہیں فرمایا؟ اور تمہیں بزرگی اور کرامت سے نہیں نوازا؟ اور تمہارا نام بہترین نام انصار اللہ اور انصار رسول اللہ رکھا اور اگر ہجرت (کی فضیلت) نہ ہوتی تو میں بھی انصار کا ایک فرد ہوتا اور اگر تمام لوگ ایک وادی کی طرف چلیں اور انصار دوسرے وادی کی طرف چلیں تو میں تمہاری وادی کی طرف چلوں گا۔ کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ لوگ بکریاں، بھیڑیں اور اونٹ لے کر جائیں اور تم رسول اللہ ﷺ کو لے کر جاؤ، جب انصار نے حضور نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان سنا تو عرض کیا: ہم راضی ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے اس بات کا جواب دو جو میں نے تم سے کہی ہے؟ انصار نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ نے ہمیں تاریکی میں پایا تھا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذریعے ہمیں نور کی طرف نکالا۔ آپ نے ہمیں جہنم کے گڑھے کے کنارے پر پایا تھا اللہ

Marfat.com

تعالیٰ نے ہمیں آپ کے ذریعے (دوزخ سے) بچا لیا۔ آپ نے ہمیں گمراہ پایا تھا آپ کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہدایت عطا کی۔ ہم اللہ ﷻ کے رب ہونے پر اسلام کے دین ہونے پر اور محمد مصطفیٰ ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہیں۔ یا رسول اللہ! آپ کے لئے میدان وسیع ہے۔ آپ جو چاہیں کریں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: خدا کی قسم! اگر اس کے علاوہ تم کچھ اور بھی کہتے تو میں کہتا کہ تم سچ کہتے ہو، اگر تم یہ کہتے کہ آپ ہمارے پاس نکالے ہوئے آئے تھے ہم نے آپ کو پناہ دی، جب دنیا نے آپ کی تکذیب کی، ہم نے آپ کی تصدیق کی، آپ بے یار و مددگار آئے تھے ہم نے آپ کی نصرت کی، ہم نے آپ کی وہ باتیں قبول کیں کہ دنیا نے ان کا انکار کیا تھا۔ اگر تم یہ سب کچھ بھی کہتے تو تم سچے تھے۔ انصار نے عرض کیا: (یہ بھی) اللہ ﷻ اور اس کے رسول ﷺ کا ہم پر اور دوسروں پر بڑا فضل و احسان ہے (کہ دین کی نوکری اور مدد و نصرت کے لئے اللہ تعالیٰ نے ہمیں منتخب کیا) پھر انصار رونے لگے اور بہت روئے اور حضور نبی اکرم ﷺ بھی (ان کی گریہ وزاری دیکھ کر) ان کے ساتھ آبدیدہ ہو گئے۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقات ہیں۔

Marfat.com

اَلْبَابُ السَّادِسُ عَشَرَ:

مَنَاقِبُ أَهْلِ بَدْرٍ وَالْحُدَيْبِيَةِ رضی اللہ عنہم

﴿اہلِ بدر اور اہلِ حدیبیہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ أَهْلِ بَدْرٍ وَالْحُدَيْبِيَةِ ﷺ

﴿اہلِ بدر اور اہلِ حدیبیہ صحابہ ﷺ کے جامع مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ أَهْلِ بَدْرٍ وَالْحُدَيْبِيَةِ ﷺ

﴿اہلِ بدر اور اہلِ حدیبیہ صحابہ ﷺ کے جامع مناقب کا بیان﴾

٨٠٥/١۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ: أَنْتُمْ خَيْرُ أَهْلِ الْأَرْضِ، وَكُنَّا أَلْفًا وَأَرْبَعَ مِائَةٍ، وَلَوْ كُنْتُ أُبْصِرُ الْيَوْمَ لَأَرَيْتُكُمْ مَكَانَ الشَّجَرَةِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حدیبیہ کے دن ہمیں فرمایا: تم زمین پر بسنے والوں میں سب سے بہتر ہو اور ہم چودہ سو افراد تھے اور اگر آج میں (یعنی حضرت جابر بن عبداللہ جو کہ اس وقت نابینا ہو چکے تھے) دیکھ سکتا ہوتا تو تمہیں اس درخت کی جگہ دکھا دیتا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٨٠٦/٢۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ في رواية طويلة قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ لِأَهْلِ

الحديث رقم ١: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المغازى، باب: غزوة الحديبية، ٤/ ١٥٢٦، الرقم: ٣٩٢٣، ومسلم فى الصحيح ،كتاب: الإمارة، باب: استحباب مبايعة الإمام الجيش عند إرادة القتال، وبيان بيعة الرضوان تحت الشجرة، ٣/ ١٤٨٤،الرقم: ١٨٥٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/ ٣٠٨، الرقم: ١٤٣٥٢، والشافعى فى المسند، ١/ ٢١٧، وأبوعوانة فى المسند، ٤/ ٣٠١، الرقم: ٦٨١٨، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٥/ ٢٣٥، الرقم: ٩٩٨١، وابن منصور فى كتاب السنن، ٢/ ٣٦٧، الرقم: ٢٨٨٥، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٧/ ٣٨٥، الرقم: ٣٦٨٤٩۔

الحديث رقم ٢: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المغازى، باب: فضل مَن شَهِدَ بدرا، ٤/ ١٤٦٣، الرقم: ٣٧٦٢، وفى كتاب: الجهاد، باب: الجاسوس، ٣/ ١٠٩٥، الرقم: ٢٨٤٥، و فى كتاب: المغازى، باب: وَمَا بَعَثَ بِهِ حَاطِبُ بْنُ أَبِى بلتعة إلى أهل مكة يُخْبِرُهُمْ بِغَزْوِ النَّبِيِّ ﷺ، ٤/ ١٥٥٧، الرقم: ٤٠٢٥، و مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أهل بدر ﷺ، وقصة حاطب بن أبي بلتعة ﷺ، ٤/ ١٩٤١، الرقم: ٢٤٩٤، والترمذى فى السنن، كتاب: ←

Marfat.com

بَدْرٍ: فَلَعَلَّ اللهَ اطَّلَعَ إِلَى أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ: اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ وَجَبَتْ لَكُمُ الْجَنَّةُ، أَوْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ..... الحديث. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ایک طویل روایت میں مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحابِ بدر کے لئے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اہلِ بدر کی طرف توجہ فرمائی اور فرمایا: تم جو عمل کرنا چاہتے ہو کرو بیشک تمہارے لئے جنت واجب ہوچکی ہے یا فرمایا: میں نے تمہیں بخش دیا ہے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٨٠٧/٣۔ عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ أَبِي رَافِعٍ رضی اللہ عنہ وَكَانَ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ قَالَ: جَاءَ جِبْرِيْلُ إِلَي النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَقَالَ: مَا تَعُدُّوْنَ أَهْلَ بَدْرٍ فِيْكُمْ؟ قَالَ: مِنْ أَفْضَلِ الْمُسْلِمِيْنَ. أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا قَالَ: وَكَذٰلِكَ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ وَلَفْظُهُمَا فَقَالَ: مَا تَعُدُّوْنَ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا فِيْكُمْ؟ قَالُوْا: خِيَارَنَا، قَالَ: كَذٰلِكَ هُمْ عِنْدَنَا، خِيَارُ الْمَلَائِكَةِ.

''حضرت رفاعہ بن ابی رافع رضی اللہ عنہ جو کہ اہلِ بدر صحابہ میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر دریافت کیا کہ (یا رسول اللہ!) آپ غزوۂ بدر میں شرکت کرنے والے (صحابہ) کو کیسا سمجھتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں انہیں مسلمانوں میں سب سے افضل شمار کرتا ہوں یا ایسا ہی کوئی دوسرا کلمہ استعمال فرمایا، حضرت جبرائیل نے عرض کیا: غزوۂ بدر میں شمولیت کرنے والے فرشتے بھی دوسرے فرشتوں میں اسی طرح ہیں۔''

..... تفسير القرآن عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ومن سورة الممتحنة، ٥/٤٠٩، الرقم: ٣٣٠٥، والدارمی فی السنن، ٢/٤٠٤، الرقم: ٢٧٦١۔

الحديث رقم ٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المغازی، باب: شهود الملائكة بدرا، ٤/١٤٨٧، الرقم: ٣٧٧١، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل أهل بدر، ١/٥٦، الرقم: ١٦٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣:٤٦٥، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٣٦٤، الرقم: ٣٦٧٢٥-٣٦٧٢٩، ٣٦٧٣١، والخطيب التبريزي في مشكاة المصابيح، ٢/٤٥١، الرقم: ٦٢٢٦، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٢/٢٩١، والكناني في مصباح الزجاجة، ١/٢٤، الرقم: ٥٨.

Marfat.com

اس حدیث کو امام بخاری، ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا۔

امام ابن ماجہ اور احمد کے الفاظ یوں ہیں کہ جبرائیل امین علیہ السلام نے دریافت کیا: آپ غزوۂ بدر میں شرکت کرنے والوں کو کیسا سمجھتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ہمارے بہترین لوگوں میں سے ہیں، حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا: اسی طرح وہ فرشتے (جنہوں نے غزوۂ بدر میں شرکت کی) ہمارے نزدیک بہترین فرشتوں میں سے ہیں۔''

٨٠٨ / ٤۔ عَنْ قَيْسٍ رضي الله عنه كَانَ عَطَاءُ الْبَدْرِيِّيْنَ خَمْسَةَ آلَافٍ وَقَالَ عُمَرُ رضي الله عنه: لَأُفَضِّلَنَّهُمْ عَلَى مَنْ بَعْدَهُمْ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت قیس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بدری صحابہ کا پانچ پانچ ہزار درہم سالانہ وظیفہ مقرر فرمایا اور انہوں نے فرمایا کہ میں غزوۂ بدر میں شریک ہونے والے حضرات کو دوسرے اصحاب پر ضرور ترجیح دوں گا۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٨٠٩ / ٥۔ عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ رضي الله عنها قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم غَدَاةَ بُنِيَ عَلَيَّ فَجَلَسَ عَلَى فِرَاشِي كَمَجْلِسِكَ مِنِّي وَجُوَيْرِيَاتٌ يَضْرِبْنَ بِالدُّفِّ يَنْدُبْنَ مَنْ قُتِلَ مِنْ آبَائِهِنَّ يَوْمَ بَدْرٍ حَتَّى قَالَتْ

الحديث رقم ٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المغازي، باب: شهود الملائكة بدرًا، ٤/١٤٧٥، الرقم: ٣٧٩٧، والخطيب التبريزي في مشكاة المصابيح، ٢/٤٥٧، الرقم: ٢٦٢٥۔

الحديث رقم ٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المغازي، باب: شهود الملائكة بدرًا، ٤/١٤٦٩، الرقم: ٣٧٧٩، و في كتاب: النكاح، باب: ضرب الدف في النكاح والوليمة، ٥/١٩٧٦، الرقم: ٤٨٥٢، والترمذي في السنن، كتاب: النكاح عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء في إعلان النكاح، ٣/٣٩٩، الرقم: ١٠٩٠، وأبوداود في السنن، كتاب: الأدب، باب: في النهي عن الغناء، ٤/٢٨١، الرقم: ٤٩٢٢، و ابن ماجه في السنن، كتاب: النكاح، باب: الغناء والدف، ١/٦١١، الرقم: ١٨٩٧، والنسائي في السنن الكبرى، ٣/٣٣٢، الرقم: ٥٥٦٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٣٥٩.٣٦٠، الرقم: ٢٧٠٦٦،٢٧٠٧٢، وابن حبان في الصحيح، ١٣/١٨٩، الرقم: ٥٨٧٨۔

Marfat.com

جَارِيَةٌ: وَفِينَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ. فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَا تَقُوْلِي هٰكَذَا وَ قُوْلِي مَا كُنْتِ تَقُوْلِيْنَ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: شبِ زفاف کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ (ہمارے گھر) تشریف لائے اور میرے بستر پر اس طرح جلوہ افروز ہوئے جیسے آپ بیٹھے ہیں اس وقت کچھ بچیاں دف بجا کر جنگِ بدر میں شہید ہوجانے والے اپنے بزرگوں کی شان میں قصیدہ گا رہی تھیں۔ آخرکار ایک بچی نے کہا: ہم میں ایسا نبی ﷺ تشریف فرما ہے جو (آنے والے) کل کی باتیں جانتا ہے، تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ نہ کہو بلکہ وہی کہو جو تم پہلے کہہ رہی تھیں۔''

اسی حدیث کو امام بخاری، ترمذی، ابوداود، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٨١٠/٦۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: عَطِشَ النَّاسُ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَالنَّبِيُّ ﷺ بَيْنَ يَدَيْهِ رَكْوَةٌ فَتَوَضَّأَ، فَجَهِشَ النَّاسُ نَحْوَهُ، فَقَالَ: مَالَكُمْ؟ قَالُوْا: لَيْسَ عِنْدَنَا مَاءٌ نَتَوَضَّأُ وَلَا نَشْرَبُ إِلَّا مَا بَيْنَ يَدَيْكَ، فَوَضَعَ يَدَهُ فِي الرَّكْوَةِ، فَجَعَلَ الْمَاءُ يَثُوْرُ بَيْنَ أَصَابِعِهِ كَأَمْثَالِ

الحديث رقم ٦: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المناقب، باب: علامات النبوة فى الإسلام، ٣/١٣١٠، الرقم: ٣٣٨٣، و فى كتاب: المغازى، باب: غزوة الحديبية، ٤/١٥٢٦، الرقم: ٣٩٢١-٣٩٢٣، وفى كتاب: الأشربة، باب: شرب البركة والماءِ المبارك، ٥/٢١٣٥، الرقم: ٥٣١٦، وفي كتاب: التفسير/الفتح، باب: إِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ: (١٨)، ٤/١٨٣١، الرقم: ٤٥٦٠، و أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٣٢٩، الرقم: ١٤٥٦٢، وابن خزيمة فى الصحيح، ١/٦٥، الرقم: ١٢٥، وابن حبان فى الصحيح، ١٤/٤٨٠، الرقم: ٦٥٤٢، والدارمى فى السنن، ١/٢١، الرقم: ٢٧، وأبويعلى فى المسند، ٤/٨٢، الرقم:٢١٠٧، والبيهقى فى الاعتقاد، ١/٢٧٢، وابن الجعد فى المسند، ١/٢٩، الرقم:٨٢.

Marfat.com

الْعُيُوْنِ، فَشَرِبْنَا وَتَوَضَّأْنَا قُلْتُ: كَمْ كُنْتُمْ قَالَ: لَوْ كُنَّا مِائَةَ أَلْفٍ لَكَفَانَا، كُنَّا خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جنگِ حدیبیہ کے دن لوگوں کو پیاس لگی۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے سامنے پانی کی ایک چھاگل رکھی ہوئی تھی آپ ﷺ نے اس سے وضو فرمایا: لوگ آپ ﷺ کی طرف جھپٹے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمارے پاس وضو کے لئے پانی ہے نہ پینے کے لئے۔ صرف یہی پانی ہے جو آپ کے سامنے رکھا ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے (یہ سن کر) دستِ مبارک چھاگل کے اندر رکھا تو فوراً چشموں کی طرح پانی انگلیوں کے درمیان سے جوش مار کر نکلنے لگا چنانچہ ہم سب نے (خوب سیر ہوکر پانی) پیا اور وضو بھی کر لیا اور (حضرت سالم راوی کہتے ہیں) میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اس وقت آپ کتنے آدمی تھے؟ انہوں نے کہا: اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تب بھی وہ پانی سب کے لئے کافی ہو جاتا، ہم پندرہ سو تھے۔'' اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٧/٨١١۔ عَنِ الْبَرَاءِ رضی اللہ عنہ قَالَ: كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً وَالْحُدَيْبِيَةُ بِئْرٌ، فَنَزَحْنَاهَا حَتَّى لَمْ نَتْرُكْ فِيهَا قَطْرَةً، فَجَلَسَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَى شَفِيرِ الْبِئْرِ فَدَعَا بِمَاءٍ، فَمَضْمَضَ وَمَجَّ فِي الْبِئْرِ، فَمَكَثْنَا غَيْرَ بَعِيدٍ، ثُمَّ اسْتَقَيْنَا حَتَّى رَوِينَا، وَرَوَتْ أَوْ صَدَرَتْ رَكَائِبُنَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں واقعہ حدیبیہ کے روز ہماری تعداد چودہ سو تھی۔ ہم حدیبیہ کے کنویں سے پانی نکالتے رہے یہاں تک کہ ہم نے اس میں پانی کا ایک قطرہ بھی نہ چھوڑا۔ (یہاں تک کہ پانی کی کمی ہوگئی اور پانی ختم ہوکر سطح زمین سے لگ گیا) سو حضور نبی اکرم ﷺ کنویں کے منڈیر پر آ بیٹھے اور پانی طلب فرمایا: اس سے کلّی فرمائی اور وہ پانی کنویں میں ڈال دیا۔ تھوڑی ہی دیر بعد ہم اس سے پانی پینے لگے، یہاں تک کہ خوب سیراب ہوئے اور ہمارے سواریوں کے جانور بھی سیراب ہو گئے۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المناقب، باب: علامات النبوة فی الإسلام، ٣/١٣١١، الرقم: ٣٣٨٤.

Marfat.com

٨/٨١٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ في رواية طويلة: وَبَعَثَ قُرَيْشٌ إِلَى عَاصِمٍ لِيُؤْتُوْا بِشَيءٍ مِنْ جَسَدِهِ يَعْرِفُوْنَهُ وَكَانَ عَاصِمٌ قَتَلَ عَظِيمًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ فَبَعَثَ اللهُ عَلَيْهِ مِثْلَ الظُّلَّةِ مِنَ الدَّبْرِ،فَحَمَتْهُ مِنْ رُسُلِهِمْ فَلَمْ يَقْدِرُوْا مِنْهُ عَلَى شَيءٍ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے ایک طویل روایت میں مروی ہے کہ کفارِ قریش نے اپنا ایک فوجی دستہ شناخت کے لئے حضرت عاصم ﷺ کی لاش میں سے کوئی ٹکڑا کاٹ کر لانے کے لئے بھیجا۔ حضرت عاصم ﷺ نے غزوہ بدر میں ان کے سرداروں میں سے ایک کو قتل کیا تھا۔ سو (اس دستہ کے پہنچتے ہی) اللہ تعالیٰ نے ان کی لاش کے پاس بھڑوں کی مثل کوئی جانور بھیج دیئے جنہوں نے کسی کو ان کی لاش کے پاس بھی پھٹکنے نہیں دیا اور وہ ان کے جسم کا کوئی بھی حصہ لے جانے میں کامیاب نہ ہو سکے۔'' اس حدیث کو امام بخاری اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٩/٨١٣۔ عَنْ أُمِّ مُبَشِّرٍ رضي الله عنها أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ عِنْدَ

الحديث رقم ٨: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المغازي، باب: غَزْوَةُ الرَّجِيعِ، وَرِعْلٍ، وَذَكوان، وبِئر مَعُونة، ٤/١٤٩٩، الرقم: ٣٨٥٨، وفى كتاب: الجهاد، باب: هل يَسْتَأسِرُ الرَّجُلُ ومَنَ لَم يَسْتَأسِر وَمَن رَكع رَكْعَتَين عند القتل، ٣/١١٠٨، الرقم: ٢٨٨٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٣١٠، الرقم: ٨٠٨٢، وعبد الرزاق فى المصنف، ٥/٣٥٣، الرقم: ٩٧٣٠، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٤/٢٢١، الرقم: ٤١٩١، واللالكائي في كرامات الأولياء، ١/١٠١، الرقم: ٥٣، والعسقلانى فى فتح البارى، ٧/٣٨٤، وابن عبد البر فى الإستيعاب، ٢/٧٧٩، الرقم: ١٣٠٥، والطبرى فى تاريخ الأمم والملوك، ٢/٧٨۔

الحديث رقم ٩: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أصحاب الشجرة أهل بيعة الرضوان ﷺ، ٤/١٩٤٢، الرقم: ٢٤٩٦، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في فضل من بايع تحت الشجرة، ٥/٦٩٥، الرقم: ٣٨٦٠، و قال: هذا حديث حسن صحيح، و أبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في الخلفاء، ٤/٢١٣، الرقم: ٤٦٥٣، و ابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر البعث، ٢/١٤٣١، الرقم: ٤٢٨١، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٣٩٥،٤٦٤، الرقم: ١١٣٢١،١١٥٠٧، وأحمد بن حنبل في ←

Marfat.com

حَفْصَةَ رضي الله عنهما: لَا يَدْخُلُ النَّارَ إِنْ شَاءَ اللهُ مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ أَحَدٌ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا تَحْتَهَا..... الحديث.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ كِلَاهُمَا عَنْ جَابِرٍ ﷺ وَابْنُ مَاجه وَلَفْظُهُ: عَنْ حَفْصَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنِّي لَأَرْجُو أَلَّا يَدْخُلَ النَّارَ أَحَدٌ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَالْحُدَيْبِيَةَ.

''حضرت امّ مبشر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''ان شاء اللہ اصحابِ شجرہ میں سے کوئی شخص دوزخ میں داخل نہیں ہوگا..... الحدیث۔''

اس حدیث کو امام مسلم، ترمذی اور ابوداود نے روایت کیا ہے۔ امام ترمذی اور امام ابوداود نے اس حدیث کو حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے طریق سے روایت کیا ہے اور امام ابن ماجہ نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے اور ان کے الفاظ یہ ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں کہ ان شاء اللہ غزوۂ بدر اور حدیبیہ میں شمولیت کرنے والے صحابہ میں سے کوئی بھی دوزخ میں نہیں جائے گا۔''

٨١٤/١٠۔ عَنْ جَابِرٍ ﷺ أَنَّ عَبْدًا لِحَاطِبٍ جَاءَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ

..... المسند، ٣/٣٥٠، الرقم: ١٤٨٢٠، ٦/٢٦٥، الرقم: ٢٦٤٨٣، ٢٧٠٨٧، ٢٧٤٠٢، وابن حبان في الصحيح، ١١/١٢٥، ١٢٧، الرقم: ٤٨٠٠، ٤٨٠٢، وأبويعلى في المسند، ١٢/٤٧٢، الرقم: ٧٠٤٤۔

الحديث رقم ١٠: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أهل بدر، ٤/١٩٤٢، الرقم: ٢٤٩٥، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: (٥٩)، ٥/٦٩٧، الرقم: ٣٨٦٤، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٨٠، الرقم: ٨٢٩٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٣٢٥، ٣٤٩، الرقم: ١٤٥٢٤، ١٤٨١٣، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٩٨، الرقم: ٣٢٣٤٨، ٣٦٧٣٠، والحاكم في المستدرك، ٣/٣٤٠، الرقم: ٥٣٠٨، وقال: هذا حديث صحيح، والطبراني في المعجم الكبير، ٣/١٨٤، الرقم: ٣٠٦٤، والشيبانى في الآحاد والمثاني، ١/٢٥٦، الرقم: ٣٣٣.٣٣٦۔

Marfat.com

يَشْكُوْ حَاطِبًا فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، لَيَدْخُلَنَّ حَاطِبٌ النَّارَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: كَذَبْتَ لَا يَدْخُلُهَا فَإِنَّهُ شَهِدَ بَدْرًا وَالْحُدَيْبِيَةَ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت جابر ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت حاطب ﷺ کا ایک غلام حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضرت حاطب کی شکایت کرتے ہوئے عرض کیا: یا رسول اللہ! حاطب دوزخ میں داخل ہو جائے گا، حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم جھوٹے ہو، وہ دوزخ میں داخل نہیں ہوگا کیونکہ وہ جنگ بدر اور حدیبیہ میں شریک ہوا۔''

اس حدیث کو امام مسلم، ترمذی، نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام ابوعیسیٰ نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٨١٥/١١۔ عَنْ جَابِرٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مَنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ إِلَّا صَاحِبَ الْجَمَلِ الْأَحْمَرِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت جابر ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جن لوگوں نے درخت کے نیچے (میرے ہاتھ پر) بیعت کی وہ ضرور بالضرور جنت میں جائیں گے سوائے سرخ اونٹ والے کے (جو کہ جد بن قیس منافق تھا جو اپنی اونٹنی کے پہلو سے چمٹ کر لوگوں سے چھپتا پھرتا رہا اور بیعت میں شریک نہ ہوا)۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٨١٦/١٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى ﷺ قَالَ: شَكَى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

الحديث رقم ١١: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فيمن سبّ أصحاب النبي ﷺ، ٥/٦٩٦، الرقم: ٣٨٦٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٦١، و قال: رواه البزار رجاله خداش بن عياش وهو ثقة.

الحديث رقم ١٢: أخرجه ابن حبان فى الصحيح، ١٥/٥٦٥، الرقم: ٧٠٩١، والطبراني فى المعجم الصغير، ١/٣٤٨، الرقم: ٥٨٠.

Marfat.com

بْنُ عَوْفٍ ﷺ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ ﷺ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَا خَالِدُ، لِمَ تُؤْذِي رَجُلًا مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ؟ لَوْ أَنْفَقْتَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا لَمْ تُدْرِكْ عَمَلَهُ. فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، يَقَعُوْنَ فِيَّ فَأَرُدُّ عَلَيْهِمْ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا تُؤْذُوْا خَالِدًا فَإِنَّهُ سَيْفٌ مِنْ سُيُوْفِ اللهِ صَبَّهُ اللهُ عَلَى الْكُفَّارِ. رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن ابی اوفی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ﷺ نے حضرت خالد بن ولید ﷺ کی شکایت حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں کی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے خالد! تم اہلِ بدر میں شامل شخص کو کیوں تکلیف دیتے ہو اگر تم اُحد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کرو تو ان کے اس ایک عمل کے اجر کو نہیں پا سکتے، حضرت خالد بن ولید ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! انہوں نے مجھ سے جھگڑا کیا تھا تو میں نے انہیں جواب دیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: خالد کو تکلیف مت دو کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی تلوار میں سے ایک تلوار ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے کفار کے سروں پر مسلط کر رکھا ہے۔''

اس حدیث کو امام ابن حبان اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٨١٧/١٣۔ عَنْ رَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ يَوْمَ بَدْرٍ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْ أَنَّ مَوْلُوْدًا وُلِدَ فِي فِقْهِ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً مِنْ أَهْلِ الدِّيْنِ يَعْمَلُ بِطَاعَةِ اللهِ وَيَجْتَنِبُ مَعَاصِيَ اللهِ كُلَّهَا إِلَى أَنْ يُرَدَّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، أَوْ يُرَدَّ إِلَى أَنْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا لَمْ يَبْلُغْ أَحَدُكُمْ هَذِهِ اللَّيْلَةَ. وَقَالَ: إِنَّ لِلْمَلَائِكَةِ الَّذِيْنَ شَهِدُوْا بَدْرًا لَفَضْلًا عَلَى مَنْ تَخَلَّفَ مِنْهُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت رافع بن خدیج ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے غزوۂ بدر کے دن فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اگر کوئی مولود (بچہ)

الحديث رقم ١٣: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٤/٢٨٤، الرقم: ٤٤٣٥.

Marfat.com

چالیس سال تک اہلِ دین کے ہاں دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرتا ہے اور وہ اس دوران اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور تمام گناہوں سے بچتا رہا یہاں تک کہ وہ عمر کے انتہائی آخری حصے میں پہنچ گیا یا عمر کے اس حصے کو پہنچ گیا جس میں وہ سب کچھ جاننے کے بعد بھی وہ کچھ نہیں جانتا تھا پھر بھی تم میں سے کوئی اصحابِ بدر کی اس فضیلت والی رات کو نہیں پا سکتا پھر آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک جن لوگوں نے غزوہ بدر میں شرکت کی ہے انہیں ان فرشتوں پر بھی فضیلت حاصل ہے جن فرشتوں نے اس غزوہ میں شرکت نہیں کی۔"

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

اَلْبَابُ السَّابِعُ عَشَرَ:

مَنَاقِبُ الْعَشَرَةِ الْمُبَشَّرَةِ رضی اللہ عنہم

﴿عشرہ مبشرہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مناقب﴾

Marfat.com

فصل فی جامع مناقب العشرۃ المبشرۃ

﴿مشتمل بر مبشر ہونے حضور سید عالم ﷺ کے جامع مناقب کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ الْعَشَرَةِ الْمُبَشَّرَةِ ﷺ

﴿عشرہ مبشّرہ صحابہ کرام ﷺ کے جامع مناقب کا بیان﴾

٨١٨/١۔ عَنْ جَابِرٍ ﷺ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَنْ يَأْتِينِي بِخَبَرِ الْقَوْمِ؟ يَوْمَ الْأَحْزَابِ، قَالَ الزُّبَيْرُ: أَنَا، ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَأْتِينِي بِخَبَرِ الْقَوْمِ؟ قَالَ الزُّبَيْرُ: أَنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت جابر ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم نے ﷺ جنگِ احزاب (سے کچھ) پہلے فرمایا: میرے پاس دشمن کی خبر کون لائے گا؟ حضرت زبیر ﷺ عرض گزار ہوئے: میں (لاؤں گا) پھر آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس دشمن کی خبر کون لائے گا؟ حضرت زبیر ﷺ عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! میں (لاؤں گا) تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک ہر نبی کا کوئی نہ کوئی حواری (مددگار) ہوتا ہے اور میرا حواری زبیر ہے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ بخاری کے ہیں۔

الحديث رقم ١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: فضل الطليعة، ٣/١٠٤٦، الرقم: ٢٦٩١، و مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة ﷺ، باب: من فضائل طلحة والزبير، ٤/١٨٧٩، الرقم: ٢٤١٥، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب الزبير بن العوام، ٥/٦٤٦، الرقم: ٣٧٤٤-٣٧٤٥، و قال: هذا حديث حسن صحيح، و يُقَالُ الْحَوَارِيُّ النَّاصِرُ، وابن ماجه في السنن، كتاب: المقدمة، باب: فضل الزبير، ١/٤٥، الرقم: ١٢٢، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٦٠، الرقم: ٨٢١١، و في فضائل الصحابة، ١/٣٣، الرقم: ١٠٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٣١٤، و في فضائل الصحابة، ٢/٧٣٧، الرقم: ١٢٧١-١٢٧٣، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٤٤، الرقم: ٦٩٨٥، و ابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٧٧، الرقم: ٣٢١٦٧-٣٢١٦٨۔

Marfat.com

٢/٨١٩۔ عَنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ رضي الله عنهما قَالَ: كُنْتُ يَوْمَ الْأَحْزَابِ جُعِلْتُ أَنَا وَعُمَرُ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ فِي النِّسَاءِ..... كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ يَأْتِ بَنِي قُرَيْظَةَ؟ فَيَأْتِيْنِي بِخَبَرِهِمْ، فَانْطَلَقْتُ فَلَمَّا رَجَعْتُ جَمَعَ لِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ أَبَوَيْهِ، فَقَالَ: فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جنگِ خندق کے دوران میں اور حضرت عمر بن ابو سلمہ عورتوں کی حفاظت پر مامور تھے..... بیان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تھا کہ کون ہے جو قبیلہ بنی قریظہ کی طرف جا کر مجھے ان کی خبر لا کر دے؟ پس میں گیا اور جب واپس لوٹا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے میرے لیے اپنے ماں باپ (کے الفاظ) کو جمع فرمایا اور فرمایا کہ میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ امام بخاری کے ہیں۔

٣/٨٢٠۔ عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه قَالَ: مَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ جَمَعَ أَبَوَيْهِ

الحديث رقم ٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: مناقب الزبير بن العوام، ٣/١٣٦٢، الرقم: ٣٥١٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل طلحة والزبير، ٤/١٨٧٩، الرقم: ٢٤١٦، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب الزبير بن العوام، ٥/٦٤٦، الرقم: ٣٧٤٣، وقال: هذا حديث حسن صحيح، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٦٠، الرقم: ٨٢١٣، وفي فضائل الصحابة، ١/٣٣، الرقم: ١٠٩، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل الزبير، ١/٤٥، الرقم: ١٢٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٦٦، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٤٢، الرقم: ٦٩٨٤، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٧٧، الرقم: ٣٢١٦٢.

الحديث رقم ٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المغازي، باب: إذ همت طائفتان منكم أن تفشلا، ٤/١٤٩٠، الرقم: ٣٨٣٣، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: في فضل سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه، ٤/١٨٧٦، الرقم: ٢٤١١، والترمذي في السنن، كتاب: الأدب عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في فداك أبي وأبي، ٥/١٣٠، الرقم: ٢٨٢٩، وقال أبو عيسى: هذا حديث حسن ←

Marfat.com

لِأَحَدٍ إِلَّا لِسَعْدِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ، فَإِنِّي سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ يَومَ أُحُدٍ: يَا سَعْدُ، ارْمِ فِدَاکَ أَبِي وَأُمِّي. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم بیان کرتے ہیں کہ میں نے نہیں سنا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت سعد بن مالک ﷺ کے سوا اور کسی کے لیے اپنے والدین کریمین (کے الفاظ) کو جمع فرمایا ہو، پس غزوۂ اُحد کے دن میں نے خود آپ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: اے سعد! (اور تیز) تیراندازی کرو، میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٨٢١ / ٤۔ عَنْ سَعْدٍ ﷺ إِنِّي لَأَوَّلُ الْعَرَبِ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيْلِ اللهِ..... الحديث. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت سعد ﷺ سے مروی ہے کہ میں عربوں میں سے سب سے پہلا شخص ہوں جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں تیراندازی کی۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٨٢٢ / ٥۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِيْنٌ، وَأَمِيْنُ

..... صحيح، وفي كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ ، باب: مناقب سعد بن أبي وقاص ﷺ، ٣٧٥٥، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل سعد بن أبي وقاص ﷺ، ١/ ٤٧، الرقم: ٤٧، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/ ٥٧، الرقم: ١٠٠٢١، وأحمد بن حنبل في المسند ١/ ١٢٤، وفي فضائل الصحابة، ٢/ ٧٥٢، الرقم: ١٣١٤۔

الحديث رقم ٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: مناقب سعد بن أبي وقاص ﷺ، ٣/ ١٣٦٤، الرقم: ٣٥٢٢، وفي كتاب: الرقاق، باب: كيف كان عيش النبي ﷺ وأصحابه، ٥/ ٢٣٧١، الرقم: ٦٠٨٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: الزهد والرقائق، ٤/ ٢٢٧٧، الرقم: ٢٩٦٦، والترمذي في السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في معيشة أصحاب النبي ﷺ، ٤/ ٥٨٢، الرقم: ٢٣٦٦، وقال: هذا حديث حسن صحيح، و ابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل سعد بن أبي وقاص ﷺ، ١/ ٤٧، الرقم: ١٣٠، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/ ٦١، الرقم: ٨٢١٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/ ١٨١، ١٨٦، الرقم: ١٥٥٦، ١٦١٨۔

الحديث رقم ٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المغازي، باب: قصة أهل ←

Marfat.com

هِذِهِ الْأُمَّةِ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر امت کا کوئی نہ کوئی امین ہوتا ہے اور (میری) امت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٦/٨٢٣۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ ﷺ قَالَ: رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ﷺ فذكر الحديث في مقتله قَالَ: فَقَالُوْا: أُوْصِ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ: اسْتَخْلِفْ. قَالَ: مَا أَجِدُ أَحَدًا أَحَقَّ بِهَذَا مِنْ هَؤُلَاءِ النَّفَرِ أَوِ الرَّهْطِ الَّذِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ، فَسَمَّى عَلِيًّا وَعُثْمَانَ وَالزُّبَيْرَ وَطَلْحَةَ وَسَعْدًا وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ..... الحديث.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عمرو بن میمون ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب ﷺ کو (زخمی حالت میں) دیکھا، پھر ان کے قتل کیے جانے کے بارے میں حدیث بیان کی۔ راوی

..... نجران، ٤/١٥٩٢، الرقم: ٤١٢١، ومسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أبي عبيدة بن الجراح ﷺ، ٤/١٨٨١، الرقم: ٢٤١٩، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب معاذ بن جبل و زيد بن ثابت وأبي بن كعب و أبي عبيدة بن الجراح ﷺ، ٥/٦٦٤، ٦٦٧، الرقم: ٣٧٩٠، ٣٧٩٦، وقال: هذا حديث حسن صحيح، و ابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل أبي عبيدة بن الجراح ﷺ، ١/٤٩، الرقم: ١٣٦، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٦٧، الرقم: ٨٢٤٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٣٣، الرقم: ١٢٣٨٠، والشاشي في المسند، ٢/٩٣، الرقم: ٦١٧، والحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ٢/١١٧۔

الحديث رقم ٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: قصة البيعة والانفاق على عثمان بن عفان ﷺ، ٣/١٣٥٣-١٣٥٥، الرقم: ٣٤٩٧، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٣٥٠-٣٥٣، الرقم: ٦٩١٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ٨/١٥٠، وفي الاعتقاد، ١/٣٦٥۔

Marfat.com

بیان کرتے ہیں کہ لوگوں نے عرض کیا: اے امیر المومنین! اپنے جانشین کے لیے وصیت فرمائیں۔ انہوں نے فرمایا: میں اِن چند حضرات کے سوا اور کسی کو امرِ خلافت کا زیادہ حقدار نہیں پاتا کیونکہ جب حضور نبی اکرم ﷺ نے وصال فرمایا تو ان سے راضی تھے پھر انہوں نے (جن حضرات کے) نام لیے (وہ) حضرت علی، حضرت عثمان، حضرت زبیر، حضرت طلحہ، حضرت سعد اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ﷺ ہیں۔'' اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٨٢٤/٧۔ عَنْ قَيْسٍ ﷺ قَالَ: رَأَيْتُ يَدَ طَلْحَةَ شَلَّاءَ وَقَى بِهَا النَّبِيَّ ﷺ يَومَ أُحُدٍ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت قیس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت طلحہ ﷺ کے ایک ہاتھ کو شل (بیکار) دیکھا کیونکہ اس کے ساتھ انہوں نے غزوۂ احد میں حضور نبی اکرم ﷺ کے اوپر سے (تلواروں، تیروں کے) وار روکے تھے۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٨٢٥/٨۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ كَانَ عَلَى حِرَاءٍ هُوَ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ فَتَحَرَّكَتِ الصَّخْرَةُ. فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: اهْدَأْ فَمَا عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ أَوْصِدِّيْقٌ أَوْشَهِيْدٌ.

الحديث رقم ٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المغازي، باب: إذ همت طائفتان منكم أن تفشلا والله وليهما، ٤/١٤٩٠، الرقم: ٣٨٣٦، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل طلحة بن عبيد الله ﷺ، ١/٤٦، الرقم: ١٢٨، والخلال في السنة، ٢/٤٦٩، الرقم: ٧٣٨، وإسناده صحيح، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢/٧٤٥، الرقم: ١٢٩٢۔

الحديث رقم ٨: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل طلحة والزبير ﷺ، ٤/١٨٨٠، الرقم: ٢٤١٧، والترمذى في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فى مناقب عثمان بن عفان ﷺ، ٥/٦٢٤، الرقم: ٣٦٩٦، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٤١، الرقم: ٦٩٨٣، والنسائى في السنن الكبرى، ٥/٥٩، الرقم: ٨٢٠٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٤١٩، الرقم: ٩٤٢٠، وابن أبى عاصم فى السنة، ٢/٦٢١، الرقم: ١٤٤١۔

Marfat.com

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ حرا پہاڑ پر تشریف فرما تھے اور آپ ﷺ کے ساتھ حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ اور حضرت زبیر ﷺ تھے اتنے میں پہاڑ نے حرکت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھہر جا، کیونکہ تیرے اوپر نبی، صدیق اور شہید کے سوا کوئی نہیں ہے۔''

اسے امام مسلم اور امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٩/٨٢٦۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَبُوْبَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعْدٌ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعِيْدٌ فِي الْجَنَّةِ، وَأَبُوعُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِي الْجَنَّةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ.

''حضرت عبد الرحمٰن بن عوف ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابوبکر جنتی ہے، عمر جنتی ہے، عبد الرحمٰن بن عوف جنتی ہے، سعد جنتی ہے، سعید (بن زید) جنتی ہے اور ابوعبیدہ بن جراح جنتی ہے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اسے سعید بن زید سے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٩: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب عبد الرحمن بن عوف الزهري ﷺ، ٥/٦٤٧، الرقم: ٣٧٤٧، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضائل العشرة ﷺ، ١/٤٨، الرقم: ١٣٣، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٥٦، الرقم: ٨١٩٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٩٣، الرقم: ١٦٧٥، و في فضائل الصحابة، ١/٢٢٩، الرقم: ٢٧٨، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٦٣، الرقم: ٧٠٠٢، وأبو يعلى في المسند، ٢/١٤٧، الرقم: ٨٣٥، و خيثمة بن سليمان من حديث خيثمة، ١/٩٣، ٩٥.

Marfat.com

٨٢٧/١٠۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ ﷺ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: عَشَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ: أَبُوبَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَالزُّبَيْرُ، وَطَلْحَةُ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَأَبُوعُبَيْدَةَ، وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ ﷺ، قَالَ: فَعَدَّ هَؤُلَاءِ التِّسْعَةَ وَسَكَتَ عَنِ الْعَاشِرِ فَقَالَ الْقَوْمُ: نَنْشُدُكَ بِاللهِ يَا أَبَا الْأَعْوَرِ، مَنِ الْعَاشِرُ؟ قَالَ: نَشَدْتُمُوْنِي بِاللهِ أَبُو الْأَعْوَرِ فِي الْجَنَّةِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هُوَ أَصَحُّ.

''حضرت سعید بن زید ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دس آدمی جنتی ہیں، (اور وہ یہ ہیں) ابوبکر، عمر، عثمان، علی، زبیر، طلحہ، عبدالرحمٰن، ابوعبیدہ اور سعد بن ابی وقاص ﷺ جنتی ہیں، راوی بیان کرتے ہیں کہ حضرت سعید بن زید نو آدمیوں کا نام گن کر دسویں پر خاموش ہوگئے۔ لوگوں نے کہا: ابو اعور! ہم آپ کو اللہ تعالیٰ کی قسم دے کر پوچھتے ہیں (بتایئے) دسواں آدمی کون ہے؟ انہوں نے فرمایا: تم نے مجھے اللہ تعالیٰ کی قسم دی ہے، (دسواں) ابو اعور (یعنی سعید بن زید خود بھی) جنتی ہیں۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، نسائی، احمد، حاکم اور ابن حبان نے روایت کیا ہے اور امام ابوعیسیٰ نے فرمایا کہ یہ حدیث اصح (صحیح ترین) ہے۔

٨٢٨/١١۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

الحديث رقم ١٠: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب عبد الرحمن بن عوف ﷺ، ٥/٦٤٨، الرقم: ٣٧٤٨، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٥٦، الرقم: ٨١٩٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٨٨، الرقم: ١٦٣١، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٦٣، الرقم: ٧٠٠٢، والحاكم في المستدرك، ٣/٤٩٨، الرقم: ٥٨٥٨، والشاشي في المسند، ١/٢٤٧، الرقم: ٢١٠، والطيالسي في المسند، ١/٣٢، الرقم: ٢٣٦، والبيهقي في الاعتقاد، ١/٣٣٢، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٣/١٠٢، الرقم: ٩٠٣۔

الحديث رقم ١١: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب معاذ بن جبل وزيد بن ثابت وأبي بن كعب وأبي عبيدة بن الجراح ﷺ، ٥/٦٦٤.٦٦٥، الرقم: ٣٧٩٠.٣٧٩١، وابن ماجه في السنن، المقدمة، ←

Marfat.com

أَرْحَمُ أُمَّتِي بِأُمَّتِي أَبُوْبَكْرٍ، وَأَشَدُّهُمْ فِي أَمْرِ اللهِ عُمَرُ، وَأَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ، وَأَعْلَمُهُمْ بِالْحَلاَلِ وَالْحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَأَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَأَقْرَؤُهُمْ أُبَيٌّ. وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِيْنٌ وَأَمِيْنُ هَذِهِ الْأُمَّةِ أَبُوعُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا إِسْنَادٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے سب سے زیادہ میری امت پر مہربان ابوبکر ہے، احکامِ الٰہی میں سب سے زیادہ سخت عمر ہے، شرم و حیاء میں سب سے زیادہ سچا عثمان ہے، حلال و حرام کو سب سے زیادہ جاننے والا معاذ بن جبل ہے، علم الفرائض (یعنی علم میراث) کا سب سے زیادہ جاننے والا زید بن ثابت ہے اور سب سے اچھا قاری ابی بن کعب ہے اور ہر امت کا کوئی نہ کوئی امین ہوتا ہے اور اس امت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام ابوعیسی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن اور صحیح ہے اور امام حاکم نے بھی فرمایا اس حدیث کی اِسناد صحیح ہیں۔

٨٢٩ / ١٢۔ عَنِ الزُّبَيْرِ ﷺ قَالَ: كَانَ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ يَوْمَ أُحُدٍ

..... باب: فضائل خباب ﷺ، ١/٥٥، الرقم: ١٥٤، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/٦٧، ٧٨، الرقم: ٨٢٤٢، ٨٢٨٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٢٨١، الرقم: ١٤٩٢٢، والحاكم في المستدرك، ٣/٤٧٧، الرقم: ٥٧٨٤، وأبو يعلى في المسند، ١٠/١٤١، الرقم: ٥٧٦٣، والطبراني في المعجم الصغير، ١/٣٣٥، الرقم: ٥٥٦، والبيهقي في السنن الكبرى، ٦/٢١٠، الرقم: ١١٩٦٨، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٥٨٢، الرقم: ١٢٤٢۔

الحديث رقم ١٢: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب طلحة بن عبيد الله، ٥/٦٤٣، الرقم: ٣٧٣٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٦٥، الرقم: ١٤١٧، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٣٦، الرقم: ٦٩٧٩، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٧٦، الرقم: ٣٢١٦٠، والحاكم في ـــ

Marfat.com

دِرْعَانِ فَنَهَضَ إِلَى صَخْرَةٍ فَلَمْ يَسْتَطِعْ فَأَقْعَدَ تَحْتَهُ طَلْحَةَ فَصَعِدَ النَّبِيُّ ﷺ حَتَّى اسْتَوَى عَلَى الصَّخْرَةِ فَقَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: أَوْجَبَ طَلْحَةُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت زبیر ﷺ سے روایت ہے کہ جنگِ اُحد کے روز حضور نبی اکرم ﷺ پر دو زرہیں تھیں، آپ ﷺ نے چٹان پر چڑھنا چاہا لیکن نہ چڑھ سکے چنانچہ آپ ﷺ حضرت طلحہ ﷺ کو نیچے بٹھا کر اوپر چڑھے، یہاں تک کہ چٹان پر تشریف فرما ہوئے، راوی بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ طلحہ نے (اپنے لیے جنت) واجب کر لی ہے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، احمد، ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام ابوعیسیٰ نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور امام حاکم نے بھی فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٨٣٠/١٣۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ

..... المستدرك، ٣/٣٢٨، ٤٢١، الرقم: ٤٣١٢، ٥٦٠٢-٥٦٢٣، والشاشي في المسند، ١/٩٤، الرقم: ٣١، وأبو يعلى في المسند، ٢/٣٣، الرقم: ٦٧٠، والبيهقي في السنن الكبرى، ٦/٣٧٠، الرقم: ١٢٨٧٨، ٩/٤٦، والبزار في المسند، ٣/١٨٨، الرقم: ٩٧٢، وابن المبارك في الجهاد، ١/٨٠، الرقم: ٩٣۔

الحديث رقم ١٣: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب طلحة بن عبيد الله ﷺ، ٥/٦٤٤، الرقم: ٣٧٣٩-٣٧٤٠، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فضل طلحة بن عبيد الله ﷺ، ١/٤٦، الرقم: ١٢٥-١٢٧، والحاكم في المستدرك، ٣/٤٢٤، الرقم: ٥٦١٢، والطبراني في المعجم الكبير، ١/١١٧، الرقم: ٢١٥، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٦١٤، الرقم: ١٤٠٣، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٣/٣٥، الرقم: ٨٣٢، و إسناده حسن، والخطيب التبريزي في مشكاة المصابيح، ٢/٤٣٣، الرقم: ٦١٢٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٤٩.

Marfat.com

اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى شَهِيْدٍ يَمْشِي عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ.

وفي رواية: عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ رضي الله عنهما قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ ﷺ إِلَى طَلْحَةَ، فَقَالَ: هَذَا مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو شخص زمین پر چلتا پھرتا شہید دیکھنے کی مسرت حاصل کرنا چاہے اسے چاہیے کہ وہ طلحہ بن عبیداللہ کو دیکھے۔

اور ایک روایت میں حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضي الله عنهما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھ کر فرمایا: طلحہ ان لوگوں میں سے ہے جو اپنی نذر پوری کر چکے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ماجہ اور حاکم نے روایت کیا ہے اور امام ابوعیسیٰ نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٨٣١ / ١٤۔ عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعَتْ أُذُنِي مِنْ فِي رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَهُوَ يَقُوْلُ: طَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ جَارَايَ فِي الْجَنَّةِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ وَأَبُوْيَعْلَى وَالْبَزَّارُ.

الحديث رقم ١٤: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب طلحة بن عبيد الله، ٥/٦٤٤، الرقم: ٣٧٤١، والحاكم في المستدرك، ٣/٤٠٩، الرقم: ٥٥٦٢، وأبويعلى في المسند، ١/٣٩٥، الرقم: ٥١٥، والبزار في المسند، ٣/٦٠، الرقم: ٨١٨، وعبد الله بن أحمد في السنة، ٢/٥٦٠-٥٦٤، الرقم: ١٣٠٩، ١٣٢٠، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/٤٥٣، الرقم: ٣٩٤٩.

Marfat.com

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت علی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میرے کانوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کے دہنِ مبارک سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: طلحہ اور زبیر جنت میں میرے پڑوسی ہوں گے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، حاکم، ابویعلی اور بزار نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

۸۳۲/۱۵۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: رَحِمَ اللهُ أَبَابَكْرٍ زَوَّجَنِي ابْنَتَهُ وَحَمَلَنِي إِلَى دَارِ الْهِجْرَةِ، وَأَعْتَقَ بِلَالًا مِنْ مَالِهِ، رَحِمَ اللهُ عُمَرَ، يَقُوْلُ الْحَقَّ، وَإِنْ كَانَ مُرًّا تَرَكَهُ الْحَقُّ وَمَا لَهُ صَدِيْقٌ، رَحِمَ اللهُ عُثْمَانَ تَسْتَحْيِيْهِ الْمَلَائِكَةُ، رَحِمَ اللهُ عَلِيًّا، اَللّٰهُمَّ، أَدِرِ الْحَقَّ مَعَهُ حَيْثُ دَارَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَزَّارُ وَأَبُوْ يَعْلَى وَالطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت علی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوبکر پر رحم فرمائے اس نے اپنی صاحبزادی میرے نکاح میں دی، اور ہجرت کے وقت مجھے (اپنی اونٹنی پر) سوار کیا، اور اپنے مال سے بلال کو آزاد کیا، اللہ تعالیٰ عمر پر رحم فرمائے کہ وہ حق کہتا ہے اگرچہ کڑوا ہی کیوں نہ ہو، حق بات نے اس کی یہ حالت کر دی ہے کہ اب اس کا کوئی دوست نہیں رہا، اللہ تعالیٰ عثمان پر رحم فرمائے کہ اس سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ علی پر رحم فرمائے۔ اے اللہ! علی جدھر رخ کرے حق کا رخ بھی ادھر ہی پھیر دے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، بزار، ابویعلی، طبرانی اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٥: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب على بن أبي طالب ﷺ، ٥/٦٣٣، الرقم: ٣٧١٤، والبزار في المسند، ٣/٥٢، الرقم: ٨٠٦، وأبو يعلى في المسند، ١/٤١٨، الرقم: ٥٥٠، والطبراني في المعجم الأوسط، ٦/٩٥، الرقم: ٥٩٠٦، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٥٨١، الرقم: ١٢٤٦، والخطيب التبريزي في مشكاة المصابيح، ٢/٤٣٥، الرقم: ٦١٣٤، ومحب الدين الطبري في الرياض النضرة، ١/٢٤٣، الرقم: ٨٧۔

Marfat.com

٨٣٣/١٦۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ ﷺ قَالَ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَللّٰهُمَّ، سَدِّدْ رَمْيَتَهُ وَأَجِبْ دَعْوَتَهُ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبَغَوِيُّ وَالْبَزَّارُ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

وفي رواية: قَالَ: اَللّٰهُمَّ، اسْتَجِبْ لِسَعْدٍ إِذَا دَعَاكَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! اس (سعد) کی تیر اندازی کو نشانے پر بٹھا اور اس کی دعا قبول فرما۔''

اس حدیث کو امام حاکم، بغوی، بزار اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! جب سعد تجھ سے دعا مانگے تو اس کی دعا (ہمیشہ) قبول فرما۔''

اس حدیث کو امام ترمذی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٨٣٤/١٧۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَخْنَسِ ﷺ أَنَّهُ كَانَ فِي الْمَسْجِدِ

الحديث رقم ١٦: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب سعد بن أبي وقاص ﷺ، ٥/٦٤٩، الرقم:٣٧٥١، والحاكم في المستدرك، ٣/٢٨، ٥٧٢، الرقم: ٤٣١٤، ٦١٢٢، والبغوي في شرح السنة، ١٤/١٢٤، الرقم: ٣٩٢٢، والبزار في المسند، ٤/٥٠، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٦١٥، الرقم: ١٤٠٨، وابن راشد في الجامع، ١١/٢٣٨، والطبراني في المعجم الأوسط، ٤/٢٣٥، الرقم: ٤٠٦٩، واللالكائي في كرامات الأولياء، ١/١٢٨، الرقم: ٧٦، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٣/٣٠٦، الرقم: ١٠٠٧، إسناده صحيح، والخطيب التبريزى في مشكاة المصابيح، ٢/٤٣٣، الرقم: ٦١٢٤-٦١٢٥.

الحديث رقم ١٧: أخرجه أبو داود في السنن، كتاب: السنة، باب: في الخلفاء، ٤/٢١١، الرقم: ٤٦٤٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٨٨، الرقم: ١٦٣١، و ابن حبان في الصحيح، ١٥/٤٥٤، الرقم:٦٩٩٣، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٥١، الرقم: ٣١٩٥٣، والشاشي في المسند، ١/٢٣٥، الرقم: ١٩٢، والطبراني في المعجم الأوسط، ٤/٣٣٩، الرقم: ٤٣٧٤.

Marfat.com

فَذَكَرَ رَجُلٌ عَلِيًّا عليه السلام فَقَامَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ رضي الله عنه فَقَالَ: أَشْهَدُ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم أَنِّي سَمِعْتُهُ وَهُوَ يَقُوْلُ: عَشْرَةٌ فِي الْجَنَّةِ: اَلنَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم فِي الْجَنَّةِ، وَأَبُوْبَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ، وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعْدُ بْنُ مَالِكٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ وَلَو شِئْتُ لَسَمَّيْتُ الْعَاشِرَ قَالَ: فَقَالُوْا: مَنْ هُوَ؟ فَسَكَتَ. قَالَ: فَقَالُوْا: مَنْ هُوَ؟ فَقَالَ: هُوَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن اخنس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ مسجد میں تھے کہ ایک آدمی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا (غلط انداز سے) تذکرہ کیا تو حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے اور فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: دس آدمی جنتی ہیں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (سب سے پہلے) جنتی ہیں اور ابوبکر جنتی ہیں، اور عمر جنتی ہیں، اور عثمان جنتی ہیں، اور علی جنتی ہیں، اور طلحہ جنتی ہیں، اور زبیر بن عوام جنتی ہیں، اور سعد بن مالک جنتی ہیں، اور عبدالرحمٰن بن عوف جنتی ہیں اور اگر میں چاہوں تو یقیناً دسویں آدمی کا نام لے سکتا ہوں۔ راوی بیان کرتے ہیں پس لوگوں نے عرض کیا: دسواں آدمی کون ہے؟ وہ خاموش رہے، راوی بیان کرتے ہیں لوگوں نے دوبارہ عرض کیا: دسواں آدمی کون ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: وہ سعید بن زید ہے (یعنی خود اپنا نام لیا)۔''

اس حدیث کو امام ابو داود، احمد، ابن حبان اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٨٣٥/١٨۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَخْنَسِ رضي الله عنه قَالَ: شَهِدْتُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ رضي الله عنه عِنْدَ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رضي الله عنه فَذَكَرَ مِنْ عَلِيٍّ

الحديث رقم ١٨: أخرجه النسائي في السنن الكبرى، ٥/٦٠، الرقم: ٨٢١٠، وفي فضائل الصحابة، ١٢٦٩، ١٢٧٤، والطبراني في المعجم الأوسط، ٢/٣٥٠، الرقم: ٢٢٠١، وفي المعجم الصغير، ١/٥٩، الرقم: ٦٢، والحميدي في المسند، ١/٤٥، الرقم: ٨٤، ومحب الدين الطبري في الرياض النضرة، ١/٢١٥، الرقم: ٩٤۔

Marfat.com

شَيْئًا. فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: عَشَرَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ فِي الْجَنَّةِ: أَبُوْبَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ، وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ فِي الْجَنَّةِ وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعِيْدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرٍو فِي الْجَنَّةِ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن اخنس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل ﷺ کو حضرت مغیرہ بن شعبہ ﷺ کے ہاں دیکھا، پس انہوں نے حضرت علی ﷺ کے بارے میں کسی چیز کا تذکرہ کیا تو حضرت سعید بن زید ﷺ نے بیان کیا کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو بیان کرتے ہوئے سنا: قریش کے دس آدمی جنتی ہیں: ابو بکر جنتی ہے، اور عمر جنتی ہے، اور علی جنتی ہے، اور عثمان جنتی ہے، اور طلحہ جنتی ہے اور زبیر جنتی ہے اور عبدالرحمٰن جنتی ہے اور سعد بن ابی وقاص جنتی ہے اور سعید بن زید بن عمرو جنتی ہے۔''

اس حدیث کو امام نسائی نے روایت کیا اور امام طبرانی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

٨٣٦/١٩۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ السَّهْوِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ ﷺ فَقُلْتُ: أَلاَ تَعْجَبُ مِنْ هَذَا الظَّالِمِ أَقَامَ خُطَبَاءَ يَشْتُمُوْنَ عَلِيًّا ﷺ فَقَالَ: أَوَ قَدْ فَعَلُوْهَا؟ أَشْهَدُ عَلَى التِّسْعَةِ أَنَّهُمْ فِي الْجَنَّةِ، وَلَوْ شَهِدْتُ عَلَى الْعَاشِرِ لَصَدَقْتُ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ عَلَى حِرَاءٍ، فَتَحَرَّكَ

الحديث رقم ١٩: أخرجه النسائي في السنن الكبرى، ٥/٥٥، الرقم: ٨١٩٠، وفي فضائل الصحابة، ١/١٧، ٢٧، ٣١ الرقم: ٥٢، ٨٧، ١٠١، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٨٨، الرقم: ١٦٣٨، ١٦٤٤، ٥/٣٤٦، الرقم: ٢٢٩٨٦، وفي فضائل الصحابة، ١/١١٣، الرقم: ٨٢-٨٣، والحاكم في المستدرك، ٣/٥٠٩، الرقم: ٥٨٩٨، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٥١، الرقم: ٣١٩٤٨، والشيباني في الآحاد والمثاني، ٥/٣٤١، الرقم: ٢٩٠٢، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٣/٣٨٣، والفاكهي في أخبار مكة، ٤/٣٦، الرقم: ٢٣٤١، ٢٤٢٣.

Marfat.com

فَقَالَ: اثْبُتْ حِرَاءُ، فَمَا عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ أَوْ صِدِّيْقٌ أَوْ شَهِيْدٌ قُلْتُ: وَمَنْ كَانَ عَلَى حِرَاءٍ؟ فَقَالَ: رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، وَأَبُوْبَكْرٍ، وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ، وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، وَسَعْدٌ. قُلْنَا: فَمَنِ الْعَاشِرُ؟ قَالَ: أَنَا. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عبد اللہ بن سہو ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت سعید بن زید ﷺ سے ملاقات کے لئے حاضر ہوا اور میں نے عرض کیا: کیا آپ اس ظالم شخص سے تعجب نہیں کرتے جس نے حضرت علی ﷺ کو برا بھلا کہنے کے لئے خطباء مقرر کیے ہوئے ہیں، تو انہوں نے فرمایا: کیا واقعی انہوں نے ایسا کیا ہے؟ میں نو افراد کی گواہی دیتا ہوں کہ وہ جنتی ہیں اور اگر میں دسویں شخص (کے جنتی ہونے) کی بھی گواہی دوں تو یقیناً میں سچا ہوں۔ ایک دفعہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ حرا پہاڑ پر تھے تو وہ (مارے خوشی کے) تھرتھرانے لگا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے حرا! ٹھہر جا، پس تجھ پر سوائے نبی یا صدیق یا شہید کے اور کوئی نہیں ہے، میں نے عرض کیا: اور حرا پر کون کون تھا؟ تو انہوں نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس اور ابوبکر، اور عمر اور عثمان اور علی، اور زبیر اور عبدالرحمٰن بن عوف، اور سعد ﷺ تھے، ہم نے کہا: دسواں آدمی کون ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: دسواں آدمی میں ہوں۔''

اس حدیث کو امام نسائی، احمد، حاکم اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٨٣٧ / ٢٠۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ لِأَزْوَاجِهِ: إِنَّ الَّذِي يَحْنُوْ عَلَيْكُنَّ بَعْدِي لَهُوَ الصَّادِقُ الْبَارُّ، اَللّٰهُمَّ،

٩٠٥/٩۔ عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ ﷺ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: ﴿لَا تَسْأَلُوْا عَنْ أَشْيَآءَ إِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ [المائدة، ٥: ١٠١] قَالَ: فَنَحْنُ نَسْأَلُهُ إِذْ قَالَ: إِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًا لَيْسُوْا بِأَنْبِيَاءَ وَلَا شُهَدَاءَ يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّوْنَ وَالشُّهَدَاءُ بِقُرْبِهِمْ وَمَقْعَدِهِمْ مِنَ اللهِ ﷻ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. قَالَ: وَفِي نَاحِيَةِ الْقَوْمِ أَعْرَابِيٌّ، فَقَامَ فَجَثَا عَلَى رُكْبَتَيْهِ وَرَمَى بِيَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: حَدِّثْنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ عَنْهُمْ مَنْ هُمْ؟ قَالَ: فَرَأَيْتُ وَجْهَ النَّبِيِّ ﷺ يَنْتَشِرُ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: عِبَادٌ مِنْ عِبَادِ اللهِ مِنْ بُلْدَانٍ شَتَّى وَقَبَائِلَ مِنْ شُعُوْبِ أَرْحَامُ الْقَبَائِلِ لَمْ يَكُنْ بَيْنَهُمْ أَرْحَامٌ يَتَوَاصَلُوْنَ بِهَا لِلّٰهِ لَا دُنْيَا، يَتَبَاذَلُوْنَ بِهَا يَتَحَابُّوْنَ بِرُوْحِ اللهِ ﷻ، يَجْعَلُ اللهُ وُجُوْهَهُمْ نُوْرًا، يَجْعَلُ لَهُمْ مَنَابِرَ مِنْ لُؤْلُؤٍ قِدَامَ الرَّحْمٰنِ تَعَالَى، يَفْزَعُ النَّاسُ وَلَا يَفْزَعُوْنَ وَ يَخَافُ النَّاسُ وَلَا يَخَافُوْنَ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ مُخْتَصَرًا وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابو مالک اشعری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو انبیاء ہیں نہ شہداء مگر انبیاء اور شہداء بھی روزِ قیامت اللہ تعالیٰ سے ان کے قرب اور انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ مَسندوں پر رشک کریں گے۔ لوگوں میں ایک طرف ایک دیہاتی بیٹھا تھا، وہ کھڑا ہوا اور اس نے گھٹنوں کے بل جھک کر اپنے دونوں ہاتھ مارے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمیں ان کے بارے میں فرمائیں کہ وہ کون لوگ ہیں؟ میں نے دیکھا کہ اس دیہاتی کے سوال پر حضور نبی اکرم ﷺ کا چہرہ مبارک خوشی سے کھل

الحديث رقم ٩: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥/٣٤١، ٣٤٣، والطبراني في المعجم الكبير، ٣/٢٩٠، الرقم: ٣٤٣٣، والبيهقي في شعب الإيمان، ٦/٤٨٦، ٤٨٧، ٤٨٨، الرقم: ٨٩٩٨، ٨٩٩٩، ٩٠٠١، وابن المبارك في الزهد، ١/٢٤٨، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ١/٥، ومعمر بن راشد في الجامع، ١١/٢٠١، ٢٠٢، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/١٣، الرقم: ٤٥٨٥، والحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ٤/٨٢۔

Marfat.com

اٹھا، آپ ﷺ نے فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کے وہ بندے ہیں جو مختلف علاقوں، مختلف قبائل اور مختلف خاندانوں سے ہیں جن کے درمیان کوئی خونی رشتہ داریاں بھی نہیں ہیں مگر صرف اللہ تعالیٰ کی خاطر ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر ملتے ہیں، کسی بھی اور دنیاوی مقصد کے لیے نہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کے لئے ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر خرچ کرتے ہیں۔ صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہی ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے چہرے منور فرما دے گا، ان کے لیے خدائے رحمان کے سامنے موتیوں کے منبر بچھائے جائیں گے۔ اس دن لوگ خوفزدہ ہوں گے لیکن انہیں کوئی خوف نہ ہوگا، اور لوگ غمگین ہوں گے مگر انہیں کوئی غم نہ ہوگا۔"

اس حدیث کو مختصراً امام احمد نے اور طبرانی نے اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔ مذکورہ الفاظ طبرانی کے ہیں۔

٩٠٦/١٠۔ عَنْ ثَوْبَانَ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ رَبِّي عزوجل وَعَدَنِي مِنْ أُمَّتِي سَبْعِيْنَ أَلْفًا لَا يُحَاسَبُوْنَ، مَعَ كُلِّ أَلْفٍ سَبْعُوْنَ أَلْفًا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ.

"حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ میری امت کے ستر ہزار افراد سے حساب نہیں لیا جائے گا نیز ان میں سے ہر ہزار کے ساتھ مزید ستر ہزار ہوں گے۔"

اسے امام طبرانی نے اسنادِ حسن کے ساتھ روایت کیا ہے۔

٩٠٧/١١۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِلهِ

الحديث رقم ١٠: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٢/٩٢، الرقم: ١٤١٣، ١٢/١٣٤، الرقم: ١٢٦٨٦، ٢٠/١٦٨، الرقم: ٣٥٨، وفي مسند الشاميين، ٢/٤٣٩، الرقم: ١٦٥٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٤٠٧، ١٠/٢٧٧، وَقَالَ: رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ.

الحديث رقم ١١: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٨/١١٢، الرقم: ٧٥٢٧، وفي مسند الشاميين، ٢/١٠، الرقم: ٨٢٦، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٤٥، الرقم:٣٤٠٩٦.

Marfat.com

عِبَادًا يُجْلِسُهُمُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ، وَيَغْشَى وُجُوْهَهُمُ النُّوْرُ حَتَّى يَفْرُغَ مِنْ حِسَابِ الْخَلَائِقِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَإِسْنَادُهُ جَيِّدٌ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَحْوَهُ.

''حضرت ابو امامہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ کے بعض بندے ایسے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ روزِ قیامت نور کے منبروں پر بٹھائے گا اور ان کے چہروں پر نور چھا جائے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ مخلوق کے حساب سے فارغ ہو جائے گا۔''

اسے امام طبرانی نے عمدہ سند کے ساتھ اور اسی طرح ابن ابی شیبہ نے بھی روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَحَبَّةِ اللهِ لِأَوْلِيَائِهِ وَوَضْعِهَا فِي قُلُوْبِ أَهْلِ الْأَرْضِ

﴿اللہ تعالیٰ کی اپنے اولیاءِ کرام سے محبت اور اہلِ زمین کے دلوں میں اس کے ڈالے جانے کا بیان﴾

٩٠٨/١٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِذَا أَحَبَّ اللهُ الْعَبْدَ نَادَى جِبْرِيْلَ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ فُلَانًا، فَأَحْبِبْهُ، فَيُحِبُّهُ جِبْرِيْلُ، فَيُنَادِي جِبْرِيْلُ فِي أَهْلِ السَّمَاءِ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ فُلَاناً، فَأَحِبُّوْهُ، فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِي الْأَرْضِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام کو آواز دیتا ہے کہ میں فلاں بندے سے محبت کرتا ہوں لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو۔ پس حضرت جبرئیل علیہ السلام بھی اس سے محبت کرتے ہیں۔ پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام آسمانی مخلوق میں ندا دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت کرتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو۔ پس آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر زمین والوں (کے دلوں) میں اس کی مقبولیت رکھ دی جاتی ہے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

الحديث رقم ١٢: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: بدء الخلق، باب: ذكر الملائكة، ٣/١١٧٥، الرقم: ٣٠٣٧، وفى كتاب: الأدب، باب: المِقَةِ مِن الله تعالى، ٥/٢٢٤٦، الرقم: ٥٦٩٣، وفى كتاب: التوحيد، باب: كلام الرب مع جبريل ونداء الله الملائكة، ٦/٢٧٢١، الرقم: ٧٠٤٧، ومسلم فى الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: إذا أحب الله عبدًا حببه إلى عباده، ٤/٢٠٣٠، الرقم: ٢٦٣٧، ومالك فى الموطأ، ٢/٩٥٣، الرقم: ١٧١٠۔

Marfat.com

٩٠٩/١٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ إِذَا أَحَبَّ عَبْدًا دَعَا جِبْرِيْلَ عليه السلام فَقَالَ: إِنِّي أُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبَّهُ، قَالَ: فَيُحِبُّهُ جِبْرِيْلُ ثُمَّ يُنَادِي فِي السَّمَاءِ فَيَقُوْلُ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبُّوْهُ، فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، قَالَ: ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِي الأَرْضِ، وَإِذَا أَبْغَضَ عَبْدًا، دَعَا جِبْرِيْلَ، فَيَقُوْلُ: إِنِّي أُبْغِضُ فُلَانًا فَأَبْغِضْهُ، قَالَ: فَيُبْغِضُهُ جِبْرِيْلُ ثُمَّ يُنَادِي فِي أَهْلِ السَّمَاءِ: إِنَّ اللهَ يُبْغِضُ فُلَانًا، فَأَبْغِضُوْهُ، قَالَ: فَيُبْغِضُوْنَهُ ثُمَّ تُوْضَعُ لَهُ الْبَغْضَاءُ فِي الْأَرْضِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

”حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو جبرائیل علیہ السلام کو بلاتا ہے اور فرماتا ہے: میں فلاں سے محبت کرتا ہوں تم بھی اس سے محبت کرو۔ آپ ﷺ نے مزید فرمایا: پھر جبرائیل علیہ السلام بھی اس سے محبت کرتے ہیں۔ پھر جبرائیل علیہ السلام آسمان پر ندا کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ فلاں سے محبت کرتا ہے پس تم بھی اس سے محبت کرو۔ پھر آسمان والے بھی اس سے محبت کرتے ہیں۔ پھر اس کے لیے (اہلِ) زمین میں مقبولیت رکھ دی جاتی ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو (اس کی نافرمانی کی وجہ سے) ناپسند فرماتا ہے تو جبرائیل علیہ السلام کو بلا کر فرماتا ہے: میں فلاں شخص کو ناپسند کرتا ہوں تم بھی اسے ناپسند کرو، سو جبرائیل علیہ السلام بھی اسے ناپسند کرتے ہیں، پھر وہ آسمان والوں میں ندا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں کو ناپسند کرتا ہے تم بھی اسے ناپسند کرو سو وہ بھی اس سے نفرت کرتے ہیں پھر اس بندے کے لیے (اہلِ) زمین میں نفرت رکھ دی جاتی ہے۔“

اسے امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث الرقم ١٣: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: إذا أحب الله عبدًا حبّبه إلى عباده، ٤/٢٠٣٠، الرقم: ٢٦٣٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٥٠٩، الرقم: ١٠٦٢٣، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٧/١٤١، والبيهقي في كتاب الزهد الكبير، ٢/٣٠١، الرقم: ٨٠٥.

Marfat.com

٩١٠ / ١٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِذَا أَحَبَّ اللهُ عَبْدًا، نَادَى جِبْرِيْلَ: إِنِّي قَدْ أَحْبَبْتُ فُلَانًا فَأَحِبَّهُ، قَالَ: فَيُنَادِي فِي السَّمَاءِ ثُمَّ تَنْزِلُ لَهُ الْمَحَبَّةُ فِي أَهْلِ الْأَرْضِ، فَذَلِکَ قَوْلُ اللهِ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا﴾ [مريم، ١٩: ٩٦]، وَإِذَا أَبْغَضَ اللهُ عَبْدًا نَادَى جِبْرِيْلَ: إِنِّي قَدْ أَبْغَضْتُ فُلَانًا، فَيُنَادِي فِي السَّمَاءِ ثُمَّ تَنْزِلُ لَهُ الْبَغْضَاءُ فِي الْأَرْضِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو جبرائیل علیہ السلام کو آواز دیتا ہے (اے جبرائیل!) میں فلاں آدمی کو محبوب رکھتا ہوں تم بھی اس سے محبت کرو۔ حضور نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر جبریل علیہ السلام آسمان میں اعلان کرتے ہیں۔ پھر اہلِ زمین (کے دلوں) میں اس کی محبت اُترتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان اسی بارے میں ہے: ''بیشک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے تو (خدائے) رحمٰن ان کے لئے (لوگوں کے) دلوں میں محبت پیدا فرما دے گا۔'' [مریم: ۹۶:۱۹] اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو نا پسند کرتا ہے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام کو پکارتا ہے میں فلاں آدمی کو نا پسند کرتا ہوں۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام آسمان میں اس کی منادی کرتے ہیں اور پھر زمین میں (اہلِ زمین کے دلوں میں) اس کے لیے نفرت اترتی ہے۔''

اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے نیز فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٩١١ / ١٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِذَا أَحَبَّ اللهُ الْعَبْدَ قَالَ لِجِبْرِيْلَ: قَدْ أَحْبَبْتُ فُلَانًا فَأَحِبَّهُ، فَيُحِبُّهُ جِبْرِيْلُ ثُمَّ يُنَادِي

الحديث الرقم ١٤: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة مريم، ٥ / ٣١٧، الرقم: ٣١٦١۔

الحديث الرقم ١٥: أخرجه مالك في الموطأ، ٢ / ٩٥٣، الرقم: ١٧١٠، وابن حبان في الصحيح، ٢ / ٨٦، الرقم: ٣٦٥۔

Marfat.com

فِي أَهْلِ السَّمَاءِ: إِنَّ اللهَ قَدْ أَحَبَّ فُلَانًا، فَأَحِبُّوْهُ، فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِي الْأَرْضِ، وَإِذَا أَبْغَضَ اللهُ الْعَبْدَ. قَالَ مَالِكٌ: لَا أَحْسِبُهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ فِي الْبُغْضِ مِثْلَ ذَلِكَ. رَوَاهُ مَالِكٌ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو جبرائیل علیہ السلام سے فرماتا ہے: میں فلاں بندے سے محبت کرتا ہوں تم بھی اس سے محبت کرو۔ پس جبرائیل علیہ السلام بھی اس سے محبت کرتے ہیں۔ پھر اہلِ آسمان میں منادی کرتے ہیں کہ بے شک اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت کرتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو۔ پس اہلِ آسمان بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں۔ پھر اس بندے کے لیے (اہلِ) زمین میں قبولیتِ عامہ رکھ دی جاتی ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے نفرت کرتا ہے۔ امام مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میرا خیال نہیں کہ ایسا ہو۔ مگر یہ کہ آپ ﷺ نے بغض کے باب میں اسی طرح فرمایا ہے۔ (یعنی جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے نفرت کرتے ہے تو جبریل امین اور اہلِ ارض وسماء بھی اس سے نفرت کرتے ہیں)۔''

اس حدیث کو امام مالک اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

٩١٢/١٦۔ عَنْ ثَوْبَانَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ لَيَلْتَمِسُ مَرْضَاةَ اللهِ وَلَا يَزَالُ بِذَالِكَ فَيَقُوْلُ اللهُ ﷻ لِجِبْرِيْلَ: إِنَّ فُلَانًا عَبْدِي يَلْتَمِسُ أَنْ يُرْضِيَنِي أَلَا وَإِنَّ رَحْمَتِي عَلَيْهِ فَيَقُوْلُ جِبْرِيْلُ: رَحْمَةُ اللهِ عَلَى فُلَانٍ وَيَقُوْلُهَا حَمَلَةُ الْعَرْشِ وَيَقُوْلُهَا مَنْ حَوْلَهُمْ حَتَّى يَقُوْلَهَا أَهْلُ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ ثُمَّ تَهْبِطُ إِلَى الْأَرْضِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت ثوبان ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک بندہ اللہ تعالیٰ کی رضا طلب کرتا ہے اور ہمیشہ اس حالتِ طلب میں رہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جبرائیل علیہ السلام کو فرماتا ہے: بے شک میرا فلاں بندہ مجھے راضی کرنے کا خواہشمند ہے۔

الحديث رقم ١٦: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥/٢٧٩، الرقم: ٢٢٤٥٤.

Marfat.com

سنو! بے شک میری رحمت اس بندے پر ہے۔ پس جبریل علیہ السلام کہتے ہیں: فلاں بندے پر اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت ہے اور ایسا ہی عرش کو اٹھانے والے فرشتے اور جو ان کے ارد گرد فرشتے ہیں وہ کہتے ہیں (کہ فلاں بندے پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے)۔ یہاں تک کہ ساتویں آسمان کے رہنے والے (بھی) اسی طرح کہتے ہیں پھر وہ زمین کی طرف اتر آتے ہیں (اور زمین میں بھی اس کا اعلان کرتے ہیں)۔'' اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مُحَارَبَةِ اللهِ أَعْدَاءَ أَوْلِيَائِهِ الْكِرَامِ

﴿اللہ تعالیٰ کی جانب سے اپنے معزّز اولیاء کے دشمنوں سے اِعلانِ جنگ کا بیان﴾

١٧/٩١٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ قَالَ: مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا، فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ..... الحديث.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جو میرے کسی ولی سے دشمنی رکھے میں اُس سے اعلانِ جنگ کرتا ہوں۔''

اسے امام بخاری اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

١٨/٩١٤۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ يَسِيْرَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ، وَإِنَّ مَنْ عَادَى لِلّٰهِ وَلِيًّا، فَقَدْ بَارَزَ اللهَ بِالْمُحَارَبَةِ. إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْأَبْرَارَ الْأَتْقِيَاءَ الْأَخْفِيَاءَ الَّذِيْنَ إِذَا غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا، وَإِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُدْعَوْا وَلَمْ يُعْرَفُوْا. قُلُوْبُهُمْ مَصَابِيْحُ الْهُدَى يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

الحديث رقم ١٧: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: التواضع، ٥/٢٣٨٤، الرقم: ٦١٣٧، وابن حبان فى الصحيح، ٢/٥٨، الرقم: ٣٤٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ١٠/٢١٩، وفى كتاب الزهد الكبير، ٢/٢٦٩، الرقم: ٦٩٦۔

الحديث رقم ١٨: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الفتن، باب: من ترجى له السلامة من الفتن، ٢/١٣٢٠، الرقم: ٣٩٨٩، والحاكم فى المستدرك، ١/٤٤، الرقم: ٤، ٤/٣٦٤، الرقم: ٧٩٣٣، والطبرانى فى المعجم الصغير، ٢/١٢٢، الرقم: ٨٩٢، والديلمى فى مسند الفردوس، ٥/٥٤٨، الرقم: ٩٠٤٩، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/٣٤، الرقم: ٤٩۔

Marfat.com

''حضرت عمر بن الخطاب ﷺ حضرت معاذ بن جبل ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک معمولی دکھاوا بھی شرک ہے اور جس نے اولیاء اللہ سے دشمنی کی تو اس نے اللہ تعالیٰ سے اِعلانِ جنگ کیا۔ بے شک اللہ تعالیٰ ان نیکو کار متقی لوگوں کو محبوب رکھتا ہے جو (اس طرح) چھپے رہتے ہیں، اگر وہ غائب ہو جائیں تو انہیں تلاش نہیں کیا جاتا اور اگر وہ موجود ہوں تو انہیں (کسی بھی مجلس میں یا کام کے لئے) بلایا نہیں جاتا اور نہ ہی انہیں پہچانا جاتا ہے، ان کے دل ہدایت کے چراغ ہوتے ہیں ایسے لوگ ہر طرح کی آزمائش اور تاریک فتنے سے نکل جاتے ہیں۔''

اسے امام ابن ماجہ اور حاکم نے روایت کیا اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٩١٥/١٩۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: قَالَ اللهُ ﷻ: مَنْ أَذَلَّ لِي وَلِيًّا فَقَدِ اسْتَحَلَّ مُحَارَبَتِي وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدٌ بِمِثْلِ أَدَاءِ الْفَرَائِضِ وَمَا يَزَالُ الْعَبْدُ يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ إِنْ سَأَلَنِي أَعْطَيْتُهُ وَإِنْ دَعَانِي أَجَبْتُهُ مَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَيْءٍ أَنَا فَاعِلُهُ تَرَدُّدِي عَنْ وَفَاتِهِ لِأَنَّهُ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَأَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْنُعَيْمٍ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جس نے میرے کسی ولی کی اہانت کی تو اس نے میری دشمنی کو حلال سمجھا اور جس قدر کسی بندے کو فرائض کی ادائیگی سے میرا قرب نصیب ہوتا ہے کسی اور چیز سے نہیں ہوتا اور میرا بندہ ہمیشہ نوافل کے ذریعے میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اس سے

الحديث رقم ١٩: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٢٥٦، الرقم: ٢٦٢٣٦، والطبراني فى المعجم الأوسط، ٩/١٣٩، الرقم: ٩٣٥٢، والبيهقي في كتاب الزهد الكبير، ٢/٢٧٠، الرقم: ٦٩٩، وأبو نعيم فى حلية الأولياء، ١/٥، والديلمي فى مسند الفردوس، ٣/١٦٨، الرقم: ٤٤٤٥، والعسقلاني فى فتح الباري، ١١/٣٤٢، وابن رجب الحنبلي فى جامع العلوم والحكم، ١/٣٥٨، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ١٠/٢٦٩، فقال: رواه البزار والطبراني وأحمد ورجال أحمد رجال الصحيح.

Marfat.com

محبت کرنے لگ جاتا ہوں پھر اگر وہ مجھ سے سوال کرتا ہے تو میں اسے عطا کرتا ہوں۔ اگر وہ مجھ سے دعا کرتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں اور میں کبھی بھی کسی کام میں اتنا تردد نہیں کرتا جسے میں کرنے والا ہوتا ہوں جتنا تردد میں اپنے اس بندے کی روح قبض کرنے میں کرتا ہوں کیونکہ وہ موت کو ناپسند کرتا ہے اور مجھے اس کی تکلیف پسند نہیں ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد، ابونعیم، طبرانی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

٩١٦/٢٠۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ عُمَرَ ﷺ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ يَوْمًا فَوَجَدَ مُعَاذًا عِنْدَ قَبْرِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ يَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيْكَ يَا مُعَاذُ؟ قَالَ: يُبْكِيْنِي حَدِيْثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: اَلْيَسِيْرُ مِنَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ، وَمَنْ عَادَى أَوْلِيَاءَ اللهِ فَقَدْ بَارَزَ اللهَ بِالْمُحَارَبَةِ إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْأَبْرَارَ الْأَتْقِيَاءَ الْأَخْفِيَاءَ الَّذِيْنَ إِنْ غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا، وَإِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُعْرَفُوْا. قُلُوْبُهُمْ مَصَابِيْحُ الدُّجَى يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: وَهَذَا إِسْنَادٌ مِصْرِيٌّ صَحِيْحٌ وَلَا تُحْفَظُ لَهُ عِلَّةٌ.

''حضرت زید بن اسلم ﷺ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر ﷺ ایک دن مسجد کی طرف گئے تو حضرت معاذ ﷺ کو مسجد کے قریب روتے ہوئے پایا، انہوں نے دریافت کیا: اے معاذ! تجھے کس چیز نے رلا دیا ہے؟ حضرت معاذ ﷺ نے جواب دیا: مجھے اس حدیث نے رُلایا ہے جو میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنی کہ آپ ﷺ نے فرمایا: معمولی سی ریاکاری بھی شرک (خفی) ہے اور جس نے اولیاء اللہ سے دشمنی مول لی تو اس نے اللہ تعالیٰ سے جنگ مول لی۔ بے شک اللہ تعالیٰ اپنے نیکوکار، متقی اور اہلِ دنیا سے پوشیدہ

الحديث رقم ٢٠: أخرجه الحاكم في المستدرك، ١/٤٤، الرقم: ٤، ٤/٣٦٤، الرقم: ٧٩٣٣، وابن أبي الدنيا في الأولياء، ١/١١، الرقم: ٦، والديلمي في مسند الفردوس، ٥/٥٤٨، الرقم: ٩٠٤٩، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/٣٤، الرقم: ٤٩، ٣/٢٩٨، الرقم: ٤١٥١، ٤/٧٤، الرقم: ٤٨٥٤.

Marfat.com

ایسے لوگوں (یعنی گمنام اولیاء) کو پسند کرتا ہے جو اگر موجود نہ ہوں تو انہیں تلاش نہ کیا جائے اور اگر موجود ہوں تو انہیں پہچانا نہ جائے (یعنی کوئی اہمیت نہ دی جائے)۔ ان کے دل اندھیرے میں چراغ کی مانند ہیں اور وہ ہر ایک طرح کی ظلمت و تاریکی سے پاک ہوتے ہیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا اس کی سند صحیح مصری ہے۔ جس میں کوئی علت نہیں۔

۲۱/۹۱۷۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَقُوْلُ اللهُ ﷻ: مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا فَقَدْ نَاصَبَنِي بِالْمُحَارَبَةِ وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَيءٍ أَنَا فَاعِلُهُ كَتَرَدُّدِي عَنْ مَوْتِ الْمُؤْمِنِ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَأَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ وَرُبَّمَا سَأَلَنِي وَلِيِّي الْمُؤْمِنُ الْغِنَى فَأَصْرِفُهُ مِنَ الْغِنَى إِلَى الْفَقْرِ وَلَوْ صَرَفْتُهُ إِلَى الْغِنَى لَكَانَ شَرًّا لَهُ وَرُبَّمَا سَأَلَنِي وَلِيِّي الْمُؤْمِنُ الْفَقْرَ فَأَصْرِفُهُ إِلَى الْغِنَى وَلَوْ صَرَفْتُهُ إِلَى الْفَقْرِ لَكَانَ شَرًّا لَهُ. إِنَّ اللهَ ﷻ قَالَ: وَعِزَّتِي وَجَلَالِي وَعُلُوِّي وَبَهَائِي وَجَمَالِي وَارْتِفَاعِ مَكَانِي لَا يُؤْثِرُ عَبْدٌ هَوَايَ عَلَى هَوَى نَفْسِهِ إِلَّا أَثْبَتُّ أَجَلَهُ عِنْدَ بَصَرِهِ وَضَمَّنْتُ السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ رِزْقَهُ وَكُنْتُ لَهُ مِنْ وَرَاءِ تِجَارَةِ كُلِّ تَاجِرٍ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جس نے میرے کسی ولی سے عداوت رکھی اس نے مجھ سے جنگ مول لی اور میں کسی کام میں جسے میں کرنے والا ہوتا ہوں تردد نہیں کرتا جتنا میں مومن (ولی) کی موت میں تردد کرتا ہوں اس صورت میں کہ وہ موت کو ناپسند کرتا ہو اور میں اسے تکلیف کو ناپسند کرتا ہوں اور بسا اوقات میرا کوئی ولی مجھ سے غنا کا سوال کرتا ہے مگر میں اسے غنا سے فقر کی طرف پھیر دیتا ہوں اور اگر میں اسے غنا کی طرف پھیر دیتا تو یہ اس کے لئے شر (اور آزمائش کا) باعث ہوتا اور بعض اوقات میرا ولی مجھ سے فقر کا سوال کرتا ہے تو میں اسے غنا کی

الحديث رقم ٢١: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٢/١٤٥، الرقم: ١٢٧١٩، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٧٠.

Marfat.com

طرف پھیر دیتا ہوں اور اگر میں اسے فقر کی طرف پھیر دیتا تو یہ اس کے لئے شر کا باعث ہوتا۔ بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اور میری عزت، جلال، علو، رونق، جمال اور بلند مرتبہ کی قسم! کوئی بندہ میری خواہش کو اپنی خواہش پر ترجیح نہیں دیتا مگر یہ کہ میں اس کی موت اس کی آنکھوں کے سامنے رکھ دیتا ہوں (تاکہ وہ ہمیشہ اس کو یاد کر کے عبرت حاصل کرتا رہے) اور آسمان اور زمین کو اس کے رزق کی ضمانت دے دیتا ہوں اور ہر تاجر کی تجارت کے پیچھے میں اس کا (کارساز) ہو جاتا ہوں۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٩١٨/٢٢۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، عَنْ رَبِّهِ تَعَالَى وَتَقَدَّسَ قَالَ: مَنْ أَهَانَ لِي وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَنِي بِالْمُحَارَبَةِ، وَمَا تَرَدَّدْتُ فِي شَيْءٍ أَنَا فَاعِلُهُ مَا تَرَدَّدْتُ فِي قَبْضِ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ، لِأَنَّهُ يَكْرَهُ الْمَوْتَ، وَأَنَا أَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ، وَلَا بُدَّ لَهُ مِنْهُ، وَإِنَّ مِنْ عِبَادِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَنْ يُرِيْدُ بَابًا مِنَ الْعِلْمِ فَأَكُفُّهُ عَنْهُ، لَا يَدْخُلُهُ عُجْبٌ فَيَفْسُدُ لِذَلِكَ، وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِي بِمِثْلِ أَدَاءِ مَا افْتَرَضْتُهُ، وَمَا يَزَالُ عَبْدِي يَتَنَفَّلُ لِي حَتَّى أُحِبَّهُ فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ كُنْتُ لَهُ سَمْعًا، وَبَصَرًا، وَيَدًا، وَمُؤَيِّدًا، دَعَانِي فَأَجَبْتُهُ وَسَأَلَنِي فَأَعْطَيْتُهُ، وَنَصَحَ لِي فَنَصَحْتُ لَهُ..... الحديث.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا وَأَبُوْ نُعَيْمٍ وَالطَّبَرَانِيُّ مُخْتَصَرًا وَالْقُضَاعِيُّ.

الحديث رقم ٢٢: أخرجه ابن أبي الدنيا في كتاب الأولياء، ١/٢٨، الرقم: ١، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ١/١١، ٨/٣١٨، والطبراني في المعجم الأوسط، ١/١٩٢، الرقم: ٦٠٩، والقضاعي في مسند الشهاب، ٢/٢٢٦-٢٢٧، الرقم: ١٤٥٥-١٤٥٧، وابن أبي عاصم في كتاب الزهد، ١/٦٥، والحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ٢/٢٣٢، ٣/٩١، والديلمي في مسند الفردوس، ٣/١٦٧، الرقم: ٤٤٤٣، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ١/٣٩، ٤٢، وابن رجب الحنبلي في جامع العلوم والحكم، ١/٣٥٩-٣٦٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٧٠، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ١٦/٢٨، ١٧/٢٨٨، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٣/١٤٧.

Marfat.com

وفي رواية عنه: أَنَّهُ قَالَ: مَنْ أَهَانَ لِي وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَنِي بِالْمُحَارَبَةِ وَإِنِّي لَأَسْرَعُ شَيءٍ إِلَى نُصْرَةِ أَوْلِيَائِي لِأَنِّي لَأَغْضَبُ لَهُمْ كَمَا يَغْضَبُ اللَّيْثُ الْحَرُبَ..... الحديث. رَوَاهُ الْحَكِيْمُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّيْلَمِيُّ.

وفي رواية: قَالَ: مَنْ آذَى لِي وَلِيًّا فَقَدِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمِي.

رَوَاهُ الْقُضَاعِيُّ.

وفي رواية: قَالَ: سِيْمَاهُمْ فِي وُجُوْهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُوْدِ أُوْلَئِکَ هُمْ أَوْلِيَائِي حَقًّا حَقًّا فَإِذَا لَقِيْتَهُمْ فَاخْفِضْ لَهُمْ جَنَاحَکَ وَذَلِّلْ لَهُمْ قَلْبَکَ وَلِسَانَکَ وَاعْلَمْ أَنَّهُ مَنْ أَهَانَ لِي وَلِيًّا أَوْ أَخَافَهُ فَقَدْ بَارَزَنِي بِالْمُحَارَبَةِ وَبَادَأَنِي وَعَرَضَ لِي نَفْسَهَ وَدَعَانِي إِلَيْهَا وَأَنَا أَسْرَعُ شَيءٍ إِلَى نُصْرَةِ أَوْلِيَائِي أَفَيَظُنُّ الَّذِي يُحَارِبُنِي أَنْ يَقُوْمَ لِي أَوْ يَظُنَّ الَّذِي يُعَادِيْنِي أَنْ يُعْجِزَنِي أَوْ يَظُنُّ الَّذِي يُبَارِزُنِي أَنْ يَسْبِقَنِي أَوْ يَفُوْتَنِي فَكَيْفَ وَأَنَا الثَّائِرُ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ لَا أَكِلُ نُصْرَتَهُمْ إِلَى غَيْرِي.

رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے اس چیز کے بارے میں روایت کرتے ہیں جو آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے سنی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جس نے میرے کسی ولی کی توہین کی گویا اس نے میرے ساتھ اِعلانِ جنگ کیا اور میں کسی کام میں تردد نہیں کرتا جسے میں کرنے والا ہوتا ہوں جتنا تردد مجھے مومن کی روح قبض کرنے میں ہوتا ہے، کیونکہ وہ موت کو پسند نہیں کرتا اور میں اس کی تکلیف پسند نہیں کرتا (لیکن پھر بھی موت اس لیے طاری کرتا ہوں کہ) یہ اس کے لئے ضروری ہے۔ بسا اوقات میرا مومن بندہ علم کا کوئی باب سیکھنا چاہتا ہے تو میں اسے اس سے روک لیتا ہوں تاکہ علم کا وہ باب سیکھ کر اسے غرور نہ آئے اور وہ اس کے لئے فساد کا سبب نہ بنے۔ میرا بندہ جو کچھ میں نے اس پر فرض کیا ہے اس کی ادائیگی کے ذریعے جو میرا قرب حاصل کرسکتا ہے وہ کسی اور ذریعے سے حاصل نہیں کرسکتا۔ میرا بندہ (فرائض کی ادائیگی کے بعد مزید میرا قرب پانے کے لئے) میرے لیے ہمیشہ نفلی عبادت ادا

Marfat.com

کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اسے چاہنے لگتا ہوں۔ پس جب میں اس سے محبت کر لیتا ہوں تو میں اس کے کان، آنکھ، ہاتھ اور اس کا مددگار بن جاتا ہوں۔ پھر اگر وہ مجھ سے دعا کرتا ہے تو میں (اس کی دعا) قبول کرتا ہوں اور اگر مجھ سے مانگتا ہے تو میں اسے عطا کرتا ہوں۔ پس وہ میرے لئے مخلص ہو جاتا ہے اور میں اس کے لئے مخلص ہو جاتا ہوں..... الحدیث۔

اس حدیث کو امام ابن ابی دنیا، ابونعیم اور طبرانی نے اختصار کے ساتھ اور قضاعی نے روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جس نے میرے کسی ولی کی اہانت کی گویا اس نے میرے ساتھ اعلانِ جنگ کیا اور بے شک میں بڑی تیزی سے اپنے اولیاء کی مدد و نصرت کرنے والا ہوں کیونکہ میں ان کی خاطر غضبناک ہو جاتا ہوں اور اس کی مثال (تمہارے سمجھانے کے لیے) ایسی ہے جیسے شیر لڑائی کے وقت غضبناک ہوتا ہے..... الحدیث۔

اس حدیث کو حکیم ترمذی اور دیلمی نے روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جس نے میرے کسی ولی کو تکلیف دی تو گویا اس نے میرے محارم (حرام کردہ اشیاء) کو حلال جانا..... الحدیث۔

اس حدیث کو امام قضاعی نے روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ لوگ جن کے چہروں پر سجدوں کے نشانات ہوں گے یقیناً وہی میرے اولیاء ہیں۔ پس جب تم ان سے ملو تو مارے ادب کے اپنے کندھے ان کے سامنے جھکا کر رکھا کرو اور اپنے دل و زبان کو ان کا اطاعت گزار بناؤ۔ یہ جان لو کہ جس شخص نے میرے کسی ولی کی توہین کی اور اسے خوفزدہ کیا تو اس نے میرے ساتھ اعلانِ جنگ کیا اور میرے سامنے کھل کر مقابلہ میں آ گیا اور میں بہت تیزی سے اپنے اولیاء کی مدد کرنے والا ہوں۔ کیا وہ شخص جو میرے ساتھ جنگ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے (اور) وہ یہ گمان کرتا ہے کہ میرے سامنے ٹھہر سکے گا؟ یا جو میرے ساتھ دشمنی مول لیتا ہے (کیا وہ) یہ گمان کرتا ہے کہ مجھے عاجز کر سکے گا؟ یا جو میرے ساتھ مقابلہ کرتا ہے یہ گمان کرتا ہے کہ مجھ سے سبقت یا فوقیت لے جائے گا؟ بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے اور میں اپنے اولیاء کی خاطر دنیا و آخرت میں انتقام لینے والا ہوں اور ان کی مدد و نصرت (کا معاملہ) میں اپنے علاوہ کسی اور کو نہیں سونپتا۔'' اس حدیث کو امام ابونعیم اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي كَوْنِ اللهِ تَعَالَى سَمْعًا وَبَصَرًا لِلْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ

﴿اللہ تعالیٰ کا اپنے اولیاء اور صالحین کی سماعت و بصارت بن جانے کا بیان﴾

٢٣/٩١٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ قَالَ: مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا، فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ، وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِي بِشَيءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَيْهِ، وَمَا يَزَالُ عَبْدِي يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ، فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ: كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ، وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ وَيَدَهُ الَّتِي يَبْطِشُ بِهَا، وَرِجْلَهُ الَّتِي يَمْشِي بِهَا، وإِنْ سَأَلَنِي لَأُعْطِيَنَّهُ، وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِي لَأُعِيْذَنَّهُ، وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَيءٍ أَنَا فَاعِلُهُ تَرَدُّدِي عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ، يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَأَنَا أَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جو میرے کسی ولی سے دشمنی رکھے میں اُسے اعلانِ جنگ کرتا ہوں اور میرا بندہ ایسی کسی چیز کے ذریعے میرا قرب نہیں پاتا جو مجھے فرائض سے زیادہ محبوب ہو اور میرا بندہ مسلسل نفلی عبادات کے ذریعے میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں اور جب میں اس سے محبت کرتا ہوں تو میں اس کے کان (کی سماعت) بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ (کا نور) بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کے ہاتھ (کی گرفت) بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کے پاؤں (کی توانائی) بن جاتا

الحديث رقم ٢٣: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: التواضع، ٥/٢٣٨٤، الرقم: ٦١٣٧، وابن حبان فی الصحيح، ٢/٥٨، الرقم: ٣٤٧، والبيهقی فی السنن الكبرى، ١٠/٢١٩، باب (٦٠)، وفی كتاب الزهد الكبير، ٢/٢٦٩، الرقم: ٦٩٦.

Marfat.com

ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ اگر وہ مجھ سے سوال کرتا ہے تو میں اسے ضرور عطا کرتا ہوں اور اگر وہ میری پناہ مانگتا ہے تو میں ضرور اسے پناہ دیتا ہوں۔ میں نے جو کام کرنا ہوتا ہے میں اس میں کبھی اس طرح متردد نہیں ہوتا جیسے بندۂ مومن کی جان لینے میں ہوتا ہوں (ایسے کہ) اسے موت پسند نہیں اور مجھے اس کی تکلیف پسند نہیں۔''

اسے امام بخاری اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

٢٤/٩٢٠۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ عَنْ رَبِّهِ تَعَالَى وَتَقَدَّسَ قَالَ: مَنْ أَهَانَ لِي وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَنِي بِالْمُحَارَبَةِ، وَمَا تَرَدَّدْتُ فِي شَيْءٍ أَنَا فَاعِلُهُ مَا تَرَدَّدْتُ فِي قَبْضِ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ، لِأَنَّهُ يَكْرَهُ الْمَوْتَ، وَأَنَا أَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ، وَلَا بُدَّ لَهُ مِنْهُ، وَإِنَّ مِنْ عِبَادِيَ الْمُؤْمِنِينَ مَنْ يُرِيْدُ بَابًا مِنَ الْعِلْمِ فَأَكُفُّهُ عَنْهُ، لَا يَدْخُلُهُ عُجْبٌ فَيَفْسُدُ لِذَلِكَ، وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِي بِمِثْلِ أَدَاءِ مَا افْتَرَضْتُهُ، وَمَا يَزَالُ عَبدِي يَتَنَفَّلُ لِي حَتَّى أُحِبَّهُ فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ كُنْتُ لَهُ سَمْعًا، وَبَصَرًا، وَيَدًا، وَمُؤَيِّدًا، دَعَانِي فَأَجَبْتُهُ وَسَأَلَنِي فَأَعْطَيْتُهُ، وَنَصَحَ لِي فَنَصَحْتُ لَهُ..... الحديث.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا وَأَبُوْنُعَيْمٍ وَالطَّبَرَانِيُّ مُخْتَصَرًا وَالْقُضَاعِيُّ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے اس چیز کے بارے میں روایت کرتے ہیں جو آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے سنی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جس نے میرے کسی ولی کی اہانت کی گویا اس نے میرے ساتھ اِعلانِ جنگ کیا اور میں کسی کام میں تردد نہیں کرتا جسے میں کرنے والا ہوتا ہوں جتنا تردد مجھے مومن کی روح قبض کرنے میں ہوتا ہے، (اس

الحديث رقم ٢٤: أخرجه ابن أبي الدنيا في كتاب الأولياء، ١/٢٨، الرقم: ١، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ١/١١، ٨/٣١٨، والطبراني في المعجم الأوسط، ١/١٩٢، الرقم: ٦٠٩، والقضاعي في مسند الشهاب، ٢/٢٢٦، ٢٢٧، الرقم: ١٤٥٥، ١٤٥٧، وابن أبي عاصم في كتاب الزهد، ١/٦٥، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ١/٣٩، ٤٢، وابن رجب الحنبلي في جامع العلوم والحكم، ١/٣٥٩-٣٦٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٧٠، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ١٦/٢٨، ١٧/٢٨٨، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٣/١٤٧.

Marfat.com

کے نہ چاہنے کے باوجود اسے موت اس لیے دیتا ہوں کہ) اس کے سوا کوئی چارہ نہیں اور میرے مومن بندوں میں سے جب کوئی علم کا کوئی باب سیکھنا چاہتا ہے تو (بعض اوقات) میں (ازراہِ شفقت) اسے اس سے روک دیتا ہوں تاکہ علم کا وہ باب سیکھ کر اس میں غرور نہ آئے جو اس کے لیے فساد کا سبب ہو اور میرا بندہ جو کچھ میں نے اس پر فرض کیا ہے اس کی ادائیگی کے ذریعے جو میرا قرب حاصل کرسکتا ہے وہ کسی اور ذریعے سے نہیں کرسکتا۔ میرا بندہ میرے لیے مسلسل نوافل پڑھتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اسے چاہنے لگتا ہوں۔ پس جب میں اس سے محبت کر لیتا ہوں تو میں اس کے کان، آنکھ، ہاتھ اور اس کا مددگار بن جاتا ہوں۔ پھر اگر وہ مجھ سے دعا کرتا ہے تو میں (اس کی دعا) قبول کرتا ہوں اور اگر مجھ سے مانگتا ہے تو میں اسے عطا کرتا ہوں۔ پس وہ میرے لئے مخلص ہو جاتا ہے اور میں اس کے لئے مخلص ہو جاتا ہوں۔

اس حدیث کو امام ابن ابی دنیا، ابونعیم اور طبرانی نے اختصار کے ساتھ اور قضاعی نے روایت کیا ہے۔

٢٥/٩٢١۔ **عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ أَهَانَ لِي وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَنِي بِالْعَدَاوَةِ. ابْنَ آدَمَ، لَنْ تُدْرِکَ مَا عِنْدِي إِلَّا بِأَدَاءِ مَا افْتَرَضْتُ عَلَيْکَ وَلَا يَزَالُ عَبْدِي يَتَحَبَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ فَأَکُوْنُ قَلْبَهُ الَّذِي يَعْقِلُ بِهِ وَلِسَانَهُ الَّذِي يَنْطِقُ بِهِ وَبَصَرُهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ فَإِذَا دَعَانِي أَجَبْتُهُ وَإِذَا سَأَلَنِي أَعْطَيْتُهُ وَإِذَا اسْتَنْصَرَنِي نَصَرْتُهُ وَأَحَبُّ عِبَادَةِ عَبْدِي إِلَيَّ النَّصِيْحَةُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.**

''حضرت ابو امامہ ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:) جس شخص نے میرے کسی دوست کی اہانت کی تو اس نے مجھ سے دشمنی مول لی۔ اے ابن آدم! تو اس چیز (یعنی نعمتوں) کو حاصل نہیں کرسکتا جو میرے پاس تیرے لیے ہیں مگر یہ کہ تو ان فرائض کی ادائیگی کرے جو میں نے تم پر لازم کیے ہیں۔ میرا بندا ہمیشہ نوافل کے ذریعے میرا محبوب ہوتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا

الحديث رقم ٢٥: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٨/٢٢١، الرقم: ٧٨٨٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٢/٢٤٨، وابن رجب الحنبلي في جامع العلوم والحكم، ١/٣٥٩.

Marfat.com

ہوں پھر میں اس کا دل بن جاتا ہوں جس سے وہ سوچتا ہے اور اس کی زبان بن جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے اور اس کی بصارت بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور جب وہ مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی پکار کا جواب دیتا ہوں اور جب مجھ سے مانگتا ہے تو میں اسے عطا کرتا ہوں اور جب وہ مجھ سے مدد چاہتا ہے میں اس کی مدد کرتا ہوں اور میرے بندے کی میرے ہاں سب سے پسندیدہ عبادت اس کا (دوسروں کے لئے) خیر خواہی چاہنا ہے۔"

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٢٦/٩٢٢۔ عَنُ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ ﷺ قَالَ: قَالَ اللهُ ﷻ: لَا يَنْجُوْ مِنِّي عَبْدِي إِلَّا بِأَدَاءِ مَا افْتَرَضْتُ عَلَيْهِ وَمَا يَبْرَحُ عَبْدِي يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ بِشَيءٍ أَفْضَلَ مِنَ النَّصِيْحَةِ فَإِذَا فَعَلَ ذَلِکَ كُنْتُ قَلْبَهُ الَّذِي يَعْقِلُ بِهِ وَلِسَانَهُ الَّذِي يَنْطِقُ بِهِ وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ أَجَبْتُهُ إِذَا اسْتَغْفَرَنِي. رَوَاهُ ابْنُ الْمُبَارَکِ.

"حضرت اوزاعی حضرت حسان بن عطیہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ ﷻ کا فرمان ہے: بندہ میرے (عذاب) سے چھٹکارا نہیں پا سکتا سوائے اس چیز کے ادا کرنے سے جو میں نے اس پر فرض کی ہے۔ بندہ ہمیشہ نوافل کے ذریعہ میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ مجھے اس سے محبت ہوجاتی ہے اور میرا بندہ میرا قرب، (میری مخلوق کو) نصیحت اور (ان کی) خیرخواہی سے بڑھ کر کسی اور چیز سے حاصل نہیں کرسکتا۔ پس جب وہ ایسا کرلیتا ہے تو میں اس کا دل بن جاتا ہوں جس سے وہ سوچتا ہے اور اس کی زبان بن جاتا ہوں جس سے وہ کلام کرتا ہے اور اس کی بصارت بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ جب وہ مجھے پکارتا ہے میں اسے جواب دیتا ہوں اور جب وہ مجھ سے مانگتا ہے میں اسے عطا کرتا ہوں اور جب وہ مجھ سے مغفرت طلب کرتا ہے تو میں اسے بخش دیتا ہوں۔"

اس حدیث کو امام عبداللہ بن مبارک نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٦: أخرجه ابن المبارك في الزهد، ١/٣٦٥، الرقم: ١٠٣٢۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِيمَا جَاءَ فِي رُؤْيَةِ الْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ رَبَّهُمْ فِي الْآخِرَةِ

﴿آخرت میں اولیاء اور صالحین کے دیدارِ الٰہی کرنے کا بیان﴾

۲۷/۹۲۳۔ عَنْ صُهَيْبٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَقُوْلُ اللهُ ﷻ: تُرِيْدُوْنَ شَيْئًا أَزِيْدُكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: أَلَمْ تُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا؟ أَلَمْ تُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَتُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: فَيَكْشِفُ الْحِجَابَ فَمَا أُعْطُوْا شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَى رَبِّهِمْ ﷻ ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الآيَةَ: ﴿لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ﴾ [يونس، ۱۰:۲۶].

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت صہیب ﷺ، حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب جنتی جنت میں داخل ہو جائیں گے تو اللہ ﷻ فرمائے گا: تم کچھ اور چاہتے ہو کہ میں تمہیں وہ بھی عطا کروں؟ وہ عرض کریں گے: (اے ہمارے پروردگار!) کیا تو نے ہمارے چہرے منور نہیں فرمائے؟ اور کیا تو نے ہمیں جنت میں داخل نہیں فرمایا؟ اور دوزخ سے نجات نہیں دی؟ (پس اس سے زیادہ اور کیا ہوسکتا ہے؟) فرمایا: اس کے بعد اللہ تعالیٰ پردہ اٹھا دے گا، انہیں اپنے پروردگار کے دیدار سے بہتر کوئی چیز نہیں عطا کی گئی ہوگی۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''ایسے لوگوں کے لئے جو نیک کام کرتے ہیں نیک جزا ہے (بلکہ) اس پر اضافہ بھی ہے۔'' [یونس، ۱۰:۲۶]۔ اسے امام مسلم، ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ۲۷: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: إثبات رؤية المؤمنين فى الآخرة ربهم، ۱/۱۶۳، الرقم: ۱۸۱، والترمذي فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة يونس، ۵/۲۸۶، الرقم:۳۱۰۵، وأحمد بن حنبل فى المسند، ۴/۳۳۲، وعبد الله بن أحمد فى السنة، ۱/۲۴۵، الرقم: ۴۴۹، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ۴/۳۰۹، الرقم: ۵۷۴۴.

Marfat.com

٩٢٤/٢٨۔ عَنْ صُهَيْبٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَقُوْلُ اللهُ تَبَارَکَ وَتَعَالَى: تُرِيْدُونَ شَيْئًا أَزِيْدُکُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: أَلَمْ تُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا؟ أَلَمْ تُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ، وَتُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: فَيَکْشِفُ الْحِجَابَ، فَمَا أُعْطُوْا شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَى رَبِّهِمْ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت صہیب ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تمام جنتی جنت میں چلے جائیں گے تو اس وقت اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: کیا جنت کے بعد تمہاری کوئی اور خواہش ہے جسے میں پورا کر دوں؟ جنتی عرض کریں گے: (اے ہمارے رب!) کیا تو نے ہمارے چہرے روشن نہیں کر دیئے؟ کیا تو نے ہمیں جنت عطا نہیں کی؟ کیا تو نے ہمیں دوزخ سے نجات نہیں دی؟ (اس سے بڑھ کر ہمیں اور کیا چاہیے ہم اسی پر تیرا شکر نہیں بجا لا سکتے)۔ حضور نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں پھر اللہ تعالیٰ ان کے اور اپنی ذات کے درمیان سے حجاب اٹھا دے گا اور جنتی اللہ تعالیٰ کی ذات کا دیدار کر لیں گے تو انہیں اس کے دیدار سے زیادہ کوئی چیز محبوب نہ ہو گی۔''

اسے امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٩٢٥/٢٩۔ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ﷺ أَنَّهُ لَقِيَ أَبَا هُرَيْرَةَ ﷺ فَقَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ ﷺ: أَسْأَلُ اللهَ أَنْ يَجْمَعَ بَيْنِي وَبَيْنَکَ فِي سُوْقِ الْجَنَّةِ، فَقَالَ سَعِيْدٌ: أَفِيْهَا سُوْقٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، أَخْبَرَنِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ

الحديث رقم ٢٨: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: إثبات رؤية المؤمنين في الآخرة لربهم سبحانه وتعالى، ١/١٦٣، الرقم: ١٨١، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/١٥، الرقم: ٢٣٩٧٠.

الحديث رقم ٢٩: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في سوق الجنة، ٤/٦٨٥، الرقم: ٢٥٤٩، وابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة الجنة، ٢/١٤٥٠، الرقم: ٤٣٣٦، وابن حبان في الصحيح، ١٦/٤٦٦، ٤٦٧، الرقم: ٧٤٣٩، وابن أبي عاصم في السنة، ١/٢٥٨، ٢٥٩، الرقم: ٥٨٥، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/٣٠١، ٣٠٢، الرقم: ٥٧٢٨.

Marfat.com

إِذَا دَخَلُوْهَا، نَزَلُوْا فِيْهَا بِفَضْلِ أَعْمَالِهِمْ، ثُمَّ يُؤْذَنُ فِي مِقْدَارِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ أَيَّامِ الدُّنْيَا، فَيَزُوْرُوْنَ رَبَّهُمْ، وَيُبْرِزُ لَهُمْ عَرْشَهُ، وَيَتَبَدَّى لَهُمْ فِي رَوْضَةٍ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، فَتُوْضَعُ لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُورٍ، وَمَنَابِرُ مِنْ لُؤْلُؤٍ، وَمَنَابِرُ مِنْ زَبَرْجَدٍ، وَمَنَابِرُ مِنْ ذَهَبٍ، وَمَنَابِرُ مِنْ فِضَّةٍ، وَيَجْلِسُ أَدْنَاهُمْ وَمَا فِيْهِمْ مِنْ دَنِيٍّ عَلَى كُثْبَانِ الْمِسْكِ وَالْكَافُوْرِ، وَمَا يَرَوْنَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَرَاسِيِّ بِأَفْضَلَ مِنْهُمْ مَجْلِسًا، قَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ ﷺ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَهَلْ نَرَى رَبَّنَا؟ قَالَ:نَعَمْ، قَالَ: هَلْ تَتَمَارُوْنَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ؟ قُلْنَا: لَا، قَالَ: كَذَلِكَ لَا تُمَارُوْنَ فِي رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ، وَلَا يَبْقَىٰ فِي ذَلِكَ الْمَجْلِسِ رَجُلٌ إِلَّا حَاضَرَهُ اللهُ مُحَاضَرَةً، حَتَّى يَقُوْلَ لِلرَّجُلِ مِنْهُمْ: يَا فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ، أَتَذْكُرُ يَوْمَ قُلْتَ: كَذَا وَكَذَا؟ فَيُذَكَّرُ بِبَعْضِ غَدَرَاتِهِ فِي الدُّنْيَا، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، أَفَلَمْ تَغْفِرْ لِي؟ فَيَقُوْلُ: بَلَى، فَسَعَةُ مَغْفِرَتِي بَلَغَتْ بِكَ مَنْزِلَتَكَ هَذِهِ، فَبَيْنَمَا هُمْ عَلَى ذَلِكَ غَشِيَتْهُمْ سَحَابَةٌ مِنْ فَوْقِهِمْ، فَأَمْطَرَتْ عَلَيْهِمْ طِيْبًا لَمْ يَجِدُوْا مِثْلَ رِيْحِهِ شَيْئًا قَطُّ، وَيَقُوْلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالَى: قُوْمُوْا إِلَى مَا أَعْدَدْتُ لَكُمْ مِنَ الْكَرَامَةِ، فَخُذُوْا مَا اشْتَهَيْتُمْ. فَنَأْتِي سُوْقًا قَدْ حَفَّتْ بِهِ الْمَلَائِكَةُ فِيْهِ مَا لَمْ تَنْظُرِ الْعُيُوْنُ إِلَى مِثْلِهِ، وَلَمْ تَسْمَعِ الآذَانُ، وَلَمْ يَخْطُرْ عَلَى الْقُلُوْبِ، فَيُحْمَلُ لَنَا مَا اشْتَهَيْنَا، لَيْسَ يُبَاعُ فِيهَا وَلَا يُشْتَرَى. وَفِي ذَلِكَ السُّوْقِ يَلْقَى أَهْلُ الْجَنَّةِ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، قَالَ: فَيُقْبِلُ الرَّجُلُ ذُوالْمَنْزِلَةِ الْمُرْتَفِعَةِ فَيَلْقَى مَنْ هُوَ دُوْنَهُ وَمَا فِيْهِمْ دَنِيٌّ فَيَرُوْعُهُ مَا يَرَى عَلَيْهِ مِنَ اللِّبَاسِ، فَمَا يَنْقَضِي آخِرُ حَدِيْثِهِ حَتَّى يَتَخَيَّلَ إِلَيْهِ مَا هُوَ أَحْسَنُ

Marfat.com

مِنْهُ، وَذَلِكَ أَنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يَحْزَنَ فِيهَا، ثُمَّ نَنْصَرِفُ إِلَى مَنَازِلِنَا، فَيَتَلَقَّانَا أَزْوَاجُنَا، فَيَقُلْنَ:مَرْحَبًا وَأَهْلًا، لَقَدْ جِئْتَ وَإِنَّ بِكَ مِنَ الْجَمَالِ أَفْضَلَ مِمَّا فَارَقْتَنَا عَلَيْهِ، فَيَقُوْلُ: إِنَّا جَالَسْنَا الْيَوْمَ رَبَّنَا الْجَبَّارَ، وَيَحِقُّنَا أَنْ نَنْقَلِبَ بِمِثْلِ مَا انْقَلَبْنَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت سعید بن مسیّب ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ ﷺ سے ان کی ملاقات ہوئی تو حضرت ابوہریرہ ﷺ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ ہم دونوں کو جنت کے بازار میں اکٹھا کر دے۔ حضرت سعید بن مسیّب ﷺ نے ان سے پوچھا: کیا جنت میں بازار بھی ہوں گے؟ حضرت ابوہریرہ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ مجھے حضور نبی اکرم ﷺ نے بتایا کہ جنتی جب بازاروں میں داخل ہوں گے تو اپنے اعمال کی فضیلت کے مطابق اس میں اتریں گے۔ پھر دنیاوی یومِ جمعہ کے وقت کے برابر آواز دی جائے گی تو یہ لوگ اپنے پروردگار کی زیارت کریں گے۔ ان کے لیے اس کا عرش ظاہر ہو گا اور اللہ تعالیٰ باغاتِ جنت میں سے کسی ایک باغ میں تجلی فرمائے گا۔ جنتیوں کے لیے منبر بچھائے جائیں گے جو نور، موتی، یاقوت، زبرجد، سونے اور چاندی کے ہوں گے۔ ان میں سے ادنیٰ درجے والے مشک اور کافور کے ٹیلے پر بیٹھیں گے اور وہاں کوئی شخص ادنیٰ نہیں ہو گا۔ وہ کرسیوں پر بیٹھنے والوں کو اپنے سے افضل نہیں سمجھیں گے۔ حضرت ابو ہریرہ ﷺ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا ہم اپنے رب تعالیٰ کا دیدار کریں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ کیا تمہیں سورج اور چودھویں رات کا چاند دیکھنے میں کچھ شک ہوتا ہے؟ ہم نے عرض کیا: نہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسی طرح تم اپنے رب تعالیٰ کے دیکھنے میں بھی شک و شبہ نہیں کرو گے۔ اس مجلس کے ہر آدمی سے اللہ تعالیٰ بلا حجاب گفتگو فرمائے گا یہاں تک کہ ان میں سے ایک سے فرمائے گا: اے فلاں بن فلاں! کیا تجھے وہ دن یاد ہے جب تو نے فلاں بات کہی تھی؟ پس وہ اسے اس کے بعض گناہ یاد دلائے گا۔ وہ شخص عرض گزار ہو گا: اے رب! کیا تو نے مجھے بخش نہیں دیا؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہاں کیوں نہیں اور میرے معاف فرمانے کی وجہ سے ہی تو اس مقام پر پہنچا۔ لوگ اس حال میں ہوں گے کہ ان پر ایک بادل چھا جائے گا اور ایسی خوشبو برسائی جائے گی کہ اس طرح کی خوشبو اس سے پہلے انہوں نے کبھی محسوس نہیں کی ہو گی۔ پھر

Marfat.com

ہمارا پروردگار فرمائے گا: اس انعام واکرام کی طرف اٹھو جو ہم نے تمہارے لیے تیار کر رکھا ہے اور اس سے جو تمہارا جی چاہے لے لو۔ پھر ہم بازار میں آئیں گے جہاں فرشتے ہی فرشتے ہوں گے ایسا بازار نہ تو کسی آنکھ نے دیکھا ہوگا نہ کسی کان نے سنا ہوگا اور نہ ہی کسی دل میں اس کا خیال گزرا ہوگا۔ جو چیز ہم چاہیں گے ہماری طرف اٹھائی جائے گی اور خرید وفروخت نہ ہوگی۔ اس بازار میں جنتی ایک دوسرے سے ملاقات کریں گے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بلند مرتبے والے آگے بڑھ کر ادنیٰ درجے والوں سے ملیں گے، وہاں کوئی ادنیٰ نہ ہوگا، وہ (کم درجے والا) اس کا لباس دیکھ کر پریشان ہو جائے گا۔ ابھی ان کی گفتگو ختم نہیں ہوگی کہ وہ اپنے جسم پر اس سے بھی زیادہ خوبصورت لباس دیکھے گا اور یہ اس لیے کہ وہاں کسی کو کوئی رنج و غم نہ ہوگا۔ پھر ہم اپنی اپنی منزل میں آئیں گے تو ہماری بیویاں ہم سے ملیں گی اور خوش آمدید کہیں گی اور پوچھیں گی (کیا وجہ ہے) آپ کا حسن پہلے سے کہیں بڑھ گیا ہے؟ جب آپ رخصت ہوئے تھے اس وقت ایسا نہ تھا۔ ہم کہیں گے: آج ہمیں اپنے رب تعالیٰ کے دربار میں بیٹھنا نصیب ہوا۔ پس ہمیں ایسا ہی ہونا چاہیے تھا۔"

اسے امام ترمذی، ابن ماجہ اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

٩٢٦/٣٠۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: بَيْنَا أَهْلُ الْجَنَّةِ فِي نَعِيْمِهِمْ إِذْ سَطَعَ لَهُمْ نُوْرٌ فَرَفَعُوْا رُؤُوْسَهُمْ، فَإِذَا الرَّبُّ قَدْ أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ مِنْ فَوْقِهِمْ، فَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، قَالَ: وَذَلِكَ قَوْلُ اللهِ: ﴿سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ﴾ [يٰس، ٣٦: ٨٥] قَالَ: فَيَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَيَنْظُرُوْنَ إِلَيْهِ، فَلَا يَلْتَفِتُوْنَ إِلَى شَيْءٍ مِنَ النَّعِيْمِ، مَا دَامُوْا يَنْظُرُوْنَ إِلَيْهِ، حَتَّى يَحْتَجِبَ عَنْهُمْ، وَيَبْقَى نُوْرُهُ وَبَرَكَتُهُ عَلَيْهِمْ

الحديث رقم ٣٠: أخرجه ابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فيما أنكرت الجهمية، ١/٦٥، الرقم: ١٨٤، واللالكائي في اعتقاد أهل السنة، ٣/٤٨٢، الرقم: ٨٣٦، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٦/٢٠٨، ٢٠٩، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/٣١٠، الرقم: ٥٧٤٦، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/١٤، الرقم: ٢١٠٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٧/٩٨۔

Marfat.com

فِي دِيَارِهِمْ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنتی اپنی نعمتوں سے لطف اندوز ہو رہے ہوں گے کہ اچانک ایک نور چمکے گا وہ اپنے سروں کو اوپر اٹھائیں گے تو اللہ رب العزت اوپر کی جانب ان پر جلوہ افروز ہوگا اور فرمائے گا: اے اہلِ جنت! تم پر سلامتی ہو۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ رب العزت کے اس فرمان: ''(تم پر) سلام ہو، (یہ) ربِّ رحیم کی طرف سے فرمایا جائے گا۔'' [یٰسٓ، ۳۶:۸۵] کا یہی معنی ہے، اہلِ جنت اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھیں گے اور اللہ رب العزت ان کی جانب نظرِ التفات فرمائے گا۔ اہلِ جنت جب تک اللہ تعالیٰ کے دیدار میں مشغول رہیں گے وہ جنت کی کسی اور نعمت کی طرف ہرگز متوجہ نہ ہوں گے یہاں تک کہ اللہ رب العزت ان سے پردہ فرما لے گا لیکن اس کا نور اور اس کی برکت ان پر اور ان کے گھروں میں ہمیشہ رہے گی۔''

اسے امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٩٢٧ / ٣١۔ عَنْ صُهَيْبٍ ﷺ قَالَ: تَلَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ هٰذِهِ الْآيَةَ: ﴿لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ﴾ [يونس، ١٠: ٢٦] وَقَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ، نَادَى مُنَادٍ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، إِنَّ لَكُمْ عِنْدَ اللهِ مَوْعِدًا، يُرِيْدُ أَنْ يُنْجِزَكُمُوْهُ، فَيَقُوْلُوْنَ: وَمَا هُوَ؟ أَلَمْ يُثَقِّلِ اللهُ مَوَازِيْنَنَا، وَيُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا وَيُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَيُنْجِنَا مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: فَيُكْشَفُ الْحِجَابَ: فَيَنْظُرُوْنَ إِلَيْهِ، فَوَاللهِ، مَا أَعْطَاهُمُ اللهُ شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ يَعْنِي إِلَيْهِ وَلَا أَقَرَّ لِأَعْيُنِهِمْ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت صہیب ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''ایسے لوگوں کے لئے جو نیک کام کرتے ہیں نیک جزا ہے بلکہ (اس پر) اضافہ بھی

الحديث رقم ٣١: أخرجه ابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فيما أنكرت الجهمية، ١ / ٦٧، الرقم: ١٨٧، وابن حبان في الصحيح، ١٦ / ٤٧١، الرقم: ٧٤٤١، وابن منده في الإيمان، ٢ / ٧٧٢، الرقم: ٧٨٣، وهناد في الزهد، ١ / ١٣٢، الرقم: ١٧١.

Marfat.com

ہے۔'' [یونس، ۱۰:۲۶]، اور فرمایا: جب جنتی جنت میں اور جہنمی جہنم میں داخل ہو جائیں گے تو ایک آواز دینے والا آواز دے گا: اے اہلِ جنت! اللہ تعالیٰ کا تم سے ایک وعدہ تھا جسے وہ اب پایۂ تکمیل تک پہنچانا چاہتا ہے۔ اہلِ جنت کہیں گے: وہ کیا ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ نے ہمارے (اعمال ناموں کے) پلڑوں کو بھاری نہیں فرمایا اور کیا ہمارے چہرے منور نہیں فرمائے؟ کیا ہمیں جنت میں داخل نہیں کیا اور ہمیں دوزخ سے نجات عطا نہیں فرمائی؟ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ پردہ اٹھا دے گا اور اہلِ جنت اللہ تعالیٰ کا دیدار کریں گے۔ اللہ رب العزت کی قسم! اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے دیدار سے زیادہ محبوب کوئی شے عطا نہیں کی ہو گی اور نہ اس سے زیادہ آنکھوں کی فرحت کسی شے میں ہو گی۔''

اسے امام ابن ماجہ اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي خِطَابِ اللهِ تَعَالَى لِلْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ فِي الْآخِرَةِ

﴿آخرت میں اللہ تعالیٰ کا اولیاء اور صالحین سے ہمکلام ہونے کا بیان﴾

٣٢/٩٢٨۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ ﷻ يَقُوْلُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، فَيَقُوْلُوْنَ: لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ. فَيَقُوْلُ: هَلْ رَضِيْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: وَمَا لَنَا لَا نَرْضَى يَا رَبِّ، وَقَدْ أَعْطَيْتَنَا مَا لَمْ تُعْطِ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ. فَيَقُوْلُ: أَلَا أُعْطِيْكُمْ أَفْضَلَ مِنْ ذَلِكَ، فَيَقُوْلُوْنَ: يَا رَبِّ، وَأَيُّ شَيْءٍ أَفْضَلُ مِنْ ذَلِكَ؟ فَيَقُوْلُ: أُحِلُّ عَلَيْكُمْ رِضْوَانِي؟ فَلَا أَسْخَطُ عَلَيْكُمْ بَعْدَهُ أَبَدًا.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ ﷻ جنتیوں سے فرمائے گا: اے جنتیو! وہ کہیں گے: ''اے ہمارے پروردگار! ہم تیرے حکم کے سامنے بار بار سرِ تسلیم خم کر کے دوہری سعادت چاہتے ہیں، ہر قسم کی بھلائی تیرے اختیار

الحديث رقم ٣٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: صفة الجنة والنار، ٥/٢٣٩٨، الرقم: ٦١٨٣، وفی كتاب: التوحيد، باب: كلام الرب مع أهل الجنة، ٦/٢٧٣٢، الرقم: ٧٠٨٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الجنة وصفة نعيمها، باب: إحلال الرضوان على أهل الجنة، ٤/٢١٧٦، الرقم: ٢٨٢٩، والترمذي فی السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: (١٨)، والنسائی فی السنن الكبرى، ٤/٤١٦، الرقم: ٧٧٤٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٨٨، الرقم: ١١٨٥٣، وابن حبان فی الصحيح، ١٦/٤٧٠، الرقم: ٧٤٤٠، وابن المبارك فی الزهد، ١/١٢٩، الرقم: ٤٣٠، والمنذري فی الترغيب والترهيب، ٤/٣١٣، الرقم: ٥٧٥٠.

Marfat.com

میں ہے۔'' اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تم خوش ہو؟ وہ عرض کریں گے: اے رب! ہم خوش کیوں نہ ہوں تُو نے ہمیں وہ کچھ عطا فرمایا ہے جو مخلوق میں سے کسی کو عطا نہیں فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا میں تمہیں اس سے بہتر نہ عطا کروں؟ وہ کہیں گے: اس سے بہتر کیا ہو سکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے اپنی رضا و خوشنودی تمہیں دے دی، اب میں تم پر کبھی ناراض نہیں ہوں گا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٣٣/٩٢٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَوْمًا يُحَدِّثُ وَعِنْدَهُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ: أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ اسْتَأْذَنَ رَبَّهُ فِي الزَّرْعِ، فَقَالَ لَهُ: أَوَلَسْتَ فِيمَا شِئْتَ؟ قَالَ: بَلَى، وَلَكِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَزْرَعَ فَأَسْرَعَ وَبَذَرَ، فَتَبَادَرَ الطَّرْفَ نَبَاتُهُ وَاسْتِوَاؤُهُ، وَاسْتِحْصَادُهُ وَتَكْوِيرُهُ أَمْثَالَ الْجِبَالِ، فَيَقُولُ اللهُ تَعَالَى: دُونَكَ يَا ابْنَ آدَمَ، فَإِنَّهُ لَا يُشْبِعُكَ شَيْءٌ. فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: يَا رَسُولَ اللهِ، لَا تَجِدُ هَذَا إِلَّا قُرَشِيًّا أَوْ أَنْصَارِيًّا، فَإِنَّهُمْ أَصْحَابُ زَرْعٍ، فَأَمَّا نَحْنُ فَلَسْنَا بِأَصْحَابِ زَرْعٍ، فَضَحِكَ رَسُولُ اللهِ ﷺ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ ایک روز گفتگو فرما رہے تھے اور اس وقت آپ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں ایک دیہاتی بھی موجود تھا (آپ ﷺ نے فرمایا): اہلِ جنت میں سے ایک آدمی اپنے رب سے کھیتی باڑی کرنے کی اجازت مانگے گا اور اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا: کیا تجھے تیری مرضی کی ہر چیز نہیں دی گئی؟ وہ عرض کرے گا: کیوں نہیں، لیکن میں کھیتی باڑی کرنا پسند کرتا ہوں۔ پس وہ جلد ہی کام کرنا شروع کر دے گا اور چشمِ زدن میں کھیتی کا اُگنا، بڑھنا اور کٹنا شروع ہو جائے گا اور پہاڑوں کی طرح غلّے کے انبار لگ جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے ابن آدم! اسے لے کیونکہ کوئی چیز تجھے شکم سیر نہیں کرتی۔ دیہاتی عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! ہم ایسا وصف قریشیوں اور

الحديث رقم ٣٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: كلام الربّ مع أهل الجنة، ٦/٢٧٣٣، الرقم: ٧٠٨١۔

Marfat.com

انصاریوں میں ہی پاتے ہیں کیونکہ یہی کھیتی باڑی کرتے ہیں جب کہ ہم زراعت پیشہ نہیں ہیں۔ پس اس بات پر حضور نبی اکرم ﷺ نے تبسم فرمایا۔''

اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٩٣٠/٣٤۔ عَنْ صُهَيْبٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَقُوْلُ اللهُ ﷻ: تُرِيْدُوْنَ شَيْئًا أَزِيْدُكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: أَلَمْ تُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا؟ أَلَمْ تُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَتُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: فَيَكْشِفُ الْحِجَابَ فَمَا أُعْطُوْا شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَى رَبِّهِمْ ﷻ ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الآيَةَ: ﴿لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ﴾ [يونس، ١٠: ٢٦].

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت صہیب ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب جنتی جنت میں داخل ہو جائیں گے تو اللہ ﷻ اُن سے فرمائے گا: تم کچھ اور چاہتے ہو کہ میں تمہیں عطا کروں؟ وہ عرض کریں گے: کیا تو نے ہمارے چہرے منور نہیں کر دیئے؟ کیا تو نے ہمیں جنت میں داخل نہیں کر دیا اور دوزخ سے نجات نہیں دی؟ فرمایا: اس کے بعد اللہ تعالیٰ پردہ اٹھا دے گا، انہیں ایسی کوئی شے نہیں دی گئی ہو گی جو انہیں اپنے رب تعالیٰ کے دیدار سے بڑھ کر ہو۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''ایسے لوگوں کے لئے جو نیک کام کرتے ہیں نیک جزا ہے (بلکہ) اس پر اضافہ بھی ہے۔'' [یونس، ۱۰:۲۶]۔

اسے امام مسلم، ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٤: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: إثبات رؤية المؤمنين فى الآخرة ربهم، ١/١٦٣، الرقم: ١٨١، والترمذي فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة يونس، ٥/٢٨٦، الرقم:٣١٠٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٣٣٢، وعبد الله بن أحمد فى السنة، ١/٢٤٥، الرقم: ٤٤٩، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/٣٠٩، الرقم: ٥٧٤٤۔

Marfat.com

٩٣١/٣٥. عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا جَمَعَ اللهُ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ يُنَادِي مُنَادٍ فِي صَعِيْدٍ وَاحِدٍ مِنْ بُطْنَانِ الْعَرْشِ: أَيْنَ أَهْلُ الْمَعْرِفَةِ بِاللهِ؟ أَيْنَ الْمُحْسِنُوْنَ؟ قَالَ: فَيَقُوْمُ عُنُقٌ مِنَ النَّاسِ حَتَّى يَقِفُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللهِ، فَيَقُوْلُ وَهُوَ أَعْلَمُ بِذَلِکَ: مَا أَنْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَحْنُ أَهْلُ الْمَعْرِفَةِ الَّذِيْنَ عَرَّفْتَنَا إِيَّاکَ وَجَعَلْتَنَا أَهْلًا لِذَلِکَ. فَيَقُوْلُ: صَدَقْتُمْ. ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْآخِرِيْنَ: مَا أَنْتُمْ؟ قَالُوْا: نَحْنُ الْمُحْسِنُوْنَ. قَالَ: صَدَقْتُمْ، قُلْتُ لِنَبِيٍّ عليه السلام: ﴿مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ﴾ [التوبة، ٩: ٩١] مَا عَلَيْکُمْ مِنْ سَبِيْلٍ، ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِي. ثُمَّ تَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَقَالَ: لَقَدْ نَجَّاهُمُ اللهُ مِنْ أَهْوَالِ بَوَائِقِ الْقِيَامَةِ.

رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ فِي الْأَرْبَعِيْنَ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جب اولین و آخرین (یعنی تمام لوگوں) کو جمع فرمائے گا تو ایک پکارنے والا عرش کے پایوں تلے ایک میدان سے صدا دے گا: کہاں ہیں اللہ تعالیٰ کی معرفت رکھنے والے؟ کہاں ہیں صاحبانِ احسان؟ فرمایا: لوگوں میں سے ایک گروہ اللہ تعالیٰ کے سامنے جا کھڑا ہو گا۔ پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا، حالانکہ وہ بہتر جاننے والا ہے: تم کون ہو؟ تو وہ کہیں گے: ہم اہلِ معرفت ہیں جنہیں تو نے اپنی معرفت عطا کی اور ہمیں اس معرفت کا اہل بنایا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم نے سچ کہا، پھر دوسرے گروہ سے پوچھے گا: تم کون ہو؟ وہ عرض کریں گے: ہم صاحبانِ احسان ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم نے سچ کہا، میں نے اپنے نبی علیہ السلام سے فرمایا تھا: ''نیکوکاروں (یعنی صاحبانِ احسان پر) اِلزام کی کوئی راہ نہیں۔'' [التوبہ، ۹:۹۱]، لہٰذا تم پر بھی (طعنہ زنی کی) کوئی راہ نہیں۔ میری رحمت کے ساتھ سیدھے جنت میں داخل ہو جاؤ پھر حضور نبی اکرم ﷺ تبسم کناں ہوئے اور فرمایا: یقیناً اللہ تعالیٰ انہیں قیامت کی ہولناکیوں اور سختیوں سے نجات دے دے گا۔'' اسے امام ابونعیم نے کتاب الاربعین میں بیان کیا۔

الحديث رقم ٣٥: أخرجه أبو نعيم فی کتاب الأربعين، ١/١٠٠، الرقم: ٥١، والمناوی فی فيض القدير، ١/٤٢٠، الرقم: ٤.

Marfat.com

فَصْلٌ فِيْمَا جَاءَ فِي فَرَاسَةِ الْمُؤْمِنِيْنَ الصَّالِحِيْنَ

﴿صالح مؤمن بندوں کی فہم وفراست کا بیان﴾

٣٦/٩٣٢۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ ﷺ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: اِتَّقُوْا فَرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَإِنَّهُ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللهِ ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ﴾ [الحجر، ١٥: ٧٥] أَي الْمُتَفَرِّسِيْنَ. رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے پھر آپ ﷺ نے یہ آیتِ مبارکہ تلاوت فرمائی: ''بیشک اس میں اہلِ فراست کے لئے نشانیاں ہیں۔'' [الحجر، ۱۵:۷۵]۔

اسے امام ابوحنیفہ اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

٣٧/٩٣٣۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ ﷺ (يَعْنِي ابْنَ مَسْعُوْدٍ) قَالَ: أَفْرَسُ النَّاسِ ثَلَاثَةٌ صَاحِبَةُ مُوْسَى عليه السلام الَّتِي قَالَتْ: ﴿يَا أَبَتِ اسْتَأْجِرْهُ إِنَّ خَيْرَ مَنِ

الحديث رقم ٣٦: أخرجه الخوارزمى فى جامع المسانيد للإمام أبى حنيفة، ١/١٨٩، والترمذى فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: من سورة الحجر، ٥/٢٩٨، الرقم: ٣١٢٧، والطبراني فى المعجم الأوسط، ٨/٢٣، الرقم: ٧٨٤٣، والقضاعى فى مسند الشهاب، ١/٣٨٧، الرقم: ٦٦٣۔

الحديث رقم ٣٧: أخرجه الحكم فى المستدرك، ٢/٣٧٦، الرقم: ٣٣٢٠، ٣/٩٦، الرقم: ٤٥٠٩، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٧/٤٣٥، الرقم: ٣٧٠٥٨، والطبراني فى المعجم الكبير، ٩/١٦٧، وابن منصور في السنن، ٥/٣٧٩، الرقم: ١١١٣، وابن الجعد فى المسند، ١/٣٧١، الرقم: ٢٥٥٥، الرقم: ٨٨٢٩، والخلال في السنة، ١/٢٧٧، الرقم: ٣٤٠، والبيهقي في الاعتقاد، ١/٣٥٩، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٣/٢٧٣، والطبري فى جامع البيان، ١٢/١٧٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٦٨، وقال: رواه الطبراني بإسنادين ورجال أحدهما رجال الصحيح۔

Marfat.com

اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِيْنُ﴾، [القصص، ۲۸:۲۶] قَالَ: وَمَا رَأَيْتِ مِنْ قُوَّتِهِ؟ قَالَتْ: جَاءَ إِلَى الْبِئْرِ وَعَلَيْهِ صَخْرَةٌ لَا يَقِلُّهَا كَذَا وَكَذَا فَرَفَعَهَا قَالَ: مَا رَأَيْتِ مِنْ أَمَانَتِهِ؟ قَالَتْ: كُنْتُ أَمْشِي أَمَامَهُ فَجَعَلَنِي خَلْفَهُ وَصَاحِبُ يُوْسُفَ عليه السلام حَيْثُ قَالَ: ﴿أَكْرِمِي مَثْوَاهُ عَسَى أَنْ يَنْفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَدًا﴾ [يوسف: ۱۲: ۲۱] وَأَبُوْبَكْرٍ حِيْنَ اسْتَخْلَفَ عُمَرَ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ تمام لوگوں سے زیادہ فہم وفراست والے تین اشخاص ہیں: ایک موسیٰ علیہ السلام کی بیوی جس نے کہا: ''اے میرے والد گرامی! انہیں اپنے پاس مزدوری پر رکھ لیں بے شک بہترین شخص جسے آپ مزدوری پر رکھیں وہی ہے جو طاقتور امانتدار ہو (اور یہ اس ذمہ داری کے اہل ہیں)۔'' ان کے والد (حضرت شعیب علیہ السلام) نے فرمایا: تو نے ان (موسیٰ علیہ السلام) کی قوت میں سے کیا چیز دیکھی ہے؟ اس نے کہا: وہ (موسیٰ علیہ السلام) کنویں کی طرف آئے اور اس پر ایک بھاری بھرکم چٹان تھی انہوں نے اسے اٹھا کر وہاں سے ہٹا دیا۔ پھر حضرت شعیب علیہ السلام نے فرمایا: تو نے ان کی امانت میں سے کون سی چیز دیکھی ہے؟ اس نے کہا: میں ان کے آگے آگے چل رہی تھی تو انہوں نے مجھے اپنے پیچھے کر دیا۔ اور دوسرا سب سے زیادہ صاحبِ فراست شخص حضرت یوسف علیہ السلام کا مالک (عزیزِ مصر جس نے آپ کو خریدا تھا) اس نے (اپنی بیوی زلیخا سے) کہا: ''اسے عزت واکرام سے ٹھہراؤ! شاید یہ ہمیں نفع پہنچائے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں۔'' [یوسف، ۱۲:۲۱] اور تیسرے سب سے زیادہ فہم وفراست والے شخص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں جب انہوں نے کمال فہم وفراست کا ثبوت دیتے ہوئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنایا۔''

اس حدیث کو امام حاکم، ابن ابی شیبہ، بیہقی اور طبرانی نے روایت کیا ہے یہ الفاظ طبرانی کے ہیں اور امام حاکم نے فرمایا: یہ حدیث صحیح ہے۔

Marfat.com

٩٣٤ / ٣٨۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِلهِ ﷻ عِبَادًا يَعْرِفُوْنَ النَّاسَ بِالتَّوَسُّمِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْقُضَاعِيُّ وَالدَّيْلَمِيُّ.

وَإِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے بعض بندے ایسے ہیں جو لوگوں (کے ظاہر و باطن) کو (اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ) فہم و فراست سے جان لیتے ہیں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی، قضاعی اور دیلمی نے روایت کیا اور اس کی سند صحیح ہے۔

٩٣٥ / ٣٩۔ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيِّ ﷺ أَنَّهُ مَرَّ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ لَهُ: كَيْفَ أَصْبَحْتَ يَا حَارِثُ؟ قَالَ: أَصْبَحْتُ مُؤْمِنًا حَقًّا. فَقَالَ: انْظُرْ مَا تَقُوْلُ، فَإِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ حَقِيْقَةً، فَمَا حَقِيْقَةُ إِيْمَانِكَ؟ فَقَالَ: عَزَفَتْ نَفْسِي عَنِ الدُّنْيَا وَأَسْهَرْتُ لِذَلِكَ لَيْلِي وَأَظْمَأْتُ نَهَارِي، وَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى عَرْشِ رَبِّي بَارِزًا (وفي رواية: قَالَ عَزَفَتْ نَفْسِي عَنِ الدُّنْيَا وَأَسْهَرْتُ لَيْلِي وَاظْمَأْتُ نَهَارِي وَكَأَنِّي أَنْظُرُ عَرْشَ رَبِّي بَارِزًا) وَكَأَنِّي

الحديث رقم ٣٨: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٣/٢٠٧، الرقم: ٢٩٣٥، والقضاعي في مسند الشهاب، ٢/١١٦، الرقم: ١٠٠٥، والديلمي في مسند الفردوس، ١/١٨٣، الرقم: ٦٨٤، والحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ٣/٨٧، والذهبى في ميزان الاعتدال، ٢/٥٩، الرقم: ١٢٧٩، والطبري في جامع البيان، ١٤/٤٦، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ١٠/٤٣، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٢/٥٥٦، وقال: رواه الحافظ أبو بكر البزار، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٦٨، وقال: رواه البزار والطبراني وإسناده حسن.

الحديث رقم ٣٩: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٢٦٦، الرقم: ٣٣٦٧، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٧/٣٦٢، الرقم: ١٠٥٩٠-١٠٥٩١، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/١٧٠، الرقم:، ٣٠٤٢٣، وعبد بن حميد فى المسند، ١/١٦٥، الرقم: ٤٤٥، وابن رجب الحنبلى فى جامع العلوم والحكم، ١/٣٦، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/٥٧ وقال: رواه البزار.

Marfat.com

أَنْظُرُ إِلَى أَهْلِ الْجَنَّةِ يَتَزَاوَرُوْنَ فِيْهَا، وَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى أَهْلِ النَّارِ يَتَضَاغَوْنَ فِيْهَا. قَالَ: يَا حَارِثُ، عَرَفْتَ فَالْزَمْ، ثَلَاثًا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وفي رواية: عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه: فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم: أَصَبْتَ فَالْزَمْ، مُؤْمِنٌ نَوَّرَ اللهُ قَلْبَهُ.

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْهَيْثَمِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ. (١)

''حضرت حارث بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ وہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے استفسار فرمایا: اے حارث! تو نے صبح کیسے کی؟ انہوں نے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) میں نے سچے مومن کی طرح (یعنی حقیقتِ ایمان کے ساتھ) صبح کی، حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (اے حارث!) غور کرو کیا کہہ رہے ہو یقیناً ہر ایک شے کی کوئی نہ کوئی حقیقت ہوتی ہے، سو تمہارے ایمان کی حقیقت کیا ہے؟ عرض کیا: میرا نفس دنیا سے بے رغبت ہوگیا ہے اور اسی وجہ سے اپنی راتوں میں بیدار اور دن میں پیاسا (یعنی روزہ سے) رہتا ہوں اور حالت یہ ہے گویا میں اپنے رب کے عرش کو اپنے سامنے ظاہر دیکھ رہا ہوں، اہلِ جنت کو ایک دوسرے سے ملتے ہوئے دیکھ رہا ہوں اور دوزخیوں کو تکلیف سے چلاتے دیکھ رہا ہوں۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے حارث! تو نے (حقیقتِ ایمان کو) پہچان لیا، اب (اس سے) چمٹ جا۔ یہ کلمہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا۔'' اسے امام طبرانی، ابن ابی شیبہ اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے اضافہ کے ساتھ مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''تو نے حقیقتِ ایمان کو پا لیا، پس اس حالت کو قائم رکھنا، تو وہ مومن ہے جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے نورِ (حقیقت) سے بھر دیا ہے۔''

اسے امام بیہقی، ابن ابی شیبہ اور ہیثمی نے روایت کیا ہے، الفاظ ہیثمی کے ہیں۔

---

(١) أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٦/١٧٠، الرقم: ٣٠٤٢٥، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/٣٦٣، الرقم: ١٠٥٩٢، وفي كتاب الزهد الكبير، ٢/٣٥٥، الرقم: ٩٧٣، وابن المبارك في كتاب الزهد، ١/١٠٦، الرقم: ٣١٤، الرقم: ٣٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١/٥٧، وقال الهيثمي: رواه البزار.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي حُجِّيَّةِ أَقْوَالِ الْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ

﴿اقوالِ اولیاء اور صالحین کے حجت ہونے کا بیان﴾

٩٣٦ / ٤٠۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الثَّقَفِيِّ ﷺ قَالَ: لَمَّا بَعَثَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ قَالَ: يَا مُعَاذُ، بِمَ تَقْضِي؟ قَالَ: أَقْضِي بِكِتَابِ اللهِ، قَالَ: فَإِنْ جَاءَکَ أَمْرٌ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللهِ وَلَمْ يَقْضِ فِيْهِ نَبِيُّهُ وَلَمْ يَقْضِ فِيْهِ الصَّالِحُوْنَ قَالَ: أَؤُمُّ الْحَقَّ جَهْدِي قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْحَمْدُ لِلهِ الَّذِي جَعَلَ رَسُوْلَ رَسُوْلِ اللهِ يَقْضِي بِمَا يَرْضَى بِهِ رَسُوْلُ اللهِ. رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''محمد بن عبداللہ ثقفی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب حضرت معاذ ﷺ کو یمن کا حکمران بنا کر بھیجنے لگے تو آپ ﷺ نے ان سے پوچھا: اے معاذ! تم کیسے فیصلہ کرو گے؟ انہوں نے عرض کیا: میں اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تمہیں کوئی ایسا معاملہ درپیش ہو جو کتاب اللہ میں (صراحتاً) موجود نہ ہو، اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کے رسول نے اس بارے میں کوئی فیصلہ فرمایا ہو اور نہ ہی صالحین نے اس بارے میں کوئی فیصلہ کیا ہو؟ حضرت معاذ ﷺ نے عرض کیا: پھر میں حق تک پہنچنے کے لیے اپنی بھرپور کوشش کروں گا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں کہ جس نے اپنے رسول کے نائب کو اس قابل بنایا کہ وہ رسول اللہ کی رضا کے مطابق فیصلہ کر سکے۔''

الحديث رقم ٤٠: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الأحكام عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في القاضي كيف يقضي، ٣/٦١٦، الرقم: ١٣٢٧، وأبوداود في السنن، كتاب: الأقضية، باب: اجتهاد الرأي في القضاء، ٣/٣٠٣، الرقم: ٣٥٩٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٢٣٠، الرقم: ٢٢٠٦٠، والدارمي في السنن، ١/٧٢، الرقم: ١٦٨، والطيالسي في المسند، ١/٧٦، الرقم: ٥٥٩، وابن أبي شيبة في المصنف، ٤/٥٤٣، الرقم: ٢٢٩٨٩، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٠/١٧٠، الرقم: ٣٦٢.

Marfat.com

اس حدیث کو امام ترمذی، ابوداود، احمد اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔ یہ الفاظ ابن ابی شیبہ کے ہیں۔

٩٣٧ / ٤١۔ عَنِ ابْنِ الْفِرَاسِيِّ، أَنَّ الْفِرَاسِيَّ قَالَ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ: أَسْأَلُ يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَالَ: لَا وَإِنْ كُنْتَ سَائِلًا لَا بُدَّ فَاسْأَلِ الصَّالِحِيْنَ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابن فراسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ (ان کے والد) حضرت فراسی رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا میں لوگوں سے سوال کر سکتا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، اور اگر سوال کرنا انتہائی ضروری ہو تو تم (صرف) صالحین سے سوال کرو (کیونکہ صرف وہی مدد کر سکتے ہیں اور کرتے ہیں)۔''

اس حدیث کو امام ابو داؤد، نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٩٣٨ / ٤٢۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ: أَكْثَرُوْا عَلَى عَبْدِ اللهِ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ رضی اللہ عنہ: إِنَّهُ قَدْ أَتَى عَلَيْنَا زَمَانٌ وَلَسْنَا نَقْضِي وَلَسْنَا هُنَالِكَ ثُمَّ إِنَّ اللهَ عزوجل قَدَّرَ عَلَيْنَا أَنْ بَلَغْنَا مَا تَرَوْنَ فَمَنْ عَرَضَ لَهُ مِنْكُمْ قَضَاءٌ بَعْدَ الْيَوْمِ فَلْيَقْضِ بِمَا فِي كِتَابِ اللهِ فَإِنْ جَاءَ أَمْرٌ لَيْسَ فِي كِتَابِ

الحديث رقم ٤١: أخرجه أبو داود في السنن، كتاب: الزكاة، باب: في الاستعفاف، ٢/١٢٢، الرقم: ١٦٤٦، والنسائي في السنن، كتاب: الزكاة، باب: سؤال الصالحين، ٥/٩٥، الرقم: ٢٥٨٧، وفي السنن الكبرى، ٢/٥٠، الرقم: ٢٣٦٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٣٣٤، والبيهقي في السنن الكبرى، ٤/١٩٧، الرقم: ٧٦٦٦.

الحديث رقم ٤٢: أخرجه النسائي في السنن، كتاب: آداب القضاة، باب: الحكم باتفاق أهل العلم، ٨/٢٣٠، الرقم: ٥٣٩٧، وفي السنن الكبرى، ٣/٤٦٩، الرقم: ٥٩٤٦، والدارمي في السنن، المقدمة، باب: الفتيا ومافيه من الشدة، ١:٧١، الرقم: ١٦٥، وابن أبي شيبة في المصنف، ٤/٥٤٤، الرقم: ٢٢٩٩١، والبيهقي في السنن الكبرى، ١٠/١١٥، والطبراني في المعجم الكبير، ٩/١٨٧، الرقم: ٨٩٢٠، والهندي في كنز العمال، ٦/٥٠٢، الرقم: ١٦٧٢١.

Marfat.com

اللهِ فَلْيَقْضِ بِمَا قَضَى بِهِ نَبِيُّهُ فَإِنْ جَاءَ أَمْرٌ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللهِ وَلَا قَضَى بِهِ نَبِيُّهُ ﷺ فَلْيَقْضِ بِمَا قَضَى بِهِ الصَّالِحُوْنَ فَإِنْ جَاءَ أَمْرٌ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللهِ وَلَا قَضَى بِهِ نَبِيُّهُ ﷺ وَلَا قَضَى بِهِ الصَّالِحُوْنَ فَلْيَجْتَهِدْ بِرَأْيِهِ..... الحديث. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن یزید ﷺ روایت کرتے ہیں کہ ایک دن لوگوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ سے بہت سے مسائل دریافت کئے، آپ ﷺ نے فرمایا: ایک زمانہ ایسا تھا کہ ہم کوئی فیصلہ نہیں کرتے تھے اور نہ ہی کسی فیصلہ یا فتویٰ کے مجاز تھے۔ بعد ازاں اللہ ﷻ نے ہمارے معاملہ میں رعایت فرمائی اور ہم اس رتبہ تک پہنچے جسے تم اب دیکھ رہے ہو۔ لہٰذا آج کے بعد تم میں سے جس شخص کو فیصلہ کرنے کی ضرورت لاحق ہو جائے وہ اللہ ﷻ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کرے۔ اگر اسے وہ معاملہ اللہ تعالیٰ کی کتاب میں نہ ملے تو پھر رسول اللہ ﷺ کے فیصلوں کے مطابق فیصلہ کرے اور اگر وہ فیصلہ کتاب اللہ اور رسول اللہ ﷺ کے بیان کردہ فیصلوں میں بھی نہ ملے تو وہ صالحین کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کرے۔ اگر وہ معاملہ ایسا ہو جو نہ تو اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ملے اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کے احکام میں ملے اور نہ صالحین کے فیصلوں میں ملے تو تب وہ شخص اپنی رائے سے اجتہاد کرے۔'' اس حدیث کو امام نسائی اور دارمی نے روایت کیا ہے۔

٩٣٩ / ٤٣۔ عَنْ شُرَيْحٍ ﷺ أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى عُمَرَ ﷺ يَسْأَلُهُ فَكَتَبَ إِلَيْهِ أَنِ اقْضِ بِمَا فِي كِتَابِ اللهِ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِي كِتَابِ اللهِ فَبِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِي كِتَابِ اللهِ وَلَا فِي سُنَّةِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَاقْضِ بِمَا قَضَى بِهِ الصَّالِحُوْنَ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِي كِتَابِ اللهِ وَلَا فِي سُنَّةِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَلَمْ يَقْضِ بِهِ الصَّالِحُوْنَ فَإِنْ شِئْتَ فَتَقَدَّمْ وَإِنْ شِئْتَ فَتَأَخَّرْ وَلَا

الحديث رقم ٤٣: أخرجه النسائي في السنن، كتاب: آداب القضاة، باب: الحكم باتفاق أهل العلم، ٨ / ٢٣١، الرقم: ٥٣٩٩، وفي السنن الكبرى، ٣ / ٤٦٨، الرقم: ٥٩٤٤، وابن أبي شيبة في المصنف، ٤ / ٥٤٣، الرقم: ٢٢٩٩٠، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ١ / ٢٣٨، ٢٣٩، الرقم: ١٣٣۔

Marfat.com

أَرَى التَّأَخُّرَ إِلَّا خَيْرًا لَكَ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ. وَإِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ.

''قاضی شریح ﷺ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عمر فاروق ﷺ کی طرف یہ پوچھنے کے لیے خط لکھا (کہ فیصلہ کیسے کیا جائے) تو حضرت عمر ﷺ نے جواب میں لکھا: تم اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کرو اور اگر اللہ تعالیٰ کی کتاب میں (صراحتاً) موجود نہ ہو تو حضور نبی اکرم ﷺ کی سنت کے مطابق فیصلہ کرو۔ اگر اللہ تعالیٰ کی کتاب اور حضور نبی اکرم ﷺ کی سنت دونوں میں اس بارے میں کوئی واضح حکم نہ ہو تو پھر تم صالحین کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کرو۔ اگر اللہ تعالیٰ کی کتاب، اس کے نبی ﷺ کی سنت اور صالحین کے فیصلوں میں بھی نہ ہو تو پھر اگر تمہارا دل چاہے تو آگے بڑھو (اور اجتہاد کرو) اور اگر چاہو تو پیچھے ہٹ جاؤ اور میرا خیال ہے کہ (آگے بڑھنے کی نسبت) تمہارا پیچھے ہٹنا زیادہ بہتر ہے۔''

اس حدیث کو امام نسائی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے اور اس کی اسناد صحیح ہیں۔

٩٤٠/٤٤۔ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ سُئِلَ عَنِ الْأَمْرِ يَحْدُثُ لَيْسَ فِي كِتَابٍ وَلَا سُنَّةٍ فَقَالَ: يَنْظُرُ فِيْهِ الْعَابِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ.

رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ.

''حضرت ابوسلمہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے اس معاملہ کے بارے میں پوچھا گیا جو پیش آئے اور اس کے بارے میں کتاب وسنت میں کوئی واضح راہنمائی نہ ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس معاملہ میں عبادت گزار مومن (یعنی اولیاء و صالحین) غور وفکر کریں (اور اس کا حل بتائیں)۔'' اس حدیث کو امام دارمی نے روایت کیا ہے۔

٩٤١/٤٥۔ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ:

الحديث رقم ٤٤: أخرجه الدارمي في السنن، المقدمة، باب: التورع عن الجواب فيما ليس فيه كتاب ولا سنة، ١/٦١، رقم: ١١٧، والسيوطي في مفتاح الجنة، ١/٥٨.

الحديث رقم ٤٥: أخرجه عبد الرزاق في المصنف، ٨/٣٠١، الرقم: ١٥٢٩٥، والحاكم في المستدرك، ٤/١٠٦، الرقم: ٧٠٣٠، وابن عبد البر في جامع بيان العلم وفضله، ٢/٨٤٧، الرقم: ١٥٩٦، والهندي في كنز العمال، ٥/٨١٣، الرقم: ١٤٤٦٠.

Marfat.com

إِذَا حَضَرَكَ أَمْرٌ لَا تَجِدُ مِنْهُ بُدًّا فَاقْضِ بِمَا فِي كِتَابِ اللهِ فَإِنْ عَيِيْتَ فَاقْضِ بِسُنَّةِ نَبِيِّ اللهِ، فَإِنْ عَيِيْتَ فَاقْضِ بِمَا قَضَى بِهِ الصَّالِحُوْنَ، فَإِنْ عَيِيْتَ فَأَوْمِئْ إِيْمَاءً وَلَا تَأْلُ فَإِنْ عَيِيْتَ فَافْرِرْ مِنْهُ وَلَا تَسْتَحِي.

رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ نے فرمایا: اگر تمہیں کوئی ایسا معاملہ درپیش ہو جس سے فرار ممکن نہ ہو تو اس بارے میں اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کرو اور اگر تم ایسا کرنے سے عاجز آ جاؤ تو پھر حضور نبی اکرم ﷺ کی سنت کے مطابق فیصلہ کرو اور اگر تم اس کے مطابق بھی فیصلہ کرنے سے عاجز آ جاؤ تو صالحین کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کرو اور اگر تم اس سے بھی عاجز آ جاؤ تو پھر اپنی رائے کا اظہار کرو اور ٹال مٹول نہ کرو اور اگر تم اس سے بھی عاجز آ جاؤ تو اس معاملہ سے انکار کر دو اور اس (سے لاعلمی کے اظہار میں) شرم محسوس نہ کرو۔''

اس حدیث کو امام عبدالرزاق اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٩٤٢/٤٦۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنْ نَزَلَ بِنَا أَمْرٌ لَيْسَ فِيْهِ بَيَانُ أَمْرٍ وَلَا نَهْيٍ فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: تُشَاوِرُوْنَ الْفُقَهَاءَ وَالْعَابِدِيْنَ وَلَا تَمْضُوْا فِيْهِ رَأْيَ خَاصَّةٍ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُ مُوَثَّقُوْنَ مِنْ أَهْلِ الصَّحِيْحِ.

''حضرت علی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگر ہمیں کوئی ایسا معاملہ درپیش ہو کہ جس کے بارے میں کوئی حکم یا نہی وارد نہ ہوئی ہو تو اس معاملہ میں آپ ہمیں کیا حکم فرماتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس معاملے میں فقہاء وعبادت گزار لوگوں سے مشورہ کیا کرو اور اس میں فقط مخصوص لوگوں کی رائے سے فیصلہ نہ کیا کرو۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔ اور اس کے رجال ثقات اور صحیح حدیث کے رجال ہیں۔

الحديث رقم ٤٦: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٢/١٧٢، الرقم: ١٦١٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١/١٧٨، والسيوطي في مفتاح الجنة، ١/٥٧.

Marfat.com

٩٤٣ / ٤٧ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما في رواية طويلة، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَرَأَيْتَ إِنْ عَرَضَ لَنَا أَمْرٌ لَمْ يَنْزِلْ فِيْهِ الْقُرْآنُ وَلَمْ يُخَصَّصْ فِيْهِ سُنَّةٌ مِنْکَ؟ قَالَ: تَجْعَلُوْنَهُ شُوْرَى بَيْنَ الْعَابِدِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا تَقْضُوْنَهُ بِرَأْيِ خَاصَّةٍ..... الحديث. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ایک طویل روایت میں بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! (اس بارے میں) آپ کا کیا حکم ہے کہ اگر ہمیں کوئی ایسا معاملہ درپیش ہو جس میں نہ تو قرآن میں کوئی واضح حکم نازل ہوا ہو اور نہ ہی اس بارے میں آپ کی سنت میں کوئی تخصیص کی گئی ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس معاملہ میں مومنین میں سے عبادت گزاروں (اولیاء اللہ) سے مشورہ طلب کرو اور اس معاملہ میں مخصوص لوگوں کی رائے سے فیصلہ نہ کرو۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٩٤٤ / ٤٨ـ عَنْ حُرَيْثِ بْنِ ظَهِيْرٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ ﷺ: أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ أَتَى عَلَيْنَا زَمَانٌ لَسْنَا نَقْضِي وَلَسْنَا هُنَالِکَ وَإِنَّ اللهَ قَدَّرَ عَلَيْنَا أَنْ قَدْ بَلَغْنَا مَا تَرَوْنَ فَمَنْ عَرَضَ مِنْكُمْ لَهُ قَضَاءٌ بَعْدَ الْيَوْمِ فَلْيَقْضِ فِيْهِ بِمَا فِي كِتَابِ اللهِ فَإِنْ أَتَاهُ أَمْرٌ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللهِ فَلْيَقْضِ فِيْهِ بِمَا قَضَى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَإِنْ أَتَاهُ أَمْرٌ لَيْسَ فِيْهِ كِتَابُ اللهِ وَلَمْ يَقْضِ فِيْهِ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَلْيَقْضِ بِمَا قَضَى بِهِ الصَّالِحُوْنَ فَإِنْ أَتَاهُ أَمْرٌ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللهِ وَلَمْ يَقْضِ فِيْهِ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَلَمْ يَقْضِ بِهِ الصَّالِحُوْنَ

الحديث رقم ٤٧: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١١ / ٣٧١، الرقم: ١٢٠٤٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١ / ١٨٠، والسيوطي في مفتاح الجنة، ١ / ٥٧، والعسقلاني في الميزان، ٣ / ٧٨، الرقم: ٢٨٣، وابن عبد البر في جامع بيان العلم وفضله، ٢ / ٨٥٢، الرقم: ١٦١٢.

الحديث رقم ٤٨: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٩ / ١٨٧، الرقم: ٨٩٢٠، والبيهقي في السنن الكبرى، ١٠ / ١١٥.

Marfat.com

فَلْيَجْتَهِدْ وَلَا يَقُلْ أَحَدُكُمْ إِنِّي أَخَافُ وَإِنِّي أَرَى فَإِنَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ وَالْحَرَامَ بَيِّنٌ وَبَيْنَ ذَلِکَ أُمُوْرٌ مُشْتَبِهَةٌ فَدَعْ مَا يُرِيْبُکَ إِلَى مَا لَا يُرِيْبُکَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت حریث بن ظہیر ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! ہم پر ایک زمانہ ایسا بھی آیا کہ ہم کوئی فیصلہ خود نہیں کرتے تھے اور نہ ہی ہمیں اس کی حاجت تھی کیونکہ جو کچھ ہمیں درپیش تھا اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں ہم تک ہدایت پہنچا دی تھی۔ پس آج کے بعد جس کسی کو کوئی مسئلہ درپیش ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآن مجید) کے مطابق فیصلہ کرے۔ اگر اسے کوئی ایسا مسئلہ درپیش ہو کہ جس میں اللہ تعالیٰ کی کتاب میں کوئی واضح حکم نہ ہو تو پھر وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کرے۔ اگر قرآن مجید میں بھی اس بارے میں کوئی واضح حکم نہ ہو اور رسول اللہ ﷺ نے بھی اس بارے میں کوئی فیصلہ نہ کیا ہو تو پھر وہ صالحین کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کرے اور اگر اسے کوئی ایسا مسئلہ در پیش ہو کہ جس کے بارے میں نہ تو قرآن مجید میں کوئی واضح حکم ہو اور نہ ہی حضور نبی اکرم ﷺ نے اس بارے میں کوئی فیصلہ کیا ہو اور نہ ہی صالحین نے اس بارے میں کوئی فیصلہ کیا ہو تو پھر وہ اجتہاد کرے اور تم میں سے کوئی یہ مت کہے کہ مجھے ڈر ہے یا میری رائے ہے، کیونکہ حلال و حرام واضح ہیں اور ان کے مابین کچھ مشتبہ اُمور ہیں۔ پس تم ناپسندیدہ عمل کو پسندیدہ عمل کے مقابلہ میں چھوڑ دو۔'' اس حدیث کو امام طبرانی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي مَكَانَةِ أَهْلِ الذِّكْرِ مِنَ الصَّالِحِيْنَ

﴿اہلِ ذکر صالحین کے مقام و مرتبہ کا بیان﴾

٤٩/٩٤٥. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: يَقُوْلُ اللهُ تَعَالَى: أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي وَأَنَا مَعَهُ إِذَا ذَكَرَنِي فَإِنْ ذَكَرَنِي فِي نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِي نَفْسِي، وَإِنْ ذَكَرَنِي فِي مَلَاءٍ ذَكَرْتُهُ فِي مَلَاءٍ خَيْرٍ مِنْهُمْ، وَإِنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ ذِرَاعًا، وَإِنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ بَاعًا وَإِنْ أَتَانِي يَمْشِي أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرا بندہ میرے متعلق جیسا خیال رکھتا ہے میں اس کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرتا ہوں۔ جب وہ میرا ذکر کرتا ہے میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔ اگر وہ اپنے دل میں میرا ذکر (یعنی ذکرِ خفی) کرے تو میں بھی اپنے (شایانِ شان) اپنی ذات میں اس کا ذکر کرتا ہوں، اور اگر وہ جماعت میں میرا ذکر (یعنی ذکرِ جہری) کرے تو میں اس کی جماعت سے بہتر جماعت میں اس کا ذکر کرتا ہوں۔ اگر وہ ایک بالشت میرے نزدیک آئے تو میں ایک بازو کے برابر اس کے نزدیک ہو جاتا ہوں۔ اگر وہ ایک بازو کے برابر میرے نزدیک آئے تو میں دو بازوؤں کے برابر اس کے نزدیک ہو جاتا ہوں اور اگر وہ میری طرف چل کر آئے تو میں اس کی طرف دوڑ کر جاتا ہوں۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

الحديث رقم ٤٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: قول الله تعالى: ويحذركم الله نفسه، ٦/٢٦٩٤، الرقم: ٦٩٧٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب: الحث على ذكر الله تعالى، ٤/٢٠٦١، الرقم: ٢٦٧٥، والترمذی فی السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: فی حسن الظن بالله ﷻ، ٥/٥٨١، الرقم: ٣٦٠٣، وَقَالَ أَبُو عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، والنسائی فی السنن الكبرى، ٤/٤١٢، الرقم: ٧٧٣٠، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فضل العمل، ٢/١٢٥٥، الرقم: ٣٨٢٢.

Marfat.com

٩٤٦ / ٥٠۔ عَنْ أَبِي مُوسَى ﷺ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَثَلُ الَّذِي يَذْكُرُ رَبَّهُ وَالَّذِي لَا يَذْكُرُ رَبَّهُ مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوموسیٰ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اپنے رب تعالیٰ کا ذکر کرنے والے اور رب تعالیٰ کا ذکر نہ کرنے والے شخص کی مثال زندہ اور مردہ کی سی ہے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٩٤٧ / ٥١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ ﷻ يَقُولُ: أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي، وَأَنَا مَعَهُ إِذَا دَعَانِي. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں جو وہ میرے بارے میں رکھتا ہے، اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٩٤٨ / ٥٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ اللهُ تَعَالَى:

الحديث رقم ٥٠: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: الدعوات، باب: فضل ذكر اللهﷻ، ٥/٢٣٥٣، الرقم: ٦٠٤٤، ومسلم فى الصحيح، كتاب: صلاة المسافرين، باب: استحباب صلاة النافلة فى بيته وجوازها فى المسجد، ١/٥٣٩، الرقم: ٧٧٩، ولفظه: مثل البيت الذي يذكر الله فيه والبيت الذي لا يذكر الله فيه، وابن حبان فى الصحيح، ٣/١٣٥، الرقم: ٨٥٤، وأبويعلى فى المسند، ١٣/٢٩١۔ ٢٩٢، الرقم: ٧٣٠٦، والبيهقى فى شعب الإيمان، ١/٤٠١، الرقم: ٥٣٦، والرويانى فى المسند، ١/٣١٧، الرقم: ٤٧٣، والديلمى فى مسند الفردوس، ٤/١٤٣، الرقم: ٦٤٤٢۔

الحديث رقم ٥١: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: قول الله تعالى: يُرِيْدُوْنَ أَنْ يُبَدِّلُوْا كَلَامَ اللهِ، ٦/٢٧٢٥، الرقم: ٧٠٦٦٣، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب: فضل الذكر والدعاء والتقرب إلى الله تعالى، ٤/٢٠٦٧، الرقم: ٢٦٧٥، والترمذى فى السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى حسن الظن بالله، ٤/٥٩٦، الرقم: ٢٣٨٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٤٤٥، الرقم: ٩٧٤٨۔

الحديث رقم ٥٢: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: قول الله تعالى: لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ، [القيامة: ١٦]، ٦/٢٧٣٦، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الأدب، باب: فضل الذكر، ٢/١٢٤٦، الرقم: ٣٧٩٢، وأحمد بن حنبل فى ←

Marfat.com

أَنَا مَعَ عَبْدِي إِذَا هُوَ ذَكَرَنِي وَتَحَرَّكَتْ بِي شَفَتَاهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَاللَّفْظُ لَهُ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے اور اس کے لب میرے ذکر کے لئے حرکت کرتے ہیں۔''

اسے امام بخاری، ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔ الفاظ ابن ماجہ کے ہیں۔

٩٤٩ / ٥٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَقُوْلُ اللهُ ﷻ: أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي وَأَنَا مَعَهُ حِيْنَ يَذْكُرُنِي.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے اس گمان کے مطابق ہوتا ہوں جو وہ میرے متعلق رکھتا ہے اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جس وقت وہ میرا ذکر کرتا ہے۔''

اسے امام مسلم، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

..... المسند، ٢ / ٥٤٠، الرقم: ١٠٩٨١، ١٠٩٨٨، ١٠٩٨٩، وابن حبان فى الصحيح، ٣ / ٩٧، الرقم: ٨١٥، والحاكم فى المستدرك، ١ / ٦٧٣، الرقم: ١٨٢٤، والطبراني فى المعجم الأوسط، ٦ / ٣٦٣، الرقم: ٦٦٢١، وفى مسند الشاميين، ١ / ٣٢٠، الرقم: ٥٦٢، ٢ / ٣١٩، الرقم: ١٤١٧، والديلمي في مسند الفردوس، ٣ / ١٨٦، الرقم: ٤٥١١، وابن المبارك فى الزهد، ١ / ٣٣٩، الرقم: ٩٥٦، والمنذرّي فى الترغيب والترهيب، ٢ / ٢٥٣، الرقم: ٢٢٨٩، والهيثمى فى موارد الظمآن، ١ / ٥٧٦، الرقم: ٢٣١٦۔

الحديث رقم ٥٣: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب: الحث على ذكر الله تعالى، ٤ / ٢٠٦١، الرقم: ٢٦٧٥، والترمذى فى السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: فى حسن الظن بالله ﷻ، ٥ / ٥٨١، الرقم: ٣٦٠٣، والنسائى فى السنن الكبرى، ٤ / ٤١٢، الرقم: ٧٧٣٠، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الأدب، باب: فضل العمل، ٢ / ١٢٥٥، الرقم: ٣٨٢٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢ / ٤١٣، الرقم: ٩٣٤٠، ١٠٢٥٨، ١٠٧١٥۔

Marfat.com

٩٥٠/٥٤۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ سُئِلَ: أَيُّ الْعِبَادِ أَفْضَلُ دَرَجَةً عِنْدَ اللهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: اَلذَّاكِرُوْنَ اللهَ كَثِيْرًا وَالذَّاكِرَاتُ. قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَمَنِ الْغَازِي فِي سَبِيْلِ اللهِ؟ قَالَ: لَوْ ضَرَبَ بِسَيْفِهِ فِي الْكُفَّارِ وَالْمُشْرِكِيْنَ حَتَّىٰ يَنْكَسِرَ، وَيَخْتَضِبَ دَمًا لَكَانَ الذَّاكِرُوْنَ اللهَ أَفْضَلُ مِنْهُ دَرَجَةً.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ مُخْتَصَرًا.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے پوچھا گیا: کون سے لوگ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں درجہ میں افضل ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے مرد اور کثرت سے ذکر کرنے والی عورتیں۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے سے بھی (زیادہ)؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی شخص اپنی تلوار کافروں اور مشرکوں پر اس قدر چلائے کہ وہ ٹوٹ جائے اور خون آلود ہو جائے پھر بھی اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے اُس سے ایک درجہ افضل ہیں۔'' اسے امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام بیہقی نے بھی مختصراً روایت کیا ہے۔

٩٥١/٥٥۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَقُوْلُ اللهُ ﷻ: أَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ ذَكَرَنِي يَوْمًا أَوْ خَافَنِي فِي مَقَامٍ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَالْحَاكِمُ.

الحديث رقم ٥٤: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: منه (٥)، ٥/٤٥٨، الرقم: ٣٣٧٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٧٥، الرقم: ١١٧٣٨، والبيهقى فى شعب الإيمان، ١/٤١٩، الرقم: ٥٨٩، وأبو يعلى فى المسند، ٢/٥٣٠، الرقم: ١٤٠١، وابن رجب الحنبلى فى جامع العلوم والحكم، ١/٢٣٨، ٤٤٤، والمنذري فى الترغيب و الترهيب، ٢/٢٥٤، الرقم: ٢٢٩٦۔

الحديث رقم ٥٥: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: صفة جهنم عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء أن للنار نفسين، ٤/٧١٢، الرقم: ٢٥٩٤، والحاكم فى المستدرك، ١/١٤١، الرقم: ٢٣٤، وقال الحاكم: صَحِيْحُ الإِسْنَادِ، ٥/٢٤٤، الرقم: ٨٠٨٤، وابن أبى عاصم فى السنة، ٢/٤٠٠، الرقم: ٨٣٣، والبيهقى فى الاعتقاد، ١/٢٠١۔

Marfat.com

''حضرت انس ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (روزِ قیامت) اللہ ﷻ فرمائے گا: دوزخ میں سے ایسے شخص کو نکال دو جس نے ایک دن بھی مجھے یاد کیا یا کسی مقام پر (بھی) مجھ سے ڈرا۔''

اسے امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے۔

٩٥٢/٥٦۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ ﷺ قَالَ: إِنَّ الَّذِيْنَ لَا تَزَالُ أَلْسِنَتُهُمْ رَطْبَةً مِنْ ذِكْرِ اللهِ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَهُمْ يَضْحَكُوْنَ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُوْنُعَيْمٍ وَابْنُ الْمُبَارَكِ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت ابودرداء ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جن لوگوں کی زبانیں ذِکرِ الٰہی سے ہمیشہ تر رہتی ہیں وہ جنت میں خوش وخرم داخل ہوں گے۔''

اسے امام ابن ابی شیبہ، ابونعیم، ابن المبارک اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔

٩٥٣/٥٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: إِنَّ أَهْلَ السَّمَاءِ لَيَرَوْنَ بُيُوْتَ أَهْلِ الذِّكْرِ تَضِيءُ لَهُمْ كَمَا تَضِيءُ الْكَوَاكِبُ لِأَهْلِ الْأَرْضِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ آسمان والے ذکر کرنے والوں کے گھروں کو ایسے روشن دیکھتے ہیں جیسے زمین والے آسمان پر ستاروں کو روشن دیکھتے ہیں۔''

اسے امام ابن ابی شیبہ اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٥٦: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٧/١١١، الرقم: ٣٤٥٨٧، ٣٥٠٥٢، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ١/٢١٩، وابن المبارك في الزهد، ١/٣٩٧، وابن أبي عاصم في الزهد، ١/١٣٦، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ١/٦٣٩، والسيوطي في الدر المنثور، ١/٣٦٦، وابن رجب الحنبلي في جامع العلوم والحكم، ١/٤٤٥.

الحديث رقم ٥٧: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٧/١٧٠، الرقم: ٣٠٥٥٥، وابن حيان في طبقات المحدثين بأصبهان، ٤/٢٨٢، الرقم: ٦٦٨، والسيوطي في الدر المنثور، ١/٣٦٧.

Marfat.com

٩٥٤/٥٨۔ عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: مَا مِنْ قَوْمٍ اجْتَمَعُوْا يَذْكُرُوْنَ اللهَ لَا يُرِيْدُوْنَ بِذَلِکَ إِلَّا وَجْهَهُ، إِلَّا نَادَاهُمْ مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ: أَنْ قُوْمُوْا مَغْفُوْرًا لَکُمْ، قَدْ بُدِّلَتْ سَيِّئَاتُکُمْ حَسَنَاتٍ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب بھی کچھ لوگ محض اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کی خاطر اجتماعی طور پر اس کا ذکر کرتے ہیں تو آسمان سے ایک منادی آواز دیتا ہے: کھڑے ہو جاؤ! تمہیں بخش دیا گیا ہے، تمہارے گناہ نیکیوں میں بدل دیے گئے ہیں۔'' اسے امام احمد، طبرانی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

٩٥٥/٥٩۔ عَنْ مُعَاذٍ رضي الله عنه عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم أَنَّ رَجُلًا سَأَلَهُ، فَقَالَ: أَيُّ الْجِهَادِ أَعْظَمُ أَجْرًا؟ قَالَ: أَكْثَرُهُمْ لِلهِ تَبَارَکَ وَتَعَالَى ذِكْرًا، قَالَ: فَأَيُّ الصَّائِمِيْنَ أَعْظَمُ أَجْرًا؟ قَالَ: أَكْثَرُهُمْ لِلهِ تَبَارَکَ وَتَعَالَى ذِكْرًا، ثُمَّ ذَكَرَ لَنَا الصَّلَاةَ وَالزَّكَاةَ وَالْحَجَّ وَالصَّدَقَةَ، كُلُّ ذَلِکَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: أَكْثَرُهُمْ لِلهِ تَبَارَکَ وَتَعَالَى ذِكْرًا. فَقَالَ: أَبُوْبَكْرٍ رضي الله عنه لِعُمَرَ رضي الله عنه: يَا

الحديث رقم ٥٨: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١٤٢، الرقم: ١٢٤٧٦، والطبراني فى المعجم الأوسط، ٢/١٥٤، الرقم: ١٥٥٦، والبيهقي فى شعب الإيمان، ١/٤٠١، الرقم: ٥٣٤، ٦٩٤، وأبو يعلى فى المسند، ٧/١٦٧، الرقم: ٤١٤١، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٦٠، الرقم: ٢٩٤٧٧، ٧/٢٤٤، الرقم: ٣٥٧١٣، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٧/٢٣٤، وابن أبى عاصم فى كتاب الزهد، ١/٢٠٥، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٢/٢٦٠، الرقم: ٢٣٢٠، وقال: رواه أحمد ورواته محتج بهم، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠/٧٦، وقال: رواه البزار۔

الحديث رقم ٥٩: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٤٣٨، الرقم: ١٥٦٩٩، والطبراني فى المعجم الكبير، ٢٠/١٨٦، الرقم: ٤٠٧، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ٢/٢٥٧، الرقم: ٢٣٠٩، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ١/٧٤۔

Marfat.com

أَبَا حَفْصٍ، ذَهَبَ الذَّاكِرُوْنَ بِكُلِّ خَيْرٍ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَجَلْ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت معاذ ﷺ، حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے آپ ﷺ سے سوال کیا: کون سے جہاد کا سب سے زیادہ اجر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس بندے کا جہاد جو سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا ہے، اس نے سوال کیا: کس روزہ دار کا اجر سب سے زیادہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ان میں سے سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے کا۔ پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے ہمارے لئے نماز، زکوٰۃ، حج اور صدقہ کا ذکر کیا اور آپ ﷺ نے فرمایا: ان سب عبادتوں میں اس کا اجر سب سے زیادہ ہوگا جو اللہ تعالیٰ کا سب سے زیادہ ذکر کرنے والا ہوگا۔ پھر حضرت ابوبکر صدیق ﷺ نے حضرت عمر ﷺ سے کہا: اے ابوحفص! ذکر کرنے والے تمام بھلائی لے گئے؟ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں (ابوبکر تو سچ کہہ رہا ہے)۔'' اسے امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٩٥٦/٦٠۔ عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيِّ ﷺ أَنَّ رَجُلًا أَتَاهُ قَالَ لَهُ: أَوْصِنِي يَا أَبَا مُسْلِمٍ قَالَ: اذْكُرِ اللهَ تَحْتَ كُلِّ شَجَرَةٍ وَحَجَرٍ، قَالَ: زِدْنِي فَقَالَ: اذْكُرِ اللهَ حَتَّى يَحْسِبَكَ النَّاسُ مِنْ ذِكْرِ اللهِ مَجْنُوْنٌ قَالَ: فَكَانَ أَبُوْمُسْلِمٍ يُكْثِرُ ذِكْرَ اللهِ فَرَآهُ رَجُلٌ يَذْكُرُ اللهَ فَقَالَ: أَمَجْنُوْنٌ صَاحِبُكُمْ هَذَا؟ فَسَمِعَهُ أَبُوْ مُسْلِمٍ فَقَالَ: لَيْسَ هَذَا بِالْجُنُوْنِ يَا ابْنَ أَخِي وَلَكِنْ هَذَا دَوَاءُ الْجُنُوْنِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابومسلم خولانی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی ان کے پاس آیا اور کہا: اے ابومسلم! مجھے وصیت کریں تو انہوں نے فرمایا: ہر درخت اور پتھر (کے سائے) تلے (کثرت سے) اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو۔ اس نے کہا: اس کے علاوہ مزید کوئی نصیحت فرمائیں۔ انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا اتنا ذکر کرو کہ کثرت ذکرِ الٰہی کی وجہ سے لوگ تمہیں دیوانہ کہیں۔

الحديث رقم ٦٠: أخرجه البيهقي فى شعب الإيمان، ١/٤٥٥، الرقم: ٦٩٦.

Marfat.com

راوی بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابو مسلم ﷺ اللہ تعالیٰ کا اس کثرت سے ذکر کیا کرتے تھے کہ ایک آدمی نے آپ کو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہوئے دیکھ کر (آپ کے ساتھیوں سے) کہا: کیا تمہارا یہ ساتھی مجنون ہے؟ حضرت ابو مسلم نے اس کا یہ قول سن لیا اور فرمایا: اے بھتیجے! یہ جنون نہیں بلکہ یہ (ذکرِ الٰہی ہی) تو جنون اور پاگل پن کا علاج ہے۔"

اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّ الْمَلَائِكَةَ يَطُوْفُوْنَ فِي طُرُقِ أَهْلِ الذِّكْرِ وَيَتَعَاقَبُوْنَ فِيْهِمْ

﴿فرشتوں کا اہلِ ذکر کی راہوں میں چکر لگانے اور ان کی تلاش میں سرگرداں رہنے کا بیان﴾

٩٥٧/٦١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: يَتَعَاقَبُوْنَ فِيْكُمْ مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ، وَمَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ، وَيَجْتَمِعُوْنَ فِي صَلَاةِ الْعَصْرِ، وَصَلَاةِ الْفَجْرِ، ثُمَّ يَعْرُجُ الَّذِيْنَ بَاتُوْا فِيْكُمْ، فَيَسْأَلُهُمْ. وَهُوَ أَعْلَمُ بِهِمْ كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِي؟ فَيَقُوْلُوْنَ: تَرَكْنَاهُمْ، وَهُمْ يُصَلُّوْنَ، وَأَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَمَالِكٌ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: رات کے فرشتے اور دن کے فرشتے تمہارے پاس باری باری آتے ہیں اور نمازِ عصر اور نمازِ فجر کے وقت اکٹھے ہوتے ہیں۔ پھر جنہوں نے تمہارے ساتھ رات گزاری تھی وہ آسمان کی طرف لوٹ جاتے ہیں۔ اللہ رب العزت ان سے دریافت فرماتا ہے حالانکہ وہ بہتر جانتا ہے: تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا؟ وہ عرض کرتے ہیں کہ ہم نے انہیں نماز پڑھتے چھوڑا اور جب ہم ان کے پاس گئے تب بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے۔''

اسے امام بخاری، نسائی اور مالک نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٦١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب التوحيد، باب: كلام الرب مع جبريل ونداء الله الملائكة، ٦/٢٧٢١، الرقم: ٧٠٤٨، والنسائي في السنن الكبرى، ١/١٧٥، الرقم: ٤٥٩، ومالك في الموطأ، ١/١٧٠، الرقم: ٤١١، وأبو عوانة في المسند، ١/٣١٥، الرقم: ١١١٩، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣/٥٠، الرقم: ٢٨٣٦۔

Marfat.com

٩٥٨/٦٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم: اَلْمَلَائِكَةُ يَتَعَاقَبُونَ: مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ، وَمَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ، وَيَجْتَمِعُوْنَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ، وَصَلَاةِ الْعَصْرِ، ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ الَّذِيْنَ بَاتُوْا فِيْكُمْ، فَيَسْأَلُهُمْ. وَهُوَ أَعْلَمُ. فَيَقُوْلُ: كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِي؟ فَيَقُوْلُوْنَ: تَرَكْنَاهُمْ يُصَلُّوْنَ، وَأَتَيْنَاهُمْ يُصَلُّوْنَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فرشتے باری باری زمین کی طرف اترتے ہیں، کچھ فرشتے رات کے ہیں اور کچھ فرشتے دن کے ہیں۔ ان کا اجتماع نمازِ فجر اور نمازِ عصر کے وقت ہوتا ہے۔ پھر وہ فرشتے آسمان کی طرف چلے جاتے ہیں جنہوں نے تمہارے ساتھ رات گزاری، اللہ تعالیٰ ان سے لوگوں کے متعلق دریافت فرماتا ہے کہ میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا حالانکہ وہ بہتر جانتا ہے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں: جب ہم انہیں چھوڑ کر آئے تو وہ نماز پڑھ رہے تھے اور جب ہم ان کے پاس گئے تب بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے۔'' اسے امام بخاری، ابن حبان اور ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

٩٥٩/٦٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً يَطُوْفُوْنَ فِي الطُّرُقِ، يَلْتَمِسُوْنَ أَهْلَ الذِّكْرِ، فَإِذَا وَجَدُوْا قَوْمًا يَذْكُرُوْنَ اللهَ تَنَادَوْا: هَلُمُّوْا إِلَى حَاجَتِكُمْ، قَالَ: فَيَحُفُّوْنَهُمْ بِأَجْنِحَتِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، قَالَ: فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ. وَهُوَ أَعْلَمُ مِنْهُمْ: مَا يَقُوْلُ

الحديث رقم ٦٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: بدء الخلق، باب: ذكر الملائكة، ٣/١١٧٨، الرقم: ٣٠٥١، وفي كتاب: الصلاة، باب: فضل صلاة العصر، ١/٢٠٣، الرقم: ٥٣٠، وابن حبان في الصحيح، ٥/٢٩، الرقم: ١٧٣٧، وأبو يعلى في المسند، ١١/٢٢٨، الرقم: ٦٣٤٢، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٧/٣٢٥۔

الحديث رقم ٦٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الدعوات، باب: فضل ذكر الله عز وجل، ٥/٢٣٥٣، الرقم: ٦٠٤٥، وابن حبان في الصحيح، ٣/١٣٩، الرقم: ٨٥٧، والبيهقي في شعب الإيمان، ١/٣٩٩، الرقم:٥٣١، وابن رجب الحنبلي في جامع العلوم والحكم، ١/٣٤٥، والمنذرى في الترغيب والترهيب، ٢/٢٥٨، الرقم: ٢٣١٦۔

Marfat.com

عِبَادِي؟ قَالُوْا: يَقُوْلُوْنَ: يُسَبِّحُوْنَکَ وَيُکَبِّرُوْنَکَ وَيَحْمَدُوْنَکَ وَيُمَجِّدُونَکَ قَالَ: فَيَقُوْلُ: هَلْ رَأَوْنِي؟ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ. لَا وَاللهِ، مَا رَأَوْکَ قَالَ: فَيَقُوْلُ: وَکَيْفَ لَوْ رَأَوْنِي؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: لَوْ رَأَوْکَ کَانُوْا أَشَدَّ لَکَ عِبَادَةً وَأَشَدَّ لَکَ تَمْجِيدًا وَتَحْمِيدًا، وَأَکْثَرَ لَکَ تَسْبِيْحًا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: فَمَا يَسْأَلُوْنِي؟ قَالَ: يَسْأَلُوْنَکَ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَقُوْلُ: وَهَلْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ؟ لَا، وَاللهِ، يَا رَبِّ، مَا رَأَوْهَا، قَالَ: يَقُوْلُ: فَکَيْفَ لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا کَانُوْا أَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا، وَأَشَدَّ لَهَا طَلَبًا وَأَعْظَمَ فِيْهَا رَغْبَةً، قَالَ: فَمِمَّ يَتَعَوَّذُوْنَ؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: مِنَ النَّارِ، قَالَ: يَقُوْلُ: وَهَلْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: لَا وَاللهِ، يَا رَبِّ، مَا رَأَوْهَا، قَالَ: يَقُوْلُ: فَکَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: لَوْ رَأَوْهَا کَانُوْا أَشَدَّ مِنْهَا فِرَارًا، وَأَشَدَّ لَهَا مَخَافَةً قَالَ: فَيَقُوْلُ: فَأُشْهِدُکُمْ أَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ، قَالَ: يَقُوْلُ: مَلَکٌ مِنَ الْمَلَائِکَةِ: فِيهِمْ فُلَانٌ، لَيْسَ مِنْهُمْ، إِنَّمَا جَاءَ لِحَاجَةٍ، قَالَ: هُمُ الْجُلَسَاءُ، لَا يَشْقَى بِهِمْ جَلِيْسُهُمْ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو راستوں میں پھرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والوں کو تلاش کرتے رہتے ہیں۔ جب وہ ایسے لوگوں کو پاتے ہیں تو ایک دوسرے کو نداء دیتے ہیں کہ ادھر اپنی حاجت کی طرف دوڑ آؤ۔ ارشاد فرمایا: پھر وہ آسمانِ دنیا تک ان پر اپنے پروں سے سایہ فگن ہو جاتے ہیں۔ پھر (جب وہ واپس اللہ تعالیٰ کے پاس جاتے ہیں تو) ان سے ان کا رب پوچھتا ہے، حالانکہ وہ ان سے بہتر جانتا ہے، کہ میرے بندے کیا کہتے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں: وہ تیری پاکیزگی، بڑائی، تعریف اور بزرگی بیان کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں: اللہ رب العزت کی قسم!

Marfat.com

تجھے تو انہوں نے نہیں دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ مجھے دیکھ لیں تو ان کی کیا حالت ہو؟ وہ عرض کرتے ہیں: اگر وہ تجھے دیکھ لیں تو تیری بہت زیادہ عبادت کریں، تیری بہت زیادہ بزرگی بیان کریں اور تیری بہت زیادہ تسبیح کریں۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ مجھ سے کیا مانگتے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں: وہ تجھ سے جنت مانگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے جنت کو دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں: اے رب! اللہ کی قسم، انہوں نے اسے دیکھا تو نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر اسے دیکھ لیں تو کیا حال ہوگا؟ وہ عرض کرتے ہیں: اگر وہ اسے دیکھ لیں تو اس کی بہت زیادہ حرص، بہت زیادہ طلب اور بہت زیادہ رغبت رکھنے والے ہو جائیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں: دوزخ سے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے دوزخ کو دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں: اللہ کی قسم! اسے دیکھا تو نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر اسے دیکھ لیں تو کیا حال ہو؟ وہ عرض کرتے ہیں: اگر اسے دیکھ لیں تو ان کا اس سے بھاگنا اور ڈرنا بہت زیادہ بڑھ جائے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: گواہ رہنا میں نے انہیں بخش دیا۔ ایک فرشتہ عرض کرتا ہے: ان میں فلاں ایسا بھی تھا جو (ذکر کے لیے نہیں بلکہ) اپنی حاجت کے لیے آیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ (یعنی میرے اولیاء اللہ) ایسے ہم نشیں ہیں کہ ان کے پاس بیٹھنے والا کبھی بدبخت ومحروم نہیں ہوتا۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

٩٦٠/٦٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَأَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنهما أَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَذْكُرُوْنَ اللهَ ﷻ إِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ، وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ، وَذَكَرَهُمُ اللهُ

الحديث رقم ٦٤: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب: فضل الاجتماع على تلاوة القرآن وعلى الذكر، ٤/٢٠٧٤، الرقم: ٢٧٠٠، والترمذى فى السنن كتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى القوم يجلسون فيذكرون الله ﷻ ما لهم من الفضل، ٥/٤٥٩، الرقم: ٣٣٧٨، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الأدب، باب: فضل الذكر، ٢/١٢٤٥، الرقم: ٣٧٩١، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٩٢، الرقم: ١١٨٩٣، وابن حبان فى الصحيح، ٣/١٣٦، الرقم: ٨٥٥، وأبو يعلى فى المسند، ١١/٢٠، الرقم: ٦١٥٩، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٦٠، الرقم: ٢٩٤٧٥.

Marfat.com

فِيْمَنْ عِنْدَهُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابوہریرہ اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما دونوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کے بارے میں گواہی دی کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب بھی لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے بیٹھتے ہیں انہیں فرشتے ڈھانپ لیتے ہیں اور رحمتِ الٰہی انہیں اپنی آغوش میں لے لیتی ہے اور ان پر سکینہ کا نزول ہوتا ہے اللہ تعالیٰ ان کا ذکر اپنی بارگاہ کے حاضرین میں کرتا ہے۔''

اسے امام مسلم، ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔ نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٦٥/٩٦١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ لِلّٰهِ عزوجل مَلَائِكَةً سَيَّارَةً فُضُلًا يَلْتَمِسُوْنَ مَجَالِسَ الذِّكْرِ، يَجْتَمِعُوْنَ عِنْدَ الذِّكْرِ، فَإِذَا مَرُّوْا بِمَجْلِسٍ عَلَا بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ حَتَّى يَبْلُغُوا الْعَرْشَ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جن کی باقاعدہ ذمہ داری نہیں مگر یہ صرف مجالسِ ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں اور ذکر میں شامل ہو جاتے ہیں پس جب وہ کسی مجلسِ ذکر کے پاس سے گزرتے ہیں تو (اس مجلس میں اتنی کثرت سے شرکت کرتے ہیں کہ) تہہ در تہہ عرش تک پہنچ جاتے ہیں۔''

اسے امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔ الفاظ امام احمد کے ہیں۔

٦٦/٩٦٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ لِلّٰهِ تَبَارَكَ

الحديث رقم ٦٥: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب: فضل مجالس الذكر، ٤/٢٠٦٩، الرقم: ٢٦٨٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٣٥٨، الرقم: ٨٦٨٩-٨٧٠٥، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ٤/٢٤٤، الرقم: ٥٥٢٣۔

الحديث رقم ٦٦: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الذكر والدعا والتوبة والاستغفار، باب: فضل مجالس الذكر، ٤/٢٠٦٩، الرقم: ٢٦٨٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٢٥٢، الرقم: ٧٤٢٠، ٢/٣٨٢، الرقم: ٨٩٦٠، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٢٥٩، الرقم: ٢٣١٦، ٤/٢٤٤، الرقم: ٥٥٢٣۔

Marfat.com

وَتَعَالَى مَلَائِكَةً، سَيَّارَةً فُضُلًا، يَتَتَبَّعُوْنَ مَجَالِسَ الذِّكْرِ، فَإِذَا وَجَدُوْا مَجْلِسًا فِيْهِ ذِكْرٌ، قَعَدُوْا مَعَهُمْ، وَحَفَّ بَعْضُهُمْ بَعْضًا بِأَجْنِحَتِهِمْ، حَتَّى يَمْلَئُوْا مَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَإِذَا تَفَرَّقُوْا عَرَجُوْا وَصَعِدُوْا إِلَى السَّمَاءِ قَالَ: فَيَسْأَلُهُمُ اللهُ ﷻ . وَهُوَ أَعْلَمُ بِهِمْ: مِنْ أَيْنَ جِئْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: جِئْنَا مِنْ عِنْدِ عِبَادٍ لَكَ فِي الْأَرْضِ، يُسَبِّحُوْنَكَ وَيُكَبِّرُوْنَكَ، وَيُهَلِّلُوْنَكَ وَيَحْمَدُوْنَكَ وَيَسْأَلُوْنَكَ، قَالَ: وَمَاذَا يَسْأَلُوْنِي؟ قَالُوْا: يَسْأَلُوْنَكَ جَنَّتَكَ قَالَ: وَهَلْ رَأَوْا جَنَّتِي؟ قَالُوْا: لَا أَيْ رَبِّ قَالَ: فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْا جَنَّتِي؟ قَالُوْا: وَيَسْتَجِيْرُوْنَكَ قَالَ: وَمِمَّ يَسْتَجِيْرُوْنَنِي؟ قَالُوْا: مِنْ نَارِكَ يَا رَبِّ. قَالَ: وَهَلْ رَأَوْا نَارِي؟ قَالُوْا: لَا. قَالَ: فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْا نَارِي؟ قَالُوْا: وَيَسْتَغْفِرُوْنَكَ قَالَ: فَيَقُوْلُ: قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ، أَعْطَيْتُهُمْ مَا سَأَلُوْا، وَأَجَرْتُهُمْ مِمَّا اسْتَجَارُوْا قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: رَبِّ، فِيْهِمْ فُلَانٌ، عَبْدٌ خَطَّاءٌ، إِنَّمَا مَرَّ فَجَلَسَ مَعَهُمْ، قَالَ: فَيَقُوْلُ: وَلَهُ غَفَرْتُ، هُمُ الْقَوْمُ، لَا يَشْقَى بِهِمْ جَلِيْسُهُمْ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ کے کچھ گشت کرنے والے فرشتے ہیں جو ذکر کی مجالس کو ڈھونڈتے پھرتے ہیں، جب وہ ذکر کی کوئی مجلس دیکھتے ہیں تو ان (ذاکرین) کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں اور اپنے پروں سے بعض فرشتے دوسرے فرشتوں کو (اوپر تلے) ڈھانپ لیتے ہیں، حتی کہ زمین سے لے کر آسمانِ دنیا تک کی جگہ (ان کے نورانی وجود سے) بھر جاتی ہے، جب ذاکرین مجلس سے اٹھ جاتے ہیں تو یہ فرشتے آسمان کی طرف واپس چلے جاتے ہیں، پھر اللہ ﷻ ان سے سوال کرتا ہے حالانکہ اسے ان سے زیادہ علم ہوتا ہے ''تم کہاں سے آئے ہو؟'' وہ کہتے ہیں کہ ہم زمین پر تیرے بندوں کے پاس سے آئے ہیں، جو سبحان اللہ، اللہ اکبر، لا الہ الا اللہ اور الحمد للہ کہ رہے

Marfat.com

تھے اور تجھ سے سوال کر رہے تھے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ مجھ سے کیا سوال کر رہے تھے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: وہ تجھ سے تیری جنت کا سوال کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے میری جنت کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں اے ہمارے رب۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ میری جنت کو دیکھ لیتے تو ان کا کیا عالم ہوتا؟ (پھر) فرشتے عرض کرتے ہیں: اور وہ تجھ سے پناہ طلب کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ کس چیز سے میری پناہ مانگتے ہیں؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: اے رب! تیری دوزخ سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے میری دوزخ کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ میری دوزخ کو دیکھ لیتے تو پھر کس قدر پناہ مانگتے؟ (پھر) فرشتے عرض کرتے ہیں: اور وہ تجھ سے استغفار کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں نے انہیں بخش دیا اور جو کچھ انہوں نے مانگا وہ میں نے انہیں عطا کر دیا اور جس چیز سے انہوں نے پناہ مانگی اس سے میں نے انہیں پناہ دے دی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: فرشتے عرض کرتے ہیں: اے میرے رب! ان میں فلاں خطا کار بندہ بھی تھا، وہ اس مجلس کے پاس سے گزرا اور ان کے ساتھ آ کے بیٹھ گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں نے اسے بھی بخش دیا ہے، یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے ساتھ بیٹھنے والا بھی بدبخت و محروم نہیں رہتا۔"

اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٩٦٣/٦٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَوْعَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً سَيَّاحِيْنَ فِي الْأَرْضِ، فُضُلًا عَنْ كُتَّابِ النَّاسِ، فَإِذَا وَجَدُوْا أَقْوَامًا يَذْكُرُوْنَ اللهَ، تَنَادَوْا: هَلُمُّوْا إِلَى بُغْيَتِكُمْ فَيَجِيْئُوْنَ فَيَحُفُّوْنَ بِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَيَقُوْلُ اللهُ: عَلَى أَيِّ شَيْءٍ تَرَكْتُمْ عِبَادِي يَصْنَعُوْنَ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: تَرَكْنَاهُمْ يَحْمَدُوْنَكَ وَيُمَجِّدُوْنَكَ وَيَذْكُرُوْنَكَ قَالَ: فَيَقُوْلُ: فَهَلْ رَأَوْنِي؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لَا،

الحديث رقم ٦٧: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء إن لله ملائكة سيّاحين في الأرض، ٥/٥٧٩، الرقم: ٣٦٠٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٢٥١، الرقم: ٧٤١٨.

Marfat.com

قَالَ: فَيَقُوْلُ: فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْنِي؟ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: لَوْ رَأَوْكَ لَكَانُوْا أَشَدَّ تَحْمِيْدًا وَأَشَدَّ تَمْجِيْدًا، وَأَشَدَّ لَكَ ذِكْرًا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: وَأَيُّ شَيءٍ يَطْلُبُوْنَ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: يَطْلُبُوْنَ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَيَقُوْلُ: وَهَلْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: لَا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لَوْ رَأَوْهَا لَكَانُوْا أَشَدَّ لَهَا طَلَبًا' وَأَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: فَمِنْ أَيِّ شَيءٍ يَتَعَوَّذُوْنَ؟ قَالُوْا: يَتَعَوَّذُوْنَ مِنَ النَّارِ، قَالَ: فَيَقُوْلُ: هَلْ رَأَوْهَا؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لَا فَيَقُوْلُ: فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لَوْ رَأَوْهَا لَكَانُوْا أَشَدَّ مِنْهَا هَرَبًا، وَأَشَدَّ مِنْهَا خَوْفًا، وَأَشَدَّ مِنْهَا تَعَوُّذًا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: فَإِنِّي أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: إِنَّ فِيْهِمْ فُلَانًا الْخَطَّاءَ لَمْ يُرِدْهُمْ، إِنَّمَا جَاءَهُمْ لِحَاجَةٍ فَيَقُوْلُ: هُمُ الْقَوْمُ لَا يَشْقَى لَهُمْ جَلِيْسٌ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْ عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابو ہریرہ یا حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بہت سے فرشتے جو اعمال لکھنے والوں کے علاوہ ہیں زمین پر پھرتے رہتے ہیں، جب کچھ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول پاتے ہیں تو ایک دوسرے کو پکارتے ہیں کہ اپنے مقصود کی طرف آؤ۔ چنانچہ وہ آتے ہیں اور اہلِ مجلس کو آسمانِ دنیا تک ڈھانپ لیتے ہیں۔ (اور جب مجلس ذکر کے اختتام پر بارگاہِ الٰہی میں واپس لوٹتے ہیں تو) اللہ تعالیٰ ان سے فرماتا ہے: میرے بندوں کو کس حالت میں چھوڑ کر آئے ہو؟ وہ عرض کرتے ہیں: ہم نے تیرے بندوں کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ تیری حمد اور پاکیزگی بیان کرتے ہیں اور تیرا ذکر کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے: کیا ان لوگوں نے مجھے دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں: نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو ان کی کیا حالت ہوتی؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: (یا اللہ!) اگر وہ تجھے دیکھ لیں تو پہلے سے کہیں زیادہ تیری حمد کریں، بزرگی بیان کریں اور تیرا ذکر کریں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ کیا مانگتے ہیں؟ فرشتے جواب دیتے ہیں: جنت مانگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سے فرماتا ہے: کیا انہوں نے میری جنت کو دیکھ رکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: نہیں۔ اللہ

Marfat.com

تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کی کیا کیفیت ہوتی؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو اس کی شدید طلب اور حرص کرتے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں؟ فرشتے جواب دیتے ہیں: دوزخ سے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے اسے دیکھ رکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں: نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کا کیا حال ہوتا؟ فرشتے جواب دیتے ہیں: (یا اللہ!) اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو اس سے زیادہ بھاگتے، بہت ڈرتے اور اس سے زیادہ پناہ مانگتے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: فرشتو! گواہ رہو میں نے انہیں بخش دیا۔ وہ عرض کرتے ہیں: (یا اللہ!) ان میں فلاں آدمی بہت بڑا گنہگار ہے وہ ذکر سننے کے لیے نہیں بلکہ کسی کام کے لیے ان کے پاس آیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ وہ (مقرّب) بندے ہیں کہ جن کے ساتھ بیٹھنے والا شخص بھی محروم و بدبخت نہیں رہتا۔"

اس حدیث کو امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٩٦٤/٦٨۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: تَجْتَمِعُ مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ وَصَلَاةِ الْعَصْرِ قَالَ: فَيَجْتَمِعُوْنَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ قَالَ: فَتَصْعَدُ مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ وَتَثْبُتُ مَلَائِكَةُ النَّهَارِ قَالَ: وَيَجْتَمِعُوْنَ فِي صَلَاةِ الْعَصْرِ قَالَ: فَيَصْعَدُ مَلَائِكَةُ النَّهَارِ وَتَثْبُتُ مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ قَالَ: فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِي قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: أَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ وَتَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ. قَالَ سُلَيْمَانُ: وَلَا أَعْلَمُهُ إِلَّا قَدْ قَالَ فِيْهِ: فَاغْفِرْ لَهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ خُزَيْمَةَ.

"حضرت ابوہریرہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ رات اور دن کے فرشتے فجر اور عصر کی نماز کے وقت جمع ہوتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پس وہ فجر کی نماز

الحديث رقم ٦٨: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٢/٣٩٦، الرقم: ٩١٤٠، وابن خزيمة في الصحيح، ١/١٦٥، الرقم: ٣٢٢، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/١٧٧، الرقم: ٦٦٦.

Marfat.com

کے وقت جمع ہوتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: رات کے فرشتے آسمانوں کی طرف بلند ہوجاتے ہیں اور دن کے فرشتے وہیں رہتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر وہ (فرشتے) نمازِ عصر کے وقت جمع ہوتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: دن والے فرشتے اوپر چلے جاتے ہیں اور رات والے فرشتے وہیں رہتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتا ہے: تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ عرض کرتے ہیں: ہم ان کے پاس گئے تو وہ نماز پڑھ رہے تھے اور ہم نے انہیں چھوڑا تو وہ نماز پڑھ رہے تھے۔ حضرت سلیمان بیان کرتے ہیں: اور جہاں تک میرا خیال ہے کہ اس حدیث میں حضور نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا: (اے میرے مولا) روزِ قیامت انہیں معاف فرما دینا۔''

اس حدیث کو امام احمد اور ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي شَفَاعَةِ الْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

﴿روزِ قیامت شفاعتِ اولیاء اور صالحین کا بیان﴾

٩٦٥/٦٩۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، في رواية طويلة: قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: فَمَا أَنْتُمْ بِأَشَدَّ لِي مُنَاشَدَةً فِي الْحَقِّ، قَدْ تَبَيَّنَ لَكُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِ يَوْمَئِذٍ لِلْجَبَّارِ، وَإِذَا رَأَوْا أَنَّهُمْ قَدْ نَجَوْا فِي إِخْوَانِهِمْ، يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا، إِخْوَانُنَا، كَانُوْا يُصَلُّوْنَ مَعَنَا، وَيَصُوْمُوْنَ مَعَنَا، وَيَعْمَلُوْنَ مَعَنَا، فَيَقُوْلُ اللهُ تَعَالَى: اذْهَبُوْا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ دِيْنَارٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجُوْهُ، وَيُحَرِّمُ اللهُ صُوَرَهُمْ عَلَى النَّارِ، فَيَأْتُوْنَهُمْ وَبَعْضُهُمْ قَدْ غَابَ فِي النَّارِ إِلَى قَدَمِهِ وَإِلَى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ، فَيُخْرِجُوْنَ مَنْ عَرَفُوْا، ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ، فَيَقُوْلُ: اذْهَبُوْا، فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ نِصْفِ دِيْنَارٍ فَأَخْرِجُوْهُ، فَيُخْرِجُوْنَ مَنْ عَرَفُوْا، ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ، فَيَقُوْلُ: اذْهَبُوْا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجُوْهُ، فَيُخْرِجُوْنَ مَنْ عَرَفُوْا. قَالَ أَبُوْسَعِيْدٍ: فَإِنْ لَمْ تُصَدِّقُوْنِي فَاقْرَءُوْا: ﴿إِنَّ اللهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَإِنْ تَكُ حَسَنَةً يُضٰعِفْهَا﴾. [النساء، ٤:٤٠] فَيَشْفَعُ النَّبِيُّوْنَ وَالْمَلَائِكَةُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ. فَيَقُوْلُ الْجَبَّارُ: بَقِيَتْ شَفَاعَتِي، فَيَقْبِضُ قَبْضَةً مِنَ النَّارِ، فَيُخْرِجُ أَقْوَامًا قَدِ امْتُحِشُوْا، فَيُلْقَوْنَ فِي نَهَرٍ بِأَفْوَاهِ الْجَنَّةِ، يُقَالُ لَهُ: مَاءُ الْحَيَاةِ، فَيَنْبُتُوْنَ فِي حَافَتَيْهِ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي حَمِيْلِ السَّيْلِ، قَدْ رَأَيْتُمُوْهَا إِلَى جَانِبِ الصَّخْرَةِ وَإِلَى جَانِبِ الشَّجَرَةِ، فَمَا كَانَ إِلَى الشَّمْسِ مِنْهَا كَانَ أَخْضَرَ، وَمَا كَانَ مِنْهَا إِلَى الظِّلِّ كَانَ

الحديث رقم ٦٩: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: قول الله تعالى: وجوه يومئذ ناضرة إلى ربها ناظرة، ٦/٢٧٠٧، الرقم: ٧٠٠١، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١٦، وابن حبان فى الصحيح، ١٦/٣٧٩، الرقم: ٧٣٧٧۔

Marfat.com

أَبْيَضَ، فَيَخْرُجُوْنَ كَأَنَّهُمُ اللُّؤْلُؤُ، فَيُجْعَلُ فِي رِقَابِهِمُ الْخَوَاتِيْمُ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ، فَيَقُوْلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ: هَؤُلَاءِ عُتَقَاءُ الرَّحْمٰنِ، أَدْخَلَهُمُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ عَمَلٍ عَمِلُوْهُ وَلَا خَيْرٍ قَدَّمُوْهُ، فَيُقَالُ لَهُمْ: لَكُمْ مَا رَأَيْتُمْ وَمِثْلَهُ مَعَهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے ایک طویل حدیث مروی ہے (حضور نبی اکرم ﷺ نے مؤمنین کا اپنے مؤمن بھائیوں کی شفاعت کرنے کے باب میں صحابہ کرام ﷺ سے فرمایا:) ''تم مجھ سے حق کا مطالبہ کرنے میں جو تمہارے لئے واضح ہو چکا ہے آج اس قدر سخت نہیں ہو جس قدر شدت کے ساتھ مومن اس روز اللہ تعالیٰ سے مطالبہ کریں گے جس وقت وہ دیکھیں گے کہ وہ نجات پا گئے ہیں (اور ان کے بھائی دوزخ میں چلے گئے ہیں۔ تو) اپنے بھائیوں کے حق میں نجات کا مطالبہ کرتے ہوئے وہ عرض کریں گے: اے رب! (یہ) ہمارے بھائی (ہیں جو دوزخ میں چلے گئے) یہ ہمارے ساتھ نمازیں پڑھتے تھے، ہمارے ساتھ روزے رکھتے تھے اور ہمارے ساتھ (نیک) عمل کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جاؤ جس کے دل میں دینار کے وزن کے برابر ایمان پاؤ، اسے (دوزخ سے) نکال لو اور اللہ تعالیٰ ان کی صورتوں کو آگ پر حرام کر دے گا۔ پس وہ (جنتی) ان (دوزخیوں) کے پاس آئیں گے جبکہ بعض قدموں تک اور بعض پنڈلیوں تک آگ میں ڈوبے ہوئے ہوں گے چنانچہ جنہیں وہ پہچانیں گے انہیں نکال لیں گے پھر واپس لوٹیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جس کے دل میں نصف دینار کے برابر بھی ایمان پاؤ اسے نکال لو، پس وہ جسے پہچانیں گے نکال لیں گے۔ پھر وہ واپس لوٹیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جس کے دل میں ذرّہ بھر بھی ایمان پاؤ اسے بھی نکال لو چنانچہ وہ جسے پہچانیں گے نکال لیں گے۔ حضرت ابوسعید خدری ﷺ فرماتے ہیں: جسے یقین نہ آتا ہو وہ یہ آیت پڑھ لے: ''بیشک اللہ تعالیٰ ذرّہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا، اور اگر کوئی نیکی ہو تو اسے دوگنا کر دیتا ہے۔'' [النساء، ٤: ٤٠] پس انبیاء کرام علیہم السلام، فرشتے اور مؤمنین شفاعت کریں گے تو خالق و مالک جبار فرمائے گا: میری (اپنی) شفاعت (ابھی) باقی ہے تو وہ (خود) دوزخ سے (جہنمیوں کو) مٹھی بھر کر نکالے گا جو جل کر کوئلہ ہو چکے ہوں گے۔ پھر انہیں ایسے دریا میں ڈالا جائے گا جو جنت کے کناروں پر ہے اسے ''آبِ حیات'' کہا جاتا ہے چنانچہ وہ اس سے اس طرح تر و تازہ ہو کر نکلیں گے جیسے سیلابی جگہ سے دانہ اگتا ہے جنہیں تم نے کسی پتھر یا درخت

Marfat.com

کے پاس دیکھا ہوگا۔ پس جو پودا سورج کی طرف ہوتا ہے سبز اور جو سایہ میں ہوتا ہے سفید رہتا ہے گویا وہ موتیوں کی مانند نکلیں گے اور ان کی گردنوں میں مہریں لگا دی جائیں گی وہ جنت میں داخل ہوں گے۔ پس اہلِ جنت کہیں گے کہ یہ رحمٰن کے آزاد کردہ ہیں۔ اس نے انہیں بغیر کوئی (نیک) عمل کئے اور بغیر بھلائی کو آگے بھیجے، جنت میں داخل کر دیا ہے۔ پس ان (جہنم سے آزاد ہونے والوں) سے کہا جائے گا: تمہارے لئے جو تم نے (جنت میں) دیکھا یہ اور اس کے برابر مزید ہے۔'' اسے امام بخاری اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٩٦٦ / ٧٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَا مُجَادَلَةُ أَحَدِكُمْ فِي الْحَقِّ يَكُوْنُ لَهُ فِي الدُّنْيَا بِأَشَدَّ مُجَادَلَةً مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لِرَبِّهِمْ فِي إِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ أُدْخِلُوْا النَّارَ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا إِخْوَانُنَا كَانُوْا يُصَلُّوْنَ مَعَنَا وَيَصُوْمُوْنَ مَعَنَا وَيَحُجُّوْنَ مَعَنَا فَأَدْخَلْتَهُمُ النَّارَ قَالَ: فَيَقُوْلُ: اذْهَبُوْا فَأَخْرِجُوْا مَنْ عَرَفْتُمْ مِنْهُمْ، قَالَ: فَيَأْتُوْنَهُمْ فَيَعْرِفُوْنَهُمْ بِصُوَرِهِمْ فَمِنْهُمْ مَنْ أَخَذَتْهُ النَّارُ إِلَى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ أَخَذَتْهُ إِلَى كَعْبَيْهِ، فَيُخْرِجُوْنَهُمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا قَدْ أَخْرَجْنَا مَنْ أَمَرْتَنَا قَالَ: وَيَقُوْلُ: أَخْرِجُوْا مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ وَزْنُ دِيْنَارٍ مِنَ الْإِيْمَانِ ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ وَزْنُ نِصْفِ دِينَارٍ حَتَّى يَقُوْلَ: مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ وَزْنُ ذَرَّةٍ. قَالَ أَبُوْسَعِيْدٍ: فَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْ فَلْيَقْرَأْ هَذِهِ الآيَةَ: ﴿إِنَّ اللهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذَلِكَ لِمَنْ يَّشَاءُ﴾ إِلَى ﴿عَظِيْمًا﴾. [النساء، ٤: ٤٨]. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ وَابْنُ مَاجَه.

الحديث رقم ٧٠: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: في قول الله تعالى: وجوه يومئذ ناضرة إلى ربها ناظرة، ٦/٢٧٠٧، الرقم: ٧٠٠١، والنسائى فى السنن، كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: زيادة الإيمان، ٨/١١٢، الرقم: ٥٠١٠، وابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: فى الإيمان، ١/٢٣، الرقم: ٦٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٩٤، الرقم: ١١٧، والحلكم فى المستدرك، ٤/٦٢٦، الرقم: ٨٧٣٦، وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ، وابن راشد فى الجامع، ١١/٤١٠۔

Marfat.com

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ راویت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارے کسی ایک شخص کا بھی دنیا میں کسی حق بات کے لئے تکرار کرنا اس قدر سخت نہیں ہوگا جو تکرار مومنین کاملین اپنے پروردگار سے اپنے ان بھائیوں کے لئے کریں گے جو جہنم میں داخل کئے جا چکے ہوں گے۔ وہ عرض کریں گے: اے ہمارے پروردگار! ہمارے یہ بھائی ہمارے ساتھ نمازیں پڑھتے تھے اور ہمارے ساتھ روزے رکھتے تھے اور ہمارے ہی ساتھ حج کرتے تھے اور تو نے انہیں دوزخ میں ڈال دیا ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اچھا تم جنہیں پہچانتے ہو انہیں جا کر خود ہی دوزخ سے نکال لو۔ کہتے ہیں: وہ ان کے پاس جائیں گے اور ان کی شکلیں دیکھ کر انہیں پہچان لیں گے۔ ان میں سے بعض کو تو آگ نے پنڈلیوں کے نصف تک اور بعض کو ٹخنوں تک پکڑا ہوگا۔ وہ انہیں نکالیں گے اور پھر عرض کریں گے: اے ہمارے پروردگار! تو نے ہمیں جن کے نکالنے کا حکم فرمایا تھا انہیں ہم نے نکال لیا ہے، پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: انہیں بھی جا کر نکال لو جن کے دل میں ایک دینار کے بھر بھی ایمان ہے۔ پھر فرمائے گا: اسے بھی نکال لاؤ جس کے دل میں نصف دینار کے برابر ایمان ہے (پھر) یہاں تک فرمائے گا: اسے بھی (نکال لاؤ) جس کے دل میں ذرّہ برابر ایمان ہے۔ حضرت ابوسعید خدری ﷺ نے فرمایا: اب جس شخص کو یقین نہ آئے تو وہ یہ آیتِ کریمہ پڑھ لے۔ ''بیشک اللہ اِس بات کو نہیں بخشتا کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اور اس سے کم تر (جو گناہ بھی ہو) جس کے لئے چاہتا ہے بخش دیتا ہے۔''[النساء،۴: ۴۸]۔

اسے امام بخاری، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے الفاظ امام نسائی کے ہیں۔

٩٦٧ / ٧١۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُوْنَ أَلْفًا أَوْ سَبْعُ مِائَةِ أَلْفٍ، شَكَّ فِي أَحَدِهِمَا، مُتَمَاسِكِيْنَ آخِذٌ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ، حَتَّى يَدْخُلَ أَوَّلُهُمْ وَآخِرُهُمُ الْجَنَّةَ،

الحديث رقم ٧١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: يدخل الجنة سبعون ألفاً بغير حساب، ٥ / ٢٣٩٦، الرقم: ٦١٧٧، و في باب: صفة الجنة والنار، ٥ / ٢٣٩٩، الرقم: ٦١٨٧، وفی كتاب: بدء الخلق، باب: ما جاء فی صفة الجنة وأنها مخلوقة، ٣ / ١١٨٦، الرقم: ٣٠٧٥، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الدليل على دخول طوائف من المسلمين الجنة بغير حساب ولا عذاب، ١ / ١٩٨، الرقم: ٢١٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥ / ٣٣٥، الرقم: ٢٢٨٣٩.

Marfat.com

وَوُجُوْهُهُمْ عَلَى ضَوْءِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت سہل بن سعد ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت کے ستر ہزار یا سات لاکھ افراد بغیر حساب و عذاب کے جنت میں داخل ہوں گے، (راوی کو دونوں میں سے ایک کا شک ہے) یہ ایک دوسرے کو تھامے ہوئے ہوں گے یہاں تک کہ ان کا پہلا اور آخری شخص جنت میں داخل ہوجائے گا اور ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتے ہوں گے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

۹۶۸ / ۷۲۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ ﷺ في رواية طويلة عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ بِأَشَدَّ مُنَاشَدَةً لِلّٰهِ فِي اسْتِقْصَاءِ الْحَقِّ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لِلّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ، يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا، كَانُوْا يَصُوْمُوْنَ مَعَنَا، وَيُصَلُّوْنَ وَيَحُجُّوْنَ. فَيُقَالُ لَهُمْ: أَخْرِجُوْا مَنْ عَرَفْتُمْ، فَتُحَرَّمُ صُوَرُهُمْ عَلَى النَّارِ، فَيُخْرِجُوْنَ خَلْقًا كَثِيْرًا قَدْ أَخَذَتِ النَّارُ إِلَى نِصْفِ سَاقَيْهِ وَإِلَى رُكْبَتَيْهِ، ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا، مَا بَقِيَ فِيْهَا أَحَدٌ مِمَّنْ أَمَرْتَنَا بِهِ، فَيَقُوْلُ: ارْجِعُوْا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ دِيْنَارٍ مِنْ خَيْرٍ فَأَخْرِجُوْهُ، فَيُخْرِجُوْنَ خَلْقًا كَثِيْرًا، ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا، لَمْ نَذَرْ فِيْهَا أَحَدًا مِمَّنْ أَمَرْتَنَا، ثُمَّ يَقُوْلُ: ارْجِعُوْا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ نِصْفِ دِيْنَارٍ مِنْ خَيْرٍ فَأَخْرِجُوْهُ، فَيُخْرِجُوْنَ خَلْقًا كَثِيْرًا، ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا، لَمْ نَذَرْ فِيْهَا مِمَّنْ أَمَرْتَنَا أَحَدًا، ثُمَّ يَقُوْلُ: ارْجِعُوْا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ فَأَخْرِجُوْهُ، فَيُخْرِجُوْنَ خَلْقًا كَثِيْرًا، ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا، لَمْ نَذَرْ فِيْهَا خَيْرًا، وَكَانَ أَبُوْسَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ ﷺ

الحديث رقم ۷۲: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: معرفة طريق الرؤية، ۱/۱۶۹، الرقم: ۱۸۳، والطيالسي فى المسند، ۱/۲۸۹، الرقم: ۲۱۷۹، والحاكم فى المستدرك، ۴/۶۲۶، الرقم: ۸۷۳۶، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ۴/۲۲۳، الرقم: ۵۴۶۶.

Marfat.com

يَقُوْلُ: إِنْ لَمْ تُصَدِّقُوْنِي بِهَذَا الْحَدِيْثِ، فَاقْرَءُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿إِنَّ اللهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَإِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ أَجْرًا عَظِيْمًا﴾ [النساء، ٤: ٤٠]. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے مروی طویل حدیث پاک میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! جو مومن نجات پاکر جنت میں چلے جائیں گے وہ اپنے ان مسلمان بھائیوں کو جو جہنم میں پڑے ہوں گے جہنم سے چھڑانے کے لیے (بطورِ ناز) اللہ تعالیٰ سے ایسی تکرار کریں گے جیسی تکرار کوئی شخص اپنا حق مانگنے کے لیے بھی نہیں کرتا۔ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کریں گے: اے ہمارے رب! یہ لوگ ہمارے ساتھ روزے رکھتے تھے، نمازیں پڑھتے تھے اور حج کرتے تھے۔ ان سے کہا جائے گا: جن لوگوں کو تم پہچانتے ہو انہیں دوزخ سے نکال لو۔ پس ان لوگوں کی صورتیں آگ پر حرام کر دی جائیں گی۔ پھر جنتی مسلمان کثیر تعداد میں ان لوگوں کو دوزخ سے نکال لائیں گے جن میں سے بعض کو نصف پنڈلیوں تک اور بعض کو گھٹنوں تک دوزخ کی آگ نے جلا ڈالا تھا۔ وہ پھر عرض کریں گے: اے اللہ! اب ان لوگوں میں سے کوئی باقی نہیں بچا جنہیں جہنم سے نکال لانے کا تو نے حکم دیا تھا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: پھر جاؤ اور جس کے دل میں دینار کے برابر بھی نیکی ہے اسے بھی جہنم سے نکال لاؤ، وہ پھر کثیر تعداد میں لوگوں کو دوزخ سے نکال لائیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کریں گے: اے ہمارے رب! جن لوگوں کو تو نے جہنم سے نکالنے کا حکم دیا تھا ہم نے ان میں سے کسی کو نہیں چھوڑا۔ اللہ تعالیٰ پھر فرمائے گا: جاؤ جس کے دل میں نصف دینار کے برابر بھی نیکی ہو اسے بھی جہنم سے نکال لاؤ۔ وہ پھر جائیں گے اور کثیر تعداد میں لوگوں کو جہنم سے نکال لائیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کریں گے: اے ہمارے رب! جن لوگوں کو تو نے دوزخ سے نکالنے کا حکم دیا تھا ہم نے ان میں سے کسی کو نہیں چھوڑا۔ اللہ تعالیٰ پھر فرمائے گا: جس شخص کے دل میں تمہیں ایک ذرّہ برابر بھی نیکی ملے اسے بھی جہنم سے نکال لاؤ۔ وہ جائیں گے اور جہنم سے بہت بڑی تعداد میں مخلوقِ خدا کو نکال لائیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کریں گے: اے اللہ! اب دوزخ میں نیکی کا ایک ذرّہ بھی نہیں۔ حضرت ابوسعید خدری ﷺ فرماتے ہیں کہ اگر تم میری اس بیان کردہ حدیث کی تصدیق نہیں کرتے تو قرآن کریم کی اس آیت کو پڑھو: ''بیشک اللہ تعالیٰ ذرّہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا، اور اگر کوئی نیکی ہو تو اسے دوگنا کر دیتا ہے اور اپنے پاس سے بڑا اجر عطا فرماتا ہے۔'' [النساء، ٤: ٤٠]۔

Marfat.com

اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

٩٦٩ / ٧٣۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما في رواية طويلة قَالَ: ثُمَّ يَنْجُوْ الْمُؤْمِنُوْنَ، فَتَنْجُوْ أَوَّلُ زُمْرَةٍ، وُجُوْهُهُمْ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ سَبْعُوْنَ أَلْفًا لَايُحَاسَبُوْنَ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ كَأَضْوَاءِ نَجْمٍ فِي السَّمَاءِ ثُمَّ كَذَلِكَ ..... الحديث. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ مَرْفُوْعًا.

''حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے طویل حدیث مروی ہے فرماتے ہیں: پھر قیامت کے دن مؤمنین نجات پائیں گے تو سب سے پہلے ایسی جماعت نجات پائے گی جن کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتے ہوں گے، وہ ستر ہزار افراد ہوں گے جن سے کوئی حساب نہیں لیا جائے گا۔ پھر (وہ مومن نجات پائیں گے) جو ان سے ملے ہوئے ہوں گے (اور جن کے چہرے) آسمان کے ستاروں کی مانند چمکتے ہوں گے پھر اسی طرح یہ سلسلہ جاری رہے گا۔'' اسے امام مسلم اور احمد نے مرفوعا روایت کیا ہے۔

٩٧٠ / ٧٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَقِيْقٍ ﷺ قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَهْطٍ بِإِيْلِيَاءَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِي أَكْثَرُ مِنْ بَنِي تَمِيْمٍ. قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ سِوَاكَ؟ قَالَ: سِوَايَ. فَلَمَّا قَامَ، قُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوْا: هَذَا ابْنُ أَبِي الْجَدْعَاءِ.

الحديث رقم ٧٣: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: أدنى أهل الجنة منزلة فيها، ١/١٧٧، الرقم: ١٩١، وأحمد بن حنبل مرفوعا فى المسند، ٣/٣٤٥، الرقم: ١٤٧٢١، وعبد الله بن أحمد فى السنة، ١/٢٤٨، الرقم: ٤٥٧، وابن منده فى الإيمان، ٢/٨٢٥، الرقم: ٨٥١، وإسناده صحيح.

الحديث رقم ٧٤: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى الشفاعة، ٤/٦٢٦، الرقم: ٢٤٣٨، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر الشفاعة، ٢/١٤٤٣، الرقم: ٤٣١٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٤٦٩-٤٧٠، الرقم: ١٥٨٥٧، إسناده صحيح، ورجاله ثقات رجال الصحيح، والدارمي فى السنن، ٢/٤٢٣، الرقم: ٢٨٠٨، وأبو يعلى فى المسند، ١٢/٢٨٠، الرقم: ٦٨٦٦.

Marfat.com

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن شقیق ﷺ کا بیان ہے کہ میں ایلیاء کے مقام پر ایک گروہ کے ساتھ تھا تو ان میں سے ایک شخص نے کہا: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری اُمت کے ایک شخص (حضرت عثمان ﷺ یا حضرت اویس قرنی ﷺ) کی شفاعت کے سبب بنو تمیم کے افراد سے زیادہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔ آپ ﷺ سے عرض کیا گیا: یارسول اللہ! کیا وہ شخص آپ کے علاوہ کوئی اور ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں میرے علاوہ۔ راوی کہتے ہیں: پس جب وہ چلے گئے تو میں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ لوگوں نے بتلایا: یہ ابن ابی الجدعا ﷺ (صحابی رسول ﷺ) ہیں۔''

اسے امام ترمذی، ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

٧٥/٩٧١. عَنِ الْحَسَنِ الْبَصَرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَشْفَعُ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِمِثْلِ رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت حسن بصری ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عثمان بن عفان ﷺ قیامت کے دن دو قبیلوں ربیعہ اور مضر (کے افراد کی تعداد) کے برابر لوگوں کی شفاعت کریں گے۔'' اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔

٧٦/٩٧٢. عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ مِنْ أُمَّتِي

الحديث رقم ٧٥: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى الشفاعة، ٤/٦٢٧، الرقم: ٢٤٣٩، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ١/٥٢٣، الرقم: ٨٦٦، والآجري فى الشريعة، ١/٢٩٩.

الحديث رقم ٧٦: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى الشفاعة، ٤/٦٢٧، الرقم: ٢٤٤٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٢٠، الرقم: ١١١٤٨، وابن كثير فى البداية والنهاية، ١٠/٤٦٨.

Marfat.com

مَنْ يَشْفَعُ لِلْفِئَامِ مِنَ النَّاسِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلْقَبِيْلَةِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلْعَصَبَةِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلرَّجُلِ حَتَّى يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ بے شک حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً میرا ایک امتی لوگوں کے ایک گروہ کی شفاعت کرے گا، ان میں سے کوئی کسی قبیلہ کی شفاعت کرے گا، ان میں سے کوئی کسی جماعت کی شفاعت کرے گا اور ان میں سے کوئی کسی شخص کی شفاعت کرے گا یہاں تک کہ وہ سب جنت میں داخل ہو جائیں گے۔''

اسے امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

۹۷۳ / ۷۷۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ﷺ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: وَعَدَنِي رَبِّي أَنْ يُدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعِيْنَ أَلْفًا، لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَا عَذَابَ مَعَ كُلِّ أَلْفٍ سَبْعُوْنَ أَلْفًا وَثَلَاثُ حَثَيَاتٍ مِنْ حَثَيَاتِهِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابوامامہ ﷺ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ میری امت سے ستر ہزار افراد کو بغیر حساب و عذاب کے جنت میں داخل فرمائے گا۔ ان میں سے ہر ہزار کے ساتھ مزید ستّر ہزار کو داخل کرے گا نیز اللہ تعالیٰ اپنے چلوؤں میں سے (اپنے حسبِ حال) تین چلو (جہنمیوں کے) بھی جنت میں ڈالے گا۔''

الحديث رقم ٧٧: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: فى الشفاعة، ٤/٦٢٦، الرقم: ٢٤٣٧، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة محمد ﷺ، ٢/١٤٣٣، الرقم: ٤٢٨٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٢٦٨، الرقم: ٢٢٣٠٣، إسناده حسن، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/٣١٥، الرقم: ٣١٧١٤، وابن أبي عاصم فى السنة، ١/٢٦٠، ٢٦١، الرقم: ٥٨٨، ٥٨٩، والعسقلاني فى الإصابة، ٦/٦٤٦، الرقم: ٩٢٣٣، سنده صحيح۔

Marfat.com

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٩٧٤ / ٧٨۔ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَشْفَعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلَاثَةٌ: اَلْأَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْعُلَمَاءُ ثُمَّ الشُّهَدَاءُ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت عثمان بن عفان ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن تین قسم کے لوگ شفاعت کریں گے: انبیاء کرام، پھر علماء، پھر شہداء۔''

اسے امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

٩٧٥ / ٧٩۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ ﷺ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ أَبِي بُرْدَةَ ﷺ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا الْحَارِثُ بْنُ أُقَيْشٍ، فَحَدَّثَنَا الْحَارِثُ لَيْلَتَئِذٍ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ مِنْ أُمَّتِي مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهِ أَكْثَرُ مِنْ مُضَرَ، وَإِنَّ مِنْ أُمَّتِي مَنْ يَعْظُمُ لِلنَّارِ حَتَّى يَكُوْنَ أَحَدَ زَوَايَاهَا.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت عبداللہ بن قیس ﷺ فرماتے ہیں کہ میں ایک رات حضرت ابو بردہ ﷺ کے پاس تھا کہ ہمارے پاس حضرت حارث بن اقیش ﷺ آئے۔ حضرت حارث ﷺ نے اسی رات ہم سے بیان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے ایک امتی کی شفاعت کے سبب قبیلہ

الحديث رقم ٧٨: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر الشفاعة، ٢/١٤٤٣، الرقم: ٤٣١٣، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٢/٢٦٥، الرقم: ١٧٠٧، والآجرى فى الشريعة، ١/٣٥٠، والخطيب البغدادى فى تاريخ بغداد، ١١/١٧٧، الرقم: ٥٨٨٨۔

الحديث رقم ٧٩: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة النار، ٢/١٤٤٦، الرقم: ٤٣٢٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣١٢، والحاكم فى المستدرك، ١/٢٤٢، الرقم: ٢٣٨، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/٣١٣، الرقم: ٣١٧٠٢، وأبويعلى فى المسند، ٣/١٥٤، الرقم: ١٥٨١، والشيباني فى الآحاد والمثاني، ٢/٢٩٤، الرقم: ١٠٥٦۔

Marfat.com

مضر سے زیادہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور بے شک ایک ایسا امتی بھی ہوگا (جو اپنے گناہوں کے سبب) دوزخ کے لئے اتنا بڑا ہو جائے گا کہ (گویا) اس کا ایک کونہ ہوگا۔"

اسے امام ابن ماجہ، احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔ نیز انہوں نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

٩٧٦/٨٠۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَصُفُّ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صُفُوْفًا (وَقَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ: أَهْلُ الْجَنَّةِ) فَيَمُرُّ الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ عَلَى الرَّجُلِ، فَيَقُوْلُ: يَا فُلَانُ، أَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ اسْتَسْقَيْتَ فَسَقَيْتُکَ شَرْبَةً؟ قَالَ: فَيَشْفَعُ لَهُ، وَيَمُرُّ الرَّجُلُ، فَيَقُوْلُ: أَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ نَاوَلْتُکَ طَهُوْرًا؟ فَيَشْفَعُ لَهُ، وَيَقُوْلُ: يَا فُلَانُ، أَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ بَعَثْتَنِي فِي حَاجَةِ كَذَا وَكَذَا؟ فَذَهَبْتُ لَکَ، فَيَشْفَعُ لَهُ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَبُوْيَعْلَى.

"حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن لوگ صفیں بنائیں گے (ابن نمیر نے کہا یعنی کہ اہلِ جنت) تو دوزخیوں میں سے ایک شخص جنتیوں میں سے ایک شخص کے پاس سے گزرے گا اور کہے گا: اے فلاں! تجھے یاد ہے کہ ایک دن تو نے پانی مانگا تھا اور میں نے تجھے پانی پلایا تھا؟ راوی فرماتے ہیں: پس وہ جنتی اس دوزخی کے لئے شفاعت کرے گا۔ ایک اور آدمی دوسرے آدمی کے پاس سے گزرے گا تو کہے گا: تجھے یاد ہے کہ میں نے ایک دن تجھے طہارت کے لئے پانی دیا تھا؟ چنانچہ وہ اس کے لئے شفاعت کرے گا۔ ایک اور آدمی کہے گا: اے فلاں: تجھے یاد ہے کہ ایک دن تو نے مجھے اس اس کام کے لئے بھیجا تھا چنانچہ میں تیری خاطر چلا گیا تھا؟ پس وہ اس کی شفاعت

الحديث رقم ٨٠: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الأدب، باب: فضل صدقة الماء، ٢/١٢١٥، الرقم: ٣٦٨٥، وأبو يعلى فى المسند، ٧/٧٨، الرقم: ٤٠٠٦، والطبراني فى المعجم الأوسط، ٦/٣١٧، الرقم: ٦٥١١، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ٢/٣٩، الرقم: ١٤١٥، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ١٠/٣٨٢، والقرطبي فى الجامع لأحكام القرآن، ٣/٢٧٥۔

Marfat.com

کرے گا۔'' اسے امام ابن ماجہ اور ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

٩٧٧ / ٨١۔ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا خَلَّصَ اللهُ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ النَّارِ، وَأَمِنُوْا فَمَا مُجَادَلَةُ أَحَدِكُمْ لِصَاحِبِهِ فِي الْحَقِّ يَكُوْنُ لَهُ فِي الدُّنْيَا أَشَدَّ مُجَادَلَةً مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لِرَبِّهِمْ فِي إِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ أُدْخِلُوْا النَّارَ، قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا، إِخْوَانُنَا، كَانُوْا يُصَلُّوْنَ مَعَنَا وَيَصُوْمُوْنَ مَعَنَا، وَيَحُجُّوْنَ مَعَنَا، فَأَدْخَلْتَهُمُ النَّارَ، فَيَقُوْلُ: اذْهَبُوْا فَأَخْرِجُوْا مَنْ عَرَفْتُمْ مِنْهُمْ، فَيَأْتُوْنَهُمْ فَيَعْرِفُوْنَهُمْ بِصُوَرِهِمْ، لَا تَأْكُلُ النَّارُ صُوَرَهُمْ، فَمِنْهُمْ مَنْ أَخَذَتْهُ النَّارُ إِلَى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ أَخَذَتْهُ إِلَى كَعْبَيْهِ، فَيُخْرِجُوْنَهُمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا، أَخْرَجْنَا مَنْ قَدْ أَمَرْتَنَا، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَخْرِجُوْا مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ وَزْنُ دِيْنَارٍ مِنَ الإِيْمَانِ، ثُمَّ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ وَزْنُ نِصْفِ دِيْنَارٍ، ثُمَّ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ.

قَالَ أَبُوْسَعِيْدٍ: فَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْ هَذَا، فَلْيَقْرَأْ: ﴿إِنَّ اللهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَإِنْ تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ أَجْرًا عَظِيْمًا﴾ [النساء، ٤: ٤٠]. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ایمان والوں کو نجات عطا فرمائے گا اور وہ دوزخ سے محفوظ ہو جائیں گے تو وہ اپنے ان ساتھیوں کے لیے جو دوزخ میں ہیں خدا سے اس شخص سے بھی زیادہ بحث کریں گے جو دنیا میں اپنے ساتھی کے لیے اس کے حق پر جھگڑتا ہے۔ وہ کہیں گے: اے ہمارے پروردگار! یہ ہمارے بھائی ہیں ہمارے ساتھ نمازیں پڑھا کرتے تھے، ہمارے ساتھ

الحديث رقم ٨١: أخرجه ابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: في الإيمان، ١ / ٢٣، الرقم: ٦٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣ / ٩٤، الرقم: ١١٧، وابن راشد في الجامع، ١١ / ٤٠٩، والمروزي في تعظيم قدر الصلاة، ١ / ٢٩٤.

Marfat.com

روزے رکھتے تھے اور ہمارے ساتھ حج کیا کرتے تھے تو نے انہیں دوزخ میں داخل کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: جاؤ تم جن لوگوں کو جانتے ہو انہیں دوزخ سے نکال لو، وہ آئیں گے اور ان کے چہرے پہچانیں گے، ان کے چہروں کو آگ نے نہ جلایا ہوگا، بعض کو آدھی پنڈلیوں تک آگ نے جلا دیا ہوگا اور بعض کو ان کے ٹخنوں تک۔ وہ انہیں نکال لائیں گے اور عرض گزار ہوں گے: اے خداوند! جن کے بارے میں تو نے ہمیں حکم دیا تھا ہم نے انہیں نکال لیا ہے۔ پھر حکم ہوگا جس کے دل میں دینار کے برابر بھی ایمان ہو اسے نکال لاؤ۔ پھر حکم ہوگا جس کے دل میں نصف دینار کے برابر بھی ایمان ہو اسے بھی نکال لاؤ پھر حکم ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان ہو اسے بھی نکال لاؤ۔

حضرت ابو سعید خدری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ جسے یقین نہ آتا ہو وہ یہ آیت پڑھے:
''بیشک اللہ تعالیٰ ذرّہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا، اور اگر کوئی نیکی ہو تو اسے دوگنا کر دیتا ہے۔''
[النساء، ٤: ٤٠]۔ اسے امام ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٩٧٨/٨٢۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَمَّا أَهْلُ النَّارِ الَّذِيْنَ هُمْ أَهْلُهَا لَا يَمُوْتُوْنَ وَلَا يَحْيَوْنَ وَأَمَّا أُنَاسٌ يُرِيْدُ اللهُ بِهِمُ الرَّحْمَةَ فَيُمِيْتُهُمْ فِي النَّارِ. فَيَدْخُلُ عَلَيْهِمُ الشُّفَعَاءُ، فَيَأْخُذُ الرَّجُلُ أَنْصَارَهُ. فَيَبُثُّهُمْ أَوْ قَالَ: فَيَنْبُتُوْنَ عَلَى نَهَرِ الْحَيَاةِ، أَوْ قَالَ: اَلْحَيَوَانِ، أَوْ قَالَ: اَلْحَيَاةِ، أَو قَالَ: نَهَرِ الْجَنَّةِ، فَيَنْبُتُوْنَ نَبَاتَ الْحِبَّةِ فِي حَمِيْلِ السَّيْلِ، قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَمَا تَرَوْنَ الشَّجَرَةَ تَكُوْنُ خَضْرَاءَ ثُمَّ تَكُوْنُ صَفْرَاءَ، أَوْ قَالَ: تَكُوْنُ صَفْرَاءَ ثُمَّ تَكُوْنُ خَضْرَاءَ؟ قَالَ: فَقَالَ بَعْضُهُمْ: كَأَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ بِالْبَادِيَةِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت ابو سعید ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اہلِ جہنم میں سے جو اس کے مستحق ہوں گے وہ نہ اس میں مریں گے اور نہ جی پائیں گے، اور جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے نوازنا چاہے گا انہیں جہنم میں موت دے دے گا۔ پس شفاعت کرنے

الحديث رقم ٨٢: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٥، الرقم: ١١٠١٦، إسناده صحيح على شرط مسلم، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٢٧٤، الرقم: ٨٦٥.

Marfat.com

والے ان کے پاس جائیں گے تو انسان اپنے مددگاروں کو بلائے گا۔ پس وہ ان کو بکھیر دے گا یا فرمایا: وہ جنت کی نہرِ حیات میں (نہا کر دوبارہ) اگیں گے، پس وہ (اس میں سے) ایسے نکلیں گے جیسے سیلابی جگہ سے سرسبز دانہ نکلتا ہے۔ فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم درخت کو نہیں دیکھتے کہ سبز ہوتا ہے پھر زرد ہوتا ہے، یا فرمایا: زرد ہوتا ہے پھر سبز ہوتا ہے؟ ان میں سے بعض نے کہا گویا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کسی دیہات میں تھے (اور درخت کو دیکھ دیکھ کر اس کی صفات بیان کر رہے تھے)۔'' اسے امام احمد نے روایت کیا ہے۔

٨٣/٩٧٩۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: يُعْرَضُ النَّاسُ عَلَى جِسْرِ جَهَنَّمَ، وَعَلَيْهِ حَسَكٌ وَكَلَالِيْبُ وَخَطَاطِيْفُ تَخْطَفُ النَّاسَ. قَالَ: فَيَمُرُّ النَّاسُ مِثْلَ الْبَرْقِ، وَآخَرُوْنَ مِثْلَ الرِّيْحِ، وَآخَرُوْنَ مِثْلَ الْفَرَسِ الْمُجِدِّ، وَآخَرُوْنَ يَسْعَوْنَ سَعْيًا، وَآخَرُوْنَ يَمْشُوْنَ مَشْيًا، وَآخَرُوْنَ يَحْبُوْنَ حَبْوًا وَآخَرُوْنَ يَزْحَفُوْنَ زَحْفًا. فَأَمَّا أَهْلُ النَّارِ فَلَا يَمُوْتُوْنَ وَلَا يَحْيَوْنَ، وَأَمَّا نَاسٌ فَيُؤْخَذُوْنَ بِذُنُوْبِهِمْ فَيُحْرَقُوْنَ، فَيَكُوْنُوْنَ فَحْمًا، ثُمَّ يَأْذَنُ اللهُ فِي الشَّفَاعَةِ، فَيُؤْجَدُوْنَ ضِبَارَاتٍ ضِبَارَاتٍ، فَيُقْذَفُوْنَ عَلَى نَهَرٍ، فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي حَمِيْلِ السَّيْلِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ فرماتے ہیں کہ جہنم کے پل پر لوگوں کو ڈالا جائے گا، اس پر کانٹے اور نوکیلے منہ والے لوہے کے ٹکڑے پڑے ہوں گے جو لوگوں کو اچکیں گے۔ فرماتے ہیں کہ بعض لوگ بجلی کی طرح اس سے گزریں گے، بعض ہوا کی طرح، بعض عالی نسل تیز رفتار گھوڑے کی طرح، بعض دوڑتے ہوئے، بعض چلتے ہوئے، بعض سرین کے بل گھسٹتے

الحديث رقم ٨٣: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٢٥، الرقم: ١١٢٠٠، إسناده صحيح على شرط مسلم، والنسائي فى السنن الكبرى، ٦/٤٠٦، الرقم: ١١٣٢٧، وابن حبان فى الصحيح، ١٦/٣٨٤، الرقم: ٧٣٧٩، والحكم فى المستدرك، ٤/٦٢٧، الرقم: ٨٧٣٧، وأبويعلى فى المسند، ٢/٤٤٦، الرقم: ١٢٥٣۔

Marfat.com

ہوئے اور بعض رینگتے ہوئے گزریں گے۔ پس اہلِ جہنم نہ اس میں مریں گے اور نہ جییں گے اور وہ لوگ جنہیں ان کے گناہوں کے سبب پکڑا جائے گا جب انہیں جلایا جائے گا تو وہ کوئلہ ہو جائیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ شفاعت کا اذن دے گا تو انہیں جماعتوں کی شکل میں لا کر نہر (حیات) پر ڈال دیا جائے گا۔ پس وہ (اس میں سے) ایسے تروتازہ نکلیں گے جیسے سیلابی جگہ سے سرسبز وشاداب دانہ نکلتا ہے۔''

اسے امام احمد، نسائی، ابن حبان، حاکم اور ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

۹۸۰/۸٤۔ عَنْ جَابِرٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا مُيِّزَ أَهْلُ الْجَنَّةِ وَأَهْلُ النَّارِ، فَدَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ. قَامَتِ الرُّسُلُ فَشَفَعُوْا، فَيَقُوْلُ: انْطَلِقُوْا أَوِ اذْهَبُوْا، فَمَنْ عَرَفْتُمْ فَأَخْرِجُوْهُ، فَيُخْرِجُوْنَهُمْ قَدِ امْتُحِشُوْا، فَيُلْقُوْنَهُمْ فِي نَهَرٍ أَوْ عَلَى نَهَرٍ. يُقَالُ لَهُ: اَلْحَيَاةُ. قَالَ: فَتَسْقُطُ مَحَاشُّهُمْ عَلَى حَافَةِ النَّهَرِ، وَيَخْرُجُوْنَ بِيْضًا مِثْلَ الثَّعَارِيْرِ، ثُمَّ يَشْفَعُوْنَ، فَيَقُوْلُ: اذْهَبُوْا أَوِ انْطَلِقُوْا، فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ قِيْرَاطٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجُوْهُمْ، قَالَ: فَيُخْرِجُوْنَ بَشَرًا، ثُمَّ يَشْفَعُوْنَ، فَيَقُوْلُ: اذْهَبُوْا أَوِ انْطَلِقُوْا، فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجُوْهُ، ثُمَّ يَقُوْلُ اللهُ ﷻ: أَنَا الْآنَ أُخْرِجُ بِعِلْمِي وَرَحْمَتِي، قَالَ: فَيُخْرِجُ أَضْعَافَ مَا أَخْرَجُوْا، وَأَضْعَافَهُ، فَيُكْتَبُ فِي رِقَابِهِمْ عُتَقَاءُ اللهِ ﷻ، ثُمَّ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ، فَيُسَمَّوْنَ فِيْهَا الْجَهَنَّمِيِّيْنَ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَإِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

حضرت جابر ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب جنتی اور جہنمی لوگوں میں امتیاز ہو جائے گا اور جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں داخل ہو جائیں

الحديث رقم ٨٤: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٣٢٥، الرقم: ١٤٤٩١، وابن حبان فی الصحيح، ١/٤١٠، الرقم: ١٨٣، وابن جعد فی المسند، ١/٣٨٦، الرقم: ٢٦٤٣، وابن كثير فی البداية والنهاية، ١٠:٤٥٢.

Marfat.com

گے۔ اس کے بعد رسلِ عظام کھڑے ہو کر شفاعت فرمائیں گے۔ (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا: جاؤ اور جس جسے تم پہچانتے ہو اسے جہنم سے نکال لاؤ تو وہ ایسے لوگوں کو نکال لائیں گے جو جل کر کوئلے کی طرح ہو چکے ہوں گے۔ پھر انہیں آبِ حیات کے دریا میں ڈال دیا جائے گا۔ پھر فرمایا: پس ان کے جلے ہوئے جسموں کو دریا کے کنارے میں ڈال دیا جائے گا۔ جس کے بعد وہ سفید ککڑیوں کی طرح سفید تر وتازہ ہو کر نکلیں گے۔ پھر اس کے بعد وہ دوبارہ شفاعت فرمائیں گے تو (اللہ تعالیٰ انہیں) فرمائے گا: پس جاؤ جس کے دل میں رتی بھر ایمان پاؤ تو اسے بھی جہنم سے نکال لاؤ تو وہ جلدی سے نکال لائیں گے۔ پھر وہ شفاعت کریں گے تو اللہ تعالیٰ انہیں فرمائے گا: جاؤ جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر ایمان پاؤ تو اسے بھی نکال لاؤ (وہ مزید لوگوں کو نکال لائیں گے) پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اب میں اپنے علم اور رحمت سے نکالتا ہوں۔ پس اللہ تعالیٰ جتنے لوگ انہوں نے نکالے ہوں گے اس سے کئی گنا زیادہ لوگوں کو نکال لے گا اور (پھر) اس سے بھی زیادہ، تو ان کی گردنوں پر لکھ دیا جائے گا "عتقاء اللہ" (یعنی اللہ تعالیٰ کے آزاد کردہ لوگ)۔ پھر وہ جنت میں داخل ہو جائیں گے اور انہیں جہنمیوں کے نام سے پکارا جائے گا۔"

اسے امام احمد اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔ نیز اس کی اسناد مسلم کی شرائط پر صحیح اور رجال ثقات ہیں۔

٩٨١/٨٥۔ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: يُحْمَلُ النَّاسُ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَتَقَادَعُ بِهِمْ جَنَبَةُ الصِّرَاطِ تَقَادُعَ الْفَرَاشِ فِي النَّارِ، قَالَ: فَيُنْجِي اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ. قَالَ: ثُمَّ يُؤْذَنُ لِلْمَلَائِكَةِ وَالنَّبِيِّيْنَ وَالشُّهَدَاءِ أَنْ يَشْفَعُوْا، فَيَشْفَعُوْنَ وَيُخْرِجُوْنَ، وَيَشْفَعُوْنَ وَيُخْرِجُوْنَ، وَيَشْفَعُوْنَ وَيُخْرِجُوْنَ، وَزَادَ عَفَّانُ مَرَّةً، فَقَالَ أَيْضًا: وَيَشْفَعُوْنَ

الحديث رقم ٨٥: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٤٣، الرقم: ٢٠٤٤٠، وإسناده حسن، والبزار فى المسند، ٩/١٢٣، الرقم: ٣٦٧١، والطبراني فى المعجم الصغير، ٢/١٤٢، الرقم: ٩٢٩، وابن أبي عاصم فى السنة، ٢/٤٠٣، الرقم: ٨٣٧، وإسناده حسن، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ١٠/٣٥٩، وقال: رجاله رجال الصحيح، وابن كثير فى البداية والنهاية، ١٠/٤٧٠۔

Marfat.com

وَيُخْرِجُوْنَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مَا يَزِنُ ذَرَّةً مِنْ إِيْمَانٍ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَزَّارُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَإِسْنَادُهُ حَسَنٌ وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: رِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

''حضرت ابوبکرہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن لوگ پل صراط پر چلیں گے تو پل صراط کا کنارہ ان کو پتنگوں کے آگ میں گرنے کی طرح اس میں گرائے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے جسے چاہے گا نجات دے گا۔ پھر فرشتوں، انبیاء کرام علیہم السلام، اور شہداء کو اجازت دی جائے گی کہ وہ شفاعت کریں۔ پس وہ شفاعت کریں گے اور (دوزخیوں) کو نکالیں گے، پھر وہ شفاعت کریں گے اور (دوزخیوں) کو نکالیں گے، پھر وہ شفاعت کریں گے اور (دوزخیوں) کو نکالیں گے۔ راوی عفان نے اس میں ایک مرتبہ اور کا اضافہ کیا ہے کہ پھر وہ شفاعت کریں گے اور جس کے دل میں ذرّہ برابر بھی ایمان ہوگا اسے بھی (دوزخ سے) نکال لیں گے۔''

اسے امام احمد، بزار اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔ نیز اس کی اسناد حسن ہیں اور امام ہیثمی نے فرمایا کہ اس کے رجال صحیح حدیث کے رجال ہیں۔

٩٨٢/٨٦۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ﷺ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ لَيْسَ بِنَبِيٍّ، مِثْلُ الْحَيَّيْنِ أَوْ مِثْلُ أَحَدِ الْحَيَّيْنِ: رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوامامہ ﷺ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ایک شخص جو کہ نبی بھی نہیں ہوگا اس کی شفاعت کے سبب سے دو قبیلوں ربیعہ اور مضر یا ان دونوں میں سے ایک کے برابر لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔''

اسے امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٨٦: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٢٥٧، الرقم: ٢٢٢١٥، والطبراني فى المعجم الكبير، ٨/١٤٣، الرقم: ٧٦٣٨، وفى مسند الشاميين، ٢/١٤٧، الرقم: ١٠٧٩، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ١٠/٣٨١، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٤/٢٤٨.

Marfat.com

٩٨٣/٨٧۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ مِنْ أُمَّتِي لَيَشْفَعُ لِلْفِئَامِ مِنَ النَّاسِ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَشْفَعُ لِلْقَبِيْلَةِ مِنَ النَّاسِ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَشْفَعُ لِلرَّجُلِ وَأَهْلِ بَيْتِهِ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میرا ایک اُمتی ایک گروہ کی شفاعت کرے گا تو وہ اس کی شفاعت کے سبب سے جنت میں داخل ہوں گے۔ بے شک ایک شخص کسی قبیلہ کی شفاعت کرے گا تو وہ اس کی شفاعت کے سبب سے جنت میں داخل ہوں گے اور بے شک ایک شخص کسی ایک شخص کی اور اپنے گھر والوں کی شفاعت کرے گا تو وہ اس کی شفاعت کے سبب سے جنت میں داخل ہوں گے۔''

اسے امام احمد نے روایت کیا ہے۔

٩٨٤/٨٨۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَيَتَحَمَّدَنَّ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى أُنَاسٍ مَا عَمِلُوْا مِنْ خَيْرٍ قَطُّ. فَيُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ بَعْدَ مَا احْتَرَقُوْا فَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِهِ بَعْدَ شَفَاعَةِ مَنْ يَشْفَعُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان لوگوں کے بارے میں احسان جتائے گا جنہوں نے (دنیا میں) کبھی کوئی بھلائی نہیں کی ہوگی۔ پس وہ انہیں دوزخ میں جل جانے کے بعد وہاں سے نکال لے گا اور پھر وہ انہیں اپنی رحمت سے جنت میں داخل فرما دے گا (یہ سارا عمل) شفاعت کرنے والوں کی شفاعت کے بعد ہوگا۔'' اسے امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٨٧: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٦٣، الرقم: ١١٦٠٥.
الحديث رقم ٨٨: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند،٢/٤٠٠، الرقم: ٩٢٠١، والطبراني فى المعجم الأوسط، ٥/٣٤٦، الرقم: ٥٥٠٦، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ١٠/٣٨٣.

Marfat.com

٨٩/٩٨٥۔ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ ﷺ قَالَ: قَامَ كَعْبٌ ﷺ فَأَخَذَ بِحُجْزَةِ الْعَبَّاسِ ﷺ وَقَالَ: أَدَّخِرُهَا عِنْدَكَ لِلشَّفَاعَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ الْعَبَّاسُ: وَلِي الشَّفَاعَةُ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ نَبِيٍّ يُسْلِمُ إِلَّا كَانَتْ لَهُ شَفَاعَةٌ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُونُعَيْمٍ.

''حضرت عطیہ عوفی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت کعب ﷺ کھڑے ہوئے اور انہوں نے حضرت عباس ﷺ کا دامن پکڑا اور عرض کرنے لگے: میں آپ کے اس دامن کو قیامت کے دن اپنے لئے ذریعۂ شفاعت بناتا ہوں۔ حضرت عباس ﷺ نے فرمایا: کیا میرے لئے شفاعت ہو گی؟ انہوں نے کہا: ہاں! حضور نبی اکرم ﷺ کے اہلِ بیت میں سے جس کسی نے بھی اسلام قبول کیا ہے اسے حقِ شفاعت حاصل ہو گا۔''

اسے امام احمد اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

٩٠/٩٨٦۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: سَلَكَ رَجُلَانِ مَفَازَةً، أَحَدُهُمَا عَابِدٌ وَالْآخَرُ بِهِ رَهَقٌ، فَعَطِشَ الْعَابِدُ حَتَّى سَقَطَ. فَجَعَلَ صَاحِبُهُ يَنْظُرُ إِلَيْهِ وَمَعَهُ مِيْضَأَةٌ فِيْهَا شَيْءٌ مِنْ مَاءٍ، فَجَعَلَ يَنْظُرُ إِلَيْهِ وَهُوَ صَرِيْعٌ. فَقَالَ: وَاللهِ، لَإِنْ مَاتَ هَذَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ عَطَشًا وَمَعِيَ مَاءٌ، لَا أُصِيْبُ مِنَ اللهِ خَيْرًا أَبَدًا. وَإِنْ سَقَيْتُهُ مَائِي لَأَمُوْتَنَّ فَتَوَكَّلَ عَلَى اللهِ ﷻ، وَعَزَمَ وَرَشَّ عَلَيْهِ مِنْ مَائِهِ وَسَقَاهُ مِنْ فَضْلِهِ. قَالَ: فَقَامَ حَتَّى قَطَعَا الْمَفَازَةَ. قَالَ: فَيُوْقَفُ الَّذِي بِهِ رَهَقٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِلْحِسَابِ، فَيُؤْمَرُ بِهِ إِلَى النَّارِ، فَتَسُوْقُهُ الْمَلَائِكَةُ، فَيَرَى الْعَابِدَ، فَيَقُوْلُ: يَا فُلَانُ، أَمَا

الحديث رقم ٨٩: أخرجه أحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ٢/٩٤٤، الرقم: ١٨٢٤، وأبونعيم فى حلية الأولياء، ٦/٤٢۔

الحديث رقم ٩٠: أخرجه أبو يعلى فى المسند، ٧/٢١٥، الرقم: ٤٢١٢، والطبراني فى المعجم الأوسط، ٣/٤، الرقم: ٢٩٠٦، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ٢/٣٨، الرقم: ١٤١٤، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ٣/١٣٢، ١٠/٣٨٢۔

Marfat.com

تَعْرِفُنِي؟ قَالَ: يَقُوْلُ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا فُلَانٌ الَّذِي آثَرْتُکَ عَلَى نَفْسِي يَوْمَ الْمَفَازَةِ. قَالَ: يَقُوْلُ: بَلَى، أَعْرِفُکَ، قَالَ: فَيَقُوْلُ لِلْمَلَائِکَةِ: قِفُوْا، قَالَ: فَيُوْقَفُ وَيَجِيءُ حَتَّى يَقِفَ وَيَدْعُوَ رَبَّهُ يَقُوْلُ: يَا رَبِّ، قَدْ تَعْرِفُ يَدَهُ عِنْدِي، وَکَيْفَ آثَرَنِي عَلَى نَفْسِهِ؟ يَا رَبِّ، هَبْهُ لِي. فَيَقُوْلُ: هُوَ لَکَ. قَالَ: وَيَجِيءُ فَيَأْخُذُ بِيَدِهِ فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ. قَالَ الصَّلْتُ: قَالَ جَعْفَرٌ: قُلْتُ: حَدَّثَکَ أَنَسٌ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ ؟ قَالَ: نَعَمْ.

رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت انس ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دو شخص کسی بیابان میں سے گزرے جن میں سے ایک عبادت گزار تھا اور دوسرا گناہ گار تھا۔ جب عبادت گزار (کے پاس پانی ختم ہوگیا) اور وہ پیاس کی شدت کی تاب نہ لا کر راستے میں گر گیا تو اس کا ساتھی اس کی طرف دیکھنے لگا اور اس کے پاس برتن میں ابھی کچھ پانی تھا۔ اس (گناہ گار) نے (بے دم ہو کر) پیاس سے چلاتے ہوئے اس ساتھی کو دیکھ کر کہا: اللہ رب العزت کی قسم! اگر یہ صالح بندہ میرے پاس پانی ہونے کے باوجود پیاس سے فوت ہو گیا تو میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے کبھی بھی بھلائی نہیں پا سکوں گا اور اگر میں نے اسے اپنا پانی پلایا تو یقیناً میں مر جاؤں گا۔ پس اس نے اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے پختہ ارادہ کر کے اس پر پانی بہایا اور اس سے کچھ بچا ہوا پانی اسے پلا دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس پر وہ اٹھ کھڑا ہوا یہاں تک کہ ان دونوں نے صحرا عبور کر لیا۔ فرمایا: قیامت کے دن اس گناہگار کو حساب کے لئے کھڑا کیا جائے گا تو (اس کے گناہوں کے سبب) اسے جہنم میں بھیجنے کا حکم دیدیا جائے گا۔ پس فرشتے اسے لے کر جا رہے ہوں گے تو وہ اسی عبادت گزار شخص کو دیکھ کر کہے گا: اے فلاں! کیا تو مجھے پہچانتا ہے؟ فرمایا: وہ پوچھے گا: تو کون ہے؟ وہ کہے گا: میں وہی فلاں شخص ہوں جس نے بیابان میں اپنی جان پر تجھے ترجیح دی تھی۔ وہ کہے گا: کیوں نہیں! میں تجھے پہچانتا ہوں۔ فرمایا: پس وہ فرشتوں سے کہے گا: رک جاؤ۔ تو اسے روک دیا جائے گا اور وہ (صالح بندہ) اپنے رب کے حضور حاضر ہو کر عرض کرے گا: اے رب! تو میری نسبت اس کا حال پہچانتا ہے کہ کیسے اس

Marfat.com

نے اپنی جان پر مجھے ترجیح دی تھی؟ اے رب! تو اس شخص کو میرے اختیار میں دیدے۔ پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا: وہ تیرے اختیار میں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ شخص آئے گا اور اسے ہاتھ سے پکڑ کر جنت میں لے جائے گا۔'' صلت راوی کہتے ہیں کہ میں نے جعفر سے کہا: کیا حضرت انس ﷺ نے اسے حضور ﷺ سے روایت کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: ہاں۔''

اس حدیث کو امام ابویعلی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۹۸۷ / ۹۱۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ لَيُشْرِفُ عَلَى أَهْلِ النَّارِ فَيُنَادِيْهِ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ النَّارِ: يَا فُلَانُ، أَمَا تَعْرِفُنِي؟ قَالَ: وَاللهِ، مَا أَعْرِفُکَ، مَنْ أَنْتَ وَيْحَکَ؟ قَالَ: أَنَا الَّذِي مَرَرْتَ بِي فِي الدُّنْيَا فَاسْتَسْقَيْتَنِي شَرْبَةَ مَاءٍ فَسَقَيْتُکَ، فَاشْفَعْ لِي بِهَا عِنْدَ رَبِّکَ. قَالَ: فَدَخَلَ ذَلِکَ الرَّجُلُ عَلَى اللهِ فِي زُوَّرِهِ، فَقَالَ: يَا رَبِّ، إِنِّي أَشْرَفْتُ عَلَى أَهْلِ النَّارِ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَنَادَى: يَا فُلَانُ، أَمَا تَعْرِفُنِي؟ فَقُلْتُ: لَا وَاللهِ مَا أَعْرِفُکَ، وَمَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا الَّذِي مَرَرْتَ بِي فِي الدُّنْيَا فَاسْتَسْقَيْتَنِي فَسَقَيْتُکَ، فَاشْفَعْ لِي بِهَا عِنْدَ رَبِّکَ، يَا رَبِّ، فَشَفِّعْنِي فِيْهِ، قَالَ: فَيُشَفِّعُهُ اللهُ فِيْهِ. وَأَخْرَجَهُ مِنَ النَّارِ.

رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى.

''حضرت انس ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اہلِ جنت میں سے ایک شخص دوزخیوں کو نیچے جھانک کر دیکھے گا تو ان میں سے ایک شخص اسے بلا کر کہے گا: اے فلاں! کیا تو مجھے پہچانتا ہے؟ وہ کہے گا: اللہ کی قسم! میں تجھے نہیں پہچانتا تمہارا بھلا ہو تم کون ہو؟ وہ کہے گا: میں وہی ہوں، دنیا میں تم میرے پاس گزرے تھے تو تم نے مجھ سے پانی

الحديث رقم ۹۱: أخرجه أبويعلى فى المسند، ۶ / ۲۱۰، الرقم: ۳۴۹۰، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ۲ / ۳۹، الرقم: ۱۴۱۵، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ۱۰ / ۳۸۲، وابن كثير فى البداية والنهاية، ۱۰ / ۴۷۱.

Marfat.com

مانگا تھا اور میں نے تمہیں پانی پلایا تھا۔ پس اپنے رب کے ہاں اس (نیک) عمل کے سبب میری شفاعت کریں۔ راوی فرماتے ہیں: وہ شخص اللہ تعالیٰ کی زیارت کرنے والوں میں جا کر عرض کرے گا: اے رب! میں جہنم والوں کے پاس گیا تو ان میں سے ایک شخص نے مجھے بلا کر کہا: اے فلاں! کیا تو مجھے پہچانتا ہے؟ تو میں نے کہا: نہیں، بخدا! میں تجھے نہیں پہچانتا کہ تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں وہی ہوں کہ تو نے دنیا میں میرے پاس سے گزرنے پر مجھ سے پانی مانگا تھا سو میں نے تجھے پانی پلایا تھا۔ پس اپنے رب کے ہاں اس (نیک) عمل کے سبب میری شفاعت کرو۔ اے رب! اب تو میری شفاعت اس کے حق میں قبول فرما، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس کے حق میں اس کی شفاعت قبول فرمائے گا اور اسے دوزخ سے نکال لے گا۔'' اسے امام ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

٩٨٨ / ٩٢۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: يَقُوْلُ النَّبِيُّ ﷺ: يُقَالُ لِلرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: قُمْ فَاشْفَعْ، فَيَشْفَعُ لِقَبِيْلَتِهِ. فَيُقَالُ لِلْآخَرِ: قُمْ فَاشْفَعْ، فَيَشْفَعُ لِأَهْلِ الْبَيْتِ. فَيُقَالُ لِلْآخَرِ: قُمْ فَاشْفَعْ، فَيَشْفَعُ لِلرَّجُلِ وَالرَّجُلَيْنِ عَلَى قَدْرِ عَمَلِهِ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن کسی شخص کو کہا جائے گا: اٹھو، شفاعت کرو تو وہ اپنے قبیلہ کی شفاعت کرے گا۔ پھر کسی دوسرے سے کہا جائے گا: اٹھو، شفاعت کرو تو وہ اپنے گھر والوں کی شفاعت کرے گا۔ پھر کسی اور سے کہا جائے گا: اٹھو، شفاعت کرو تو وہ اپنے عمل کے موافق ایک یا دو شخص کی شفاعت کرے گا۔'' اسے امام ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٩٢: أخرجه أبو نعيم فى حلية الأولياء، ٧/١٠٥، وابن كثير فى البداية والنهاية، ١٠/٤٦٨.

أخرج ابن كثير فى نهاية بداية النهاية، ١٠/٤٦٧، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: يَقُوْلُ الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: يَارَبِّ! إِنَّ فُلَانًا سَقَانِي شَرْبَةً مِنْ مَاءٍ فِى الدُّنْيَا، فَشَفِّعْنِي فِيْهِ. فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: إِذْهَبْ فَأَخْرِجْهُ مِنَ النَّارِ، فَيَذْهَبُ فَيَتَحَسَّسُ فِى النَّارِ حَتّٰى يُخْرِجَهُ مِنْهَا.

Marfat.com

٩٨٩ / ٩٣۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ جَمَعَ اللهُ أَهْلَ الْجَنَّةِ صُفُوْفًا، فَإِذَا أَهْلُ النَّارِ صُفُوْفًا فَيَنْظُرُ الرَّجُلُ مِنْ صُفُوْفِ أَهْلِ النَّارِ إِلَى الرَّجُلِ مِنْ صُفُوْفِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيَقُوْلُ لَهُ: يَا فُلَانُ، أَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ اصْطَنَعْتُ إِلَيْکَ فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا؟ قَالَ: فَيَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ، إِنَّ هَذَا اصْطَنَعَ لِي فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا، فَيُقَالُ لَهُ: خُذْ بِيَدِهِ، فَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ بِرَحْمَةِ اللهِ. قَالَ أَنَسٌ ﷺ: أَشْهَدُ أَنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُهُ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ اہلِ جنت کی صفیں بنائے گا تو دوزخیوں کی بھی صفیں بنی ہوں گی۔ پس اہلِ جہنم کی صفوں میں سے ایک شخص اہلِ جنت کی صفوں میں ایک شخص کو دیکھ کر کہے گا: اے فلاں! تو یاد کر ایک دن میں نے دنیا میں تیرے ساتھ نیکی کی تھی؟ فرماتے ہیں: پس وہ (جنتی) عرض کرے گا: اے اللہ! بے شک اس نے دنیا میں میرے ساتھ نیکی کی تھی تو اسے کہا جائے گا: اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے جنت میں داخل کر دو۔ حضرت انس ﷺ فرماتے ہیں: میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔'' اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

٩٩٠ / ٩٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ قَوْمٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، قَدْ عُذِّبُوْا فِي النَّارِ بِرَحْمَةِ اللهِ وَشَفَاعَةِ الشَّافِعِيْنَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ٩٣: أخرجه البيهقي فى شعب الإيمان، ٦/١٢٥، الرقم: ٧٦٨٧، والخطيب البغدادي فى تاريخ بغداد، ٤/٣٣٢، الرقم: ٢١٥٢، وابن كثير فى البداية والنهاية، ١٠/٤٧١۔

الحديث رقم ٩٤: أخرجه الطبراني فى المعجم الكبير، ١٠/٢١٤، الرقم: ١٠٥٠٩، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ١٠/٣٧٩۔

Marfat.com

''حضرت عبداللہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مسلمانوں کی ایک قوم جنہیں دوزخ میں عذاب دیا گیا ہوگا اللہ تعالیٰ کی رحمت اور شفاعت کرنے والوں کی شفاعت سے ضرور جنت میں داخل ہوگی۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٩٩١/٩٥. عَنْ جَابِرٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَفْتَقِدُ أَهْلُ الْجَنَّةِ نَاسًا يَعْرِفُوْنَهُمْ فِي الدُّنْيَا، فَيَأْتُوْنَ الْأَنْبِيَاءَ فَيَذْكُرُوْنَهُمْ فَيَشْفَعُوْنَ فِيْهِمْ فَيُشَفَّعُوْنَ. فَيُقَالُ لَهُمْ: اَلطُّلَقَاءُ، وَكُلُّهُمْ طُلَقَاءُ، يُصَبُّ عَلَيْهِمْ مَاءُ الْحَيَاةِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَإِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

''حضرت جابر ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اہلِ جنت ان لوگوں کو جنہیں دنیا میں پہچانتے تھے جنت میں نہیں دیکھیں گے تو انبیاء کرام علیہم السلام کے پاس آکر ان کے بارے میں عرض کریں گے۔ (جب انہیں علم ہوگا کہ وہ دوزخ میں ہیں) تو وہ ان کی شفاعت کریں گے۔ ان کی شفاعت قبول کی جائے گی۔ لہٰذا اُنہیں (اس شفاعت کے سبب جنت میں ان داخل ہونے والوں کو) ''آزاد کردہ لوگ'' کے نام سے پکارا جائے گا اور وہ سارے آزاد ہو جائیں گے۔ پھر ان پر آبِ حیات انڈیلا جائے گا۔''

اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کی سند حسن ہے۔

٩٩٢/٩٦. عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِي أَكْثَرُ مِنْ عَدَدِ مُضَرَ، وَيَشْفَعُ الرَّجُلُ فِي أَهْلِ بَيْتِهِ، وَيَشْفَعُ عَلَى قَدْرِ عَمَلِهِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوامامہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے ایک

الحديث رقم ٩٥: أخرجه الطبراني فى المعجم الأوسط، ٣/٢٤٣، الرقم: ٣٠٤٤، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ١٠/٣٧٩، وقال: إسناده حسن، والهندي فى كنزالعمال، ١٤/٤١٤، الرقم: ٣٩١١٦.

الحديث رقم ٩٦: أخرجه الطبراني فى المعجم الكبير، ٨/٢٧٥، الرقم: ٨٠٥٩، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ١٠/٣٨٢.

Marfat.com

امتی کی شفاعت کے سبب سے قبیلہ مضر کی تعداد سے زیادہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ایک شخص (صرف) اپنے گھر والوں کی شفاعت کرے گا اور ہر ایک اپنے عمل کے حسبِ حال شفاعت کرے گا۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۹۹۳/۹۷۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَكْثِرُوْا مِنَ الْمَعَارِفِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَإِنَّ لِكُلِّ مُؤْمِنٍ شَفَاعَةً عِنْدَ اللهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت انس ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مؤمنین سے اچھی طرح جان پہچان رکھو کیونکہ ہر مومن قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں شفاعت کرے گا۔'' اسے امام دیلمی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ۹۷: أخرجه الديلمي فی مسند الفردوس، ۱/۸۱، الرقم: ۲۵۱۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّ قُلُوْبَ الْعَارِفِيْنَ مَعَادِنُ التَّقْوَى

﴿قلوبِ عارفین کا مرکزِ تقویٰ ہونے کا بیان﴾

٩٩٤/٩٨۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ لِكُلِّ شَيءٍ مَعْدِنًا وَمَعْدِنُ التَّقْوَى قُلُوْبُ الْعَارِفِيْنَ.

رَوَاهُ الْقُضَاعِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عمر بن الخطاب ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر چیز کی کوئی نہ کوئی کان (یعنی مخفی خزانہ) ہوتی ہے اور تقویٰ کی کان عارفوں کے دل ہوتے ہیں۔''

اس حدیث کو امام قضاعی، طبرانی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

٩٩٥/٩٩۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ الْخَفِيَّ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَأَبُوْيَعْلَى.

الحديث رقم ٩٨: أخرجه القضاعي في مسند الشهاب، ٢/١٢٩، الرقم: ١٠٣٣۔ ١٠٣٤، والطبرانى في المعجم الكبير، ١٢/٣٠٣، الرقم: ١٣١٨٥، والبيهقي في شعب الإيمان، ٤/١٥٨، الرقم: ٤٦٥١، والديلمي في مسند الفردوس، ٣/٣٢٩، الرقم: ٤٩٨٨، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ٤/١١، الرقم: ١٥٩٤، والزرعي في نقد المنقول، ١/٦٠، الرقم: ٨١، والذهبى في ميزان الاعتدال، ١٤، ١٠١، والعسقلاني في لسان الميزان، ٦/٢١٧، الرقم: ٧٦٠، والدمشقي في المنار المنيف، ١/٦٦، الرقم: ١٢١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٨٦۔

الحديث رقم ٩٩: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الزهد والرقائق، باب: (١)، ٤/٢٢٧٧، الرقم: ٢٩٦٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٦٨، الرقم: ١٤٤١، وأبو يعلى في المسند، ٢/٨٥، الرقم: ٧٣٧، والدورقي في مسند سعد، ١/٤٩، الرقم: ١٨، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/٢٩٧، الرقم: ١٠٣٧٠، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٣/٢٩٥،الرقم: ٤١٣٧۔

Marfat.com

''حضرت سعد بن ابی وقاص ﷺ نے بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے اس بندے سے محبت رکھتا ہے جو متقی (لوگوں سے) بے نیاز اور گوشہ نشین ہو۔''

اس حدیث کو امام مسلم، احمد اور ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

٩٩٦ / ١٠٠۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أَدْنَى الرِّيَاءِ شِرْكٌ وَأَحَبَّ الْعَبِيْدِ إِلَى اللهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى الْأَتْقِيَاءُ الْأَخْفِيَاءُ الَّذِيْنَ إِذَا غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا وَإِذَا شَهِدُوْا لَمْ يُعْرَفُوْا أُوْلَئِكَ أَئِمَّةُ الْهُدَى وَمَصَابِيْحُ الْعِلْمِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت معاذ بن جبل ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: معمولی سا دکھاوا بھی شرک ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک بندوں میں سے محبوب ترین، متقی اور خشیتِ الٰہی رکھنے والے وہ لوگ ہیں جو موجود نہ ہوں تو تلاش نہ کیے جائیں اور موجود ہوں تو پہچانے نہ جائیں، وہی لوگ ہدایت کے اِمام اور علم کے چراغ ہیں۔''

اسے امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

٩٩٧ / ١٠١۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مَنْ آلُ مُحَمَّدٍ؟ فَقَالَ: كُلُّ تَقِيٍّ وَتَلَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ﴿إِنْ أَوْلِيَاؤُهُ إِلَّا الْمُتَّقُوْنَ﴾.

الحديث الرقم ١٠٠: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/٣٠٢، الرقم: ٥١٨٢، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٥/ ١٦٣، الرقم: ٤٩٥٠، وفى المعجم الكبير، ٢٠/٣٦، الرقم: ٥٣، والقضاعى فى مسند الشهاب، ٢/٢٥٢، الرقم: ١٢٩٨، والبيهقى فى كتاب الزهد، ٢/١١٢۔

الحديث رقم ١٠١: أخرجه الطبراني فى المعجم الأوسط، ٣/٣٣٨، الرقم: ٣٣٣٢، وفي المعجم الصغير، ١/١٩٩، الرقم: ٣١٨، والديلمي فى مسند الفردوس، ١/٤١٨، الرقم: ١٦٩٢، والعسقلاني في فتح البارى، ١١/١٦١، والحسينى فى البيان والتعريف، ١/٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٦٩، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ١٦/٨١، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٢/٣٠٧۔

Marfat.com

[الأنفال، ٨: ٣٤]. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے سوال کیا گیا کہ آلِ محمد ﷺ کون ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: تمام اہلِ تقویٰ (میری آل میں سے ہیں) اور پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اس کے اولیاء (یعنی دوست) تو صرف پرہیزگار لوگ ہوتے ہیں۔''[الأنفال، ٨: ٣٤]۔ اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٩٩٨/١٠٢۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لَا يَزِيْدُ ذَا شَرَفٍ عِنْدَهُ وَلَا يَنْقُصُهُ إِلَّا بِالتَّقْوَى. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی الله عنها بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کسی شرف والے کے شرف میں اپنے ہاں نہ اضافہ فرماتے تھے اور نہ کمی، مگر تقویٰ کی بناء پر (یعنی آپ ﷺ کی بارگاہ میں معیارِ شرف وعزت صرف تقویٰ تھا)۔''

اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٠٢: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٧/٢٢١، الرقم: ٧٣٢٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٦٩۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي وُجُوْدِ الْأَقْطَابِ وَالْأَبْدَالِ وَعَدَدِهِمْ

﴿دنیا میں اَقطاب اور اَبدال کے موجود ہونے اور ان کی تعداد کا بیان﴾

٩٩٩/١٠٣۔ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: ذُكِرَ أَهْلُ الشَّامِ عِنْدَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ﷺ وَهُوَ بِالْعِرَاقِ فَقَالُوْا: اِلْعَنْهُمْ يَا أَمِيْرَالْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَ: لَا، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: اَلْأَبْدَالُ يَكُوْنُوْنَ بِالشَّامِ وَهُمْ أَرْبَعُوْنَ رَجُلًا كُلَّمَا مَاتَ رَجُلٌ أَبْدَلَ اللهُ مَكَانَهُ رَجُلًا يُسْقَى بِهِمُ الْغَيْثُ وَيُنْتَصَرُ بِهِمْ عَلَى الْأَعْدَاءِ، وَيُصْرَفُ عَنْ أَهْلِ الشَّامِ بِهِمُ الْعَذَابُ.

وفي رواية: لَا يَزَالُ أَرْبَعُوْنَ رَجُلًا مِنْ أُمَّتِي قُلُوْبُهُمْ عَلَى قَلْبِ إِبْرَاهِيْمَ، يَدْفَعُ اللهُ بِهِمْ عَنْ أَهْلِ الْأَرْضِ، يُقَالُ لَهُمُ الْأَبْدَالُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت شریح بن عبید بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب ﷺ کے ہاں اہلِ شام کا ذکر کیا گیا جبکہ وہ عراق میں (مقیم) تھے، تو اہلِ عراق نے کہا: اے امیر المؤمنین! انہیں برا بھلا کہیے (یا ان پر لعنت بھیجیں)، تو آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں۔ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ابدال شام میں ہوں گے اور وہ چالیس آدمی ہوں گے جب ان سے کوئی آدمی چل بسے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ دوسرے آدمی کو لے آئے گا (اور یہی وہ لوگ ہیں) جن کے ذریعے بادل برستے ہیں اور جن کے توسّل سے دشمنوں پر فتح و نصرت طلب کی جاتی ہے اور اہلِ شام سے ان کے ذریعے عذاب کو ٹالا جاتا ہے۔''

اور ایک روایت میں ہے: ''میری اُمت میں ہمیشہ چالیس آدمی ایسے ہوں گے جن کے دل، قلبِ ابراہیمی کی طرح ہوں گے اور ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ اہلِ زمین سے عذاب کو ہٹائے

الحديث رقم ١٠٣: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/١٢٢، والطبراني في المعجم الكبير، ١٠/٦٣، الرقم: ١٠٣٩٠.

Marfat.com

گا اور انہیں ابدال کہا جائے گا۔"

اسے امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٠٠٠/١٠٤۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يُبَايَعُ رَجُلٌ مِنْ أُمَّتِي بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ كَعِدَّةِ أَهْلِ بَدْرٍ، فَيَأْتِيْهِ عَصْبُ الْعِرَاقِ وَأَبْدَالُ الشَّامِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

"حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے ایک شخص (امام مہدی علیہ السلام) کی حجرِ اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان اہلِ بدر کی تعداد (۳۱۳ افراد) کی مثل بیعت کی جائے گی۔ بعدازاں اس امام کے پاس عراق کے اولیاء اور شام کے ابدال (بیعت کے لئے) آئیں گے۔"

اسے امام حاکم اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

١٠٠١/١٠٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَرِيْرٍ الْغَافِقِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ ﷺ يَقُوْلُ: لَا تَسُبُّوْا أَهْلَ الشَّامِ وَسُبُّوْا ظَلَمَتَهُمْ، فَإِنَّ فِيْهِمُ الْأَبْدَالَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

"حضرت عبداللہ بن زریر غافقی سے مروی ہے کہ انہوں نے حضرت علی بن ابی طالب ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ تمام اہلِ شام کو گالیاں نہ دو اور ان میں سے جو ظالم (اور برے لوگ) ہیں صرف انہیں ہی برا بھلا کہو کیونکہ ان (اہلِ شام) میں ابدال بھی ہیں۔"

اسے امام حاکم نے روایت کیا ہے، نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

الحديث رقم ١٠٠٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٤/٤٧٨، الرقم: ٨٣٢٨، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٤٦٠، الرقم: ٣٧٢٢٣۔

الحديث رقم ١٠٠٥: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٤/٥٩٦، الرقم: ٨٦٥٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٧/٣١٧۔

Marfat.com

۱۰۰۲/۱۰۶۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يَزَالُ اَرْبَعُوْنَ رَجُلًا مِنْ اُمَّتِي قُلُوْبُهُمْ عَلَى قَلْبِ إِبْرَاهِيْمَ يَدْفَعُ اللهُ بِهِمْ عَنْ اَهْلِ الْاَرْضِ، يُقَالُ لَهُمُ الْأَبْدَالُ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّهُمْ لَمْ يُدْرِكُوْهَا بِصَلَاةٍ وَلَا بِصَوْمٍ وَلَا بِصَدَقَةٍ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، فَبِمَ اَدْرَكُوْهَا؟ قَالَ: بِالسَّخَاءِ وَالنَّصِيْحَةِ لِلْمُسْلِمِيْنَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَاَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میری اُمت میں چالیس آدمی ہمیشہ رہیں گے جن کے دل، قلب ابراہیمی ﷺ کی مانند ہوں گے ان کے صدقہ سے اللہ تعالیٰ اہلِ زمین سے عذاب ٹالے گا، انہیں ابدال کہا جائے گا۔ پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انہوں نے یہ (ابدالیت والا) رتبہ کثرتِ نماز و روزہ اور صدقہ کے ذریعے نہیں پایا۔ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! پھر کس چیز کے ذریعے انہوں نے یہ مقام و مرتبہ پایا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: سخاوتِ قلب اور مسلمانوں کے لئے خیر خواہی چاہنے کے ذریعے۔'' اسے امام طبرانی اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

۱۰۰۳/۱۰۷۔ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: ثُمَّ لَمَّا اَهْلُ مِصْرَ سَبُّوْا اَهْلَ الشَّامِ فَاَخْرَجَ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ ﷺ رَاْسَهُ مِنْ تُرْسٍ ثُمَّ قَالَ: يَا اَهْلَ مِصْرَ، اَنَا عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ لَا تَسُبُّوْا اَهْلَ الشَّامِ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: فِيْهِمُ الْأَبْدَالُ، وَبِهِمْ تُنْصَرُوْنَ وَبِهِمْ تُرْزَقُوْنَ.

رواه الطبراني

''حضرت شہر بن حوشب بیان کرتے ہیں کہ جب اہل مصر نے اہل شام کو برا بھلا کہا تو حضرت عوف بن مالک ﷺ نے ڈھال سے اپنا سر نکالا اور فرمایا اے اہل مصر! میں عوف بن

الحديث رقم ۱۰۰۶: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ۱۰/۱۸۱، الرقم: ۱۰۳۹۰، وأبونعيم في حلية الأولياء ۱/۱۷۳، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۱۰/۶۳.

الحديث رقم ۱۰۰۷: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ۱۸/۶۵، الرقم: ۱۲۰، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۱۰/۶۳.

Marfat.com

مالک ہوں اہلِ شام کو برا بھلا مت کہو۔ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ان (اہلِ شام) میں ابدال ہیں اور انہی کے ذریعے تمہاری مدد کی جاتی ہے اور انہی کے ذریعے تمہیں رزق دیا جاتا ہے۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٠٠٤/١٠٨۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَنْ تَخْلُوَ الْأَرْضُ مِنْ أَرْبَعِيْنَ رَجُلًا مِثْلَ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ الرَّحْمٰنِ، فَبِهِمْ يُسْقَوْنَ، وَبِهِمْ يُنْصَرُوْنَ، مَا مَاتَ مِنْهُمْ أَحَدٌ إِلَّا أَبْدَلَ اللهُ مَكَانَهُ آخَرَ.

وَقَالَ قَتَادَةُ: لَسْنَا نَشُكُّ أَنَّ الْحَسَنَ مِنْهُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

''حضرت انس ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: زمین کبھی بھی ایسے چالیس آدمیوں سے خالی نہیں ہو گی جو حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام (کے دل) کی مانند (دل رکھتے) ہوں گے، پس انہی کے تصدّق سے لوگوں کو سیراب کیا جائے گا اور انہی کے صدقہ سے ان کی مدد کی جائے گی۔ ان میں سے کوئی آدمی اس دنیا سے پردہ نہیں کرتا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کی جگہ کسی اور آدمی کو لے آتا ہے۔''

اور حضرت قتادہ ﷺ بیان کرتے ہیں ہم اس میں شک نہیں کرتے کہ حضرت حسن (بصری ﷺ) ان ہی میں سے ہیں۔

اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔ اور امام ہیثمی نے فرمایا کہ اس کی اسناد حسن ہیں۔

١٠٠٥/١٠٩۔ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يَزَالُ فِي أُمَّتِي ثَلَاثُوْنَ، بِهِمْ تَقُوْمُ الْأَرْضُ، وَبِهِمْ تُمْطَرُوْنَ وَبِهِمْ

الحديث رقم ١٠٨: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٤/٢٤٧، الرقم: ٤١٠١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٦٣۔

الحديث رقم ١٠٩: أخرجه الهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٦٣، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٤/٥٧٤، والمزي في تهذيب الكمال، ٦/١٠٩، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ١/٣٠٤، والعظيم آبادي في عون المعبود، ٨/١٥١۔

Marfat.com

تُنْصَرُوْنَ. وَقَالَ قَتَادَةُ: إِنِّي أَرْجُوْ أَنْ يَّكُوْنَ الْحَسَنُ مِنْهُمْ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَزَّارُ كَمَا قَالَ الْهَيْثَمِيُّ وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

''حضرت عبادہ بن صامت ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت میں ہمیشہ تیس آدمی (ابدال) رہیں گے جن کے صدقے یہ زمین قائم و دائم رہے گی اور جن کے تصدق سے تم پر بارش برسائی جاتی ہے اور جن کے ذریعے تمہاری مدد کی جاتی ہے۔''

اور حضرت قتادہ ﷺ فرماتے ہیں کہ میں اُمید کرتا ہوں کہ حضرت حسن بصری ﷺ بھی ان میں سے ہیں۔

امام ہیثمی نے فرمایا کہ اسے امام طبرانی اور بزار نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح ہیں۔

١٠٠٦/١١٠۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ عَنِ الْأَبْدَالِ؟ قَالَ: هُمْ سِتُّوْنَ رَجُلًا، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، حِلْهُمْ لِي؟ قَالَ: لَيْسُوْا بِالْمُتَنَطِّعِيْنَ، وَلَا بِالْمُبْتَدِعِيْنَ، وَلَا بِالْمُتَعَمِّقِيْنَ لَمْ يَنَالُوْا مَا نَالُوْا بِكَثْرَةِ صِيَامٍ، وَلَا صَلَاةٍ، وَلَا صَدَقَةٍ، وَلَكِنْ بِسَخَاءِ النَّفْسِ وَسَلَامَةِ الْقُلُوْبِ وَالنَّصِيْحَةِ لِأَئِمَّتِهِمْ، إِنَّهُمْ يَا عَلِيُّ، فِي أُمَّتِي أَقَلُّ مِنَ الْكِبْرِيْتِ الْأَحْمَرِ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا.

''حضرت علی ﷺ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے ابدال کے بارے میں دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ ساٹھ آدمی ہیں۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے ان کی صفات بیان فرمائیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ نہ تو تکلف سے کام لینے والے ہوں گے اور نہ ہی بدعتی اور چرب زبان ہوں گے اور انہوں نے جو مقام بھی حاصل کیا ہے وہ کثرتِ نماز و روزہ اور صدقہ سے حاصل نہیں کیا بلکہ انہوں نے یہ مقام سخاوتِ نفس اور دلوں کی سلامتی اور اپنے ائمہ کرام کے لئے خیر خواہی سے حاصل کیا ہے اور اے علی! بے شک وہ میری اُمت میں سرخ سلفر (گندھک) سے بھی کم ہیں۔''

اسے امام ابن ابی دنیا نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١١٠: أخرجه ابن أبي الدنيا في الأولياء، ١/١٢، الرقم: ٨.

Marfat.com

١٠٠٧/١١١۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ صَفْوَانَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ يَوْمَ صِفِّيْنَ: اَللّٰهُمَّ، الْعَنْ أَهْلَ الشَّامِ. فَقَالَ عَلِيٌّ: لَا تَسُبَّ أَهْلَ الشَّامِ جَمًّا غَفِيْرًا فَإِنَّ بِهَا الْأَبْدَالَ فَإِنَّ بِهَا الْأَبْدَالَ، فَإِنَّ بِهَا الْأَبْدَالَ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا وَأَحْمَدُ.

''حضرت عبداللہ بن صفوان بیان کرتے ہیں کہ جنگِ صفین والے دن ایک آدمی نے کہا: اے اللہ! اہلِ شام پر لعنت بھیج، حضرت علی ﷺ نے فرمایا: اہلِ شام کے جمِ غفیر کو گالی مت دو کیونکہ اس (ملکِ شام) میں ابدال ہیں، اس میں ابدال ہیں، اس میں ابدال ہیں۔''

اسے امام ابن ابی دنیا اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٠٠٨/١١٢۔ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يَزَالُ فِي أُمَّتِي شِيْعَةٌ (وفي رواية: سَبْعَةٌ) لَا يَدْعُوْنَ اللهَ بِشَيْءٍ إِلَّا اسْتَجَابَ لَهُمْ، بِهِمْ تُنْصَرُوْنَ وَبِهِمْ تُمْطَرُوْنَ، وَحَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: وَبِهِمْ يُدْفَعُ عَنْكُمْ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ الْمُبَارَكِ وَابْنُ رَاشِدٍ.

''حضرت ابوقلابہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری اُمت میں ہمیشہ کچھ لوگ (اور ایک روایت میں ہے کہ سات اشخاص) ایسے ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ سے جب بھی کوئی چیز مانگتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں عطا فرما دیتا ہے۔ انہی کے ذریعے تمہاری مدد کی جائے گی اور انہی کے ذریعے تم پر بارش برسائی جائے گی اور (راوی بیان کرتے ہیں) میرے خیال میں آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا: اور انہی کے ذریعے تم سے مصیبتوں کو ٹالا جائے گا۔'' اس حدیث کو امام ابو داود، ابن مبارک اور ابن راشد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١١١: أخرجه ابن أبي الدنيا في الأولياء، ١/ ٣٠، الرقم: ٧٠، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة، ٢/ ٩٠٥، الرقم: ١٧٢٦، وابن راشد في الجامع، ١١/ ٢٤٩، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٢/ ١١١۔

الحديث رقم ١١٢: أخرجه أبو داود في المراسيل، ١/ ٢٣٦، الرقم: ٣٠٩، وابن المبارك في الجهاد، ١/ ١٥٣، الرقم: ١٩٥، وابن راشد في الجامع، ١١/ ٢٥٠۔

Marfat.com

١١٣/١٠٠٩۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: خِيَارُ أُمَّتِي فِي كُلِّ قَرْنٍ خَمْسُمِائَةٍ وَالْأَبْدَالُ أَرْبَعُوْنَ فَلَا الْخَمْسُمِائَةِ يُنْقَصُوْنَ وَلَا الْأَرْبَعُوْنَ كُلَّمَا مَاتَ رَجُلٌ أَبْدَلَ اللهُ مِنَ الْخَمْسِمِائَةِ مَكَانَهُ وَأَدْخَلَ فِي الْأَرْبَعِيْنَ مَكَانَهُمْ يَعْفُوْنَ عَمَّنْ ظَلَمَهُمْ وَيُحْسِنُوْنَ إِلَى مَنْ أَسَاءَ إِلَيْهِمْ وَيَتَوَاسَوْنَ فِيْمَا أَتَاهُمُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَالدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: ہر صدی میں میری اُمت کے بہترین لوگ پانچ سو ہیں اور ابدال چالیس ہوں گے۔ پس نہ تو پانچ سو میں کوئی کمی واقع ہوتی ہے اور نہ چالیس میں، جب کبھی کوئی آدمی ان (چالیس) میں سے فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ پانچ سو میں سے کسی کو اس کی جگہ پر بدل دیتا ہے اور اسے چالیس لوگوں میں شامل کر دیتا ہے۔ جو شخص ان پر ظلم کرتا ہے وہ اس سے درگزر فرماتے ہیں اور جو ان کے ساتھ برا سلوک کرتے ہیں وہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرتے ہیں اور جو کچھ (رزق) اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا فرمایا ہے اس سے آپس میں ایک دوسرے کی دادرسی کرتے ہیں۔''

اسے امام ابونعیم اور دیلمی نے روایت کیا ہے۔

١١٤/١٠١٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فِي الْخَلْقِ ثَلَاثَمِائَةٍ قُلُوْبُهُمْ عَلَى قَلْبِ آدَمَ عليه السلام وَ لِلّٰهِ تَعَالَى فِي الْخَلْقِ أَرْبَعُوْنَ قُلُوْبُهُمْ عَلَى قَلْبِ مُوْسَى عليه السلام وَ لِلّٰهِ تَعَالَى فِي الْخَلْقِ سَبْعَةٌ قُلُوْبُهُمْ عَلَى قَلْبِ إِبْرَاهِيْمَ عليه السلام وَ لِلّٰهِ تَعَالَى فِي الْخَلْقِ خَمْسَةٌ قُلُوْبُهُمْ عَلَى قَلْبِ جِبْرِيْلَ عليه السلام وَ لِلّٰهِ تَعَالَى فِي الْخَلْقِ ثَلَاثَةٌ قُلُوْبُهُمْ عَلَى

الحديث رقم ١١٣: أخرجه أبونعيم في حلية الأولياء، ١/٨، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/١٧٤، ١٧٥، الرقم: ٢٨٦٦، والمناوي في فيض القدير، ٣/٤٦١، والعسقلاني في القول المسدد، ١/٨٢۔

الحديث رقم ١١٤: أخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء، ١/٩، والديلمي في مسند الفردوس، ١/١٨٧، الرقم: ٧٠٣۔

Marfat.com

قَلْبِ مِيكَائِيلَ عليه السلام وَ لِلّٰهِ تَعَالَى فِي الْخَلْقِ وَاحِدٌ قَلْبُهُ عَلَى قَلْبِ إِسْرَافِيلَ عليه السلام، فَإِذَا مَاتَ الْوَاحِدُ أَبْدَلَ اللّٰهُ عزوجل مَكَانَهُ مِنَ الثَّلَاثَةِ وَإِذَا مَاتَ مِنَ الثَّلَاثَةِ أَبْدَلَ اللّٰهُ تَعَالَى مَكَانَهُ مِنَ الْخَمْسَةِ وَإِذَا مَاتَ مِنَ الْخَمْسَةِ أَبْدَلَ اللّٰهُ تَعَالَى مَكَانَهُ مِنَ السَّبْعَةِ وَإِذَا مَاتَ مِنَ السَّبْعَةِ أَبْدَلَ اللّٰهُ تَعَالَى مَكَانَهُ مِنَ الْأَرْبَعِيْنَ وَإِذَا مَاتَ مِنَ الْأَرْبَعِيْنَ أَبْدَلَ اللّٰهُ تَعَالَى مَكَانَهُ مِنَ الثَّلَاثِمِائَةِ وَإِذَا مَاتَ مِنَ الثَّلَاثِمِائَةِ أَبْدَلَ اللّٰهُ تَعَالَى مَكَانَهُ مِنَ الْعَامَّةِ فِيْهِمْ يُحْيِي، وَيُمِيْتُ، وَيُمْطِرُ، وَيُنْبِتُ، وَيَدْفَعُ الْبَلَاءَ، قِيْلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضي الله عنه كَيْفَ يُحْيِ وَيُمِيْتُ، قَالَ: لِأَنَّهُمْ يَسْأَلُوْنَ اللّٰهَ عزوجل إِكْثَارَ الْأُمَمِ فَيُكْثِرُوْنَ وَيَدْعُوْنَ عَلَى الْجَبَابِرَةِ فَيُقْصَمُوْنَ وَيَسْتَسْقَوْنَ فَيُسْقَوْنَ وَيَسْأَلُوْنَ فَتُنْبِتُ لَهُمُ الْأَرْضُ وَيَدْعُوْنَ فَيَدْفَعُ بِهِمْ أَنْوَاعَ الْبَلَاءِ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَالدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک مخلوق میں اللہ تعالیٰ کے تین سو آدمی ایسے ہیں جن کے دل حضرت آدم علیہ السلام کے دل کی مانند ہیں اور مخلوق میں اللہ تعالیٰ کے چالیس آدمی ایسے ہیں جن کے دل حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دل کی مانند ہیں اور مخلوق میں اللہ تعالیٰ کے سات آدمی ایسے ہیں جن کے دل حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دل کی مانند ہیں اور مخلوق میں اللہ تعالیٰ کے پانچ آدمی ایسے ہیں جن کے دل حضرت جبریل علیہ السلام کی مانند ہیں اور مخلوق میں اللہ تعالیٰ کے تین آدمی ایسے ہیں جن کے دل حضرت میکائیل علیہ السلام کے دل کی مانند ہیں اور مخلوق میں اللہ تعالیٰ کا ایک آدمی ایسا ہے جس کا دل حضرت اسرافیل علیہ السلام کے دل کی مانند ہے، سو جب وہ اکیلا آدمی فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ تین آدمیوں میں سے کسی کو لے آتا ہے اور جب تین آدمیوں میں سے کوئی فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ پانچ آدمیوں میں سے کسی کو لے آتا ہے اور جب پانچ آدمیوں میں سے کوئی فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ سات آدمیوں میں سے کسی کو لے آتا ہے

Marfat.com

اور جب سات آدمیوں میں سے کوئی فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ چالیس آدمیوں میں سے کسی کو لے آتا ہے اور جب چالیس آدمیوں میں سے کوئی فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ تین سو آدمیوں میں سے کسی کو لے آتا ہے اور جب تین سو آدمیوں میں سے کوئی فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ عامۃ الناس میں سے کسی کو اس کی جگہ پر لے آتا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ انہی کے ذریعہ سے کسی کو مارتا اور کسی کو زندہ کرتا ہے اور (انہی کی وجہ سے) سبزہ اُگاتا ہے اور آزمائشوں کو دور کرتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ سے پوچھا گیا: اللہ تعالیٰ کس طرح ان کے ذریعے مارتا اور زندہ کرتا ہے؟ انہوں نے فرمایا: کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ سے اُمتوں کی کثرت کی دعا مانگتے ہیں تو وہ کثیر ہو جاتی ہیں (یہ ان کے ذریعے زندہ کرنا ہے)۔ وہ ظالم اور جابر لوگوں کے لئے بددعا کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے اذن سے وہ ہلاک ہو جاتے ہیں (یہ ان کے ذریعے مارنا ہے)۔ وہ بارش کی دعا مانگتے ہیں تو ان پر بارش برسائی جاتی ہے، وہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہیں تو زمین ان کے لئے غلّہ اگاتی ہے اور وہ دعا مانگتے ہیں تو اللہ تعالیٰ جملہ بلاؤں اور آزمائشوں کو دور فرماتا ہے۔'' اسے امام ابونعیم اور دیلمی نے روایت کیا ہے۔

١٠١١/١١٥۔ عَنِ الْحَسَنِ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ بُدَلَاءَ أُمَّتِي لَمْ يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِكَثْرَةِ صَلَاتِهِمْ وَلَا صِيَامِهِمْ وَلَكِنْ دَخَلُوْهَا بِسَلَامَةِ صُدُوْرِهِمْ وَسَخَاوَةِ أَنْفُسِهِمْ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ أَبِي الدُّنْيَا.

''حضرت حسن ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میری اُمت کے ابدال جنت میں کثرتِ نماز اور روزہ کے سبب داخل نہیں ہوں گے بلکہ وہ اپنے سینوں کی سلامتی اور نفوس کی سخاوت کے سبب جنت میں داخل ہوں گے۔''

اسے امام بیہقی اور ابن ابی الدنیا نے روایت کیا ہے۔

١٠١٢/١١٦۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ أَوْ غَيْرِهِ قَالَ: قَالَ

الحديث رقم ١١٥/١: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ٧/٤٣٩، الرقم: ١٠٨٩١، وابن أبي الدنيا في الأولياء، ١/٢٨، الرقم: ٥٨، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٣/٣٤٩، الرقم: ٤٣٨٧.

الحديث رقم ١١٦: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ٧/٤٣٩، الرقم: ١٠٨٩٣.

Marfat.com

رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أَبْدَالَ أُمَّتِي لَمْ يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِالْأَعْمَالِ وَلَكِنْ إِنَّمَا دَخَلُوْهَا بِرَحْمَةِ اللهِ وَسَخَاوَةِ الْأَنْفُسِ وَسَلَامَةِ الصُّدُوْرِ وَرَحْمَةٍ لِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ یا ان کے علاوہ کسی اور (صحابی) نے بیان کیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میری اُمت کے ابدال اعمال کے بل بوتے پر جنت میں داخل نہیں ہوں گے بلکہ محض اللہ تعالیٰ کی رحمت اور سخاوتِ نفوس، سینوں کے (وساوس و خواہشات سے) سلامتی اور تمام مسلمانوں کے لئے (طالبِ) رحمت (ہونے) کے صدقہ سے وہ جنت میں داخل ہوں گے۔'' اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

١٠١٣/١١٧۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ دَعَامَةَ أُمَّتِي عُصَبُ الْيَمَنِ وَأَبْدَالُ الشَّامِ وَهُمْ أَرْبَعُوْنَ رَجُلاً كُلَّمَا هَلَكَ رَجُلٌ أَبْدَلَ اللهُ مَكَانَهُ آخَرَ لَيْسُوْا بِالْمُتَمَاوِتِيْنَ وَلَا الْمُتَهَالِكِيْنَ وَلَا الْمُتَنَاوِشِيْنَ لَمْ يَبْلَغُوْا مَا بَلَغُوْا بِكَثْرَةِ صَوْمٍ وَلَا صَلَاةٍ وَإِنَّمَا بَلَغُوْا ذَلِكَ بِالسَّخَاءِ وَصِحَّةِ الْقُلُوْبِ وَالْمُنَاصَحَةِ لِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ.

رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک میری اُمت کا ستون یمن کے عصب (ایک طبقہ اولیاء کا نام ہے) اور شام کے ابدال ہیں اور وہ چالیس مرد ہیں جب بھی ان میں سے کوئی شخص فوت ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ کسی اور کو لے آتا ہے۔ نہ تو وہ عبادت میں کوتاہی برتنے والے ہیں اور نہ ہی باہم ہلاکت میں پڑنے والے اور نہ ہی دور سے ایک دوسرے پر وار کرنے والے ہیں۔ انہیں یہ مقام و مرتبہ کثرتِ (نماز و روزہ) کی وجہ سے نہیں بلکہ اپنی سخاوت، دلوں کی صحت اور تمام مسلمانوں کے لیے خیرخواہی چاہنے کی بدولت ملا ہے۔''

اسے امام ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١١٧: أخرجه ابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٢٦/٤٣٥، والسيوطي في الحاوي للفتاوى: ٦٥١.

Marfat.com

١٠١٤/١١٨۔ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ: ذُكِرَ أَهْلُ الشَّامِ عِنْدَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ﷺ فَقَالُوْا: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، اِلْعَنْهُمْ؟ فَقَالَ: لَا، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ الْأَبْدَالَ بِالشَّامِ يَكُوْنُوْنَ وَهُمْ أَرْبَعُوْنَ رَجُلًا، بِهِمْ تُسْقَوْنَ الْغَيْثَ، وَبِهِمْ تُنْصَرُوْنَ عَلَى أَعْدَائِكُمْ، وَيُصْرَفُ عَنْ أَهْلِ الْأَرْضِ الْبَلَاءُ وَالْغَرَقُ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت شریح بن عبید الحضرمی بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے ہاں اہلِ شام کا ذکر کیا گیا تو لوگوں نے کہا: اے امیر المومنین! ان پر لعنت بھیجئے، انہوں نے فرمایا: نہیں، میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک ابدال شام میں ہوں گے اور وہ چالیس آدمی ہیں، انہی کے سبب تم پر بارش برسائی جاتی ہے اور انہی کے تصدّق سے دشمنوں کے مقابلے میں تمہاری مدد کی جاتی ہے اور اہلِ زمین سے مصائب و آلام کو دور کیا جاتا ہے۔'' اسے امام ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

١٠١٥/١١٩۔ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: إِذَا قَامَ قَائِمُ آلِ مُحَمَّدٍ جَمَعَ اللهُ لَهُ أَهْلَ الْمَشْرِقِ وَأَهْلَ الْمَغْرِبِ فَيَجْتَمِعُوْنَ كَمَا يَجْتَمِعُ قَزَعُ الْخَرِيْفِ فَأَمَّا الرُّفَقَاءُ فَمِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ وَأَمَّا الْأَبْدَالُ فَمِنْ أَهْلِ الشَّامِ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت ابوطفیل، حضرت علی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: جب آلِ محمد ﷺ میں سے کوئی شخص کسی نیک کام کے لئے اٹھ کھڑا ہوا تو اہلِ مشرق و اہلِ مغرب کو اللہ تعالیٰ اس (کی مدد) کے لیے جمع فرما دے گا۔ پس وہ یوں جمع ہو جائیں گے جیسے خزاں کے پتے ایک جگہ جمع ہو جاتے ہیں۔ پس جو رفقاء ہیں وہ اہلِ کوفہ میں سے ہیں۔ اور جو ابدال ہیں وہ اہلِ شام میں سے ہیں۔'' اسے امام ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١١٨: أخرجه ابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ١/٢٨٩۔
الحديث رقم ١١٩: أخرجه ابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ١/٢٩٧، والسيوطي في الحاوي للفتاوى: ٦٤٩۔

Marfat.com

١٠١٦/ ١٢٠۔ عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: قُبَّةُ الْإِسْلَامِ بِالْكُوْفَةِ وَالْهِجْرَةُ بِالْمَدِيْنَةِ وَالنُّجَبَاءُ بِمِصْرَ وَالْأَبْدَالُ بِالشَّامِ وَهُمْ قَلِيْلٌ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت علی ﷺ بیان کرتے ہیں اسلام کا گنبد کوفہ میں ہے، ہجرت مدینہ منورہ میں ہے، نجباء مصر میں ہیں اور ابدال شام میں ہیں اور وہ تھوڑی تعداد میں ہیں۔''

اسے امام ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

١٠١٧/ ١٢١۔ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ ﷺ قَالَ: لَنْ تَخْلُوَ الْأَرْضُ مِنْ سَبْعِيْنَ صِدِّيْقًا وَهُمُ الْأَبْدَالُ، لَا يَهْلِكُ مِنْهُمْ رَجُلٌ إِلَّا أَخْلَفَ اللهُ مَكَانَهُ مِثْلَهُ. أَرْبَعُوْنَ بِالشَّامِ، وَثَلَاثُوْنَ فِي سَائِرِ الْأَرْضِيْنَ.

رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت حسن بصری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ یہ زمین کبھی بھی ستر صدیقین سے خالی نہیں ہوتی اور وہ ابدال ہیں، ان میں سے کوئی آدمی فوت نہیں ہوتا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کی جگہ اسی طرح کا کوئی اور بندہ لے آتا ہے۔ ان میں سے چالیس شام میں ہیں اور تیس باقی تمام زمین کے مختلف ٹکڑوں پر۔'' اسے امام ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

١٠١٨/ ١٢٢۔ عَنْ قَتَادَةَ ﷺ قَالَ: لَنْ تَخْلُوَ الْأَرْضُ مِنْ أَرْبَعِيْنَ بِهِمْ يُغَاثُ النَّاسُ وَبِهِمْ تُنْصَرُوْنَ وَبِهِمْ تُرْزَقُوْنَ كُلَّمَا مَاتَ مِنْهُمْ أَحَدٌ أُبْدِلَ مَكَانَهُ رَجُلًا. قَالَ قَتَادَةُ: وَاللهِ، إِنِّي لَأَرْجُوْ أَنْ يَّكُوْنَ الْحَسَنُ مِنْهُمْ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ.

الحديث رقم ١٢٠: أخرجه ابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ١/٢٩٦، والسيوطي في الحاوي للفتاوى: ٦٥٠۔

الحديث رقم ١٢١: أخرجه ابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ١/٢٩٨، والسيوطي في الحاوي للفتاوى: ٦٥٥۔

الحديث رقم ١٢٢: أخرجه ابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ١/٢٩٨، والسيوطي في الحاوي للفتاوى: ٦٥٥۔

Marfat.com

''حضرت قتادہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ یہ زمین چالیس مردوں سے کبھی خالی نہیں ہوتی جن کے ذریعے لوگوں کی مدد کی جاتی ہے اور انہی کے ذریعے تمہاری مدد کی جاتی ہے اور تمہیں رزق دیا جاتا ہے ان میں سے جب کبھی کوئی فوت ہو جاتا ہے تو اس کی جگہ کسی اور آدمی کو بدل دیا جاتا ہے۔ حضرت قتادہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ اللہ کی قسم! بے شک میں امید کرتا ہوں کہ حضرت حسن بصری ﷺ ان ہی میں سے ایک ہیں۔''

اسے امام ابنِ عساکر نے روایت کیا ہے۔

۱۰۱۹/۱۲۳۔ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَيْشِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ الْكَتَّانِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: اَلنُّقَبَاءُ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَالنُّجَبَاءُ سَبْعُوْنَ وَالْبُدَلَاءُ أَرْبَعُوْنَ وَالْأَخْيَارُ سَبْعَةٌ وَالْعُمَدُ أَرْبَعَةٌ وَالْغَوْثُ وَاحِدٌ فَمَسْكَنُ النُّقَبَاءِ الْمَغْرِبُ وَمَسْكَنُ النُّجَبَاءِ مِصْرُ وَمَسْكَنُ الْأَبْدَالِ الشَّامُ وَالْأَخْيَارُ سَيَّاحُوْنَ فِي الْأَرْضِ وَالْعُمَدُ فِي زَوَايَا الْأَرْضِ وَمَسْكَنُ الْغَوْثِ مَكَّةُ فَإِذَا عُرِضَتِ الْحَاجَّةُ مِنْ أَمْرِ الْعَامَّةِ ابْتَهَلَ فِيْهَا النُّقَبَاءُ ثُمَّ النُّجَبَاءُ ثُمَّ الْأَبْدَالُ ثُمَّ الْأَخْيَارُ ثُمَّ الْعُمَدُ فَإِنْ أُجِيْبُوْا وَإِلَّا ابْتَهَلَ الْغَوْثُ فَلَا تَمَّ مَسْأَلَتُهُ حَتَّى تُجَابُ دَعْوَتُهُ. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت عبیداللہ بن محمد عیشی بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت کتانی ﷺ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: نقباء تین سو ہیں، نجباء ستر ہیں، ابدال چالیس ہیں، اخیار سات ہیں، عمد چار ہیں اور غوث ایک ہے۔ پس نقباء کا مسکن مغرب، نجباء کا مسکن مصر، ابدال کا مسکن شام ہے اور اخیار زمین میں چلتے پھرتے رہتے ہیں اور عمد (طبقہ اولیاء) زمین کے کونوں میں ہیں اور غوث کا مسکن مکہ مکرمہ ہے۔ پس جب عام معاملات میں سے کوئی معاملہ پیش آتا ہے تو اس میں نقباء، اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا کرتے ہیں، پھر نجباء، پھر ابدال، پھر اخیار، پھر عمد۔ پھر اگر ان کی دعا قبول کر لی جائے تو ٹھیک وگرنہ غوث اس معاملہ میں گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتا ہے اور ابھی

الحديث رقم ۱۲۳: أخرجه ابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ۱/ ۳۰۰، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ۳/ ۷۵، ۷۶، والسيوطي في الحاوي للفتاوى: ٦٥٥.

Marfat.com

غوث کی دعا مکمل نہیں ہوتی کہ اس کی دعا قبول کر لی جاتی ہے۔"

اسے امام ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

١٠٢٠/١٢٤۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: اَلْبُدَلَاءُ أَرْبَعُوْنَ رَجُلًا اثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ بِالشَّامِ وَثَمَانِيَةَ عَشَرَ بِالْعِرَاقِ وَكُلَّمَا مَاتَ وَاحِدٌ بُدِّلَ آخَرُ فَإِذَا كَانَ عِنْدَ الْقِيَامَةِ مَاتُوْا كُلُّهُمْ فَإِذَا جَاءَ الْأَمْرُ قُبِضُوْا كُلُّهُمْ فَعِنْدَ ذَلِكَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ. رَوَاهُ الْحَكِيْمُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

"حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ابدال چالیس مرد ہیں۔ بائیس شام میں اور اٹھارہ عراق میں ہیں۔ ان میں سے جب کبھی کوئی فوت ہوتا ہے۔ اس کی جگہ کسی اور کو مقرر کردیا جاتا ہے۔ جب قیامت کا وقت قریب آئے گا تو تمام ابدال وصال پا جائیں گے۔ جب قیامت کے انعقاد کا حکم آئے گا تو ان سب کی اَرواح کو قبض کر لیا جائے گا۔ پس اس وقت قیامت قائم ہوگی۔" اسے حکیم ترمذی اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

١٠٢١/١٢٥۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ ﷺ قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِي الْمَسْجِدِ. فَقَالَ: يَدْخُلُ مِنْ هَذَا الْبَابِ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَقَامَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِلَى الصَّلَاةِ فَخَرَجْتُ مِنْ ذَلِكَ الْبَابِ فَمَضَيْتُ فَنَظَرْتُ هَلْ أَرَى أَحَدًا فَلَمْ أَرَ أَحَدًا فَدَخَلْتُ فِيْهِ فَقَعَدْتُ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: أَمَا أَنَّكَ لَسْتَ بِهِ يَا أَبَا الدَّرْدَاءِ ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ حَبَشِيٌّ فَدَخَلَ مِنْ ذَلِكَ الْبَابِ وَعَلَيْهِ جُبَّةُ صُوْفٍ فِيْهَا مِنْ أَدَمٍ رَامٍ بِطَرَفِهِ إِلَى

الحديث رقم ١٢٤: أخرجه الحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ١/٢٦١، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ١/٢٩١، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/٣٦، الرقم:٢٢٢٤، والسيوطي في الحاوي للفتاوى: ٦٥٠.

الحديث رقم ١٢٥: أخرجه الحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ٢/ ٩٧، والعسقلاني في الإصابة، ٦/٥٥٠.

Marfat.com

السَّمَاءِ حَتَّى قَامَ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ: كَيْفَ أَنْتَ يَا هِلَالُ؟ فَقَالَ: بِخَيْرٍ يَا رَسُوْلَ اللهِ، جَعَلَكَ اللهُ بِخَيْرٍ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ادْعُ لَنَا يَا هِلَالُ، وَاسْتَغْفِرْ لَنَا. فَقَالَ: رَضِيَ اللهُ عَنْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَغَفَرَلَكَ. فَقَالَ أَبُوالدَّرْدَاءِ: فَقُلْتُ لَهُ: اسْتَغْفِرْ لِي يَا هِلَالُ، فَأَعْرَضَ عَنِّي ثُمَّ عَاوَدْتُهُ الثَّانِيَةَ فَأَقْبَلَ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ ثُمَّ قَالَ: أَرَاضٍ أَنْتَ عَنْهُ يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: رَضِيَ اللهُ عَنْكَ وَغَفَرَلَكَ ثُمَّ خَرَجَ وَهُوَ رَامٍ بِطَرَفِهِ إِلَى السَّمَاءِ. فَقَالَ أَبُوالدَّرْدَاءِ: لَقَدْ رَأَيْتُ عَجَبًا يَا رَسُوْلَ اللهِ، لَقَدْ أَقْبَلَ وَهُوَ رَامٍ بِطَرَفِهِ إِلَى السَّمَاءِ وَمَا يَقْلَعُ ثُمَّ خَرَجَ وَهُوَ عَلَى ذَلِكَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : لَئِنْ قُلْتَ ذَاكَ إِنَّ قَلْبَهُ لَمُعَلَّقٌ بِالْعَرْشِ أَمَا أَنَّهُ لَمْ يَبْقَ فِيْكُمْ أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فَأَحْصَيْتُ الْأَيَّامَ فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ وَصَلَّى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ الْفَجْرَ خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ وَنَحْنُ مَعَهُ فَخَرَجَ يَؤُمُّ دَارَ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ ﷺ فَلَقِيَ الْمُغِيْرَةَ خَارِجًا مِنْ دَارِهِ فَقَالَ لَهُ: آجَرَكَ اللهُ يَا مُغِيْرَةُ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَا مَاتَ فِي دَارِنَا اللَّيْلَةَ أَحَدٌ قَالَ: بَلَى تُوُفِّيَ هِلَالٌ فَالْتَمَسَهُ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَوَجَدَهُ فِي نَاحِيَةِ الدَّارِ فِي اصْطَبَلٍ لَهُ خَارًا عَلَى وَجْهِهِ سَاجِدًا مَيِّتًا فَأَمَرَ أَصْحَابَهُ فَاحْتَمَلُوهُ فَوَلِّيَ أَمْرَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِنَفْسِهِ حَتَّى دُفِنَ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى أَبِي الدَّرْدَاءِ فَقَالَ: يَا أَبَا الدَّرْدَاءِ، أَمَا إِنَّهُ أَحَدُ السَّبْعَةِ الَّذِيْنَ بِهِمْ كَانَتْ تَقُوْمُ الْأَرْضُ وَبِهِمْ كُنْتُمْ تُسْتَسْقَوْنَ الْمَطَرَ بَلْ هُوَ خَيْرُهُمْ.

رَوَاهُ الْحَكِيْمُ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابودرداء ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی معیت میں

Marfat.com

مسجد میں تھا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اس دروازہ سے اہلِ جنت میں سے ایک آدمی داخل ہوگا اور (یہ فرما کر) حضور نبی اکرم ﷺ نماز کے لیے کھڑے ہو گئے۔ پس میں اس دروازے سے باہر نکلا اور تھوڑا سا چلا۔ میں نے (ادھر ادھر) دیکھا کہ آیا میں دیکھوں کہ کوئی (اس طرف آتے ہوئے) نظر آ رہا ہے یا نہیں؟ مگر میں نے کسی کو نہ دیکھا پھر میں (دوبارہ) اس دروازے سے داخل ہو کر حضور نبی اکرم ﷺ کے قریب ہو کر بیٹھ گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابو درداء! تم وہ آدمی نہیں ہو، پھر (اسی دوران) ایک حبشی شخص آیا اور وہ اسی دروازہ سے داخل ہوا اس نے اونی جبہ جو تھوڑا بہت گندمی رنگ کا تھا زیب تن کیا ہوا تھا اور وہ ٹکٹکی باندھ کر آسمان کی طرف دیکھ رہا تھا یہاں تک کہ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ہلال! تم کیسے ہو؟ اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں خیریت سے ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو خیریت سے رکھے اور آپ کے ذریعے (اُمت کی) مغفرت فرمائے۔ حضرت ابودرداء ﷺ بیان کرتے ہیں: میں نے اس سے کہا: اے ہلال! میرے لیے بھی مغفرت کی دعا کرو تو اس نے مجھ سے منہ موڑ لیا، میں نے دوبارہ اسے یہی کہا تو اس نے حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف مڑ کر عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا آپ اس سے راضی ہیں؟ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں میں راضی ہوں۔ تو اس نے کہا: اللہ تعالیٰ تجھ سے راضی ہو اور تمہاری مغفرت کرے۔ پھر وہ آسمان کی طرف تکتے ہوئے باہر چلا گیا۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے یہ ایک عجیب چیز دیکھی ہے۔ جب وہ شخص آیا تو اس وقت آسمان کی طرف دیکھ رہا تھا اور مسلسل دیکھے جا رہا تھا پھر وہ باہر نکلا تو وہ بالکل اسی حالت میں تھا؟ یہ سن کر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یقیناً تو ایسا کہہ سکتا ہے کہ اس کا دل عرشِ الٰہی کے ساتھ معلق ہے اور وہ تم میں تین دن سے زیادہ نہیں رہے گا۔ پس میں نے دن گننا شروع کر دیئے۔ تیسرے دن حضور نبی اکرم ﷺ نے فجر کی نماز ادا فرمائی اور ہم آپ ﷺ کے ساتھ تھے۔ آپ ﷺ مسجد سے باہر تشریف لائے اور حضرت مغیرہ بن شعبہ ﷺ کے گھر کا قصد کیا۔ آپ ﷺ کی حضرت مغیرہ بن شعبہ ﷺ سے ان کے گھر کے باہر ہی ملاقات ہو گئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے مغیرہ! اللہ تعالیٰ تجھے اجر عطا فرمائے۔ حضرت مغیرہ ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمارے گھر آج رات کوئی بھی فوت نہیں ہوا، آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں نہیں، ہلال فوت ہوا ہے۔ یہ سن کر حضرت مغیرہ ﷺ نے حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مل کر اسے تلاش کرنا شروع کیا تو اسے اپنے گھر کے ایک کونے میں اصطبل میں پایا۔ (وہاں وہ) اپنے منہ کے بل حالتِ سجدہ میں فوت پڑے

Marfat.com

تھے۔ آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کرام ﷺ کو حکم دیا تو انہوں نے اسے اٹھا لیا اور اس کی تجہیز و تکفین کا ذمہ خود حضور نبی اکرم ﷺ نے اٹھایا یہاں تک کہ اسے دفن کر دیا گیا۔ پھر حضور نبی اکرم ﷺ حضرت ابودرداء ﷺ کی طرف بڑھے اور فرمایا: اے ابا درداء! بے شک یہ شخص ان سات (ابدالوں) میں سے ہے جن کے ذریعے یہ زمین قائم ہے اور جن کے ذریعے تم پر بارش برسائی جاتی ہے بلکہ یہ آدمی ان سات میں سب سے افضل ہے۔"

اس حدیث کو حکیم ترمذی نے روایت کیا ہے۔

١٠٢٢/١٢٦۔ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ ﷺ قَالَ : اَلْأَبْدَالُ بِالشَّامِ وَهُمْ ثَلَاثُوْنَ رَجُلًا عَلَى مِنْهَاجِ إِبْرَاهِيْمَ عليه السلام كُلَّمَا مَاتَ رَجُلٌ أَبْدَلَ اللّٰهُ مَكَانَهُ آخَرَ فَالْعُصَبُ بِالْعَرَاقِ أَرْبَعُوْنَ رَجُلًا كُلَّمَا مَاتَ رَجُلٌ أَبْدَلَ اللّٰهُ مَكَانَهُ آخَرَ عِشْرُوْنَ مِنْهُمْ عَلَى اجْتِهَادِ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ عليه السلام وَعِشْرُوْنَ مِنْهُمْ قَدْ أُوْتُوْا مَزَامِيْرَ آلِ دَاوُدَ وَالْعُصَبُ رِجَالٌ تُشْبِهُ الْأَبْدَالَ. رَوَاهُ الْحَكِيْمُ التِّرْمِذِيُّ.

"حضرت حذیفہ بن یمان ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ابدال اہلِ شام میں سے ہیں۔ وہ تیس مرد ہیں اور وہ حضرت ابراہیم عليه السلام کے طریقہ پر ہیں ان میں سے جب کبھی کوئی شخص فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ کسی اور کو بدل دیتا ہے اور عصب عراق میں چالیس مرد ہیں۔ ان میں سے جب کوئی فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ کسی اور کو بدل دیتا ہے۔ ان میں سے بیس حضرت عیسٰی بن مریم علیہما السلام کے اجتہاد پر ہیں اور ان میں سے بیس کو آلِ داود عليه السلام کے مزامیر عطا ہوئے ہیں اور عصب ایسے لوگ ہیں جو ابدال کے مشابہ ہیں۔"

اسے حکیم ترمذی نے روایت کیا ہے۔

١٠٢٣/١٢٧۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ ﷺ قَالَ: إِنَّ الْأَنْبِيَاءَ عليهم السلام

الحديث رقم ١٢٦: أخرجه الحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ١/٢٦٣، والسيوطي في الحاوي للفتاوى: ٦٥١.

الحديث رقم ١٢٧: أخرجه الحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ١/٢٦٢.

Marfat.com

كَانُوْا أَوْتَادَ الْأَرْضِ فَلَمَّا انْقَطَعَتِ النُّبُوَّةُ أَبْدَلَ اللهُ تَعَالَى مَكَانَهُمْ قَوْمًا مِنْ أُمَّةِ أَحْمَدَ يُقَالُ لَهُمُ الْأَبْدَالُ لَمْ يُفَضِّلُوا النَّاسَ بِكَثْرَةِ صَوْمٍ وَلَا صَلَاةٍ وَلَا تَسْبِيْحٍ وَلَكِنْ بِحُسْنِ الْخُلُقِ وَبِصِدْقِ الْوَرَعِ وَحُسْنِ النِّيَّةِ وَسَلَامَةِ قُلُوْبِهِمْ لِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ وَالنَّصِيْحَةِ لِلّٰهِ تَعَالَى ابْتَغَاءَ مَرْضَاتِهِ بِصَبْرٍ وَحِلْمٍ وَلُبٍّ وَتَوَاضُعٍ مُذِلَّةٍ فَهُمْ خُلَفَاءُ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ قَوْمٌ اصْطَفَاهُمُ اللهُ تَعَالَى لِنَفْسِهِ وَاسْتَخْلَصَهُمْ بِعِلْمِهِ لِنَفْسِهِ وَهُمْ أَرْبَعُوْنَ صِدِّيْقًا مِنْهُمْ ثَلَاثُوْنَ رَجُلًا عَلَى مِثْلِ يَقِيْنِ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ الرَّحْمٰنِ عليه السلام بِهِمْ تُدْفَعُ الْمَكَارِهُ عَنْ أَهْلِ الْأَرْضِ وَالْبَلَايَا عَنِ النَّاسِ وَبِهِمْ يُمْطَرُوْنَ وَبِهِمْ يُرْزَقُوْنَ لَا يَمُوْتُ الرَّجُلُ مِنْهُمْ أَبَدًا حَتَّى يَكُوْنَ اللهُ تَعَالَى قَدْ أَنْشَأَ مَنْ يَخْلِفُهُ وَلَا يُعْلِنُوْنَ شَيْئًا وَلَا يُؤْذُوْنَ مَنْ تَحْتَهُمْ وَلَا يَتَطَاوَلُوْنَ عَلَيْهِمْ وَلَا يَحْقِرُوْنَهُمْ وَلَا يَحْسُدُوْنَ مَنْ فَوْقَهُمْ وَلَا يَحْرِصُوْنَ عَلَى الدُّنْيَا لَيْسُوْا بِمُتَمَاوِتِيْنَ وَلَا مُتَكَبِّرِيْنَ وَلَا مُتَخَشِّعِيْنَ أَطْيَبُ النَّاسِ خَبَرًا وَأَوْرَعُهُمْ أَنْفُسًا. طَبِيْعَتُهُمُ السَّخَاءُ وَصِفَتُهُمُ السَّلَامَةُ مِنْ دَعْوَى النَّاسِ قَبْلَهُمْ لَا تَتَفَرَّقُ صِفَتُهُمْ لَيْسُوا الْيَوْمَ فِي حَالِ خَشِيَّةٍ وَغَدًا فِي حَالِ غَفْلَةٍ وَلَكِنْ مُدَاوِمِيْنَ عَلَى حَالِهِمْ وَهُمْ فِيْمَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ رَبِّهِمْ لَا تَتَدَرَّكُهُمُ الرِّيْحُ الْعَاصِفُ وَلَا الْخَيْلُ الْمُجْرَاةُ قُلُوْبُهُمْ تَصْعَدُ فِي السَّمَاءِ ارْتِيَاحًا إِلَى اللهِ تَعَالَى وَاشْتِيَاقًا إِلَيْهِ قَدَمًا فِي اشْتِيَاقِ الْخَيْرَاتِ أُوْلَئِكَ حِزْبُ اللهِ: ﴿أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾. [المجادلة، ٥٨: ٢٢]. رَوَاهُ الْحَكِيْمُ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابودرداء ﷺ بیان کرتے ہیں کہ بے شک انبیاء علیہم السلام اس زمین کے اوتاد تھے۔ پس جب نبوت کا اختتام ہوگیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کی جگہ حضور نبی اکرم ﷺ کی اُمت میں سے بعض ایسے لوگوں کو مقرر کیا جنہیں ابدال کہا جاتا ہے اور جو لوگوں کو کثرتِ نماز،

Marfat.com

روزہ اور تسبیح کی بناء پر فضیلت نہیں دیتے بلکہ مسلمانوں کو حسنِ خُلق، صدق و ورع، حسنِ نیت اور سلامتِ قلوب کی بناء پر فضیلت دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے لیے اس کی رضا طلب کرتے ہوئے صبر و حلم اور عقل و تواضع کے ساتھ لوگوں کے لئے خیر خواہ ہوتے ہیں۔ پس وہ انبیاءِ کرام علیہم السلام کے خلفاء ہیں وہ ایسے لوگ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے لیے چن لیا ہے۔ انہیں اپنے علم کے ساتھ اپنے لئے خاص کر لیا ہے اور وہ چالیس صدیق ہیں۔ ان میں سے تیس حضرت ابراہیم خلیل الرحمٰن علیہ السلام کے یقین کے مثل ہیں اور ان کے ذریعے اہلِ زمین سے مصائب اور لوگوں سے آزمائشوں کو ہٹایا جاتا ہے، انہی کے ذریعے بارش برسائی جاتی ہے اور انہی کے ذریعے لوگوں کو رزق دیا جاتا ہے، جب ان میں سے کوئی آدمی فوت ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا نائب پیدا کر دیتا ہے اور وہ (اپنے مقام و مرتبہ کا) کھلے عام اِعلان نہیں کرتے، نہ اپنے ماتحت کو تکلیف دیتے ہیں اور نہ ہی ان پر ظلم و زیادتی کرتے ہیں اور نہ انہیں حقیر جانتے ہیں اور نہ ہی اپنے سے بلند رتبہ پر حسد کرتے ہیں اور نہ ہی دنیا کے لئے حریص ہیں، نہ وہ عبادت میں غفلت کرنے والے اور نہ ہی تکبر کرنے والے اور نہ ہی خوامخواہ عاجزی کا اظہار کرنے والے ہیں۔ صبر کے اعتبار سے تمام لوگوں سے پاکیزہ اور تمام لوگوں سے زیادہ متقی و پرہیزگار ہوتے ہیں، ان کی طبیعت میں سخاوت ہے اور ان کا وصف اپنے سے پہلے لوگوں کے دعووں سے محفوظ ہوتا ہے اور ان کے یہ اوصاف کبھی ختم نہیں ہوتے۔ ایسا نہیں ہوتا کہ آج وہ خشیت کی حالت میں ہوں اور کل حالتِ غفلت میں ہوں بلکہ وہ اپنے حال پر استقامت رکھتے ہیں۔ انہیں تیز چلنے والی آندھی اور تیز رفتار گھوڑے بھی نہیں پا سکتے۔ ان کے دل آسمانوں کی طرف اللہ تعالیٰ کے شوقِ (ملاقات) میں سکون پاتے ہوئے بلند ہوتے ہیں اور یہی لوگ اللہ تعالیٰ کی جماعت میں سے ہیں: ”بیشک اللہ (والوں) کی جماعت ہی مراد پانے والی ہے۔“ [المجادلہ، ٥٨: ٢٢]۔ اسے حکیم ترمذی نے روایت کیا ہے۔

١٠٢٤/١٢٨۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: ثَلَاثٌ، مَنْ كُنَّ فِيْهِ فَهُوَ مِنَ الْأَبْدَالِ الَّذِيْنَ بِهِمْ قِوَامُ الدُّنْيَا وَأَهْلَهَا: اَلرِّضَاءُ بِالْقَضَاءِ، وَالصَّبْرُ عَنْ مَحَارِمِ اللهِ وَالْغَضَبُ فِي ذَاتِ اللهِ عزوجل.

رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

الحديث رقم ١٢٨: أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، ٢/٨٤، الرقم: ٢٤٥٧.

Marfat.com

''حضرت معاذ بن جبل ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں ایسی ہیں کہ جس میں پائی جائیں وہ ان ابدال میں سے ہو جاتا ہے جن کے تصدّق سے دنیا اور اہلِ دنیا قائم ہیں (اور وہ تین چیزیں یہ ہیں): اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنا، اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیزوں سے بچنا اور اللہ ﷻ کی ذات کی خاطر کسی پر غضبناک ہونا۔''

اسے امام دیلمی نے بیان کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِيمَا أَعَدَّهُ اللّٰهُ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ لِعِبَادِهِ الصَّالِحِيْنَ

﴿صالحین کیلئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے تیار کردہ تسکینِ چشم و جاں کا بیان﴾

١٢٩/١٠٢٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: قَالَ اللّٰهُ ﷻ: أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ: مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ فَاقْرَؤُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ [السجدة، ٣٢: ١٧].

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ ﷻ کا فرمان ہے: میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے ایسی نعمتیں تیار کی ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے، نہ کسی کان نے سنا ہے اور نہ کسی فردِ بشر کے دل میں ان کا خیال آیا ہے۔ چاہتے ہو تو پڑھو: ''سو کسی کو معلوم نہیں جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لئے پوشیدہ رکھی گئی ہے، یہ ان (اعمالِ صالحہ) کا بدلہ ہوگا جو وہ کرتے رہے تھے۔'' [السجدہ، ٣٢: ١٧]۔ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

الحديث رقم ١٢٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: بدء الخلق، باب: ما جاء فی صفة الجنة وأنها مخلوقة، ٣/١١٨٥، الرقم: ٣٠٧٢، وفی كتاب: التفسير/السجدة، باب: قوله: فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ: [١٧]، ٤/١٧٩٤، الرقم: ٤٥٠١۔ ٤٥٠٢، وفی كتاب: التوحيد، باب: قوله تعالى: يُرِيْدُوْنَ أَنْ يُبَدِّلُوْا كَلَامَ اللّٰهِ: [الفتح: ١٥]، ٦/٢٧٢٣، الرقم: ٧٠٥٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الجنة وصفة نعيمها، باب: (٥١)، ٤/١٢٧٤۔٢١٧٥، الرقم: ٢٨٢٤، والترمذی فی السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة السجدة، ٥/٣٤٦، الرقم: ٣١٩٧، وفی باب: ومن سورة الواقعة، ٥/٤٠٠، الرقم: ٣٢٩٢، وقال أبو عيسى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة الجنة، ٢/١٤٤٧، الرقم: ٤٣٢٨، والنسائی فی السنن الكبرى، ٦/٣١٧، الرقم: ١١٠٨٥۔

Marfat.com

١٠٢٦/ ١٣٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ ﷻ يَقُوْلُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ. فَيَقُوْلُوْنَ: لَبَّيْکَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْکَ، وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْکَ. فَيَقُوْلُ: هَلْ رَضِيْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: وَمَا لَنَا لَا نَرْضَى يَا رَبِّ، وَقَدْ أَعْطَيْتَنَا مَا لَمْ تُعْطِ أَحَدًا مِنْ خَلْقِکَ. فَيَقُوْلُ: أَلَا أُعْطِيْکُمْ أَفْضَلَ مِنْ ذَلِکَ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: يَا رَبِّ، وَأَيُّ شَيْءٍ أَفْضَلُ مِنْ ذَلِکَ؟ فَيَقُوْلُ: أُحِلُّ عَلَيْکُمْ رِضْوَانِي؟ فَلَا أَسْخَطُ عَلَيْکُمْ بَعْدَهُ أَبَدًا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ ﷻ جنتیوں سے فرمائیں گے: اے جنتیو! وہ عرض کریں گے: ''اے ہمارے پروردگار! ہم تیرے حکم کے سامنے بار بار سرِ تسلیم خم کر کے دوہری سعادت چاہتے ہیں۔ ہر قسم کی بھلائی تیرے اختیار میں ہے۔'' اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تم خوش ہو؟ وہ عرض کریں گے: اے رب! ہم خوش کیوں نہ ہوں تُو نے ہمیں وہ کچھ عطا کیا ہے جو مخلوق میں سے کسی کو عطا نہیں کیا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا میں تمہیں اس سے بہتر شے نہ عطا کروں؟ وہ عرض کریں گے: اس سے بہتر کیا ہوسکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے اپنی رضا وخوشنودی تمہیں دے دی۔ آج کے بعد میں تم سے کبھی ناراض نہیں ہوں گا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

الحديث رقم ١٣٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: صفة الجنة والنار، ٥/ ٢٣٩٨، الرقم: ٦١٨٣، وفی كتاب: التوحيد، باب: كلام الربّ مع أهل الجنة، ٦/ ٢٧٣٢، الرقم: ٧٠٨٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الجنة وصفة نعيمها، باب: إحلال الرضوان على أهل الجنة، ٤/ ٢١٧٦، الرقم: ٢٨٢٩، والترمذي فی السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: (١٨)، ٤/ ٦٨٩، الرقم: ٢٥٥٥، والنسائی فی السنن الكبرى، ٤/ ٤١٦، الرقم: ٧٧٤٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/ ٨٨، الرقم: ١١٨٥٣، وابن حبان فی الصحيح، ١٦/ ٤٧٠، الرقم: ٧٤٤٠.

Marfat.com

١٠٢٧/١٣١۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَسُوْقًا يَأْتُوْنَهَا كُلَّ جُمُعَةٍ فَتَهُبُّ رِيْحُ الشِّمَالِ فَتَحْثُوْ فِي وُجُوْهِهِمْ وَثِيَابِهِمْ. فَيَزْدَادُوْنَ حُسْنًا وَجَمَالًا، فَيَرْجِعُوْنَ إِلَى أَهْلِيْهِمْ وَقَدِ ازْدَادُوْا حُسْنًا وَجَمَالًا. فَيَقُوْلُ لَهُمْ أَهْلُوْهُمْ: وَاللهِ، لَقَدِ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا. فَيَقُوْلُوْنَ: وَأَنْتُمْ وَاللهِ، لَقَدِ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالدَّارِمِيُّ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک ایسا بازار ہے جس میں لوگ ہر جمعہ کے روز آئیں گے، شمالی جانب سے ہوا چلے گی اور ان کے کپڑوں اور چہروں پر لگے گی جس سے ان کا حسن و جمال بڑھ جائے گا۔ جب وہ اپنے گھر والوں کے پاس واپس جائیں گے تو ان کا حسن و جمال بڑھا ہوا دیکھ کر وہ کہیں گے۔ اللہ کی قسم! ہم سے دور جا کر تمہارا حسن و جمال بڑھ گیا ہے اور یہ ان سے کہیں گے کہ اللہ رب العزت کی قسم! ہمارے بعد تمہارا بھی حسن و جمال بڑھ گیا ہے۔''

اسے امام مسلم اور دارمی نے روایت کیا ہے۔

١٠٢٨/١٣٢۔ عَنْ صُهَيْبٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَقُوْلُ اللهُ ﷻ: تُرِيْدُوْنَ شَيْئًا أَزِيْدُكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ:

الحديث رقم ١٣١: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: صفة الجنة ونعيمها، باب: فى سوق الجنّة وما ينالون فيها من النعيم والجمال، ٤/٢١٧٨، الرقم: ٢٨٣٣، والدارمى فى السنن، ٢/٤٣٦، الرقم: ٢٨٤١، وابن المبارك فى الزهد، ١/٥٢٤، الرقم: ١٤٩١، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ٤/٣٠١، الرقم: ٥٧٢٧۔

الحديث رقم ١٣٢: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: إثبات رؤية المؤمنين فى الآخرة ربهم، ١/١٦٣، الرقم: ١٨١، والترمذي فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة يونس، ٥/٢٨٦، الرقم: ٣١٠٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٣٣٢، وعبد الله بن أحمد فى السنة، ١/٢٤٥، الرقم: ٤٤٩، والمنذرى فى الترغيب و الترهيب، ٤/٣٠٩، الرقم: ٥٧٤٤۔

Marfat.com

أَلَمْ تُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا؟ أَلَمْ تُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَتُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: فَيَكْشِفُ الْحِجَابَ فَمَا أُعْطُوْا شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَى رَبِّهِمْ ﷻ ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الآيَةَ: ﴿لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ﴾ [يونس، ١٠: ٢٦].

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب جنتی جنت میں داخل ہو جائیں گے، اللہ ﷻ فرمائے گا: تم کچھ اور چاہتے ہو تو میں تمہیں دوں؟ وہ عرض کریں گے: (اے رب) کیا تو نے ہمارے چہرے منور نہیں فرما دیئے؟ کیا تو نے ہمیں جنت میں داخل نہیں فرما دیا اور دوزخ سے نجات عطا نہیں فرمائی؟ فرمایا: اس کے بعد اللہ تعالیٰ پردہ اٹھا دے گا (اور انہیں اپنے دیدار سے مشرف فرمائے گا۔)۔ پس انہیں اپنے پروردگار کے دیدار سے بہتر کوئی چیز نہیں ملی ہو گی۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''ایسے لوگوں کے لئے جو نیک کام کرتے ہیں نیک جزا ہے بلکہ (اس پر) اضافہ بھی ہے۔'' [یونس، ١٠: ٢٦]۔

اسے امام مسلم، ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٠٢٩/١٣٣۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: شَهِدْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ مَجْلِسًا وَصَفَ فِيْهِ الْجَنَّةَ حَتَّى انْتَهَى ثُمَّ قَالَ ﷺ فِي آخِرِ حَدِيْثِهِ فِيْهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ ثُمَّ اقْتَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: ﴿تَتَجَافَى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُوْنَ○ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ○﴾ [السجدة، ٣٢: ١٦-١٧].

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

الحديث رقم ١٣٣: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الجنة وصفة نعيمها وأهلها، ٤/٢١٧٥، الرقم: ٢٨٢٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٣٣٤، الرقم: ٢٢٨٧٧، والروياني في المسند، ٢/٢٠٤، الرقم: ١٠٤٠، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/٣١٣، الرقم: ٥٧٥٢.

Marfat.com

''حضرت سہل بن سعد ساعدی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک مجلس میں موجود تھا جس میں آپ ﷺ نے جنت کی صفت بیان فرمائی، حتی کہ رسول اللہ ﷺ نے اس حدیث کے آخر میں یہ فرمایا: جنت میں ایسی نعمتیں ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا ہے، اور نہ کسی فردِ بشر کے دل میں ان کا خیال آیا ہے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: ''ان کے پہلو اُن کی خوابگاہوں سے جدا رہتے ہیں اور اپنے رب کو خوف اور امید (کی مِلی جُلی کیفیت) سے پکارتے ہیں اور ہمارے عطا کردہ رِزق میں سے (ہماری راہ میں) خرچ کرتے ہیں○ سو کسی کو معلوم نہیں جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لئے پوشیدہ رکھی گئی ہے، یہ ان (اعمالِ صالحہ) کا بدلہ ہوگا جو وہ کرتے رہے۔'' [السجدہ، ۳۲: ۱۶۔۱۷]۔ اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

۱۰۳۰/ ۱۳۴۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ﷺ أَنَّهُ لَقِيَ أَبَا هُرَيْرَةَ ﷺ فَقَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ ﷺ: أَسْأَلُ اللهَ أَنْ يَجْمَعَ بَيْنِي وَبَيْنَکَ فِي سُوْقِ الْجَنَّةِ، فَقَالَ سَعِيْدٌ: أَوَ فِيْهَا سُوْقٌ؟ قَالَ: نَعَمْ أَخْبَرَنِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ إِذَا دَخَلُوْهَا نَزَلُوْا فِيْهَا بِفَضْلِ أَعْمَالِهِمْ، فَيُؤْذَنُ لَهُمْ فِي مِقْدَارِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ أَيَّامِ الدُّنْيَا فَيَزُوْرُوْنَ رَبَّهُمْ، وَيُبْرِزُ لَهُمْ عَرْشَهُ.

قَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ ﷺ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَهَلْ نَرَى رَبَّنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، هَلْ تَتَمَارَوْنَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ قُلْنَا: لَا، قَالَ: كَذَلِکَ لَا تَتَمَارَوْنَ فِي رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ ﷻ وَلَا يَبْقَى فِي ذَلِکَ الْمَجْلِسِ رَجُلٌ إِلَّا حَاضَرَهُ اللهُ مُحَاضَرَةً...

ثُمَّ نَنْصَرِفُ إِلَى مَنَازِلِنَا، فَيَتَلَقَّانَا أَزْوَاجُنَا فَيَقُلْنَ: مَرْحَبًا وَأَهْلًا

الحديث رقم ۱۳۴: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في سوق الجنة، ۴/ ۶۸۵، الرقم: ۲۵۴۹، وابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة الجنة، ۲/ ۱۴۵۰، الرقم: ۴۳۳۶، وابن حبان في الصحيح، ۱۶/ ۴۶۴-۴۶۷، الرقم: ۷۴۳۷، وابن أبي عاصم في السنة، ۱/ ۲۵۸، الرقم: ۵۸۵-۵۸۶، والمنذري في الترغيب والترهيب، ۴/ ۳۰۱، الرقم: ۵۷۲۸۔

Marfat.com

لَقَدْ جِئْتَ وَإِنَّ بِكَ مِنَ الْجَمَالِ وَالطِّيْبِ أَفْضَلُ مِمَّا فَارَقْتَنَا عَلَيْهِ، فَيَقُولُ: إِنَّا جَالَسْنَا الْيَوْمَ رَبَّنَا الْجَبَّارَ (عَزَّوَجَلَّ)، وَيَحِقُّ لَنَا أَنْ نَنْقَلِبَ بِمِثْلِ مَا انْقَلَبْنَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت سعید بن مسیّب ﷺ سے روایت ہے کہ ان کی ملاقات حضرت ابوہریرہ ﷺ سے ہوئی تو انہوں نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اور آپ کو جنت کے بازار میں اکٹھا کر دے۔ حضرت سعید کہنے لگے: کیا اس میں کوئی بازار بھی ہے؟ انہوں نے فرمایا: ہاں مجھے حضور نبی اکرم ﷺ نے بتایا ہے کہ جب جنتی جنت میں داخل ہوجائیں گے تو وہ اپنے اعمال کی برتری کے لحاظ سے مراتب حاصل کریں گے۔ دنیا کے جمعہ کے روز کے برابر انہیں اجازت دی جائے گی کہ وہ اللہ تعالیٰ کا دیدار کریں گے۔ اور وہ ان کے لیے اپنا عرش ظاہر کرے گا.....

حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا ہم اپنے پروردگار کا دیدار کریں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، کیا تم سورج اور چودھویں کے چاند کو دیکھنے میں کوئی شک کرتے ہو؟ ہم نے عرض کیا: نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اسی طرح تم اپنے پروردگار کے دیدار میں کوئی شک نہیں کرو گے۔ اس محفل میں کوئی ایسا شخص نہیں ہوگا جس سے اللہ تعالیٰ براہِ راست گفتگو نہ فرمائے.....

انہوں نے کہا: پھر ہم واپس اپنے گھروں میں آجائیں گے۔ ہماری بیویاں ہمارا استقبال کریں گی اور کہیں گی خوش آمدید، خوش آمدید، آپ واپس آئے ہیں تو آپ کا حسن و جمال ہم سے جدا ہوتے وقت سے بڑھ گیا ہے تو وہ جنتی کہے گا: آج ہماری مجلس ہمارے رب جبار ﷻ سے ہوئی ہے۔ ہم اسی (خوبصورت) شکل وصورت میں تبدیل ہونے کے حق دار ہیں۔'' اسے امام ترمذی، ابن ماجہ اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

١٠٣١/١٣٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَقُوْلُ اللهُ ﷻ: أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ،

الحديث رقم ١٣٥: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة الواقعة، ٥/٤٠٠، الرقم: ٣٢٩٢، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٣١٧، الرقم: ١١٠٧٥، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٣٠، الرقم: ٣٣٩٧٤.

Marfat.com

وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ، وَاقْرَأُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُوْنَ﴾ [السجدة، ٣٢:١٧] وَفِي الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَا يَقْطَعُهَا، وَاقْرَأُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ﴾ [الواقعة، ٥٦: ٣٠] وَمَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَاقْرَأُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ﴾. [آل عمران، ٣: ١٨٥].

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں نے اپنے نیکوکار بندوں کے لیے وہ نعمتیں تیار کر رکھی ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے نہ کسی کان نے سنا ہے اور نہ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال گزرا۔ اگر چاہو تو یہ آیت پڑھو: ''سو کسی کو معلوم نہیں جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لئے پوشیدہ رکھی گئی ہے، یہ ان (اعمالِ صالحہ) کا بدلہ ہوگا جو وہ کرتے رہے تھے۔'' [السجدہ، ٣٢: ١٧] جنت میں ایک درخت ہے کہ سوار اس کے سایہ میں ایک سو سال چلے گا تو پھر بھی اسے طے نہیں کر سکے گا۔ اگر چاہو تو یہ آیت پڑھو: ''اور بڑھایا ہوا سایہ'' [الواقعہ، ٥٦: ٣٠] اور جنت میں ایک چابک کے برابر جگہ دنیا و مافیھا سے بہتر ہے اگر چاہو تو یہ آیت پڑھو: ''پس جو کوئی دوزخ سے بچا لیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا وہ واقعۃً کامیاب ہو گیا، اور دنیا کی زندگی دھوکے کے مال کے سوا کچھ بھی نہیں۔'' [آل عمران، ٣: ١٨٥]۔

اس حدیث کو امام ترمذی، نسائی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

١٠٣٢/١٣٦۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی الله عنه قَالَ: مَكْتُوْبٌ فِي

الحديث رقم ١٣٦: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٢/٤٤٨، الرقم: ٣٥٥٠، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٧/٣٤، ١٠٨، الرقم: ٣٤٠٠٣، ٣٤٥٦٨، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/٢٤٦، الرقم: ٩٣٨۔

Marfat.com

التَّوْرَاةِ لَقَدْ أَعَدَّ اللهُ لِلَّذِيْنَ تَتَجَافَى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ مَا لَمْ تَرَ عَيْنٌ، وَلَمْ تَسْمَعْ أُذُنٌ وَلَمْ يَخْطُرْ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ، وَلَا يَعْلَمُهُ مَلَكٌ مُقَرَّبٌ، وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ قَالَ: وَنَحْنُ نَقْرَؤُهَا: ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ [السجدة، ٣٢: ١٧].

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود ﷺ سے مروی ہے کہ تورات میں لکھا ہے: اللہ تعالیٰ نے تہجد گذار بندوں کے لئے ایسی نعمتیں تیار کر رکھی ہیں جو کسی آنکھ نے نہیں دیکھیں، کسی کان نے نہیں سنی، اور کسی انسان کے دل میں ان کا خیال (تک) نہیں آیا، نہ ہی انہیں کوئی مقرب فرشتہ جانتا ہے اور نہ ہی کوئی نبی مرسل۔ حضرت ابن مسعود ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم بھی قرآن پاک میں اس (مفہوم) کے ہم معنی آیت تلاوت کرتے ہیں: ''سو کسی کو معلوم نہیں جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لئے پوشیدہ رکھی گئی ہے، یہ ان (اعمالِ صالحہ) کا بدلہ ہو گا جو وہ کرتے رہے تھے۔'' [السجدہ، ۳۲: ۱۷]

اسے امام حاکم اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاِسناد ہے۔

١٠٣٣/١٣٧۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ ﷻ أَحَاطَ حَائِطَ الْجَنَّةِ لَبِنَةً مِنْ ذَهَبٍ وَلَبِنَةً مِنْ فِضَّةٍ ثُمَّ

الحديث رقم ١٣٧: أخرجه البزار فى المسند، ٤/١٨٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٣٦٢، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٣/٧٤، الرقم: ٢٥٣٢، والحميدى مختصرا فى المسند، ٢/٤٨٦، الرقم: ١١٥٠، والديلمى فى مسند الفردوس، ١/١٧٨، الرقم: ٦٦٤، ٢/١١٥، الرقم: ٢٦٠٥، وابن المبارك فى الزهد، ١/٥١٢، الرقم: ١٤٥٧، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/٢٨٢، الرقم: ٥٦٥٠، وقال: أخرجه البيهقى.

Marfat.com

شَقَّقَ فِيهَا الأَنْهَارَ وَغَرَسَ الْأَشْجَارَ فَلَمَّا نَظَرَتِ الْمَلَائِكَةُ إِلَى حُسْنِهَا قَالَتْ: طُوْبَى لَكِ مَنَازِلَ الْمُلُوْكِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَزَّارُ وَأَحْمَدُ مُخْتَصَرًا.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ ﷻ نے جنت کی بیرونی دیوار اس طرح بنائی ہے کہ اس کی ایک اینٹ سونے کی ہے اور ایک چاندی کی۔ پھر اس میں نہریں چلائیں اور درخت لگائے۔ جب فرشتوں نے اس کی خوب صورتی کو دیکھا تو انہوں نے کہا: اے (روحانیت اور ولایت کے) بادشاہوں کی جائے قرار! تجھے مبارک ہو۔'' اسے امام طبرانی اور بزار نے اور احمد نے مختصراً روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي فَضْلِ الْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْبَهُ لَهُمْ

﴿اللہ تعالیٰ کے گمنام اولیاء اور صالح بندوں کی فضیلت کا بیان﴾

١٠٣٤/١٣٨۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ أَنَّ الرُّبَيِّعَ، وَهِيَ ابْنَةُ النَّضْرِ، كَسَرَتْ ثَنِيَّةَ جَارِيَةٍ، فَطَلَبُوا الْأَرْشَ وَطَلَبُوا الْعَفْوَ فَأَبَوْا، فَأَتَوُا النَّبِيَّ ﷺ فَأَمَرَهُمْ بِالْقِصَاصِ، فَقَالَ أَنَسُ بْنُ النَّضْرِ: أَتُكْسَرُ ثَنِيَّةَ الرُّبَيِّعِ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا تُكْسَرُ ثَنِيَّتُهَا، فَقَالَ: يَا أَنَسُ، كِتَابُ اللهِ الْقِصَاصُ. فَرَضِيَ الْقَوْمُ وَعَفَوْا فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللهِ مَنْ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس ﷺ سے مروی ہے کہ حضرت رُبیّع بنت نضر نے ایک لڑکی کے سامنے

الحديث رقم ١٣٨: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: الصلح، باب: الصلح فى الدية، ٢/٩٦١، الرقم: ٢٥٥٦، وفى كتاب: الجهاد، باب: قول الله تعالى: مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيْلًا، [الأحزاب: ٢٣]، ٣/١٠٣٢، الرقم: ٢٦٥١، وفى كتاب: التفسير/ البقرة، باب: قوله: يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى الْحُرُّ بِالْحُرِّ۔ إِلى قَوْلِهِ: عَذَابٌ أَلِيْمٌ۔ [البقرة: ١٧٨]، ٤/١٦٣٦۔ ١٣٣٧، الرقم: ٤٢٣٩۔ ٤٢٣٠، وفى كتاب: التفسير/المائدة، باب: وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ [المائدة:٤٥]، ٤/١٦٨٥، الرقم: ٤٣٣٥، وفى كتاب: الديات: باب: السِّنَّ بِالسِّنِّ [المائدة: ٤٥]، ٦/٢٥٢٦، الرقم: ٦٤٩٩، ومسلم فى الصحيح، كتاب: القسامة والمحاربين والقصاص والديات، باب: إثبات القصاص فى الإسنان وما فى معناها، ٣/١٣٠٢، الرقم:١٦٧٥، وأبوداود فى السنن، كتاب: الديات، باب: القصاص من السنّ، ٤/١٩٧، الرقم: ٤٥٩٥، والنسائى فى السنن، كتاب: القسامة، باب: القصاص من الثنية، ٨/٢٧، الرقم: ٤٧٥٦۔ ٤٧٥٧، وفي السنن الكبرى، ٤/٢٢٣، الرقم: ٦٩٥٩، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الديات، باب: القصاص فى السنّ، ٢/٨٨٤، الرقم: ٢٦٤٩۔

Marfat.com

والے دو دانت توڑ دیئے تو اس کے ورثاء نے دیت کا مطالبہ کر دیا۔ یہ (یعنی حضرت رُبیع کے ورثاء) معافی کے خواستگار ہوئے تو انہوں نے انکار کر دیا۔ (ابھی سزا پر عمل درآمد نہیں ہوا تھا کہ) وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے قصاص کا حکم دیا۔ حضرت انس بن نضر نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا رُبیّع کے سامنے کے دانت توڑے جائیں گے؟ نہیں، قسم اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا! اس کے دانت نہیں توڑے جائیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے انس! اللہ تعالیٰ کی کتاب قصاص کا حکم دیتی ہے۔ (جس پر وہ خاموش ہو گئے۔ کچھ دنوں بعد) وہ لوگ (یعنی مدعی) راضی ہو گئے اور انہوں نے (ربیع کو) معاف کر دیا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے وہ بھی ہیں کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر قسم کھا لیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم کو ضرور پورا فرما دیتا ہے۔"

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١٠٣٥/١٣٩۔ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِيِّ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ ضَعِيْفٍ مُتَضَعَّفٍ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

"حضرت حارثہ بن وہب خزاعی ﷺ کا بیان ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: کیا میں تمہیں اہلِ جنت کی پہچان نہ بتاؤں؟ ہر کمزور اور حقیر سمجھا جانے والا شخص، (مگر اس کا اللہ تعالیٰ کے ہاں یہ مقام ہوتا ہے کہ) اگر وہ اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر قسم کھا

الحديث رقم ١٣٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: تفسير القرآن، باب: عتل بعد ذلك زنيم، ٤/١٨٧٠، الرقم: ٤٦٣٤، وفي كتاب: الأدب، باب: الكبر، ٥/٢٢٥٥، الرقم: ٥٧٢٣، وفي كتاب: الأيمان والنذور، باب: قول الله تعالى: وأقسموا بالله جهد أيمانهم، ٦/٢٤٥٢، الرقم: ٦٢٨١، ومسلم في الصحيح، كتاب: الجنة وصفة نعيمها وأهلها، باب: النار يدخلها الجبارون والجنة يدخلها الضعفاء، ٤/٢١٩٠، الرقم: ٢٨٥٣، والترمذي في السنن، كتاب: صفة جهنم عن رسول الله ﷺ، باب: (١٣)، ٤/٧١٧، الرقم: ٢٦٠٥، وابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: من لا يؤبه له، ٢/١٣٧٨، الرقم: ٤١١٦.

Marfat.com

بیٹھے تو وہ اسے ضرور سچا کر دیتا ہے۔ کیا میں تمہیں دوزخیوں کی پہچان نہ بتادوں؟ ہر سخت مزاج، جھگڑالو اور مغرور شخص۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے اور مذکورہ الفاظ امام بخاری کے ہیں۔

١٠٣٦/ ١٤٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: رُبَّ أَشْعَثَ مَدْفُوْعٍ بِالْأَبْوَابِ، لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کتنے ایسے لوگ ہوتے ہیں جو پراگندہ حال ہوتے ہیں جنہیں دروازوں (کے باہر) سے ہی دھتکار دیا جاتا ہے (مگر اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کا یہ مقام ہوتا ہے کہ) اگر وہ کسی معاملے میں اللہ تعالیٰ کی قسم کھالیں تو وہ اسے ضرور پورا فرما دیتا ہے۔'' اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

١٠٣٧/ ١٤١۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ الْخَفِيَّ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت سعد بن ابی وقاص ﷺ نے فرمایا: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے اس بندے سے محبت رکھتا ہے جو متقی، مستغنی ہو اور گوشہ نشین ہو۔'' اس حدیث کو امام مسلم، احمد اور ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٤٠: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: البر والصلة والأداب، باب: فضل الضعفاء والخاملين، ٤/ ٢٠٢٤، الرقم: ٢٦٢٢، وفى كتاب: الجنة وصفة نعيمها وأهلها، باب: النار يدخلها الجبارون والجنة يدخلها الضعفاء، ٤/ ٢١٩١، الرقم: ٢٨٥٤، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٧/ ٣٣١، الرقم: ١٠٤٨٢، وابن رجب فى جامع العلوم والحكم، ١٠/ ١٠٥، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/ ٧٣، الرقم: ٤٨٤٩۔

الحديث رقم ١٤١: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الزهد والرقائق، باب: (١)، ٤/ ٢٢٧٧، الرقم: ٢٩٦٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/ ١٦٨، الرقم: ١٤٤١، وأبو يعلى في المسند، ٢/ ٨٥، الرقم: ٧٣٧، والدورقي في مسند السعد، ١/ ٤٩، الرقم: ١٨، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/ ٢٩٧، الرقم: ١٠٣٧٠، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٣/ ٢٩٥، الرقم: ٤١٣٧۔

Marfat.com

١٠٣٨/١٤٢۔ عَنْ ثَوْبَانَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: حَوْضِي مِنْ عَدَنَ إِلَى عَمَّانَ الْبَلْقَاءِ مَاؤُهُ أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ وَأَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ وَأَكَاوِيْبُهُ عَدَدُ نُجُوْمِ السَّمَاءِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ شَرْبَةً لَمْ يَظْمَأْ بَعْدَهَا أَبَدًا أَوَّلُ النَّاسِ وُرُوْدًا عَلَيْهِ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ (وفي رواية: أَوَّلُ مَنْ يَرِدُ عَلَيَّ فُقَرَاءُ أُمَّتِي) الشُّعْثُ رُءُوْسًا الدُّنُسُ ثِيَابًا الَّذِيْنَ لَا يَنْكِحُوْنَ الْمُتَنَعِّمَاتِ وَلَا تُفْتَحُ لَهُمُ السُّدَدُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ثوبان ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے حوض (کی لمبائی) عدن سے بلقاء کے عمان تک ہے۔ اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے۔ اس کے کوزے آسمان کے ستاروں کے برابر ہیں۔ جو اس سے پیئے گا اس کے بعد کبھی بھی پیاسا نہ ہوگا۔ اس پر سب سے پہلے جانے والے فقراء مہاجرین ہیں۔ (اور ایک روایت میں ہے: سب سے پہلے جو لوگ حوض کوثر پر میرے پاس آئیں گے وہ میری اُمت کے گمنام اولیاء ہوں گے) جن کے بال گرد آلود اور کپڑے میلے ہوتے ہیں اور وہ ناز و نعمت میں پلی ہوئی عورتوں سے نکاح نہیں کرتے اور ان کے لیے (گھروں کے) بند دروازے کھولے نہیں جاتے۔''

اس حدیث کو امام ترمذی، ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

١٠٣٩/١٤٣۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ﷺ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ

الحديث رقم ١٤٢: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في صفة أواني الحوض، ٤/٦٢٩، الرقم: ٢٤٤٤، وابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر الحوض، ٢/١٤٣٨، الرقم: ٤٣٠٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٢٧٥، الرقم: ٢٢٤٢١، والحاكم في المستدرك، ٤/٢٠٤، الرقم: ٧٣٧٤، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/٣٣٢، الرقم: ١٠٤٨٥.

الحديث رقم ١٤٣: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: من لا يؤبه له، ←

Marfat.com

أَغْبَطَ النَّاسِ عِنْدِي مُؤْمِنٌ خَفِيْفُ الْحَاذِ ذُوْحَظٍّ مِنْ صَلَاةٍ غَامِضٌ فِي النَّاسِ لَا يُؤْبَهُ لَهُ كَانَ رِزْقُهُ كَفَافًا وَصَبَرَ عَلَيْهِ عَجِلَتْ مَنِيَّتُهُ وَقَلَّ تُرَاثُهُ وَقَلَّتْ بَوَاكِيْهِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ بِنَحْوِهِ.

''حضرت ابو امامہ ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے نزدیک وہ مومن قابلِ رشک ہے جس کی پشت اہل وعیال کی ذمہ داریوں سے بوجھل نہ ہو، نماز میں اسے خوشی حاصل ہوتی ہو، لوگوں سے اس کی (اندرونی) حالت پوشیدہ ہو اور (ظاہراً) اس کی پرواہ نہ کی جاتی ہو، اسے رزق اس کی ضرورت کے مطابق دیا جاتا ہو اور وہ اسی پر قناعت کرتا ہو، اس کی موت جلدی آجائے، اس کا ترکہ کم ہو اور اس پر رونے والیاں بھی کم ہوں۔'' اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے اور انہی کی مثل امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔

١٠٤٠/١٤٤۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَلَا أُخْبِرُكَ عَنْ مُلُوْكِ الْجَنَّةِ. قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: رَجُلٌ ضَعِيْفٌ مُسْتَضْعِفٌ ذُوْ طِمْرَيْنِ لَا يُؤْبَهُ لَهُ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَرُوَاةُ إِسْنَادِهِ مُحْتَجٌّ بِهِمْ فِي الصَّحِيْحِ.

''حضرت معاذ بن جبل ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں جنت کے بادشاہوں کے بارے میں نہ بتاؤں؟ میں نے عرض کیا: کیوں نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ کمزور و ناتواں، پھٹے پرانے کپڑوں والا، جس کی پرواہ نہیں کی جاتی مگر (اس کی شان یہ ہے کہ) اگر اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر وہ کسی شے کی قسم کھا بیٹھے تو اللہ تعالیٰ اسے پورا فرما دیتا ہے۔''

..... ٢/١٣٧٨، الرقم: ٤١١٧، والحاكم في المستدرك، ٤/١٣٧، الرقم: ٧١٤٨، وابن درهم في الزهد وصفة الزاهدين، ١/٦٠، الرقم: ١٠٤، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/٧٣، الرقم: ٤٨٥٣.

الحديث رقم ١٤٤: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: من لا يؤبه له، ٢/١٣٧٨، الرقم: ٤١١٥، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/٣٣٣، الرقم: ١٠٤٨٨، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/٧٠، الرقم: ٤٨٣٥.

Marfat.com

اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔ اور اس کی سند کے راوی صحیح احادیث میں حجت ہیں۔

١٠٤١/١٤٥۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: كَمْ مِنْ ضَعِيْفٍ مُتَضَعَّفٍ ذِي طِمْرَيْنِ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّ قَسَمَهُ مِنْهُمُ الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ ..... الحديث.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَبُوْنُعَيْمٍ وَابْنُ حِبَّانَ وَاللَّالَكَائِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کتنے ہی کمزور اور ناتواں اور پھٹے پرانے کپڑوں والے (لوگ) ایسے ہوتے ہیں کہ اگر (کسی معاملہ میں) اللہ تعالیٰ کی قسم اٹھا لیں تو اللہ تعالیٰ ضرور ان کی قسم کو پورا فرما دیتا ہے اور براء بن مالک (ﷺ) بھی ان ہی لوگوں میں سے ہیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم، ابونعیم، ابن حبان، لالکائی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔ نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

١٠٤٢/١٤٦۔ عَنْ حُذَيْفَةَ ﷺ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي جَنَازَةٍ ..... قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ عِبَادِ اللهِ؟ اَلْفَظُّ الْمُسْتَكْبِرُ. أَلَا

الحديث رقم ١٤٥: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/٣٣١، الرقم: ٥٢٧٤، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ١/٧، ٣٥٠، وابن حبان في الثقات، ٣/٢٧، الرقم: ٩٣، واللالكائي في كرامات الأوليلء، ١/١٤٨، الرقم: ١٠٨، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/٣٣١، الرقم: ١٠٤٨٣، وفي الاعتقاد، ١/٣١٥، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٧/٢١٧، الرقم: ٢٦٥٩۔

الحديث رقم ١٤٦: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٤٠٧، الرقم: ٢٣٥٠٤، والمنذري في الترغيب و الترهيب، ٣/٣٥٤، الرقم: ٤٤٠٧، ٤/٦٩، الرقم: ٤٨٣٤، والعسقلاني في فتح البارى، ٨/٦٦٣، الرقم: ٤٦٣٤، وفي القول المسدد، ١/٢٨، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ١٠/٢٦٤۔

Marfat.com

أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ عِبَادِ اللهِ؟ اَلضَّعِيْفُ الْمُسْتَضْعِفُ ذُوْ طِمْرَيْنِ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّ اللهُ قَسَمَهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَرُوَاتُهُ رُوَاةُ الصَّحِيْحِ.

''حضرت حذیفہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ہم ایک جنازہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے ..... آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے شریر ترین بندے کے بارے میں نہ بتاؤں؟ (وہ ایسا بندہ ہے) جو اکھڑ، بدمزاج اور متکبر ہو۔ پھر فرمایا: کیا میں تمہیں اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے جو بہترین (بندہ) ہے اس کے بارے میں نہ بتاؤں؟ (وہ ایسا شخص ہے) جو ظاہراً کمزور حال، ناتواں، پھٹے پرانے کپڑوں والا ہو مگر (اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کا مقام و مرتبہ یہ ہے کہ اگر وہ کسی معاملہ میں) قسم اٹھا لے تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم کو ضرور پورا فرما دیتا ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے اور اس حدیث کے تمام راوی صحیح حدیث کے راوی ہیں۔

١٠٤٣/١٤٧۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أَدْنَى الرِّيَاءِ شِرْكٌ وَأَحَبَّ الْعَبِيْدِ إِلَى اللهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى الْأَتْقِيَاءُ الْأَخْفِيَاءُ الَّذِيْنَ إِذَا غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا وَإِذَا شَهِدُوْا لَمْ يُعْرَفُوْا أُوْلَئِكَ أَئِمَّةُ الْهُدَى وَمَصَابِيْحُ الْعِلْمِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت معاذ بن جبل ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: معمولی سا دکھاوا بھی شرک ہے اور بندوں میں سے محبوب ترین اللہ تعالیٰ کے نزدیک متقی اور خشیتِ الٰہی رکھنے والے وہ لوگ ہیں جو موجود نہ ہوں تو تلاش نہ کیے جائیں (یعنی ان کی کمی محسوس نہ کی جائے) اور موجود ہوں تو پہچانے نہ جائیں، وہی لوگ ہدایت کے اِمام اور علم کے چراغ ہیں۔''

الحديث الرقم ١٤٧: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/٣٠٣، الرقم: ٥١٨٢، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٥/١٦٣، الرقم: ٤٩٥٠، وفى المعجم الكبير، ٢٠/٣٦، الرقم: ٥٣، والقضاعي فى مسند الشهاب، ٢/٢٥٢، الرقم: ١٢٩٨، والبيهقى فى كتاب الزهد، ٢/١١٢۔

Marfat.com

اسے امام حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١٠٤٤/١٤٨۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ عُمَرَ ﷺ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ يَوْمًا فَوَجَدَ مُعَاذًا عِنْدَ قَبْرِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ يَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيْكَ يَا مُعَاذُ؟ قَالَ: يُبْكِيْنِي حَدِيْثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: اَلْيَسِيْرُ مِنَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ، وَمَنْ عَادَى أَوْلِيَاءَ اللهِ فَقَدْ بَارَزَ اللهَ بِالْمُحَارَبَةِ، إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْأَبْرَارَ الْأَتْقِيَاءَ الْأَخْفِيَاءَ الَّذِيْنَ إِنْ غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا، وَإِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُعْرَفُوْا، قُلُوْبُهُمْ مَصَابِيْحُ الدُّجَى يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: وَهَذَا إِسْنَادٌ مِصْرِيٌّ صَحِيْحٌ وَلَا يُحْفَظُ لَهُ عِلَّةٌ.

''حضرت زید بن اسلم ﷺ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق ﷺ ایک دن مسجدِ نبوی میں حاضر ہوئے تو حضرت معاذ ﷺ کو حضور نبی اکرم ﷺ کی قبرِ انور کے قریب روتے ہوئے پایا، انہوں نے پوچھا: اے معاذ! تجھے کس چیز نے رُلا دیا ہے؟ حضرت معاذ ﷺ نے عرض کیا: مجھے اس حدیث نے رُلا دیا ہے جو میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: معمولی سی ریاکاری بھی شرک ہے اور جس نے اولیاء اللہ سے دشمنی مول لی تو اس نے اللہ تعالیٰ سے جنگ مول لی اور بے شک اللہ تعالیٰ نیکوکار، متقی، متواضع اور لوگوں سے پوشیدہ ایسے گمنام بندوں کو پسند کرتا ہے جو اگر موجود نہ ہوں تو انہیں تلاش نہ کیا جائے (یعنی ان کی کمی محسوس نہ کی جائے) اور اگر موجود ہوں تو انہیں پہچانا نہ جائے (یعنی کوئی اہمیت نہ دی جائے)۔ ان کے دل اندھیرے میں چراغ کی مانند ہیں اور وہ ہر طرح کی ظلمت و تاریکی سے پاک ہوتے ہیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا اس کی سند صحیح مصری ہے۔ جس

الحديث رقم ١٤٨: أخرجه الحكم في المستدرك، ١/٤٤، الرقم: ٤، ٤/٣٦٤، الرقم: ٧٩٣٣، وابن أبي الدنيا في الأولياء، ١/١١، الرقم: ٦، والديلمي في مسند الفردوس، ٥/٥٤٨، الرقم: ٩٠٤٩، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/٣٤، الرقم: ٤٩، ٣/٢٩٨، الرقم: ٤١٥١، ٤/٧٤، الرقم: ٤٨٥٤.

Marfat.com

میں کوئی علّت نہیں۔

١٠٤٥/١٤٩۔ عَنْ ثَوْبَانَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مِنْ أُمَّتِي مَنْ لَوْ جَاءَ أَحَدَكُمْ يَسْأَلُهُ دِيْنَارًا لَمْ يُعْطِهِ، وَلَوْ سَأَلَهُ دِرْهَمًا لَمْ يُعْطِهِ، وَلَوْ سَأَلَهُ فَلْسًا لَمْ يُعْطِهِ، وَلَوْ سَأَلَ اللهَ الْجَنَّةَ لَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا ذُوْ طِمْرَيْنِ لَا يُؤْبَهُ لَهُ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي عَاصِمٍ وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ، وَرُوَاتُهُ مُحْتَجٌّ بِهِمْ فِي الصَّحِيْحِ.

''حضرت ثوبان ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میری اُمت میں سے بعض لوگ ایسے بھی ہیں (کہ ان میں سے اگر کوئی بطورِ قرض بھی) تم میں سے کسی سے دینار کا سوال کرے تو وہ اسے دینار نہ دے اور اگر کسی سے درہم کا سوال کرے تو وہ اسے درہم نہ دے اور اگر کسی سے پیسہ کا سوال کرے تو وہ اسے پیسہ نہ دے۔ لیکن (اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کا مقام یہ ہے کہ اگر) وہی شخص اللہ تعالیٰ سے جنت کا سوال کرے تو اللہ تعالیٰ ضرور بالضرور اسے جنت عطا فرما دے۔ (اس کی پہچان یہ ہے کہ) وہ پھٹے پرانے کپڑوں والا گمنام قسم کا شخص ہوتا ہے اور اگر وہ کسی معاملہ میں اللہ تعالیٰ کی قسم کھا لے تو اللہ تعالیٰ اسے ضرور بالضرور پورا کرتا ہے۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی عاصم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔ الفاظ بھی طبرانی کے ہیں اور اس کے تمام راوی صحیح حدیث میں حجت ہیں۔

١٠٤٦/١٥٠۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ مَرَّ فِي بَعْضِ سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ فَرَأَى رَجُلًا أَسْوَدَ مَيْتًا قَدْ رَمَوْا بِهِ فِي الطَّرِيْقِ

الحديث رقم ١٤٩: أخرجه ابن أبي عاصم في كتاب الزهد، ١/١٢، والطبراني في المعجم الأوسط، ٧/٢٩٨، الرقم: ٧٥٤٨، وهناد في الزهد، ١/٣٢٣، الرقم، ٥٨٧، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/٧٣، الرقم:٤٨٥١، وابن رجب في جامع العلوم والحكم، ١/٣٦٩، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٦٤، وقال: رواه الطبراني فى الأوسط ورجاله رجال الصحيح.

الحديث رقم ١٥٠: أخرجه الطبراني فى المعجم الأوسط، ٢/١٤٢، الرقم: ١٥١٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٦٦، وقال: إسناد جيد.

Marfat.com

نہ ملے اور اگر وہ بادشاہ سے ملنے کے لئے اجازت طلب کریں تو انہیں اجازت نہ ملے، (مگر ان کا اللہ تعالیٰ کے ہاں مقام و مرتبہ یہ ہے کہ) اگر روزِ قیامت ان کا نور تمام اہلِ دنیا پر تقسیم کیا جائے تو وہ نور سب کے سب کو پورا ہو جائے گا۔"

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے نیز اس کے روای صحیح حدیث کے راوی ہیں۔

١٠٤٩/١٥٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ مُلُوْكَ أَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ أَشْعَثَ أَغْبَرَ ذِي طِمْرَيْنِ إِذَا اسْتأْذَنُوْا عَلَى الْأُمَرَاءِ لَمْ يُؤْذَنْ لَهُمْ وَإِذَا طَلَبُوا النِّسَاءَ لَمْ يُنْكَحُوْا أَوْ إِذَا قَالُوا الْحَدِيْثَ لَمْ يُنْصَتْ لِقَوْلِهِمْ. حَاجَّةُ أَحَدِهِمْ يَتَجَلْجَلُ فِي صَدْرِهِ لَوْ قُسِمَ نُوْرُهُ بَيْنَ أَهْلِ الْأَرْضِ لَوَسِعَهُمْ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

"حضرت ابوہریرہ ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اہلِ جنت کے بادشاہ پراگندہ بالوں، غبار آلود چہروں اور پھٹے پرانے کپڑوں والے وہ لوگ ہیں کہ جب وہ امراء کے ہاں داخل ہونے کے لیے اجازت طلب کریں تو انہیں اجازت نہ ملے، جب نکاح کے لیے عورتوں کا رشتہ طلب کریں تو ان کا نکاح نہ کیا جائے اور جب وہ کوئی بات کریں تو ان کی بات نہ سنی جائے ان میں سے اگر کسی کو کوئی حاجت ہو تو وہ حاجت اس کے سینے میں ہی کھٹکتی رہتی ہے (اس کا اظہار نہیں کر پاتے، لیکن اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کا مقام و مرتبہ یہ ہے کہ) اگر ان میں کسی کا نور تمام اہلِ زمین پر تقسیم کر دیا جائے تو وہ ان سب کے لیے کافی ہو۔"

اس حدیث کو امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٥٣: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ٧/ ٣٣٢، الرقم: ١٠٤٨٦۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي كَرَامَاتِ الْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ

﴿اولیاء اور صالحین کی کرامات کا بیان﴾

١٠٥٠/١٥٤۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ رضي الله عنهما في رواية طويلة: فَدَعَا (أي أَبُوْبَكْرٍ ﷺ) بِالطَّعَامِ فَأَكَلَ وَأَكَلُوْا فَجَعَلُوْا لَا يَرْفَعُوْنَ لُقْمَةً إِلَّا رَبَا مِنْ أَسْفَلِهَا أَكْثَرُ مِنْهَا، فَقَالَ: يَا أُخْتَ بَنِي فِرَاسٍ، مَا هَذَا؟ قَالَتْ: لَا وَقُرَّةِ عَيْنِي، لَهِيَ الآنَ أَكْثَرُ مِنْهَا قَبْلَ ذَلِكَ بِثَلَاثِ مَرَّاتٍ، فَأَكَلُوْا وَبَعَثَ بِهَا إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَذَكَرَ أَنَّهُ أَكَلَ مِنْهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن ابو بکر رضی اللہ عنہما سے ایک طویل واقعہ میں مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابو بکر صدیق ﷺ نے (اہلِ صفہ) صحابہ کرام ﷺ کی دعوت کی، آپ نے خود بھی کھانا کھایا اور دوسروں نے بھی۔ ہر لقمہ اٹھانے کے بعد کھانا پہلے سے بھی زیادہ بڑھ جاتا۔ سیدنا صدیق اکبر ﷺ نے (اپنی بیوی سے جو بنی فراس کے قبیلہ سے تھیں) فرمایا: اے بنی فراس کی بہن! یہ کیا معاملہ ہے؟ انہوں نے عرض کیا: میری آنکھوں کی ٹھنڈک (میرے سرتاج!) اب تو یہ کھانا پہلے سے تین گناہ زیادہ ہے۔ چنانچہ ان سب صحابہ کرام ﷺ نے بھی خوب کھایا اور حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں بھی روانہ کیا (لیکن کھانا کم نہ ہوا) اور حضور نبی اکرم ﷺ نے بھی اس میں سے تناول فرمایا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

الحديث رقم ١٥٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: مواقيت الصلاة، باب: السَّمَرِ مَعَ الضَّيفِ وَالأهلِ، ١/٢١٦، الرقم: ٥٧٧، وفي كتاب: المناقب، باب: علامات النبوة في الإسلام، ٣/١٣١٢، الرقم: ٣٣٨٨، وفي كتاب: الأدب، باب: ما يُكره من الغضب والجزع عند الضيف، ٥/٢٢٧٤، الرقم: ٥٧٨٩، وفي كتاب: الأدب: باب: قول الضيف لصاحبه: لَا آكُلُ حَتَّى تَأْكُلَ، ٥/٢٢٧٤، الرقم: ٥٧٩٠، ومسلم في الصحيح، كتاب: الأشربة، باب: إكرام الضيف وفضل إيثاره، ٣/١٦٢٧، الرقم: ٢٠٥٧، والبزار في المسند، ٦/٢٢٨، الرقم: ٢٢٦٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٩٧، الرقم: ١٧٠٢، ١٧١٢.

Marfat.com

١٠٥١/١٥٥۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ ﷺ أَنَّ أَرْوَى خَاصَمَتْهُ فِي بَعْضِ دَارِهِ فَقَالَ: دَعُوْهَا وَإِيَّاهَا فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَنْ أَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ بِغَيْرِ حَقِّهِ طُوِّقَهُ فِي سَبْعِ أَرْضِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. اَللّٰهُمَّ إِنْ كَانَتْ كَاذِبَةً فَأَعْمِ بَصَرَهَا وَاجْعَلْ قَبْرَهَا فِي دَارِهَا قَالَ: فَرَأَيْتُهَا عَمْيَاءَ تَلْتَمِسُ الْجُدُرَ تَقُوْلُ: أَصَابَتْنِي دَعْوَةُ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ فَبَيْنَمَا هِيَ تَمْشِي فِي الدَّارِ مَرَّتْ عَلَى بِئْرٍ فِي الدَّارِ فَوَقَعَتْ فِيْهَا فَكَانَتْ قَبْرَهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

''حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل ﷺ بیان کرتے ہیں کہ اروی (نامی ایک عورت) نے ان سے گھر (کی زمین) کے بعض حصہ کے متعلق جھگڑا کیا۔ انہوں نے (اس کے آئے روز کے جھگڑوں اور تکرار سے تنگ آ کر) فرمایا: اسے چھوڑ دو اور یہ زمین بھی اسے دے دو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے: جس شخص نے ایک بالشت زمین بھی ناحق لی قیامت کے دن سات تہوں تک وہ زمین طوق بنا کر اس کی گردن میں ڈال دی جائے گی۔ اے اللہ! اگر یہ جھوٹی ہے تو اسے اندھا کر دے اور اس کی قبر اسی گھر میں بنا دے۔ راوی کہتے ہیں کہ (بعد ازاں) میں نے دیکھا وہ اندھی ہو چکی تھی۔ دیواروں کو ٹٹولتی پھرتی تھی اور کہتی تھی مجھے سعید بن زید کی بددعا لگ گئی ہے۔ پس ایک دفعہ وہ گھر میں چلتے ہوئے اسی گھر کے کنوئیں کے پاس سے گزرتے ہوئے اس میں گر گئی (اور وہیں مر گئی) اور وہ کنواں اس کی قبر بن گیا۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ امام مسلم کے ہیں۔

الحديث رقم ١٥٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: بدء الخلق، باب: ما جاء في سبع أرضين، ٣/١١٦٨، الرقم: ٣٠٢٦، ومسلم في الصحيح، كتاب: المساقاة، باب: تحريم الظلم وغصب الأرض وغيرها، ٣/١٢٣٠، ١٢٣١، الرقم: ١٦١٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٨٨، الرقم: ١٦٣٣، وابن حبان في الصحيح، ١١/٥٦٧، الرقم: ٥١٦٣، والدارمي في السنن، ٢/٣٤٧، الرقم: ٢٦٠٦.

Marfat.com

١٠٥٢/١٥٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ في رواية طويلة: وَكَانَ خُبَيْبٌ هُوَ قَتَلَ الْحَارِثَ يَوْمَ بَدْرٍ، فَمَكَثَ عِنْدَهُمْ أَسِيْرًا. حَتَّى إِذَا أَجْمَعُوْا قَتْلَهُ اسْتَعَارَ مُوْسَى مِنْ بَعْضِ بِنَاتِ الْحَارِثِ لِيَسْتَحِدَّ بِهَا فَأَعَارَتْهُ قَالَتْ: فَغَفَلْتُ عَنْ صَبِيٍّ لِي فَدَرَجَ إِلَيْهِ حَتَّى أَتَاهُ فَوَضَعَهُ عَلَى فَخِذِهِ فَلَمَّا رَأَيْتُهُ فَزِعْتُ فَزْعَةً عَرَفَ ذَاکَ مِنِّي وَفِي يَدِهِ الْمُوْسَى فَقَالَ: أَتَخْشَيْنَ أَنْ أَقْتُلَهُ مَا كُنْتُ لِأَفْعَلَ ذَاکَ إِنْ شَاءَ اللهُ وَكَانَتْ تَقُوْلُ: مَا رَأَيْتُ أَسِيْرًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ خُبَيْبٍ، لَقَدْ رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ مِنْ قِطْفِ عِنَبٍ وَمَا بِمَكَّةَ يَوْمَئِذٍ ثَمَرَةٌ، وَإِنَّهُ لَمُوْثَقٌ فِي الْحَدِيْدِ، وَمَا كَانَ إِلَّا رِزْقَهُ اللهُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے مروی ایک طویل روایت میں ہے کہ حضرت خُبیب ﷺ نے غزوۂ بدر میں حارث بن عامر کو قتل کیا تھا (بعد میں ایک جنگ کے دوران) حضرت خُبیب ﷺ (گرفتار ہو کر) اس (یعنی حارث کے خاندان) کے قیدی بن گئے۔ تو انہوں نے (انتقاماً حضرت خبیب کو) قتل کرنے کی ٹھان لی (ایک دن کسی ضرورت کے تحت) حضرت خُبیب نے حارث کی ایک بیٹی سے استرا مانگا۔ اس نے استرا دے دیا اور اپنے بچے کی طرف سے غافل ہو گی اور بچہ کھیلتا ہوا حضرت خبیب کے پاس چلا گیا انہوں نے اسے اپنی ران پر بٹھا لیا۔ جب اس کی ماں نے بچے کو ان کے پاس دیکھا تو بہت گھبرائی، حضرت خبیب نے اس کی پریشانی کو محسوس کرتے ہوئے فرمایا: کیا تم اس لئے ڈر رہی ہو کہ میں بچے کو قتل کر دونگا؟ میں اِن شاء اللہ ایسا ہرگز نہیں کروں گا۔ وہ عورت کہتی تھی: میں نے حضرت خبیب ﷺ سے زیادہ اچھا اور نیک کوئی قیدی نہیں دیکھا اور بے شک میں نے (دورانِ قید) حضرت خبیب ﷺ کو

الحديث رقم ١٥٦: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المغازي، باب: غَزْوَةُ الرَّجِيعِ، وَرِعْلٍ، وَذَكوان، وبِئر مَعُونة، ٤/١٤٩٩، الرقم: ٣٨٥٨، وفى كتاب: الجهاد، باب: هل يَسْتَأسِر الرَّجُلُ ومَنَ لَم يَسْتَأْسِرُ وَمَن رَكع رَكْعَتَين عند القَتلِ، ٣/١١٠٨، الرقم: ٢٨٨٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٣١٠، الرقم: ٨٠٨٢، وعبد الرزاق فى المصنف، ٥/٣٥٣، الرقم: ٩٧٣٠، والطبراني فى المعجم الكبير، ٤/٢٢١، الرقم: ٤١٩١.

Marfat.com

انگور کا خوشہ کھاتے ہوئے دیکھا حالانکہ ان دنوں مکہ میں کوئی پھل نہیں ملتا تھا (یعنی پھلوں کا موسم ہی نہیں تھا) اور ویسے بھی وہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے۔ سو یہ وہ روزی تھی جو اللہ تعالیٰ انہیں (غیب سے) مرحمت فرماتا تھا۔'' اسے امام بخاری اور احمد نے روایت کیا ہے۔

۱۰۵۳/۱۵۷۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ في رواية طويلة: وَبَعَثَ قُرَيْشٌ إِلَى عَاصِمٍ لِيُؤْتُوْا بِشَيءٍ مِنْ جَسَدِهِ يَعْرِفُوْنَهُ وَكَانَ عَاصِمٌ قَتَلَ عَظِيْمًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ فَبَعَثَ اللهُ عَلَيْهِ مِثْلَ الظُّلَّةِ مِنَ الدَّبْرِ، فَحَمَتْهُ مِنْ رُسُلِهِمْ فَلَمْ يَقْدِرُوْا مِنْهُ عَلَى شَيءٍ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے ایک طویل روایت میں مروی ہے کہ کفارِ قریش نے کچھ لوگوں کو حضرت عاصم ﷺ کی لاش کی شناخت کے لئے ان کی لاش میں سے کوئی ٹکڑا کاٹ کر لانے کے لئے بھیجا۔ حضرت عاصم ﷺ نے غزوۂ بدر میں قریش کے سرداروں میں سے ایک کو قتل کیا تھا۔ سو (ان کافروں کے پہنچتے ہی) اللہ تعالیٰ نے ان کی لاش کے پاس بھڑوں کی مثل کوئی مخلوق بھیج دی جس نے کسی کو ان کی لاش کے پاس بھی پھٹکنے نہیں دیا اور وہ ان کے جسم کا کوئی حصہ لے جانے میں کامیاب نہ ہو سکے۔'' اسے امام بخاری اور احمد نے روایت کیا ہے۔

۱۰۵٤/۱۵۸۔ عَنْ جَابِرٍ ﷺ قَالَ: لَمَّا حَضَرَ أُحُدٌ، دَعَانِي أَبِي مِنَ اللَّيْلِ، فَقَالَ: مَا أَرَانِي إِلَّا مَقْتُوْلًا فِي أَوَّلِ مَنْ يُقْتَلُ مِنْ أَصْحَابِ

الحديث رقم ۱۵۷: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: المغازي، باب: غَزْوَةُ الرَّجِيعِ، وَرِعْلٍ، وَذَكوان، وبِئْر مَعُونة، ٤/١٤٩٩، الرقم: ٣٨٥٨، وفى كتاب: الجهاد، باب: هل يَسْتَاسِرُ الرَّجُلُ ومَنَ لَم يَسْتَأْسِر وَمَن رَكع رَكْعَتَين عند القتل، ٣/١١٠٨، الرقم: ٢٨٨٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٣١٠، الرقم: ٨٠٨٢، وعبد الرزاق فى المصنف، ٥/٣٥٣، الرقم: ٩٧٣٠، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٤/٢٢١، الرقم: ٤١٩١.

الحديث رقم ۱۵۸: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: هل يُخْرَجُ المَيّتُ منَ القبر واللّحد لِعلّةٍ، ١/٤٥٣، الرقم: ١٢٨٦، والحلكم فى المستدرك، ٣/٢٢٤، الرقم: ٤٩١٣، والبيهقي فى السنن الكبرى، ٦/٢٨٥، الرقم: ١٢٤٥٩، والخطيب التبريزى فى مشكاة المصابيح، ٢/٣٩٩، الرقم: ٥٩٤٥.

Marfat.com

النَّبِيِّ ﷺ، وَإِنِّي لَا أَتْرُكُ بَعْدِي أَعَزَّ عَلَيَّ مِنْکَ غَيْرَ نَفْسِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَإِنَّ عَلَيَّ دَيْنًا فَاقْضِ، وَاسْتَوْصِ بِأَخَوَاتِکَ خَيْرًا. فَأَصْبَحْنَا فَكَانَ أَوَّلَ قَتِيْلٍ، وَدُفِنَ مَعَهُ آخَرُ فِي قَبْرٍ، ثُمَّ لَمْ تَطِبْ نَفْسِي أَنْ أَتْرُكَهُ مَعَ الآخَرِ، فَاسْتَخْرَجْتُهُ بَعْدَ سِتَّةِ أَشْهُرٍ، فَإِذَا هُوَ كَيَوْمِ وَضَعْتُهُ هُنَيَّةً غَيْرَ أُذُنِهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت جابر ﷺ سے روایت ہے کہ جب غزوۂ اُحد کا وقت آیا تو میرے والد (حضرت عبد اللہ ﷺ) نے مجھے رات کے وقت بلایا اور فرمایا: میں یہی دیکھتا ہوں کہ (کل میدانِ جنگ میں) حضور نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے سب سے پہلے میں شہید کیا جاؤں گا اور میں اپنے بعد رسول اللہ ﷺ کی ذاتِ مبارکہ کے سوا تم سے بڑھ کر کوئی عزیز چھوڑ کر نہیں جا رہا۔ مجھ پر قرض ہے اسے ادا کر دینا اور اپنی بہنوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔ صبح ہوئی تو سب سے پہلے وہی شہید کیے گئے اور (جنگ ختم ہونے کے بعد) ایک دوسرے (شہید) کے ساتھ دفن کر دیئے گئے۔ پھر میرا دل اس پر رضامند نہ ہوا کہ انہیں (قبر میں کسی) دوسرے کے ساتھ چھوڑے رکھوں لہٰذا چھ ماہ کے بعد میں نے ان کا جسدِ اقدس نکالا تو وہ اسی طرح (تر و تازہ) تھا جیسے تدفین کے روز تھا، سوائے ایک کان کے (جو کہ دورانِ جنگ شہید ہو گیا تھا)۔'' اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

١٠٥٥/١٥٩۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ أَنَّ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ خَرَجَا مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ ﷺ فِي لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ، وَمَعَهُمَا مِثْلُ مِصْبَاحَيْنِ يُضِيْئَانِ

الحديث رقم ١٥٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المساجد ، باب: إدْخال البَعيرِ فی المسجد للعلّة، ١/١٧٧، الرقم: ٤٥٣، وفی كتاب: المناقب، باب: سؤال المشركين أن يريهم النبيّ ﷺ آية فأراهم انشقاق القمر، ٣/١٣٣١، الرقم: ٣٤٤٠، وفی كتاب: فضائل الصحابة، باب: منقبة أُسَيدِ بنِ حُضَيرٍ، وَعبّادِ بن بِشْرٍ رضي الله عنهما، ٣/١٣٨٤، الرقم: ٣٥٩٤، وأبو يعلى فی المسند، ٥/٣٦١، الرقم: ٣٠٠٧، والخطيب التبريزی فی مشكاة المصابيح، ٢/٣٩٩، الرقم: ٥٩٤٤.

Marfat.com

بَيْنَ أَيْدِيهِمَا، فَلَمَّا افْتَرَقَا صَارَ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا وَاحِدٌ، حَتَّى أَتَى أَهْلَهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ مِنْ طُرُقٍ، وَفِي بَعْضِهَا: أَنَّ الرَّجُلَيْنِ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ، وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ رضي الله عنهما.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے دو حضرات حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے (اُٹھ کر) ایک اندھیری رات میں (اپنے گھر جانے کے لئے) نکلے تو ان کے ساتھ دو چراغوں کی طرح کی کوئی چیزیں ہم سفر ہوگئیں جو ان کے ہاتھوں (بانہوں) کے درمیان روشن تھیں (وہ دونوں ان کی روشنی میں چل پڑے)۔ جب راستے میں وہ دونوں جدا ہوئے تو ایک ایک چراغ ان میں سے ہر ایک کے ساتھ ہوگیا یہاں تک کہ وہ اپنے اہل وعیال کے پاس پہنچ گئے۔''

اسے امام بخاری نے مختلف طرق سے بیان کیا اور ان دو اشخاص کے نام حضرت اسید بن حضیر اور عباد بن بشر رضی اللہ عنہما بیان کئے ہیں۔

١٠٥٦/١٦٠۔ عَنْ عُمَّارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ رضي الله عنه قَالَ: لَمَّا جِيئَ بِرَأْسِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زِيَادٍ وَأَصْحَابِهِ نُضِّدَتْ فِي الْمَسْجِدِ فِي الرَّحَبَةِ. فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِمْ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ: قَدْ جَاءَتْ قَدْ جَاءَتْ، فَإِذَا حَيَّةٌ قَدْ جَاءَتْ تَخَلَّلُ الرُّؤُوْسَ حَتَّى دَخَلَتْ فِي مِنْخَرَيْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زِيَادٍ فَمَكَثَتْ هُنَيْهَةً ثُمَّ خَرَجَتْ فَذَهَبَتْ حَتَّى تَغَيَّبَتْ. ثُمَّ قَالُوْا: قَدْ جَاءَتْ قَدْ جَاءَتْ، فَفَعَلَتْ ذَلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثاً. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عمارہ بن عمیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب (امام حسین علیہ السلام کے قاتل) عبید اللہ بن زیاد اور اس کے ساتھیوں (کے قتل کے بعد اُن) کے سر لا کر مسجد کے برآمدے میں

الحديث رقم ١٦٠: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: مناقب الحسن والحسين عليهما السلام، ٥/٦٦٠، الرقم: ٣٧٨٠، والطبراني فى المعجم الكبير، ٣/١١٢، الرقم: ٢٨٣٢۔

Marfat.com

رکھے گئے اور میں اس وقت ان لوگوں کے پاس پہنچا جبکہ وہ لوگ کہہ رہے تھے ''وہ آ گیا وہ آ گیا۔'' اتنی دیر میں ایک سانپ کہیں سے آیا اور ان کے سروں میں گھسنا شروع کیا اور عبید اللہ بن زیاد کے نتھنے میں گھسا اور اس میں تھوڑی دیر ٹھہر کر پھر باہر آ گیا اور کہیں چلا گیا یہاں تک کہ وہ غائب ہو گیا، پھر اچانک کوئی بولا کہ ''وہ آیا وہ آیا'' (میں نے دیکھا کہ) وہ سانپ پھر آیا اور یہی عمل اس نے دو یا تین بار دہرایا۔''

اسے امام ترمذی اور طبرانی نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

١٠٥٧/١٦١۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: ضَرَبَ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ خِبَاءَهُ عَلَى قَبْرٍ وَهُوَ لَا يَحْسِبُ أَنَّهُ قَبْرٌ، فَإِذَا فِيهِ إِنْسَانٌ يَقْرَأُ سُورَةَ تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ حَتَّى خَتَمَهَا، فَأَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنِّي ضَرَبْتُ خِبَائِي عَلَى قَبْرٍ وَأَنَا لَا أَحْسِبُ أَنَّهُ قَبْرٌ، فَإِذَا فِيهِ إِنْسَانٌ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْمُلْكِ حَتَّى خَتَمَهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: هِيَ الْمَانِعَةُ، هِيَ الْمُنْجِيَةُ تُنْجِيهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے کسی صحابی نے ایک قبر پر خیمہ لگایا انہیں معلوم نہ تھا کہ یہ قبر ہے اچانک پتہ چلا کہ یہ قبر ہے اور اس میں کوئی آدمی سورۂ الملک پڑھ رہا ہے۔ یہاں تک کہ پڑھنے والے نے (قبر کے اندر) مکمل سورۂ الملک پڑھی۔ وہ صحابی حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا:

الحديث رقم ١٦١: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: فضائل القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى فضل سورة الملك، ٥/١٦٤، الرقم: ٢٨٩٠، والبيهقي فى شعب الإيمان، ٢/٤٩٥، الرقم: ٢٥١٠، والمنذرى فى الترغيب الترهيب، ٢/٢٤٧، الرقم: ٢٢٦٦، والخطيب التبريزي فى مشكاة المصابيح، ١/٤٠٥، الرقم: ٢١٥٣۔

Marfat.com

یارسول اللہ! میں نے (نادانستہ) ایک قبر پر خیمہ لگایا اور مجھے یہ خیال نہیں تھا کہ یہ قبر ہے۔ اچانک میں نے سنا کہ ایک آدمی قبر میں سورۂ الملک پڑھ رہا ہے یہاں تک کہ اس نے مکمل سورت تلاوت کی۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ (سورت عذاب کو) روکنے والی اور عذابِ قبر سے نجات دینے والی ہے۔''

اسے امام ترمذی اور بیہقی نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

١٠٥٨/١٦٢۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: لَمَّا مَاتَ النَّجَاشِيُّ كُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّهُ لَا يَزَالُ يُرَى عَلَى قَبْرِهِ نُوْرٌ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ جب نجاشی رضی اللہ عنہ (شاہِ حبشہ) فوت ہو گئے تو ہم بیان کیا کرتے تھے کہ ان کی قبر پر ہمیشہ نور (برستا) دیکھا جاتا ہے۔''

اسے امام ابوداود نے روایت کیا ہے۔

١٠٥٩/١٦٣۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: هَذَا الَّذِي تَحَرَّكَ لَهُ الْعَرْشُ، وَفُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَشَهِدَهُ سَبْعُوْنَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ لَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً ثُمَّ فُرِّجَ عَنْهُ.

وفي رواية: قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ لَوْ نَجَا أَحَدٌ مِنْ ضُمَّةِ الْقَبْرِ لَنَجَا مِنْهَا سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ رضي الله عنه. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ١٦٢: أخرجه أبو داود فى السنن، كتاب: الجهاد، باب: فى النور يُرى عند قبر الشهيد، ٣/١٦، الرقم: ٢٥٢٣، والخطيب التبريزى فى مشكلة المصابيح، ٢/٤٠٠، الرقم: ٥٩٤٧، والذهبى فى سير أعلام النبلاء، ١/٤٣٠، والعسقلانى فى الإصابة، ١/٢٠٦، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ١/٤٤٤.

الحديث رقم ١٦٣: أخرجه النسائى فى السنن، كتاب: الجنائز، باب: ضمة القبر وضغطته، ٤/١٠٠، الرقم: ٢٠٥٥، وفى السنن الكبرى، ١/٦٦٠، الرقم: ٨١٨٢، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٢/١٩٩، الرقم: ١٧٠٧، وفى المعجم الكبير، ٦/١٠، الرقم: ٥٣٣٣، ونحوه ابن راهويه فى المسند، ٢/٥٥٢، الرقم: ١١٢٧، والزيلعي فى نصب الراية، ٢/٢٨٦، والعسقلانى فى القول المسدد، ١/٨١.

Marfat.com

وَقَالَ الْعَسْقَلَانِيُّ: وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ مُحْتَجٌّ بِهِمْ فِي الصَّحِيْحِ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (حضرت سعد بن معاذ انصاری رضی اللہ عنہ کے متعلق) فرمایا: یہ وہ ہستی ہے جس کی وفات سے عرش بھی لرز اٹھا اور اس کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیے گئے اور ستر ہزار فرشتے اس کے جنازے میں شریک ہوئے۔ قبر نے اسے صرف ایک دفعہ دبایا پھر (یہ اس کے لئے) کشادہ کر دی گئی۔''

اور ایک روایت میں فرمایا: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہی ہیں۔ اگر کوئی قبر کے دبانے سے بچ سکتا تو سعد بن معاذ اس کے دبانے سے ضرور بچ جاتے۔ (مومنین و صالحین کے لئے قبر کا دبانا راحت کا باعث ہوتا ہے جیسے ماں بچے کو گود میں لے کر پیار سے دباتی ہے)۔''

اسے امام نسائی اور طبرانی نے روایت کیا ہے نیز امام عسقلانی نے فرمایا کہ اس حدیث کے رجال ثقات صحیح حدیث سے حجت ہیں۔

۱۰۶۰/ ۱۶۴۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها زَوْجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، أَنَّهَا قَالَتْ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ رضی اللہ عنہ كَانَ نَحَلَهَا جَادَّ عِشْرِيْنَ وَسْقًا مِنْ مَالِهِ بِالْغَابَةِ. فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قَالَ: وَاللهِ، يَا بُنَيَّةُ، مَا مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ أَحَبُّ إِلَيَّ غِنًى بَعْدِي مِنْكِ وَلَا أَعَزُّ عَلَيَّ فَقْرًا بَعْدِي مِنْكِ. وَإِنِّي كُنْتُ نَحَلْتُكِ جَادَّ عِشْرِيْنَ وَسْقًا. فَلَوْ كُنْتِ جَدَدْتِيْهِ واحْتَزْتِيْهِ كَانَ لَكِ وَإِنَّمَا هُوَ الْيَوْمَ مَالُ وَارِثٍ. وَإِنَّمَا هُوَ أَخَوَاكِ وأُخْتَاكِ. فَاقْتَسِمُوْهُ عَلَى كِتَابِ اللهِ. قَالَتْ عَائِشَةُ رضي الله عنها: فَقُلْتُ: يَاأَبَتِ، وَاللهِ، لَوْ كَانَ كَذَا وَكَذَا لَتَرَكْتُهُ إِنَّمَا

الحديث رقم ۱٦٤: أخرجه مالك فى الموطأ، كتاب: الأقضية، باب: مالايجوز من النحل، ۲/ ۷۵۲، الرقم: ۱٤۳۸، والبيهقي فى السنن الكبرى، ٦/ ۱٦۹، الرقم: ۱۱۷۲۸، ۱۲۲٦۷، والطحاوي فى شرح معاني الآثار، ٤/ ۸۸، واللالكائي فى كرامات الأولياء، ۱/ ۱۷۷، الرقم: ٦۲، والعسقلاني فى الإصابة، ۷/ ۵۷۵، الرقم: ۱۱۰۲۳، والنووي فى تهذيب الأسماء، ۲/ ۵۷٤، الرقم: ۱۰۳۰، ۱۲۳۹، والزيلعى فى نصب الراية، ٤/ ۱۲۲، وابن سعد فى الطبقات الكبرى، ۳/ ۱۹٤۔

Marfat.com

هِيَ أَسْمَاءُ فَمَنِ الْأُخْرَى؟ فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ رضي الله عنه: ذُوْبَطْنِ بِنْتِ خَارِجَةَ أَرَاهَا جَارِيَةً فَوَلَدَتْ أُمَّ كُلْثُوْمٍ. رَوَاهُ مَالِكٌ وَالطَّحَاوِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضور نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے غابہ (نامی وادی) میں انہیں کھجور کے چند درخت ہبہ کیے تھے جن میں سے بیس وسق کھجوریں آتی تھیں۔ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ نے فرمایا: اے میری پیاری بیٹی! ایسا دوسرا کوئی نہیں جس کا اپنے بعد امیر ہونا مجھے تم سے زیادہ پسند ہو اور اپنے بعد مجھے کسی کی مفلسی تم سے زیادہ گراں نہیں۔ میں نے تمہیں کچھ درخت دیئے تھے جن سے بیس وسق کھجوریں آتی تھیں۔ اگر تم نے ان پر قبضہ کیا ہوتا تو وہ تمہارے ہو جاتے۔ اب وہ میراث کا مال ہے اور تمہارے دو بھائی اور دو بہنیں ہیں۔ سو سارے مال کو اللہ تعالیٰ کی کتاب (کے احکام) کے مطابق تقسیم کر لینا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے عرض کیا: اباجان! مال خواہ کتنا ہی زیادہ ہوتا میں چھوڑ دیتی لیکن میری بہن تو صرف حضرت اسماء رضی اللہ عنہا ہیں دوسری کون ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ (میری زوجہ) بنت خارجہ کے پیٹ میں ہے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ لڑکی ہے۔ پس انہوں نے حضرت ام کلثوم کو جنم دیا۔'' اسے امام مالک، طحاوی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

١٠٦١ / ١٦٥۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ عُمَرَ بَعَثَ جَيْشًا وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا يُدْعَى سَارِيَةَ، فَبَيْنَمَا عُمَرُ يَخْطُبُ فَجَعَلَ يَصِيْحُ: يَاسَارِيُّ الْجَبَلَ. فَقَدِمَ رَسُوْلٌ مِنَ الْجَيْشِ فَقَالَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِينَ، لَقِيْنَا عَدُوَّنَا فَهَزَمُوْنَا فَإِذَا بِصَائِحٍ يَصِيْحُ: يَا سَارِيُّ الْجَبَلَ. فَأَسْنَدْنَا ظُهُوْرَنَا إِلَى الْجَبَلِ فَهَزَمَهُمُ اللهُ تَعَالَى. رَوَاهُ أَحْمَدُ فِي الْفَضَائِلِ وَالْبَيْهَقِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک لشکر

الحديث رقم ١٦٥: أخرجه أحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ١/٢١٩، الرقم: ٣٥٥، والبيهقى فى دلائل النبوة، ٦/٣٧٠، وفى الاعتقاد، ١/٣١٤، وأبونعيم فى دلائل النبوة، ٣/٢١٠-٢١١، والخطيب التبريزي فى مشكاة المصابيح، ٢/٤١٠، الرقم: ٥٩٥٤، والرازي فى التفسير الكبير، ٢١/٨٧۔

Marfat.com

روانہ فرمایا اور اس کا سالار ساریہ نامی ایک شخص کو مقرر کیا۔ ایک دن آپ خطبہ دے رہے تھے کہ دوران خطبہ اچانک آپ نے پکارا: اے ساریہ! پہاڑ کی اوٹ لو۔ (بعد میں) لشکر سے ایک قاصد آیا اور کہنے لگا: اے امیر المومنین! ہم دشمن سے لڑے اور وہ ہمیں شکست دینے کے قریب تھا کہ اچانک کسی پکارنے والے نے پکارا: اے ساریہ! پہاڑ کی اوٹ لو۔ ہم نے اپنی پشتیں پہاڑ کی طرف کرلیں تو اللہ تعالیٰ نے انہیں شکست دی (اور ہمیں فتح عطا کی)۔''

اسے امام احمد نے فضائل صحابہ میں، اور بیہقی اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

۱۰۶۲/۱۶۶۔ عَنْ أَبِي رَافِعٍ ﷺ مَولَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ عَلِيٍّ ﷺ حِيْنَ بَعَثَهُ رَسُوْلُ اللهِ بِرَايَتِهِ، فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْحِصْنِ، خَرَجَ إِلَيْهِ أَهْلُهُ فَقَاتَلَهُمْ، فَضَرَبَهُ رَجُلٌ مِنْ يَهُوْدٍ فَطَرَحَ تُرْسَهُ مِنْ يَدِهِ، فَتَنَاوَلَ عَلِيٌّ ﷺ بَابًا كَانَ عِنْدَ الْحِصْنِ، فَتَرَّسَ بِهِ نَفْسَهُ، فَلَمْ يَزَلْ فِي يَدِهِ وَهُوَ يُقَاتِلُ حَتَّى فَتَحَ اللهُ عَلَيْهِ،ثُمَّ أَلْقَاهُ مِنْ يَدَيْهِ حِيْنَ فَرَغَ فَلَقَدْ رَأَيْتُنِي فِي نَفَرٍ مَعِي سَبْعَةٌ أَنَا ثَامِنُهُمْ، نَجْهَدُ عَلَى أَنْ نَقْلِبَ ذَلِکَ الْبَابَ فَمَا نَقْلِبُهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت ابورافع ﷺ جو حضور نبی اکرم ﷺ کے غلام تھے روایت فرماتے ہیں کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی ﷺ کو اپنا جھنڈا دے کر خیبر کی طرف روانہ کیا تو ہم بھی ان کے ساتھ تھے۔ جب ہم قلعہ خیبر کے پاس پہنچے جو مدینہ منورہ کے قریب ہے تو خیبر کے یہودی (اچانک) ان پر ٹوٹ پڑے۔ وہ بے مثال بہادری کا مظاہرہ کر رہے تھے کہ اچانک ان پر ایک یہودی نے چوٹ کر کے ان کے ہاتھ سے ڈھال گرا دی۔ اس پر حضرت علی ﷺ نے قلعہ کا ایک دروازہ اکھاڑ کر اسے اپنی ڈھال بنا لیا اور اسے ڈھال کی حیثیت سے اپنے ہاتھ میں لئے جنگ میں شریک رہے۔ بالآخر دشمنوں پر فتح حاصل ہو جانے کے بعد اس ڈھال نما دروازہ کو اپنے ہاتھ سے پھینک دیا۔ میرے ہمراہ سات آدمی تھے اور میں آٹھواں تھا

الحديث رقم ۱۶۶: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ۶/۸، الرقم: ۲۳۹۰۹، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ۶/۱۵۲، والطبري فی تاريخ الأمم والملوك، ۲/۱۳۷، وابن هشام فی السيرة النبوية، ۴/۳۰۶.

Marfat.com

ہم سب مل کر اس دروازے کو الٹنے کی کوشش کرتے رہے لیکن ہم وہ دروازہ (جسے حضرت علی ﷺ نے تنہا اکھیڑا تھا) نہ اُلٹ سکے۔'' اسے امام احمد نے روایت کیا ہے۔

١٠٦٣/١٦٧۔ عَنْ جَابِرٍ ﷺ أَنَّ عَلِيًّا ﷺ حَمَلَ الْبَابَ يَوْمَ خَيْبَرٍ حَتَّى صَعِدَ الْمُسْلِمُوْنَ فَفَتَحُوْهَا وَأَنَّهُ جُرِّبَ فَلَمْ يَحْمِلْهُ إِلَّا أَرْبَعُوْنَ رَجُلًا. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت جابر ﷺ نے بیان کیا ہے کہ غزوۂ خیبر کے روز حضرت علی ﷺ نے قلعۂ خیبر کا دروازہ اٹھا لیا یہاں تک کہ مسلمان قلعہ پر چڑھ گئے اور اسے فتح کر لیا اور یہ آزمائی ہوئی بات تھی کہ اس دروازے کو چالیس آدمی مل کر ہی اٹھاتے تھے۔''

اسے امام ابن ابی شبیہ نے روایت کیا ہے اور امام عسقلانی نے فرمایا کہ اسے امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔

١٠٦٤/١٦٨۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَى رضي الله عنها قَالَتْ: اشْتَكَتْ فَاطِمَةُ سلام الله عليها شَكْوَاهَا الَّتِي قُبِضَتْ فِيْهِ، فَكُنْتُ أُمَرِّضُهَا فَأَصْبَحَتْ يَوْمًا كَأَمْثَلِ مَا رَأَيْتُهَا فِي شَكْوَاهَا تِلْكَ. قَالَتْ: وَخَرَجَ عَلِيٌّ ﷺ لِبَعْضِ حَاجَتِهِ، فَقَالَتْ: يَا أُمَّهْ، اسْكُبِي لِي غُسْلًا، فَسَكَبْتُ لَهَا غُسْلًا فَاغْتَسَلَتْ كَأَحْسَنِ مَا رَأَيْتُهَا تَغْتَسِلُ، ثُمَّ قَالَتْ: يَا أُمَّهْ، أَعْطِنِي ثِيَابِيَ الْجُدُدَ، فَأَعْطَيْتُهَا، فَلَبِسَتْهَا، ثُمَّ قَالَتْ: يَا أُمَّهْ، قَدِّمِي لِي فِرَاشِي وَسَطَ الْبَيْتِ،

الحديث رقم ١٦٧: أخرجه ابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/٣٧٤، الرقم: ٣٢١٣٩، والعسقلانى فى فتح البارى، ٧/٤٧٨، وقال العسقلاني: رواه الحكم، والطبري فى تاريخ الأمم والملوك، ٢/١٣٧، وابن هشام فى السيرة النبوية، ٤/٣٠٦۔
الحديث رقم ١٦٨: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٤٦١، الرقم: ٢٧٦٥٦۔ ٢٧٦٥٧، والدولابي فى الذرية الطاهرة، ١/١١٣، والزيلعي فى نصب الراية، ٢/٢٥٠، ومحب الدين الطبري فى ذخائر العقبى، ١/١٠٣، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٩/٢١٠، وابن الأثير فى أسد الغابة، ٧/٢٢١۔

Marfat.com

فَفعَلْتُ وَاضْطَجَعَتْ وَاسْتَقْبَلَتِ الْقِبْلَةَ، وَجَعَلَتْ يَدَهَا تَحْتَ خَدِّهَا، ثُمَّ قَالَتْ: يَا أُمَّهْ، إِنِّي مَقْبُوضَةٌ الآنَ، وَقَدْ تَطَهَّرْتُ فَلا يَكْشِفْنِي أَحَدٌ، فَقُبِضَتْ مَكَانَهَا، قَالَتْ: فَجَاءَ عَلِيٌّ ﷺ فَأَخْبَرْتُهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت امّ سلمٰی رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ جب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا اپنے مرضِ وصال میں مبتلا ہوئیں تو میں ان کی تیمارداری کیا کرتی تھی۔ بیماری کے اس پورے عرصہ کے دوران میرے خیال میں ایک صبح ان کی حالت قدرے بہتر تھی۔ حضرت علی ﷺ کسی کام سے باہر گئے ہوئے تھے۔ سیدۂ کائنات نے فرمایا: اے اماں! میرے غسل کے لیے پانی لائیں۔ میں پانی لائی، میرے خیال میں انہوں نے (اس روز) بہترین غسل کیا۔ پھر بولیں: اماں جی! مجھے نیا لباس دیں۔ میں نے ایسا ہی کیا پھر وہ قبلہ رخ ہو کر لیٹ گئیں۔ ہاتھ رخسار مبارک کے نیچے کر لیا اور فرمایا: اماں جی! اب میری وفات ہو جائے گی، میں (غسل کر کے) پاک ہو چکی ہوں، لہٰذا مجھے کوئی نہ کھولے پس اُسی جگہ ان کی وفات ہو گئی۔ حضرت اُمّ سلمٰی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ تشریف لائے تو میں نے انہیں ساری بات بتائی۔'' اسے امام احمد نے روایت کیا ہے۔

١٠٦٥/١٦٩۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: إِنَّ عُثْمَانَ ﷺ أَصْبَحَ فَحَدَّثَ فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فِي الْمَنَامِ اللَّيْلَةَ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ، أَفْطِرْ عِنْدَنَا فَأَصْبَحَ عُثْمَانُ ﷺ صَائِمًا فَقُتِلَ مِنْ يَوْمِهِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

الحديث رقم ١٦٩: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/١١٠، الرقم: ٤٥٥٤، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/١٨١، الرقم: ٣٠٥١٠۔ ٣٠٥١١، ٧/٤٤٢، الرقم: ٣٧٠٨٥، وابن سعد فى الطبقات الكبرى، ٣/٧٤، وابن حيان فى طبقات المحدثين بأصبهان، ٢/٢٩٨، الرقم: ١٨٢، وابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ٣٩، ٣٨٤، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٧/٢٣٢۔

Marfat.com

وفي رواية: عَنِ امْرَأَةِ عُثْمَانَ قَالَتْ: قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ رضي الله عنهما قَالُوْا: إِنَّکَ تُفْطِرُ عِنْدَنَا اللَّيْلَةَ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ سَعْدٍ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ایک دن صبح کے وقت بتایا: میں نے رات کو خواب میں حضور نبی اکرم ﷺ کی زیارت کی اور حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے فرمایا: اے عثمان! تم آج کا روزہ ہمارے پاس افطار کرو۔ سو اس دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے روزے کی حالت میں صبح کی اور اسی دن انہیں شہید کر دیا گیا۔''

اسے امام حاکم اور ابن ابی شبیہ نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

ایک روایت میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی زوجۂ محترمہ سے مروی ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے (خواب سے بیدار ہو کر) فرمایا: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کو دیکھا وہ سب مجھے کہہ رہے تھے: (اے عثمان!) آج شام تمہاری افطاری ہمارے ساتھ ہے۔''

اسے امام ابن ابی شیبہ اور ابن سعد نے روایت کیا ہے۔

١٠٦٦/ ١٧٠۔ عَنْ سَفِيْنَةَ رضی الله عنه قَالَ: رَكِبْتُ الْبَحْرَ فِي سَفِيْنَةٍ فَانْكَسَرَتْ فَرَكِبْتُ لَوْحًا مِنْهَا فَطَرَحَنِي فِي أَجَمَةٍ فِيْهَا أَسَدٌ فَلَمْ يَرْعَنِي إِلَّا بِهِ فَقُلْتُ: يَا أَبَا الْحَارِثِ، أَنَا مَوْلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَطَأْطَأَ رَأْسَهُ وَغَمَزَ بِمَنْكِبِهِ شِقِّي فَمَا زَالَ يَغْمِزُنِي وَيَهْدِيْنِي إِلَى الطَّرِيْقِ حَتَّى وَضَعَنِي

الحديث رقم ١٧٠: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٢/ ٦٧٥، الرقم: ٤٢٣٥، ٣/ ٧٠٢، الرقم: ٦٥٥٠، والبخارى فى التاريخ الكبير، ٣/ ١٩٥، الرقم: ٦٦٣، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٧/ ٨٠، الرقم: ٦٤٣٢، وابن راشد فى الجامع ، ١١/ ٢٨١، واللالكائي فى كرامات الأولياء، ١/ ١٥٨، الرقم: ١١٤، والبغوي فى شرح السنة، ١٣/ ٣١٣، الرقم: ٣٧٣٢، والخطيب التبريزى فى مشكاة المصابيح، ٢/ ٤٠٠، الرقم: ٥٩٤٩.

Marfat.com

عَلَى الطَّرِيْقِ فَلَمَّا وَضَعَنِي هَمْهَمَ فَظَنَنْتُ أَنَّهُ يُوَدِّعُنِي.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْكَبِيْرِ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَغَوِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت سفینہ ﷺ سے مروی ہے کہ (ایک مرتبہ) میں سمندر میں ایک کشتی پر سوار تھا کہ وہ کشتی ٹوٹ گئی تو میں اس کے ایک تختے پر سوار ہو گیا۔ اس نے مجھے ایک ایسی جگہ پھینک دیا جو شیر کی کچھار تھی (وہی ہوا جس کا ڈر تھا) اور اچانک شیر سامنے تھا۔ میں نے اسے کہا: اے شیر! میں رسول اللہ ﷺ کا غلام ہوں تو اس نے فوراً اپنا سر خم کر دیا اور اپنے کندھے سے مجھے اشارہ کیا اور وہ اس وقت تک مجھے اشارہ اور رہنمائی کرتا رہا جب تک کہ اس نے مجھے صحیح راہ پر نہ ڈال دیا۔ پھر جب اس نے مجھے صحیح راہ پر ڈال دیا تو وہ دھیمی آواز میں غرغرایا تو میں نے خیال کیا کہ وہ مجھے الوداع کہہ رہا ہے۔''

اسے امام حاکم نے اور بخاری نے التاریخ الکبیر میں اور طبرانی اور بغوی نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

١٠٦٧/١٧١۔ عَنْ سَلْمَانَ ﷺ قَالَ: كَانَتِ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ تُعَذَّبُ بِالشَّمْسِ فَإِذَا انْصَرَفُوْا عَنْهَا أَظَلَّتْهَا الْمَلَائِكَةُ بِأَجْنِحَتِهَا وَكَانَتْ تَرَى بَيْتَهَا فِي الْجَنَّةِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

وفي رواية: عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ أَنَّ فِرْعَوْنَ أَوْتَدَ لِامْرَأَتِهِ أَرْبَعَةَ أَوْتَادٍ فِي يَدَيْهَا وَرِجْلَيْهَا فَكَانَ إِذَا تَفَرَّقُوْا عَنْهَا ظَلَّلَتْهَا الْمَلَائِكَةُ فَقَالَتْ: رَبِّ ابْنِ لِي عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِي مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهِ

الحديث رقم ١٧١: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٥٣٨، الرقم: ٣٨٣٤، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/١٢٠، الرقم: ٣٤٦٥٦، وأبو يعلى في المسند، ١١/٣١٦، الرقم: ٦٤٣١، والبيهقي في شعب الإيمان، ٢/٢٤٤، الرقم: ١٦٣٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٢١٨، وقال: ورجاله رجال الصحيح.

Marfat.com

وَنَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ فَكَشَفَ لَهَا عَنْ بَيْتِهَا فِي الْجَنَّةِ.

رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

''حضرت سلمان ﷺ بیان کرتے ہیں کہ فرعون کی بیوی (حضرت آسیہ) کو سورج کی (جھلسا دینے والی) تپش کے ذریعے عذاب دیا جاتا تھا۔ پس جب وہ سارے (فرعونی) اسے (تپتی زمین پر تڑپتا) چھوڑ کر چلے جاتے تو فرشتے اپنے پروں کے ساتھ اس پر سایہ فگن ہو جاتے اور وہ (وہاں سے) جنت میں موجود اپنے گھر کو تکتی تھیں۔''

اس حدیث کو امام حاکم، ابن ابی شیبہ اور بیہقی نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

اور ایک روایت میں حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے مروی ہے کہ فرعون ملعون نے اپنی بیوی (حضرت آسیہ) کے ہاتھوں اور پاؤں میں چار میخیں گاڑی ہوئی تھیں اور جب لوگ اسے چھوڑ کر آگے پیچھے ہو جاتے تو فرشتے اس پر سایہ کر لیتے تو وہ کہتیں: اے میرے اللہ! میرے لئے اپنے پاس جنت میں ایک گھر بنا اور مجھے فرعون اور اس کے عملِ بد سے اور ظالم قوم سے نجات دلا۔ پس اللہ تعالیٰ نے اُن کے لئے (دنیا میں ہی) جنت میں اُن کے گھر سے پردہ ہٹا دیا (تاکہ وہ اسے دیکھ لیں)۔''

اس حدیث کو امام ابویعلی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح حدیث کے رجال ہیں۔

١٠٦٨/١٧٢۔ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ ﷺ قَالَ: خَطَبَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رضی الله عنهما حِيْنَ قُتِلَ عَلِيٌّ ﷺ فَقَالَ: يَا أَهْلَ الْكُوْفَةِ، أَوْ يَا أَهْلَ الْعِرَاقِ، لَقَدْ كَانَ بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ رَجُلٌ قُتِلَ اللَّيْلَةَ أَوْ أُصِيْبَ الْيَوْمَ لَمْ يَسْبِقْهُ الْأَوَّلُوْنَ بِعِلْمٍ وَلَا يُدْرِكُهُ الْآخَرُوْنَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا بَعَثَهُ فِي سَرِيَّةٍ كَانَ جِبْرِيْلُ عليه السلام عَنْ يَمِيْنِهِ وَمِيْكَائِيْلُ عليه السلام عَنْ يَسَارِهِ فَلَا يَرْجِعُ

الحديث رقم ١٧٢: أخرجه ابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/٣٦٩، الرقم: ٣٢٠٩٤، والهندى فى كنزالعمال، ٦/٤١٢.

Marfat.com

حَتَّى يَفْتَحَ اللهُ عَلَيْهِ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عاصم بن ضمرہ ﷺ سے مروی ہے کہ جب حضرت علی ﷺ کو شہید کر دیا گیا تو حضرت امام حسن علیہ السلام نے خطبہ ارشاد فرمایا: اے اہلِ کوفہ! یا اے اہلِ عراق! آج تمہارے درمیان وہ شخص شہید کر دیا گیا جس سے علم میں (اُمت کے) اولین بھی سبقت نہیں کر سکے اور بعد میں آنے والوں میں سے بھی کوئی ان کے مقام کو نہ پہنچ سکے گا۔ حضور نبی اکرم ﷺ جب حضرت علی ﷺ کو کسی جہاد کی مہم پر روانہ فرماتے تو ان کی دائیں طرف حضرت جبرئیل علیہ السلام اور بائیں طرف حضرت میکائیل علیہ السلام رہا کرتے تھے اور وہ کبھی بھی فتح حاصل کئے بغیر نہیں لوٹتے تھے۔'' اسے امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

١٠٦٩/١٧٣۔ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ ﷺ أَنَّ عَامِرَ بْنَ فُهَيْرَةَ ﷺ قُتِلَ يَوْمَئِذٍ فَلَمْ يُوْجَدْ جَسَدُهُ حِيْنَ أَنَّ الْمَلَائِكَةَ دَفَنَتْهُ.

رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَابْنُ الْمُبَارَكِ واللَّفْظُ لَهُ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عروہ بن زبیر ﷺ بیان کرتے ہیں کہ جس دن حضرت عامر بن فہیرہ ﷺ کو شہید کیا گیا تو ان کا جسدِ خاکی کہیں بھی نہ پایا گیا کیونکہ فرشتوں نے انہیں دفن کر دیا تھا۔''

اس حدیث کو امام عبدالرزاق، ابن مبارک اور ابونعیم نے روایت کیا ہے اور یہ الفاظ ابن مبارک کے ہیں۔

١٠٧٠/١٧٤۔ عَنْ زَادَانَ أَنَّ عَلِيًّا ﷺ حَدَّثَ حَدِيْثًا فَكَذَّبَهُ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ ﷺ: أَدْعُوْ عَلَيْكَ إِنْ قُلْتَ كَاذِبًا قَالَ: ادْعُ فَدَعَا عَلَيْهِ فَلَمْ يَبْرَحْ حَتَّى ذَهَبَ بَصَرُهُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ١٧٣: أخرجه عبد الرزاق في المصنف، ٥/٣٨٣، الرقم: ٩٧٤١، وابن المبارك في الجهاد، ١/٧١، الرقم: ٨١، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ١/١١٠، وابن عبد البر في الاستيعاب، ٢/٧٩٧، وابن تيمية في الفرقان، ١/٩٦، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ١/٤٣٢-٤٣٣، الرقم: ٢٣۔

الحديث رقم ١٧٤: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٢/٢١٩، الرقم: ١٧٩١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١١٦، واللالكائي في كرامات الأولياء، ١/١٢٦، الرقم: ٧٣۔

Marfat.com

''حضرت زادان سے روایت ہے کہ (ایک مرتبہ) حضرت علی ﷺ گفتگو فرما رہے تھے تو ایک شخص نے انہیں جھٹلایا اس پر حضرت علی ﷺ نے فرمایا: اگر تو نے جھوٹ بولا ہو تو میں تجھے بددعا دوں؟ اس نے کہا: ہاں بددعا کریں چنانچہ حضرت علی ﷺ نے اس کے لیے بددعا کی تو وہ شخص ابھی اس مجلس سے اٹھنے بھی نہ پایا تھا کہ اندھا ہو گیا۔''

اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٧٥/١٠٧١۔ عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا رِجَاءَ الْعَطَارَدِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: لَا تَسُبُّوْا عَلِيًّا ﷺ وَلَا أَهْلَ هَذَا الْبَيْتِ فَإِنَّ جَارًا لَنَا مِنْ بِلْهَجِيْمَ قَالَ: أَلَمْ تَرَوْا إِلَى هَذَا الْفَاسِقِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ (عليهما السلام) قَتَلَهُ اللهُ، فَرَمَاهُ اللهُ بِكَوْكَبَيْنِ فِي عَيْنَيْهِ فَطَمَسَ اللهُ بَصَرَهُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

وَإِسْنَادُهُ حَسَنٌ وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

''حضرت قرہ بن خالد فرماتے ہیں کہ میں نے سنا کہ حضرت ابو رجاء عطاردی ﷺ فرما رہے تھے: حضرت علی ﷺ اور ان کے اہلِ بیت کو گالیاں مت دو۔ ایک دفعہ ہمارا ایک پڑوسی کہنے لگا: کیا تم یہ نہیں دیکھتے (معاذ اللہ) کہ اس فاسق حسین بن علی (علیہما السلام) کو اللہ تعالیٰ نے قتل کر دیا، (اس کا یہ کہنا ہی تھا کہ) اسی وقت اللہ تعالیٰ نے اس کی دونوں آنکھوں میں دو ستارے مارے اور وہ اندھا ہو گیا۔''

اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔ اس کی سند حسن ہے اور اس کے رجال صحیح ہیں۔

١٧٦/١٠٧٢۔ عَنْ مَالِكٍ ﷺ فِي رِوَايَةٍ طَوِيْلَةٍ قَالَ: قُتِلَ

الحديث رقم ١٧٥: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٣/١١٢، الرقم: ٢٨٣٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/١٩٦، وقال: وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

الحديث رقم ١٧٦: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١/٧٨، الرقم: ١٠٩، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٣٩/٥٣٢، وابن عبد البر في الاستيعاب، ٣/١٠٤٧، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٣/٧٧، والمزي في تهذيب الكمال، ١٩/٤٥٧، والعسقلاني في تلخيص الحبير، ٢/١٤٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٩٥.

Marfat.com

عُثْمَانُ ﷺ، وَإِنَّ رَأْسَهُ عَلَى الْبَابِ لَيَقُوْلُ: طُقْ طُقْ حَتَّى صَارُوْا بِهِ إِلَى حَشِّ كَوْكَبٍ فَاحْتَفَرُوْا لَهُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت امام مالک ﷺ سے ایک طویل روایت میں مروی ہے فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان ﷺ کو شہید کیا گیا، اور دروازے پر ہی ان کا سر مبارک پکار رہا تھا: مجھے دفن کرو، مجھے دفن کرو چنانچہ ان کے ساتھی ان کی نعش مبارک کو باغِ کوکب میں لے گئے جہاں ان کی تدفین کی گئی۔'' اسے امام طبرانی اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

١٠٧٣/١٧٧۔ عَنْ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: وَكَانَ عُثْمَانُ ﷺ يَمُرُّ بِحَشِّ كَوْكَبٍ فَيَقُوْلُ لَيُدْفَنَنَّ هَاهُنَا رَجُلٌ صَالِحٌ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

''حضرت امام مالک ﷺ سے مروی ہے کہ جب کبھی حضرت عثمان ﷺ باغِ کوکب کے قریب سے گذرتے تو فرماتے کہ یہاں ایک نیک انسان دفن کیا جائے گا (چنانچہ آپ خود وہاں دفن کیے گئے)۔'' اسے امام طبرانی اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

١٠٧٤/١٧٨۔ عَنْ خَيْثَمَةَ ﷺ قَالَ: أُتِيَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ ﷺ بِرَجُلٍ وَمَعَهُ زَقُّ خَمْرٍ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ عَسَلًا، فَصَارَ عَسَلًا.

وفي رواية: لَمَّا قَدِمَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ ﷺ الْحُرَّةَ أُتِيَ بِسَمٍّ فَوَضَعَهُ فِي رَاحَتِهِ ثُمَّ سَمَّى وَشَرِبَهُ. رَوَاهُ اللَّالَكَائِيُّ وَالذَّهَبِيُّ وَالْعَسْقَلَانِيُّ.

وَقَالَ الْعَسْقَلَانِيُّ: رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى وَابْنُ سَعْدٍ وَابْنُ أَبِي الدُّنْيَا بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ.

الحديث رقم ١٧٧: أخرجه الطبراني فى المعجم الكبير، ١/٧٨، الرقم: ١٠٩، وابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ٣٩/٥٣٢، وابن عبد البر فى الاستيعاب، ٣/١٠٤٧، وابن سعد فى الطبقات الكبرى، ٣/٧٧، والمزى فى تهذيب الكمال، ١٩/٤٥٧، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ٩/٩٥۔

الحديث رقم ١٧٨: أخرجه اللالكائى فى كرامات الأولياء، ٢/٢٥٤، الرقم: ٩٤۔٩٧، والذهبي فى سير أعلام النبلاء، ١/٣٧٥،٣٧٦، والعسقلانى فى الإصابة، ٢/٢٥٤، والرازي فى التفسير الكبير، ٢١/٨٩۔

Marfat.com

''حضرت خیثمہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید ﷺ کے پاس ایک آدمی لایا گیا اس کے پاس شراب کی صراحی تھی آپ نے فرمایا: اے اللہ! اسے شہد بنادے تو وہ شراب فوراً شہد میں تبدیل ہوگئی۔''

اور ایک روایت میں ہے کہ جب حضرت خالد بن ولید ﷺ حرۃ کے مقام پر آئے تو آپ کے پاس زہر قاتل لایا گیا آپ نے اسے ہتھیلی پر ڈالا اور بسم اللہ پڑھ کر پی گئے (مگر اس زہر نے آپ پر کوئی مضر اثر نہیں کیا)۔''

اسے امام لالکائی، ذہبی اور عسقلانی نے روایت کیا ہے اور امام عسقلانی نے فرمایا کہ اسے امام ابویعلی، ابن سعد اور ابن ابی الدنیا نے صحیح اِسناد کے ساتھ روایت کیا ہے۔

١٠٧٥ / ١٧٩۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: عُدْتُ شَابًّا مِنَ الْأَنْصَارِ فَمَا كَانَ بِأَسْرَعَ مِنْ أَنْ مَاتَ، فَأَغْمَضْنَاهُ وَمَدَدْنَا عَلَيْهِ الثَّوْبَ، فَقَالَ بَعْضُنَا لِأُمِّهِ: احْتَسِبِيْهِ. قَالَتْ: وَقَدْ مَاتَ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَتْ: أَحَقٌّ تَقُوْلُوْنَ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، فَمَدَّتْ يَدَيْهَا إِلَى السَّمَاءِ وَقَالَتْ: اَللّٰهُمَّ، إِنِّي آمَنْتُ بِكَ، وَهَاجَرْتُ إِلَى رَسُوْلِكَ. فَإِذَا نَزَلَ بِي شَدِيْدَةٌ دَعَوْتُكَ فَفَرَّجْتَهَا، فَأَسْأَلُكَ اَللّٰهُمَّ، لَا تُحَمِّلْ عَلَيَّ هَذِهِ الْمُصِيْبَةَ الْيَوْمَ. قَالَ: فَكَشَفَ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهِ فَمَا بَرِحْنَا حَتَّى أَكَلْنَا وَأَكَلَ مَعَنَا.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا وَأَبُوْنُعَيْمٍ وَالْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ عَدِيٍّ.

وَقَالَ الْحَافِظُ ابْنُ كَثِيْرٍ: وَهٰذَا إِسْنَادٌ رِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے انصار کے ایک (قریب المرگ بیمار) نوجوان کی عیادت کی اور وہ تھوڑی دیر میں (میری موجودگی کے دوران ہی) وفات پا گیا، ہم نے اس کی آنکھیں بند کر دیں اور اس پر کپڑا ڈال دیا۔ ہم میں سے بعض نے اس کی

الحديث رقم ١٧٩: أخرجه ابن أبي الدنيا في من عاش بعد الموت، ١ / ١٠، الرقم: ١، وفي مجابي الدعوة، الرقم: ٤٦، وأبو نعيم في دلائل النبوة، ٢ / ٦١٨، الرقم: ٥٦١، وابن عدي في الكامل، ٤ / ٦٢، والبيهقي في دلائل النبوة، ٦ / ٥١، وابن كثير في البداية والنهاية، ٦ / ٢٩٢، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ٢ / ٧٣۔

Marfat.com

ماں سے کہا: اس کی وفات پر ثواب کی توقع کے ساتھ صبر کرو۔ اس نے کہا: کیا وہ فوت ہو گیا ہے؟ ہم نے کہا: ہاں، اس نے کہا: کیا جو کچھ تم کہہ رہے ہو سچ ہے؟ ہم نے کہا: ہاں، پھر اس نے اپنے ہاتھ آسمان کی طرف بلند کر دیئے اور یہ دعا کی: اے اللہ! بے شک میں تجھ پر ایمان لائی اور تیرے رسول ﷺ کی طرف ہجرت کی اور جب کبھی مجھ پر کوئی مصیبت نازل ہوئی تو میں نے تجھے پکارا جس کے نتیجے میں تو نے مجھے اس مصیبت سے چھٹکارا عطا فرمایا۔ پس میں تجھ سے سوال کرتی ہوں کہ آج کے دن مجھ پر یہ مصیبت نہ ڈال۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ (اس کی ماں کی یہ دعا کرنے کی دیر تھی کہ) اس نوجوان نے اپنے چہرے سے کپڑا ہٹایا (اور زندہ ہو کر اٹھ کھڑا ہوا) پھر اس وقت ہم نے کھانا کھایا تو اس نوجوان نے بھی ہمارے ساتھ کھانا کھایا۔"

اس حدیث کو امام ابن ابی دنیا، ابونعیم، بیہقی اور ابن عدی نے روایت کیا ہے اور حافظ ابن کثیر نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند کے رجال ثقہ ہیں۔

١٠٧٦/١٨٠۔ عَنْ رِبْعِيِ بْنِ حِرَاشٍ قَالَ: كُنَّا إِخْوَةً ثَلَاثَةً، وَكَانَ أَعْبَدُنَا وَأَصْوَمُنَا وَأَفْضَلُنَا الْأَوْسَطَ مِنَّا، فَغِبْتُ غَيْبَةً إِلَى السَّوَادِ ثُمَّ قَدِمْتُ عَلَى أَهْلِي فَقَالُوْا: أَدْرِكْ أَخَاكَ فَإِنَّهُ فِي الْمَوْتِ. فَخَرَجْتُ أَسْعَى إِلَيْهِ، فَانْتَهَيْتُ وَقَدْ قُضِيَ وَسُجِّيَ بِثَوْبٍ، فَقَعَدْتُ عِنْدَ رَأْسِهِ أَبْكِيْهِ، قَالَ: فَرَفَعَ يَدَهُ وَكَشَفَ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهِ وَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ قُلْتُ: أَي أَخِي، أَحَيَاةٌ بَعْدَ الْمَوْتِ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنِّي لَقِيْتُ رَبِّي بِرَوْحٍ

الحديث رقم ١٨٠: أخرجه ابن أبي الدنيا في من عاش بعد الموت، ١/١٨، الرقم: ٩، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٤/٣٦٨، والبيهقي في دلائل النبوة، ٦/٤٥٤-٤٥٥، وابن حبان الرازي في الجرح والتعديل، ٣/٤٥٦، الرقم: ٢٠٦٢، وفي الثقات، ٤/٢٤١، الرقم: ٢٧٠٩، والنووي في شرحه على صحيح مسلم، ١/٦٦، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٤/٣٥٩، الرقم: ١٣٩، وابن منجويه الأصبهاني في رجال مسلم، ١/٢٠٨، الرقم: ٤٤٤، وابن عبد البر في الاستيعاب، ١/٥٦٢- ٥٦٣، وابن كثير في البداية والنهاية، ٦/١٥٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٢٩١.

Marfat.com

وَرَيْحَانٍ وَرَبٍّ غَيْرُ غَضْبَانٍ، وَإِنَّهُ كَسَانِي ثِيَابًا خُضْرًا مِنْ سُنْدُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ، وَإِنِّي وَجَدْتُ الْأَمْرَ أَيْسَرَ مِمَّا تَحْسِبُوْنَ ثَلَاثًا فَاعْمَلُوْا وَلَا تَغْتَرُوْا ثَلَاثًا، إِنِّي لَقِيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ فَأَقْسَمَ أَنْ لَا يَبْرَحَ حَتّٰى آتِيَهُ فَعَجِّلُوْا جِهَازِي، ثُمَّ طُفِيءَ فَكَأَنَّهُ أَسْرَعُ مِنْ حُصَاةٍ لَو أُلْقِيَتْ فِي الْمَاءِ قَالَ: فَقُلْتُ: عَجِّلُوْا جِهَازَ أَخِي. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْبَيْهَقِيُّ: هٰذَا إِسْنَادٌ صَحِيْحٌ لَا يَشُكُّ حَدِيْثِيٌّ فِي صِحَّتِهِ.

''حضرت ربعی بن حراش بیان کرتے ہیں کہ ہم تین بھائی تھے اور ہم میں سب سے زیادہ عبادت گزار، سب سے زیادہ روزہ دار اور سب سے زیادہ افضل ہمارا درمیانہ بھائی تھا، ایک دن میں شہر سے متصل ایک گاؤں کی طرف گیا جب میں واپس اپنے گھر والوں کی طرف آیا تو انہوں نے کہا: اپنے بھائی کی خبر لو یوں لگتا ہے وہ حالتِ نزع میں ہے تو میں دوڑتا ہوا اس کی طرف گیا اور جب میں اس کے پاس پہنچا تو اس کی روح قفسِ عنصری سے پرواز کر چکی تھی اور اسے ایک کپڑے میں لپیٹا جا چکا تھا۔ میں نے اس کے سر کے قریب بیٹھ کر رونا شروع کر دیا، راوی بیان کرتے ہیں کہ اس نے اپنا ہاتھ اٹھایا اور اپنے چہرے سے کپڑا ہٹایا اور کہا: السلام علیکم، میں نے کہا: اے میرے بھائی موت کے بعد زندگی؟ اس نے کہا: ہاں۔ بے شک میں اپنے ربّ کریم سے جنت میں ملا ہوں اور میرا رب مجھ سے ناراض نہیں ہے اور اس نے مجھے زرق برق سبز لباس پہنایا ہے اور جو کچھ تم (موت کے بارے میں) گمان کرتے ہو میں نے موت کا معاملہ اس سے بڑھ کر کئی گنا آسان پایا ہے۔ اُس نے یہ تین مرتبہ کہا، پھر کہا: (اے لوگو) عمل کرو اور غرور میں مبتلا نہ ہو۔ یہ بھی تین مرتبہ کہا، پھر کہا: میں حضور نبی اکرم ﷺ سے ملا ہوں اور انہوں نے قسم کھائی ہے کہ وہ اس وقت تک اس جگہ سے تشریف نہیں لے جائیں گے جب تک میں ان کے پاس نہ پہنچ جاؤں۔ پس جلدی سے میری تجہیز و تکفین کرو پھر وہ ان کنکریوں سے بھی جلدی فوت ہو گیا جنہیں جب پانی میں ڈالا جائے تو تیزی سے اس میں بیٹھ جاتی ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ میں نے کہا: جلدی سے میرے بھائی کی تجہیز و تکفین کرو۔''

اسے امام ابن ابی الدنیا اور بیہقی نے روایت کیا ہے نیز امام بیہقی نے فرمایا کہ یہ اسناد

Marfat.com

صحیح ہیں اور اس حدیث کی صحت میں کوئی شک نہیں ہے۔

١٠٧٧/ ١٨١۔ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ قَالَ: انْتَهَيْنَا إِلَى دَجْلَةَ وَهِيَ مَارَّةٌ، وَالْأَعَاجِمُ خَلْفَهَا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ: بِسْمِ اللهِ ثُمَّ اقْتَحَمَ فَرَسَهُ، فَانْدَفَعَ عَلَى الْمَاءِ، فَقَالَ النَّاسُ: بِسْمِ اللهِ ثُمَّ اقْتَحَمُوْا فَارْتَفَعُوْا عَلَى الْمَاءِ، فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيْهِمُ الْأَعَاجِمُ، قَالُوْا: دِيْوَانٌ دِيْوَانٌ، ثُمَّ ذَهَبُوْا عَلَى وُجُوْهِهِمْ فَمَا فَقَدُوْا إِلَّا قَدَحًا كَانَ مُعَلَّقًا بِعَذَبَةِ سَرْجٍ، فَلَمَّا خَرَجُوْا أَصَابُوْا الْغَنَائِمَ فَاقْتَسَمُوْهَا فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَقُوْلُ: مَنْ يُبَادِلُ صُفْرَاءَ بِبَيْضَاءَ؟. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ. وَقَالَ: هَذَا إِسْنَادٌ صَحِيْحٌ.

''امام اعمش اپنے بعض دوستوں سے روایت کرتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) ہم دجلہ کے کنارے پہنچے وہ (اپنی پوری روانی سے) بہہ رہا تھا اور اس (دریا) کی دوسری طرف (کافر) عجمیوں کی فوج تھی، پس مسلمانوں میں سے ایک شخص نے ''بسم اللہ'' پڑھ کر اپنا گھوڑا دریا میں ڈال دیا تو پانی ایک طرف ہٹ گیا۔ پھر باقی مسلمانوں نے بھی ''بسم اللہ'' پڑھا اور (گھوڑوں سمیت) دریا میں کود پڑے اور پانی پر بلند ہو کر (سلامتی کے ساتھ) تیرنے لگے۔ جب عجمیوں نے ان کی طرف دیکھا تو کہنے لگے: (یہ تو) دیوانے ہیں دیوانے، پھر وہ (مسلمان) سیدھے تیرتے چلے گئے اور انہوں نے سوائے ایک پیالہ کے جو گھوڑے کی زین کے ساتھ لٹکا ہوا تھا کوئی چیز نہ کھوئی۔ پس جب وہ دریا سے باہر نکلے تو بہت زیادہ مالِ غنیمت پایا اور اسے آپس میں تقسیم کر لیا، ان میں سے ایک آدمی کہنے لگا: کون سونے کو چاندی سے بدلے گا؟''

اس حدیث کو امام بیہقی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ اس کی سند صحیح ہے۔

١٠٧٨/ ١٨٢۔ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ أَنَّ أَبَا مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيَّ

الحديث رقم ١٨١: أخرجه البيهقي في دلائل النبوة، ٦/ ٥٣۔ ٥٤، وابن كثير في البداية والنهاية، ٦/ ١٥٥۔ ١٥٦۔

الحديث رقم ١٨٢: أخرجه البيهقي في دلائل النبوة، ٦/ ٥٤، وابن كثير في البداية والنهاية، ٦/ ١٥٦۔

Marfat.com

ﷺ جَاءَ إِلَى الدَّجْلَةِ وَهِيَ تَرْمِي الْخَشَبَ مِنْ مُدِّهَا، فَمَشَى عَلَى الْمَاءِ وَالْتَفَتَ إِلَى أَصْحَابِهِ، وَقَالَ: هَلْ تَفْقِدُوْنَ مِنْ مَتَاعِكُمْ شَيْئًا فَنَدْعُو اللهَ.

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ. وَقَالَ: هَذَا إِسْنَادٌ صَحِيْحٌ.

حضرت سلیمان بن مغیرہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابو مسلم خولانی ﷺ دریائے دجلہ کی طرف آئے اور دریا کی لہریں اپنی طغیانی کی وجہ سے لکڑیوں کو بھی اٹھا کر باہر پھینک رہی تھیں لیکن وہ پانی پر چلنے لگے اور اپنے دوستوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: کیا تم نے اپنے سامان میں سے کوئی چیز کھوئی ہے کہ ہم (اس کی بازیابی کے لئے) اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔"

اس حدیث کو امام بیہقی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ اس کی سند صحیح ہے۔

١٠٧٩/١٨٣۔ عَنْ خَلَفِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الْبَلْخِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُوْلُ: ذَهَبَتْ عَيْنَا مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيْلَ فِي صِغْرِهِ، فَرَأَتْ وَالِدَتُهُ فِي الْمَنَامِ إِبْرَاهِيْمَ الْخَلِيْلَ عليه السلام، فَقَالَ لَهَا: يَا هَذِهِ، قَدْ رَدَّ اللهُ عَلَى ابْنِكِ بَصَرَهُ لِكَثْرَةِ بُكَائِكِ أَوْ كَثْرَةِ دُعَائِكِ الشَّكُّ مِنْ أَبِي مُحَمَّدٍ الْبَلْخِيِّ. فَأَصْبَحْنَا وَقَدْ رَدَّ اللهُ عَلَيْهِ بَصَرَهُ.

رَوَاهُ اللَّالْكَائِيُّ وَالْخَطِيْبُ وَابْنُ عَسَاكِرَ.

"حضرت خلف بن محمد بن فضل بلخی بیان کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو کہتے ہوئے سنا: امام محمد بن اسماعیل بخاری کی دونوں آنکھیں چھوٹی عمر میں ہی ضائع ہو گئیں تھیں، ان کی والدہ نے خواب میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو دیکھا کہ انہوں نے ان کی والدہ سے فرمایا: اے خاتون! اللہ تعالیٰ نے تیرے بیٹے کی آنکھیں تیری کثرتِ گریہ وزاری یا کثرتِ دعا (ابو محمد بلخی کو شک گزرا ہے کہ الفاظ کیا تھے) کی وجہ سے لوٹا دی ہیں۔ سو ہم نے صبح دیکھا تو

الحديث رقم ١٨٣: أخرجه اللالكائي في كرامات الأولياء، ١/٢٤٧، الرقم: ٢٢٩، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ٢/١٠، وابن عساكر في تاريخ دمشق الكبير، ٥٢/٥٦، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ١٢/٣٩٣، والمزي في تهذيب الكمال، ٢٤/٤٤٥.

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے انہیں (یعنی امام بخاری کو) آنکھیں لوٹا دی تھیں۔''

اس حدیث کو امام لالکائی، خطیب بغدادی اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

١٠٨٠/١٨٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ زَارَ قُبُوْرَ الشُّهَدَاءِ بِأُحُدٍ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، إِنَّ عَبْدَکَ وَنَبِيَّکَ يَشْهَدُ أَنَّ هَؤُلَاءِ شُهَدَاءُ، وَأَنَّهُ مَنْ زَارَهُمْ أَوْ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ رَدُّوْا عَلَيْهِ.

قَالَ الْعِطَافُ: وَحَدَّثَتْنِي خَالَتِي: أَنَّهَا زَارَتْ قُبُوْرَ الشُّهَدَاءِ، قَالَتْ: وَلَيْسَ مَعِي إِلَّا غُلَامَانِ يَحْفَظَانِ عَلَيَّ الدَّابَةَ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِمْ، فَسَمِعْتُ رَدَّ السَّلَامِ، وَقَالُوْا: وَاللهِ، إِنَّا نَعْرِفُکُمْ کَمَا يَعْرِفُ بَعْضُنَا بَعْضًا، قَالَتْ: فَاقْشَعْرَرْتُ وَقُلْتُ: يَا غُلَامُ، أَدْنِنِي بَغْلَتِي، فَرَکِبْتُ.

رَوَاهُ الْحَاکِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هٰذَا إِسْنَادٌ مَدَنِيٌّ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن ابی فروہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اُحد کے مقام پر شہداء کی قبروں کی زیارت کی، پس آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! بے شک تیرا بندا اور نبی گواہی دیتا ہے کہ یہ شہداء ہیں اور یہ کہ جو شخص بھی قیامت کے دن تک ان کی زیارت کرے گا یا انہیں سلام کہے گا یہ اس کا جواب دیں گے۔

عطاف کہتے ہیں کہ میری خالہ نے مجھے بتایا کہ انہوں نے شہداء اُحد کی قبروں کی زیارت کی اور کہا کہ میرے ساتھ دو غلام تھے جو میری سواری کا خیال رکھتے تھے، سو میں نے ان شہداء کو سلام کیا تو میں نے ان کے سلام کا جواب سنا، اور انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ کی قسم، ہم تمہیں ایسے ہی جانتے ہیں جیسے ہم ایک دوسرے کو جانتے ہیں۔ وہ بیان کرتی ہیں کہ (یہ سارا کچھ سن کر) میں کانپ اٹھی اور میں نے کہا: اے غلام! میری خچر میرے قریب کرو۔ پس میں اس پر سوار ہو کر چل دی۔''

الحديث رقم ١٨٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٣/٣١، الرقم: ٤٣٢٠، والبيهقي في دلائل النبوة، ٣/٣٠٧، والسيوطي في الخصائص الكبرى، ١/٣٦٤.

Marfat.com

اس حدیث کو امام حاکم اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔ اور امام حاکم نے فرمایا کہ اس کی سند صحیح ہے۔

۱۰۸۱/۱۸۵۔ عَنْ فَاطِمَةَ الْخُزَاعِيَّةِ تَقُوْلُ: لَقَدْ رَأَيْتُنِي وَقَدْ غَابَتِ الشَّمْسُ بِقُبُوْرِ الشُّهَدَاءِ وَمَعِي أُخْتٌ لِي، فَقُلْتُ لَهَا: تَعَالِي نُسَلِّمْ عَلَى قَبْرِ حَمْزَةَ، فَقَالَتْ: نَعَمْ، فَوَقَفْنَا عَلَى قَبْرِهِ فَقُلْنَا: اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا عَمَّ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَسَمِعْنَا کَلَامًا رَدَّ عَلَيْنَا: وَعَلَيْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ، قَالَتْ: وَمَا قُرْبَنَا أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت فاطمہ خزاعیہ بیان کرتی ہیں کہ میں سورج غروب ہونے کے بعد شہدائے اُحد کی قبور کے پاس تھی اور میرے ساتھ میری بہن بھی تھی۔ پس میں نے اسے کہا: آؤ حضرت حمزہ ﷺ کی قبر پر سلام کرتے ہیں، اس نے کہا: ٹھیک ہے۔ پس ہم ان کی قبر پر کھڑی ہوئیں، اور ہم نے کہا: ''اے حضور نبی اکرم ﷺ کے چچا آپ پر سلامتی ہو۔'' پس ہم نے وہ کلام سنا جو انہوں نے ہمیں جواباً فرمایا (اور وہ یہ تھا) وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ، (اور تم پر بھی سلامتی اور اللہ کی رحمت ہو)۔ اس وقت ہمارے آس پاس کوئی شخص بھی نہ تھا۔''

اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

۱۰۸۲/۱۸۶۔ عَنِ الشَّعْبِيِّ أَنَّ قَوْمًا أَقْبَلُوْا مِنَ الْيَمَنِ مُتَطَوِّعِيْنَ فِي سَبِيْلِ اللهِ فَنَفَقَ حِمَارُ رَجُلٍ مِنْهُمْ فَأَرَادُوْا أَنْ يَنْطَلِقَ مَعَهُمْ فَأَبَى، فَقَامَ فَتَوَضَّأَ وَصَلَّى فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، إِنِّي جِئْتُ مِنَ الدُّنْيَةِ مُجَاهِدًا فِي سَبِيْلِکَ وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِکَ وَإِنِّي أَشْهَدُ أَنَّکَ تُحْيِ الْمَوْتَى وَتَبْعَثُ مَنْ فِي

الحديث رقم ۱۸۵: أخرجه البيهقي في دلائل النبوة، ۳/۳۰۹۔

الحديث رقم ۱۸۶: أخرجه ابن أبي الدنيا في من عاش بعد الموت، ۱/۳۲، الرقم: ۲۸، والبيهقي في دلائل النبوة، ۶/۴۸۔۴۹، والعسقلاني في الإصابة، ۳/۳۹۰، الرقم: ۳۹۹۶، وابن كثير في البداية والنهاية، ۶/۱۵۳۔۱۵۴، والحموي في معجم البلدان، ۲/۴۴۰۔

Marfat.com

الْقُبُوْرِ لَا تَجْعَلْ لِأَحَدٍ عَلَيَّ مِنَّةً، وَإِنِّي أَطْلُبُ إِلَيْکَ أَنْ تَبْعَثَ لِي حِمَارِي، ثُمَّ قَامَ إِلَى الْحِمَارِ فَضَرَبَهُ فَقَامَ الْحِمَارُ يَنْفُضُ أُذُنَيْهِ فَأَسْرَجَهُ وَأَلْجَمَهُ ثُمَّ رَکِبَهُ فَأَجْرَاهُ فَلَحِقَ بِأَصْحَابِهِ، فَقَالُوْا: مَا شَأْنُکَ؟ قَالَ: شَأْنِي أَنَّ اللهَ بَعَثَ لِي حِمَارِي! قَالَ الشَّعْبِيُّ: فَأَنَا رَأَيْتُ الْحِمَارَ بِيْعَ أَوْ يُبَاعُ بِالْکِنَاسَةِ (مَوْضِعٌ مُشْهُوْرٌ بِالْکُوْفَةِ).

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا وَالْبَيْهَقِيُّ وَالْعَسْقَلَانِيُّ وَابْنُ کَثِيْرٍ.

وَقَالَ الْبَيْهَقِيُّ: هٰذَا إِسْنَادٌ صَحِيْحٌ.

''امام شعبی بیان کرتے ہیں کہ یمن کے کچھ لوگ جہاد فی سبیل اللہ کے لیے نکلے، اور ان میں سے ایک آدمی کا گدھا ہلاک ہوگیا۔ دوسرے لوگوں نے چاہا کہ وہ (جس کا گدھا مر گیا تھا) ان کے ساتھ چلے لیکن اس نے انکار کر دیا۔ پس وہ اٹھا، وضو کیا، نماز ادا کی اور پھر یہ دعا کی: اے اللہ! میں دثنیہ (جگہ کا نام) سے تیری راہ میں جہاد اور تیری رضا کا طلبگار بن کر آیا ہوں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تو مردوں کو زندہ کرتا ہے اور ان کو بھی زندہ کرے گا جو قبور میں ہیں۔ (اے اللہ!) مجھے کسی کا احسان مند نہ کر۔ بے شک میں تجھ ہی سے سوال کرتا ہوں کہ میرا گدھا زندہ کر دے۔ پھر وہ اپنے گدھے کی طرف گیا اور اسے ٹھوکر ماری تو وہ اپنے کان جھاڑتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا۔ پھر اس شخص نے اس پر زین ڈالی اسے لگام دی اور اس پر سوار ہو کر اسے دوڑاتا ہوا اپنے دوستوں سے جا ملا۔ انہوں نے کہا: تمہارے ساتھ کیا معاملہ ہوا؟ اس نے کہا: میرا معاملہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میرا گدھا زندہ کر دیا ہے۔ شعبی کہتے ہیں کہ (بعد ازاں) میں نے دیکھا کہ وہ گدھا کناسہ (کوفہ میں ایک مشہور جگہ) میں بیچا گیا یا بیچا جا رہا تھا۔''

اسے امام ابن ابی دنیا، بیہقی، عسقلانی اور ابن کثیر نے روایت کیا ہے اور امام بیہقی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

١٠٨٣/١٨٧۔ وقال الشيخ ابن تيمية (٧٢٨ھ): وَلَمَّا مَاتَ

الحديث رقم ١٨٧: أخرجه ابن تيمية في الفرقان بين أولياء الرحمان وأولياء الشيطان، ١/٩٧۔٩٩.

Marfat.com

أَوَيْسٌ الْقَرَنِيُّ رضی اللہ عنہ، وَجَدُوْا فِي ثِيَابِهِ أَكْفَانًا لَمْ تَكُنْ مَعَهُ قَبْلُ، وَوَجَدُوْا لَهُ قَبْرًا مَحْفُوْرًا فِيْهِ لَحْدٌ فِي صَخْرَةٍ، فَدَفَنُوْهُ فِيْهِ، وَكَفَّنُوْهُ فِي تِلْكَ الْأَثْوَابِ.

وقال أيضاً: وَلَمَّا عُذِّبَتِ الزَّنِيْرَةُ عَلَى الْإِسْلَامِ فِي اللهِ، فَأَبَتْ إِلَّا الْإِسْلَامَ، وَذَهَبَ بَصَرُهَا، قَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: مَا أَصَابَ بَصَرَهَا إِلَّا اللَّاتُ وَالْعُزَّى، قَالَتْ: كَلَّا وَاللهِ، فَرَدَّ اللهُ عَلَيْهَا بَصَرَهَا.

وَأَيْضًا قَالَ: وَتَغَيَّبَ الْحَسَنُ الْبَصَرِيُّ عَنِ الْحَجَّاجِ، فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ سِتَّ مَرَّاتٍ، فَدَعَا اللهَ عزوجل فَلَمْ يَرَوْهُ، وَدَعَا عَلَى بَعْضِ الْخَوَارِجِ كَانَ يُؤْذِيْهِ فَخَرَّ مَيِّتًا.

وَأَيْضًا قَالَ: وَكَانَ مُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ إِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ سَبَّحَتْ مَعَهُ آنِيَتُهُ، وَكَانَ هُوَ وَصَاحِبُهُ لَهُ يَسِيْرَانِ فِي ظُلْمَةٍ فَأَضَاءَ لَهُمَا طَرَفُ السَّوْطِ.

وَقَالَ أَيْضًا: وَلَمَّا مَاتَ الْأَحْنَفُ بْنُ قَيْسٍ، وَقَعَتْ قَلَنْسُوَةُ رَجُلٍ فِي قَبْرِهِ فَأَهْوَى لِيَأْخُذَهَا فَوَجَدَ الْقَبْرَ قَدْ فَسَحَ فِيْهِ مُدَّ الْبَصَرِ.

وَقَالَ أَيْضًا: وَكَانَ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زَيْدٍ أَصَابَهُ الْفَالِجُ فَسَأَلَ رَبَّهُ أَنْ يُطْلِقَ لَهُ أَعْضَاءَهُ وَقْتَ الْوُضُوْءِ، فَكَانَتْ وَقْتَ الْوُضُوْءِ تُطْلَقُ لَهُ أَعْضَاؤُهُ ثُمَّ تَعُوْدُ بَعْدَهُ. أَخْرَجَهُ ابْنُ تَيْمِيَّةَ فِي الْفُرْقَانِ.

''شیخ ابن تیمیہ بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ فوت ہوئے تو لوگوں نے آپ کے کپڑے میں کفن کے کپڑے بھی پائے جو پہلے آپ کے پاس نہ تھے اور لوگوں نے ایک چٹان میں آپ کی قبر بھی کھودی ہوئی پائی جس میں لحد بھی تھی۔ پس لوگوں نے آپ کو

Marfat.com

اس میں دفن کر دیا اور آپ کو ان کپڑوں کا کفن پہنایا۔

شیخ ابن تیمیہ نے یہ بھی بیان کیا کہ جب حضرت زنیرہ رضی اللہ عنہا کو اسلام قبول کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں اذیتیں دی گئیں تو انہوں نے اسلام کے علاوہ ہر چیز کا انکار کر دیا اور (اذیتوں کی وجہ سے) ان کی نظر ختم ہو گئی۔ مشرکوں نے کہا: اسے یہ تکلیف لات و عزیٰ (کے انکار) کی وجہ سے پہنچی ہے تو انہوں نے کہا: اللہ رب العزت کی قسم! یہ تکلیف ہرگز ان کی وجہ سے نہیں پہنچی۔ سو اللہ تعالیٰ نے ان کی بصارت واپس لوٹا دی۔

اور انہوں نے یہ بھی بیان کیا: حضرت حسن بصری ﷺ حجاج بن یوسف کے مظالم سے تنگ آ کر روپوش ہو گئے تو حجاج کے سپاہی چھ مرتبہ آپ کو پکڑنے کے لیے گئے لیکن آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے تو وہ سپاہی آپ کو دیکھ نہ سکتے تھے اور آپ نے خوارج کے کسی آدمی کے لئے بددعا کی جو آپ کو اذیت دیتا تھا تو وہ (اسی وقت) منہ کے بل گر کر مر گیا۔

اور انہوں نے یہ بھی بیان کیا کہ مطرف بن عبداللہ بن شخیر جب اپنے گھر داخل ہوتے تو آپ کے برتن بھی آپ کے ساتھ تسبیح کرتے تھے اور وہ اور ان کا دوست تاریک رات میں چلتے تو ان کے چابک سے ایسا نور خارج ہوتا جو ان کے لئے راستہ روشن کر دیتا۔

اور انہوں نے یہ بھی بیان کیا کہ جب حضرت احنف بن قیس کی وفات ہو گئی، (تو قبر پر مٹی ڈالتے وقت) ایک شخص کی ٹوپی قبر میں گر پڑی سو وہ اپنی ٹوپی اٹھانے قبر میں اترا تو اس نے قبر کو اس حالت میں پایا کہ وہ تا حدِ نظر وسیع ہو چکی تھی۔

اور انہوں نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ عبدالواحد بن زید کو فالج ہو گیا تو انہوں نے اپنے رب کے حضور عرض کیا کہ وہ وضو کے وقت آپ کے اعضاء کو صحیح کر دیا کرے پس وضو کے وقت آپ کے اعضا صحیح ہو جاتے اور اس کے بعد دوبارہ اپنی حالت میں لوٹ آتے۔"

اسے امام ابن تیمیہ نے اپنی کتاب "الفرقان بين أولياء الرحمٰن وأولياء الشيطان" میں بیان کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي فَضْلِ الزُّهْدِ وَالزَّاهِدِيْنَ فِي الدُّنْيَا

﴿دنیا میں زہد اختیار کرنے والوں کی فضیلت کا بیان﴾

١٠٨٤/١٨٨۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ ﷺ قَالَ: حَدَّثَنِي دَاوُدُ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي زَائِدَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: أَعْقَلُ النَّاسِ أَتْرَكُهُمْ لِلدُّنْيَا. رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بے شک حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ عقل مند وہ ہے جو دنیا (کی محبت) کو سب سے زیادہ چھوڑنے والا ہے۔'' اسے امام ابوحنیفہ نے روایت کیا ہے۔

١٠٨٥/١٨٩۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ ﷺ قَالَ: خَطَّ النَّبِيُّ ﷺ خَطًّا مُرَبَّعًا وَخَطَّ خَطًّا فِي الْوَسَطِ خَارِجًا مِنْهُ وَخَطَّ خُطَطًا صِغَارًا إِلَى هَذَا الَّذِي فِي الْوَسَطِ مِنْ جَانِبِهِ الَّذِي فِي الْوَسَطِ وَقَالَ: هَذَا الْإِنْسَانُ وَهَذَا أَجَلُهُ مُحِيْطٌ بِهِ أَوْ قَدْ أَحَاطَ بِهِ وَهَذَا الَّذِي هُوَ خَارِجٌ أَمَلُهُ وَهَذِهِ الْخُطَطُ الصِّغَارُ الْأَعْرَاضُ فَإِنْ أَخْطَأَهُ هَذَا نَهَشَهُ هَذَا وَإِنْ أَخْطَأَهُ هَذَا نَهَشَهُ

الحديث رقم ١٨٨: أخرجه الخوارزمي في جامع المسانيد للإمام أبي حنيفة، ١/١٩٩۔

الحديث رقم ١٨٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: في الأمل وطوله، ٥/٢٣٥٩، الرقم: ٦٠٥٤، والترمذي في السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: (٢٢)، ٤/٦٣٥، الرقم: ٢٤٥٤، وابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: الأمل والأجل، ٢/١٤١٤، الرقم: ٤٢٣١، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٣٨٥، الرقم: ٣٦٥٢، والدارمي في السنن، ٢/٣٩٣، الرقم: ٢٧٢٩، وأبو يعلى في المسند، ٩/١٥٨، الرقم: ٥٢٤٣، والرامهرمزي في أمثال الحديث، ١/١٠٨، الرقم: ٧٢۔

Marfat.com

هَذَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے خطوط (لکیروں) کے ذریعے ایک مربع شکل بنائی اور ان کے درمیان ایک خط کھینچا جو ان سے باہر نکلا ہوا تھا پھر درمیان میں اُس کے دونوں طرف کچھ چھوٹے خطوط کھینچے اور فرمایا: یہ انسان ہے اور یہ اس کی موت ہے جو اس پر محیط ہے یا فرمایا کہ جس نے اسے گھیرا ہوا ہے اور یہ باہر کی طرف نکلا ہوا خط اس کی آرزو ہے اور چھوٹے خط اس کے مصائب ہیں اگر ایک مصیبت سے بچا تو دوسری نے آدبایا اور اگر دوسری سے بچا تو تیسری نے آدبوچا۔''

اسے امام بخاری، ترمذی، ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے، نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١٠٨٦/١٩٠۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ الْخَفِيَّ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت سعد بن ابی وقاص ﷺ نے فرمایا: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے اس بندے سے محبت رکھتا ہے جو متقی، بے نیاز اور گوشہ نشین ہو۔'' اس حدیث کو امام مسلم، احمد اور ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

١٠٨٧/١٩١۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ

الحديث رقم ١٩٠: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الزهد والرقائق، باب: (١)، ٤/٢٢٧٧، الرقم: ٢٩٦٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٦٨، الرقم: ١٤٤١، وأبو يعلى في المسند، ٢/٨٥، الرقم: ٧٣٧، والدورقي في مسند سعد، ١/٤٩، الرقم: ١٨، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/٢٩٧، الرقم: ١٠٣٧٠، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٣/٢٩٥، الرقم: ٤١٣٧.

الحديث رقم ١٩١: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في الكفاف والصبر عليه، ٤/٥٧٥، الرقم: ٢٣٤٨، وابن حبان في ←

Marfat.com

قَالَ: قَدْ أَفْلَحَ مَنْ أَسْلَمَ وَكَانَ رِزْقُهُ كَفَافًا وَقَنَّعَهُ اللهُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک وہ شخص کامیاب ہو گیا جو اسلام لایا، اسے حسبِ ضرورت روزی دی گئی اور صبر کی دولت عطا کی گئی۔''

اسے امام ترمذی اور ابن حبان نے روایت کیا ہے، نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

١٠٨٨/١٩٢۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ أَغْبَطَ أَوْلِيَائِي عِنْدِي لَمُؤْمِنٌ خَفِيْفُ الْحَاذِ ذُوْحَظٍّ مِنَ الصَّلَاةِ أَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ وَأَطَاعَهُ فِي السِّرِّ وَكَانَ غَامِضًا فِي النَّاسِ لَا يُشَارُ إِلَيْهِ بِالْأَصَابِعِ وَكَانَ رِزْقُهُ كَفَافًا فَصَبَرَ عَلَى ذَلِكَ ثُمَّ نَقَرَ بِيَدِهِ فَقَالَ: عُجِّلَتْ مَنِيَّتُهُ قَلَّتْ بَوَاكِيْهِ قَلَّ تُرَاثُهُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابو امامہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے

..... الصحيح، ٢/٤٤٤، الرقم: ٦٧٠، والطبراني في المعجم الأوسط، ٥/٦١، الرقم: ٤٦٧٠، وفي مسند الشاميين، ١/١٨٩، الرقم: ٣٣٠، وابن درهم في الزهد وصفة الزاهدين، ١/٦٦، الرقم: ١٢٣، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/١٢٥، الرقم: ٩٧٢٣۔

الحديث رقم ١٩٢: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى الكفاف والصبر عليه، ٤/٥٧٥، الرقم: ٢٣٤٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٢٥٢، الرقم: ٢٢٢٢١، والحميدى فى المسند، ٢/٤٠٤، الرقم: ٩٠٩، والطبراني في المعجم الكبير، ٨/٢١٣، الرقم: ٧٨٦٠، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٧/٢٩٣، الرقم: ١٠٣٥٧، وابن الدرهم في الزهد وصفة الزاهدين، ١/٥٩، الرقم: ١٠٢، والديلمي في مسند الفردوس، ٣/١٧٠، الرقم: ٤٤٥٣، والحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ٢/٩٤، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ٤/٧٣، الرقم: ٤٨٥٢۔

Marfat.com

نزدیک سب سے زیادہ قابلِ رشک دوست وہ مومن ہے جو قلتِ مال (کی وجہ سے) ہلکے بوجھ والا ہو، نماز سے لطف لینے والا، اپنے رب کا بہترین عبادت گزار ہو، خاموشی اور پوشیدگی کے ساتھ اپنے رب کی اطاعت کرتا ہو۔ لوگوں سے مخفی ہو، اس کی طرف انگلیاں نہ اٹھتی ہوں، اسے حسبِ ضرورت روزی میسر ہو اور اس پر وہ صابر ہو پھر آپ ﷺ نے اپنی انگلیوں کو زمین پر مارتے ہوئے فرمایا: اس کی موت قریب آ چکی ہے۔ اس پر رونے والی عورتیں کم ہوں گی اور اس کا ترکہ بھی قلیل ہوگا۔'' اسے امام ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٠٨٩/١٩٣۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ ﷺ أَتَى النَّبِيَّ ﷺ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، دُلَّنِي عَلَى عَمَلٍ إِذَا عَمِلْتُهُ أَحَبَّنِيَ اللهُ وَأَحَبَّنِيَ النَّاسُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ازْهَدْ فِي الدُّنْيَا يُحِبَّكَ اللهُ، وَازْهَدْ فِيْمَا فِي أَيْدِي النَّاسِ يُحِبَّكَ النَّاسُ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت سہل بن سعد ساعدی ﷺ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جسے کرنے سے اللہ تعالیٰ بھی مجھ سے محبت کرے اور لوگ بھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: دنیا سے بے رغبت ہو جا، اللہ تعالیٰ تجھ سے محبت کرے گا اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے بے رغت ہو جا، لوگ بھی تجھ سے محبت کریں گے۔''

اسے امام ابن ماجہ، حاکم اور بیہقی نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ

الحديث رقم ١٩٣: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: الزهد فى الدنيا، ٢/١٣٧٣، الرقم: ٤١٠٢، والحكم فى المستدرك، ٤/٣٤٨، الرقم: ٧٨٧٣، والطبرانى فى المجعم الكبير، ٦/١٩٣، الرقم: ٥٩٧٢، والبيهقى فى شعب الإيمان، ١٧ ٣٤٤، الرقم: ١٠٥٢٢، والصيداوى فى معجم الشيوخ، ١/٣١٢، الرقم: ٢٨٢، والقضاعى فى مسند الشهاب، ١/٣٧٣، الرقم: ٦٤٣، والديلمى فى مسند الفردوس، ١/٤٣١، الرقم: ١٧٥٨، وابن عبد البر فى التمهيد، ٩/٢٠١۔

Marfat.com

حدیث صحیح الاسناد ہے۔

۱۰۹۰/۱۹۴۔ عَنْ أَبِي خَلَّادٍ ﷺ (وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ) قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا رَأَيْتُمُ الرَّجُلَ قَدْ أُعْطِيَ زُهْدًا فِي الدُّنْيَا وَقِلَّةَ مَنْطِقٍ فَاقْتَرِبُوْا مِنهُ، فَإِنَّهُ يُلْقَى الْحِكْمَةَ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابوخلاد ﷺ (جو کہ صحابہ کرام ﷺ میں سے ہیں) روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم دیکھو کہ کسی شخص کو دنیا میں زہد اور کم گوئی عطا کر دی گئی ہے تو اس کا قرب حاصل کرو کیونکہ اسے حکمت عطا کر دی جاتی ہے۔''

اسے امام ابن ماجہ اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

۱۰۹۱/۱۹۵۔ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنِ انْقَطَعَ إِلَى اللهِ ﷻ كَفَاهُ اللهُ كُلَّ مَؤُوْنَةٍ وَرَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنِ انْقَطَعَ إِلَى الدُّنْيَا وَكَّلَهُ اللهُ إِلَيْهَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عمران بن حصین ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص (دنیا سے) کٹ کر اللہ ﷻ کی طرف راغب ہو جائے اللہ تعالیٰ اس کی ہر ضرورت پوری کرتا ہے اور اسے وہاں سے رزق دیتا ہے جہاں سے اسے وہم و گمان بھی نہ ہو اور جو شخص (اللہ تعالیٰ سے) کٹ کر دنیا کی طرف راغب ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اسی (دنیا) کے سپرد کر دیتا

الحديث رقم ۱۹۴: أخرجه ابن ماجه فی السنن، كتاب: الزهد، باب: الزهد فی الدنيا، ۲/۱۳۷۳، الرقم: ۴۱۰۱، والبيهقی عن أبی هريرة ﷺ فی شعب الإيمان، ۴/۲۵۴، الرقم: ۴۹۸۵، ۱۰۵۳۴، وأبويعلی فی المسند، ۱۲/۱۷۵، الرقم: ۶۸۰۳، والشيبانی فی الآحاد والمثانی، ۴/۴۹۹، الرقم: ۲۴۴۸۔

الحديث رقم ۱۹۵: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ۳/۳۴۶، الرقم: ۳۳۵۹، وفی المعجم الصغير، ۱/۲۰۱، الرقم: ۳۲۱، والبيهقي فی شعب الإيمان، ۲/۲۸، الرقم: ۱۰۷۶، ۱۳۵۱، والقضاعی فی مسند الشهاب، ۱/۲۹۸، الرقم: ۴۹۳، والمنذري فی الترغيب والترهيب، ۲/۳۴۱، الرقم: ۲۶۴۲، وقال المنذري: رواه أبو الشيخ فی كتاب الثواب، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ۱۰/۳۰۳، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ۱۸/۱۶۱، وابن كثير فی تفسير القرآن العظيم، ۴/۳۸۱۔

Marfat.com

ہے۔'' اسے امام طبرانی اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

١٠٩٢/١٩٦۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ مُوْسَى بْنَ عِمْرَانَ عليه السلام مَرَّ بِرَجُلٍ وَهُوَ يَضْطَرِبُ فَقَامَ: يَدْعُو اللهَ لَهُ أَنْ يُعَافِيَهُ. فَقِيْلَ لَهُ: يَا مُوْسَى، إِنَّهُ لَيْسَ الَّذِي يُصِيْبُهُ حَظٌّ مِنْ إِبْلِيْسَ وَلَكِنَّهُ جَوَّعَ نَفْسَهُ لِي فَهُوَ الَّذِي يَرَى أَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ كُلَّ يَوْمٍ مَرَّاتٍ أَتَعَجَّبُ مِنْ طَاعَتِهِ لِي فَمُرْهُ فَلْيَدْعُ لَکَ فَإِنَّ لَهُ عِنْدِي كُلَّ يَومٍ دَعْوَةً.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام ایک آدمی کے پاس سے گزرے اور وہ حالتِ اضطراب میں کھڑا تھا۔ پس حضرت موسیٰ علیہ السلام وہاں کھڑے ہوکر اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے لگے کہ اے اللہ! اس کی پریشانی دور فرما۔ پس حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا گیا: اے موسیٰ! یہ وہ نہیں ہے جس پر شیطان کا کوئی تسلط ہو بلکہ اس نے خود اپنے نفس کو میرے لیے خوب بھوکا رکھا اور یہ وہ شخص ہے جو یہ یقین رکھتا ہے کہ میں ہر روز اس کی طرف کئی بار دیکھتا ہوں۔ میں اس کی وہ اطاعت جو میرے لئے ہے، اس سے بہت زیادہ خوش ہوں۔ پس تم اسے کہو کہ وہ تمہارے لیے دعا کرے۔ بے شک ہر روز میں اس کی دعا سنتا ہوں۔''

اس حدیث کو امام طبرانی اور دیلمی نے روایت کیا ہے۔

١٠٩٣/١٩٧۔ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَا تَزَيَّنَ الْأَبْرَارُ بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا. رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى بِإِسْنَادِهِ.

الحديث رقم ١٩٦: أخرجه الطبرانی في المعجم الكبير، ١١/٢٦٨، الرقم: ١١٦٩٥، والديلمي في مسند الفردوس، ١/٢٢٦، الرقم: ٨٦٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٢٦.

الحديث رقم ١٩٧: أخرجه أبو يعلى في المسند، ٣/١٩١، الرقم: ١٦١٧، والديلمي في مسند الفردوس، ٤/١٠٥، الرقم: ٦٣٣٢، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/٧٦، الرقم: ٤٨٦٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٨٦.

Marfat.com

''حضرت عمار بن یاسر ﷺ روایت فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا: بارگاہِ الٰہی کے مقربین دنیا سے بے رغبتی کے علاوہ کسی اور چیز کے ساتھ خوبصورت نہیں لگتے۔'' اسے امام ابویعلی نے اپنی اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے۔

١٠٩٤/١٩٨۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ ﷺ إِلَى مُصْعَبِ بْنِ عُمَيْرٍ مُقْبِلًا وَعَلَيْهِ إِهَابُ كَبْشٍ قَدْ تَنَطَّقَ بِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: انْظُرُوْا إِلَى هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي نَوَّرَ اللهُ قَلْبَهُ لَقَدْ رَأَيْتُهُ بَيْنَ أَبَوَيْنِ يَغْذُوَانِهِ بِأَطْيَبِ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ فَدَعَاهُ حُبُّ اللهِ وَرَسُوْلِهِ إِلَى مَا تَرَوْنَ.

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ.

''حضرت عمر بن الخطاب ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت مصعب بن عمیر ﷺ کو آتے ہوئے دیکھا کہ وہ ایک مینڈھے کی کھال کمر کے گرد لپیٹے چلے آ رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے صحابہ کرام ﷺ سے فرمایا: اس شخص کو دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے اس شخص کا دل نور سے بھر دیا ہے۔ میں نے اسے اس کے ماں باپ کے ساتھ دیکھا تھا کہ اسے عمدہ کھانا پینا دیا کرتے تھے اور اب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت نے اس کا یہ حال کیا ہے جو تم دیکھتے ہو۔''

اس حدیث کو امام بیہقی اور ابونعیم نے اسناد حسن کے ساتھ روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٩٨: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ٥/١٦٠، الرقم: ٦١٨٩، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ١/١٠٨، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٣/٨١، الرقم: ٣١٦٣، والغزالي في إحياء علوم الدين، ٤/٢٥٣، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ١/٣٩١.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي فَضْلِ الْقِيَامِ وَالْقَائِمِيْنَ بِاللَّيْلِ

﴿راتوں کو اٹھ کر یادِ الٰہی کرنے والوں کی فضیلت کا بیان﴾

١٠٩٥/١٩٩۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ، فَإِنَّهُ دَأْبُ الصَّالِحِيْنَ قَبْلَكُمْ، وَهُوَ قُرْبَةٌ لَكُمْ إِلَى رَبِّكُمْ، وَمُكَفِّرَةٌ لِلسَّيِّئَاتِ، وَمَنْهَاةٌ عَنِ الْإِثْمِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ أَصَحُّ.

''حضرت ابوامامہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: رات کا قیام اپنے اوپر لازم کرلو کہ وہ تم سے پہلے کے نیک لوگوں کا طریقہ ہے اور تمہارے لیے اللہ تعالیٰ کے قرب کا باعث ہے، برائیوں کو مٹانے والا اور گناہوں سے روکنے والا ہے۔''

اسے امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح تر ہے۔

١٠٩٦/٢٠٠۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ ﷺ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: أَقْرَبُ مَا يَكُوْنُ الرَّبُّ مِنَ الْعَبْدِ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ الْآخِرِ، فَإِنِ

الحديث رقم ١٩٩: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: فى دعاء النبى ﷺ، ٥/٥٥٢، الرقم: ٣٥٤٩، والحكم فى المستدرك، ١/٤٥١، الرقم: ١١٥٦، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢/٥٠٢، الرقم: ٤٤٢٣، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٨/٩٢، الرقم: ٧٧٦٦۔

الحديث رقم ٢٠٠: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: (١١٩)، ٥/٥٦٩، الرقم: ٣٥٧٩، والنسائي فى السنن، كتاب: المواقيت، باب: النهي عن الصلاة بعد العصر، ١/٢٧٩، الرقم: ٥٧٢، وفى كتاب: التطبيق، باب: أقرب ما يكون العبد من الله ﷻ ٢/٢٢٦، الرقم: ١١٣٧، وابن خزيمة فى الصحيح، ٢/١٨٢، الرقم: ١١٤٧، والحاكم فى المستدرك، ١/٤٥٣، الرقم: ١١٦٢، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، والبيهقي فى السنن الكبرى، ٣/٤، الرقم: ٤٤٣٩، والطبراني فى مسند الشاميين، ١/٣٤٩، الرقم: ٦٠٥، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ١/٢٤٥، الرقم: ٩٣٣۔

Marfat.com

اسْتَطَعْتَ أَنْ تَكُوْنَ مِمَّنْ يَذْكُرُاللهَ فِي تِلْكَ السَّاعَةِ فَكُنْ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عمرو بن عبسہ ﷺ سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ ﷻ اپنے بندے کے سب سے زیادہ نزدیک رات کے آخری حصے میں ہوتا ہے۔ اگر تم اس وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والوں میں شامل ہوسکو تو ضرور ہو جاؤ۔''

اسے امام ترمذی اور نسائی نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

١٠٩٧ / ٢٠١۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: مَكْتُوْبٌ فِي التَّوْرَاةِ لَقَدْ أَعَدَّ اللهُ لِلَّذِيْنَ تَتَجَافَى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ مَا لَمْ تَرَ عَيْنٌ، وَلَمْ تَسْمَعْ أُذُنٌ وَلَمْ يَخْطُرْ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ، وَلَا يَعْلَمُهُ مَلَكٌ مُقَرَّبٌ، وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ قَالَ: وَنَحْنُ نَقْرَؤُهَا: ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ [السجدة، ٣٢: ١٧].

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود ﷺ سے مروی ہے کہ تورات میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تہجد گزاروں کے لئے ایسی نعمتیں تیار کر رکھی ہیں جو کسی آنکھ نے دیکھی نہیں، کسی کان نے سنی نہیں، کسی انسان کے دل میں ان کا خیال (تک) نہیں آیا، نہ ہی انہیں کوئی مقرب فرشتہ جانتا ہے اور نہ ہی کوئی نبی مرسل۔ ابن مسعود ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم بھی قرآن پاک میں اس (مفہوم) کے ہم معنی آیت تلاوت کرتے ہیں: ''سو کسی کو معلوم نہیں جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لئے پوشیدہ رکھی گئی ہے، یہ ان (اعمالِ صالحہ) کا بدلہ ہوگا جو وہ کرتے رہے تھے۔'' [السجدہ، ۳۲: ۱۷]۔

اسے امام حاکم اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الإسناد ہے۔

الحديث رقم ٢٠١: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٢ / ٤٤٨، الرقم: ٣٥٥٠، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٧ / ٣٤، ١٠٨، الرقم: ٣٤٠٠٣، ٣٤٥٦٨، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ١ / ٢٤٦، الرقم: ٩٣٨.

Marfat.com

١٠٩٨/٢٠٢۔ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ رضي الله عنها عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: يُحْشَرُ النَّاسُ فِي صَعِيْدٍ وَاحِدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُنَادِي مُنَادٍ فَيَقُوْلُ: أَيْنَ الَّذِيْنَ كَانَتْ تَتَجَافَى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ؟ فَيَقُوْمُوْنَ وَهُمْ قَلِيْلٌ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ ثُمَّ يُؤْمَرُ بِسَائِرِ النَّاسِ إِلَى الْحِسَابِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَنَحْوَهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگ قیامت کے دن ایک میدان میں اکٹھے کئے جائیں گے اور ایک منادی (یوں) اعلان کرے گا: (دنیا میں) جن لوگوں کے پہلو (اپنے رب کی یاد میں) بستروں سے جدا رہتے تھے، وہ کہاں ہیں؟ وہ کھڑے ہو جائیں گے مگر ان کی تعداد بہت کم ہو گی۔ پس وہ جنت میں بغیر حساب و کتاب کے داخل ہو جائیں گے پھر باقی (بچ جانے والے) لوگوں کے حساب و کتاب کا حکم دیا جائے گا۔''

اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے بھی اس کی مثل روایت کیا ہے۔

١٠٩٩/٢٠٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَشْرَافُ أُمَّتِي حَمَلَةُ الْقُرْآنِ وَأَصْحَابُ اللَّيْلِ.

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ٢٠٢: أخرجه البيهقي فى شعب الإيمان، ٣/١٦٩، الرقم: ٣٢٤٤، ٣٢٤٦، والحكم نحوه فى المستدرك، ٢/٤٣٣، الرقم: ٣٥٠٨، وابن المبارك فى كتاب الزهد، ١/١٠١، الرقم: ٣٥٣، والقرطبى فى الجامع لأحكام القرآن، ١٤/١٠٢، والطبري فى جامع البيان، ٣٠/١٨٦، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٣/٤٦١.

الحديث رقم ٢٠٣: أخرجه البيهقي فى شعب الإيمان، ٢/٥٥٦، الرقم: ٢٧٠٣، والطبراني فى المعجم الكبير، ١٢/١٢٥، الرقم: ١٢٦٦٢، (إِلَّا وَأَصْحَابُ اللَّيْلِ)، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/٢٤٣، الرقم: ٩٣٠، وقال المنذري: رواه ابن أبى الدنيا فى كتاب التهجد، والإسماعيلي فى معجم شيوخ أبي بكر الإسماعيلي، ١/٣١٩، الرقم: ٦، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٧/١٦١.

Marfat.com

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے اشراف (یعنی سردار) قرآن (کا علم اور عمل) رکھنے والے اور راتوں (کو جاگنے) والے (لوگ) ہیں۔'' اسے امام بیہقی اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي فَضْلِ مُجَالَسَةِ الْأَوْلِيَاءِ وَمُصَاحَبَتِهِمْ

﴿اولیاءِ کرام کی صحبت اور ان کی ہم نشینی کی فضیلت کا بیان﴾

١١٠٠/٢٠٤۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَالسُّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيْرِ، فَحَامِلُ الْمِسْكِ: إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ، وإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا طَيِّبَةً. وَنَافِخُ الْكِيرِ: إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ رِيْحًا خَبِيْثَةً.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوموسیٰ (اشعری) ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اچھے اور برے ساتھی کی مثال مشک والے اور بھٹی دھونکنے والے جیسی ہے کیونکہ مشک والا یا تو تحفتہً تمہیں (تھوڑی بہت خوشبو) دے دے گا یا تم اس سے خرید لو گے۔ ورنہ عمدہ خوشبو تو تم پا ہی لو گے، رہی بھٹی والے (لوہار) کی بات تو (اس کی بھٹی کی آگ) یا تو تمہارے کپڑے جلا دے گی وگرنہ تمہیں (بھٹی کی) بدبو تو ضرور پہنچے گی۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١١٠١/٢٠٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً يَطُوْفُوْنَ فِي الطُّرُقِ، يَلْتَمِسُوْنَ أَهْلَ الذِّكْرِ، فَإِذَا وَجَدُوْا

الحديث رقم ٢٠٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الذبائح والصيد، باب: المسكِ، ٥/٢١٠٤، الرقم: ٥٢١٤، وفی كتاب: البيوع، باب: فی العَطَّارِ وبيع المسكِ، ٢/٧٤١، الرقم: ١٩٩٥، ومسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: استحباب مجالسة الصالحين، ومجانبة قرناء السوء، ٤/٢٠٢٦، الرقم: ٧٢٧٠، ٧٣٠٧، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٧/٥٤، الرقم: ٩٤٣٥، والقضاعی فی مسند الشهاب، ٢/٢٨٨، الرقم: ١٣٨٠، والرويانی فی المسند، ١/٣١٨، الرقم: ٩٧٤، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤/٢٤، الرقم: ٤٦٣٨۔

الحديث رقم ٢٠٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الدعوات، باب: فضل ذكر الله ﷻ، ٥/٢٣٥٣، الرقم: ٦٠٤٥، وابن حبان في الصحيح، ٣/١٣٩، الرقم: ←

Marfat.com

قَوْمًا يَذْكُرُوْنَ اللهَ تَنَادَوْا: هَلُمُّوْا إِلَى حَاجَتِكُمْ، قَالَ: فَيَحُفُّوْنَهُمْ بِأَجْنِحَتِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، قَالَ: فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ. وَهُوَ أَعْلَمُ مِنْهُمْ: مَا يَقُوْلُ عِبَادِي؟ قَالُوْا: يَقُوْلُوْنَ: يُسَبِّحُوْنَكَ وَيُكَبِّرُوْنَكَ وَيَحْمَدُوْنَكَ وَيُمَجِّدُوْنَكَ قَالَ: فَيَقُوْلُ: هَلْ رَأَوْنِي؟ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ. لَا وَاللهِ، مَا رَأَوْكَ قَالَ: فَيَقُوْلُ: وَكَيْفَ لَوْ رَأَوْنِي؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: لَوْ رَأَوْكَ كَانُوْا أَشَدَّ لَكَ عِبَادَةً وَأَشَدَّ لَكَ تَمْجِيْدًا وَتَحْمِيْدًا، وَأَكْثَرَ لَكَ تَسْبِيْحًا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: فَمَا يَسْأَلُوْنِي؟ قَالَ: يَسْأَلُوْنَكَ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَقُوْلُ: وَهَلْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ؟ لَا، وَاللهِ، يَا رَبِّ، مَا رَأَوْهَا، قَالَ: يَقُوْلُ: فَكَيْفَ لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا كَانُوْا أَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا، وَأَشَدَّ لَهَا طَلَبًا وَأَعْظَمَ فِيْهَا رَغْبَةً، قَالَ: فَمِمَّ يَتَعَوَّذُوْنَ؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: مِنَ النَّارِ، قَالَ: يَقُوْلُ: وَهَلْ رَأَوْهَا؟ قَالَ يَقُوْلُوْنَ: لَا وَاللهِ، يَا رَبِّ، مَارَأَوْهَا، قَالَ: يَقُوْلُ: فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: لَوْ رَأَوْهَا كَانُوْا أَشَدَّ مِنْهَا فِرَارًا، وَأَشَدَّ لَهَا مَخَافَةً قَالَ: فَيَقُوْلُ: فَأُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ، قَالَ: يَقُوْلُ: مَلَكٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ: فِيْهِمْ فُلَانٌ، لَيْسَ مِنْهُمْ، إِنَّمَا جَاءَ لِحَاجَةٍ، قَالَ: هُمُ الْجُلَسَاءُ، لَا يَشْقَى بِهِمْ جَلِيْسُهُمْ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے فرشتے ہیں جو راستوں میں پھرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والوں کو تلاش کرتے رہتے ہیں جب وہ ایسے لوگوں کو پاتے ہیں تو نداء دیتے ہیں کہ ادھر اپنی حاجت کی

..... ٨٥٧، والبيهقي في شعب الإيمان، ١/٣٩٩، الرقم: ٥٣١، وابن رجب الحنبلي في جامع العلوم والحكم، ١/٣٤٥، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٢٥٨، الرقم: ٢٣١٦.

Marfat.com

طرف دوڑ آؤ۔ ارشاد فرمایا کہ پھر وہ آسمانِ دنیا تک اس پر اپنے پروں سے سایہ فگن ہو جاتے ہیں پھر (جب وہ بارگاہِ الٰہی میں واپس لوٹتے ہیں تو) ان سے ان کا رب پوچھتا ہے حالانکہ وہ ان سے بہتر جانتا ہے کہ میرے بندے کیا کہتے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں کہ وہ تیری پاکیزگی، بڑائی، تعریف اور بزرگی بیان کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے؟ وہ عرض کریں گے: خدا کی قسم! تجھے تو انہوں نے نہیں دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اگر وہ مجھے دیکھ لیں تو ان کی کیا حالت ہو؟ وہ عرض کرتے ہیں: اگر وہ تجھے دیکھ لیں تو تیری بہت زیادہ عبادت کریں، تیری بہت زیادہ بزرگی بیان کریں اور تیری بہت زیادہ تسبیح کریں۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ مجھ سے کیا مانگتے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں: وہ تجھ سے جنت مانگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے اسے دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں: اے رب! تیری قسم، انہوں نے اسے دیکھا تو نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر اسے دیکھ لیں تو ان کا کیا حال ہو؟ وہ عرض کرتے ہیں: اگر وہ اسے دیکھ لیں تو اس کی بہت زیادہ حرص، بہت زیادہ طلب اور بہت زیادہ رغبت رکھنے والے ہو جائیں۔ (پھر) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں: دوزخ سے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے اسے دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں: اللہ کی قسم، اسے دیکھا تو نہیں ہے (پھر) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر اسے دیکھ لیں تو ان کا کیا حال ہو؟ وہ عرض کرتے ہیں: اگر اسے دیکھ لیں تو ان کا اس سے بھاگنا اور ڈرنا بہت زیادہ بڑھ جائے۔ (پھر) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تم گواہ رہنا میں نے انہیں بخش دیا۔ ایک فرشتہ عرض کرتا ہے: ان میں فلاں ذکر کرنے والوں میں سے نہیں تھا بلکہ وہ تو اپنی حاجت کے لیے آیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ (اولیاء اللہ) ایسے ہمنشیں ہیں کہ ان کے پاس بیٹھنے والا بھی کبھی بدبخت نہیں رہتا۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

۱۱۰۲/۲۰۶۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ لِلّٰهِ

الحديث رقم ٢٠٦: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الذكر والدعا والتوبة والاستغفار، باب: فضل مجالس الذكر، ٤/٢٠٦٩، الرقم: ٢٦٨٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٢٥٢، الرقم: ٧٤٢٠، ٢/٣٨٢، الرقم: ٨٩٦٠، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٢٥٩، الرقم: ٢٣١٦، ٤/٢٤٤، الرقم: ٥٥٢٣۔

Marfat.com

تَبَارَکَ وَتَعَالَی مَلَائِکَةً، سَيَّارَةً فُضُلًا، يَتَتَبَّعُوْنَ مَجَالِسَ الذِّکْرِ، فَإِذَا وَجَدُوْا مَجْلِسًا فِيْهِ ذِکْرٌ، قَعَدُوْا مَعَهُمْ، وَحَفَّ بَعْضُهُمْ بَعْضًا بِأَجْنِحَتِهِمْ، حَتّٰی يَمْلَئُوْا مَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَإِذَا تَفَرَّقُوْا عَرَجُوْا وَصَعِدُوْا إِلَی السَّمَاءِ قَالَ: فَيَسْأَلُهُمُ اللهُ ﷻ. وَهُوَ أَعْلَمُ بِهِمْ: مِنْ أَيْنَ جِئْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: جِئْنَا مِنْ عِنْدِ عِبَادٍ لَکَ فِي الْأَرْضِ، يُسَبِّحُوْنَکَ وَيُکَبِّرُوْنَکَ، وَيُهَلِّلُوْنَکَ وَيَحْمَدُوْنَکَ وَيَسْأَلُوْنَکَ، قَالَ: وَمَاذَا يَسْأَلُوْنِي؟ قَالُوْا: يَسْأَلُوْنَکَ جَنَّتَکَ قَالَ: وَهَلْ رَأَوْا جَنَّتِي؟ قَالُوْا: لَا أَي رَبِّ، قَالَ: فَکَيْفَ لَوْ رَأَوْا جَنَّتِي؟ قَالُوْا: وَيَسْتَجِيْرُوْنَکَ. قَالَ: وَمِمَّ يَسْتَجِيْرُوْنَنِي؟ قَالُوْا: مِنْ نَارِکَ يَا رَبِّ. قَالَ: وَهَلْ رَأَوْا نَارِي؟ قَالُوْا: لَا، قَالَ: فَکَيْفَ لَوْ رَأَوْا نَارِي؟ قَالُوْا: وَيَسْتَغْفِرُوْنَکَ. قَالَ: فَيَقُوْلُ: قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ، وَأَعْطَيْتُهُمْ مَا سَأَلُوْا، وَأَجَرْتُهُمْ مِمَّا اسْتَجَارُوْا قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: رَبِّ، فِيْهِمْ فُلَانٌ، عَبْدٌ خَطَّاءٌ، إِنَّمَا مَرَّ فَجَلَسَ مَعَهُمْ، قَالَ: فَيَقُوْلُ: وَلَهُ غَفَرْتُ، هُمُ الْقَوْمُ، لَا يَشْقَی بِهِمْ جَلِيْسُهُمْ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ کے کچھ گشت کرنے والے فرشتے ہیں جو ذکر کی مجالس کو ڈھونڈتے پھرتے ہیں، جب وہ ذکر کی کوئی مجلس دیکھتے ہیں تو ان (ذاکرین) کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں اور اپنے پروں سے بعض فرشتے دوسرے فرشتوں کو (اوپر تلے) ڈھانپ لیتے ہیں، حتی کہ زمین سے لے کر آسمانِ دنیا تک جگہ بھر جاتی ہے، جب ذاکرین مجلس سے اٹھ جاتے ہیں تو یہ فرشتے آسمان کی طرف چڑھ جاتے ہیں، پھر اللہ ﷻ ان سے سوال کرتا ہے حالانکہ اسے ان سے زیادہ علم ہوتا ہے ''تم کہاں سے آئے ہو؟'' وہ کہتے ہیں کہ ہم زمین پر تیرے بندوں کے پاس سے آئے ہیں، جو تیری پاکیزگی، بڑائی، تسبیح اور تیری تعریف بیان کر رہے تھے اور تجھ سے سوال کر رہے تھے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ مجھ سے کیا سوال کر رہے تھے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں وہ

Marfat.com

تجھ سے تیری جنت کا سوال کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے میری جنت کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ نہیں اے ہمارے رب۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ میری جنت کو دیکھ لیتے تو ان کا کیا عالم ہوتا؟ (پھر) فرشتے عرض کرتے ہیں: اور وہ تجھ سے پناہ طلب کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ کس چیز سے میری پناہ مانگتے ہیں؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: اے رب تیری دوزخ سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے میری دوزخ کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ میری دوزخ کو دیکھ لیتے تو پھر کس قدر پناہ مانگتے؟ (پھر) فرشتے عرض کرتے ہیں: اور وہ تجھ سے استغفار کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں نے ان کو بخش دیا اور جو کچھ انہوں نے مانگا وہ میں نے انہیں عطا کر دیا اور جس چیز سے انہوں نے پناہ مانگی اس سے میں نے انہیں پناہ دے دی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: فرشتے عرض کرتے ہیں: اے میرے رب ان میں فلاں خطا کار بندہ بھی تھا، وہ اس مجلس کے پاس سے گزرا اور ان کے ساتھ آ کے بیٹھ گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں نے اسے بھی بخش دیا ہے کیونکہ یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے ساتھ بیٹھنے والا بھی بدبخت نہیں رہتا۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٢٠٧/١١٠٣۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَا تُصَاحِبْ إِلَّا مُؤْمِنًا، وَلَا يَأْكُلْ طَعَامَكَ إِلَّا تَقِيٌّ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ. وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابوسعید (خدری) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

الحديث رقم ٢٠٧: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى صُحْبَةِ الْمُؤْمِنِ، ٤/٦٠٠، الرقم: ٢٣٩٥، وأبو داود فى السنن، كتاب: الأدب، باب: مَن يؤمر أن يجالس، ٤/٢٥٩، الرقم: ٤٨٣٢، وابن حبان فى الصحيح، ٢/٣١٤،الرقم: ٥٥٤۔٥٥٥۔٥٦٠، والدارمى فى السنن، ٢/١٤٠، الرقم: ٢٠٥٧، والحاكم فى المستدرك، ٤/١٤٣، الرقم: ٧١٦٩، وَقالَ الحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ۔ والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٣/٢٧٧، الرقم: ٣١٣٦، وأبويعلى فى المسند، ٢/٤٨٤، الرقم: ١٣١٥.

Marfat.com

صرف مومن کی سنگت ہی اختیار کیا کرو اور تمہارا کھانا صرف پرہیزگار ہی کھائے۔''

اسے امام ترمذی اور ابوداود نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی نے فرمایا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے۔

۲۰۸/۱۱۰٤۔ عَنْ أَبِي هَرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَا لَنَا إِذَا كُنَّا عِنْدَكَ رَقَّتْ قُلُوْبُنَا، وَزَهِدْنَا فِي الدُّنْيَا، وَكُنَّا مِنْ أَهْلِ الآخِرَةِ، فَإِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِكَ فَآنَسْنَا أَهَالِيْنَا، وَشَمَمْنَا أَوْلَادَنَا أَنْكَرْنَا أَنْفُسَنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَوْ أَنَّكُمْ تَكُوْنُوْنَ إِذَا خَرَجْتُمْ مِنْ عِنْدِي كَمَا كُنْتُمْ عَلَى حَالِكُمْ ذَلِكَ لَزَارَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ فِي بُيُوْتِكُمْ، وَلَوْ لَمْ تُذْنِبُوْا لَجَاءَ اللهُ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ كَي يُذْنِبُوْا فَيَغْفِرَ لَهُمْ .....الحديث.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمیں کیا ہوگیا ہے کہ جب ہم آپ کے پاس ہوتے ہیں تو ہمارے دل نرم ہوتے ہیں ہم دنیا سے بے رغبت اور آخرت کے طالب ہو جاتے ہیں، اور جب آپ کے پاس سے چلے جاتے ہیں تو اپنے گھر والوں سے مانوس ہوتے ہیں اور اپنی اولاد سے ملتے جلتے ہیں تو ہمارے دل بدل جاتے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم اسی حالت میں رہو جس طرح میرے پاس سے جاتے ہو تو فرشتے تمہارے گھروں میں تمہاری زیارت کریں اور اگر تم گناہ نہ کرو تو اللہ تعالیٰ ایک نئی مخلوق لے آئے گا تاکہ وہ گناہ کریں اور (توبہ کریں) اور اللہ تعالیٰ انہیں بخش دے۔'' اسے امام ترمذی اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ۲۰۸: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى صفة الجنة ونعيمها، ٤/٦٧٢، الرقم: ٢٥٢٦، وابن حبان فى الصحيح، ١٦/٣٩٦، الرقم، ٣٧٨٧، والطيالسى فى المسند، ١/٣٣٧، الرقم: ٢٥٨٣، والبيهقي فى شعب الإيمان، ٥/٤٠٩، الرقم: ٧١٠١، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٤١٥، الرقم: ١٤٢٠، وابن المبارك فى الزهد، ١/٣٨٠، الرقم: ١٠٧٥.

Marfat.com

١١٠٥/٢٠٩۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الْعَطَّارِ إِنْ لَمْ يُصِبْكَ مِنْهُ أَصَابَكَ رِيْحُهُ، وَمَثَلُ الْجَلِيْسِ السُّوْءِ مَثَلُ الْقَيْنِ إِنْ لَمْ يُحْرِقْكَ بِشَرَرِهِ عَلَقَ بِكَ مِنْ رِيْحِهِ. رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَالْبَزَّارُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابوموسیٰ (اشعری) ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اچھے ساتھی کی مثال عطار کی سی ہے اس سے اگر تمہیں اور کچھ بھی نہ ملے تو اس کی (اچھی) خوشبو تو پہنچ ہی جائے گی، اور برے ساتھی کی مثال لوہار کی سی ہے اگرچہ وہ شعلوں کے ذریعے تمہیں نہ بھی جلائے مگر اس کی (بھٹی کی) بدبو تو تمہیں ضرور پہنچے گی۔''

اسے امام ابن حبان، احمد، حاکم اور بزار نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

الحديث رقم ٢٠٩: أخرجه ابن حبان فى الصحيح، ٢/ ٣٤١، الرقم: ٥٧٩، والبزار فى المسند، ٨/ ٤٤، الرقم: ٣٠٢٧، ٣١٩٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/ ٤٠٤، الرقم: ١٩٦٢٤، والحاكم فى المستدرك، ٤/ ٣١٢، الرقم: ٧٧٤٩، وأبو يعلى فى المسند، ٧/ ٢٧٤، الرقم: ٤٢٩٥، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٦/ ١٩٩، الرقم: ٢٢١٥، ٢٢١٦، وقال المقدسى: إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ. والقضاعى فى مسند الشهاب، ٢/ ٢٨٧، الرقم: ١٣٧٧، وابن خلاد فى أمثال الحديث، ١/ ١١٣، الرقم: ٧٧-٧٨، وابن أبى عاصم فى كتاب الزهد، ١/ ٢٧٤، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٨/ ٦١، وقال الهيثمى :إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنّ الْأَوْلِيَاءَ هُمُ الَّذِيْنَ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللّٰهُ تَعَالَى

﴿اولیاء اللہ کی زیارت باعثِ یادِ الٰہی ہونے کا بیان﴾

١١٠٦/٢١٠۔ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ رضي الله عنها قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ؟ قَالُوْا: بَلَى، يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: خِيَارُكُمُ الَّذِيْنَ إِذَا رُؤُوْا، ذُكِرَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ.

''حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: کیا میں تمہیں تم میں سے سب سے بہترین لوگوں کے بارے میں خبر نہ دوں؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیوں نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں کہ جب انہیں دیکھا جائے تو اللہ تعالیٰ یاد آ جائے۔''

اسے امام ابن ماجہ، احمد اور بخاری نے الادب المفرد میں روایت کیا ہے۔

١١٠٧/٢١١۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ أَوْلِيَاءِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: اَلَّذِيْنَ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے اولیاء اللہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ لوگ جنہیں دیکھنے سے اللہ تعالیٰ یاد آ جائے (وہ اولیاء اللہ ہیں)۔'' اسے امام نسائی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢١٠: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: من لا يؤبه له، ٢/١٣٧٩، الرقم: ٤١١٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٤٥٩، الرقم: ٢٧٦٤٠، والبخارى فى الأدب المفرد، ١/١١٩، الرقم: ٣٢٣، والطبراني فى المعجم الكبير، ٢٤/١٦٧، الرقم: ٤٢٣.

الحديث رقم ٢١١: أخرجه النسائي فى السنن الكبرى، سورة يونس، ٦/٣٦٢، الرقم: ١١٢٣٥، وابن المبارك فى كتاب الزهد، ١/٧٢، الرقم: ٢١٧، والمقدسي فى الأحاديث المختارة، ١٠/١٠٨، الرقم: ١٠٥، والحكيم الترمذي فى نوادر الأصول، ٢/٣٩، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ١٠/٧٨.

Marfat.com

١١٠٨/٢١٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مِنَ النَّاسِ مَفَاتِيْحَ لِذِكْرِ اللهِ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللهُ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ أَبِي الدُّنْيَا.

''حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً بعض لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی کنجیاں ہوتے ہیں انہیں دیکھ کر اللہ تعالیٰ یاد آجاتا ہے۔''

اسے امام طبرانی، بیہقی اور ابن ابی الدنیا نے روایت کیا ہے۔

١١٠٩/٢١٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَيُّ جُلَسَائِنَا خَيْرٌ؟ قَالَ: مَنْ ذَكَّرَكُمُ اللهَ رُؤْيَتُهُ وَزَادَ فِي عِلْمِكُمْ مَنْطِقُهُ وَذَكَّرَكُمْ بِالْآخِرَةِ عَمَلُهُ. رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى وَابْنُ حُمَيْدٍ وَ أَبُوْنُعَيْمٍ نَحْوَهُ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! ہمارے بہترین ہم نشین کون ہے؟ فرمایا: وہ جس کی زیارت تمہیں اللہ تعالیٰ کی یاد دلائے اور جس کی گفتگو تمہارے علم میں اضافہ کرے اور جس کا عمل تمہیں آخرت کی یاد دلائے۔'' اسے امام ابویعلی، ابن حمید اور اسی طرح ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

١١١٠/٢١٤۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ

الحديث رقم ٢١٢: أخرجه الطبراني فى المعجم الكبير، ١٠/٢٠٥، الرقم: ١٠٤٧٦، والبيهقي فى شعب الإيمان، ١/٤٥٥، الرقم: ٤٩٩، وابن أبى الدنيا فى كتاب الأولياء، ١/١٧، الرقم: ٢٦، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠/٧٨، وَصَحَّحَهُ.

الحديث رقم ٢١٣: أخرجه أبو يعلى فى المسند، ٤/٣٢٦، الرقم: ٢٤٣٧، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٢١٣، الرقم: ٦٣١، وأبو نعيم فى حلية الأولياء، ٧/٤٦، وابن المبارك فى الزهد، ١/١٢١، الرقم: ٣٥٥، وابن أبى الدنيا فى الأولياء، ١/١٧، الرقم: ٢٥، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/٦٣، الرقم: ١٦٣.

الحديث رقم ٢١٤: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٤٣٠، الرقم: ١٥٦٣٤، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ١/٢٠٣، الرقم: ٦٥١، وابن أبي الدنيا فى كتاب الأولياء، ١/١٥، الرقم: ١٩، والديلمى فى مسند الفردوس، ٥/١٥٢، الرقم: ٧٧٨٩، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/١٤، الرقم: ٤٥٨٩، وابن رجب فى جامع العلوم والحكم، ١/٣٦٥، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/٥٨.

Marfat.com

اللهِ ﷺ: لَا يُحِقُّ الْعَبْدُ حَقِيقَةَ الْإِيْمَانِ حَتَّى يَغْضَبَ لِلّٰهِ وَيَرْضَى لِلّٰهِ، فَإِذَا فَعَلَ ذَلِكَ اسْتَحَقَّ حَقِيقَةَ الإِيْمَانِ، وَإِنَّ أَحِبَّائِي وَأَوْلِيَائِي الَّذِيْنَ يُذْكَرُوْنَ بِذِكْرِي وَأُذْكَرُ بِذِكْرِهِمْ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت عمرو بن جموح رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بندہ صرف اس وقت حقیقتِ ایمان کو پا سکتا ہے جب وہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہی (لوگوں) سے ناراض اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہی (لوگوں) سے راضی ہو۔ (یعنی اس کی رضا و ناراضگی کا مرکز ومحور فقط ذاتِ الٰہی ہو) اور جب اس نے یہ کام کر لیا تو اس نے ایمان کی حقیقت کو پا لیا۔ بے شک میرے احباب اور اولیاء وہ لوگ ہیں کہ میرا ذکر کرنے سے وہ یاد آ جاتے ہیں اور ان کا ذکر کرنے سے میں یاد آ جاتا ہوں۔ (یعنی میرا ذکر ان کا ذکر ہے اور ان کا ذکر میرا ذکر ہے)۔''

اسے امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے اور یہ الفاظ طبرانی کے ہیں۔

١١١١/ ٢١٥۔ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًا إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللهُ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا وَابْنُ الْمُبَارَكِ.

''حضرت حسن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے بعض بندے ایسے ہیں جنہیں دیکھ کر اللہ تعالیٰ یاد آ جاتا ہے۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی دنیا اور ابن مبارک نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢١٥: أخرجه ابن أبي الدنيا في الأولياء، ١/ ٣٩، الرقم: ١٧، وابن المبارك في الزهد، ١/ ٣٤٠، الرقم: ٩٥٨.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي حُبِّ الْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَزِيَارَتِهِمْ فِي اللهِ تَعَالَى

﴿رضاءِ الٰہی کی خاطر اولیاء اور صالحین سے محبت کرنے اور ان کی زیارت کرنے کا بیان﴾

۲۱۶/۱۱۱۲۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ، كَيْفَ تَقُوْلُ فِي رَجُلٍ أَحَبَّ قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوکر عرض کیا: یا رسول اللہ! اس شخص کے بارے میں کیا ارشاد ہے جو کسی قوم سے محبت رکھتا ہے لیکن ان سے (کبھی) ملا نہیں ہے؟ اس پر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (روزِ قیامت) آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ (دنیا میں) محبت رکھتا ہوگا۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

۲۱۷/۱۱۱۳۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ ﷺ عَنِ

الحديث رقم ٢١٦: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأدب، باب: عَلَامَةُ الْحُبِّ فِي اللهِ ﷻ، ٥/٢٢٨٣، الرقم: ٥٨١٧، ٥٨١٨، ومسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: المرء مع من أحب، ٤/٢٠٣٤، الرقم: ٢٦٤٠، والترمذي فی السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء أن المرءَ مَعَ مَن أحبَّ، ٤/٥٩٦، الرقم: ٢٣٨٧، وَقَالَ أَبُو عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ. والنسائی فی السنن الكبرى، ٦/٣٤٤، الرقم: ١١٧٨، وابن حبان فی الصحيح، ٢/٣١٦، الرقم: ٥٥٧، والبزار فی المسند، ٨/٣٢، الرقم: ٣٠١٤، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٤/٤٢، الرقم: ٣٥٦٣، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/٢٣٩، ٣٩٥، ٣٩٨، ٤٠٥، وأبو يعلى فی المسند، ٩/١٠٠، الرقم: ٥١٦٦.

الحديث رقم ٢١٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: مناقب عمر ابن الخطاب أبي حفص القرشي العدوي، ٣/١٣٤٩، الرقم: ٣٤٨٥، وفي كتاب: ←

Marfat.com

السَّاعَةِ، فَقَالَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: وَمَاذَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: لَا شَيءَ (وفي رواية أحمد: قَالَ: مَا أَعْدَدْتُ لَهَا مِنْ كَثِيْرِ عَمَلٍ لَا صَلَاةٍ وَلَا صِيَامٍ) إِلَّا أَنِّي أُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ ﷺ. فَقَالَ: أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ. قَالَ أَنَسٌ: فَمَا فَرِحْنَا بِشَيءٍ فَرَحَنَا بِقَولِ النَّبِيِّ ﷺ: أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ. قَالَ أَنَسٌ: فَأَنَا أُحِبُّ النَّبِيَّ ﷺ وَأَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ وَأَرْجُوْ أَنْ أَكُوْنَ مَعَهُمْ بِحُبِّي إِيَّاهُمْ وَإِنْ لَمْ أَعْمَلْ بِمِثْلِ أَعْمَالِهِمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس ﷺ فرماتے ہیں کہ کسی آدمی نے حضور نبی اکرم ﷺ سے قیامت کے بارے میں سوال کیا (کہ قیامت کب آئے گی؟) آپ ﷺ نے اس سے پوچھا: تم نے اس کے لئے کیا تیاری کر رکھی ہے؟ اس نے عرض کیا: میرے پاس تو کوئی عمل نہیں (امام احمد کی روایت میں ہے کہ اس نے عرض کیا: میں نے اس کے لئے بہت سے اعمال تو تیار نہیں کیے، نہ بہت سی نمازیں اور نہ بہت سے روزے تیار کیے ہیں) سوائے اس کے کہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم (قیامت کے روز) اسی کے ساتھ ہو گے جس سے محبت رکھتے ہو۔ حضرت انس ﷺ فرماتے ہیں کہ ہمیں (یعنی تمام صحابہ کرام ﷺ کو) کبھی کسی خبر سے اتنی خوشی نہیں ہوئی جتنی خوشی حضور نبی اکرم ﷺ کے اس فرمانِ عالیشان سے ہوئی کہ تم اس کے ساتھ ہو گے جس سے محبت کرتے ہو۔ حضرت انس ﷺ نے فرمایا: میں حضور نبی اکرم ﷺ سے محبت کرتا ہوں اور حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما سے محبت کرتا ہوں۔ لہٰذا امید کرتا ہوں کہ ان کی محبت کے باعث میں بھی ان حضرات کے ساتھ ہی ہوں گا اگرچہ میں نے ان جیسے اعمال تو نہیں کیے۔''

..... الأدب، باب: ما جاء في قول الرجل و يلك، ٥/٢٢٨٥، الرقم: ٥٨١٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: البر و الصلة والآداب، باب: المرء مع من أحب، ٤/٢٠٣٢، الرقم: ٢٦٣٩، والترمذي في السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء أن المرء مع من أحب، ٤/٥٩٥، الرقم: ٢٣٨٥، وقال أبوعيسى: هذا حديث صحيح، وأبوداود في السنن، كتاب: الأدب، باب: إخبار الرجل الرجل بمحبته إياه، ٤/٣٣٣، الرقم: ٥١٢٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١٠٤، ١٦٨، ١٧٨، الرقم: ١٢٠٣٢، ١٢٧٣٨، ١٢٨٤٦.

Marfat.com

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١١١٤/٢١٨۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ تَعَالَى يَقُوْلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَيْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلَالِي؟ اَلْيَوْمَ أُظِلُّهُمْ فِي ظِلِّي يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلِّي. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ وَالدَّارِمِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا: میری عظمت کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرنے والے کہاں ہیں؟ آج میں انہیں اپنے سائے میں جگہ دوں گا کیونکہ آج میرے سائے کے علاوہ کوئی اور سایہ نہیں ہے۔'' اسے امام مسلم، احمد، ابن حبان اور دارمی نے روایت کیا ہے۔

١١١٥/٢١٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّ رَجُلًا زَارَ أَخًا لَهُ فِي قَرْيَةٍ أُخْرَى. فَأَرْصَدَ اللهُ لَهُ عَلَى مَدْرَجَتِهِ مَلَكاً. فَلَمَّا أَتَى عَلَيْهِ قَالَ: أَيْنَ تُرِيْدُ؟ قَالَ: أُرِيْدُ أَخًا لِي فِي هَذِهِ الْقَرْيَةِ. قَالَ: هَلْ لَكَ عَلَيْهِ مِنْ نِعْمَةٍ تَرُبُّهَا؟ قَالَ: لَا. غَيْرَ أَنِّي أَحْبَبْتُهُ فِي اللهِ ﷻ. قَالَ: فَإِنِّي رَسُوْلُ اللهِ

الحديث رقم ٢١٨: أخرجه مسلم فى صحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: فى فضل الحب فى الله، ٤/١٩٨٨، الرقم: ٢٥٦٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٢٣٧، الرقم: ٧٢٣، ٨٤٣٦، ٨٨١٨، ١٠٧٩٠، ١٠٩٢٣، وابن حبان فى الصحيح، ٢/٣٣٤، الرقم: ٥٧٤، والدارمى فى السنن، ٢/٤٠٣، الرقم: ٢٧٥٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ١٠/٢٣٢۔

الحديث رقم ٢١٩: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب ، باب: فى فضل الحب فى الله، ٤/١٩٨٨، الرقم: ٢٥٦٧، وابن حبان فى الصحيح، ٢/٣٣١، ٣٣٧، الرقم: ٥٧٢، ٥٧٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٤٠٨، الرقم: ٩٢٨٠، ٩٩٥٩، ١٠٦٠٨، وأبويعلى فى المعجم، ١/٢١١، الرقم: ٢٥٤، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٦/٤٨٨، وابن المبارك فى الزهد، ١/٢٤٧، الرقم: ٧١٠، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/١٠، الرقم: ٤٥٧٣، والذهبى فى سير أعلام النبلاء، ٧/٤٥٤، والخطيب البغدادي فى تاريخ بغداد، ٣/٤٠٠، الرقم: ١٥٢٧، ٥٧٥١، ٦٨٢٧، ٧٣٧٦۔

Marfat.com

إِلَيْكَ بِأَنَّ اللهَ قَدْ أَحَبَّكَ كَمَا أَحْبَبْتَهُ فِيْهِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک شخص اپنے بھائی سے ملنے کے لئے ایک دوسری بستی میں گیا، اللہ تعالیٰ نے اس کے راستے میں ایک فرشتہ بھیج دیا، جب اس شخص کا اس کے پاس سے گزر ہوا تو فرشتے نے پوچھا: کہاں جانے کا ارادہ ہے؟ اس شخص نے کہا: اس بستی میں میرا ایک بھائی ہے اس سے ملنے کا ارادہ ہے۔ فرشتہ نے پوچھا: کیا تمہارا اس پر کوئی احسان ہے جس کی تکمیل مقصود ہے؟ اس نے کہا: اس کے سوا اور کوئی بات نہیں کہ مجھے اس سے صرف اللہ تعالیٰ کے لئے محبت ہے، تب اس فرشتہ نے کہا کہ میں تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کا یہ پیغام لایا ہوں کہ جس طرح تم اس شخص سے محض اللہ تعالیٰ کے لیے محبت کرتے ہو اللہ تعالیٰ بھی تم سے محبت کرتا ہے۔''

اسے امام مسلم، احمد اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

۱۱۱۶/ ۲۲۰۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: قَالَ اللهُ ﷻ: اَلْمُتَحَابُّوْنَ فِي جَلَالِي لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُوْرٍ، يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّوْنَ وَالشُّهَدَاءُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت معاذ بن جبل ﷺ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرے لیے آپس میں محبت کرنے والوں کے لیے (قیامت کے دن ایسے) نور کے منبر ہوں گے جن پر انبیاء اور شہداء بھی رشک کریں گے۔''

اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

الحديث رقم ۲۲۰: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في الحب في الله، ٤/ ٥٩٧، الرقم: ٢٣٩٠، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٢/ ١٣١، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/ ١١، الرقم: ٤٥٧٦، والهيثمي في موارد الظمآن: ٦٢٢، الرقم: ٢٥١٠.

Marfat.com

١١١٧/٢٢١۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، اَلرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَا يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَعْمَلَ كَعَمَلِهِمْ؟ قَالَ: إِنَّکَ يَا أَبَا ذَرٍّ، مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَ: فَإِنِّي أُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ قَالَ: أَنْتَ يَا أَبَا ذَرٍّ، مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ. قَالَ: فَأَعَادَهَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْبَزَّارُ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

''حضرت ابوذر ﷺ سے مروی ہے کہ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ایک آدمی کچھ لوگوں سے محبت کرتا ہے لیکن ان جیسا عمل نہیں کر سکتا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! تو ان کے ساتھ ہو گا جن سے تجھے محبت ہے۔ انہوں نے عرض کیا: میں تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے دوبارہ فرمایا: اے ابوذر! تو یقیناً ان کے ساتھ ہو گا جن سے تجھے محبت ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اسے پھر دہرایا۔''

اسے امام ابوداود، احمد، ابن حبان اور بزار نے روایت کیا ہے اور الفاظ بھی بزار کے ہیں۔

١١١٨/٢٢٢۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: قَالَ اللهُ تَعَالَى: وَجَبَتْ مَحَبَّتِي لِلْمُتَحَابِّيْنَ فِيَّ، وَالْمُتَجَالِسِيْنَ فِيَّ، وَالْمُتَزَاوِرِيْنَ فِيَّ، وَالْمُتَبَاذِلِيْنَ فِيَّ.

الحديث رقم ٢٢١: أخرجه أبو داود فی السنن، کتاب: الأدب، باب: إخبار الرجل الرجل بمحبته إليه، ٤/٣٣٣، الرقم: ٥١٢٦، والبزار فی المسند، ٩/٣٧٣، الرقم: ٣٩٥، وابن حبان فی الصحيح، ٢/٣١٥، الرقم: ٥٥٦، والدارمي فی المسند، ٢/٤١٤، الرقم: ٢٧٨٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/١٥٦، الرقم: ٢١٥٠١، ٦١٤١٦، والبخاری فی الأدب المفرد، ١/١٢٨، الرقم: ٣٥١، والمنذري فی الترغيب والترهيب، ٤/١٥، الرقم: ٤٥٩٨، والهيثمي فی موارد الظمآن، ١/٦٢١، الرقم: ٢٥٠٦، والحارث فی المسند (زوائد الهيثمي)، ٢/٩٩١، الرقم: ١١٠٧۔

الحديث رقم ٢٢٢: أخرجه مالك فی الموطأ، ٢/٩٥٣، الرقم: ١٧١، وإِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ، وَصَحَّحَهُ ابن حبان فی الصحيح، ٢/٣٣٥، الرقم: ٥٧٥، والحاكم فی المستدرك، ٤/١٨٦، الرقم: ٧٣١٤، والبيهقی فی السنن الكبرى، ١٠/٢٣٣، وَصَحَّحَهُ، وَوَافَقَهُ الذهبي، وقال ابن عبدالبر: إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ.

Marfat.com

رَوَاهُ مَالِكٌ بِإِسْنَادِهِ الصَّحِيْحِ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ.
وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت معاذ بن جبل ﷺ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میری خاطر آپس میں محبت کرنے والوں، میری خاطر مجلسیں قائم کرنے والوں، میری خاطر ایک دوسرے سے ملنے والوں اور میری خاطر خرچ کرنے والوں کے لئے میری محبت واجب ہوگئی ہے(یعنی یہ اعمال کرنے والے لوگوں کو اللہ تعالیٰ بھی اپنا محبوب بنالیتا ہے)۔''

اسے امام مالک نے اسناد صحیح کے ساتھ اور ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١١١٩/٢٢٣۔ عَنْ إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: دَخَلْتُ مَسْجِدَ دِمَشْقَ، فَإِذَا فَتًى شَابٌّ بَرَّاقُ الثَّنَايَا، وَإِذَا النَّاسُ مَعَهُ (وفي رواية: وَمَعَهُ مِنَ الصَّحَابَةِ عِشْرُوْنَ. (وفي رواية: ثَلَاثُوْنَ) إِذَا اخْتَلَفُوْا فِي شَيْءٍ أَسْنَدُوْهُ إِلَيْهِ، وَصَدَرُوْا عَنْ قَوْلِهِ، فَسَأَلْتُ عَنْهُ، فَقِيلَ: هَذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ ﷺ، فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ هَجَّرْتُ، فَوَجَدْتُهُ قَدْ سَبَقَنِي بِالتَّهْجِيرِ، وَوَجَدْتُهُ يُصَلِّي، قَالَ: فَانْتَظَرْتُهُ حَتَّى قَضَى صَلَاتَهُ، ثُمَّ جِئْتُهُ، مِنْ قِبَلِ وَجْهِهِ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، ثُمَّ قُلْتُ: وَاللهِ، إِنِّي لَأُحِبُّكَ لِلهِ، فَقَالَ: أَ لِلهِ؟ فَقُلْتُ: أَ لِلهِ، فَقَالَ: أَ لِلهِ؟ فَقُلْتُ: أَ لِلهِ، فَقَالَ أَ لِلهِ؟ فَقُلْتُ: أَ لِلهِ، فَأَخَذَ بَحَبْوِ رِدَائِي. (وفي رواية: بِحَبْوَتَي رِدَائِي) فَجَذَبَنِي إِلَيْهِ، وَقَالَ: أَبْشِرْ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: وَجَبَتْ

الحديث رقم ٢٢٣: أخرجه مالك في الموطأ، ٢/ ٩٥٣، الرقم: ١٧١١، وابن حبان في الصحيح، ٢/ ٣٣٥، الرقم: ٥٧٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/ ٢٣٣، الرقم: ٢٢٠٨٣، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٠/ ٨٠، الرقم: ١٥٠، والبيهقي في شعب الإيمان، ٦/ ٤٨٣، الرقم: ٨٩٩٢، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/ ١٠، الرقم: ٤٥٧٤۔

Marfat.com

مَحَبَّتِي لِلْمُتَحَابِّيْنَ فِيَّ، وَالْمُتَجَالِسِيْنَ فِيَّ، وَالْمُتَزَاوِرِيْنَ فِيَّ، وَالْمُتَبَاذِلِيْنَ فِيَّ. رَوَاهُ مَالِكٌ وَابْنُ حِبَّانَ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ادریس خولانی سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں مسجد دمشق میں داخل ہوا۔ پس اچانک میں نے ایک خوبصورت چمکتے ہوئے دانتوں والا نوجوان دیکھا اور اس کے ساتھ کچھ لوگ تھے (ایک روایت میں ہے کہ اس نوجوان کے ساتھ بیس صحابہ اور ایک روایت ہے کہ تیس صحابہ تھے) جب ان میں کسی چیز میں اختلاف ہوتا تو وہ اس نوجوان کی طرف متوجہ ہوتے اور اس کے اقوال سے (صحیح مسئلہ تک پہنچے میں) مدد لیتے۔ پس میں نے اس نوجوان کے بارے میں پوچھا تو بتایا گیا کہ یہ (صحابی رسول اللہ ﷺ) حضرت معاذ بن جبل ﷺ ہیں، پس جب اگلا دن ہوا میں جلد ہی مسجد پہنچ گیا۔ تو میں نے اس نوجوان کو خود سے قبل وہاں نماز پڑھتے ہوئے موجود پایا۔ آپ کہتے ہیں: میں نے ان کا انتظار کیا یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہوئے۔ پھر میں سامنے سے ان کے پاس آیا۔ میں نے انہیں سلام کیا، اور پھر عرض کیا: خدا کی قسم! میں آپ سے اللہ تعالیٰ کے واسطے محبت کرتا ہوں۔ انہوں نے فرمایا: کیا واقعی اللہ تعالیٰ کے لیے؟ میں نے کہا: ہاں اللہ تعالیٰ کے لیے۔ انہوں نے پھر پوچھا: کیا واقعی اللہ تعالیٰ کے لیے؟ میں نے کہا: ہاں (واقعی) اللہ تعالیٰ کے لیے۔ انہوں نے میری چادر کا کنارہ پکڑا (اور ایک روایت میں ہے میری چادر کے دونوں کنارے پکڑے) اور مجھے اپنی طرف کھینچ کر فرمایا: تمہیں خوشخبری ہو، میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میری خاطر محبت کرنے والوں، میری خاطر آپس میں بیٹھنے والوں، میری خاطر ایک دوسرے کی زیارت کرنے والوں اور میری خاطر ایک دوسرے پر خرچ کرنے والوں کے لیے میری محبت واجب ہوگئی ہے۔'' اسے امام مالک، ابن حبان اور احمد نے روایت کیا ہے۔

۱۱۲۰/۲۲۴۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ ﷺ قَالَ: أَوْحَى اللهُ إِلَى دَاوُدَ عليه السلام أَنْ أَحِبَّنِي وَأَحِبَّ أَحِبَّائِي وَحَبِّبْنِي إِلَى عِبَادِي قَالَ: يَا رَبِّ،

الحديث رقم ٢٢٤: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٦٨، الرقم: ٣٤٢٥٤، وابن أبي الدنيا في الأولياء، ١/٤٨-٤٩، الرقم، ٢٩، والبيهقي في شعب الإيمان، ٦/١، الرقم: ٧٦٦٨، والديلمي عن ابن عباس ﷺ في مسند الفردوس، ٣/٥، الرقم: ٤٥٤٣.

Marfat.com

أُحِبُّكَ وَأُحِبُّ أَحِبَّاءَكَ فَكَيْفَ أُحَبِّبُكَ إِلَى عِبَادِكَ قَالَ: اذْكُرْنِي لَهُمْ فَإِنَّهُمْ لَنْ يَّذْكُرُوْا مِنِّي إِلَّا خَيْرًا. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ أَبِي الدُّنْيَا وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن حارث ﷺ بیان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت داود علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ (اے داود!) مجھ سے اور میرے دوستوں سے محبت کرو اور مجھے میرے بندوں کے لئے محبوب بناؤ۔ انہوں نے عرض کیا: اے رب! میں تجھ سے اور تیرے دوستوں سے محبت تو کرتا ہوں لیکن میں تجھے تیرے بندوں کے لئے محبوب کیسے بناؤں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ان کے لئے میرا ذکر کر پھر وہ مجھے ہرگز یاد نہیں کریں گے مگر بھلائی کے ساتھ۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ اور ابن ابی الدنیا نے روایت کیا ہے۔

١١٢١/٢٢٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَوْ أَنَّ عَبْدَيْنِ تَحَابَّا لِلهِ عَزَّوَجَلَّ، وَاحِدٌ فِي الْمَشْرِقِ وَآخَرُ فِي الْمَغْرِبِ، لَجَمَعَ اللهُ بَيْنَهُمَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يَقُوْلُ: هَذَا الَّذِي كُنْتَ تُحِبُّهُ فِيَّ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر دو بندے اللہ تعالیٰ کے لئے ایک دوسرے سے محبت کریں۔ خواہ ایک مشرق میں اور دوسرا مغرب میں (بھی) ہو تو بھی اللہ تعالیٰ قیامت کے روز انہیں ضرور ملا دے گا اور فرمائے گا: یہ ہے وہ (شخص) جس سے تو میری خاطر محبت کیا کرتا تھا۔'' اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

١١٢٢/٢٢٦۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ سُبْحَانَهَ يَقُوْلُ: إِنِّي لَأَهُمُّ بِأَهْلِ الْأَرْضِ عَذَابًا، فَإِذَا نَظَرْتُ إِلَى عُمَّارِ بُيُوْتِي وَالْمُتَحَابِّيْنَ فِيَّ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْأَسْحَارِ، صَرَفْتُ عَنْهُمْ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

الحديث رقم ٢٢٥: أخرجه البيهقى فى شعب الإيمان، ٦/٤٩٢، الرقم: ٩٠٢٢۔
الحديث رقم ٢٢٦: أخرجه البيهقى في شعب الإيمان، ٦/٥٠٠، الرقم: ٩٠٥١، والديلمي في مسند الفردوس، ٣/١٦٥، الرقم: ٤٤٣٦، والسيوطى فى الدر المنثور، ١٣/٢١٦۔

Marfat.com

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اہلِ زمین پر عذاب نازل کرنا چاہتا ہوں لیکن جب میں، میری خاطر میرا گھر آباد کرنے والوں، میرے لیے باہم محبت کرنے والوں اور پچھلی رات کو استغفار کرنے والوں کو دیکھتا ہوں تو (اپنا غضب) ان سے پھیر دیتا ہوں۔''

اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي التَّوَسُّلِ بِالْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ

﴿اولیاء اور صالحین سے توسّل کا بیان﴾

١١٢٣/٢٢٧۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُوْ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ فَيُقَالُ: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَاحَبَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُوْ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ فَيُقَالُ: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَاحَبَ أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُوْ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ فَيُقَالُ: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَاحَبَ مَنْ صَاحَبَ أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ فَيُفْتَحُ لَهُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جب لوگوں کی ایک بڑی جماعت جہاد کرے گی تو ان سے پوچھا جائے گا: کیا تم میں سے کوئی ایسا شخص ہے جو رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں رہا ہو؟ پس وہ لوگ کہیں گے: ہاں۔ تو انہیں (اس صحابی رسول کے صدقہ سے) فتح عطا کر دی جائے گی۔ پھر لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ جب لوگوں کی ایک بڑی جماعت جہاد کرے گی تو ان سے پوچھا جائے گا: کیا تم میں کوئی ایسا شخص ہے کہ جس نے رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کی صحبت پائی ہو؟ وہ کہیں گے: ہاں۔ پھر انہیں (اس تابعی کے صدقہ سے) فتح عطا کر دی جائے گی۔ پھر لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ ایک کثیر جماعت جہاد کرے گی تو ان سے پوچھا جائے گا: کیا

الحديث رقم ٢٢٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أصحاب النبی ﷺ، ٣/١٣٣٥، الرقم: ٣٤٤٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضل الصحابة ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم، ٤/١٩٦٢، الرقم: ٢٥٣٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٧، الرقم: ١٠٥٦، وابن حبان فی الصحيح، ١١/٨٦، الرقم: ٤٧٦٨.

Marfat.com

تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص ہے جس نے رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کی صحبت پانے والوں کی صحبت پائی ہو؟ وہ کہیں گے: ہاں، تو انہیں (اس تبع تابعی کی موجودگی کی وجہ سے) فتح عطا کر دی جائے گی۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١١٢٤/٢٢٨۔ عَنْ أَنَسٍ ﷺ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ﷺ كَانَ إِذَا قُحِطُوْا اسْتَسْقَى بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضي الله عنهما. فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، إِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا فَتَسْقِيْنَا، وَإِنَّا نَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا فَاسْقِنَا، قَالَ: فَيُسْقَوْنَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ خُزَيْمَةَ.

''حضرت انس ﷺ سے روایت ہے کہ جب قحط پڑ جاتا تو حضرت عمر بن خطاب ﷺ حضرت عباس بن عبدالمطلب ﷺ کے وسیلہ سے بارش کی دعا کیا کرتے تھے اور یوں عرض کرتے: اے اللہ! ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی مکرّم ﷺ کو وسیلہ بنایا کرتے تھے اور تُو ہم پر بارش برسا دیتا تھا اور اب ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی مکرم ﷺ کے چچا جان کو وسیلہ بناتے ہیں۔ پس ہم پر بارش برسا۔ فرمایا: تو ان پر بارش برسا دی جاتی۔''

اسے امام بخاری اور ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے۔

١١٢٥/٢٢٩۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ:

الحديث رقم ٢٢٨: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: الاستسقاء، باب: سُؤَالِ النَّاسِ الإمام الاستسقاء إذا قَحَطُوا، ١/٣٤٢، الرقم: ٩٦٤، وفى كتاب: فضائل الصحابة، باب: ذكر العَبَّاسِ بنِ عَبْدِ المُطَّلِبِ رضى الله عنهما، ٣/١٣٦٠، الرقم: ٣٥٠٧، وابن خزيمة فى الصحيح، ٢/٣٣٧، الرقم: ١٤٢١، وابن حبان فى الصحيح، ٧/١١٠، الرقم: ٢٨٦١، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٣/٤٩، الرقم: ٢٤٣٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٣/٣٥٢، الرقم: ٦٢٢٠، والشيبانى فى الآحاد والمثاني، ١/٢٧٠، الرقم: ٣٥١، واللالكائى فى كرامات الأولياء، ١/١٣٥، الرقم: ٨٧، وابن عبدالبر فى الاستيعاب، ٢/٨١٤، وابن جرير الطبرى فى تاريخ الأمم والملوك، ٤/٤٣٣۔

الحديث رقم ٢٢٩: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: أم حسبت أن أصحاب الكهف والرقيم، ٣/١٢٨٠، الرقم: ٣٢٨٣، ومسلم فى الصحيح، كتاب: التوبة، باب: قبول توبة القاتل وإن كثر قتله، ٤/٢١١٩، الرقم: ٢٧٦٦، ←

Marfat.com

كَانَ فِي بَنِي إِسْرَائِيْلَ رَجُلٌ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ إِنْسَانًا ثُمَّ خَرَجَ يَسْأَلُ فَأَتَى رَاهِبًا فَسَأَلَهُ فَقَالَ لَهُ: هَلْ مِنْ تَوْبَةٍ؟ قَالَ: لَا، فَقَتَلَهُ فَجَعَلَ يَسْأَلُ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: ائْتِ قَرْيَةَ كَذَا وَكَذَا فَأَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَنَاءَ بِصَدْرِهِ نَحْوَهَا فَاخْتَصَمَتْ فِيْهِ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ فَأَوْحَى اللهُ إِلَى هَذِهِ أَنْ تَقَرَّبِي وَأَوْحَى اللهُ إِلَى هِذِهِ أَنْ تَبَاعَدِي وَقَالَ: قِيْسُوْا مَا بَيْنَهُمَا فَوُجِدَ إِلَى هَذِهِ أَقْرَبَ بِشِبْرٍ فَغُفِرَلَهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بنی اسرائیل میں سے ایک شخص تھا جس نے ننانوے قتل کیے تھے اور پھر مسئلہ پوچھنے نکلا تھا (کہ اس کی توبہ قبول ہوسکتی یا نہیں)۔ وہ ایک راہب کے پاس آیا اور اس سے پوچھا: کیا (اس گناہ سے) توبہ کی کوئی صورت ممکن ہے؟ راہب نے جواب دیا: نہیں۔ اس نے اس راہب کو بھی قتل کردیا۔ پھر اس نے ایک اور شخص سے پوچھا تو اس نے بتایا کہ تم فلاں بستی (میں جہاں نیک لوگ رہتے ہیں) جاؤ (ان کے ساتھ مل کر توبہ کرو۔) وہ اس بستی کی طرف روانہ ہوا لیکن ابھی راستے میں بھی نہیں پہنچا تھا کہ اس کی موت واقع ہوگئی۔ موت کے وقت اس نے اپنا سینہ اس بستی کی طرف کرلیا تھا۔ رحمت اور عذاب کے فرشتوں میں جھگڑا ہونے لگا کہ کون اس کی روح لے جائے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اس بستی کو (جہاں وہ توبہ کرنے کے لئے جا رہا تھا) حکم دیا کہ اس کی نعش کے قریب ہو جائے اور دوسری بستی کو (جہاں سے نکلا تھا) حکم دیا کہ اس کی نعش سے دور ہو جائے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا: اب دونوں کا فاصلہ دیکھو (جس طرف کا فاصلہ کم ہو اسے اس بستی کے رہنے والوں کے حساب میں ڈال دو) اور جب فاصلہ ناپا گیا تو اس بستی کو (جہاں وہ توبہ کرنے جا رہا تھا) ایک بالشت نعش سے زیادہ قریب پایا اور اس کی مغفرت کردی گئی۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

..... وابن حبان فی الصحیح، ۲/۳۸۰، الرقم: ٦١٥، وأبو یعلی فی المسند، ۲/۵۰۸، والبیهقی فی شعب الإیمان، ۵/۳۹۷۔

Marfat.com

١١٢٦/٢٣٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ أَنَّ نَبِيَّ اللهِ ﷺ قَالَ: كَانَ فِي مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَجُلٌ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ نَفْسًا فَسَأَلَ عَنْ أَعْلَمِ أَهْلِ الْأَرْضِ فَدُلَّ عَلَى رَاهِبٍ فَأَتَاهُ فَقَالَ: إِنَّهُ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ نَفْسًا فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ؟ فَقَالَ: لَا، فَقَتَلَهُ فَكَمَلَ بِهِ مِائَةً ثُمَّ سَأَلَ عَنْ أَعْلَمِ أَهْلِ الْأَرْضِ فَدُلَّ عَلَى رَجُلٍ عَالِمٍ فَقَالَ: إِنَّهُ قَتَلَ مِائَةَ نَفْسٍ فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ فَقَالَ: نَعَمْ، وَمَنْ يَحُوْلُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ التَّوْبَةِ انْطَلِقْ إِلَى أَرْضِ كَذَا وَكَذَا فَإِنَّ بِهَا أُنَاسًا يَعْبُدُوْنَ اللهَ فَاعْبُدِ اللهَ مَعَهُمْ وَلَا تَرْجِعْ إِلَى أَرْضِكَ فَإِنَّهَا أَرْضُ سُوْءٍ فَانْطَلَقَ حَتَّى إِذَا نَصَفَ الطَّرِيْقَ أَتَاهُ الْمَوْتُ فَاخْتَصَمَتْ فِيْهِ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ فَقَالَتْ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ: جَاءَ تَائِبًا مُقْبِلًا بِقَلْبِهِ إِلَى اللهِ وَقَالَتْ مَلَائِكَةُ الْعَذَابِ: إِنَّهُ لَمْ يَعْمَلْ خَيْرًا قَطُّ فَأَتَاهُمْ مَلَكٌ فِي صُوْرَةِ آدَمِيٍّ فَجَعَلُوْهُ بَيْنَهُمْ فَقَالَ: قِيْسُوْا مَا بَيْنَ الْأَرْضَيْنِ فَإِلَى أَيَّتِهِمَا كَانَ أَدْنَى فَهُوَ لَهُ. فَقَاسُوْهُ، فَوَجَدُوْهُ أَدْنَى إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي أَرَادَ فَقَبَضَتْهُ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ. قَالَ قَتَادَةُ: فَقَالَ الْحَسَنُ: ذُكِرَ لَنَا أَنَّهُ لَمَّا أَتَاهُ الْمَوْتُ نَأَى بِصَدْرِهِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم سے پہلی قوم کا ایک آدمی تھا جس نے ننانوے لوگوں کو قتل کیا تھا اس کے بعد وہ لوگوں سے اہلِ زمین میں سب سے بڑے عالم کے بارے میں پوچھنے لگا۔ لوگوں نے اسے ایک راہب کے پاس بھیجا وہ اس کے پاس آیا اور پوچھا کہ اس نے ننانوے قتل کیے ہیں تو کیا اس کے لئے توبہ

الحديث رقم ٢٣٠: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: التوبة، باب: قبول توبة القاتل وإن كثر قتله، ٤/٢١١٨، الرقم: ٢٧٦٦، وابن حبان فى الصحيح، ٢/٣٧٦، الرقم: ٦١١، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٨/١٧، وفي شعب الإيمان، ٥/٣٩٧، الرقم: ٧٠٦٦، والمنذرى فى الترغيب و الترهيب، ٤/٥٠، الرقم: ٤٧٦٧۔

Marfat.com

کی کوئی صورت ہے؟ اس نے کہا: نہیں، اس نے اسے (یعنی اس راہب کو) بھی قتل کر دیا اور سو کا عدد پورا کر دیا۔ پھر وہ دوبارہ لوگوں سے اہلِ زمین کے سب سے بڑے عالم کا پتہ پوچھنے لگا۔ لوگوں نے اسے ایک عالم کا پتہ بتایا۔ اس نے اس عالم سے پوچھا کہ اس نے سو آدمیوں کو قتل کیا ہے، کیا اس کے لئے توبہ کی کوئی صورت ہے؟ اس (عالم) نے کہا: ہاں! تمہارے اور توبہ کے درمیان کون حائل ہوسکتا ہے؟ تم فلاں فلاں بستی کی طرف جاؤ۔ وہاں اللہ تعالیٰ کے نیک بندے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں تم بھی ان کے ساتھ جا کر عبادت کرو اور اپنے علاقہ کی طرف واپس مت جانا وہ برائی کی جگہ ہے۔ الغرض وہ وہاں سے چلا۔ ابھی وہ آدھے راستے میں ہی تھا کہ اسے موت نے آ لیا۔ رحمت کے فرشتوں اور عذاب کے فرشتوں کے درمیان اس کے بارے میں جھگڑا شروع ہو گیا۔ رحمت کے فرشتوں نے کہا کہ وہ دل سے تائب ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف آیا تھا (اس لئے وہ جنت کا حقدار ہے) جبکہ عذاب کے فرشتوں نے کہا کہ اس نے کوئی نیکی کا کام نہیں کیا تھا (اس لئے وہ جہنم میں جائے گا۔)۔ پس ان کے پاس ایک فرشتہ آدمی کی صورت میں آیا تو انہوں نے اسے اپنے درمیان ثالث بنا لیا۔ اس (فرشتے) نے کہا: دونوں بستیوں کا درمیانی فاصلہ ماپ لو پھر جو بستی زیادہ قریب ہو اسے اسی بستی کے رہنے والوں کے حساب میں ڈال دو۔ پس فرشتوں نے ماپا تو اسے اس (صالحین کی) زمین کے زیادہ قریب پایا جس کا اس نے ارادہ کیا تھا۔ پس رحمت کے فرشتے اسے اپنے ساتھ لے گئے۔ حضرت قتادہ ﷺ بیان کرتے ہیں حضرت حسن ﷺ نے بیان کیا کہ جب اسے موت آئی تو اس نے اپنا سینہ اس (نیک لوگوں کی) بستی کی طرف کر لیا تھا (پس اس نیک لوگوں کی بستی کے وسیلہ سے اس کی مغفرت ہوگئی)۔'' اسے امام مسلم اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

۲۳۱/۱۱۲۷۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّ رَجُلًا قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ نَفْسًا فَجَعَلَ يَسْأَلُ: هَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ؟ فَأَتَى رَاهِبًا فَسَأَلَهُ فَقَالَ: لَيْسَتْ لَكَ تَوْبَةٌ. فَقَتَلَ الرَّاهِبَ ثُمَّ جَعَلَ يَسْأَلُ ثُمَّ خَرَجَ مِنْ قَرْيَةٍ إِلَى قَرْيَةٍ فِيْهَا قَوْمٌ صَالِحُوْنَ فَلَمَّا كَانَ فِي بَعْضِ الطَّرِيْقِ أَدْرَكَهُ

الحديث رقم ۲۳۱: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: التوبة، باب: قبول توبة القاتل وإن كثر قتله، ٤/٢١١٩، الرقم: ٢٧٦٦، وأبويعلى في المسند، ٢/٣٠٥، الرقم: ١٠٣٣۔

Marfat.com

الْمَوْتُ فَنَأَى بِصَدْرِهِ ثُمَّ مَاتَ فَاخْتَصَمَتْ فِيْهِ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ فَكَانَ إِلَى الْقَرْيَةِ الصَّالِحَةِ أَقْرَبَ مِنْهَا بِشِبْرٍ فَجُعِلَ مِنْ أَهْلِهَا.

وفي رواية زاد: فَأَوْحَى اللهُ إِلَى هَذِهِ أَنْ تَبَاعَدِي وَإِلَى هَذِهِ أَنْ تَقَرَّبِي. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت ابو سعید خدری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک شخص نے ننانوے آدمیوں کو قتل کیا، پھر وہ یہ پوچھتا پھرتا تھا کہ کیا اس کی توبہ قبول ہوسکتی ہے؟ اس نے ایک راہب کے پاس جاکر یہ سوال کیا کہ کیا اس کے لئے توبہ (کی کوئی گنجائش) ہے؟ اس راہب نے کہا: تمہاری توبہ قبول نہیں ہوسکتی۔ یہ سن کر اس (شخص) نے اس راہب کو بھی قتل کردیا اور اس نے پھر سوال کرنا شروع کیا اور وہ اس بستی سے نکل کر دوسری بستی کی طرف جانے لگا جس میں کچھ نیک لوگ رہتے تھے۔ جب اس نے اس راستہ کا کچھ حصہ طے کیا تھا تو اسے اس کی موت نے آ لیا۔ اس نے اپنا سینہ اس بستی کی طرف کر دیا اور اس حال میں اسے موت آ گئی۔ پھر رحمت کے فرشتوں اور عذاب کے فرشتوں میں (اس کی روح لے جانے پر) بحث ہوئی۔ وہ ایک بالشت کے برابر نیک آدمیوں کی بستی کے قریب تھا۔ سو اسے نیک لوگوں کی بستی سے لاحق کردیا گیا۔

ایک اور روایت میں اضافہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس (برے لوگوں کی) بستی سے کہا: تو (اس کی نعش سے) دور ہو جا اور اس (نیک لوگوں کی) بستی سے کہا تو (اس کی نعش سے) قریب ہو جا۔'' اس حدیث کو امام مسلم اور ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

٢٣٢/١١٢٨. عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِمَا سَمِعْتُ مِنْ فِي رَسُوْلِ اللهِ ﷺ سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي إِنَّ عَبْدًا قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ نَفْسًا ثُمَّ عَرَضَتْ لَهُ التَّوْبَةُ فَسَأَلَ عَنْ أَعْلَمِ أَهْلِ

الحديث رقم ٢٣٢: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الديات، باب: هل لقاتل مؤمن توبة، ٢/٧٢٥، الرقم: ٢٦٢٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٢٠، الرقم: ١١١٧٠، وأبويعلى في المسند، ٢/٥٠٨، الرقم: ١٣٥٦، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٦٣، الرقم: ٣٤٢٢٠.

Marfat.com

الْأَرْضِ فَدُلَّ عَلَى رَجُلٍ فَأَتَاهُ فَقَالَ: إِنِّي قَتَلْتُ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ نَفْسًا فَهَلْ لِي مِنْ تَوْبَةٍ؟ قَالَ: بَعْدَ تِسْعَةٍ وَتِسْعِيْنَ نَفْسًا؟ فَانْتَضَى سَيْفَهُ فَقَتَلَهُ فَأَكْمَلَ بِهِ الْمِائَةَ، ثُمَّ عَرَضَتْ لَهُ التَّوْبَةُ فَسَأَلَ عَنْ أَعْلَمِ أَهْلِ الْأَرْضِ فَدُلَّ عَلَى رَجُلٍ فَأَتَاهُ فَقَالَ: إِنِّي قَتَلْتُ مِائَةَ نَفْسٍ، فَهَلْ لِي مِنْ تَوْبَةٍ؟ قَالَ: فَقَالَ: وَيْحَكَ وَمَنْ يَحُوْلُ بَيْنَكَ وَبَيْنَ التَّوْبَةِ أُخْرُجْ مِنَ الْقَرْيَةِ الْخَبِيْثَةِ الَّتِي أَنْتَ فِيْهَا إِلَى الْقَرْيَةِ الصَّالِحَةِ قَرْيَةِ كَذَا وَكَذَا فَاعْبُدْ رَبَّكَ فِيْهَا فَخَرَجَ يُرِيْدُ الْقَرْيَةَ الصَّالِحَةَ فَعَرَضَ لَهُ أَجَلُهُ فِي الطَّرِيْقِ فَاخْتَصَمَتْ فِيْهِ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ قَالَ: إِبْلِيْسُ: أَنَا أَوْلَى بِهِ إِنَّهُ لَمْ يَعْصِنِي سَاعَةً قَطُّ قَالَ: فَقَالَتْ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ: إِنَّهُ خَرَجَ تَائِبًا.

قال همام: فحدثني حميد الطويل عن بكر بن عبد الله عن أبي رافع قال: فَبَعَثَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ مَلَكًا فَاخْتَصَمُوْا إِلَيْهِ ثُمَّ رَجَعُوْا فَقَالَ: انْظُرُوْا أَيَّ الْقَرْيَتَيْنِ كَانَتْ أَقْرَبَ فَأَلْحِقُوْهُ بِأَهْلِهَا. قَالَ قَتَادَةُ: فَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ قَالَ: لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ احْتَفَزَ بِنَفْسِهِ فَقَرُبَ مِنَ الْقَرْيَةِ الصَّالِحَةِ وَبَاعَدَ مِنْهُ الْقَرْيَةَ الْخَبِيْثَةَ فَأَلْحَقُوْهُ بِأَهْلِ الْقَرْيَةِ الصَّالِحَةِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں تمہیں اس چیز کی خبر نہ دوں جسے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دہن مبارک سے میرے کانوں نے سنا اور دل نے محفوظ کیا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم سے پہلی قوم کے کسی شخص نے ننانوے قتل کیے پھر اسے توبہ کا خیال آیا تو اس نے علماء سے اس بارے میں معلومات حاصل کرنا شروع کیں۔ لوگوں نے اسے ایک عالم کا پتہ بتایا وہ اس کے پاس جا کر کہنے لگا کہ میں نے ننانوے قتل کیے ہیں کیا میرے لئے توبہ کا

Marfat.com

کوئی راستہ ہے؟ اس نے جواب دیا: کیا ننانوے قتل کرنے کے بعد بھی! پھر اس (سوال کرنے والے) نے اپنی تلوار سونتی اور اسے بھی قتل کر دیا اور اس کے قتل کے ساتھ سو کا عدد پورا کر دیا۔ اسے پھر توبہ کا خیال آیا تو اس نے زمین پر بسنے والوں میں سے سب سے زیادہ علم رکھنے والے شخص کے بارے میں پوچھا تو اسے ایک آدمی کے بارے میں بتایا گیا۔ اب وہ اس کے پاس آیا اور اس سے کہا: میں نے سو آدمیوں کا قتل کیا ہے، کیا میرے لیے توبہ کا کوئی راستہ ہے؟ اس نے جواب دیا: تجھ پر افسوس ہے۔ بھلا تمہارے اور توبہ کے درمیان کون حائل ہو سکتا ہے؟ تو اس خبیث بستی سے نکل کر فلاں نیک لوگوں کی بستی کی طرف جا اور اس میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کر۔ وہ اس بستی (کی طرف جانے) کے ارادے سے چلا۔ راہ میں اس کی موت واقع ہوگئی۔ اس کی روح لے جانے کے بارے میں رحمت اور عذاب کے فرشتوں میں جھگڑا ہونے لگا۔ ابلیس کہنے لگا: میں اس کا زیادہ حقدار ہوں اس لئے کہ اس نے میری کبھی نافرمانی نہیں کی۔ رحمت کے فرشتے بولے: یہ توبہ کرنے نکلا تھا۔

حضرت ہمام نے ابو رافع ﷺ سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ بھیجا تاکہ ان میں فیصلہ کرے۔ انہوں نے فیصلہ اس پر چھوڑ دیا۔ اس نے کہا: یہ دیکھو کہ یہ شخص کس بستی کے زیادہ قریب ہے۔ جس کے قریب ہوا سے اسی میں شمار کر لو۔ حضرت قتادہ، حضرت حسن سے یہ روایت کرتے ہیں کہ وہ موت کے وقت اس بستی کی جانب گھسٹ کر قریب ہو گیا تھا اور برے لوگوں کی بستی اس سے دور ہو گئی تھی اس لئے اسے نیک بستی والوں میں شمار کیا گیا تھا۔''

اسے امام ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٢٣٣/١١٢٩۔ عَنْ أُسَيْرِ بْنِ جَابِرٍ ﷺ أَنَّ أَهْلَ الْكُوفَةِ وَفَدُوْا إِلَى عُمَرَ ﷺ فِيْهِمْ رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ يَسْخَرُ بِأُوَيْسٍ، فَقَالَ عُمَرُ: هَلْ هَهُنَا أَحَدٌ مِنَ الْقَرَنِيِّيْنَ؟ فَجَاءَ ذَلِكَ الرَّجُلُ، فَقَالَ عُمَرُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ

الحديث رقم ٢٣٣: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أويس القرنى، ٤/١٩٦٨، الرقم: ٢٥٤٢، وأبونعيم فى حلية الأولياء، ٢/٧٩، وابن سعد فى الطبقات الكبرى، ٦/١٦٢، وابن عساكر فى تاريخ دمشق الكبير، ٣/١٢٣، والذهبى فى ميزان الاعتدال، ١/٤٤٧.

Marfat.com

قَدْ قَالَ: إِنَّ رَجُلًا يَأْتِيكُمْ مِنَ الْيَمَنِ يُقَالُ لَهُ أُوَيْسٌ، لَا يَدَعُ بِالْيَمَنِ غَيْرَ أُمٍّ لَهُ، قَدْ كَانَ بِهِ بَيَاضٌ، فَدَعَا اللهَ فَأَذْهَبَهُ عَنْهُ إِلَّا مَوضِعَ الدِّيْنَارِ أَوِ الدِّرْهَمِ، فَمَنْ لَقِيَهُ مِنْكُمْ فَلْيَسْتَغْفِرْ لَكُمْ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت اسیر بن جابر رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے کہ اہلِ کوفہ ایک وفد لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے۔ وفد میں ایک ایسا آدمی بھی تھا جو حضرت اویس رضی اللہ عنہ سے مذاق کرتا تھا۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا یہاں کوئی قرن کا رہنے والا ہے؟ یہ سن کر وہ شخص حاضر ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: تمہارے پاس یمن سے ایک شخص آئے گا اس کا نام اویس رضی اللہ عنہ ہوگا ۔یمن میں اس کی والدہ کے سوا کوئی نہیں ہوگا۔ اسے برص کی بیماری تھی اس نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے ایک دینار یا درہم کے برابر سفید داغ کے سوا باقی (برص کے) داغ اس سے دور کر دیئے تم میں سے جس شخص کی اس سے ملاقات ہوتو اسے چاہیے کہ وہ اس سے تمہاری مغفرت کی دعا کرائے۔''

اسے امام مسلم اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔

٢٣٤/١١٣٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَنْ خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ إِلَى الصَّلَاةِ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، إِنِّي أَسْأَلُكَ بِحَقِّ السَّائِلِيْنَ عَلَيْكَ وَأَسْأَلُكَ بِحَقِّ مَمْشَايَ هَذَا، فَإِنِّي لَمْ أَخْرُجْ أَشَرًا وَلَا بَطَرًا وَلَا رِيَاءً وَلَا سُمْعَةً وَخَرَجْتُ اتِّقَاءَ سُخْطِكَ وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِكَ، فَأَسْأَلُكَ أَنْ تُعِيْذَنِي مِنَ النَّارِ وَأَنْ تَغْفِرَ لِي ذُنُوْبِي إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ أَقْبَلَ اللهُ عَلَيْهِ بِوَجْهِهِ وَاسْتَغْفَرَ لَهُ سَبْعُوْنَ أَلْفَ

الحديث رقم ٢٣٤: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: المساجد والجماعات، باب: المشى إلى الصلاة، ١/٢٥٦، الرقم: ٧٧٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٢١، الرقم: ١١١٧٢، وابن الجعد فى المسند، ١/٢٩٩، الرقم: ٢٠٣١، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٢٥، رقم: ٢٩٢٠٢، وابن السنى في عمل اليوم والليلة، ١/٣٠، الرقم: ٨٣، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/١٣٥، الرقم: ٤٨٨۔

Marfat.com

مَلَكٍ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص نماز کے ارادے سے اپنے گھر سے نکلے اور یہ دعا مانگے: ﴿اَللّٰهُمَّ، إِنِّي أَسْأَلُکَ بِحَقِّ السَّائِلِيْنَ عَلَيْکَ وَأَسْأَلُکَ بِحَقِّ مَمْشَايَ هَذَا، فَإِنِّي لَمْ أَخْرُجْ أَشَرًا وَلَا بَطَرًا وَلَا رِيَاءً وَلَا سُمْعَةً وَخَرَجْتُ اتِّقَاءَ سُخْطِکَ وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِکَ، فَأَسْأَلُکَ أَنْ تُعِيْذَنِي مِنَ النَّارِ وَأَنْ تَغْفِرَ لِي ذُنُوْبِي إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ﴾ ''اے اللہ! میں تجھ سے تیرے سائلین کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے (نماز کی طرف اٹھنے والے) اپنے قدموں کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں۔ بے شک میں نہ کسی برائی کی طرف چلا ہوں نہ تکبر اور غرور سے، نہ دکھاوے اور نہ کسی دنیاوی شہرت کی خاطر نکلا ہوں۔ میں تو صرف تیری ناراضگی سے بچنے کے لئے اور تیری رضا کے حصول کے لئے نکلا ہوں۔ سو میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے دوزخ کی آگ سے نجات دے، میرے گناہوں کو بخش دے۔ بے شک تو ہی گناہوں کو بخشنے والا ہے''۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور ستر ہزار فرشتے اس کی مغفرت کی دعا کرتے ہیں۔'' اسے امام ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١١٣١/٢٣٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا انْفَلَتَتْ دَابَّةُ أَحَدِكُمْ بِأَرْضٍ فَلَاةٍ فَلْيُنَادِ يَا عِبَادَ اللهِ، احْبِسُوْا عَلَيَّ، يَا عِبَادَ اللهِ، احْبِسُوا عَلَيَّ، فَإِنَّ لِلهِ فِي الْأَرْضِ حَاضِرًا سَيَحْبِسُهُ عَلَيْكُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْيَعْلَى.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کی سواری جنگل بیاباں میں گم ہو جائے تو اس (شخص) کو (یہ) پکارنا چاہیے: اے اللہ تعالیٰ کے بندو! میری سواری پکڑا دو، اے اللہ تعالیٰ کے بندو! میری سواری پکڑا دو۔ بے

الحديث رقم ٢٣٥: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ١٠/٢١٧، الرقم: ١٠٥١٨، ١٧/١١٧، الرقم: ٢٩٠، وأبويعلى فی المسند، ٩/١٧٧، الرقم: ٥٢٦٩، والديلمی فی مسند الفردوس، ١/٣٣٠، الرقم: ١٣١١، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ١٠/١٣٢۔

Marfat.com

شک اللہ تعالیٰ کے بہت سے (ایسے) بندے اس زمین میں ہوتے ہیں، وہ تمہیں تمہاری سواری پکڑا دیں گے۔'' اسے امام طبرانی اور ابویعلی نے روایت کیا ہے۔

١١٣٢/٢٣٦۔ عَنْ عَتَبَةَ بْنِ غَزْوَانَ ﷺ عَنْ نَبِيِّ اللهِ ﷺ قَالَ: إِذَا أَضَلَّ أَحَدُكُمْ شَيْئًا أَوْ أَرَادَ أَحَدُكُمْ عَوْنًا وَهُوَ بِأَرْضٍ لَيْسَ بِهَا أَنِيْسٌ فَلْيَقُلْ: يَا عِبَادَ اللهِ، أَغِيْثُوْنِي يَا عِبَادَ اللهِ، أَغِيْثُوْنِي فَإِنَّ لِلهِ عِبَادًا لَا نَرَاهُمْ وَقَدْ جُرِّبَ ذَلِكَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عتبہ بن غزوان ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کی کوئی شے گم ہو جائے یا تم میں سے کوئی مدد چاہے اور وہ ایسی جگہ ہو کہ جہاں اس کا کوئی مددگار بھی نہ ہو تو اسے چاہیے کہ یوں پکارے: اے اللہ تعالیٰ کے بندو! میری مدد کرو، اے اللہ تعالیٰ کے بندو! میری مدد کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ کے ایسے بھی بندے ہیں جنہیں ہم دیکھ نہیں سکتے (لیکن وہ لوگوں کی مدد کرنے پر مامور ہیں)۔اور (راوی بیان کرتے ہیں کہ) یہ تجربہ شدہ بات ہے۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١١٣٣/٢٣٧۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِلهِ خَلْقًا خَلَقَهُمْ لِحَوَائِجِ النَّاسِ، تَفْزَعُ النَّاسُ إِلَيْهِمْ فِي حَوَائِجِهِمْ أُوْلَئِكَ الآمِنُوْنَ مِنْ عَذَابِ اللهِ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

الحديث رقم ٢٣٦: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٠/٢١٧، الرقم: ١٠٥١٨، ١٧/١١٧، الرقم: ٢٩٠، وأبويعلى في المسند، ٩/١٧٧، الرقم: ٥٢٦٩، والديلمي في مسند الفردوس، ١/٣٣٠، الرقم: ١٣١١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/١٣٢۔

الحديث رقم ٢٣٧: أخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء، ٣/٢٢٥، والطبراني في المعجم الكبير، ١٢/٣٥٨، الرقم: ١٣٣٣٤، والقضاعي في مسند الشهاب، ٢/١١٧، الرقم: ١٠٠٧، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٣/٢٦٢، الرقم: ٣٩٦٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/١٩٢۔

Marfat.com

بے شک اللہ تعالیٰ کے کچھ خاص بندے ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں مخلوق کی حاجت روائی کے لئے خاص فرمایا ہے۔ لوگ گھبرائے ہوئے اپنی حاجتیں ان کے پاس لے کر آتے ہیں (اور وہ ان کی حاجت روائی کرتے ہیں)۔ اللہ تعالیٰ کے وہ خاص بندے عذابِ الٰہی سے امان میں ہیں۔'' اسے امام ابونعیم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

٢٣٨/١١٣٤۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّهُ قَالَ: اسْتَقَى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ﷺ عَامَ الرَّمَادَةِ بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضي الله عنهما فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ، هَذَا عَمُّ نَبِيِّکَ الْعَبَّاسُ نَتَوَجَّهُ إِلَيْکَ بِهِ فَاسْقِنَا فَمَا بَرِحُوْا حَتَّى سَقَاهُمُ اللهُ قَالَ: فَخَطَبَ عُمَرُ ﷺ النَّاسَ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ كَانَ يَرَى لِلْعَبَّاسِ مَا يَرَى الْوَلَدُ لِوَالِدِهِ يُعَظِّمُهُ وَيُفَخِّمُهُ وَيُبِرُّ قَسَمَهُ فَاقْتَدُوْا أَيُّهَا النَّاسُ، بِرَسُوْلِ اللهِ فِي عَمِّهِ الْعَبَّاسِ وَاتَّخِذُوْهُ وَسِيْلَةً إِلَى اللهِ عَزَّوَجَلَّ فِيْمَا نَزَلَ بِكُمْ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وقال الشيخ تقي الدين السّبكي (٧٥٦هـ): وكذالک يجوز مثل هذا التوسّل بسائر الصّالحين، وهذا شيء لا يُنْكِرُهُ مسلم، بل مَنْ يَدِيْنُ بملة من الملل. (١)

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب ﷺ نے عام الرمادہ (یعنی قحط و ہلاکت کے سال) میں حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما کو وسیلہ بنایا اور اللہ تعالیٰ سے بارش کی دعا مانگی۔ پھر لوگوں سے خطاب فرمایا: اے لوگو! حضور نبی

الحديث رقم ٢٣٨: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٣/٣٧٧، الرقم: ٥٤٣٨، وابن عبد البر فى الاستيعاب، ٣/٩٨، والسيوطى فى الجامع الصغير، ١/٣٠٥، الرقم: ٥٥٩، والذهبى فى سير أعلام النبلاء، ٢/٩٢، والعسقلانى فى فتح البارى، ٢/٤٩٧، والقسطلانى فى المواهب اللدنية، ٤/٢٧٧، والسبكى فى شفاء السقام، ١/١٢٨، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ٩/٣٤٨، والمناوى فى فيض القدير، ٥/٢١٥.

(١) أخرجه تقي الدين السبكى فى شفا السقام فى زيارة خير الأنام، ١٠/١٢٨.

Marfat.com

اکرم ﷺ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ویسا ہی سمجھتے تھے جیسے بیٹا باپ کو سمجھتا ہے۔ (یعنی حضور نبی اکرم ﷺ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو بمنزلہ والد سمجھتے تھے) آپ ﷺ ان کی تعظیم وتوقیر کرتے اور ان کی قسموں کو پورا کرتے تھے۔ اے لوگو! تم بھی حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ کی اقتداء کرو اور انہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ بناؤ تاکہ وہ تم پر (بارش) برسائے۔'' اسے امام حاکم نے روایت کیا ہے۔

امام تقی الدین سبکی نے اس حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا: ''اس طرح اس واقعہ سے تمام صالحین کرام سے توسل کا جواز ثابت ہوتا ہے اور یہ ایسی چیز ہے جس کا مسلمانوں نے انکار نہیں کیا بلکہ ادیان میں سے کسی بھی دین کے پیروکاروں نے توسل کا انکار نہیں کیا ہے۔''

١١٣٥/٢٣٩۔ عَنْ أَبِي عَبْدِ رَبِّهِ أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ رضي الله عنهما عَلَى الْمِنْبَرِ يُحَدِّثُ: أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ رَجُلًا أَسْرَفَ عَلَى نَفْسِهِ فَلَقِيَ رَجُلًا. فَقَالَ: إِنَّ الْآخَرَ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ نَفْسًا كُلَّهُمْ ظُلْمًا، فَهَلْ تَجِدُ لِي مِنْ تَوْبَةٍ؟ فَقَالَ: حَدَّثْتُكَ أَنَّ اللهَ لَا يَتُوْبُ عَلَى مَنْ تَابَ كَذَبْتُكَ، هَاهُنَا قَوْمٌ يَتَعَبَّدُوْنَ، فَأْتِهِمْ تَعْبُدِ اللهَ مَعَهُمْ، فَتَوَجَّهَ إِلَيْهِمْ، فَمَاتَ عَلَى ذَلِكَ فَاجْتَمَعَتْ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ فَبَعَثَ اللهُ إِلَيْهِمْ مَلَكًا فَقَالَ: قِيْسُوْا مَا بَيْنَ الْمَكَانَيْنِ، فَأَيُّهُمْ كَانَ أَقْرَبَ فَهُوَ مِنْهُمْ، فَوَجَدُوْهُ، أَقْرَبَ إِلَى دَيْرِ التَّوَّابِيْنَ بِأَنْمُلَةٍ فَغُفِرَ لَهُ. رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى وَالطَّبَرَانِيُّ بِإِسْنَادَيْنِ أَحَدُهُمَا جَيِّدٌ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت ابو عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی

الحديث رقم ٢٣٩: أخرجه أبويعلى في المسند، ١٣/٣٤٦، الرقم: ٧٣٦١، والطبراني في المعجم الكبير، ١٩/٣٦٩، الرقم: ٨٦٧، وفي مسند الشاميين، ١/٣٤٩، الرقم: ٦٠٦، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/٥١، الرقم: ٤٧٦٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢١٢۔

Marfat.com

اللہ عنہما کو منبر پر یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا کہ انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ایک آدمی نے اپنی جان پر بہت زیادہ ظلم کیا۔ پس وہ ایک شخص سے ملا اور اسے کہا: میں نے ننانوے قتل کیے ہیں۔ کیا اب بھی آپ میرے لئے کوئی توبہ کی کوئی گنجائش پاتے ہیں؟ اس آدمی نے کہا: (اگر) میں تجھے کہوں کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کی توبہ قبول نہیں کرتا جو اس سے (سچی) توبہ کرتا ہے تو میں جھوٹا ہوں۔ پس فلاں جگہ پر کچھ لوگ ایسے ہیں جو (دن رات) اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول رہتے ہیں، ان (نیک) لوگوں کے پاس چلے جاؤ اور ان کے ساتھ مل کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔ پس اس آدمی نے ان (نیک) لوگوں کی (بستی کی) طرف جانے کا ارادہ کیا لیکن راستہ میں اس کی موت واقع ہوگئی۔ اسی جگہ رحمت کے فرشتے اور عذاب کے فرشتے جمع ہوگئے۔ (اور ان کے درمیان اس شخص کی روح لے جانے پر تکرار ہونے لگی)۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف (ثالثی کے لیے) ایک فرشتہ بھیجا اور فرمایا: دونوں جگہوں کا درمیانی فاصلہ ماپ لو، پھر جو جگہ اُس سے زیادہ قریب ہوگی وہ انہی میں سے ہوگا۔ پس جب انہوں نے جگہ ماپی تو وہ توّابین (نیک لوگوں) کی بستی سے دوسری جگہ کی نسبت چند پُورے قریب تھا۔ سو اس کی بخشش کردی گئی۔''

اس حدیث کو امام ابو یعلی اور طبرانی نے دو سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے ان میں سے ایک جید ہے۔ اور یہ الفاظ امام طبرانی کے ہیں۔

١١٣٦ / ٢٤٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ ﷺ قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ كَانَ فِي قَوْمٍ كُفَّارٍ وَكَانَ فِيمَا بَيْنَهُمْ قَوْمٌ صَالِحُوْنَ قَالَ: فَطَالَمَا كُنْتُ فِي كُفْرِي لَآتِيَنَّ هَذِهِ الْقَرْيَةَ الصَّالِحَةَ فَأَكُوْنَنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِهَا فَانْطَلَقَ فَأَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَاحْتَجَّ فِيْهِ الْمَلَكُ وَالشَّيْطَانُ يَقُوْلُ هَذَا: أَنَا أَوْلَى بِهِ وَيَقُوْلُ هَذَا: أَنَا أَوْلَى بِهِ إِذْ قَيَّضَ اللهُ بَعْضَ جُنُوْدِهِ فَقَالَ

الحديث رقم ٢٤٠: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٦٣، الرقم: ٣٤٢١٩، والطبراني في المعجم الكبير، ٩/١٧١، الرقم: ٨٨٥١، و ابن راشد في الجامع، ١١/٢٨٤، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/٥٠، الرقم: ٤٧٦٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢١٣

Marfat.com

لَهُمَا: قِيسُوا مَا بَيْنَ الْقَرْيَتَيْنِ فَأَيَّتُهُمَا كَانَ أَقْرَبُ إِلَيْهِمَا فَهُوَ مِنْ أَهْلِهَا فَقَاسُوا مَا بَيْنَهُمَا فَوَجَدُوهُ أَقْرَبُ إِلَى الْقِرْيَةِ الصَّالِحَةِ فَكَانَ مِنْهُمْ.

وَقَالَ مَعْمَرٌ: وَسَمِعْتُ مَنْ يَقُوْلُ: قَرَّبَ اللهُ إِلَيْهِ الْقَرْيَةَ الصَّالِحَةَ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالطَّبَرَانِيُّ مَوْقُوْفًا وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ موقوفاً بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی جو تم سے پہلے لوگوں میں سے تھا وہ کافر لوگوں میں رہتا تھا اور ان کفار کے درمیان (ایک بستی میں) کچھ صالح لوگ بھی رہتے تھے۔ اس آدمی نے کہا: جب تک میں اپنے کفر پر (ناحق) رہا رہا لیکن میں ایک نہ ایک دن ضرور اس صالح بستی کی طرف آؤں گا اور اس (صالح بستی) کے رہنے والوں میں سے ہو جاؤں گا۔ پس وہ ایک دن (صدقِ نیت کے ساتھ صالحین سے ملنے) چلا (تو راہ ہی میں) اسے موت نے آلیا۔ پس اس (کی روح لے جانے) کے بارے میں فرشتوں اور شیطان میں تکرار ہوگئی۔ ایک کہنے لگا: میں اس کا زیادہ حقدار ہوں، دوسرا کہنے لگا: میں اس کا زیادہ حقدار ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے (ملائکہ کے) لشکروں میں سے کسی فرشتے کو مامور کیا (کہ وہ ان دونوں کے پاس جا کر فیصلہ کرے)۔ پس اس فرشتے نے ان سے کہا: دونوں بستیوں کے درمیانی فاصلہ کو ماپ لو پھر یہ جس بستی کے زیادہ قریب ہو اسی کے رہنے والوں میں سے شمار کیا جائے۔ پس انہوں نے بستیوں کا درمیانی فاصلہ ماپا تو اسے قریہ صالحہ (یعنی نیک لوگوں کی بستی) کے زیادہ قریب پایا۔ پس وہ ان میں شمار ہو گیا۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ اور طبرانی نے موقوفاً روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح حدیث کے رجال ہیں۔

اور امام معمر بیان کرتے ہیں: ''اور میں نے کسی کو کہتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے (صالحین سے اس کی محبت کے سبب) قریہ صالحہ (نیک لوگوں کی بستی) کو اس کے قریب کر دیا تھا۔''

Marfat.com

فَصْلٌ فِي جَامِعِ مَنَاقِبِ الْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ

﴿اولیاء اور صالحین کے جامع مناقب کا بیان﴾

١١٣٧/٢٤١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: كَانَ رَجُلٌ يُسْرِفُ عَلَى نَفْسِهِ، فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ قَالَ لِبَنِيْهِ: إِذَا أَنَا مُتُّ فَاحْرِقُوْنِي، ثُمَّ اطْحَنُوْنِي، ثُمَّ ذَرُّوْنِي فِي الرِّيْحِ، فَوَاللهِ، لَئِنْ قَدَرَ عَلَيَّ رَبِّي لَيُعَذِّبُنِي عَذَابًا مَا عَذَّبَهُ أَحَدًا، فَلَمَّا مَاتَ فُعِلَ بِهِ ذَلِكَ، فَأَمَرَ اللهُ الْأَرْضَ فَقَالَ: اجْمَعِي مَا فِيْكِ مِنْهُ ، فَفَعَلَتْ، فَإِذَا هُوَ قَائِمٌ، فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: يَا رَبِّ خَشْيَتُكَ، أَوْ قَالَ: مَخَافَتُكَ يَا رَبِّ، فَغَفَرَ لَهُ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی اپنی جان پر ظلم و زیادتی کرتا رہا (یعنی بہت زیادہ گناہ کرتا رہا)، جب اس کی موت کا وقت آیا تو اس نے اپنے بیٹوں سے کہا: جب میں فوت ہو جاؤں تو مجھے اچھی طرح جلا دینا، پھر (میرے جلے ہوئے جسم کو) پیس کر میری راکھ ہوا میں اُڑا دینا، اللہ رب العزت کی قسم! اگر میرے ربّ نے مجھے پکڑ لیا تو وہ مجھے ایسا عذاب دے گا کہ اس جیسا عذاب کبھی کسی کو نہ دیا ہوگا۔ جب وہ فوت ہوگیا تو اس کے ساتھ اسی طرح کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے زمین کو حکم دیا: اپنے

الحديث رقم ٢٤١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ [الكهف: ٩]، ٣/١٢٨٣، الرقم: ٣٢٩٣، ومسلم في الصحيح، كتاب: التوبة، باب: في سعة رحمة الله تعالى، وأنها سبقت غضبه، ٤/٣١٠، الرقم: ٢٧٥٦، والنسائي في السنن، كتاب: الجنائز، باب: أرواح المؤمنين، ٤/١١٢، الرقم: ٢٠٧٩۔ ٢٠٨٠، وابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر التوبة، ٢/١٤٢١، الرقم: ٤٢٥٥، ومالك في الموطأ، كتاب: الجنائز، باب: جامع الجنائز، ١/٢٤٠، الرقم: ٥٧٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٢٦٩، الرقم: ٧٦٣٥۔

Marfat.com

اندر موجود اس کے (بکھرے ہوئے ذرّات) جمع کر دے، اس نے تمام ذرّات جمع کر دیئے تو وہ (مکمل جسم کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے سامنے) کھڑا ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تمہیں اس کاروائی پر کس چیز نے آمادہ کیا تھا؟ اس نے کہا: اے میرے رب! تیرے خوف نے۔ تو اللہ تعالیٰ نے اسے بخش دیا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١١٣٨/٢٤٢۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَقُوْلُ لِلْمَرِيْضِ: بِسْمِ اللهِ، تُرْبَةُ أَرْضِنَا، وَرِيْقَةُ بَعْضِنَا، يُشْفَى سَقِيْمُنَا، بِإِذْنِ رَبِّنَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ مریض کے لئے فرمایا کرتے تھے: اللہ رب العزت کے نام سے (شفاء طلب کر رہا ہوں)، ہماری زمین کی مٹی اور بعض کے لعاب سے اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہمارے مریض کو شفا ملتی ہے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١١٣٩/٢٤٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: قَالَ اللهُ ﷻ: إِذَا أَحَبَّ عَبْدِي لِقَائِي أَحْبَبْتُ لِقَاءَ هُ وَإِذَا كَرِهَ لِقَائِي كَرِهْتُ

الحديث رقم ٢٤٢: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: الطب، باب: رُقْيَةِ النَّبِي ﷺ، ٥/٢١٦٨، الرقم: ٥٤١٤، ومسلم فى الصحيح، كتاب: السلام، باب: استحباب الرقية من العين والنملة والحملة والنظرة، ٤/١٧٢٤، الرقم: ٢١٩٤، وأبو داود فى السنن، كتاب: الطب، باب: كيف الرقى، ٤/١٢، الرقم: ٣٨٩٥، والنسائى فى السنن الكبرى، ٤/٣٦٨، الرقم: ٧٥٥٠، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الطب، باب: ما عوذ به النبى ﷺ وما عوذ به، ٢/١١٦٣، الرقم: ٣٥٢١، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٩٣، الرقم: ٢٤٦٦١.

الحديث رقم ٢٤٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: قول الله تعالى: يريدون أن يبدلوا كلام الله، ٦/٢٧٢٥، الرقم: ٧٠٦٥، والنسائي في السنن، كتاب: الجنائز، باب: فيمن أحب لقاء الله، ٤/١٠، الرقم: ١٨٣٥، ومالك في الموطأ، ١/٢٤٠، الرقم: ٥٦٩، و ابن حبان في الصحيح، ٢/٨٤، الرقم: ٣٦٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٤١٨، الرقم: ٩٤٠٠، والديلمي في مسند الفردوس، ٣/١٧٢، الرقم: ٤٤٦٠، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/١٧٢، الرقم: ٥٢٩٨.

Marfat.com

لِقَاءَهُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَمَالِكٌ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جب میرا بندہ مجھ سے ملنا پسند کرتا ہے تو میں بھی اس سے ملنا پسند کرتا ہوں اور جب وہ میری ملاقات کو ناپسند کرتا ہے تو میں بھی اس کی ملاقات کو ناپسند کرتا ہوں۔''

اسے امام بخاری، نسائی اور مالک نے روایت کیا ہے۔

١١٤٠/٢٤٤۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللهِ، أَحَبَّ اللهُ لِقَاءَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللهِ، كَرِهَ اللهُ لِقَاءَهُ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللهِ، أَكَرَاهِيَةَ الْمَوْتِ؟ فَكُلُّنَا نَكْرَهُ الْمَوْتَ، فَقَالَ: لَيْسَ كَذَلِكَ وَلَكِنَّ الْمُؤمِنَ إِذَا بُشِّرَ بِرَحْمَةِ اللهِ وَرِضْوَانِهِ وَجَنَّتِهِ، أَحَبَّ لِقَاءَ اللهِ، فَأَحَبَّ اللهُ لِقَاءَهُ، وَإِنَّ الْكَافِرَ إِذَا بُشِّرَ بِعَذَابِ اللهِ وَسَخَطِهِ، كَرِهَ لِقَاءَ اللهِ، وَكَرِهَ اللهُ لِقَاءَهُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو پسند فرماتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات ناپسند فرماتا ہے۔ میں نے عرض کیا: یا نبی اللہ! کیا موت کی ناپسندیدگی (اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی ناپسندیدگی ہے؟) تو ہم میں سے ہر شخص (طبعًا) موت کو ناپسند کرتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ بات نہیں ہے، لیکن جب مومن کو اللہ تعالیٰ کی رحمت، رضا اور جنت کی بشارت دی جائے تو وہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اور کافر کو جب اللہ تعالیٰ کے عذاب اور اس کی ناراضگی کی خبر دی جائے تو وہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے سو اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو ناپسند کرتا

الحديث رقم ٢٤٤: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب: من أحب لقاء الله أحب الله لقاءه و من كره لقاء الله كره الله لقاءه، ٤/٢٠٦٥، الرقم: ٢٦٨٤، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/١٧١، الرقم: ٥٢٩٧۔

Marfat.com

ہے۔'' اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

١١٤١ / ٢٤٥۔ عَنْ بُرَيْدَةَ ﷺ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يُعَلِّمُهُمْ إِذَا خَرَجُوْا إِلَى الْمَقَابِرِ فَكَانَ قَائِلُهُمْ يَقُوْلُ ..... وَفِي رِوَايَةِ زُهَيْرٍ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ. وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللهُ، لَلَاحِقُوْنَ. أَسْأَلُ اللهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت بریدہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ انہیں (زیارتِ قبور کے آداب) سکھایا کرتے تھے کہ جب وہ قبور کی زیارت کے لئے جائیں تو ان میں سے کہنے والا کہے:..... اور حضرت زہیر کی روایت میں ہے: اے مومن اہلِ قبور! تم پر سلامتی ہو اور اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو ہم بھی ضرور بالضرور تم سے ملنے والے ہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے اور تمہارے لئے عافیت کے طلب گار ہیں۔'' اسے امام مسلم، احمد اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

١١٤٢ / ٢٤٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها في رواية طويلة: قَالَتْ: قُلْتُ: كَيْفَ أَقُوْلُ لَهُمْ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ (تَعْنِي فِي زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ) قَالَ: قُوْلِي: اَلسَّلَامُ عَلَى أَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ، وَيَرْحَمُ اللهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَأْخِرِيْنَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ.
رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

الحديث رقم ٢٤٥: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: ما يقال عند دخول القبور والدعاء لأهلها، ٢ / ٦٧١، الرقم: ٩٧٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥ / ٣٥٣، الرقم: ٢٣٠٣٥، وابن حبان فى الصحيح، ٧ / ٤٤٥، الرقم: ٣١٧٣، والروياني فى المسند، ١ / ٦٧، الرقم: ١٥، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٤ / ٧٩، الرقم: ٧٠٠٥.

الحديث رقم ٢٤٦: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: ما يقال عند دخول القبر والدعاء لأهلها، ٢ / ٦٦٩، الرقم: ٩٧٤، والنسائى فى السنن، كتاب: الجنائز، باب: الأمر بالاستغفار للمؤمنين، ٤ / ٩١، الرقم: ٢٠٣٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦ / ٢٢١، الرقم: ٢٥٨٩٧، وعبد الرزاق فى المصنف، ٣ / ٥٧٦، الرقم: ٦٧٢٢.

Marfat.com

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ایک طویل روایت میں بیان کرتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں زیارتِ قبور کے وقت اہلِ قبور سے کس طرح مخاطب ہوا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یوں کہا کرو، اے مومن اہلِ قبور! تم پر سلامتی ہو، اللہ تعالیٰ ہمارے اگلے اور پچھلے لوگوں پر رحم فرمائے اور اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو ہم بھی تمہیں ملنے والے ہیں۔'' اسے امام مسلم، نسائی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١١٤٣/٢٤٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا قُبِرَ الْمَيِّتُ أَوْ قَالَ أَحَدُكُمْ، أَتَاهُ مَلَكَانِ أَسْوَدَانِ أَزْرَقَانِ، يُقَالُ لِأَحَدِهِمَا: الْمُنْكَرُ، وَالآخَرُ: النَّكِيْرُ، فَيَقُوْلَانِ: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِي هَذَا الرَّجُلِ؟ فَيَقُوْلُ: مَا كَانَ يَقُوْلُ: هُوَ عَبْدُ اللهِ وَرَسُوْلُهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، فَيَقُوْلَانِ: قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُوْلُ هَذَا، ثُمَّ يُفْسَحُ لَهُ فِي قَبْرِهِ سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فِي سَبْعِيْنَ، ثُمَّ يُنَوَّرُ لَهُ فِيْهِ، ثُمَّ يُقَالُ لَهُ: نَمْ، فَيَقُوْلُ: أَرْجِعُ إِلَى أَهْلِي فَأُخْبِرُهُمْ؟ فَيَقُوْلَانِ: نَمْ كَنَوْمَةِ الْعَرُوْسِ الَّذِي لَا يُوْقِظُهُ إِلَّا أَحَبُّ أَهْلِهِ إِلَيْهِ، حَتَّى يَبْعَثَهُ اللهُ مِنْ مَضْجَعِهِ ذَلِكَ وَإِنْ كَانَ مُنَافِقًا قَالَ: سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ فَقُلْتُ مِثْلَهُ لَا أَدْرِي فَيَقُوْلَانِ: قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُوْلُ ذَلِكَ، فَيُقَالُ لِلْأَرْضِ الْتَئِمِي عَلَيْهِ فَتَلْتَئِمُ عَلَيْهِ فَتَخْتَلِفُ فِيْهَا أَضْلَاعُهُ فَلَا يَزَالُ فِيْهَا مُعَذَّبًا حَتَّى يَبْعَثَهُ اللهُ مِنْ مَضْجَعِهِ ذَلِكَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَابْنُ حِبَّانَ.

الحديث رقم ٢٤٧: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الجنائزعن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى عذاب القبر، ٣/٣٨٣، الرقم: ١٧١، وابن حبان فى الصحيح، ٧/٣٨٦، الرقم: ٣١١٧، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٣/٥٦، الرقم: ١٢٠٦٢، وابن أبي عاصم فى السنة، ٢/٤١٦، الرقم: ٨٦٤، والمنذرى فى الترغيب والترغيب، ٤/١٩٩، الرقم: ٥٣٩٩، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ٤/١٥٦، والمناوى فى فيض القدير، ٢/٣٣١۔

Marfat.com

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب میت کو یا (فرمایا:) تم میں سے کسی ایک (وفات پاجانے والے) کو قبر میں داخل کیا جاتا ہے تو اس کے پاس سیاہ رنگ کے نیلگوں آنکھوں والے دو فرشتے آتے ہیں۔ ایک کا نام منکر اور دوسرے کا نام نکیر ہے۔ وہ دونوں اس میت سے پوچھتے ہیں۔ اس عظیم ہستی (رسولِ مکرم ﷺ) کے بارے میں تو کیا کہتا تھا؟ وہ شخص وہی بات کہتا ہے جو دنیا میں کہا کرتا تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بندے اور رسول ہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور بیشک حضور نبی اکرم ﷺ اس کے (خاص) بندے اور رسول ہیں۔ وہ کہتے ہیں: ہمیں معلوم تھا کہ تو یہی کہے گا۔ پھر اس کی قبر کو لمبائی و چوڑائی میں ستر ستر ہاتھ کشادہ کر دیا جاتا ہے اور نور سے بھر دیا جاتا ہے۔ پھر اسے کہا جاتا ہے: (آرام سے) سو جا، وہ کہتا ہے: میں واپس جا کر اپنے گھر والوں کو بتا آؤں۔ وہ کہتے ہیں: نہیں۔ (نئی نویلی) دلہن کی طرح سو جاؤ جسے گھر والوں میں سے جو اسے محبوب ترین ہوتا ہے وہی اٹھاتا ہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (روزِ محشر) اُسے اس کی خواب گاہ سے اٹھائے گا۔ اگر وہ شخص منافق ہو تو (سوالات کے نتیجے میں) کہے گا: میں نے ایسا ہی کہا جیسا میں نے لوگوں کو کہتے ہوئے سنا، میں نہیں جانتا (وہ صحیح تھا یا غلط)۔ پس وہ دونوں فرشتے کہتے ہیں: ہم جانتے تھے کہ تم ایسا ہی کہو گے۔ پس زمین سے کہا جائے گا کہ اس پر مِل جا۔ پس وہ اس پر اکٹھی ہو جائے گی یہاں تک کہ اس کی پسلیاں ایک دوسری میں داخل ہو جائیں گی۔ وہ مسلسل عذاب میں مبتلا رہے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ روزِ قیامت اسے اس کی قبر سے اٹھائے گا۔'' اسے امام ترمذی اور ابن حبان نے روایت کیا اور حسن قرار دیا۔

١١٤٤/٢٤٨۔ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ

الحديث رقم ٢٤٨: أخرجه الموفق فى مناقب الإمام الأعظم أبى حنيفة، ١/٣٦، والترمذي فى السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: فى التوكل على الله، ٤/٥٧٣، الرقم: ٢٣٤٤، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: التوكل واليقين، ٢/١٣٩٤، الرقم: ٤١٦٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/٣٠، ٥٢: ٥/٢٢٩، والطيالسي فى المسند، ١/١١، الرقم: ٥١، والحميدي فى المسند، ١/١٨١، الرقم: ٣٦٩، وأبويعلى فى المسند، ١/٢١٢، الرقم: ٢٤٧، والشيباني فى الآحاد والمثاني، ٤/٢٢٩، الرقم: ٢٢١٣، والقضاعي فى مسند الشهاب، ٢/٣١٩، الرقم: ١٤٤٤.

Marfat.com

مَالِكٍ ﷺ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ قَالَ لَا إِلَـهَ إِلَّا اللهُ خَالِصًا مُخْلِصًا بِهَا قَلْبُهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَلَوْ تَوَكَّلْتُمْ عَلَى اللهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ لَرُزِقْتُمْ كَمَا تُرْزَقُ الطَّيْرُ تَغْدُوْ خِمَاصًا وَتَرُوْحُ بِطَانًا.

رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت ابوحنیفہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک ﷺ سے سنا: انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا: فرمایا: جو شخص خلوصِ دل کے ساتھ ﴿لَا إِلَـهَ إِلَّا اللهُ﴾ کہتا ہے وہ جنت میں داخل ہوگا اور اگر تم نے اللہ تعالیٰ پر اس طرح توکل کیا جس طرح توکل کرنے کا حق ہے تو تمہیں اس طرح رزق دیا جائے گا جس طرح پرندوں کو رزق دیا جاتا ہے وہ صبح خالی پیٹ نکلتے ہیں اور شام کو شکم سیر ہو کر (اپنے گھروں کو) لوٹتے ہیں۔''

اسے امام ابوحنیفہ، ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

۲۴۹/۱۱۴۵۔ عَنْ أَبِي حَنِيْفَةَ ﷺ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: أَنَّهُ قَالَ: اَلدَّالُ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ.

رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوحنیفہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک ﷺ سے

الحديث رقم ٢٤٩: أخرجه الخوارزمي فى جامع المسانيد للإمام أبي حنيفة، ١/٨٥، وأبونعيم الأصبهانى فى مسند أبى حنيفة برواية أبى حنيفة من ثلاثياته عن بريدةﷺ، ١/١٥٠، ١٥١، والرويانى فى المسند برواية أبى حنيفة من ثلاثياته عن بريدةﷺ، ١/٦٣، الرقم: ٦، والترمذي فى السنن، كتاب: العلم عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء الدال على الخير كفاعله، ٥/٤١، رقم: ٢٦٧٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣٥٧، وأبو يعلى فى المسند، ٧/٢٧٥، الرقم: ٤٢٩٦، والبزار فى المسند، ٥/١٥٠، الرقم: ١٧٤٢، والطبراني فى المعجم الأوسط، ٣/٣٤، الرقم: ٢٣٨٤، وفى المعجم الكبير، ١٧/٢٢٨، الرقم: ٦٣١، ٦٣٢، والقضاعي فى مسند الشهاب، ١/٨٥، الرقم: ٨٦، وأبو بكر الإسماعيلى فى معجم شيوخ أبى بكر، ١/٤٦٦، والصيداوي فى معجم الشيوخ، ١/١٨٤۔

Marfat.com

سنا انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: نیکی کی طرف راہنمائی کرنے والا (اجر وثواب کے حصول میں) اس نیکی کے کرنے والے کی طرح ہی ہے۔''

اسے امام ابوحنیفہ، ترمذی اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١١٤٦ / ٢٥٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ لَزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللهُ لَهُ مِنْ كُلِّ هَمٍّ وَمِنْ ضِيْقٍ مَخْرَجًا، وَرَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص پابندی کے ساتھ استغفار کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہر غم سے نجات اور ہر مشکل سے نکلنے کا راستہ بنا دیتا ہے اور اسے وہاں سے رزق دیتا ہے جہاں سے وہ خیال بھی نہیں کرتا۔''

اسے امام ابوداود اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

١١٤٧ / ٢٥١۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ في رواية طويلة: قَالَ: إِنَّ

الحديث رقم ٢٥٠: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: الصلاة، باب: في الاستغفار، ٢/٨٥، الرقم: ١٥١٨، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الأدب، باب: الاستغفار، ٢/١٢٥٤، الرقم: ٣٨١٩، والنسائى فى عمل اليوم والليلة، ١/٣٣٠، الرقم: ٤٥٦، والحاكم فى المستدرك، ٤/٢٩١، الرقم: ٧٦٧٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/٢٤٨، الرقم: ٢٢٣٤، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٠/٢٨١، الرقم: ١٠٦٦٥، والبيهقي فى السنن الكبرى، ٣/٣٥١، الرقم: ٦٢١٤، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٢/٣٠٩، الرقم: ٢٥٠٢۔

الحديث رقم ٢٥١: أخرجه أبو داود فى السنن، كتاب: السنة، باب: فى المسألة فى القبر وعذاب القبر، ٤/٢٣٨، الرقم: ٤٧٥١، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٢٣٣، الرقم: ١٣٤٧٢، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/١٩٤، الرقم: ٥٣٩٤، والعسقلانى فى فتح البارى، ٣/٢٣٧۔

Marfat.com

رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ أَتَاهُ مَلَكٌ، فَيَقُوْلُ لَهُ: مَا كُنْتَ تَعْبُدُ؟ فَإِنْ اللهُ هَدَاهُ قَالَ: كُنْتُ أَعْبُدُ اللهَ فَيُقَالُ لَهُ: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِي هَذَا الرَّجُلِ؟ فَيَقُوْلُ: هُوَ عَبْدُ اللهِ وَرَسُوْلُهُ: فَمَا يُسْأَلُ عَنْ شَيءٍ غَيْرِهَا ..... فَيَقُوْلُ: دَعُوْنِي حَتَّى أَذْهَبَ فَأُبَشِّرَ أَهْلِي فَيُقَالُ لَهُ: اسْكُنْ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (وفات کے بعد) مومن کو جب اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے تو اس کے پاس ایک فرشتہ آتا ہے اور اس سے سوال کرتا ہے کہ تو کس کی عبادت کیا کرتا تھا؟ پس اللہ تعالیٰ اسے ہدایت عطا فرماتا ہے اور وہ کہتا ہے: میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کرتا تھا۔ پھر اس سے پوچھا جاتا ہے کہ تو اس عظیم ہستی (یعنی حضور نبی اکرم ﷺ) کے متعلق کیا کہا کرتا تھا؟ وہ کہتا ہے: یہ اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ﷺ ہیں۔ پس اس کے سوا اس سے کسی اور شے کے متعلق نہیں پوچھا جاتا اور اسی روایت میں ہے وہ کہتا ہے: مجھے چھوڑ دو تاکہ میں جاؤں اپنے گھر والوں کو بشارت دوں۔ اسے کہا جاتا ہے کہ یہیں سکون سے رہو۔'' اسے امام ابو داود اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٢٥٢/١١٤٨۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ هَذَا الْخَيْرَ خَزَائِنُ وَلِتِلْكَ الْخَزَائِنِ مَفَاتِيْحُ فَطُوْبَى لِعَبْدٍ جَعَلَهُ اللهُ مِفْتَاحًا لِلْخَيْرِ، مِغْلَاقًا لِلشَّرِّ وَوَيْلٌ لِعَبْدٍ جَعَلَهُ اللهُ مِفْتَاحًا لِلشَّرِّ مِغْلَاقًا لِلْخَيْرِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت سہل بن سعد ساعدی ﷺ کا بیان ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ خیر (دراصل) خزانے ہیں اور ان خزانوں کو کھولنے کی چابیاں بھی ہیں۔ اس شخص کو مبارک ہو جسے اللہ تعالیٰ نے خیر کی چابی بنا دیا اور شر کو روکنے والا بنا دیا اور بربادی ہو اس شخص کے لئے جسے اللہ تعالیٰ نے شر کی چابی بنادیا اور خیر کو روکنے والا بنا دیا۔''

الحديث رقم ٢٥٢: أخرجه ابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: من كان مفتاحًا للخير، ١/٨٧، الرقم: ٢٣٨، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/٨٧، الرقم: ٩٨.

Marfat.com

اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

١١٤٩/ ٢٥٣۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مِنَ النَّاسِ مَفَاتِيْحَ لِلْخَيْرِ، مَغَالِيْقَ لِلشَّرِّ. وَإِنَّ مِنَ النَّاسِ مَفَاتِيْحَ لِلشَّرِّ، مَغَالِيْقَ لِلْخَيْرِ، فَطُوْبَى لِمَنْ جَعَلَ اللهُ مَفَاتِيْحَ الْخَيْرِ عَلَى يَدَيْهِ وَوَيْلٌ لِمَنْ جَعَلَ اللهُ مَفَاتِيْحَ الشَّرِّ عَلَى يَدَيْهِ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَبُوْ نُعَيْمٍ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ وَابْنُ الْمُبَارَكِ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وفي رواية: عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِلهِ عِبَادًا هُمْ أَهْلُ الْمُعَافَاةِ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا.

''حضرت انس بن مالک ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں سے بعض لوگ خیر کی کنجیاں اور شر کے تالے ہیں اور لوگوں میں سے بعض لوگ شر کی کنجیاں اور خیر کے تالے ہیں۔ سو مبارکباد ہو ان لوگوں کو جن کے ہاتھوں میں اللہ تعالیٰ نے خیر کی کنجیاں تھما دیں اور ہلاکت ہو ان لوگوں کے لئے جن کے ہاتھوں میں اللہ تعالیٰ نے شر کی کنجیاں تھما دیں۔''

اس حدیث کو امام ابن ماجہ، ابونعیم، ابن ابی عاصم، ابن مبارک اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں حضرت زید بن اسلم ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ

الحديث رقم ٢٥٣: أخرجه ابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: من كان مفتاحا للخير، ١/ ٨٦، الرقم: ٢٣٧، وابن أبي الدنيا في الأولياء، ١/ ٤٤، الرقم: ٢٤، وابن أبي عاصم في السنة، ١/ ١٢٧، الرقم: ٢٩٧۔ ٢٩٨، وابن المبارك في الزهد، ١/ ٣٤٤، الرقم: ٩٦٨، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٣/ ٢٢٣، والبيهقي في شعب الإيمان، ١/ ٤٥٥، الرقم: ٦٩٧۔٦٩٨، والحكيم الترمذي في نوادر الأصول، ١/ ٤٢٠، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ٧/ ١، والعسقلاني في فتح الباري، ٨/ ٢٩١۔

Marfat.com

نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے بعض بندے ایسے ہیں جو دنیا و آخرت میں عافیت سے ہی ہوں گے۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی دنیا نے روایت کیا ہے۔

١١٥٠/ ٢٥٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما قَالَ: صَلَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ الْمَغْرِبَ، فَرَجَعَ مَنْ رَجَعَ، وَعَقَّبَ مَنْ عَقَّبَ، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مُسْرِعًا، قَدْ حَفَزَهُ النَّفَسُ، وَقَدْ حَسَرَ عَنْ رُكْبَتَيْهِ، فَقَالَ: أَبْشِرُوْا، هَذَا رَبُّكُمْ، قَدْ فَتَحَ بَابًا مِنْ أَبْوَابِ السَّمَاءِ، يُبَاهِي بِكُمُ الْمَلَائِكَةَ، يَقُوْلُ: انْظُرُوْا إِلَى عِبَادِي قَدْ قَضَوْا فَرِيْضَةً، وَهُمْ يَنْتَظِرُوْنَ أُخْرَى. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ہم نے حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھی۔ پس جو بیٹھنے والے حضرات تھے وہ بیٹھ گئے اور جو جانے والے تھے وہ چلے گئے۔ حضور نبی اکرم ﷺ اس تیزی سے تشریف لائے کہ آپ کا سانس پھولا ہوا تھا، اور آپ ﷺ نے اپنے مبارک گھٹنوں سے کپڑا ہٹایا ہوا تھا، پھر فرمایا: تم خوش ہو جاؤ کہ تمہارے رب نے آسمان کا ایک دروازہ کھولا اور تمہارا ذکر فرشتوں سے فخریہ کر رہا ہے اور فرما رہا ہے: میرے بندوں کی جانب دیکھو کہ ایک فریضہ ادا کر کے دوسرے کے انتظار میں بیٹھے ہیں۔'' اسے امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

١١٥١/ ٢٥٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها في رواية طويلة: قَالَتْ: قَالَ

الحديث رقم ٢٥٤: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: المساجد والجماعات، باب: لزوم المساجد وانتظار الصلاة، ١/ ٢٦٢، الرقم: ٨٠١، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/ ١٧٢، الرقم: ٦٤٦، والشوكاني في نيل الأوطار، ٢/ ٥٤۔

الحديث رقم ٢٥٥: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٦/ ١١٠، الرقم: ٢٤٨٣٧، وابن أبي الدنيا في الأولياء، ١/ ٤٣، الرقم: ٢٣، وابن منده في الإيمان، ٢/ ٨٠٢، الرقم: ٨١٧، وابن المبارك في الزهد، ١/ ١٢٢، الرقم: ٤٠٦، والبيهقي في شعب الإيمان، ١/ ٣٣٢۔ ٣٣٣، الرقم: ٣٦٧، وابن رجب الحنبلي في التخويف من النار، ١/ ١٦٨۔

Marfat.com

رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَلِجَهَنَّمَ جِسْرٌ أَدَقُّ مِنَ الشَّعْرِ وَأَحَدُّ مِنَ السَّيْفِ عَلَيْهِ كَلَالِيْبُ وَحَسَكٌ يَأْخُذُوْنَ مَنْ شَاءَ اللهُ وَالنَّاسُ عَلَيْهِ كَالطَّرْفِ وَكَالْبَرْقِ وَكَالرِّيْحِ وَكَأَجَاوِيْدِ الْخَيْلِ وَالرِّكَابِ وَالْمَلَائِكَةُ يَقُوْلُوْنَ: رَبِّ سَلِّمْ رَبِّ سَلِّمْ فَنَاجٍ مُسَلَّمٌ وَمَخْدُوْشٌ مُسَلَّمٌ وَمُكَوَّرٌ فِي النَّارِ عَلَى وَجْهِهِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي الدُّنْيَا وَابْنُ مَنْدَه وَابْنُ الْمُبَارَكِ وَالْبَيْهَقِيُّ بِنَحْوِهِ. وَإِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ایک طویل روایت میں بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جہنم پر ایک پل (صراط) ہے جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ اس پل پر ٹیڑھے منہ والے لوہے کے سخت کانٹے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ جسے عذاب دینا چاہے گا وہ اس کو پکڑ لیں گے اور کچھ لوگ اس پل پر سے آنکھ جھپکنے کی دیر میں گزر جائیں گے اور کچھ بجلی کی سی تیزی سے اور کچھ ہوا کی رفتار سے اور کچھ طاقتور تیز رفتار گھوڑوں کی رفتار سے اور کچھ عام سواریوں کی رفتار سے اس پر سے گزر جائیں گے۔ فرشتے اس دوران ''ربّ سلّم، ربّ سلّم'' کی صدائیں لگا رہے ہوں گے۔ پس پل صراط سے نجات پانے والے عذاب سے بچ جائیں گے اسی طرح جو تھوڑا بہت زخمی ہوگا وہ بھی جہنم سے نجات پا جائے گا اور کوئی آگ میں منہ کے بل اوندھا گر پڑے گا۔''

اس حدیث کو امام احمد، ابن ابی الدنیا، ابن مندہ، ابن مبارک اور اسی طرح بیہقی نے روایت کیا ہے اور اس کی سند صحیح ہے۔

٢٥٦/١١٥٢۔ عَنْ جَابِرٍ ﷺ قَالَ: اَلْعِلْمُ عِلْمَانِ: فَعِلْمٌ فِي

الحديث رقم ٢٥٦: أخرجه الدارمي في السنن، ١/١١٤، الرقم: ٣٦٤، والبيهقي في شعب الإيمان، ٢/٢٩٤، الرقم: ١٨٢٥، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/٥٨، الرقم: ١٣٩-١٤٠، والديلمي عن عائشة رضي الله عنها في مسند الفردوس، ٣/٦٨، الرقم: ٤١٩٤، وابن عمر الأزدي في مسند الربيع، ١/٣٦٥، الرقم: ٩٤٧، وابن المبارك في الزهد، ١/٤٠٧، الرقم: ١١٤١، والحكيم الترمذي نحوه في نوادر الأصول، ٣/٤٢، وابن رجب الحنبلي في جامع العلوم والحكم، ١/٣٤٣، والمناوي في فيض القدير، ٤/٣٩٠.

Marfat.com

الْقَلْبِ فَذَلِکَ الْعِلْمُ النَّافِعُ، وَعِلْمٌ عَلَى اللِّسَانِ فَذَلِکَ حُجَّةُ اللهِ عَلَى ابْنِ آدَمَ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَالْمُنْذَرِيُّ بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ.

وفي رواية: اَلْعِلْمُ عِلْمَانِ: فَعِلْمٌ ثَابِتٌ فِي الْقَلْبِ وَعِلْمٌ فِي اللِّسَانِ فَذَلِکَ حُجَّةٌ عَلَى عِبَادِهِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَالدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت جابر ﷺ سے مروی ہے ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: علم دو (طرح کے) ہیں: ایک علم دل میں ہوتا ہے اور یہ علم نافع ہے اور ایک علم زبان پر ہوتا ہے یہ ابن آدم پر اللہ تعالیٰ کی حجت ہے۔''

اسے امام دارمی اور منذری نے روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ علم دو (طرح کے) ہیں: ایک علم دل میں راسخ ہوتا ہے اور ایک علم زبان پر (جاری ہوتا) ہے۔ پس یہ علم اللہ تعالیٰ کے بندوں پر حجت ہے (یعنی اگر صحیح عمل نہیں کریں گے تو یہ ان کے خلاف گواہ ہوگا)۔''

اسے امام بیہقی اور دیلمی نے روایت کیا ہے۔

١١٥٣/٢٥٧۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ مُوْسَى عليه السلام حِيْنَ كَلَّمَ رَبَّهُ. أَي رَبِّ، أَيُّ عِبَادِکَ أَحَبُّ إِلَيْکَ؟ قَالَ: أَكْثَرُهُمْ لِي ذِكْرًا. قَالَ: أَيُّ عِبَادِکَ أَغْنَى؟ قَالَ: الرَّاضِي بِمَا أَعْطَيْتُهُ. قَالَ: أَي رَبِّ، أَيُّ عِبَادِکَ أَحْكَمُ؟ قَالَ: الَّذِي يَحْكُمُ عَلَى نَفْسِهِ بِمَا يَحْكُمُ عَلَى النَّاسِ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام جب اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہوئے تو عرض کیا: اے میرے رب! تجھے اپنے بندوں میں سے کون سب

الحديث رقم ٢٥٧: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٧٢، الرقم: ٣٤٢٨٦، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/٢٩١، الرقم: ١٠٣٤٨، وهناد في الزهد، ١/٢٧٧، الرقم: ٤٨٩، ٢/٦٠٨، الرقم: ١٣٠١، وابن رجب الحنبلي في جامع العلوم والحكم، ١/٤٤٥۔

Marfat.com

سے زیادہ محبوب ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو سب سے زیادہ میرا ذکر کرنے والا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: اے اللہ! تیرے بندوں میں سے زیادہ امیر کون ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو میری عطا پر راضی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پھر عرض کیا: اے اللہ! تیرا کون سا بندہ سب سے زیادہ حکمت و دانش والا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو اپنی ذات کے بارے میں بھی وہی فیصلہ کرے جو وہ دوسرے لوگوں کے لئے کرتا ہے۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

١١٥٤/٢٥٨۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: لِلّٰهِ ضَنَائِنُ مِنْ عِبَادِهِ، يَغْذُوْهُمْ فِي رَحْمَتِهِ، وَيُحْيِيْهِمْ فِي عَافِيَّتِهِ، وَإِذَا تَوَفَّاهُمْ، تَوَفَّاهُمْ إِلَى جَنَّتِهِ، أُوْلَئِکَ الَّذِيْنَ تَمُرُّ عَلَيْهِمُ الْفِتَنُ کَقَطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، وَهُمْ مِنْهَا فِي عَافِيَّةٍ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا وَأَبُوْنُعَيْمٍ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے بعض خاص بندے ایسے ہوتے ہیں جنہیں وہ اپنی خاص رحمت سے نوازتا ہے اور اُنہیں اپنی عافیت میں زندہ رکھتا ہے۔ جب انہیں موت دیتا ہے تو اپنی جنت کی خاطر دیتا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر آزمائشیں یوں گزرتی ہیں جیسے اندھیری رات (آتی ہے اور) گزر جاتی ہے، اور وہ (اولیاء اللہ) ان آزمائشوں سے عافیت میں رہتے ہیں۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی دنیا، ابونعیم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١١٥٥/٢٥٩۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: إِنَّ

الحديث رقم ٢٥٨: أخرجه ابن أبي الدنيا في الأولياء، ١/٢٩، الرقم: ٢، وأبونعيم في حلية الأولياء، ١/٦، والطبراني في المعجم الأوسط، ٦/٢٦٥، الرقم: ٦٣٦٩، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٦٥۔

الحديث رقم ٢٥٩: أخرجه ابن أبي الدنيا في الأولياء، ١/٣٧، الرقم: ١٣، والطبراني في المعجم الكبير، ٨/١١٢، الرقم: ٧٥٢٧، وفي مسند الشاميين، ٢/١٠، الرقم: ٨٢٦، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/١٢، الرقم: ٤٥٨١، وقال: رواه الطبراني بإسناد جيد، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٢٧٧، وقال: إسناده جيد۔

Marfat.com

لِلّٰهِ عِبَادًا يُجْلِسُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ يَغْشَي وُجُوْهَهُمُ النُّوْرُ حَتَّى يَفْرُغَ مِنْ حِسَابِ الْخَلَائِقِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

وفي رواية: إِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًا إِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَجْلَسَهُمْ عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ وَأَلْقَى عَلَيْهِمُ السُّبَاتَ حَتَّى يَفْرُغَ مِنْ حِسَابِ الْخَلْقِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو امامہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے بعض بندے ایسے ہیں جنہیں وہ روزِ قیامت نور کے منبروں پر بٹھائے گا نور ان کے چہروں پر جھلملا رہا ہو گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ مخلوقات کے حساب سے فارغ ہو جائے (یعنی اِن سے حساب بھی نہیں لیا جائے گا)۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے جید سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ کے بعض بندے ایسے ہیں کہ جب قیامت کا دن ہو گا تو اللہ تعالیٰ انہیں نور کے منبروں پر بٹھائے گا اور ان پر ہلکی سی نیند طاری کر دے گا یہاں تک کہ وہ مخلوق کے حساب سے فارغ ہو جائے۔''

اس حدیث کو امام ابن ابی دنیا اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١١٥٦/ ٢٦٠۔ عَنْ جَابِرٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ مِنْ مُوْجِبَاتِ وِلَايَةِ اللهِ ثَلَاثًا: إِذَا رَأَى حَقًّا مِنْ حُقُوْقِ اللهِ لَمْ يُؤَخِّرْهُ إِلَى أَيَّامٍ لَا يُدْرِكُهَا وَأَنْ يَّعْمَلَ الْعَمَلَ الصَّالِحَ فِي الْعَلَانِيَّةِ عَلَى قِوَامٍ مِنْ عَمَلِهِ فِي السَّرِيْرَةِ وَهُوَ يَجْمَعُ مَا يَعْجَلُ صِلَاحَ مَا يَأْمَلُ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: فَهٰكَذَا وَلِيُّ اللهِ وَعَقَدَ بِيَدِهِ ثَلَاثًا. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت جابر ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے

الحديث رقم ٢٦٠: أخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء، ١/ ١٧، والطبراني في المعجم الأوسط، ٦/ ١٨٤، الرقم: ٦١٣٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/ ٢٦٩.

Marfat.com

فرمایا: اللہ تعالیٰ کی دوستی کے موجبات تین ہیں: جب وہ اللہ تعالیٰ کے حقوق میں سے کوئی حق دیکھے تو اس کو ان دنوں کے لئے موخر نہ کر دے جنہیں وہ نہ پا سکے (یعنی اس حق کی ادائیگی میں جتنا ممکن ہو سکے جلدی کرے) اور یہ کہ وہ خلوت میں اپنے عمل کی پختگی کے ساتھ اعلانیہ طور پر بھی نیک عمل بجا لائے (تا کہ دوسروں کو ترغیب ملے) اور وہ جس میں جلدی کرتا ہے اس کو اس چیز کے ساتھ جمع کرے جس کی اصلاح کی وہ امید رکھتا ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ اس طرح اللہ تعالیٰ کا ولی ہوتا ہے اور آپ نے اپنے دستِ اقدس کے ساتھ تین گرہیں لگائیں۔'' اس حدیث کو امام ابونعیم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

اَلْبَابُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ:

مَنَاقِبُ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿اُمتِ محمدیہ کے مناقب﴾

Marfat.com

١۔ فَصْلٌ فِي شَرَفِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿اُمّتِ محمدیہ کے شرف کا بیان﴾

٢۔ فَصْلٌ فِي فَضْلِ آخِرِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿آخری زمانہ میں اُمّتِ محمدیہ کی فضیلت کا بیان﴾

٣۔ فَصْلٌ فِي أَنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ لَا تَجْتَمِعُ عَلَى الضَّلَالَةِ

﴿اِس اُمّت کے کبھی بھی گمراہی پر جمع نہ ہونے کا بیان﴾

٤۔ فَصْلٌ فِي أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ لَا يَخْشَى عَلَى أُمَّتِهِ أَنْ تُشْرِكَ بَعْدَهُ

﴿حضور ﷺ کو اپنے بعد اُمت کے شرک میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہونے کا بیان﴾

٥۔ فَصْلٌ فِي بَعْثِ الْأَئِمَّةِ الْمُجَدِّدِيْنَ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ

﴿اس اُمّت میں اَئمہ مجددین کے بھیجے جانے کا بیان﴾

Marfat.com

فَصْلٌ فِي شَرَفِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿اُمّتِ محمدیہ کے شرف کا بیان﴾

١١٥٧/١/١- عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأُمَمُ، فَأَجِدُ النَّبِيَّ يَمُرُّ مَعَهُ الْأُمَّةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ النَّفَرُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الْعَشَرَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الْخَمْسَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ وَحْدَهُ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيْرٌ، قُلْتُ: يَا جِبْرِيْلُ، هَؤُلَاءِ أُمَّتِي؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنِ انْظُرْ إِلَى الْأُفُقِ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيْرٌ، قَالَ: هَؤُلَاءِ أُمَّتُکَ، وَهَؤُلَاءِ سَبْعُوْنَ أَلْفًا قُدَّامَهُمْ لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَا عَذَابَ، قُلْتُ: وَلِمَ؟ قَالَ: كَانُوْ لَا يَكْتَوُوْنَ، وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ، وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ. فَقَامَ إِلَيْهِ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ فَقَالَ: ادْعُ اللهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ. ثُمَّ قَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ آخَرُ قَالَ: ادْعُ اللهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ: سَبَقَکَ بِهَا عُكَّاشَةُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے

الحديث الرقم ١: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: يدخل الجنّة سبعون ألفا بغير حسابٍ، ٥/٢٣٩٦، الرقم: ٦١٧٥، وفى كتاب: الطب، باب: مَنِ اكْتَوَى أو كَوَى غيرَهُ، وفضل من لم يَكْتَوِ، ٥/٢١٥٧، الرقم: ٥٣٧٨، وفى كتاب: الطب، باب: من لَمْ يَرْقِ، ٥/٢١٧٠، الرقم: ٥٤٢٠، وفى كتاب: الأنبياء، باب: وفاة موسى وذكرِهِ بعدُ، ٣/١٢٥١، الرقم: ٣٢٢٩، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الدليل على دخول طوائف من المسلمين الجنة بغير حساب ولا عذاب، ١/١٧٩- ١٩٩، الرقم: ٢١٦- ٢٢٠، والترمذى فى السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: (١٦)، ٤/٦٣١، الرقم: ٢٤٤٦، والنسائى فى السنن الكبرى، ٤/٣٧٨، الرقم: ٧٦٠٤.

Marfat.com

فرمایا: مجھ پر (تمام) امتیں پیش کی گئیں پس ایک نبی گزرنے لگا اور اس کے ساتھ اس کی امت تھی ایک نبی ایسا بھی گزرا کہ اس کے ساتھ چند افراد تھے، ایک نبی کے ساتھ دس آدمی، ایک نبی کے ساتھ پانچ آدمی، ایک نبی صرف تنہا، میں نے نظر دوڑائی تو ایک بڑی جماعت نظر آئی میں نے پوچھا: اے جبرئیل! کیا یہ میری امت ہے؟ انہوں نے کہا: نہیں، بلکہ آپ افق کی جانب توجہ فرمائیں، میں نے دیکھا تو وہ بہت ہی بڑی جماعت تھی۔ انہوں نے کہا: یہ آپ کی امت ہے اور یہ جو ستر ہزار ان کے آگے ہیں ان کے لئے نہ حساب ہے نہ عذاب، میں نے پوچھا: کس وجہ سے؟ انہوں نے کہا: یہ لوگ داغ نہیں لگواتے تھے، غیر شرعی جھاڑ پھونک نہیں کرتے تھے، شگون نہیں لیتے تھے اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے تھے۔ حضرت عکاشہ بن محصن ﷺ کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے: (یا رسول اللہ!) اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے بھی ان میں شامل فرما لے۔ آپ ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ! اسے بھی ان لوگوں میں شامل فرما۔ پھر دوسرا آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا: (یا رسول اللہ!) اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ مجھے بھی ان لوگوں میں شامل فرما لے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: عکاشہ تم سے سبقت لے گیا۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٢/١١٥٨۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ ﷺ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي قُبَّةٍ، فَقَالَ: أَتَرْضَوْنَ أَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ. قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، إِنِّي لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا نِصْفَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَذَلِكَ أَنَّ الْجَنَّةَ لَا يَدْخُلُهَا إِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، وَمَا أَنْتُمْ فِي أَهْلِ الشِّرْكِ إِلَّا كَالشَّعْرَةِ

الحديث رقم ٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: كيف الحشر، ٥/٢٣٩٢، الرقم: ٦١٦٣، وفی كتاب: الأيمان والنذور، باب: كيف كانت يمين النبي ﷺ، ٦/٢٤٤٨، الرقم: ٦٢٦٦، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: كون هذه الأمة نصف أهل الجنة، ١/٢٠٠، الرقم: ٢٢١، والترمذی فی السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فی صف أهل الجنة، ٤/٦٨٤، الرقم: ٢٥٤٧، وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْح، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ٢/١٤٣٢، الرقم: ٤٢٨٣، والنسائی فی السنن الكبرى، ٦/٤٠٩، الرقم: ١١٣٣٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/٣٨٦، الرقم: ٣٦٦١۔

Marfat.com

الْبَيْضَاءِ فِي جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَسْوَدِ، أَوْ كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِي جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَحْمَرِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبد اللہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ہم ایک قبہ (مکان) میں تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس بات پر راضی ہو کہ اہلِ جنت کا تہائی حصہ تم (میں سے) ہو؟ ہم نے عرض کیا: ہاں۔ فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد کی جان ہے! مجھے امید ہے کہ تم (تعداد میں) اہلِ جنت میں سے نصف ہو گے اور وہ یوں کہ جنت میں مسلمان کے سوا کوئی داخل نہیں ہو گا اور مشرکوں کے مقابلے میں تم یوں ہو جیسے کالے بیل کی جلد پر ایک سفید بال یا سرخ بیل کی جلد پر ایک کالا بال۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١١٥٩/٣۔ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ رضي الله عنهما عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِائَةُ صَفٍّ، ثَمَانُوْنَ مِنْهَا مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ، وَأَرْبَعُوْنَ مِنْ سَائِرِ الْأُمَمِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہما نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنتیوں کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں سے اسی (۸۰) صفیں میری اُمت کی ہوں گی اور باقی تمام امتوں کی صرف چالیس (۴۰) صفیں ہوں گی۔''

الحديث رقم ٣: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى كم صَفّ أهل الجنّة، ٤/٦٨٣، الرقم: ٢٥٤٦، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ٢/١٤٣٤، الرقم: ٤٢٨٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣٤٧، الرقم: ٢٢٩٩٠، ٢٣٠٥٢، ٢٣١١١، والحاكم فى المستدرك، ١/١٥٥، الرقم: ٢٧٣، والدارمى فى السنن، ٢/٤٣٤، الرقم: ٢٨٣٥، وابن حبان فى الصحيح، ١٦/٤٩٨، الرقم: ٧٤٥٩، والبزار فى المسند، ٥/٣٦٨، الرقم: ١٩٩٩، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣١٥، الرقم: ٣١٧١٣، والطبرانى فى المعجم الصغير، ١/٦٧، الرقم: ٨٢، وفى المعجم الأوسط، ٢/٧٧، الرقم: ١٣١٠، وفى المعجم الكبير، ١٠/١٨٤، الرقم: ١٠٣٩٨، وأبويعلى فى المعجم، ١/١٨٣، الرقم: ٢١١۔

Marfat.com

اسے امام ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی اور حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن اور صحیح ہے۔

١١٦٠/٤۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: اَلْجَنَّةُ حُرِّمَتْ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ حَتَّى أَدْخُلَهَا، وَحُرِّمَتْ عَلَى الْأُمَمِ حَتَّى تَدْخُلَهَا أُمَّتِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عمر بن خطاب ﷺ، حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جنت تمام انبیاء علیہم السلام پر اس وقت تک حرام کر دی گئی ہے جب تک کہ میں اس میں داخل نہ ہو جاؤں اور تمام اُمتوں پر اس وقت تک حرام ہے کہ جب تک میری امت اس میں داخل نہ ہو جائے۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١١٦١/٥۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ تَجَاوَزَ عَنْ أُمَّتِي الْخَطَأَ وَالنِّسْيَانَ، وَمَا اسْتُكْرِهُوْا عَلَيْهِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ وَالدَّارُقُطْنِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ فِي الثَّلَاثَةِ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

الحديث رقم ٤: أخرجه الطبرانى فى المعجم الأوسط، ١/٢٨٩، الرقم: ٩٤٢، والهندى فى كنزل العمال، ١١/٤١٦، الرقم: ٣١٩٥٣، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠/٦٩۔

الحديث رقم ٥: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الطلاق، باب: طلاق المكره والناسي، ١/٦٥٩، الرقم: ٢٠٤٣، وابن حبان عن ابن عباس رضى الله عنهما فى الصحيح، ١٦/٢٠٢، الرقم: ٧٢١٩، والحاكم فى المستدرك، ٢/٢١٦، الرقم: ٢٨٠١، والدارقطنى فى السنن، ٤/١٧٠، الرقم: ٣٣، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٤/١٧٢، الرقم: ٢٠٤، وعبد الرزاق نحوه فى المصنف، ٦/٤١٠، الرقم: ١١٤١٧، والطحاوى فى شرح معانى الآثار، ٣/٩٥، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٧/٣٥٦، الرقم: ١٤٨٧١، والطبرانى فى المعجم الصغير، ٢/٥٢، الرقم: ٧٦٦ وفى المعجم الأوسط، ٨/١٦١، الرقم: ٨٢٧٣، وفى المعجم الكبير، ٢/٩٧، الرقم: ١٤٣٠، وفى مسند الشاميين، ٢/١٥٢، الرقم: ١٠٩٠۔

Marfat.com

''حضرت ابوذر غفاری ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت سے (وہ گناہ جو) خطا، نسیان اور جبر واکراہ (کی وجہ سے ہو) معاف فرما دیا ہے۔''

اسے امام ابن ماجہ، ابن حبان، حاکم، دارقطنی اور طبرانی نے اپنی تینوں معاجم میں روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١١٦٢/٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ ﷻ تَجَاوَزَ لِأُمَّتِي عَمَّا حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسَهَا مَا لَمْ تَعْمَلْ أَوْ تَكَلَّمْ بِهِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میرے امتی سے ان کی دل کی باتوں (یعنی وساوس و خیالات) کو معاف فرما دیا ہے جب تک وہ اس پر عمل نہ کرے یا زبان سے نہ کہے۔''

اسے امام مسلم، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

١١٦٣/٧۔ عَنْ مِحْجَنِ بْنِ الْأَدْرَعِ السُّلَمِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ رَضِيَ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ الْيُسْرَ وَكَرِهَ لَهَا الْعُسْرَ قَالَهَا ثَلَاثًا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِرِجَالِ الصَّحِيْحِ.

الحديث رقم ٦: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: تجاوز الله عن حديث النفس والخواطر بالقلب إذا لم تستقر، ١/١١٦، الرقم: ١٢٧، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الطلاق، باب: من طلّق فى نفسه ولم يتكلم به، ١/٦٥٨، الرقم: ٢٠٤٠، والنسائى فى السنن الكبرى، ٣/٣٦٠، الرقم: ٥٦٢٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٢٥٥، الرقم: ٧٤٦٤، وابن خزيمة فى الصحيح، ٢/٥٢، الرقم: ٨٩٨، وابن حبان فى الصحيح، ١٠/١٧٩، الرقم: ٤٣٣٥، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٤/٨٥، وأبويعلى فى المسند، ١١/٢٧٦، الرقم: ٦٣٨٩، والبيهقى فى شعب الإيمان ١/٢٩٩، الرقم: ٣٣٢۔

الحديث رقم ٧: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٠/٢٩٨، الرقم: ٧٠٧، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٤/١٥، والحارث فى المسند (زوائد الهيثمى)، ١/٣٤٣، الرقم: ٢٣٧۔

Marfat.com

''حضرت محجن بن ادرع سُلمی ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اس امت کے لئے آسانی کو پسند فرمایا ہے اور (اس پر) تنگی کو ناپسند فرمایا ہے۔ آپ ﷺ نے یہ تین مرتبہ فرمایا۔'' اسے امام طبرانی نے صحیح رجال کے ساتھ روایت کیا ہے۔

١١٦٤/٨۔ عَنْ حُذَيْفَةَ ﷺ قَالَ: يَوْمًا سَجَدَ النَّبِيُّ ﷺ فَلَمْ يَرْفَعْ رَأْسَهُ حَتَّى ظَنَنَّا أَنْ نَفْسَهُ قُبِضَتْ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: رَبِّي اسْتَشَارَنِي ..... وَفِيْهِ: وَأَحَلَّ لَنَا كَثِيْرًا مِمَّا شَدَّدَ عَلَى مَنْ قَبْلَنَا وَلَمْ يَجْعَلْ عَلَيْنَا فِي الدُّنْيَا مِنْ حَرَجٍ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت حذیفہ ﷺ سے مروی ہے کہ ایک روز حضور نبی اکرم ﷺ نے اتنا طویل سجدہ فرمایا کہ ہم نے گمان کیا شاید آپ ﷺ کا وصال اقدس ہو گیا ہے پھر جب آپ ﷺ سجدہ سے فارغ ہوئے تو فرمایا: میرے رب نے مجھ سے میری امت کے بارے میں مشورہ طلب فرمایا (آگے طویل حدیث ہے) اس میں فرمایا: اور ہمارے لئے وہ بہت سی چیزیں حلال کر دیں جو ہم سے قبل (امتوں پر) ممنوع تھیں اور ہم پر اس دنیا میں کوئی تنگی (روا) نہیں رکھی۔'' اسے امام احمد نے روایت کیا ہے۔

١١٦٥/٩۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ يُؤْذَنُ لَهُ بِالسُّجُوْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ يُؤْذَنُ لَهُ أَنْ يَرْفَعَ رَأْسَهُ، فَأَنْظُرَ إِلَى بَيْنَ يَدَيَّ، فَأَعْرِفَ أُمَّتِي مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ، وَمِنْ خَلْفِي مِثْلَ ذَلِكَ، وَعَنْ يَمِيْنِي مِثْلَ ذَلِكَ. فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، كَيْفَ

الحديث رقم ٨: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣٩٣، الرقم: ٢٣٣٨٤، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ٥/٣٩٣۔

الحديث رقم ٩: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/١٩٩، الرقم: ٢١٧٨٥، والحاكم فى المستدرك، ٢/٥٢٠، الرقم: ٣٧٨٤، والبيهقي فى شعب الإيمان، ٣/١٧، الرقم: ٢٧٤٥، والطيالسى فى المسند، ١/٤٨، الرقم: ٣٦١، وابن حبان نحوه فى الصحيح، ٣/٣٢٤، الرقم: ١٠٤٩، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/٩١، الرقم: ٢٨٦۔

Marfat.com

تَعْرِفُ أُمَّتَکَ مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ فِيْمَا بَيْنَ نُوْحٍ إِلَى أُمَّتِکَ؟ قَالَ: هُمْ غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ مِنْ أَثَرِ الْوُضُوْءِ، لَيْسَ أَحَدٌ کَذَلِکَ غَيْرُهُمْ، وَأَعْرِفُهُمْ أَنَّهُمْ يُؤْتَوْنَ کُتُبَهُمْ بِأَيْمَانِهِمْ، وَأَعْرِفُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ ذُرِّيَّتُهُمْ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاکِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ہی وہ سب سے پہلا شخص ہوں گا جسے قیامت کے دن (اللہ تعالیٰ کو) سجدہ کرنے کی اجازت دی جائے گی اور میں ہی ہوں گا جسے سب سے پہلے سر اٹھانے کی اجازت ہو گی۔ سو میں اپنے سامنے دیکھوں گا اور اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان بھی پہچان لوں گا۔ اسی طرح اپنے پیچھے اور اپنی داہنی طرف بھی انہیں دیکھ کر پہچان لوں گا۔ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان کیسے پہچانیں گے جبکہ اس وقت حضرت نوح علیہ السلام کی امت سے لے کر آپ کی امت تک کے لوگ ہوں گے؟..... آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان کے اعضاء وضو کے اثر سے چمک رہے ہوں گے اور ان کے سوا کسی اور (امت) کے ساتھ ایسا نہیں ہو گا اور میں انہیں پہچان لوں گا کہ ان کا نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور انہیں پہچان لوں گا کہ ان کے آگے ان کی اولاد دوڑتی ہو گی۔''

اسے امام احمد، حاکم اور بیہقی نے روایت کیا ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

١١٦٦ / ١٠ - عَنْ أَبِي ذَرٍّ وَأَبِي الدَّرْدَاءِ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ أُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ. قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَکَيْفَ تَعْرِفُ أُمَّتَکَ؟ قَالَ: أَعْرِفُهُمْ يُؤْتَوْنَ کُتُبَهُمْ بِأَيْمَانِهِمْ. وَأَعْرِفُهُمْ بِسِيْمَاهُمْ فِي وُجُوْهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُوْدِ، وَأَعْرِفُهُمْ بِنُوْرِهِمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ. رَوَاهُ أَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

الحديث رقم ١٠: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥ / ١٩٩، الرقم: ٢١٧٨٨.

Marfat.com

''حضرت ابو ذر اور حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہما سے مروی ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں قیامت کے روز ضرور اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان پہچان لوں گا۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اپنی امت کو کیسے پہچانیں گے؟ فرمایا: میں انہیں پہچان لوں گا کہ ان کا نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور ان کی پیشانیوں پر سجدوں کا اثر ہوگا اور میں انہیں ان کے نور سے پہچان لوں گا جو ان کے آگے آگے دوڑ رہا ہوگا۔'' اسے امام احمد نے عمدہ سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

١١٦٧ / ١١۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ ﷺ يَقُوْلُ: تَخْرُجُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُلَّةٌ غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُمْ مِثْلُ الشَّمْسِ فَيُنَادِي مُنَادٍ: اَلنَّبِيُّ الْأُمِّيُّ فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ، فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ ﷺ وَأُمَّتُهُ، فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ لَيْسَ عَلَيْهِمْ حِسَابٌ وَلاَ عَذَابٌ، ثُمَّ تَخْرُجُ ثُلَّةٌ أُخْرَى غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ نُوْرُهُم مِثْلُ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُمْ، فَيُنَادِي مُنَادٍ: اَلنَّبِيُّ الْأُمِّيُّ فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ، فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ ﷺ وَأُمَّتُهُ، فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَلاَ عَذَابٍ، ثُمَّ تَخْرُجُ ثُلَّةٌ أُخْرَى غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ نُوْرُهُمْ مِثْلُ أَعْظَمِ كَوْكَبٍ فِي السَّمَاءِ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُمْ، فَيُنَادِي مُنَادٍ: اَلنَّبِيُّ الْأُمِيُّ، فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ ﷺ وَأُمَّتُهُ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَلاَ عَذَابٍ، ثُمَّ يَجِيءُ رَبُّکَ ﷻ ثُمَّ يُوْضَعُ الْمِيْزَانُ وَالْحِسَابُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو امامہ باہلی ﷺ روایت فرماتے ہیں کہ قیامت کے روز روشن پیشانیوں اور چمکتے ہاتھ پاؤں والے لوگوں کی ایک جماعت نمودار ہوگی جو افق پر چھا جائے گی۔ ان کا نور سورج کی طرح ہوگا۔ سو ایک ندا دینے والا ندا دے گا ''نبی اُمّی'' پس اس ندا پر ہر امی نبی

الحديث رقم ١١: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٨ / ١٧٣، الرقم: ٧٧٢٣، وفی مسند الشاميين، ٢ / ٢٠١، الرقم: ١١٨٥، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ١٠ / ٤٠٩۔

Marfat.com

متوجہ ہوگا لیکن کہا جائے گا (کہ اس سے مراد) محمد ﷺ اور ان کی امت ہے۔ سو وہ جنت میں داخل ہوں گے۔ ان پر کوئی حساب اور عذاب نہیں ہوگا۔ پھر اس طرح کی ایک اور جماعت نمودار ہوگی جن کی پیشانیاں اور ہاتھ پاؤں چمک رہے ہوں گے۔ ان کا نور چودھویں کے چاند کی طرح ہوگا اور ان کا نور افق پر چھا جائے گا۔ سو پھر ندا دینے والا ندا دے گا اور کہے گا ''نبی اُمّی.'' پس اس ندا پر ہر امّی نبی متوجہ ہوجائے گا لیکن کہا جائے گا: اس ندا سے مراد محمد مصطفیٰ ﷺ اور ان کی امت ہے۔ سو وہ بغیر حساب اور سزا کے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ پھر اسی طرح کی ایک اور جماعت نمودار ہوگی ان کی (بھی) پیشانیاں اور ہاتھ پاؤں چمکتے ہوں گے۔ ان کا نور آسمان میں بڑے ستارے کی طرح ہوگا ان کا نور افق پر چھا جائے گا۔ پس ندا دینے والا آواز دے گا: ''نبی اُمّی'' پس اس پر ہر امّی نبی متوجہ ہوجائے گا، کہا جائے گا: (اس سے مراد بھی) محمد ﷺ اور ان کی امت ہے۔ پس وہ بغیر حساب اور سزا کے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ پھر آپ ﷺ کا رب (اپنی شان کے لائق) تشریف لائے گا۔ پھر میزان وحساب قائم کیا جائے گا۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١١٦٨/١٢۔ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ ﷺ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾ [آل عمران، ٣: ١١٠] ، قَالَ: إِنَّكُمْ تُتِمُّوْنَ سَبْعِيْنَ أُمَّةً، أَنْتُمْ خَيْرُهَا وَأَكْرَمُهَا عَلَى اللهِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت بہز بن حکیم بواسطہ والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمان الٰہی: ''تم بہترین اُمّت ہو جو سب لوگوں (کی رہنمائی) کے لئے ظاہر کی

الحديث رقم ١٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورةِ آلِ عمران، ٥/٢٢٦، الرقم: ٣٠٠١، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ٢/١٤٣٣، الرقم: ٤٢٨٧، ٤٢٨٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٦١، الرقم: ١١٦٠٤: ٤/٤٤٧: ٥/٣، والحاكم فى المستدرك، ٤/٩٤، الرقم: ٦٩٨٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٩/٥، والطبرانى فى معجم الكبير، ١٩/٤١٩، الرقم: ١٠١٢، ١٠٢٣۔

Marfat.com

گئی ہے۔'' [آل عمران، ۳: ۱۱۰] کے بارے میں فرمایا: تم ستر امتوں کو مکمل کرنے والے ہو اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان سب سے بہتر اور معزز ہو۔''

اسے امام ترمذی، ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے اور حاکم نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

۱۳/۱۱۶۹۔ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: نُكَمِّلُ، يَوْمَ الْقِيَامَةِ، سَبْعِيْنَ أُمَّةً. نَحْنُ آخِرُهَا، وَخَيْرُهَا. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت بہز بن حکیم بواسطہ والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہم قیامت کے دن ستر امتوں کی تکمیل کریں گے اور ہم ان سب سے آخری اور سب سے بہتر ہوں گے۔'' اسے امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

۱۴/۱۱۷۰۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ﷺ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أُعْطِيْتُ مَا لَمْ يُعْطَ أَحَدٌ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ. فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَا هُوَ؟ قَالَ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَأُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ الْأَرْضِ وَسُمِّيْتُ أَحْمَدَ وَجُعِلَ التُّرَابُ لِي طَهُوْرًا وَجُعِلَتْ أُمَّتِي خَيْرَ الْأُمَمِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

''حضرت علی ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے وہ کچھ عطا کیا گیا جو (سابقہ) انبیاء کرام علیہم السلام میں سے کسی کو عطا نہیں کیا گیا۔ ہم نے عرض کیا: وہ کیا

الحديث رقم ۱۳: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ۲/۱۴۳۳، الرقم: ۴۲۸۷۔

الحديث رقم ۱۴: أخرجه ابن أبى شيبة فى المصنف، ۶/۳۰۴، الرقم: ۳۱۶۴۷، وأحمد بن حنبل فى المسند، ۱/۹۸، الرقم: ۷۶۳، ۱۳۶۱، والبيهقى فى السنن الكبرى، ۱/۲۱۳، الرقم: ۹۶۵، واللالكائى فى اعتقاد أهل السنة، ۴/۷۸۳، الرقم: ۱۴۴۳، ۱۴۴۷، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ۲/۳۴۸، الرقم: ۷۲۸۔ ۷۲۹۔

Marfat.com

ہے؟ فرمایا: میری رعب و دبدبہ سے مدد کی گئی اور مجھے زمین (کے خزانوں) کی کنجیاں عطا کی گئیں اور میرا نام احمد رکھا گیا اور مٹی کو بھی میرے لئے پاکیزہ قرار دیا گیا اور میری امت کو بہترین امت بنایا گیا۔''

اسے امام ابن ابی شیبہ اور امام احمد نے عمدہ اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے۔

١١٧١/١٥۔ عَنْ ثَوْبَانَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ زَوَى لِيَ الْأَرْضَ. فَرَأَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا. وَإِنَّ أُمَّتِي سَيَبْلُغُ مُلْكُهَا مَا زُوِيَ لِي مِنْهَا وَأُعْطِيْتُ الْكَنْزَيْنِ الْأَحْمَرَ وَالْأَبْيَضَ. وَإِنِّي سَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي أَنْ لَا يُهْلِكَهَا بِسَنَةٍ عَامَّةٍ، وَأَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ، فَيَسْتَبِيْحَ بَيْضَتَهُمْ وَإِنَّ رَبِّي قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي إِذَا قَضَيْتُ فَإِنَّهُ لَا يُرَدُّ وَإِنِّي أَعْطَيْتُكَ لِأُمَّتِكَ أَنْ لَا أُهْلِكَهُمْ بِسَنَةٍ عَامَّةٍ وَأَنْ لَا أُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ يَسْتَبِيْحُ بَيْضَتَهُمْ وَلَوْ اِجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مَنْ بِأَقْطَارِهَا أَوْ قَالَ: مَنْ بَيْنَ أَقْطَارِهَا حَتَّى يَكُوْنَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ بَعْضًا وَيَسْبِي بَعْضُهُمْ بَعْضًا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ثوبان ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ

الحديث رقم ١٥: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الفتن وأشراط الساعة، باب: هلاك هذه الأمة بعضهم ببعض، ٤/٢٢١٥، الرقم: ٢٨٨٩، والترمذى فى السنن،كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى سوال النبي ﷺ ثلاثا فى أمته، ٤/٤٧٢، الرقم: ٢١٧٦، وأبو داود فى السنن، كتاب: الفتن والملاحم ، باب: ذكر الفتن ودلائلها، ٤/٩٧، الرقم: ٤٢٥٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٢٧٨، الرقم: ٢٢٤٤٨، ٢٢٥٠٥، والبزار فى المسند، ٨/٤١٣، الرقم: ٣٤٨٧، والحاكم فى المستدرك، ٤/٤٩٦، الرقم: ٨٣٩٠، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣١١، الرقم: ٣١٦٩٤، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/١٠٩، الرقم: ٦٧١٤.

Marfat.com

نے زمین کو میرے لئے لپیٹ دیا اور میں نے اس کے مشارق و مغارب کو دیکھا۔ عنقریب میری حکومت وہاں تک پہنچے گی جہاں تک میرے لئے زمین لپیٹی گئی۔ مجھے (قیصر و کسریٰ کے) دو خزانے سرخ اور سفید دیئے گئے۔ میں نے اپنے رب سے اپنی امت کے بارے میں سوال کیا کہ وہ انہیں قحط سالی سے ہلاک نہ فرمائے اور ان پر ان کے اپنوں کے سوا کوئی دشمن مسلط نہ کرے جو انہیں مکمل طور پر نیست و نابود کر دے اور بے شک میرے رب نے مجھے فرمایا: اے محمد! میں جب ایک فیصلہ کر لیتا ہوں تو اسے واپس نہیں لوٹایا جا سکتا اور بیشک میں نے آپ کو آپ کی امت کے لئے یہ چیز عطا فرما دی ہے کہ میں انہیں قحط سالی سے ہلاک نہیں کروں گا اور نہ ہی ان کے علاوہ کسی اور کو ان پر دشمن مسلط کروں گا جو ان کو مکمل طور پر نیست و نابود کر دے اگرچہ وہ (دشمن) ان کے خلاف ہر طرف سے اکٹھے ہو جائیں یہاں تک کہ ان میں سے بعض بعض کو ہلاک نہ کریں اور بعض بعض کو قیدی نہ بنائیں۔''

اسے امام مسلم، ترمذی اور ابوداود نے روایت کیا ہے نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۱۷۲/۱۶۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ أَدْرَكَ بِيَ الْأَجَلَ الْمَرْحُوْمَ وَاخْتَصَرَ لِي اخْتِصَارًا، فَنَحْنُ الْآخِرُوْنَ وَنَحْنُ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنِّي قَائِلٌ قَوْلًا غَيْرَ فَخْرٍ، إِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللهِ وَمُوْسَى صَفِيُّ اللهِ وَأَنَا حَبِيْبُ اللهِ وَمَعِي لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. وَإِنَّ اللهَ وَعَدَنِي فِي أُمَّتِي وَأَجَارَهُمْ مِنْ ثَلَاثٍ: لَا يَعُمُّهُمْ بِسَنَةٍ وَلَا يَسْتَأْصِلُهُمْ عَدُوٌّ، وَلَا يَجْمَعُهُمْ عَلَى ضَلَالَةٍ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ.

''حضرت عمرو بن قیس ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت کو مرحوم قرار دیا اور اس کی عمر مختصر رکھی۔ سو ہم ہی آخری (امت) ہیں اور ہم ہی قیامت کے دن اوّل ہوں گے اور میں بغیر کسی فخر کے یہ بات کہہ رہا ہوں کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ ہیں اور حضرت موسیٰ صفی اللہ ہیں اور میں ہی حبیب اللہ ہوں اور روزِ قیامت میرے

الحديث رقم ١٦: أخرجه الدارمی فی السنن، باب: (٨)، مَا أُعطِيَ النَّبِيُّ ﷺ مِنَ الفَضْلِ، ١/٤٢، الرقم: ٥٤، والمبارکفوری فی تحفة الأحوذی، ٦/٣٢٣.

Marfat.com

پاس ہی حمد کا جھنڈا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے میری امت کے بارے میں مجھ سے تین وعدے فرمائے ہیں اور تین چیزوں سے انہیں نجات عطا فرمائی ہے۔ (اور وہ تین وعدے یہ ہیں) ان پر عام قحط سالی مسلط نہیں فرمائے گا اور کوئی دشمن انہیں ختم نہیں کر سکے گا اور انہیں گمراہی پر جمع نہیں فرمائے گا۔'' اسے امام دارمی نے روایت کیا ہے۔

١١٧٣/١٧۔ عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ أَجَارَكُمْ مِنْ ثَلَاثِ خِلَالٍ: أَنْ لَا يَدْعُوَ عَلَيْكُمْ نَبِيُّكُمْ فَتَهْلِكُوْا جَمِيْعًا، وَأَنْ لَا يَظْهَرَ أَهْلُ الْبَاطِلِ عَلَى أَهْلِ الْحَقِّ، وَأَنْ لَا تَجْتَمِعُوْا عَلَى ضَلَالَةٍ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو مالک اشعری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہیں تین آفتوں سے بچا لیا: (ایک یہ کہ) تمہارا نبی تمہارے لئے ایسی بد دعا نہ کرے گا کہ تم سارے ہلاک ہو جاؤ۔ (دوسرا یہ کہ) اہلِ باطل اہلِ حق پر (کلیتًا) غالب نہ ہوں گے۔ تیسرا یہ کہ تم گمراہی پر جمع نہیں ہو گے۔''

اسے امام ابوداود اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ١٧: أخرجه أبو داود فى السنن، كتاب: الفتن، باب: ذكر الفتن ودلائلها، ٤/٩٨، الرقم: ٤٢٥٣، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٢٩٢، الرقم: ٣٤٤٠، وفى مسند الشاميين، ٢/٤٤٢، الرقم: ١٦٦٣.

Marfat.com

فَصْلٌ فِي فَضْلِ آخِرِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿آخری زمانہ میں اُمّتِ محمدیہ کی فضیلت کا بیان﴾

١١٧٤/١٨۔ عَنْ مُعَاوِيَةَ ﷺ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: لَا يَزَالُ مِنْ أُمَّتِي أُمَّةٌ قَائِمَةٌ بِأَمْرِ اللهِ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَلَا مَنْ خَالَفَهُمْ حَتّٰى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللهِ وَهُمْ عَلَى ذٰلِکَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت معاویہ ﷺ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے ایک جماعت ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے حکم پر قائم رہے گی جو اُن کی مخالفت کرے گا وہ انہیں کچھ نقصان نہیں پہنچا سکے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا امر (روزِ قیامت) آئے گا اور وہ اسی حالت پر ہوں گے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ بخاری کے ہیں۔

١١٧٥/١٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَالَّذِي

الحديث رقم ١٨: أخرجه البخاری فی الصحيح،كتاب: المناقب، باب: سؤال المشركين أن يريهم النبي ﷺ آية فآراهم انشقاق القمر، ٣/١٣٣١، الرقم: ٣٤٤٢، وفی كتاب: التوحيد، باب: قول الله تعالى: إنما قولنا لشيء، ٦/٢٧١٤، الرقم: ٧٠٢٢، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإمارة، باب: قوله: لا تزال طائفة من أمتی ظاهرين على الحق لا يضرهم من خالفهم، ٣/١٥٢٤، الرقم: ١٠٣٧، وأحمد بن حنبل، فی المسند، ٤/١٠١، وأبو يعلى فی المسند، ١٣/٣٧٥، الرقم: ٧٣٨٣، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١٩/٣٨٠، الرقم: ٨٩٣، واللالكائی فی اعتقاد أهل السنة، ١/١١٠، الرقم: ١٤٤۔

الحديث رقم ١٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المناقب، باب: علامات النبوة في الإسلام، ٣/٣١٥، الرقم: ٣٣٩٤، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: فضل النظر إليه ﷺ وتمنيه، ٤/١٨٣٦، الرقم: ٢٣٦٤، وابن حبان فی الصحيح، ١٥/١٦٧، الرقم: ٦٧٦٥، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٣١٣، الرقم: ٨١٢٦، ٢/٤١، الرقم: ٩٧٩٣، والعسقلانی فی فتح البارى، ٦/٦٠٧، والنووی فی شرحه على صحيح مسلم، ١٥/١١٨، والسيوطی فی الديباج، ٦/٣٤٨، الرقم: ٢٣٦٤۔

Marfat.com

نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَيَأْتِيَنَّ عَلَى أَحَدِكُمْ يَوْمٌ وَلَا يَرَانِي، ثُمَّ لَأَنْ يَرَانِي أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ مَعَهُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد مصطفیٰ کی جان ہے! تم لوگوں پر ایک دن ایسا ضرور آئے گا کہ تم مجھے دیکھ نہیں سکو گے، لیکن میری زیارت کرنا (اس وقت) (ایک سچے) مومن کے نزدیک اس کے اہل اور مال سے زیادہ محبوب ہوگا۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ مسلم کے ہیں۔

١١٧٦ / ٢٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: مِنْ أَشَدِّ أُمَّتِي لِي حُبًّا، نَاسٌ يَكُوْنُوْنَ بَعْدِي، يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ رَآنِي، بِأَهْلِهِ وَمَالِهِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں سے میرے ساتھ شدید محبت کرنے والے وہ لوگ ہیں جو میرے بعد آئیں گے اور ان میں سے ہر ایک (مومن) کی یہ تمنا ہوگی کہ کاش وہ اپنے سب اہل وعیال اور مال و اسباب کے بدلے میں مجھے دیکھ لیں۔'' اسے امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١١٧٧ / ٢١۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَثَلُ أُمَّتِي مَثَلُ

الحديث رقم ٢٠: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الجنة وصفة نعيمها وأهلها، باب: فيمن يود رؤية النبى صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بأهله وماله، ٤ / ٢١٧٨، الرقم: ٢٨٣٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢ / ٤١٧، الرقم: ٩٣٨٨، وابن حبان فى الصحيح، ١٦ / ٢١٤، الرقم: ٧٢٣١.

الحديث رقم ٢١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الأمثال عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: مثل الصلوات الخمس، ٥ / ١٥٢، الرقم: ٢٨٦٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣ / ١٣٠، ١٤٣، الرقم: ١٢٣٤٩، ١٢٤٨٣، والبزار فى المسند، ٩ / ٢٣، الرقم: ٣٥٢٧، والطيالسى فى المسند، ١ / ٩٠،، الرقم: ٦٤٧، والقضاعى فى مسند الشهاب، ٢ / ٢٧٧، الرقم: ١٣٥٢، وأبو يعلى فى المسند، ٦ / ٣٨٠، الرقم: ٣٧١٧.

Marfat.com

الْمَطَرِ، لَا يُدْرَى أَوَّلُهُ خَيْرٌ أَمْ آخِرُهُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَأَحْمَدُ وَالْبَزَّارُ.

''حضرت انس ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کی مثال بارش کی مانند ہے معلوم نہیں اس کا اوّل بہتر ہے یا آخر۔''

اسے امام ترمذی نے حسن قرار دیتے ہوئے روایت کیا ان کے علاوہ امام احمد اور بزار نے بھی روایت کیا ہے۔

١١٧٨ / ٢٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أُنَاسًا مِنْ أُمَّتِي يَأْتُوْنَ بَعْدِي يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوِ اشْتَرَى رُؤْيَتِي بِأَهْلِهِ وَمَالِهِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً میری اُمت میں میرے بعد ایسے لوگ بھی آئیں گے جن میں سے ہر ایک کی خواہش یہ ہوگی کہ وہ اپنے اہل وعیال اور (تمام) مال کے بدلہ میں میری زیارت خرید لے (یعنی اپنے اہل و مال کی قربانی دے کر بھی ایک مرتبہ مجھے دیکھ لے)۔''

اسے امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

١١٧٩ / ٢٣۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَيُّ الْخَلْقِ أَعْجَبُ إِلَيْكُمْ إِيْمَانًا؟ قَالُوْا: الْمَلَائِكَةُ.

الحديث رقم ٢٢: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ٤ / ٩٥، الرقم: ٦٩٩١.

الحديث رقم ٢٣: أخرجه الطبرانى فى المعجم الكبير، ١٢ / ٨٧، الرقم: ١٢٥٦٠، وأبو يعلى عن عمر بن الخطاب ﷺ فى المسند، ١ / ١٤٧، الرقم: ١٦٠، والحلكم فى المستدرك، ٤ / ٩٦، الرقم: ٦٩٩٣، والخطيب التبريزي فى مشكاة المصابيح، ٣ / ٤٠٣، الرقم: ٦٢٨٨، والهيثمى عن عمر بن الخطاب ﷺ فى مجمع الزوائد، ٨ / ٣٣٠، ٦ / ٦٥، وقال رواه البزار وأحمد، والحسيني فى البيان والتعريف، ١ / ١٣٠، الرقم: ٣٤٦.

Marfat.com

قَالَ: وَمَالَهُمْ لاَ يُؤْمِنُوْنَ وَهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ؟ قَالُوْا: فَالنَّبِيُّوْنَ. قَالَ: وَمَالَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ وَالْوَحْيُ يَنْزِلُ عَلَيْهِمْ؟ قَالُوْا: فَنَحْنُ. قَالَ: وَمَالَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ وَأَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أَعْجَبَ الْخَلْقِ إِلَيَّ إِيْمَانًا لَقَوْمٌ يَكُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِي يَجِدُوْنَ صُحُفًا فِيْهَا كِتَابٌ يُؤْمِنُوْنَ بِمَا فِيْهَا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَزَّارُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ.

''حضرت عمرو بن شعیب ﷺ بواسطہ اپنے والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا: کس مخلوق کا ایمان تمہارے نزدیک سب سے پسندیدہ ہے؟ انہوں نے عرض کیا: فرشتوں کا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: فرشتے کیوں ایمان نہ لائیں جبکہ وہ ہر وقت اپنے رب کی حضوری میں رہتے ہیں۔ انہوں نے عرض کیا: پھر انبیاء کرام علیہم السلام کا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اور انبیاء کرام علیہم السلام کیوں ایمان نہ لائیں جبکہ ان پر وحی نازل ہوتی ہے۔ انہوں نے عرض کیا: تو پھر ہم (ہی ہوں گے)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم ایمان کیوں نہیں لاؤ گے جب کہ خود میری ذات تمہارے درمیان جلوہ افروز ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مخلوق میں میرے نزدیک پسندیدہ ایمان ان لوگوں کا ہے جو میرے بعد پیدا ہوں گے۔ کئی کتابوں کو پائیں گے مگر (صرف میری) کتاب میں جو کچھ لکھا ہوگا (بن دیکھے) اس پر ایمان لائیں گے۔''

اسے امام طبرانی، بزار اور حاکم نے روایت کیا ہے نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

١١٨٠/٢٤۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَدِدْتُ أَنِّي لَقِيْتُ إِخْوَانِي، قَالَ: فَقَالَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ ﷺ: أَوَ لَيْسَ

الحديث رقم ٢٤: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١٥٥، الرقم: ١٢٦٠١، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١/٢١٢، الرقم: ٥٧٦، والحسينى فى البيان والتعريف، ١/٣٢، الرقم: ٦٠: ٢/٩٤، الرقم: ١١٦١، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠/٦٧.

Marfat.com

نَحْنُ إِخْوَانَکَ؟ قَالَ: أَنْتُمْ أَصْحَابِي، وَلَكِنْ إِخْوَانِي الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِي وَلَمْ يَرَوْنِي. رَوَاهُ أَحْمَد وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت انس ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے یہ خواہش کی کہ میں اپنے بھائیوں سے ملوں۔ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میرے صحابہ ہو لیکن میرے بھائی وہ ہیں جو مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا بھی نہیں ہوگا۔''

اسے امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١١٨١ / ٢٥۔ عَنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي عُمْرَةَ الْأَنْصَارِيِّ ﷺ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّهُ قَالَ لِرَسُوْلِ ﷺ: (يَا رَسُوْلَ اللهِ) أَ رَأَيْتَ مَنْ آمَنَ بِکَ وَلَمْ يَرَکَ وَصَدَّقَکَ وَلَمْ يَرَکَ؟ قَالَ: طُوْبَى لَهُمْ طُوْبَى لَهُمْ، أُوْلٰئِکَ مِنَّا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ انصاری ﷺ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا: (یا رسول اللہ!) آپ ان لوگوں کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جو آپ پر ایمان لائے حالانکہ انہوں نے آپ کو دیکھا تک نہیں، آپ کی تصدیق کی حالانکہ آپ کو دیکھا تک نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ان کے لئے دو مرتبہ مبارک باد اور خوشخبری ہے اور وہ ہم میں سے ہیں۔'' اسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١١٨٢ / ٢٦۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: طُوْبَى لِمَنْ

الحديث رقم ٢٥: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ٨ / ٢٧٦، الرقم: ٨٦٢٤.

الحديث رقم ٢٦: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ٥ / ٢٥٧، الرقم: ٢٢٢٦٨، ٢٢١٩٢، ٢٢٣٣١، وأيضًا عن أبي سعيد الخدری، وأبي هريرة رضی الله عنهما، وابن حبان فی الصحيح، ١٦ / ٢١٦، الرقم: ٧٢٣٣، والحاكم عن عبد الله بن بُسر ﷺ، فی المستدرك، ٤ / ٩٦، الرقم: ٦٩٩٤، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٨ / ٢٥٩، الرقم: ٨٠٠٩، وفي المعجم الصغير، ٢ / ١٠٤، الرقم: ٨٥٨، وأبويعلى عن أنس بن مالك ﷺ فی المسند، ٦ / ١١٩، الرقم: ٣٣٩١، والرويانی فی المسند، ٢ / ٣١١، الرقم: ١٢٦٦، والمقدسی فی الأحاديث المختارة، ٩ / ٩٩، الرقم: ٨٧.

Marfat.com

رَآنِي وَآمَنَ بِي وَطُوْبَى سَبْعَ مَرَّاتٍ لِمَنْ لَمْ يَرَنِي وَآمَنَ بِي.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابو امامہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: خوشخبری اور مبارک باد ہو اس کے لئے جس نے مجھے دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا اور سات بار خوشخبری اور مبارک باد ہو اس کے لئے جس نے مجھے نہیں دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا۔''

اسے امام احمد اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

١١٨٣/ ٢٧۔ عَنْ أَبِي جُمُعَةَ ﷺ قَالَ: تَغَدَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَمَعَنَا أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، قَالَ: قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، هَلْ أَحَدٌ خَيْرٌ مِنَّا؟ أَسْلَمْنَا مَعَكَ، وَجَاهَدْنَا مَعَكَ، قَالَ: نَعَمْ، قَوْمٌ يَكُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِكُمْ يُؤْمِنُوْنَ بِي وَلَمْ يَرَوْنِي. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: رِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت ابو جمعہ ﷺ سے مروی ہے کہ ہم نے ایک مرتبہ حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ دن کا کھانا کھایا اور ہمارے ساتھ حضرت ابو عبیدہ بن جراح ﷺ بھی تھے۔ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم سے بہتر بھی کوئی ہو گا؟ ہم آپ کی معیت میں ایمان لائے، اور آپ کی ہی معیت میں ہم نے جہاد کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں وہ لوگ جو تمہارے بعد آئیں گے وہ مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا بھی نہیں ہو گا (وہ اس جہت سے تم سے بھی بہتر ہوں گے)۔''

اسے امام احمد، دارمی اور طبرانی نے روایت کیا ہے نیز امام ہیثمی نے فرمایا کہ اس کے رجال ثقات ہیں۔

الحديث رقم ٢٧: أخرجه الدارمي في السنن، ٢/٣٩٨، الرقم: ٢٨٤٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/١٠٦، الرقم: ١٧٠١٧، والطبراني في المعجم الكبير، ٤/٢٢، الرقم: ٣٥٣٧، وأبويعلى في المسند، ٣/١٢٨، الرقم: ١٥٥٩، وابن منده في الإيمان، ١/٣٧٢، الرقم: ٢١٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/٦٦۔

Marfat.com

١١٨٤/٢٨۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْعُلاَءِ الْحَضْرَمِيِّ ﷺ قَالَ: حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّهُ سَيَكُوْنُ فِي آخِرِ هَذِهِ الْأُمَّةِ قَوْمٌ لَهُمْ مِثْلُ أَجْرِ أَوَّلِهِمْ، يَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَيُقَاتِلُوْنَ أَهْلَ الْفِتَنِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عبد الرحمٰن بن علاء حضرمی ﷺ روایت کرتے ہیں کہ مجھے اس نے بتایا جس نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک اس امت کے آخر میں ایسے لوگ ہوں گے جن کے لئے اجر اس امت کے اولین کے برابر ہوگا، وہ نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے روکیں گے اور فتنہ پرور لوگوں سے جہاد کریں گے۔'' اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٢٨: أخرجه البيهقي في دلائل النّبوّة، ٦/٥١٣، والسّيوطى فى مفتاح الجنة، ١/٦٨۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ لَا تَجْتَمِعُ عَلَى الضَّلَالَةِ

﴿اس امت کے کبھی بھی گمراہی پر جمع نہ ہونے کا بیان﴾

١١٨٥ / ٢٩۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : إِنَّ اللهَ لَا يَجْمَعُ أُمَّتِي (أَوْقَالَ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ) عَلَى ضَلَالَةٍ، وَيَدُ اللهِ مَعَ الْجَمَاعَةِ، وَمَنْ شَذَّ شَذَّ إِلَى النَّارِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ میری امت کو (یا فرمایا: امّتِ محمدیہ کو) کبھی گمراہی پر جمع نہیں فرمائے گا اور جماعت پر اللہ تعالیٰ (کی حفاظت) کا ہاتھ ہے اور جو شخص جماعت سے جدا ہوا وہ آگ کی طرف جدا ہوا۔'' اسے امام ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

١١٨٦ / ٣٠۔ عَنِ الْحَارِثِ الْأَشْعَرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ أَمَرَنِيَ اللهُ بِهِنَّ: الْجَمَاعَةِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ فِي سَبِيْلِ اللهِ، فَمَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مِنْ رَأْسِهِ إِلَّا أَنْ يَرْجِعَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ خُزَيْمَةَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت حارث اَشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

الحديث رقم ٢٩: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى لزوم الجماعة، ٤/٤٦٦، الرقم: ٢١٦٧، والحاكم فى المستدرك، ١/٢٠١، الرقم: ٣٩٧، والمناوى فى فيض القدير، ٢/٢٧١۔

الحديث رقم ٣٠: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ١/٢٠٤، ٥٨٢، الرقم: ٤٠٤، ١٥٣٤، وابن خزيمة فى الصحيح، ٣/١٩٥، الرقم: ١٨٩٥، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٨/١٥٧، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٣/٢٨٦، ٢٨٧، ٢٨٩، الرقم: ٣٤٢٧، ٣٤٣٠، ٣٤٣١، وأبو يعلى فى المسند، ٣/١٤٠، الرقم: ١٥٧١۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے مجھے پانچ باتوں کا حکم دیا (اور وہ پانچ باتیں یہ ہیں:) جماعت کا ساتھ اختیار کرنے، نصیحت سننے، فرمانبرداری اختیار کرنے، ہجرت کرنے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے کا۔ پس جو جماعت سے ایک بالشت برابر بھی الگ ہوا تو اس نے اسلام کا قلادہ (یعنی پٹہ) اپنے گلے سے اتار دیا جب تک کہ وہ (جماعت کی طرف) لوٹ نہیں آتا۔''

اسے امام حاکم اور ابن خزیمہ نے روایت کیا نیز امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۱۸۷ / ۳۱۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما في رواية طويلة: قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ ﷺ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ: يَأَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي قُمْتُ فِيْكُمْ كَمَقَامِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِيْنَا فَقَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ، وَإِيَّاكُمْ وَالْفُرْقَةَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ، وَهُوَ مِنَ الْاِثْنَيْنِ أَبْعَدُ مَنْ أَرَادَ بُحْبُوْحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، مَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَذَلِكُمُ الْمُؤْمِنُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جابیہ کے مقام پر حضرت عمر ﷺ نے ہمیں خطاب فرمایا کہ میں تمہارے درمیان اس جگہ پر کھڑا ہوں جہاں حضور نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان قیام فرما تھے پھر فرمایا: جماعت کو لازم پکڑو اور علیحدگی سے بچو کیونکہ شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے اور دو آدمیوں سے دور رہتا ہے جو شخص جنت کا وسط چاہتا ہے اس کے لیے جماعت سے وابستگی لازمی ہے جسے اس کی نیکی خوش کرے اور برائی پریشان کرے پس وہی مومن ہے۔''

اسے امام ترمذی اور نسائی نے روایت کیا نیز امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

الحديث رقم ۳۱: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى لزوم الجماعة، ٤/٤٦٥، الرقم: ٢١٦٥، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/٣٨٨، الرقم: ٩٢٢٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣٧٠، الرقم: ٢٣١٩٤، وابن أبى عاصم فى السنة، ١/٤٢، الرقم: ٨٨، والعسقلانى فى فتح البارى، ١٣/٣١٦، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ٦/٣٢٠.

Marfat.com

١١٨٨ / ٣٢۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يَجْمَعُ اللهُ هَذِهِ الْأُمَّةَ عَلَى الضَّلَالَةِ أَبَدًا وَقَالَ: يَدُ اللهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ فَاتَّبِعُوْا السَّوَادَ الْأَعْظَمَ فَإِنَّهُ مَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس امت کو کبھی بھی گمراہی پر اکٹھا نہیں فرمائے گا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ کا دستِ قدرت جماعت پر ہوتا ہے۔ پس سب سے بڑی جماعت کی اتباع کرو اور جو اس جماعت سے الگ ہوا وہ آگ میں ڈال دیا گیا۔'' اسے امام حاکم اور ابن ابی عاصم نے روایت کیا ہے۔

١١٨٩ / ٣٣۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أُمَّتِي لَا تَجْتَمِعُ عَلَى ضَلَالَةٍ فَإِذَا رَأَيْتُمُ اخْتِلَافًا فَعَلَيْكُمْ بِالسَّوَادِ الْأَعْظَمِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میری امت کبھی گمراہی پر جمع نہیں ہوگی۔ پس اگر تم ان میں اختلاف دیکھو تو تم پر لازم ہے کہ سب سے بڑی جماعت (کا ساتھ) اختیار کرو۔''

اسے امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الحاكم فى المستدرك، ١ / ١٩٩۔٢٠١، الرقم: ٣٩١۔ ٣٩٧، وابن أبي عاصم فى كتاب السنة، ١ / ٣٩، الرقم: ٨٠، واللالكائى فى اعتقاد أهل السنة، ١ / ١٠٦، الرقم: ١٥٤، وأبونعيم فى حلية الأولياء، ٣ / ٣٧، والديلمى فى مسند الفردوس، ٥ / ٢٥٨، الرقم: ٨١١٦، والحكيم الترمذي فى نوادر الأصول، ١ / ٤٢٢٢، والمناوى فى فيض القدير، ٢ / ٢٧١۔

الحديث رقم ٣٣: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الفتن، باب: السَّوَادِ الأَعْظَمِ، ٤ / ٣٦٧، الرقم: ٣٩٥٠، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٢، ٤٤٧، الرقم: ١٣٦٢٣، والكنانى فى مصباح الزجاجة، ٤ / ١٦٩، الرقم: ١٣٩٥۔

Marfat.com

١١٩٠/٣٤۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيْلَ افْتَرَقَتْ عَلَى إِحْدَى وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً. وَإِنَّ أُمَّتِي سَتَفْتَرِقُ عَلَى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً. كُلُّهَا فِي النَّارِ، إِلَّا وَاحِدَةً. وَهِيَ الْجَمَاعَةُ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

''حضرت انس بن مالک ﷺ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً بنی اسرائیل اکہتر (۷۱) فرقوں میں تقسیم ہو گئے تھے اور میری امت یقیناً بہتر (۷۲) فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی۔ وہ سب کے سب دوزخ میں جائیں گے سوائے ایک کے اور وہ جماعت ہے۔'' اسے امام ابن ماجہ اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١١٩١/٣٥۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: اِثْنَانِ خَيْرٌ مِنْ وَاحِدٍ، وَثَلَاثَةٌ خَيْرٌ مِنِ اثْنَيْنِ، وَأَرْبَعَةٌ خَيْرٌ مِنْ ثَلَاثَةٍ، فَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ، فَإِنَّ اللهَ ﷻ لَنْ يَّجْمَعَ أُمَّتِي إِلَّا عَلَى هُدًى. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت ابوذر ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دو (شخص) ایک سے بہتر ہیں اور تین (شخص) دو سے بہتر ہیں، اور چار (اشخاص) تین سے بہتر ہیں۔ پس تم پر لازم ہے کہ جماعت کے ساتھ رہو، یقیناً اللہ تعالیٰ میری امت کو کبھی بھی ہدایت کے سوا کسی شے پر اکٹھا نہیں کرے گا۔'' اسے امام احمد نے روایت کیا ہے۔

الحديث رقم ٣٤: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الفتن، باب: افتراق الأمم، ٢/١٣٢٢، الرّقم: ٣٩٩١-٣٩٩٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١٤٥، الرقم: ١٢٥٠١، وأبويعلى فى المسند، ٧/٣٦، الرقم: ٣٩٤٤، وابن أبى عاصم فى كتاب السنة، ١/٣٢، الرقم: ٦٤، والمروزى فى كتاب السنة، ١/٢١، الرقم: ٥٣، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٧/٩٠، الرقم: ٢٤٩٩، والكنانى فى مصباح الزجاجة، ٤/١٨٠، الرقم: ١٤١٢۔

الحديث رقم ٣٥: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/١٤٥، الرقم: ٢١٣٣١، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/١٧٧: ٥/٢١٨، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ٦/٣٢٣۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ لَا يَخْشَى عَلَى أُمَّتِهِ أَنْ تُشْرِكَ بَعْدَهُ

﴿حضور ﷺ کو اپنے بعد اُمّت کے شرک میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ تھا﴾

١١٩٢/٣٦۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضي الله عنه قَالَ: صَلَّى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَلَى قَتْلَى أُحُدٍ، بَعْدَ ثَمَانِيَ سِنِيْنَ كَالْمُوَدِّعِ لِلْأَحْيَاءِ وَالْأَمْوَاتِ، ثُمَّ طَلَعَ الْمِنْبَرَ، فَقَالَ: إِنِّي بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ فَرَطٌ وَأَنَا عَلَيْكُمْ شَهِيْدٌ، وَإِنَّ مَوْعِدَكُمُ الْحَوْضُ، وَإِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَيْهِ مِنْ مَقَامِي هَذَا، وَإِنِّي لَسْتُ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا، وَلَكِنِّي أَخْشَى عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا أَنْ تَنَافَسُوْهَا قَالَ: فَكَانَتْ آخِرَ نَظْرَةٍ نَظَرْتُهَا إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے شہداء اُحد پر آٹھ سال بعد (دوبارہ) اس طرح نماز پڑھی گویا زندوں اور مُردوں کو الوداع کہہ رہے ہوں۔ پھر آپ ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور فرمایا: میں تمہارا پیش رو ہوں، میں تمہارے اُوپر گواہ ہوں، ہماری ملاقات کی جگہ حوضِ کوثر ہے اور میں اس جگہ سے حوضِ کوثر کو دیکھ رہا ہوں اور مجھے تمہارے متعلق اس بات کا تو ڈر ہی نہیں ہے کہ تم شرک میں مبتلا ہو جاؤ گے بلکہ تمہارے متعلق مجھے دنیا داری کی محبت میں مبتلا ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ حضرت عقبہ فرماتے ہیں کہ یہ میرا حضور

الحديث رقم ٣٦: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المغازی، باب: غزوة أحد، ٤/١٤٨٦، الرقم: ٣٨١٦، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: إثبات حوض نبينا ﷺ وصفاته، ٤/١٧٩٦، الرقم: ٢٢٩٦، وأبو داود فی السنن، أول كتاب: الجنائز، باب: الميت يصلى على قبره بعد حين، ٣/٢١٦، الرقم: ٣٢٢٤، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/١٥٤، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١٧/٢٧٩، الرقم: ٧٦٨، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٤/١٤، الرقم: ٦٦٠١، والشيبانی فی الآحاد والمثانی، ٥/٤٥، الرقم: ٢٥٨٣.

Marfat.com

نبی اکرم ﷺ کا آخری دیدار تھا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے نیز الفاظ بخاری کے ہیں۔

١١٩٣ / ٣٧۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ وَأَنَا شَهِيدٌ عَلَيْكُمْ وَإِنِّي وَاللهِ لَأَنْظُرُ إِلَى حَوْضِي الآنَ، وَإِنِّي أُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، أَوْمَفَاتِيْحَ الْأَرْضِ، وَإِنِّي وَاللهِ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِي وَلَكِنْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تَتَنَافَسُوْا فِيهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عقبہ بن عامر ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میں تمہارا پیش رو اور تم پر گواہ ہوں۔ اللہ رب العزت کی قسم! میں اپنے حوض کو اس وقت بھی دیکھ رہا ہوں اور بیشک مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں (یا فرمایا: زمین کی کنجیاں) عطا کر دی گئی ہیں اور اللہ رب العزت کی قسم! مجھے یہ ڈر نہیں کہ میرے بعد تم شرک کرنے لگو گے بلکہ مجھے ڈر اس بات کا ہے کہ تم دنیا کی محبت میں مبتلا ہو جاؤ گے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١١٩٤ / ٣٨۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنِّي لَسْتُ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِي، وَلَكِنِّي أَخْشَى عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا أَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا، وَتَقْتَتِلُوْا فَتَهْلِكُوْا كَمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ. قَالَ عُقْبَةُ: فَكَانَ آخِرَ مَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ عَلَى الْمِنْبَرِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت عقبہ بن عامر ﷺ سے ہی مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے تمہارے متعلق اس بات کا تو ڈر ہی نہیں ہے کہ تم میرے بعد شرک کرو گے بلکہ مجھے ڈر ہے کہ

الحديث رقم ٣٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المناقب، باب: علامات النُّبُوَّةِ فِي الإِسلام، ٣/ ١٣١٧، الرقم: ٣٤٠١، وفی كتاب: الرقاق، باب: مَا يُحْذَرُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَالتَّنَافُسِ فِيها، ٥/ ٢٣٦١، الرقم: ٦٠٦١، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: إثبات حوض نبينا ﷺ وصفاته، ٤/ ١٧٩٥، الرقم: ٢٢٩٦ وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/ ١٥٣۔

الحديث رقم ٣٨: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: إثبات حوض نبينا ﷺ وصفاته، ٤/ ١٧٩٦، الرقم: ٢٢٩٦، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١٧/ ٢٧٩، الرقم: ٧٦٩۔

Marfat.com

تم دنیا کی محبت میں گرفتار ہو جاؤ گے اور آپس میں لڑو گے اور ہلاک ہو گے جیسا کہ تم سے پہلے لوگ ہوئے۔ حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ آخری بار تھی جب میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر جلوہ افروز دیکھا۔'' اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ فِي بَعْثِ الْأَئِمَّةِ الْمُجَدِّدِيْنَ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ

﴿اس اُمّت میں اَئمہ مجدّدین کے بھیجے جانے کا بیان﴾

۱۱۹۵/۳۹۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ فِيْمَا أَعْلَمُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ ﷻ يَبْعَثُ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ عَلَى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ اس (علم) میں سے جو آپ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سیکھا، روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس امت کے لئے ہر صدی کے آخر میں کسی ایسے شخص (یا اشخاص) کو پیدا فرمائے گا جو اس (امت) کے لئے اس کے دین کی تجدید کرے گا۔'' اسے امام ابوداود، حاکم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۱۱۹۶/۴۰۔ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أَدْنَى الرِّيَاءِ شِرْكٌ وَأَحَبَّ الْعَبِيْدِ إِلَى اللهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى الْأَتْقِيَاءُ الْأَخْفِيَاءُ الَّذِيْنَ إِذَا غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا وَإِذَا شَهِدُوْا لَمْ يُعْرَفُوْا أُوْلَئِكَ أَئِمَّةُ الْهُدَى وَمَصَابِيْحُ الْعِلْمِ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ۳۹: أخرجه أبو داود فی السنن، كتاب: الملاحم، باب: مايذكر فی قرن المئة ۴/۱۰۹ الرقم: ۴۲۹۱، والحاكم فی المستدرك، ۴/۵۶۷، ۵۶۸، الرقم: ۸۵۹۲، ۸۵۹۳، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ۶/۲۲۳، الرقم: ۶۵۲۷، والديلمی فی مسند الفردوس، ۱/۱۴۸، الرقم: ۵۳۲، والمقرئ فی السنن الواردة فی الفتن، ۳/۷۴۲، الرقم: ۳۶۴، وابن عساكر فی تاريخ دمشق الكبير، ۵۱/۳۸۸، ۳۴۱، والخطيب البغدادی فی تاريخ بغداد، ۲/۶۱۔

الحديث رقم ۴۰: أخرجه الحاكم فی المستدرك، ۳/۳۰۳، الرقم: ۵۱۸۲، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ۵/ ۱۶۳، الرقم: ۴۹۵۰، وفی المعجم الكبير، ۲۰/۳۶، الرقم: ۵۳، والقضاعی فی مسند الشهاب، ۲/۲۵۲، الرقم: ۱۲۹۸، والبيهقی فی كتاب الزهد، ۲/۱۱۲۔

Marfat.com

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

